مکمل اعراب
نظر ثانی وتصحیح
مزید اضافہ عنوانات

اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں راہ راست بتلا دیتے ہیں


# اشرف الہدایہ

شرح اردو

## ھدایۃ


تالیف: مولانا جمیل احمد سکروڈھوی
مدرس دار العلوم دیوبند

اضافہ عنوانات: مولانا محمد عظمت اللہ
رفیق دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی،

مکمل اعراب، نظر ثانی وتصحیح، مزید اضافہ عنوانات

مولانا آفتاب عالم صاحب فاضل ومتخصص جامعہ دار العلوم کراچی
مولانا ضیاء الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دار العلوم کراچی
مولانا محمد یامین صاحب فاضل جامعہ دار العلوم کراچی


دار الاشاعت
اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان فون: 32631861

معرب، نظر ثانی و اضافہ عنوانات والا نسخہ

وَاللّٰهُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (القرآن)

اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں راہ راست بتلادیتے ہیں

# اشرف الہدایہ

شرح اردو

# ھدایۃ

جلد چہارم

کتاب النکاح

تا

باب الایمان فی الطلاق


تالیف: مولانا جمیل احمد سکروڈھوی
مدرس دارالعلوم دیوبند

اضافہ عنوانات: مولانا محمد عظمت اللہ
رفیق دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

مکمل اعراب، نظر ثانی وتصحیح، مزید اضافہ عنوانات

مولانا ضیاء الرحمٰن صاحب فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی

مولانا محمد یامین صاحب فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی



دارالاشاعت
اردو بازار، ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

جلد چہارم

کاپی رائٹ رجسٹریشن نمبر 15038

پاکستان میں جملہ حقوق ملکیت بحق دارالاشاعت کراچی محفوظ ہیں

مولانا جمیل احمد سکروڈھوی کی تصنیف کردہ شرح ہدایہ بنام "اشرف الہدایہ" کے حصہ اوّل تا پنجم اور ہشتم تا دہم کے جملہ حقوق ملکیت اب پاکستان میں صرف خلیل اشرف عثمانی دارالاشاعت کراچی کو حاصل ہیں اور کوئی شخص یا ادارہ غیرقانونی طبع وفروخت کرنے کا مجاز نہیں۔ سینٹرل کاپی رائٹ رجسٹرار کو بھی اطلاع دے دی گئی ہے لہٰذا اب جو شخص یا ادارہ بلا اجازت طبع یا فروخت کرتا پایا گیا اسکے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ ناشر

اضافہ عنوانات، تسہیل وکمپوزنگ کے جملہ حقوق بحق دارالاشاعت کراچی محفوظ ہیں

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی

طباعت : ستمبر ۲۰۰۹ء علمی گرافکس

ضخامت : 318 صفحات

کمپوزنگ : منظور احمد

## قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمد للہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تا کہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

## ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی
بیت الکتب بالمقابل اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور

بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور
مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی
مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

## انگلینڈ میں ملنے کے پتے

**Azhar Academy Ltd.**
At Continenta (London) Ltd.
Cooks Road, London E15 2PW

**Islamic Books Centre**
119-121, Halli Well Road
Bolton BL 3NE, U.K.

# فہرست عنوانات


## كِتَابُ النِّكَاحِ ۱۷

عقد نکاح کے لئے ایجاب وقبول کی شرعی حیثیت ۱۷
ایجاب وقبول کے لئے کون سے صیغے ضروری ہیں ۱۷
کن کن الفاظ سے نکاح منعقد ہوتا ہے امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۱۸
بیع، جارہ، اباحۃ، احلال، وصیت اور اعارہ کے الفاظ سے نکاح منعقد ہوتا ہے یا نہیں ۱۹
گواہوں کی شرعی حیثیت ۱۹
مسلمان کا ذمیہ سے دو ذمیوں کی گواہی کے ساتھ نکاح منعقد ہوتا ہے یا نہیں.....اقوال فقہاء ۲۱
ایک شخص نے کسی شخص کو اپنی چھوٹی بیٹی کے نکاح کا حکم دیا، اس شخص نے باپ کے ساتھ ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کرادیا، نکاح جائز ہے۔ ۲۲
باپ نے بالغہ بیٹی کا ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کرادیا، لڑکی موجود ہو یا نہ ہو، نکاح ہوا کا حکم ۲۲

## فصل في بيان المحرمات ۲۳

محرمات کا بیان ۲۳
ماں، دادی، نانی، سے نکاح حرام ہے ۲۳
بیٹی، پوتی، نواسی، بہن، بھانجی، بھتیجی، پھوپھی اور خالہ سے نکاح حرام ہے ۲۴
ساس سے نکاح حرام ہے، ربیبہ سے جبکہ اس کی ماں کے ساتھ دخول کرلیا ہو نکاح حرام ہے ۲۴
سوتیلی ماں، دادا و نانا کی منکوحہ، بہو سے نکاح حرام ہے ۲۵
رضاعی ماں، رضاعی بہن سے نکاح حرام ہے ۲۶
دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا اور دو باندیوں کو جو کہ بہنیں ہیں وطیاً جمع کرنا حرام ہے ۲۶
موطوہ باندی کی بہن سے نکاح جائز ہے ۲۶
دو بہنوں سے دو عقدوں میں نکاح کیا اور پہلی معلوم نہیں تو شوہر اور دونوں بہنوں کے درمیان تفریق کردی جائے گی ۲۷
عورت اور اس کی پھوپھی یا خالہ یا بھتیجی یا بھانجی کو جمع نہیں کیا جائے گا ۲۸
ایسی دو عورتوں کو جمع کرنا کہ اگر ان میں سے ایک کو مرد فرض کرلیا جائے تو ان کا آپس میں نکاح درست نہ ہونا جائز ہے ۲۸
عورت اور اس کے سابق شوہر کی بیٹی کو جمع کرنا جائز ہے ۲۹
زانیہ کی ماں اور بیٹی زانی پر حرام ہیں، امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۳۰
کسی عورت کو شہوت کے ساتھ چھونے کے بعد اس کے اصول وفروع سے نکاح کا حکم ۳۱
ایک عورت کو طلاق بائن یا رجعی دی تو اس کی بہن سے نکاح اس وقت کرسکتا ہے جبکہ اس کی عدت ختم ہوجائے.....امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۳۲
مولیٰ کے لئے اپنی باندی سے اور مالکہ کے لئے اپنے غلام سے نکاح کرنے کا حکم ۳۳

کتابیات سے نکاح کا حکم ۳۴
مجوسیات اور وثنیات کے ساتھ نکاح حرام ہے، صابیات کے ساتھ نکاح کا حکم ۳۴
محرم کا محرمہ سے حالتِ احرام میں نکاح کرنا...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۳۵
مسلمان یا کتابیہ باندی سے نکاح کا حکم...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۳۶
حرہ پر باندی سے نکاح کرنا ۳۷
باندی پر حرہ سے نکاح کرنا ۳۸
حرہ کی عدت میں باندی سے نکاح کا حکم...... اقوالِ فقہاء ۳۸
آزاد آدمی کے لئے چار آزاد عورتیں یا باندیوں سے نکاح کا حکم ۳۹
غلام کے لئے دو سے زیادہ عورتوں کے ساتھ نکاح ناجائز ہے ۴۰
زنا سے حاملہ، کے ساتھ نکاح کا حکم ۴۱
قید ہو کر آنے والی حاملہ سے نکاح کا حکم ۴۲
موطوءہ باندی سے نکاح کا حکم ۴۳
زانیہ کو زنا کرتے دیکھا پھر اس سے نکاح کرنے کا حکم ۴۴
نکاح متعہ باطل ہے ۴۳
نکاح مؤقت باطل ہے ۴۵
دو عورتوں سے ایک عقد کے ساتھ نکاح کیا، ایک کے ساتھ نکاح حلال نہ تھا، حلال کے ساتھ نکاح درست ہے، دوسری کا باطل ۴۶
ایک عورت نے مرد پر گواہوں کے ساتھ دعویٰ کیا کہ اس نے میرے ساتھ نکاح کیا اور قاضی نے اسے بیوی قرار دے دیا حالانکہ شوہر نے نکاح نہیں کیا تھا عورت مرد کے ساتھ رہے اور مرد جماع کر سکتا ہے ۴۷
**بابٌ فی الاولیاء والاکفاءِ** ۴۹
حرہ، عاقلہ، بالغہ، باکرہ، ہو یا ثیبہ، اس کی رضامندی کے ساتھ بغیر ولی کے نکاح درست ہے ۴۹
ولی باکرہ بالغہ کو نکاح پر مجبور نہیں کر سکتا ۵۰
ولی نے باکرہ سے اجازت طلب کی وہ خاموش رہی یا ہنس پڑی...... یہ اِذن ہے ۵۱
ولی کے علاوہ نے مذکورہ اجازت طلب کی تو عورت کی خاموشی اور ہنسنا اِذن نہیں ۵۲
باکرہ کے سامنے شوہر کا تعارف ۵۲
ولی نے باکرہ کا نکاح کرنے کی خبر دی تو اس کی خاموشی اذن ہے ۵۳
ثیبہ کی رضامندی قول کے ساتھ معتبر ہے ۵۳
جس کا پردہ بکارت چھلانگ، حیض، زیادہ عمر سے زائل ہو جائے وہ باکرہ کے حکم میں ہے ۵۳
مرد نے کہا کہ: جب پیغام نکاح پہنچا تو خاموش رہی، عورت کہتی ہے میں نے رد کر دیا تھا...... عورت کا قول معتبر ہے ۵۵
ولی نے صغیر اور صغیرہ کا نکاح کرایا خواہ باکرہ ہو یا ثیبہ...... نکاح کا حکم ۵۶
باپ اور دادا نے صغیر اور صغیرہ کا نکاح کرایا تو بلوغت کے بعد دونوں کو خیار نہیں ۵۸

اگر باپ اور دادا کے علاوہ کسی نے نکاح کرایا تو دونوں کو خیار ہے ۵۹
طرفین کا نقطۂ نظر ۶۰
باکرہ کا خیار سکوت سے باطل ہو جاتا ہے، غلام کا خیار "رضیت" کہنے سے ختم ہو جاتا ہے ۶۱
خیار بلوغ کے ساتھ فرقت طلاق نہیں ۶۳
بلوغت سے پہلے یا بلوغت کے بعد تفریق سے پہلے، ایک فوت ہو گیا، دوسرا وارث ہوگا ۶۳
غلام، صغیر، مجنون کو ولایت حاصل نہیں ۶۴
عصبات کی عدم موجودگی میں کس کے لئے ولایت ہے؟......اقوال فقہاء ۶۴
ولی اَقرب غیبت منقطعہ پر ہو تو ولی اَبعد کے لئے ولایت ہے ۶۵
غیبت منقطعہ کی تعریف ۶۶
مجنونہ کا ولی باپ اور بیٹا ہو، تو بیٹا زیادہ حق دار ہے ۶۶

**فصل فی الکفاءة** ۶۸

نسب میں کفو کا اعتبار کیا جائے گا ۶۸
اعاجم میں کفو کی تفصیل ۷۰
دین میں کفاءۃ کا اعتبار ہے ۷۱
مال میں کفاءت معتبر ہے ۷۱
پیشوں میں کفاءت معتبر ہے یا نہیں......اقوال فقہاء ۷۲
عورت نے اپنا نکاح مہر مثل سے کم میں کیا تو اولیاء کو حق اعتراض ہے ۷۳
باپ نے صغیرہ بیٹی کا نکاح مہر مثل سے کم میں کیا یا چھوٹے بیٹے کا نکاح مہر مثل سے زیادہ میں کیا تو نکاح درست ہے ۷۴
صغیرہ بیٹی کا نکاح غلام سے یا صغیرہ بیٹے کا نکاح باندی سے کرا دیا تو نکاح درست ہے ۷۵

**فصل فی الوکالة بالنِکاحُ وغیرھا** ۷۵

چچا کے بیٹے نے ولی بن کر چچا کی لڑکی سے نکاح کیا، حکم ۷۵
غلام اور باندی کا اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح موقوف ہے، اس طرح مرد کا عورت کی رضا کے بغیر اور عورت کا مرد کی رضا کے بغیر نکاح کرنے کا حکم ۷۷
کسی عورت کے ساتھ نکاح کرنے پر کسی کو گواہ بنایا، اس عورت نے اجازت دے دی تو نکاح باطل ہے اسی طرح کسی کو کہا کہ تم گواہ رہو میں نے فلاں عورت کو فلاں مرد سے بیاہ دیا، کا حکم ۷۷
عقد نکاح دو فضولیوں یا ایک فضولی اور ایک اصیل کے درمیان بالاجماع جائز ہے ۷۸
ایک آدمی نے دوسرے کو ایک عورت سے نکاح کرانے کا حکم دیا اس نے ایک عقد میں دو عورتوں سے نکاح کرا دیا، کوئی نکاح بھی لازم نہیں ہوگا ۸۰
امیر نے کسی شخص کو حکم دیا کہ کسی عورت سے نکاح کرا دے اس نے کسی کی باندی سے نکاح کرا دیا تو نکاح جائز ہے یا نہیں......اقوال فقہاء ۸۰

**بابُ المهر** ۸۱

مہر مقرر کئے بغیر بھی نکاح درست ہے، اسی طرح یہ شرط لگائی کہ مہر نہیں ہوگا تو بھی نکاح درست ہے ۸۱

دس دراہم سے کم مہر مقرر کیا تو دس دراہم مہر ہوں گے ۸۳
قبل الدخول طلاق میں پانچ دراہم واجب ہوں گے جب کہ مہر مقرر نہ کیا گیا ہو ۸۴
دس دراہم یا زیادہ مقرر کئے گئے تو مقررہ مہر لازم ہوگا ۸۴
مہر مقرر کئے بغیر نکاح کیا یا اس شرط پر نکاح کیا کہ مہر نہیں ہوگا تو مہرِ مثل لازم ہے ۸۵
متعہ تین کپڑے ہیں ۸۶
مہر کے بغیر نکاح کیا پھر باہمی رضامندی سے مہر مقرر کیا تو عورت کے لئے یہ مہر کب ہوگا ۸۷
عقد نکاح کے بعد مہر میں اضافہ کیا تو زیادتی لازم ہوگی ۸۸
عورت سے خلوت صحیحہ کی اور کوئی مانع وطی نہیں تھا، پھر طلاق دے دی...... مکمل مہر لازم ہے ۸۹
خلوت صحیحہ کب شمار ہوگی ۸۹
مجبوب الذکر کی خلوت صحیحہ ہے یا فاسدہ...... اقوال فقہاء ۹۱
مذکورہ تمام مسائل میں عورت پر عدت لازم ہے ۹۲
متعہ ہر مطلقہ کے لئے مستحب ہے ۹۳
ایک شخص نے اپنی بیٹی کا نکاح اس شرط پر کیا کہ دوسرا بھی اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس سے کرے، اور دونوں عقد ایک دوسرے کا عوض بن جائیں دونوں عقد درست ہیں اور مہر مثل واجب ہے ۹۵
ایک سال کی خدمت یا تعلیم قرآن کو مہر مقرر کرنے کا حکم ۹۶
ہزار روپے مہر کے ساتھ نکاح کیا، عورت نے قبضہ بھی کر لیا پھر شوہر کو ہبہ کر دیا اور مرد نے دخول سے پہلے طلاق دے دی، پانچ سو کے ساتھ عورت پر رجوع کرے گا ۹۹
عورت نے پانچ سو پر قبضہ کیا پھر ہزار پورا ہبہ کر دیا، پھر مرد نے دخول سے پہلے طلاق دے دی ایک دوسرے پر رجوع نہیں کریں گے ۱۰۰
عورت نے نصف سے کم ہبہ کیا اور باقی پر قبضہ کیا تو مرد عورت سے پورے نصف کے اتمام کے لئے رجوع کرے گا ۱۰۱
سامان پر نکاح کیا، عورت نے قبضہ کیا یا نہیں کیا، عورت نے مرد کو ہبہ کیا، مرد نے دخول سے پہلے طلاق دے دی، مرد رجوع نہیں کرے گا ۱۰۲
حیوان پر یا سامان پر نکاح کیا جو ذمہ میں ہے، پھر بھی یہی حکم ہے ۱۰۳
عورت سے اس شرط پر نکاح کیا کہ شہر سے باہر نہیں نکالے گا یا دوسری کے ساتھ اس پر نکاح نہیں کرے گا، اگر شرط کو پورا کیا تو مہر مقرر ہے ورنہ مہر مثل ۱۰۴
مرد نے عورت سے اس شرط پر نکاح کیا کہ شہر میں رکھے گا تو ایک ہزار ورنہ دو ہزار، اگر شرط پوری کرے تو مہر ایک ہزار ہوگا ورنہ مہر مثل جو دو ہزار سے بڑھے بھی نہیں اور ایک ہزار سے کم بھی نہ ہو ۱۰۴
ایک عورت کے ساتھ نکاح کیا اس غلام پر یا اس غلام پر ایک اوکس تھا دوسرا ارفع تھا اگر مہر مثل اوکس سے کم ہے تو اوکس لازم ہے اگر مہر مثل زیادہ ہے تو ارفع لازم ہے، اگر دونوں برابر ہیں تو مہر مثل لازم ہے ۱۰۶
ایک حیوان مہر مقرر کیا اور اس کے اوصاف بیان نہیں کئے تو درمیانہ حیوان لازم ہے، شوہر کو حیوان اور اس کی قیمت دینے میں اختیار ہے ۱۰۷
ایسے کپڑے پر نکاح کیا جس کا وصف بیان نہیں کیا تو مہر مثل لازم ہے ۱۰۹
مسلمان نے شراب یا خنزیر پر نکاح کیا تو مہر مثل لازم ہے ۱۱۰

عورت سے ایک سر کئے کے مٹکے پر نکاح کیا، وہ اچانک شراب نکلا اور اگر غلام پر نکاح کیا وہ اچانک آزاد نکلا تو مہر مثل لازم ہے.....

اقوالِ فقہاء ۱۱۱

دو غلاموں پر نکاح کیا پس ان میں سے ایک آزاد تھا تو عورت کے لئے غلام ہے بشرطیکہ دس دراہم کے برابر ہو.....اقوالِ فقہاء ۱۱۳

قاضی نے نکاح فاسد میں دخول سے پہلے تفریق کر دی تو مہر نہیں ہوگا ۱۱۴

عدت کی ابتداء تفریق سے معتبر ہوگی نہ کہ آخری وطی سے ۱۱۶

مہر مثل کے لئے کن عورتوں کا مہر مدار ہے ۱۱۷

ولی نے مہر کا ضمان اٹھالیا تو ضمان درست ہے ۱۱۸

عورت شوہر کو کب تک انتفاع سے روک سکتی ہے ۱۱۹

ایک عورت سے نکاح کیا، پھر مہر میں اختلاف ہو گیا تو کس کا قول معتبر ہے؟ ۱۲۲

اگر مہر مقرر میں اختلاف ہو تو بالا جماع مہر مثل واجب ہے ۱۲۴

اگر اختلاف زوجین میں سے کسی ایک کی موت کے بعد ہوا تو کیا حکم ہے ۱۲۶

اگر ورثہ میں اختلاف زوجین کی موت کے بعد ہوا تو شوہر کے ورثہ کا قول معتبر ہوگا.....اقوالِ فقہاء ۱۲۷

زوجین فوت ہو گئے اور مہر مقرر تھا تو عورت کے ورثہ اس کی میراث سے لیں اور اگر مہر مقرر نہیں تھا تو ورثہ کے لئے کچھ بھی نہیں ہے.....

اقوالِ فقہاء ۱۲۷

عورت کی طرف کوئی چیز بھیجی، عورت نے کہا یہ ہدیہ ہے، مرد کہتا ہے یہ مہر ہے تو مرد کا قول معتبر ہے ۱۲۹

نصرانی نے نصرانیہ سے مردار پر یا بغیر مہر کے نکاح کیا، دخول کیا یا دخول سے پہلے طلاق دے دی یا شوہر فوت ہو گیا تو عورت کے لئے مہر نہیں ۱۳۰

ذمی نے ذمیہ سے شراب یا خنزیر پر نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہو گئے یا ایک مسلمان ہو گیا عورت کے لئے شراب اور خنزیر ہو گا یا قیمت؟ ۱۳۲

**باب نکاح الرقیق** ۱۳۵

غلام اور باندی کا نکاح آقا کی اجازت سے جائز ہے ۱۳۵

مکاتب کا نکاح بھی آقا کی اجازت سے درست ہے ۱۳۶

غلام نے آقا کی اجازت سے نکاح کیا تو مہر کے بدلے غلام کو بیچا جائے گا ۱۳۶

غلام نے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا آقا نے کہا طلاق دے دے یا جدا کر دے تو یہ اجازت نہیں ۱۳۷

آقا نے غلام سے کہا کہ اس باندی سے نکاح کر اس نے نکاح فاسد کیا یا دخول کیا تو مہر میں اس غلام کو بیچا جائے گا ۱۳۸

جس شخص نے مقروض عبدِ ماذون کا نکاح ایک عورت سے کیا تو مہر کے بارے میں عورت قرض خواہوں کے ساتھ یکساں کی شریک ہے ۱۴۰

جس نے اپنی باندی کا نکاح کیا تو رات خاوند کے گھر گذروانا آقا پر لازم نہیں ہے ۱۴۱

جس نے اپنی باندی کا نکاح کیا دخول سے پہلے اسے قتل کر دیا تو اس کا مہر نہیں ہے.....اقوالِ فقہاء ۱۴۳

عورت نے خودکشی کر لی شوہر کے دخول سے پہلے، اس کے لئے مہر ہے.....اقوالِ فقہاء ۱۴۴

جب باندی کے ساتھ نکاح کیا تو عزل میں اختیار مولیٰ کی اجازت کا ہے.....اقوالِ فقہاء ۱۴۴

باندی نے اپنے مولیٰ سے نکاح کیا، پھر مولیٰ نے آزاد کر دیا، اسے آزادی کا اختیار ہے خواہ شوہر آزاد ہو یا غلام ۱۴۶

مکاتبہ نے اپنے شوہر کی اجازت سے نکاح کیا پھر آزاد ہو گئی اسے بھی اختیار ہے ۱۴۷
باندی نے اپنے مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کیا پھر آزاد کر دی گئی تو نکاح صحیح ہے ۱۴۸
اگر مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کیا ہزار پر اور مہر مثل سو روپے تھے، اور اس کے شوہر نے دخول کیا پھر اس کے مولیٰ نے آزاد کیا تو مہر مولیٰ کے لئے ہے ۱۴۸
بیٹے کہ باندی سے وطی کی، اس نے بچہ جنا تو یہ ام الولد ہے اور باپ پر اس کی قیمت لازم ہے اور مہر اس پر نہیں ۱۴۹
بیٹے نے اپنی باندی کا نکاح باپ سے کرا دیا، اس نے بچہ جنا تو ام الولد نہ ہوگی اور نہ باپ پر قیمت لازم ہوگی مہر لازم ہوگا اور اولاد آزاد ہوگی ۱۵۱
آزاد عورت کسی غلام کی منکوحہ ہو پھر عورت نے مولیٰ شوہر سے کہا کہ اس کو میری طرف سے ایک ہزار کے بدلے آزاد کر دے تو مولیٰ نے ایسا کر دیا تو نکاح فاسد ہے ۱۵۲
عورت نے کہا آزاد کر دو لیکن مال مقرر نہیں کیا تو نکاح فاسد نہیں ہوگا اور ولاء معتق کے لئے ہوگا ۱۵۴

باب نکاح اهل الشرك ۱۵۶

کسی کافر نے بغیر گواہوں کے یا کسی کافر کی عدت میں نکاح کیا اور یہ ان کے دین میں جائز ہے پھر دونوں مسلمان ہو گئے پہلا نکاح برقرار ہے یا نہیں...... اقوال فقہاء ۱۵۶
صورت مسئلہ ۱۵۷
مجوسی نے اپنی ماں سے یا بیٹی سے نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہو گئے تو دونوں میں تفریق کی جائے گی ۱۵۸
دونوں میں سے ایک کے اسلام سے تفریق کی جائے گی اور مرافعہ کی صورت میں تفریق نہیں کی جائے گی ۱۵۹
مرتد کا مسلمان، کافرہ، مرتدہ عورت سے نکاح جائز نہیں ۱۶۰
زوجین میں سے ایک مسلمان ہو تو بچہ مسلمان ہوگا ۱۶۱
عورت مسلمان ہو گئی اور اس کا خاوند کافر ہے قاضی اس پر اسلام پیش کرے گا اگر مسلمان ہو گیا تو عورت بیوی برقرار رہے گی ورنہ دونوں کے درمیان تفریق کی جائے گی، اقوال فقہاء ۱۶۲
عورت دارالحرب میں مسلمان ہو گئی اور شوہر کافر ہے یا حربی مسلمان ہو گیا اور اس کی بیوی مجوسیہ ہے فرقت ہو گی یا نہیں ۱۶۵
فرقت واقع ہو گئی اور عورت حربیہ ہے اس پر عدت نہیں، مسلمان عورت کا بھی یہی حکم ہے،...... اقوال فقہاء ۱۶۶
زوجین میں سے ایک دارالحرب سے مسلمان ہو کر دارالسلام آ گیا دونوں کے درمیان تفریق کی جائے گی، امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۱۶۶
عورت دارالسلام ہجرت کر کے آ گئی اس سے بغیر عدت کے نکاح جائز ہے یا نہیں...... اقوال فقہا ۱۶۸
زوجین میں سے کوئی ایک مرتد ہو گیا تو بغیر طلاق کے فرقت واقع ہو گی...... اقوال فقہاء ۱۶۹
زوجین دونوں اکٹھے مرتد ہوئے پھر اکٹھے مسلمان ہوئے نکاح برقرار رہے گا...... امام زفرؒ کا نقطۂ نظر ۱۷۱

بابُ القسم ۱۷۲

ایک آدمی کی دو آزاد عورتیں ہوں تو اس پر دونوں کے درمیان باری میں برابری کرنا لازم ہے خواہ دونوں باکرہ ہوں یا ثیبہ یا ایک باکرہ ہو دوسری ثیبہ ۱۷۳
قدیمہ اور جدیدہ باری میں برابر ہیں ۱۷۴

ایک آزاد دوسری باندی ہو تو قسم کا طریقہ ۱۷۴
حالتِ سفر میں قسم نہیں ۱۷۵

## کتابُ الرّضاع ۱۷۷

دودھ کتنی مقدار کے ساتھ حرمت رضاعت متعلق ہوتی ہے ۱۷۷
مدت رضاعت، اقوالِ فقہاء ۱۷۸
مدت رضاعت کے بعد حرمت رضاعت متعلق نہیں ہوتی ۱۸۰
جو رشتے نسب سے حرام ہوتے ہیں وہ رضاعت سے بھی حرام ہوتے ہیں ۱۸۲
رضاعی بیٹے کی بہن سے نکاح جائز ہے ۱۸۲
رضاعی باپ کی بیوی اور رضاعی بیٹے کی بیوی سے نکاح ناجائز ہے ۱۸۳
لبن الفحل سے حرمت متعلق ہوتی ہے، لبن الفحل کا مطلب ۱۸۳
رضاعی بھائی کی بہن سے نکاح جائز ہے ۱۸۵
دو لڑکا لڑکی جو ایک عورت کے پستان پر جمع ہوئے ان کا آپس میں نکاح کرنا ناجائز ہے ۱۸۵
مرضعہ کے لئے مرضعہ کے بیٹوں سے نکاح ناجائز ہے ۱۸۶
دودھ کے ساتھ پانی مل جائے تو غالب کا اعتبار ہے ۱۸۶
اگر دودھ کھانے کے ساتھ مل جائے تو حرمت متعلق نہیں ہوتی ۱۸۷
دودھ دوائی ساتھ ملایا گیا اور دودھ غالب ہے تو حرمت متعلق ہوگی ۱۸۸
عورت کا دودھ بکری کے دودھ کے ساتھ مل گیا اور غالب عورت کا دودھ ہے تو حرمت متعلق ہوگی ۱۸۸
دو عورتوں کا دودھ مل گیا جس کا غالب ہے اسی سے حرمت متعلق ہوگی ...... اقوال فقہاء ۱۸۸
باکرہ کا دودھ اتر آیا اس نے بچہ کو پلایا تو حرمت متعلق ہوگی ۱۸۹
عورت کے مرنے کے بعد اس کا دودھ دوہا گیا پھر بچہ کو پلا دیا حرمت متعلق ہوگی ۱۸۹
بچہ کا دودھ سے حقنہ کیا گیا حرمت متعلق نہیں ہوگی ۱۹۱
مرد کا دودھ اتر آیا اس نے بچے کو دودھ پلایا حرمت متعلق نہیں ہوگی ۱۹۱
دو بچوں نے بکری کا دودھ پیا حرمت متعلق نہیں ہوگی ۱۹۲
ایک آدمی نے صغیرہ اور کبیرہ سے نکاح کیا کبیرہ نے صغیرہ کو دودھ پلایا، دونوں حرام ہو جائیں گی ۱۹۲
رضاعت میں تنہا عورتوں کی گواہی قابلِ قبول نہیں ۱۹۶

## کتاب الطلاق ۱۹۹

### بابُ طلاق السنة ۱۹۹

طلاق کی تین قسمیں ۱۹۹
طلاق حسن، امام مالکؒ کا نقطۂ نظر ۲۰۰
طلاق بدعت...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۲۰۱

طلاق سنت ۲۰۴
عورت کو حیض صغر یا کبر کی وجہ سے نہ آتا ہو اس کے لئے طلاق کا سنت طریقہ ۲۰۵
وطی اور طلاق کے درمیان زمانہ کے فصل کا حکم ۲۰۷
حاملہ کی طلاق ۲۰۸
حاملہ کی طلاق سنت ۲۰۸
حالت حیض میں دی ہوئی طلاق واقع ہو جاتی ہے ۲۰۹
عورت حیض سے پاک ہوگئی پھر حائضہ ہوئی، پھر طاہرہ ہوگئی طلاق دینے یا روک لینے کا حکم ۲۱۰
انت طالق ثلاثا للسنة سے طلاق دینے کا حکم ۲۱۱
آئسہ یا ذوات الاشہر والی کو انت طالق ثلاثا للسنة سے طلاق دینے کا حکم ۲۱۲
عاقل بالغ کی طلاق واقع ہو جاتی ہے اور بچے، مجنون اور سونے والے کی طلاق واقع نہیں ہوتی ۲۱۳
مکرہ کی طلاق واقع ہو جاتی ہے..... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۲۱۴
نشے والے کی طلاق واقع ہو جاتی ہے یا نہیں؟ ۲۱۵
گونگے کی اشارہ سے طلاق واقع ہو جاتی ہے ۲۱۵
باندی اور آزاد عورت کی تعداد طلاق ۲۱۶
غلام نے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا اور طلاق دی تو واقع ہو جائے گی ۲۱۷
باب ایقاع الطّلاقِ ۲۱۸
طلاق کی دو قسمیں، طلاق صریح و کنایہ ۲۱۸
مطلقہ کہنے سے طلاق کا حکم ۲۱۹
مذکورہ لفظ سے ایک طلاق واقع ہوگی اگر چہ زیادہ کی نیت بھی ہو، امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۲۱۹
انت الطلاق یا انت طالق الطلاق یا انت طالق طلاقا کے الفاظ سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی ۲۲۰
انت طالق الطلاق سے طلاق دینے کا حکم ۲۲۲
عورت کے کل یا ایسے جزء کی طرف طلاق کو منسوب کرنا جس سے کل کو تعبیر کیا جاتا ہو طلاق ہوگی یا نہیں ۲۲۲
جزء شائع کو طلاق دینے کا حکم ۲۲۴
یدك طالق یا رجلك طالق سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں، اقوال فقہاء ۲۲۴
نصف تطلیقة اور ثلث تطلیقة سے طلاق دینے کا حکم ۲۲۶
انت طالق انصاف تطلیقتین سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی ۲۲۶
انت طالق من واحدة الی ثنتین اور من واحدة الی ثلاث یا ما بین واحدة الی ثلاث کے الفاظ سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی ۲۲۷
انت واحدة فی ثنتین کے الفاظ سے طلاق دی خواہ ضرب و حساب کی نیت ہو یا نہیں کتنی طلاقیں واقع ہوں گی ۲۲۹
انت طالق من ھٰھنا الی الشام کہنے سے طلاق کا حکم ۲۳۰
انت طالق بمکة یا فی مکة کہنے سے فی الحال طلاق واقع ہو جاتی ہے ۲۳۱

| | |
|---|---|
| انت طلاق اذا دخلت مكة سے کب طلاق واقع ہوگی | ۲۳۱ |
| فصل فی اضافة الطلاق الی الزمان | ۲۳۲ |
| انت طالق غدا سے کب طلاق واقع ہوگی | ۲۳۲ |
| انت طالق اليوم غداً یا غداً اليوم کہنے سے طلاق کا حکم | ۲۳۳ |
| انت طالق فی غد سے طلاق دینے کا حکم | ۲۳۳ |
| انت طالق امس سے طلاق دی حالانکہ آج نکاح کیا طلاق واقع نہیں ہوگی | ۲۳۴ |
| انت طالق قبل ان اتزوجك سے طلاق دینے کا حکم | ۲۳۵ |
| انت طالق ما لم اطلقك او متیٰ لم اطلقك او متیٰ ما لم اطلقك کے الفاظ کہہ کر خاموش رہا طلاق واقع ہوگی یا نہیں | ۲۳۶ |
| انت طالق ان لم اطلقك سے طلاق واقع نہیں ہوگی | ۲۳۶ |
| انت طالق ازا ما لم اطلقك کے الفاظ سے طلاق واقع نہیں ہوگی | ۲۳۷ |
| انت طالق مالم اطلقك انت طالق کے الفاظ سے طلاق کا حکم | ۲۳۹ |
| یوم اتزوجك فانت طالق سے طلاق دینے کا حکم | ۲۴۰ |
| انامنک طالق میں نیت سے طلاق سے بھی طلاق واقع نہیں ہوتی | ۲۴۱ |
| انت طالق واحدة اولا سے کچھ بھی واقع نہیں ہوگا | ۲۴۲ |
| انت طالق مع موتی یا انت طالق مع موتک سے بالاتفاق طلاق واقع نہیں ہوتی | ۲۴۳ |
| شوہر بیوی کا یا کسی حصے کا مالک ہوجائے یا عورت شوہر کی مالک یا کسی حصے کی مالک ہوجائے فرقت واقع ہوجائے گی | ۲۴۳ |
| اپنی بیوی، باندی سے کہا کہ تو دو طلاق والی ہے تیرے مولیٰ کے تجھ کو آزاد کرنے کے بعد آقا نے آزاد کردیا تو زوج رجعت کا مالک ہوگا | ۲۴۵ |
| کسی نے اپنی بیوی باندی سے کہا تو کل دو طلاق والی ہے اور اس کے آقا نے کہا تو کل آزاد ہے کل آگئی تو باندی پر دو طلاقیں مغلظہ واقع ہوں گی بغیر حلالہ نکاح درست نہیں | ۲۴۷ |
| تشبیہ طلاق اور اس کے وصف کے بیان میں......انت طالق هكذا کہہ کر انگوٹھے، سبابہ اور وسطی سے اشارہ کیا تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی | ۲۴۹ |
| طلاق کو شدت یا زیارت کے وصف کے ساتھ متصف کیا تو کتنی طلاقیں واقع ہوں گی | ۲۵۰ |
| انت طالق افحش الطلاق سے طلاق دینے کا حکم | ۲۵۱ |
| انت طالق کا لجبل سے طالق دینے کا حکم | ۲۵۲ |
| انت طالق اشد الطالق او کا لف او ملء البيت سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی | ۲۵۲ |
| انت طالق تطليقةشديدة او عريضة او طويلة سے ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی | ۲۵۴ |
| دخول سے پہلے طلاق دینے کا بیان......دخول سے پہلے تین طلاقیں دینے کا حکم | ۵۵ |
| اگر جدا تین طلاقیں دیں تو پہلی سے بائنہ ہوجائے گی | ۲۵۶ |
| انت طالق واحدة وواحدة سے طلاق دینے کا حکم | ۲۵۶ |
| انت طالق واحدة قبل واحدة او بعدها واحدة سے ایک طلاق واقع ہوگی | ۲۵۷ |

انت طالق واحدۃ مع واحدۃ او معہا واحدۃ سے دو طلاقیں واقع ہوں گی ۲۵۹
ان دخلت الدار فانت طالق واحدۃ کے الفاظ سے طلاق دے دی اور عورت گھر میں داخل ہوئی ایک طلاق واقع ہوگی یا دو..... اقوال فقہاء ۲۵۹
قسم ثانی..... کنایات کا بیان ۲۶۰
الفاظ کنائی میں نیت یا دلالت حال سے طلاق واقع ہوتی ہے ۲۶۰
طلاق کنائی کی دو قسمیں..... تین الفاظ کنائی سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے ۲۶۱
بقیہ کنایات سے طلاق کی نیت ہو تو ایک طلاق بائن اور اگر تین طلاق کی نیت ہو تو تین طلاقیں واقع ہوجاتی ہیں ۲۶۲
مذکورہ طلاق میں بغیر نیت طلاق، طلاق واقع ہوجاتی ہے ۲۶۳
پہلے تین الفاظ کے علاوہ بقیہ کنایات میں طلاق بائن واقع ہوتی ہے..... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر ۲۶۵
اعتدی، اعتدی، اعتدی سے پہلے طلاق کی نیت کی اور دوسری اور تیسری میں حیض کی نیت کی تو قضاءً تصدیق کی جائے گی ۲۶۷

**بابُ تفویض الطلاق** ۲۶۹

**فصل فی الاختیار** ۲۶۹

اختاری ، طلقی نفسك سے عورت کا اختیار دینے کا حکم ۲۶۹
عورت کا خیار مجلس سے قیام کے وقت ختم ہوجائے گا ۲۷۰
اختاری کے جواب میں عورت نے نفس کو اختیار کرلیا تو ایک طلاق بائنہ واقع ہوجائے گی ۲۷۰
لفظ نفس زوجین میں سے کسی ایک کے کلام میں ہونا ضروری ہے ۲۷۱
مرد نے کہا اختاری نفسک عورت نے کہا اخترت تو ایک طلاق بائنہ واقع ہوجائے گی ۲۷۱
شوہر نے اختاری کہا عورت نے انا اختار نفسی کہا تو طلاق واقع ہوجائے گی ۲۷۲
شوہر نے اختاری اختاری اختاری کہا اور عورت نے اخترت الا ولی والو سطی والا خیرہ کہا تو تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی ۲۷۴
مرد نے امرک بیدک فی تطلیقۃ یا اختاری تطلیقۃ کہا اور عورت نے نفس کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہوجائے گی اور شوہر رجوع کا مالک ہوگا ۲۷۵

**فصل في الامر باليد** ۲۷۶

مرد نے امر بیدک کہا اور تین طلاق کی نیت کی عورت نے اخترت نفسی بواحدۃ کہا تو تین طلاقیں واقع ہوں گی ۲۷۶
عورت نے امر بیدک کے جواب میں طلقت نفسی بواحدۃ یا اخترت نفسی بتطلیقۃ کہا تو ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی ۲۷۶
مرد نے امرک بیدک الیوم وبعد غد کہا تو رات داخل نہیں ہوگی ۲۷۷
مرد نے امرک بیدک الیوم غداً کہا تو رات داخل ہوگی ۲۷۸
مرد نے امرك بيدك يوم يقدم فلان کہا وہ فلاں آگیا تو عورت کو اس کے آنے کا علم نہ ہوا یہاں تک کہ رات آگئی عورت کے لیے اختیار نہیں رہا ۲۸۰
عورت کے معاملہ کو اس کے ہاتھ میں دیا یا اس کو طلاق کا اختیار دیا پھر عورت اسی مجلس میں ایک دن ٹھہری رہی تو معاملہ اس کے ہاتھ میں ہوگا ۲۸۰
اگر عورت سن رہی تھی تو اس مجلس کا اعتبار ہے اور اگر سن نہیں رہی تو مجلس علم یا مجلس خبر کا اعتبار کیا جائے گا ۲۸۰
عورت کھڑی تھی بیٹھ گئی تو عورت کو اختیار رہوگا ۲۸۲

| | |
|---|---|
| **فصل فی المشیة** | ۲۸۴ |
| عورت کو طلقی نفسک کہا کوئی نیت نہیں تھی یا ایک کی نیت کی تھی تو عورت نے طلقت نفسی کہا تو ایک طلاق رجعی واقع ہو جائے گی | ۲۸۴ |
| شوہر نے کہا طلقی نفسک عورت نے کہا ابنت نفسی یا اخترت نفسی تو کون سے لفظ سے طلاق واقع ہو گی | ۲۸۴ |
| طلقی نفسک کہہ کر شوہر قول سے رجوع نہیں کر سکتا | ۲۸۵ |
| طلقی نفسک متی شئت کہا تو عورت مجلس اور مجلس کے بعد اپنے آپ کو طلاق دے سکتی ہے | ۲۸۶ |
| طلقی نفسک ثلاثاً کہا عورت نے طلقت واحدة کہا تو ایک طلاق واقع ہو گی | ۲۸۷ |
| مرد نے طلقی نفسک واحدة کہا عورت نے اپنے نفس کو تین طلاق دیں تو کوئی طلاق واقع ہو گی یا نہیں، اقوال فقہاء | ۲۸۸ |
| شوہر نے طلاق رجعی دینے کا کہا اس نے بائنہ دی یا بائنہ دینے کا کہا اس نے رجعی طلاق دی مرد نے جس طلاق کا حکم کیا وہی واقع ہو گی | ۲۸۹ |
| مرد نے طلقی نفسک ثلثا ان شئت کہا عورت نے ایک طلاق دے دی تو کوئی طلاق واقع نہیں ہو گی | ۲۹۰ |
| طلقی نفسک واحدة ان شئت کہا عورت نے تین واقع کیں تو کوئی طلاق واقع نہیں ہو گی | ۲۹۰ |
| مرد نے انت طالق ان شئت کہا عورت نے شئت ان شئت کہا مرد نے شئت کہا تو امر بالید باطل ہو جائے گا | ۲۹۱ |
| اور اگر مرد نے انت طالق اذا شئت او اذا ما شئت او فی شئت او فی ما شئت کہا عورت نے اس امر کو رد کر دیا تو یہ رد ہو گا یا نہیں | ۲۹۲ |
| مرد نے انت طالق کلما شئت کہا تو عورت اپنے آپ کو کتنی طلاقیں دے سکتی ہے | ۲۹۳ |
| مرد نے انت طالق حیث شئت او این شئت کہا طلاق نہیں ہو گی۔ یہاں تک کہ عورت چاہے اگر مجلس میں کھڑی ہو گئی عورت کے لیے مشیت نہیں ہے | ۲۹۴ |
| مرد نے انت طالق کیف شئت کہا تو طلاق واقع ہو جائے گی اور شوہر رجوع کا مالک ہو گا | ۲۹۵ |
| مرد نے انت طالق کم شئت او ماشئت کہا تو عورت اپنے آپ کو کتنی طلاقیں دے سکتی ہے | ۲۹۷ |
| مرد نے طلقی نفسک من ثلاث ما شئت کہا تو عورت نے اپنے آپ کو کتنی طلاقیں دے سکتی ہے | ۲۹۷ |
| **بابُ الایمان فی الطلاق** | ۲۹۹ |
| طلاق کو نکاح پر معلق کیا تو نکاح کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی | ۲۹۹ |
| اگر طلاق کو شرط پر معلق کیا تو شرط کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی | ۳۰۰ |
| قاعدہ کلیہ | ۳۰۱ |
| اجنبیہ کو کہا ان دخلت الدار فانت طالق پھر اس سے نکاح کر لیا ہو گھر میں داخل ہوئی طلاق واقع نہیں ہو گی | ۳۰۱ |
| الفاظ شرط | ۳۰۲ |
| جب شرط پائی جائے تو یمین منحل ہو کر ختم ہو جاتی ہے | ۳۰۲ |
| کلما دخلت الدار فانت طالق پر متفرع مسئلہ | ۳۰۳ |
| کلما تزوجت امراة فهی طالق سے معلق کرنے کا حکم | ۳۰۳ |
| یمین کے بعد مالک کا زوال اس کو باطل نہیں کرتا | ۳۰۴ |
| اگر شرط میں زوجین کا اختلاف ہو جائے تو کس کا قول معتبر ہے | ۳۰۵ |
| اگر شرط ایسی ہے کہ عورت سے ہی معلوم ہو سکتی ہے تو عورت کا قول اس کے حق میں معتبر ہو گا | ۳۰۵ |

شوہر نے کہاان کنت تحبین ان یعذبك الله فی نا ر جهنمفانت طالق وعبدی حر عورت نے کہا احبه تو یہ قول عورت کے حق میں معتبر ہے اور غلام کے حق میں نہیں اور اسی طرح شوہر نے کہاان کنت تحجینی فانت طالق و هذه سے عورت احبك کہا تو طلاق واقع ہو جائے گی اور غلام آزاد نہ ہوگا ۳۰۶

شوہر نے کہااذا حضت فانت طالق عورت نے خون دیکھا طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ تین دن تک خون جاری رہے ۳۰۷

اگر شوہر نے کہااذا حضت حیضة فانت طالق عورت کو طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ عورت حیض سے پاک ہو جائے ۳۰۸

شوہر نے کہاانت طالق اذا صمت یوماً سورج غروب ہونے پر طلاق واقع ہو جائے گی ۳۰۸

شوہر نے بیوی سے کہااذا ولدت غلاما فانت طالق واحدة واذا ولدت جارية فانت طالق ثنتین لڑکا اور لڑکی دونوں کو جنا کتنی طلاقیں واقع ہوں گی ۳۰۹

شوہر نے منکوحہ سے کہاان کلمت ابا عمر وابا یوسف فانت طالق ثلاثا پھر ایک طلاق دے دی بائنہ ہوگئی اور اس کی عدت گذر گئی پھر اس نے ابوعمرو سے اس حال میں کلام کیا وہ اس کی بیوی نہیں تھی پھر عورت سے نکاح کر لیا پھر عورت نے ابو یوسف سے کلام کیا اس حال میں کہ وہ بیوی ہے تو کتنی طلاقیں واقع ہوں گی ۳۱۰

شوہر نے کہاان دخلت الدار فانت طالق ثلاثا پھر دو طلاقیں دیں اس نے دوسرے سے نکاح کیا اس نے دخول بھی کر لیا پھر شوہر ثانی سے مطلقہ شوہر اول کے نکاح میں آئی اب یہ گھر میں داخل ہوئی کتنی طلاقیں واقع ہوں گی ۳۱۲

شوہر نے کہاان دخلت الدار فانت طالق ثلثا پھر کہا انت طالق ثلاثا اس نے دوسرے سے نکاح کیا اس نے دخول بھی کیا پھر پہلے شوہر کی طرف لوٹ کر آئی اور گھر میں داخل ہوئی شئی واقع نہیں ہوگی ۳۱۲

شوہر نے بیوی سے کہا، جب میں تجھ سے جماع کروں تجھے تین طلاق اس نے جماع کیا پس جب التقاء ختانین ہوا تو تین طلاق واقع ہو جائیں گی اگر ایک گھڑی پڑا رہا تو مہر واجب نہیں اگر نکالا پھر داخل کیا پھر مہر واجب ہے ۳۱۴

استثناء کا بیان.....شوہر نے بیوی کو انت طالق ان شاء الله متصلاً کہا تو طلاق واقع نہیں ہوگی ۳۱۵

شوہر نے منکوحہ سے کہاانت طالق ثلاثا الا واحدة تو دو طلاقیں واقع ہوں گی اور اگر کہاانت طالق الاثنتین تو ایک طلاق واقع ہوگی ۳۱۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

## از مولانا جمیل احمد صاحب سکروڈوی استاذ دارالعلوم دیوبند

فقہ حنفی کی شہرہ آفاق اور معرکۃ الآراء تصنیف ہدایہ جلد ثانی کا ترجمہ اور تشریح ''اشرف الہدایہ'' پیش خدمت ہے۔ ترجمہ اور تشریح کے وقت ہدایہ کی معتبر اور معیاری شروح مثلاً عینی شرح ہدایہ، کفایہ اور فتح القدیر نیز حاشیہ حضرت امام علامہ عبدالحی لکھنوی کو مکمل طور پر سامنے رکھا گیا ہے اور پوری کوشش کی گئی ہے کہ نقل مذاہب، تفصیل صورت مسئلہ اور حل لغات میں وہی بات لکھی جائے جس کو مذکورہ محققین نے اختیار کیا ہے عبارت کو دلنشیں اور اسلوب کو سہل بنانے کی جتنی ممکن کوشش ہو سکتی تھی اس سے دریغ نہیں کیا گیا ہے۔ نیز یہ بھی ملحوظ رکھا گیا ہے کہ صاحب ہدایہ نے جہاں قیاسی اور استدلالی طریقہ اختیار کیا اس کو اشکال اربعہ کی صورت میں پیش کیا جائے۔ ناچیز کو زمانہ طالب علمی سے اب تک تقریباً چودہ سال سے ہدایہ سے خصوصی شغف رہا ہے اور مذاکرہ تدریس سے تفہیم مطالب کا جو تجربہ اس ناچیز نے حاصل کیا ہے اس سے میں نے پورا پورا فائدہ اٹھایا ہے اور اس کی پوری سعی کی ہے کہ میرا پیرایۂ بیان حضرات مدرسین اور طلبہ عزیز ہر دو طبقہ کے لئے یکساں مفید اور معیاری ہو۔ اس کے باوجود مجھے ہمہ دانی و ہمہ بینی کا دعویٰ ہرگز نہیں۔ میں بالکل بے بضاعت اور کم مایہ طالب علم ہوں اور کتب فقہ کی تصنیف میں یہ میرا پہلا قدم ہے مجھ سے لغزش اور چوک ہو سکتی ہے۔ ناظرین باتمکین سے درخواست ہے کہ میری تشریح میں جہاں سقم یا کوتاہی نظر آئے مجھ کو آگاہ فرمائیں ان شاء اللہ دوسری اشاعت میں اس کی اصلاح کر لی جائے گی۔ حق تعالیٰ میری اس حقیر کوشش کو قبول فرمائے اور کتاب کو خصوصی فیضان سے نوازے آمین۔

جمیل احمد سکروڈھوی

مدرس دارالعلوم دیوبند

# تمہید

صاحبِ ہدایہ نے کتاب کی ترتیب اس طرح رکھی کہ سب پہلے عبادات محضہ (نماز، روزہ وغیرہ کے مسائل کو) بیان فرمایا آخر میں معاملات محضہ (بیوع اور شفعہ وغیرہ کے احکام کو) بیان فرمایا اور درمیان میں ایسے مسائل بیان فرمائے جن میں عبادت کے معنی بھی موجود ہیں اور معاملہ کے بھی مثلاً نکاح میں عبادت کے معنی تو اس لئے ہیں کہ نکاح میں مشغول ہونا نوافل میں مشغول ہونے سے افضل ہے۔ نیز نکاح میں وقوع فی الزنا سے نفس کی حفاظت ہے نکاح میں معاملہ کے معنی اس لئے ہیں کہ اس میں وہ مال ہوتا ہے جو ملکِ بضع کا عوض ہے نیز ایجاب وقبول اور شہادت ہے اور قضاء قاضی کی ضرورت پیش آتی ہے۔

**فضائل نکاح**...... دو عبادتیں ایسی ہیں جو حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آج تک مشروع ہیں جنت میں بھی مستمر اباقی رہیں گی۔ ایک ایمان، دوم نکاح۔

**احادیث**......

۱) جس نے میری سنت (نکاح) سے بے رغبتی کی وہ مجھ سے نہیں۔ (السنن)

۲) متاع دنیا میں سے بہتر صالحہ عورت ہے۔ (مسلم)

۳) چار چیزیں رسولوں کی سنت ہیں حیا رکھنا، خوشبو کا استعمال، مسواک، نکاح۔ (ترمذی)

۴) چار چیزیں جس کو ملیں اس کو دنیا اور آخرت کی بھلائی ملی منجملہ ان میں صالحہ عورت ہے جو شوہر کی خیانت نہ کرے، نہ اس کے مال میں نہ اپنے نفس میں۔ (طبرانی)

۵) جس نے نکاح کرلیا اس نے آدھا ایمان بچالیا، پھر آدھے کے بچانے میں اللہ تعالیٰ سے تقوی رکھے۔ (بیہقی)

۶) جو شخص کسی عورت کے ساتھ اس کی وجہ سے نکاح کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کچھ نہیں دیتا سوائے ذلت کے اور یونہی مالداری کے خیال سے ہو تو محتاجی اور حسب کے خیال سے ہو تو کمینگی بڑھتی ہے اور اگر عفت کے خیال سے ہو تو اللہ تعالیٰ برکت دیتا ہے۔

یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ صاحب ہدایہ نے عنوانات میں تین لفظ ذکر فرمائے ہیں۔

کتاب۔ باب۔ فصل۔

**کتاب:** بمنزلہ جنس کے ہے (جس کے تحت ایسے بہت سے مسائل مذکور ہوتے ہیں جن کی حقیقتیں مختلف ہیں)۔

**باب:** بمنزلہ نوع کے ہے (جس کے تحت ایسے بہت سے مسائل مذکور ہوتے ہیں جن کی حقیقت ایک ہو)۔

**فصل:** بمنزلہ شخص کے ہے، جس کے تحت کسی معین مشخص مسئلہ کو ذکر کیا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# كِتَابُ النِّكَاحِ

ترجمہ...... یہ کتاب احکام نکاح کے بیان میں ہے۔

تشریح...... نکاح لغت میں ضم کے لئے ہے، پھر وطی کے معنی میں نقل کرلیا گیا، وطی کے ضم پر مشتمل ہونے کی وجہ سے، پھر عقدِ نکاح کی طرف نقل کر لیا گیا، اس لئے کہ عقد سببِ ضم ہے، گویا عقد مجاز المجاز ہے۔

نکاح کے اقسام:...... نکاح شرعی کی تین قسمیں ہیں: سنت مؤکدہ، واجب و مکروہ۔ مہر، نفقہ اور وطی پر قدرت کی صورت میں نکاح سنت مؤکدہ ہے، عورتوں کی طرف شدت اشتیاق کے وقت واجب ہے اور جس وقت ظلم کا غالب گمان ہو اور فرائض و سنن کے ترک کا تو ایسی صورت میں نکاح مکروہ ہے۔

## عقد نکاح کے لئے ایجاب وقبول کی شرعی حیثیت

قَالَ النِّكَاحُ يَنْعَقِدُ بِالْإِيْجَابِ وَالْقُبُوْلِ بِلَفْظَيْنِ يُعَبَّرُ بِهِمَا عَنِ الْمَاضِىْ لِأَنَّ الصِّيْغَةَ وَاِنْ كَانَتْ لِلْاِخْبَارِ وَضْعًا فَقَدْ جُعِلَتْ لِلْاِنْشَاءِ شَرْعًا دَفْعًا لِلْحَاجَةِ.

---

ترجمہ...... نکاح متحقق ہوتا ہے ایجاب وقبول کے ساتھ ایسے دولفظوں کے ذریعے جن کو صیغہ ماضی سے تعبیر کیا گیا ہو، اس لئے کہ صیغہ ماضی اگرچہ اخبار کے لئے موضوع ہے لیکن شرعاً انشاء کے لئے نقل کرلیا گیا ضرورت کو دور کرنے کے لئے۔

تشریح...... ایجاب اس لفظ کو کہتے ہیں جو احد المتعاقدین سے اولاً صادر ہوتا ہے، اس لئے کہ وہ مخاطب پر اثبات یا نفی میں جواب کو واجب کرتا ہے اور جو لفظ احد المتعاقدین سے ثانیاً صادر ہوگا وہ قبول کہلائے گا، ماتن نے ''بِلَفْظَيْنِ'' فرما کر اس طرف اشارہ فرمادیا ہے کہ صرف تحریری ایجاب وقبول سے نکاح منعقد نہیں ہوگا، یہ ہی قول ائمہ ثلاثہؒ کا بھی ہے، کیونکہ تحریری ایجاب وقبول کو نقوش تو کہا جاسکتا ہے لفظ نہیں۔

**لأن الصيغة**...... سے دلیل کی صورت میں اشکال کا جواب دیا گیا ہے، حاصل اشکال یہ ہے کہ نکاح انشاء کے قبیل سے ہے اور انشاء کہتے ہیں اثبات **مالم یکن ثابتاً** کو، یعنی جو چیز ثابت نہیں تھی اس کو ثابت کرنا۔ اور حدوثِ امر فی الحال کو یعنی زمانہ موجودہ میں کسی امر کو عدم سے وجود میں لانا۔ لہٰذا انعقادِ نکاح ایسے لفظ کا محتاج ہوگا جو صراحۃً اس معنی پر دلالت کرے اور لغت میں ایسا لفظ موجود نہیں جو صراحۃً حدوث امر فی الحال پر دلالت کرے، کیونکہ ماضی تو گذشتہ پر دلالت کرتی ہے اور مضارع جس طرح حال پر دلالت کرتا ہے، استقبال پر بھی دلالت کرتا ہے، لہٰذا مضارع کی دلالت حال پر صریح نہیں ہوگی، تو اب ایجاب وقبول کو صیغہ ماضی سے کیسے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔ جواب یہ دیا گیا ہے کہ صیغہ ماضی گو اخبار کے لئے وضع کیا گیا ہے، لیکن مصالح نکاح کی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے انشاء کے معنی میں نقل کیا گیا۔ جیسے جملہ دعائیہ ''سقی اللہ ثراہ'' اور افعال مدح ''نعم'' اور ذم ''بئس'' میں ماضی کو انشاء کے معنی میں نقل کرلیا گیا ہے۔ واللہ اعلم۔

## ایجاب وقبول کے لئے کون سے صیغے ضروری ہیں

وَيَنْعَقِدُ بِلَفْظَيْنِ يُعَبَّرُ بِاَحَدِهِمَا عَنِ الْمَاضِىْ وَبِالْآخَرِ عَنِ الْمُسْتَقْبَلِ مِثْلُ اَنْ يَّقُوْلَ زَوِّجْنِىْ فَيَقُوْلُ زَوَّجْتُكَ

لِأَنَّ هٰذَا تَوْكِيْلٌ بِالنِّكَاحِ وَالْوَاحِدُ يَتَوَلّٰى طَرَفَيِ النِّكَاحِ عَلٰى مَا نُبَيِّنُهُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

ترجمہ...... اور منعقد ہو جائے گا نکاح ایسے دو لفظوں کے ساتھ کہ ان میں سے ایک کو تعبیر کیا جائے صیغہ ماضی سے اور دوسرے کو صیغہ مستقبل سے۔ مثلاً کوئی کہے زوّجنی۔ جواب میں دوسرا کہے زوجتک اس لئے کہ یہ (زوجنی) توکیل بالنکاح ہے اور ایک آدمی طرفینِ نکاح (یعنی ایجاب وقبول) کا متولی ہو سکتا ہے۔ اس اصول کو ہم انشاء اللہ آئندہ بیان کریں گے۔

تشریح...... متن میں مستقبل سے مراد صیغۂ امر ہے، حاصل یہ ہوا کہ نکاح صیغہ ماضی اور صیغہ امر سے بھی منعقد ہو جاتا ہے۔ مثلاً مرد نے کہا کہ میرا نکاح کر دے، عورت جواب میں کہے کہ میں نے نکاح کر دیا، یا برعکس تو نکاح منعقد ہو جائے گا۔ اس لئے کہ قولِ اول ایجاب نہیں ہے۔ بلکہ نکاح کا وکیل بنانا ہے اور دوسرا قول ''زوّجتک'' ایجاب وقبول دونوں ہے اور نکاح میں احد المتعاقدین ایجاب وقبول دونوں کر سکتا ہے اپنی جانب سے اصل ہونے کی وجہ سے اور دوسرے کی طرف سے وکیل ہونے کی وجہ سے۔ باب نکاح میں ایک آدمی ایجاب وقبول دونوں کا متولی بن سکتا ہے اگرچہ باب بیع میں درست نہیں۔ وجہ فرق یہ ہے کہ بیع میں حقوق لوٹتے ہیں وکیل کی طرف اور نکاح میں مؤکل کی طرف۔ لہذا بیع میں احد المتعاقدین کے طرفین کا متولی بننے کی صورت میں ایک ہی شخص کا مطالِب اور مطالَب، مملِّک اور متملِّک ہونا لازم آئے گا جو غیر معقول اور محال ہے۔ اور چونکہ نکاح میں حقوق مؤکل کی طرف لوٹتے ہیں۔ اس لئے یہ خرابی لازم نہیں آئے گی۔ تفصیل آئندہ آئے گی۔

## کن کن الفاظ سے نکاح منعقد ہوتا ہے امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

وَ يَنْعَقِدُ بِلَفْظِ النِّكَاحِ وَ التَّزْوِيْجِ وَالْهِبَةِ وَالتَّمْلِيْكِ وَالصَّدَقَةِ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا يَنْعَقِدُ اِلَّا بِلَفْظِ النِّكَاحِ وَالتَّزْوِيْجِ لِأَنَّ التَّمْلِيْكَ لَيْسَ حَقِيْقَةً فِيْهِ وَلَا مَجَازًا عَنْهُ لِأَنَّ التَّزْوِيْجَ لِلتَّلْفِيْقِ وَالنِّكَاحُ لِلضَّمِّ وَلَا ضَمَّ وَلَا اِزْدِوَاجَ بَيْنَ الْمَالِكِ وَالْمَمْلُوْكِ اَصْلًا وَلَنَا اَنَّ التَّمْلِيْكَ سَبَبٌ لِمِلْكِ الْمُتْعَةِ فِيْ مَحَلِّهَا بِوَاسِطَةِ مِلْكِ الرَّقَبَةِ وَ هُوَ الثَّابِتُ بِالنِّكَاحِ وَالسَّبَبِيَّةُ طَرِيْقُ الْمَجَازِ.

ترجمہ...... اور نکاح منعقد ہوتا ہے لفظ نکاح، تزویج، ہبہ، تملیک اور صدقہ سے۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ نکاح نہیں منعقد ہو گا مگر لفظ نکاح اور لفظ تزویج کے ساتھ اس لئے کہ تملیک نکاح میں نہ حقیقت ہے اور نہ اس سے مجاز ہے اس لئے کہ تزویج آتا ہے تلفیق (چمٹانا) کے لئے۔ اور نکاح ضم (ملانا) کے لئے اور مالک اور مملوک کے درمیان ضم ہوتا ہے اور نہ ہی ازدواج۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ تملیک سبب ہے ملک متعہ کا محلِ متعہ میں ملک رقبہ کے واسطے سے۔ اور ملک متعہ ثابت ہے نکاح سے اور سببیت طریق مجاز ہے۔

تشریح...... مصنفؒ نے اس عبارت میں الفاظ نکاح کو بیان فرمایا ہے، احناف کے نزدیک متن میں ذکر کردہ تمام الفاظ سے نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔ صاحب شرح وقایہ نے ضابطہ بیان کیا کہ ہر وہ لفظ جو تملیکِ عین فی الحال کے لئے وضع کیا گیا ہے اس کے ساتھ نکاح منعقد ہو جائے گا امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ صرف دو لفظوں (نکاح اور تزویج) سے نکاح منعقد ہو سکتا ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل...... کا حاصل یہ ہے کہ لفظ جس معنی میں مستعمل ہو گا حقیقت ہو گا یا مجاز اور لفظ تملیک ہبہ اور صدقہ نکاح کے معنی میں نہ حقیقت ہیں اور نہ مجاز۔ حقیقت تو اس لئے نہیں کہ نکاح کے حقیقی معنی ہیں ضم کے اور تزویج کے حقیقی معنی تلفیق کے ہیں تملیک اور اس کے ہم معنی میں یہ معنی نہیں پائے جاتے۔ اور مجاز اس لئے نہیں کہ مالک اور مملوک کے درمیان تباین ہوتا ہے۔ اور احد المتباینین آخر کے لئے مجاز نہیں بن سکتا علاقہ کے نہ ہونے کی وجہ سے۔

احناف کی دلیل...... کا حاصل یہ ہے کہ تملیک وغیرہ الفاظ نکاح کے معنی میں مجازاً مستعمل ہیں علاقہ سببیت کی وجہ سے کیونکہ تملیک ملک رقبہ کے واسطے سے ملک متعہ کا سبب ہے محل متعہ میں مثلاً اگر کوئی شخص کسی باندی کے رقبہ کا مالک بن گیا تو رقبہ یعنی ذات کے ضمن میں اس کے متعہ کا بھی مالک بن جائے گا اور ملک متعہ حاصل ہو جاتا ہے لفظ نکاح سے تو گویا لفظ تملیک سبب ہوا اور لفظ نکاح مسبب۔ اور اصول یہ ہے کہ سبب بول کر مسبب مراد لینا مجازاً درست ہے۔ اگرچہ اس کا برعکس درست نہیں۔ لہٰذا تملیک وغیرہ الفاظ سے نکاح مراد لیا جا سکتا ہے۔

## بیع، جارہ، اباحۃ، احلال، وصیت اور اعارہ کے الفاظ سے نکاح منعقد ہوتا ہے یا نہیں

وَ يَنْعَقِدُ بِلَفْظِةِ الْبَيْعِ هُوَ الصَّحِيْحُ لِوُجُوْدِ طَرِيْقِ الْمَجَازِ وَلَا يَنْعَقِدُ بِلَفْظَةِ الْإِجَارَةِ فِي الصَّحِيْحِ لِأَنَّهُ لَيْسَ بِسَبَبٍ لِمِلْكِ الْمُتْعَةِ وَلَا بِلَفْظَةِ الْإِبَاحَةِ وَالْإِحْلَالِ وَالْإِعَارَةِ لِمَا قُلْنَا وَلَا بِلَفْظَةِ الْوَصِيَّةِ لِأَنَّهَا تُوْجِبُ الْمِلْكَ مُضَافًا اِلٰى مَا بَعْدَ الْمَوْتِ۔

---

ترجمہ...... اور نکاح منعقد ہو جاتا ہے لفظ بیع کے ساتھ۔ یہی قول صحیح ہے طریق مجاز کے پائے جانے کی وجہ سے اور (نکاح) نہیں منعقد ہوتا ہے لفظ اجارہ سے صحیح قول میں۔ اس لئے کہ اجارہ ملک متعہ کا سبب نہیں اور نہ لفظ اباحت سے نہ احلال سے اور نہ اعارہ سے ہماری بیان کردہ دلیل کی وجہ سے اور نہ لفظ وصیت سے۔ اس لئے کہ لفظ وصیت واجب کرتا ہے ایسی ملک کو جو منسوب ہے مابعد الموت کی طرف۔

تشریح...... قول اصح کی بناء پر لفظ بیع سے نکاح منعقد ہو جائے گا۔ ابوبکر اعمشؒ فرماتے ہیں کہ اس سے منعقد نہیں ہوگا۔ وجہ یہ ہے کہ لفظ بیع مخصوص ہے تملیک مال بالمال کے لئے اور مملوک بالنکاح مال نہیں اس لئے انعقاد نکاح نہیں ہوگا، قول صحیح کی وجہ یہ ہے کہ یہاں بھی طریق مجاز موجود ہے، بایں طور کہ بیع ایسی ملک کا موجب ہے جو ملکِ متعہ کا سبب ہے۔ کیونکہ جب کسی نے باندی کو فروخت کیا تو مشتری رقبہ کے ضمن میں اس باندی کے متعہ کا بھی مالک ہو جائے گا اور اس باندی سے خدمت کے علاوہ وطی بھی حلال ہوگی بشرطیکہ کوئی وجہ حرمت نہ ہو۔

لفظ اجارہ سے صحیح قول کی بناء پر نکاح منعقد نہیں ہوگا امام کرخیؒ فرماتے ہیں کہ منعقد ہو جائے گا۔ امام کرخیؒ نے وجہ یہ بیان کی کہ اجارہ تملیک منفعت ہے اور ملک متعہ بھی منفعت ہے۔ لیکن ہم جواب دیں گے ملک متعہ منافع اجارہ میں سے نہیں۔ چنانچہ اگر باندی کو خدمت کے واسطے اجارہ پر لیا گیا تو اس باندی کے ساتھ مستاجر کے لئے وطی حلال نہیں ہوگی۔

قول صحیح کی دلیل...... یہ ہے کہ اجارہ ملک متعہ کا سبب نہیں ہے لہٰذا علاقہ سببیت کے نہ ہونے کی وجہ سے طریق مجاز نہ پایا گیا۔ لفظ اباحت، احلال، اعارہ کے ساتھ بھی نکاح منعقد نہ ہونے کی یہی وجہ ہے کہ یہ الفاظ بھی ملک متعہ کا سبب نہیں ہیں۔ لفظ وصیت سے بھی نکاح منعقد نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ وصیت اگرچہ موجب ملک ہے لیکن ایسی ملک کا موجب ہے جو مابعد الموت حاصل ہوگی اور انعقادِ نکاح کے لئے ایسی ملک درکار ہے جو فی الحال موجود ہو۔

## گواہوں کی شرعی حیثیت

قَالَ وَلَا يَنْعَقِدُ نِكَاحُ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا بِحُضُوْرِ شَاهِدَيْنِ عَاقِلَيْنِ حُرَّيْنِ بَالِغَيْنِ مُسْلِمَيْنِ رَجُلَيْنِ اَوْ رَجُلٌ وَامْرَأَتَيْنِ عُدُوْلًا كَانُوْا اَوْ غَيْرَ عُدُوْلٍ اَوْ مَحْدُوْدَيْنِ فِي الْقَذْفِ قَالَ اِعْلَمْ اَنَّ الشَّهَادَةَ شَرْطٌ فِيْ بَابِ النِّكَاحِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَانِكَاحَ اِلَّا بِشُهُوْدٍ وَ هُوَ حُجَّةٌ عَلٰى مَالِكٍ فِي اشْتِرَاطِ الْإِعْلَانِ دُوْنَ الشَّهَادَةِ وَلَا بُدَّ مِنْ اِعْتِبَارِ الْحُرِّيَّةِ فِيْهَا لِأَنَّ الْعَبْدَ لَاشَهَادَةَ لَهٗ لِعَدَمِ الْوِلَايَةِ وَلَا بُدَّ مِنْ اِعْتِبَارِ الْعَقْلِ وَالْبُلُوْغِ لِأَنَّهٗ لَا وَلَايَةَ بِدُوْنِهِمَا

وَلَا بُدَّ مِنْ اِعْتِبَارِ الْاِسْلَامِ فِیْ اَنْكِحَةِ الْمُسْلِمِیْنَ لِاَنَّهٗ لَاشَهَادَةَ لِلْكَافِرِ عَلَى الْمُسْلِمِ وَلَا يُشْتَرَطُ وَصْفُ الذُّكُوْرَةِ حَتّٰى يَنْعَقِدَ بِحُضُوْرِ رَجُلٍ وَ امْرَأَتَيْنِ وَ فِيْهِ خِلَافُ الشَّافِعِیِّ وَ سَتَعْرِفُ فِی الشَّهَادَاتِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَلَا تُشْتَرَطُ الْعَدَالَةُ حَتّٰى يَنْعَقِدَ بِحَضْرَةِ الْفَاسِقَيْنِ عِنْدَنَا خِلَافًا لِلشَّافِعِیِّ لَهٗ اَنَّ الشَّهَادَةَ مِنْ بَابِ الْكَرَامَةِ وَالْفَاسِقُ مِنْ اَهْلِ الْاِهَانَةِ وَلَنَا اَنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْوَلَايَةِ فَيَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الشَّهَادَةِ وَ هٰذَا لِاَنَّهٗ لَمَّا لَمْ يُحْرَمِ الْوَلَايَةَ عَلٰى نَفْسِهٖ لِاِسْلَامِهٖ لَا يُحْرَمُ عَلٰى غَيْرِهٖ لِاَنَّهٗ مِنْ جِنْسِهٖ وَلِاَنَّهٗ صَلُحَ مُقَلِّدًا فَيَصْلُحُ مُقَلَّدًا وَ كَذَا شَاهِدٌ اَوِالْمَحْدُوْدُ فِی الْقَذْفِ مِنْ اَهْلِ الْوَلَايَةِ فَيَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الشَّهَادَةِ تَحَمُّلًا وَاِنَّمَا الْفَائِتُ ثَمَرَةُ الْاَدَاءِ بِالنَّهْيِ لِجَرِيْمَتِهٖ وَلَا يُبَالٰى بِفَوَاتِهٖ كَمَا فِی الشَّهَادَةِ الْعُمْيَانِ وَ ابْنَیِ الْعَاقِدَيْنِ.

---

ترجمہ...... مسلمانوں کا نکاح نہیں منعقد ہوتا ہے مگر ایسے دو گواہوں کی موجودگی میں جو آزاد ہوں عاقل ہوں، بالغ ہوں، مسلمان ہوں، دونوں مرد ہوں یا ایک مرد اور دو عورتیں عادل ہوں، یا غیر عادل یا محدود فی القذف ہوں۔ مصنفؒ نے فرمایا کہ غور سے سنو۔ شہادت باب نکاح میں شرط ہے حضور ﷺ کے فرمان کی وجہ سے کہ نکاح نہیں مگر گواہوں کے ساتھ اور یہ قولِ نبی حجت ہے امام مالکؒ کے خلاف اعلان کی شرط لگانے میں نہ کہ شہادت کی اور ضروری ہے آزادی کا اعتبار شہادت میں۔ کیونکہ غلام کے لئے شہادت نہیں ولایت کے نہ ہونے کی وجہ سے اور عقل و بلوغ کا ہونا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ بغیر ان دونوں کے ولایت نہیں۔ اور ضروری ہے مسلمان ہونے کا اعتبار مسلمانوں کے نکاح میں۔ اس لئے کہ مسلمان کے خلاف کافر کو شہادت کا حق نہیں ہے۔ اور نہیں شرط لگائی گئی مذکر ہونے کی، چنانچہ ایک مرد اور دو عورتوں کی موجودگی میں نکاح منعقد ہو جائے گا۔ اور اس بارے میں امام شافعیؒ کا اختلاف ہے۔ عنقریب کتاب الشہادات میں آپ جان لیں گے ان شاء اللہ اور عدالت کی بھی شرط نہیں لگائی گئی۔ چنانچہ دو فاسقوں کی موجودگی میں نکاح منعقد ہو جائے گا ہمارے نزدیک بخلاف امام شافعیؒ کے۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ شہادت باب کرامت سے ہے اور فاسق اہلِ اہانت سے ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ فاسق اہلِ ولایت سے ہے۔ لہٰذا اہل شہادت سے بھی ہوگا۔ اور یہ بات اس وجہ سے ہے کہ جب فاسق اپنی ذات پر ولی ہونے سے محروم نہیں کیا گیا اپنے مسلمان ہونے کی وجہ سے تو غیر پر ولی ہونے سے بھی محروم نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ یہ غیر بھی اس کا ہم جنس ہے۔

اور اس لئے کہ فاسق صلاحیت رکھتا ہے کہ دوسرے کو قلادہ پہنا دے۔ پس خود بھی صاحبِ قلادہ ہو سکتا ہے اور ایسے ہی شاہد بھی ہو سکتا ہے۔ اور محدود فی القذف اہل ولایت سے ہے لہٰذا اہلِ شہادت سے بھی ہوگا از راہِ تحمّل اور فوت ثمرۂ اداء ہے مخالفت کی وجہ سے جو اس کے محرم ہونے کی وجہ سے ہے۔ اور اداء کے فوت ہونے کا لحاظ نہیں کیا جائے گا۔ جیسا کہ اندھوں کی گواہی اور عاقدین کے بیٹوں کی گواہی میں۔

تشریح...... یہاں سے مصنفؒ شرط نکاح کو بیان فرما رہے ہیں۔ چنانچہ فرمایا کہ نکاح میں شہادت شرط ہے۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ اعلان شرط ہے، شہادت شرط نہیں ہے۔ امام مالکؒ نے استدلال میں حدیث اعلنوا النکاح ولو بالدف کو ذکر فرمایا، یعنی نکاح کا اعلان کرو اگر چہ دف کے ساتھ ہو۔ احناف استدلال میں حدیث لا نکاح الا بشہود کو پیش کرتے ہیں۔ یعنی نکاح بغیر گواہوں کے منعقد نہیں ہوگا۔ امام مالکؒ کی پیش کردہ حدیث کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث وجوبِ اعلان پر تو دلالت کرتی ہے۔ اعلان کے شرط ہونے پر نہیں۔

اس کے بعد صاحب کتاب نے گواہوں کی چند صفات بیان کی ہیں۔ اول یہ کہ دونوں کا آزاد ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ شہادت کا اہل وہی شخص ہوگا جس کو حق ولایت حاصل ہے اور چونکہ غلام کو اپنی ذات پر ولایت کا حق حاصل نہیں۔ لہٰذا غیر پر ولایت کیسے حاصل ہو سکتی ہے۔ (ولایت کہتے ہیں تنفیذ القول علی الغیر کو) دوم یہ کہ دونوں گواہ عاقل بالغ ہوں۔ کیونکہ ان دونوں چیزوں کے بغیر بھی ولایت کا حق حاصل نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا

شہادت کا اہل بھی نہیں ہوگا۔ سوم یہ کہ مسلمانوں کے نکاح میں گواہوں کا مسلمان ہونا ضروری ہے، دلیل یہ ہے کہ کسی مسلمان کے خلاف کافر کی شہادت معتبر نہیں۔ قرآن کی آیت **لن یجعل اللہ للکافرین علی المومنین سبیلاً** کیوجہ سے احناف کے نزدیک گواہوں کا مرد ہونا ضروری نہیں۔ بلکہ ایک مرد اور دو عورتوں کو بھی گواہ بنایا جاسکتا ہے۔ البتہ امام شافعیؒ اختلاف فرماتے ہیں۔ چنانچہ کہتے ہیں کہ نکاح میں مردوں کے ساتھ عورتوں کی گواہی قبول ہی نہیں کی جاتی۔ تفصیل کتاب الشہادات میں بیان کریں گے۔ عدالت کی شرط لگانے میں اختلاف ہے۔ چنانچہ احنافؒ کا مذہب یہ ہے کہ عدالت شاہدین شرط نہیں۔ امام شافعیؒ عدالت کو گواہوں کے لئے شرط قرار دیتے ہیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ شہادت باب کرامت سے ہے۔ حضور ﷺ کے قول **اکرموا الشہود** کی وجہ سے۔ یعنی گواہوں کا اکرام کرو۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گواہ محل اکرام ہیں اور فاسق اہانت کے لائق ہے۔ لہٰذا فساق کو گواہ نہ بنا کر ان کی اہانت کی جانی چاہئے نہ یہ کہ ان کو گواہ بنا کر ان کا اکرام کیا جائے۔

احنافؒ کی دلیل یہ ہے کہ فاسق اہل ولایت سے ہے لہٰذا اہلِ شہادت سے بھی ہوگا۔ اور فاسق کا اہلِ ولایت سے ہونا اس لئے ہے کہ شریعت نے اس کو اس کے مسلمان ہونے کی وجہ سے اپنی ذات پر ولایت سے محروم نہیں کیا ہے۔ لہٰذا غیر پر بھی ولایت سے محروم نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ وہ غیر بھی مسلمان ہونے کی وجہ سے اس کا ہم جنس ہے۔

دوسری دلیل کا حاصل یہ ہے کہ فاسق حاکم بن سکتا ہے اور حاکم کے لئے جائز ہے کہ وہ کسی کو قاضی بنادے۔ اور فاسق حاکم جب دوسرے کو قاضی بنا سکتا ہے تو خود بھی قاضی بن سکتا ہے۔ اور جب قاضی بن سکتا ہے تو شاہد بھی بن سکتا ہے اس لئے کہ شہادت اور قضا دونوں ایک ہی باب سے ہیں۔ کیونکہ دونوں میں **تنفیذ الحکم علی الغیر** کے معنی پائے جاتے ہیں۔

جس شخص کو حد قذف لگائی گئی ہے وہ بھی چونکہ اہل ولایت سے ہے لہٰذا اہلِ شہادت سے بھی ہوگا لیکن یہ شخص تحملِ شہادت کا اہل ہے یعنی شہادت کو اٹھانے کا، اداء شہادت کا اہل نہیں۔ چنانچہ محدود فی القذف کی موجودگی میں نکاح منعقد ہوسکتا ہے اس لئے کہ نکاح میں تحمل شہادت کافی ہے۔ البتہ اگر کبھی مجلس قضاء میں گواہی دینے کی ضرورت پیش آئے گی تو ان کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی **ولا تقبلوا لھم شھادۃ ابدًا** (ان کی گواہی کبھی بھی قبول نہ کرو) کی وجہ سے۔ یہ بالکل ایسا ہے جیسا کہ دو اندھوں یا عاقدین کے دو بیٹوں کی موجودگی میں نکاح منعقد ہوسکتا ہے۔ اس لئے کہ یہ تحمل شہادت کے اہل ہیں لیکن اندھوں کی گواہی اور عاقدین کے بیٹوں کی گواہی باپ کے حق میں قبول نہیں کی جائے گی۔ البتہ اگر خلاف گواہی دیں تو بیٹے کی گواہی بھی باپ کے خلاف قبول کرلی جائے گی۔

## مسلمان کا ذمیہ سے دو ذمیوں کی گواہی کے ساتھ نکاح منعقد ہوتا ہے یا نہیں ...... اقوالِ فقہاء

**قَالَ وَ اِنْ تَزَوَّجَ مُسْلِمٌ ذِمِّيَّةً بِشَهَادَةِ ذِمِّيَّيْنِ جَازَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ وَ قَالَ مُحَمَّدٌؒ وَ زُفَرُؒ لَا يَجُوْزُ لِاَنَّ السِّمَاعَ فِي النِّكَاحِ شَهَادَةٌ وَلَا شَهَادَةَ لِلْكَافِرِ عَلَى الْمُسْلِمِ فَكَاَنَّهُمَا لَمْ يَسْمَعَا كَلَامَ الْمُسْلِمِ وَلَهُمَا اَنَّ الشَّهَادَةَ شُرِطَتْ فِي النِّكَاحِ عَلٰى اِعْتِبَارِ اِثْبَاتِ الْمِلْكِ لِوُرُوْدِهٖ عَلٰى مَحَلٍّ ذِيْ خَطَرٍ لَاعَلٰى اِعْتِبَارِ وُجُوْبِ الْمَهْرِ اِذْلَا شَهَادَةَ تُشْتَرَطُ فِيْ لُزُوْمِ الْمَالِ وَ هُمَا شَاهِدَانِ عَلَيْهَا بِخِلَافِ مَا اِذَا لَمْ يَسْمَعَا كَلَامَ الزَّوْجِ لِاَنَّ الْعَقْدَ يَنْعَقِدُ بِكَلَامَيْهِمَا وَالشَّهَادَةُ شُرِطَتْ عَلَى الْعَقْدِ**

---

ترجمہ ...... اور اگر نکاح کیا مسلمان نے کسی ذمیہ (کتابیہ) سے دو ذمیوں کی گواہی کے ساتھ تو جائز ہے ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک اور امام محمدؒ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ جائز نہیں ہے۔ اس لئے کہ نکاح میں (ایجاب وقبول کا) سننا شہادت ہے اور کافر کی شہادت مسلمان کے خلاف معتبر نہیں۔ پس گویا دونوں ذمیوں نے مسلمان کا کلام سنا ہی نہیں۔

شیخینؒ کی دلیل..... یہ ہے کہ شہادت نکاح میں مشروط ہے ملک (بضع) کو ثابت کرنے کا اعتبار کرتے ہوئے۔ اس لئے کہ ملک کا ورود ذی عظمت محل پر ہے نہ کہ وجوب مہر کا اعتبار کرتے ہوئے اس لئے کہ شہادت مشروط نہیں لزوم مال میں اور وہ دونوں ذمی شاہد ہیں ذمیہ کے خلاف، بخلاف اس صورت کے جب دونوں نے زوج کا کلام سنا ہی نہیں اس لئے کہ عقد منعقد ہوتا ہے دونوں کے کلام سے اور شہادت عقد پر مشروط ہے۔

تشریح..... سابق میں شاہدین کے لئے مسلمان ہونا شرط بتلایا گیا تھا۔ یہ مسئلہ اس پر متفرع ہے: ذمی وہ کافر لوگ ہیں جو ملک اسلام میں فرمانبرداری اور ذمہ داری پر بستے ہوں، خواہ ہندو ہوں یا یہودی یا نصرانی۔ لیکن متن میں ذمیہ سے مراد اہل کتاب ہے یہودی ہو یا نصرانی۔ کیونکہ مسلمان کا نکاح صرف کتابیہ سے جائز ہے غیر کتابیہ سے نہیں۔

متن کے مسئلہ میں اختلاف ہے۔ شیخینؒ جواز کے قائل ہیں۔ امام محمدؒ اور زفرؒ عدم جواز کے۔ امام محمدؒ و زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ نکاح میں ایجاب وقبول کے سننے کا نام شہادت ہے اور کافر کی شہادت مسلمان کے خلاف معتبر نہیں ہے۔ تو گویا ذمیوں نے مسلمان کا کلام سنا ہی نہیں۔ الحاصل ان دونوں حضرات نے سماع کو قیاس کیا عدم سماع پر۔ اور جب ایجاب وقبول کو سنا ہی نہیں تو شہادت بھی نہیں پائی گئی۔ لہٰذا نکاح منعقد نہیں ہوگا۔ شیخینؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ نکاح میں دو چیزیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ ملک بضع کو ثابت کیا جاتا ہے شوہر کے لئے۔ دوم یہ کہ عورت کے لئے شوہر پر مال مہر واجب ہوتا ہے۔ یہ بات مسلم ہے کہ شہادت ایسی چیز کے لئے ہوتی ہے جو قابل احترام ہو اور بضع قابل احترام ہے لزوم مال میں کوئی احترام وعظمت نہیں۔ حتی کہ اگر نکاح کے وقت مال کا ذکر نہ کیا جائے تب بھی نکاح منعقد ہو جائے گا۔ اس تمہید سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ نکاح میں گواہی ملک بضع علی الزوجہ کو شوہر کے واسطے ثابت کرنے کے لئے ہے نہ کہ شوہر پر مال کو واجب کرنے کے لئے۔ پس معلوم ہوا کہ یہ گواہی مسلمان شوہر کے حق میں ہے، ذمیہ عورت کے خلاف ہے اور کافر کی گواہی مسلمان کے حق میں قبول کر لی جاتی ہے اگر چہ خلاف قبول نہیں کی جاتی۔ لہٰذا دو ذمیوں کی گواہی سے یہ نکاح منعقد ہو جائے گا۔ امام محمد و زفرؒ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ سماع کو عدم سماع پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ جس کا کوئی اعتبار نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ایک شخص نے کسی شخص کو اپنی چھوٹی بیٹی کے نکاح کا حکم دیا، اس شخص نے باپ کے ساتھ ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کرادیا، نکاح جائز ہے۔ باپ نے بالغہ بیٹی کا ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کرادیا، لڑکی موجود ہو یا نہ ہو، نکاح ہوا کا حکم

وَمَنْ اَمَرَ رَجُلًا بِاَنْ يُّزَوِّجَ اِبْنَتَهُ الصَّغِيْرَةَ فَزَوَّجَهَا وَالْاَبُ حَاضِرٌ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ وَاحِدٍ سِوَاهُمَا جَازَ النِّكَاحُ لِاَنَّ الْاَبَ يُجْعَلُ مُبَاشِرًا لِاِتِّحَادِ الْمَجْلِسِ فَيَكُوْنُ الْوَكِيْلُ سَفِيْرًا وَمُعَبِّرًا فَيَبْقَى الْمُزَوِّجُ شَاهِدًا وَاِنْ كَانَ الْاَبُ غَائِبًا لَمْ يَجُزْ لِاَنَّ الْمَجْلِسَ مُخْتَلِفٌ فَلَا يُمْكِنُ اَنْ يُّجْعَلَ الْاَبُ مُبَاشِرًا وَعَلٰى هٰذَا اِذَا زَوَّجَ الْاَبُ اِبْنَتَهُ الْبَالِغَةَ بِمَحْضَرِ شَاهِدٍ وَاحِدٍ اِنْ كَانَتْ حَاضِرَةً جَازَ وَاِنْ كَانَتْ غَائِبَةً لَا يَجُوْزُ.

---

ترجمہ..... اور جس شخص نے کسی مرد کو حکم کیا کہ اس کی چھوٹی بیٹی کا نکاح کردے، اس نے صغیرہ کا نکاح کر دیا۔ جبکہ باپ موجود ہے ایک مرد کی گواہی سے وکیل اور باپ کے علاوہ تو نکاح جائز ہے اس لئے کہ باپ کو عاقد نکاح قرار دیا جائے گا اتحاد مجلس کی وجہ سے۔ پس وکیل سفیر محض اور الفاظ کو تعبیر کرنے والا ہوگا۔ لہٰذا مزوج (نکاح کرانے والا) شاہد رہے گا۔ اور اگر باپ غائب ہے تو نکاح جائز نہیں ہے۔ اس لئے کہ مجلس مختلف ہے۔ پس ممکن نہیں باپ کو عاقد قرار دینا اور اسی اصول پر مبنی ہے کہ جب باپ نے اپنی بالغہ بیٹی کا نکاح کیا ایک گواہ کی موجودگی میں اگر لڑکی موجود ہے تو نکاح جائز ہے اور اگر لڑکی غیر موجود ہے تو نکاح جائز نہیں۔

تشریح...... یہ مسئلہ اس پر متفرع ہے کہ جوازِ نکاح کے لئے دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے۔ اگر اس سے کم ہیں تو نکاح منعقد نہیں ہوگا۔ چنانچہ اگر کسی شخص نے اپنی صغیرہ بیٹی کے نکاح کا کسی مرد کو وکیل بنایا۔ اب اِس وکیل نے اس صغیرہ کا نکاح کیا ایک گواہ کی موجودگی میں۔ اب دیکھنا ہے کہ لڑکی کا باپ مجلس نکاح میں موجود ہے یا غیر موجود اگر موجود ہے تو باپ کو عاقد نکاح مان لیں گے اور وکیل کو دوسرا گواہ۔ کیونکہ نکاح میں حقوق نکاح مؤکل کی طرف لوٹتے ہیں۔ وکیل تو سفیر محض اور الفاظ کو نقل کرنے والا ہوتا ہے۔ لہٰذا اب عاقد یعنی باپ کے علاوہ دو گواہ پائے گئے۔ پس نکاح درست ہوگا۔

اور اگر باپ مجلس نکاح میں موجود نہیں تو اختلاف مجلس کی وجہ سے باپ کو عاقد نکاح قرار دینا ممکن نہیں رہا۔ پس وکیل ہی عاقد ہوگا۔ اس صورت میں صرف ایک گواہ باقی رہا اس وجہ سے نکاح منعقد نہیں ہوگا۔

اسی طرح دوسرا مسئلہ ہے کہ باپ نے اپنی بالغہ لڑکی کا نکاح کیا ایک گواہ کی موجودگی میں اب اگر لڑکی مجلس نکاح میں موجود ہے تو نکاح درست ہوگا بایں طور کہ لڑکی کو عاقد اور باپ کو دوسرا گواہ بنا دیا جائے گا۔ اور اگر لڑکی مجلس نکاح میں موجود نہیں تو اس صورت میں لڑکی کو عاقد قرار دینا ممکن نہیں۔ ہاں باپ عاقد ہوگا۔ اب صرف ایک گواہ باقی رہا اس لئے نکاح درست نہیں ہوگا۔

فروع...... صرف چار عورتوں کی گواہی بغیر مرد کے جائز نہیں۔ (قاضی خاں) ابن حزم ظاہری کے نزدیک جائز ہے۔ دونوں گواہوں کا عاقدین کا کلام بیک وقت سننا شرط ہے۔ چنانچہ اگر ایک گواہ نے ایجاب وقبول سنا پھر دوسرے گواہ کو سنایا یا کسی اور نے دوسرے گواہ کو چلا کر سنایا تو جائز نہیں۔ ہکلے اور گونگے کی گواہی بشرطیکہ سنتا ہو جائز ہے۔ سوتے ہوئے اور بالکل بہرے کی گواہی جائز نہیں۔ گواہوں کا سننے کے ساتھ سمجھنا بھی شرط ہے۔ یہی صحیح ہے۔ نشہ کی حالت میں گواہی بشرطیکہ سمجھیں جائز ہے اگر چہ ہوش کے بعد یاد نہ ہو۔ اگر اللہ اور رسول کی گواہی پر نکاح کیا تو جائز نہیں۔ کسی عورت نے فلاں مرد کے نکاح میں اپنے آپ کو دیا یا ولی یا فضولی نے نکاح کیا اور فلاں مرد غائب ہے، اس کی طرف سے کسی فضولی نے نکاح قبول کیا اور گواہوں نے سنا، پھر اس مرد کو خبر پہنچی اور اس نے اجازت دی حالانکہ اس وقت گواہ نہیں ہیں تو جائز ہے۔

الحاصل...... گواہوں کا ایجاب وقبول کے وقت حاضر ہونا شرط ہے۔ اور اگر ایجاب وقبول کے وقت گواہ نہ تھے۔ پھر جب مرد نے اجازت دی اس وقت گواہ حاضر ہیں تو عقد جائز نہ ہوگا۔ (البدائع) نکاح میں خیار شرط، خیار رؤیت، خیار عیب کسی کے واسطے ثابت نہیں ہوتا بلکہ نکاح جائز اور شرط باطل ہے۔ اسی طرح اگر خوبصورت ہونا یا باکرہ ہونا یا تندرست ہونا مشروط کیا گیا تو نکاح جائز اور کوئی شرط ثابت نہیں ہوگی۔ واللہ اعلم

# فَصْلٌ فِیْ بَیَانِ الْمُحَرَّمَاتِ

ترجمہ...... ان عورتوں کے بیان میں جو حرام کی گئی ہیں

## محرمات کا بیان

## ماں، دادی، نانی، سے نکاح حرام ہے

قَالَ لَا یَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ یَّتَزَوَّجَ بِاُمِّهٖ وَلَا جَدَّاتِهٖ مِنْ قِبَلِ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی حُرِّمَتْ عَلَیْکُمْ اُمَّهٰتُکُمْ وَبَنَاتُکُمْ وَالْجَدَّاتُ اُمَّهَاتٌ اِذِ الْاُمُّ هُوَالْاَصْلُ لُغَةً اَوْ ثَبَتَتْ حُرْمَتُهُنَّ بِالْاِجْمَاعِ

---

ترجمہ...... کہا کہ کسی مرد کے لئے حلال نہیں کہ وہ نکاح کرے اپنی ماں کے ساتھ اور نہ اپنی جدات کے ساتھ مردوں اور عورتوں کی جانب

سے (دادیوں اور نانیوں سے) باری تعالیٰ کے ارشاد کی وجہ سے کہ حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور جدات بھی مائیں ہیں۔ اس لئے کہ ام لغت میں اصل کو کہتے ہیں یا ان کی حرمت اجماع سے ثابت ہے۔

تشریح ...... وہ عورتیں جن سے نکاح حرام ہے دو قسم کی ہیں۔ ایک وہ جن سے کبھی نکاح جائز نہیں ہے۔ ہمیشہ حرام رہیں گی۔ مثلاً ماں، بہن وغیرہ دوم وہ جو بالفعل حرام ہیں۔ کبھی حلال بھی ہو سکتی ہیں۔ جیسے غیر کی منکوحہ یا معتدہ وغیرہ۔ پھر محرمہ ہونے کے سات اسباب ہیں:

۱-قرابت خاصہ، ۲-نکاحی رشتہ، ۳-رضاعت، ۴-جمع کرنا، ۵-مالک ہونا، ۶-کفر، ۷-آزاد پر باندی کو نکاح میں لانا۔

کتاب میں اسی ترتیب سے بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا کہ ماں جس کے پیٹ سے پیدا ہوا اس سے نکاح حلال نہیں، اسی طرح دادی اور دادی کی ماں، نانی اور نانی کی ماں وغیرہ سے نکاح حلال نہیں ہے۔ دلیل میں قرآن پاک کی آیت کو پیش کیا ہے۔ لیکن اس پر اشکال ہوگا کہ آیت میں امہات کی حرمت کو بیان کیا گیا ہے نہ کہ دادی، اور نانی کی۔ پس ان کی حرمت کیسے ثابت ہوگی۔ جواب دیا کہ قرآن میں لفظ ام استعمال کیا گیا ہے، اور لغت میں ام کے معنی اصل اور جڑ کے ہیں تو اب مطلب یہ ہوگا کہ اصول کو حرام کیا گیا ہے۔ اور اصول میں دادیاں اور نانیاں بھی داخل ہیں۔ دوسرا جواب یہ دیا کہ ماؤں کی حرمت تو کتاب اللہ سے ثابت ہے اور جدات کی حرمت اجماع سے ثابت ہے۔ اب کوئی اشکال باقی نہیں رہے گا۔

## بیٹی، پوتی، نواسی، بہن، بھانجی، بھتیجی، پھوپھی، اور خالہ سے نکاح حرام ہے

قَالَ وَلَا بِبِنْتِهٖ لِمَا تَلَوْنَا وَلَا بِبَنَاتِ وَلَدِهٖ وَاِنْ سَفِلَتْ لِلْاِجْمَاعِ وَلَا بِاُخْتِهٖ وَلَا بِبَنَاتِ اُخْتِهٖ وَلَا بِبَنَاتِ اَخِيْهِ وَلَا بِعَمَّتِهٖ وَلَا بِخَالَتِهٖ لِاَنَّ حُرْمَتَهُنَّ مَنْصُوْصٌ عَلَيْهَا فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَ تَدْخُلُ فِيْهَا الْعَمَّاتُ الْمُتَفَرِّقَاتُ وَ الْخَالَاتُ الْمُتَفَرِّقَاتُ وَ بَنَاتُ الْاِخْوَةِ الْمُتَفَرِّقِيْنَ لِاَنَّ جِهَةَ الْاِسْمِ عَامَّةٌ

---

ترجمہ ...... اور نہ اپنی بیٹی سے اس آیت کی وجہ سے جو ہم نے تلاوت کی ہے اور نہ اپنی اولاد کی بیٹی سے اگر چہ کتنے ہی نیچے درجہ پر ہو اجماع کی وجہ سے اور نہ اپنی بہن کے ساتھ نہ بھانجیوں کے ساتھ اور نہ اپنی بھتیجیوں کے ساتھ اور نہ اپنی پھوپھی کے ساتھ اور نہ اپنی خالہ کے ساتھ اس لئے کہ ان سب کی حرمت منصوص علیہا ہے اس آیت میں اور داخل ہو جائیں گی اس حکم میں متفرق قسم کی پھوپیاں اور متفرق قسم کی خالائیں اور متفرق بھائیوں کی بیٹیاں اس لئے کہ لفظ عام ہے۔

تشریح ...... بیٹی جو اس کے نطفہ سے پیدا ہوئی وہ بھی اسی مذکورہ آیت کی وجہ سے حرام ہے اسی طرح بیٹوں کی بیٹیاں یعنی پوتیاں اور بیٹیوں کی بیٹیاں یعنی نواسیاں بھی قطعاً حرام ہیں۔ ان کی حرمت اجماع سے ثابت ہے۔ اسی طرح بہن، بھانجیاں، بھتیجیاں، پھوپھی، خالہ سب حرام ہیں، ان کی حرمت اسی مذکورہ آیت میں بیان کی گئی ہے۔ آیت حرمت علیکم امھاتکم و بنٰتکم و اخواتکم و عمّٰتکم و خٰلتکم و بنات الاخ و بنات الاخت ترجمہ ...... حرام ہوئی ہیں تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھائی کی بیٹیاں اور بہن کی بیٹیاں آیت میں مطلقاً پھوپھی، خالہ اور بنات الاخ کا ذکر ہے لہٰذا حقیقی، علاتی، اخیافی سب کو یہ حکم شامل ہوگا۔ کیونکہ لفظ عمہ لفظ خالہ وغیرہ سب کو عام ہے۔

## ساس سے نکاح حرام ہے، ربیبہ سے جبکہ اس کی ماں کے ساتھ دخول کر لیا ہو نکاح حرام ہے

قَالَ وَلَا بِاُمِّ اِمْرَاَتِهِ الَّتِيْ دَخَلَ بِابْنَتِهَا اَوْ لَمْ يَدْخُلْ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَ اُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ مِنْ غَيْرِ قَيْدِ الدُّخُوْلِ وَلَا بِبِنْتِ امْرَاَتِهِ الَّتِيْ دَخَلَ بِهَا لِثُبُوْتِ قَيْدِ الدُّخُوْلِ بِالنَّصِّ سَوَاءٌ كَانَتْ فِيْ حِجْرِهٖ اَوْ فِيْ حِجْرِ غَيْرِهٖ لِاَنَّ ذِكْرَ

**الْحِجْرِ خَرَجَ مَخْرَجَ الْعَادَةِ لَامَخْرَجَ الشَّرْطِ وَلِهٰذَا اكْتُفِيَ فِيْ مَوْضِعِ الْإِحْلَالِ بِنَفْيِ الدُّخُوْلِ**

ترجمہ...... ماتن نے کہا کہ اور نہ (حلال) ہے اپنی بیوی کی ماں کے ساتھ خواہ اس کی بیٹی کے ساتھ دخول کیا ہو یا نہ کیا ہو باری تعالیٰ کے قول و امھات نسائکم کی وجہ سے بغیر قید دخول کے۔ اور نہ (حلال ہے) اپنی ایسی بیوی کی بیٹی کے ساتھ، جس کے ساتھ دخول کرلیا ہو قید دخول کے ثابت ہونے کی وجہ سے نص سے، برابر ہے کہ وہ بیٹی اس کی پرورش میں ہو یا اس کے غیر کی۔ اس لئے کہ پرورش کا ذکر عادت کے طور پر کیا گیا ہے شرط کے طور پر نہیں۔ اسی وجہ سے حلال کرنے کے موقع پر دخول کی نفی پر اکتفا کیا ہے۔

تشریح...... اس عبارت میں ساس کی حرمت کو بیان کیا ہے، بیوی کے ساتھ دخول کیا ہو یا نہ کیا ہو دونوں صورتوں میں ساس کے ساتھ نکاح حرام ہے۔ دلیل یہ ہے کہ قرآن میں ساس کی حرمت کو قید دخول سے مطلق رکھا گیا ہے۔ لہٰذا یہ حکم اپنے اطلاق پر باقی رہے گا۔

دوسرا مسئلہ یہ ذکر کیا ہے کہ اگر ایسی عورت کے ساتھ نکاح کیا جو پہلے شوہر سے ایک لڑکی لے کر آئی ہے۔ ایسی لڑکی کو ربیبہ کہتے ہیں۔ اس ربیبہ کے ساتھ جواز نکاح میں یہ تفصیل ہے کہ اگر بیوی کے ساتھ دخول کرلیا تو ربیبہ کے ساتھ نکاح حلال نہیں۔ اور اگر دخول نہیں کیا تو حلال ہے، دلیل یہ کہ کلام پاک میں قید دخول موجود ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے

**و ربائبکم التی فی حجورکم من نسائکم التی دخلتم بھن فَاِنْ لم تکونوا دخلتم بھن فلا جناح علیکم**

اور ان کی بیٹیاں جو تمہاری پرورش میں ہیں جن کو جنا ہے تمہاری ان عورتوں نے جن سے تم نے صحبت کی ہے اور اگر تم نے ان سے صحبت نہیں کی تو تم پر کچھ گناہ نہیں اس نکاح میں۔

صاحب ہدایہ نے ایک اشکال کا جواب دیا ہے۔ اشکال یہ ہے کہ کلام پاک میں قید دخول موجود ہے۔ اسی طرح حجو ر بمعنی گود اور پرورش کی قید بھی موجود ہے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ ربیبہ اگر تمہاری پرورش میں ہے۔ تب تو نکاح حرام ہے اور اگر شوہر ثانی کے علاوہ کسی اور کی پرورش میں ہے تو نکاح حلال ہونا چاہئے۔ حالانکہ حکم اس کے خلاف ہے۔ جواب: آیت میں حجور کی قید، قید اتفاقی ہے اور قید عادی ہے، قید احترازی نہیں۔ یعنی عام عادت یہی ہے کہ اس قسم کے بچوں کی پرورش شوہر ثانی ہی کرتا ہے۔ اور ماں اپنے چھوٹے بچوں کو ساتھ ہی لے کر آتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب قرآن نے جواز نکاح کو بیان فرمایا تو صرف قید دخول کی نفی پر اکتفاء کیا۔ حجور کی نفی ذکر نہیں کی اگر یہ قید ملحوظ ہوتی تو جواز کے موقع پر اس کی بھی نفی کی جاتی۔

## سوتیلی ماں، دادا و نانا کی منکوحہ، بہو سے نکاح حرام ہے

**قَالَ وَلَا بِامْرَاَةِ اَبِيْهِ وَاَجْدَادِهِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ اٰبَاؤُكُمْ وَلَا بِامْرَاَةِ اِبْنِهٖ وَ بَنِيْ اَوْلَادِهٖ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ وَ ذِكْرُ الْاَصْلَابِ لِاِسْقَاطِ اِعْتِبَارِ التَّبَنِّيْ لَا لِاِحْلَالِ حَلِيْلَةِ الْاِبْنِ مِنَ الرَّضَاعَةِ**

ترجمہ...... اور نہ (حلال ہے) اپنے باپ کی بیوی اور اجداد کی بیوی کے ساتھ باری تعالیٰ کے قول کی وجہ سے نہ نکاح کرو ان عورتوں سے جن سے تمہارے آباء نے نکاح کیا اور نہ اپنے بیٹے کی بیوی اور نہ اپنی اولاد کے بیٹوں کی بیوی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے قول کی وجہ سے اور عورتیں تمہارے بیٹوں کی جو تمہاری پشت سے ہیں (حرام کی گئیں) اور اصلاب کا ذکر متبنّٰی کے اعتبار کو ساقط کرنے کے لئے ہے نہ کہ رضاعی بیٹے کی بیوی کو حلال کرنے کے لئے۔

تشریح...... اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ باپ، دادا اور نانا کی منکوحہ سے بھی نکاح حلال نہیں۔ دلیل میں آیت پیش کی گئی ہے۔ اسی طرح بیٹے

اور پوتے کی بیوی سے بھی نکاح جائز نہیں۔ یہاں بھی دلیل میں آیت مذکور ہے۔ لیکن اس پر اشکال ہوگا کہ آیت میں اصلاب کی قید سے معلوم ہوتا ہے کہ رضاعی بیٹے کی بیوی سے نکاح حلال ہے، حالانکہ ایسا نہیں۔ صاحب ہدایہ نے جواب میں فرمایا کہ اصلاب کی قید متبنّٰی یعنی منہ بولے بیٹے کے اعتبار کو ساقط کرنے کے لئے ہے۔ رضاعی بیٹے کی بیوی کو حلال کرنے کے لئے نہیں۔ خلاصہ یہ کہ جن بیٹوں کی بیوی تمہارے لئے حرام ہے وہ تمہاری پشت سے ہوں۔ اور جو تمہاری پشت سے نہیں ہیں وہ دو طرح کے ہیں۔ ایک رضاعی دوم متبنّٰی (منہ بولا بیٹا) لیکن حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رضاعی بیٹا بمنزلہ نسبی کے ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اصلاب کی قید سے صرف متبنّٰی کو خارج کیا گیا ہے۔ لہٰذا متبنّٰی کی بیوی حلال ہے۔

## رضاعی ماں، رضاعی بہن سے نکاح حرام ہے

**وَلَا بِاُمِّهٖ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَلَا بِاُخْتِهٖ مِنَ الرَّضَاعَةِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی وَ اُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِیْ اَرْضَعْنَكُمْ وَ اَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامِ يَحْرُمُ مِنَ الرِّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ**

---

ترجمہ...... اور حلال نہیں نکاح اپنی رضاعی ماں اور رضاعی بہن کے ساتھ۔ باری تعالیٰ کے قول کی وجہ سے، اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے اور تمہاری رضاعی بہن اور حضور ﷺ کے فرمان کی وجہ سے یعنی رضاعت کی وجہ سے حرام ہے جو نسب کی وجہ سے حرام ہے۔

تشریح...... مصنفؒ نے اس عبارت میں محرمات رضاعی کو بیان فرمایا ہے کہ رضاعی ماں جس نے ایک قطرہ بھی دودھ پلایا ہے۔ اور رضاعی بہن سے نکاح حرام ہے۔ دلیل میں قرآن پاک کی آیت اور حدیث پیش کی ہے۔

## دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا اور دو باندیوں کو جو کہ بہنیں ہیں وطیاً جمع کرنا حرام ہے

**وَلَا يَجْمَعُ بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ نِكَاحًا وَلَا بِمِلْكِ يَمِيْنٍ وَطْيًا لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی وَ اَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ وَ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَجْمَعَنَّ مَاءَهٗ فِیْ رِحْمِ اُخْتَيْنِ**

---

ترجمہ...... اور حلال نہیں دو بہنوں کا جمع کرنا از راہ نکاح کے اور نہ ملک رقبہ کے ساتھ از راہ وطی کے باری تعالیٰ کے قول "و ان تجمعوا بین الاختین" کی وجہ سے اور حضور ﷺ کے قول کی وجہ سے جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھے نہ جمع کرے اپنا پانی دو بہنوں کے رحم میں۔

تشریح...... دو بہنوں کا جمع کرنا دو طرح پر ہے۔ اول یہ کہ دو بہنوں سے ایک ساتھ یا آگے پیچھے نکاح کر لے۔ پس یہ نکاح ہی درست نہیں۔ اگر دونوں سے ایک ساتھ نکاح ہوا عقد واحد میں تو دونوں کا نکاح باطل ہے اور اگر آگے پیچھے ہوا تو اول کا صحیح دوم کا نکاح باطل ہے دوسری صورت یہ ہے کہ ملک میں جو دو باندیاں ہیں دونوں بہنیں ہیں۔ پس دونوں کو ملک میں جمع کرنا تو جائز ہے مگر دونوں سے وطی کرنا جائز نہیں۔ حاصل یہ ہوا کہ دو بہنوں کا از راہ نکاح جمع کرنا جائز نہیں اور دو بہنوں کا ملک میں جمع کرنا از راہِ وطی جائز نہیں۔ البتہ دونوں کا مالک ہو سکتا ہے۔

دلیل...... باری تعالیٰ کا قول ان تجمعوا یعنی تم پر حرام کیا گیا دو بہنوں کا جمع کرنا نکاح میں۔ دوم حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنا پانی دو بہنوں کے رحم میں ہرگز جمع نہ کرے حدیث فیروز دیلمی میں ہے کہ میں حضور ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا میں اسلام لایا اور میرے تحت میں دو بہنیں ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تو دونوں میں سے ایک کو پسند کر لے۔

## موطوءۃ باندی کی بہن سے نکاح جائز ہے

**فَاِنْ تَزَوَّجَ اُخْتَ اَمَةٍ لَهٗ قَدْ وَطِيَهَا صَحَّ النِّكَاحُ لِصُدُوْرِهٖ مِنْ اَهْلِهٖ مُضَافًا اِلٰی مَحَلِّهٖ وَ اِذَا جَازَ لَا يَطَأُ الْاَمَةَ وَ**

اِنْ كَانَ لَمْ يَطَأِ الْمَنْكُوْحَةَ لِاَنَّ الْمَنْكُوْحَةَ مَوْطُوْءَةٌ حُكْمًا وَلَا يَطَأُ الْمَنْكُوْحَةَ لِلْجَمْعِ اِلَّا اِذَا حَرَّمَ الْمَوْطُوْءَةَ عَلٰى نَفْسِهٖ بِسَبَبٍ مِنَ الْاَسْبَابِ فَحِيْنَئِذٍ يَطَأُ الْمَنْكُوْحَةَ لِعَدَمِ الْجَمْعِ وَطْيًا وَيَطَأُ الْمَنْكُوْحَةَ اِنْ لَمْ يَكُنْ وَطِیَ الْمَمْلُوْكَةَ لِعَدَمِ الْجَمْعِ وَطْيًا اِذِ الْمَرْقُوْقَةُ لَيْسَتْ مَوْطُوْءَةً حُكْمًا.

ترجمہ...... پس اگر نکاح کیا اپنی ایسی باندی کی بہن سے جس سے وطی کر چکا تو نکاح صحیح ہے۔ نکاح کے صادر ہونے کی وجہ سے اس کے اہل سے منسوب ہے اس کے محل کی طرف اور جب نکاح جائز ہو گیا تو باندی سے وطی نہ کرے اگرچہ منکوحہ سے وطی نہیں کی۔ اس لئے کہ منکوحہ موطؤہ ہے حکماً اور منکوحہ سے وطی نہ کرے جمع کی وجہ سے مگر جبکہ موطؤہ کو اپنے اوپر حرام کر لے۔ اسباب میں سے کسی سبب سے پس اس وقت منکوحہ سے وطی کر سکتا ہے از راہ وطی جمع نہ ہونے کی وجہ سے اور منکوحہ سے وطی کر سکتا ہے اگر مملوکہ سے وطی نہیں کی تھی از راہ وطی جمع نہ ہونے کی وجہ سے اس لئے کہ مملوکہ باندی حکماً موطؤہ نہیں ہے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص کی موطوءہ باندی ہے۔ اس باندی کی بہن کسی دوسرے کی مملوکہ ہے۔ اس شخص نے اس کی اجازت سے نکاح کر لیا تو یہ نکاح جائز ہے۔ دلیل یہ ہے کہ یہ نکاح ایسے عاقد سے صادر ہوا جو نکاح کی لیاقت رکھتا ہے اور منسوب ہے محل نکاح کی طرف اس واسطے نکاح منعقد ہو گیا۔ جواز نکاح کے بعد اپنی باندی سے بھی وطی نہیں کر سکتا اگرچہ منکوحہ سے وطی نہیں کی کیونکہ منکوحہ حکم میں موطوءہ کے ہے۔ اسی طرح منکوحہ سے بھی وطی نہ کرے، کیونکہ ان دونوں صورتوں میں وطیاً جمع کرنا لازم آئے گا البتہ اگر موطوءہ کو اپنے اوپر کسی سبب سے حرام کر لیا مثلاً فروخت کر دیا یا ہبہ مع التسلیم کر دیا تو اب منکوحہ سے وطی کر سکتا ہے۔ اس لئے کہ اب دو بہنوں کو وطیاً جمع کرنا لازم نہیں آئے گا۔ اور اگر مملوکہ سے مطلقاً وطی کی ہی نہیں تو منکوحہ سے وطی کر سکتا ہے۔ کیونکہ مملوکہ نہ حقیقۃً موطوءہ ہے نہ حکماً۔ لہٰذا اس صورت میں جمع بین الاختین وطیاً کی خرابی لازم نہیں آئے گی۔ واللہ اعلم

## دو بہنوں سے دو عقدوں میں نکاح کیا اور پہلی معلوم نہیں تو شوہر اور دونوں بہنوں کے درمیان تفریق کر دی جائے گی

فَاِنْ تَزَوَّجَ اُخْتَيْنِ فِيْ عَقْدَتَيْنِ وَلَا يَدْرِيْ اَيَّتُهُمَا اُوْلٰى فُرِّقَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهُمَا لِاَنَّ نِكَاحَ اِحْدٰهُمَا بَاطِلٌ بِيَقِيْنٍ وَلَا وَجْهَ اِلَى التَّعْيِيْنِ لِعَدَمِ الْاَوْلَوِيَّةِ وَلَا اِلَى التَّنْفِيْذِ مَعَ التَّجْهِيْلِ لِعَدَمِ الْفَائِدَةِ اَوْ لِلضَّرَرِ فَتَعَيَّنَ التَّفْرِيْقُ وَلَهُمَا نِصْفُ الْمَهْرِ لِاَنَّهٗ وَجَبَ لِلْاُوْلٰى مِنْهُمَا وَانْعَدَمَتِ الْاَوْلَوِيَّةُ لِلْجَهْلِ بِالْاَوْلَوِيَّةِ فَيَنْصَرِفُ اِلَيْهِمَا وَقِيْلَ لَابُدَّ مِنْ دَعْوٰى كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا اَنَّهَا الْاُوْلٰى اَوِ الْاِصْطِلَاحُ لِجَهَالَةِ الْمُسْتَحِقَّةِ

ترجمہ...... پس اگر دو بہنوں سے دو عقدوں میں نکاح کیا اور یہ معلوم نہیں کہ پہلی کون ہے تو تفریق کی جائے گی مرد اور دونوں بہنوں کے درمیان اس لئے کہ ان دونوں میں سے ایک کا نکاح یقینی طور پر باطل ہے اور کوئی وجہ نہیں ایک کو متعین کرنے کی عدم اولویت کی وجہ سے اور کوئی وجہ نہیں جہالت کے ساتھ نافذ کرنے کی فائدہ نہ ہونے کی وجہ سے یا ضرر کی وجہ سے پس تفریق متعین ہو گئی اور ان دونوں کے لئے نصف مہر واجب ہو گا۔ اس لئے کہ نصف مہر واجب ہوا ان دونوں میں سے پہلی کے لئے اور اولویت معدوم ہو گئی اولیت کے مجہول ہونے کی وجہ سے پس وہ نصف مہر دونوں کی طرف پھرے گا اور کہا گیا کہ ان دونوں میں ہر ایک کا دعویٰ کرنا ضروری ہے کہ وہ پہلی ہے یا دونوں صلح کر لیں کیونکہ استحقاق والی معلوم نہیں۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ دو بہنوں سے دو عقدوں میں نکاح ہوا اور یہ معلوم نہیں کہ کس سے پہلے اور کس سے بعد میں ہوا تو ایسی صورت

میں قاضی شوہر اور دونوں بہنوں کے درمیان تفریق کردیگا اور یہ تفریق طلاق بائن ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ایک کا نکاح یقینی طور پر جائز اور ایک کا یقینی طور پر باطل ہے۔ اب دو ہی صورتیں ہیں، ایک یہ کہ ایک نکاح کو معین طور پر نافذ کردیا جائے اور ایک کو باطل، دوم یہ کہ جہالت کے ساتھ دونوں کے نکاح کو نافذ کردیا جائے لیکن یہ دونوں صورتیں ممکن نہیں، اول تو اس لئے کہ ایسا کرنے میں ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی، دوسری صورت اس لئے ممکن نہیں کہ اولاً ایسا کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔ اس لئے کہ نکاح کا مقصود وطی کا حلال ہونا اور تناسل ہے۔ اور اس صورت میں یہ مقصود حاصل نہیں ہوسکتا، دوسری بات یہ کہ دونوں عورتوں کا اس میں ضرر ہے، کیونکہ دونوں کو ایک نفقہ پر اکتفا کرنا پڑے گا اور دونوں محبوس ہو کر رہ جائیں گی دوسرے سے نکاح بھی نہیں کرسکتی ہیں۔ ان دونوں بہنوں کا مہر اگر برابر تھا اور تفریق قبل الدخول ہے تو دونوں کو نصف مہر دیا جائے گا، دونوں آدھا آدھا تقسیم کرلیں گی۔ چنانچہ ہر ایک کے حصہ میں ربع ربع آئے گا، دلیل یہ ہے کہ نصف مہر ان دونوں میں سے اس کے لئے واجب ہوگا جو ان میں سے پہلی ہے، اور یہ معلوم نہیں کہ پہلی کون ہے لہٰذا عدم اولویت کی وجہ سے کسی ایک کو ترجیح نہیں ہوگی۔ پس نصف مہر دونوں کو دلایا جائے گا، بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ دونوں میں سے ہر ایک دعویٰ کرے کہ میں پہلی ہوں تاکہ مدعیہ کو اس کے دعویٰ کی بنا پر دیدیا جائے، یا دونوں باہم صلح کرلیں کہ نصف میں دونوں شریک ہیں کیونکہ اصل مستحقہ کا علم نہیں ہے۔

## عورت اور اس کی پھوپھی یا خالہ یا بھتیجی یا بھانجی کو جمع نہیں کیا جائے گا

**وَلَا يَجْمَعُ بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَعَمَّتِهَا اَوْخَالَتِهَا اَوْ اِبْنَةِ اَخِيهَا اَوْ اِبْنَةِ اُخْتِهَا لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامِ لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا وَلَا عَلٰى خَالَتِهَا وَلَا عَلٰى اِبْنَةِ اَخِيهَا وَلَا عَلٰى اِبْنَةِ اُخْتِهَا وَ هٰذَا مَشْهُوْرٌ يَجُوْزُ الزِّيَادَةُ عَلَى الْكِتَابِ بِمِثْلِهٖ**

---

ترجمہ...... اور نہ جمع کرے عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ یا اس کی بھتیجی یا اس کی بھانجی کے درمیان قول رسول اللہ ﷺ کی وجہ سے نکاح نہ کیا جائے عورت سے اس کی پھوپھی پر اور نہ اس کی خالہ پر اور نہ اس کی بھتیجی پر اور نہ اس کی بھانجی پر اور یہ حدیث مشہور ہے اس جیسی حدیث سے کتاب اللہ پر زیادتی جائز ہے۔

تشریح...... اس عبارت میں مصنفؒ نے نکاح میں جمع کے حرام ہونے کی چند صورتیں بیان فرمائی ہیں، مثلاً عورت اور اس کی پھوپھی کو جمع کرنا حرام ہے، اسی طرح عورت اور اس کی خالہ کو عورت اور اس کی بھتیجی کو، عورت اور اس کی بھانجی کو جمع کرنا حرام ہے، دلیل میں صاحب ہدایہ نے حضور ﷺ کا ارشاد نقل فرمایا ہے، ملاحظہ کرلیا جائے لیکن اس پر ایک اشکال ہوگا، وہ یہ کہ قرآن پاک میں تمام محرمات کو بیان فرما کر ''احل لکم ما وراء ذٰلکم'' ذکر کیا گیا ہے، اور قرآن محرمات کے بیان میں ان عورتوں کا تذکرہ نہیں کرتا، لہٰذا یہ تمام صورتیں جائز ہونی چاہئیں۔

جواب...... یہ حدیث جو جمع کی حرمت پر پیش کی گئی ہے حدیث مشہور ہے اور حدیث مشہور سے کتاب اللہ پر زیادتی کی جاسکتی ہے۔

## ایسی دو عورتوں کو جمع کرنا کہ اگر ان میں سے ایک کو مرد فرض کرلیا جائے تو ان کا آپس میں نکاح درست نہ ہونا جائز ہے

**وَلَا يَجْمَعُ بَيْنَ اِمْرَاَتَيْنِ لَوْ كَانَتْ اِحْدٰهُمَا رَجُلًا لَمْ يَجُزْ لَهٗ اَنْ يَّتَزَوَّجَ بِالْاُخْرٰى لِاَنَّ الْجَمْعَ بَيْنَهُمَا يُفْضِىْ اِلَى الْقَطِيْعَةِ وَالْقَرَابَةُ الْمُحَرِّمَةُ لِلنِّكَاحِ مُحَرِّمَةٌ لِلْقَطْعِ وَلَوْ كَانَتِ الْمَحْرِمِيَّةُ بَيْنَهُمَا بِسَبَبِ الرِّضَاعِ تَحْرُمُ لِمَا رَوَيْنَا مِنْ قَبْلُ.**

---

ترجمہ...... اور نہ جمع کرے ایسی دو عورتوں کو کہ اگر ان دونوں میں سے ایک عورت مرد ہوتی تو جائز نہ ہوتا یہ کہ دوسری سے نکاح کرے، اس لئے کہ

ان دونوں کے درمیان جمع کرنا پہنچا دے گا قطع رحم تک اور جو قرابت حرام کرنے والی ہے نکاح کو وہی حرام کرنے والی ہے قطع رحم کو اور اگر محرمیت ان دونوں کے درمیان رضاعت کی وجہ سے ہے تب بھی جمع کرنا حرام ہے اس حدیث کی وجہ سے جو ہم نے پہلے روایت کی ہے۔

تشریح...... صاحب کتابؒ نے جمع بین المرأتین کی حرمت کے سلسلہ میں ضابطہ بیان فرمایا ہے، ضابطہ یہ ہے کہ جن دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا ہے ان میں سے ہر ایک کو مذکر فرض کر کے دیکھا جائے کہ ان دونوں کا نکاح آپس میں شرعاً درست ہے یا نہیں، اگر درست ہے تو دونوں کو جمع کر سکتے ہیں اور اگر آپس میں نکاح درست نہیں تو ایسی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا بھی درست نہیں، مثلاً لڑکی اور اس کی پھوپھی کو جمع کرنا حرام ہے کیونکہ اگر لڑکی کو مذکر فرض کیا جائے تو ان میں پھوپھی بھتیجے کا رشتہ ہوگا اور اگر پھوپھی کو مذکر فرض کیا جائے تو چچا بھتیجی کا رشتہ ہوگا اور ان دونوں صورتوں میں آپس میں نکاح ناجائز ہے، لہٰذا ان دونوں کا نکاح میں جمع کرنا بھی ناجائز ہے اسی پر دوسری صورتوں کو بھی قیاس کر لیا جائے۔ دلیل یہ ہے کہ ایسی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا قطع رحم کا سبب ہوگا، بایں طور کہ نکاح کے بعد یہ دونوں آپس میں سوتنیں ہوں گی اور سوتنوں میں عداوت اور دشمنی بالعموم ہوتی ہے، اور قطع رحمی حرام ہے، لہٰذا جو حرام کا سبب ہے وہ بھی حرام ہوگا۔ پس ایسی دو عورتوں کو جمع کرنا بھی حرام ہے، اسی کو صاحب ہدایہؒ نے فرمایا کہ جو قرابت نکاح کو حرام کرنے والی ہے وہی قطع رحم کو حرام کرنے والی ہے، جن صورتوں میں نسبی قرابت کی وجہ سے جمع بین المرأتین حرام ہے، ان صورتوں میں رضاعت کی وجہ سے بھی جمع بین المرأتین حرام ہے، دلیل وہی حدیث ہے جو ماقبل میں گذر چکی یعنی یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب۔

## عورت اور اس کے سابق شوہر کی بیٹی کو جمع کرنا جائز ہے

**وَلَا بَاْسَ بِاَنْ يَجْمَعَ بَيْنَ امْرَأَةٍ وَ بِنْتِ زَوْجٍ كَانَ لَهَا مِنْ قَبْلُ لِاَنَّهُ لَا قَرَابَةَ بَيْنَهُمَا وَلَا رِضَاعَ وَ قَالَ زُفَرُ لَا يَجُوْزُ لِاَنَّ اِبْنَةَ الزَّوْجِ لَوْ قُدِّرَتْهَا ذَكَرًا لَا يَجُوْزُ لَهُ التَّزَوُّجُ بِامْرَأَةِ اَبِيْهِ قُلْنَا امْرَأَةُ الْاَبِ لَوْصُوِّرَتْهَا ذَكَرًا جَازَلَهُ التَّزَوُّجُ بِهٰذِهٖ وَالشَّرْطُ اَنْ يَّصَوَّرَ ذٰلِكَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ.**

---

ترجمہ......اور کوئی مضائقہ نہیں یہ کہ جمع کرے عورت اور اس کے سابق شوہر کی بیٹی کو (جو دوسری بیوی سے ہے) کیونکہ ان دونوں کے درمیان نہ قرابت ہے اور نہ رضاعت۔ امام زفرؒ نے فرمایا کہ جائز نہیں، اس لئے کہ شوہر کی بیٹی کو اگر مرد فرض کر لے تو اس کے لئے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح جائز نہیں۔ ہم جواب دیں گے کہ اگر باپ کی بیوی کو مرد فرض کر لے تو اس کے لئے اس لڑکی کے ساتھ نکاح جائز ہے، اور شرط یہ ہے کہ اس عدم جواز کو ہر جانب سے فرض کیا جائے۔

تشریح...... یہ مسئلہ ماقبل کے اصول پر متفرع ہے، مسئلہ یہ ہے کہ عورت اور اس کے سابق شوہر کی پہلی بیوی سے جو بیٹی ہے ان کو نکاح میں جمع کیا جاسکتا ہے، مثلاً ہندہ نے زید سے نکاح کیا اور زید کی ایک بیٹی زینب زید کی پہلی بیوی فاطمہ سے ہے، پھر زید نے ہندہ کو طلاق بائن دیدی، اب اگر خالد نے زید کی بیٹی زینب اور ہندہ سے نکاح کر کے جمع کیا تو کوئی مضائقہ نہیں، اس لئے کہ ہندہ اور زینب کے درمیان نہ قرابت ہے اور نہ رضاعت، حضرت امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ جائز نہیں، عدم جواز کی وجہ یہ ہے کہ زوج یعنی زید کی بیٹی زینب کو اگر لڑکا فرض کر لیا جائے تو ان کا آپس میں نکاح جائز نہیں، کیونکہ ہندہ اس کے باپ کی منکوحہ ہے اور باپ کی منکوحہ سے نکاح جائز نہیں ہوتا، لہٰذا جمع کرنا بھی جائز نہیں، لیکن ہماری طرف سے جواب یہ ہوگا کہ باپ کی بیوی کو اگر مرد فرض کیا جائے تو ان کا آپس میں نکاح جائز ہے، اس لئے کہ وہ لڑکی رجل اجنبی کی بیٹی ہوگی، اور جمع بین المرأتین کے حرام ہونے کی شرط یہ ہے کہ دونوں جانب سے مرد فرض کرنے کی صورت میں آپس میں نکاح حرام ہو، حالانکہ یہاں ایسا نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## زانیہ کی ماں اور بیٹی زانی پر حرام ہیں، امام شافعیؒ کا نقطہ نظر

**وَ مَنْ زَنٰی بِامْرَأَةٍ حَرُمَتْ عَلَيْهِ أُمُّهَا وَبِنْتُهَا وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ الزِّنَاءُ لَا يُوْجِبُ حُرْمَةَ الْمُصَاهَرَةِ لِأَنَّهَا نِعْمَةٌ فَلَا تَنَالُ بِالْمَحْظُوْرِ وَلَنَا اَنَّ الْوَطْیَ سَبَبُ الْجُزْئِيَّةِ بِوَاسِطَةِ الْوَلَدِ حَتّٰی يُضَافُ اِلٰی كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا كَمَلًا فَيَصِيْرُ اُصُوْلُهَا وَ فُرُوْعُهَا كَاُصُوْلِهٖ وَ فُرُوْعِهٖ وَ كَذٰلِكَ عَلَی الْعَكْسِ وَالْاِسْتِمْتَاعُ بِالْجُزْءِ حَرَامٌ اِلَّا فِيْ مَوْضِعِ الضُّرُوْرَةِ وَ هِيَ الْمَوْطُوْءَةُ وَالْوَطْیُ مُحَرِّمٌ مِنْ حَيْثُ اَنَّهٗ سَبَبُ الْوَلَدِ لَا مِنْ حَيْثُ اَنَّهٗ زِنَاءٌ.**

---

ترجمہ..... جس شخص نے کسی عورت کے ساتھ زنا کیا تو زانی پر زانیہ کی ماں اور اس کی بیٹی حرام ہو گئیں اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ زنا حرمت مصاہرت کا موجب نہیں ہو سکتا ہے۔ اس لئے کہ مصاہرت نعمت ہے، پس یہ نعمت (فعل) ممنوع سے حاصل نہیں ہوگی، اور ہماری دلیل یہ ہے کہ وطی سبب ہے جز ہونے کا ولد کے واسطے سے، چنانچہ ولد کو ان دونوں میں سے ہر ایک کی طرف مکمل منسوب کیا جاتا ہے، لہٰذا موطوءہ کے اصول اور فروع واطی کے اصول اور فروع کے مانند ہوں گے اور ایسا ہی برعکس اور نفع اٹھانا اپنے جز سے حرام ہے علاوہ محل ضرورت کے اور محل ضرورت موطوءہ ہے اور وطی اس حیثیت سے محرِّم ہے کہ وہ سبب ولد ہے نہ اس حیثیت سے کہ وہ زنا ہے۔

تشریح...... زنا سے حرمت مصاہرت ثابت ہوتی ہے یا نہیں، اس بارے میں اختلاف ہے، احناف کا مذہب یہ ہے کہ زنا سے حرمت مصاہرت ثابت ہو جاتی ہے، چنانچہ زانی پر مزنیہ کے اصول اور فروع حرام ہو جائیں گے اور مزنیہ پر زانی کے اصول اور فروع۔ اصول یعنی دادی نانی وغیرہ مراد ہے، اور فروع سے پوتی نواسی وغیرہ مراد ہے، شوافع کا مذہب یہ ہے کہ زنا سے حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی، چنانچہ ان کے نزدیک زانی کے اصول اور فروع مزنیہ کے لئے حلال ہونگے اور مزنیہ کے اصول اور فروع زانی کے لئے حلال ہونگے۔

امام شافعیؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ زنا فعل حرام اور معصیت ہے اور مصاہرت یعنی دامادی کا رشتہ ایک نعمت ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے بیان احسانات کے موقع پر مصاہرت کا ذکر فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے و هو الذی خلق من الماء بشراً فجعله نسباً و صهرا۔ یعنی اللہ وہ ہے جس نے پانی سے آدمی پیدا کیا پھر اس کو نسب والا اور دامادی کے رشتہ والا بنایا۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ فعل حرام کسی نعمت کے حصول کا سبب نہیں ہو سکتا، لہٰذا زنا سے حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوگی۔

ہماری دلیل کا حاصل یہ ہے کہ استحقاق حرمات میں ولد اصل ہے، یعنی ولد اگر مؤنث ہے تو ولد پر واطی کا باپ اور بیٹا حرام ہوگا، اور اگر ولد مذکر ہے تو موطوءہ کی ماں اور بیٹی اس ولد پر حرام ہوں گی، پھر یہ حرمت متعدی ہوگی ولد کی طرفین یعنی واطی اور موطوءہ کی طرف۔ پس موطوءہ کے اصول اور فروع واطی پر اور واطی کے اصول اور فروع موطوءہ پر حرام ہوں گے، اس لئے کہ ولد نے واطی اور موطوءہ کے درمیان اتحاد اور جزئیت پیدا کر دی ہے یہی وجہ ہے کہ ولد واطی کو مکمل طریقہ سے واطی کی جانب بھی منسوب کیا جاتا ہے، چنانچہ کہا جاتا ہے کہ یہ فلاں مرد کا بیٹا ہے، اور مکمل طور پر موطوءہ کی جانب بھی منسوب کیا جاتا ہے چنانچہ کہتے ہیں یہ بچہ فلاں عورت کا ہے، تو اس ولد کے واسطے سے واطی جز ہوا موطوءہ کا اور موطوءہ جز ہوئی واطی کا، پس واطی کے اصول اور فروع موطوءہ کے اصول اور فروع شمار ہوں گے، اور موطوءہ کے اصول وفروع واطی کے اصول وفروع قرار پائیں گے، اور استمتاع بالجز حرام ہے، لہٰذا واطی کے لئے موطوءہ کی ماں اور بیٹی حرام ہونگی۔ اور موطوءہ پر واطی کا باپ اور بیٹا حرام ہوگا، مگر اس پر ایک اشکال ہوگا وہ یہ کہ جب یہ ثابت ہو گیا کہ موطوءہ بواسطہ ولد واطی کا جز ہے، تو ایک بچہ جننے کے بعد دوبارہ وہ موطوءہ اس کے لئے حلال نہ ہونی چاہئے۔ حالانکہ حکم اس کے خلاف ہے، جواب اصل تو یہی ہے کہ استمتاع بالجز حرام ہے لیکن یہاں ضرورۃً حرج کو دفع کرنے کے لئے اجازت دیدی گئی تا کہ مقصد نکاح توالد وتناسل فوت نہ ہو جائے۔ اور یہ بالکل ایسا ہے جیسے کہ حضرت آدم پر ان کی بیٹیاں حرام تھیں لیکن حوا کو اس ضابطہ سے مستثنیٰ رکھا گیا ضرورت کی وجہ سے۔

**امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب** ...... یہ ہے کہ وطی زنا ہونے کی حیثیت سے حرمت مصاہرت کا سبب نہیں بلکہ اس حیثیت سے کہ وطی سبب ولد ہے، پس وطی ولد کے قائم مقام ہوگی تو درحقیقت ولد سبب ہے، حرمت مصاہرت کا اور ولد میں کوئی ممانعت و معصیت نہیں، قصور جو کچھ ہے ماں کا ہے، ولد جس کو سبب بنایا گیا ہے اس کا کوئی قصور نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## کسی عورت کو شہوت کے ساتھ چھونے کے بعد اس کے اصول و فروع سے نکاح کا حکم

**وَ مَنْ مَسَّتْهُ امْرَاَةٌ بِشَهْوَةٍ حَرُمَتْ عَلَيْهِ اُمُّهَا وَ ابْنَتُهَا وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا تَحْرُمُ وَ عَلٰى هٰذَا الْخِلَافِ مَسُّهُ امْرَاَةً بِشَهْوَةٍ وَ نَظْرُهُ اِلٰى فَرْجِهَا وَ نَظْرُهَا اِلٰى ذَكَرِهٖ عَنْ شَهْوَةٍ لَهٗ اَنَّ الْمَسَّ وَ النَّظْرَ لَيْسَا فِيْ مَعْنَى الدُّخُوْلِ وَ لِهٰذَا لَا يَتَعَلَّقُ بِهِمَا فَسَادُ الصَّوْمِ وَ الْاِحْرَامِ وَ وُجُوْبُ الْاِغْتِسَالِ فَلَا يَلْحَقَانِ بِهٖ وَ لَنَا اَنَّ اللَّمْسَ وَ النَّظْرَ سَبَبٌ دَاعٍ اِلَى الْوَطْيِ فَيُقَامُ مَقَامَهٗ فِيْ مَوْضِعِ الْاِحْتِيَاطِ ثُمَّ اَنَّ الْمَسَّ بِشَهْوَةٍ اَنْ يَّنْتَشِرَ الْاٰلَةُ اَوْ تَزْدَادُ اِنْتِشَارًا هُوَ الصَّحِيْحُ وَ الْمُعْتَبَرُ النَّظْرُ اِلَى الْفَرْجِ الدَّاخِلِ وَ لَا يَتَحَقَّقُ ذٰلِكَ اِلَّا عِنْدَ اِتِّكَائِهَا وَ لَوْ مَسَّ فَاَنْزَلَ فَقَدْ قِيْلَ اِنَّهٗ يُوْجِبُ الْحُرْمَةَ وَ الصَّحِيْحُ اَنَّهٗ لَا يُوْجِبُهَا لِاَنَّهٗ بِالْاِنْزَالِ تَبَيَّنَ اَنَّهٗ غَيْرُ مُفْضٍ اِلَى الْوَطْيِ وَ عَلٰى هٰذَا اِتْيَانُ الْمَرْاَةِ فِي الدُّبُرِ۔**

---

**ترجمہ** ...... وہ شخص جس کو کسی عورت نے مس کیا شہوت کے ساتھ تو اس مرد پر اس عورت کی ماں اور بیٹی حرام ہوگئیں۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ حرام نہیں ہوئی۔ اور اسی اختلاف پر مرد کا شہوت کے ساتھ عورت کو مس کرنا ہے۔ اور مرد کا عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھنا اور عورت کا مرد کی شرمگاہ کی طرف شہوت کے ساتھ دیکھنا۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ مس اور نظر دخول کے حکم میں نہیں ہیں اسی وجہ سے ان دونوں کے ساتھ فسادِ صوم، فسادِ احرام اور وجوبِ اغتسال متعلق نہیں ہوگا، لہٰذا دونوں دخول کے ساتھ لاحق نہیں ہوں گے، اور ہماری دلیل یہ ہے کہ مس اور نظر ایسا سبب ہے جو داعی الی الوطی ہے۔ پس احتیاط کے موقع میں وطی کے قائم مقام کیا جائے گا۔ پھر مس بشہوۃ یہ ہے کہ آلہ منتشر ہو جائے یا انتشار بڑھ جائے یہی صحیح ہے۔ اور معتبر فرج داخل کی جانب دیکھنا ہے اور یہ متحقق نہیں ہوگا مگر ٹیک لگا کر بیٹھنے کی صورت میں۔ اور اگر مس کیا پھر انزال ہوگیا تو کہا گیا کہ موجب حرمت ہوگا، اور صحیح یہ ہے کہ موجب حرمت نہیں ہوگا، اس لئے کہ انزال سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ وہ مس مفضی الی الوطی نہیں تھا، اور اسی اختلاف پر عورت کے مقعد میں آنا ہے۔

**تشریح** ...... مس عام ہے عمداً ہو یا خطاءً یا ناسیاً، خوشی سے ہو یا بغیر خوشی، اگر شہوت کے ساتھ ہے تو ہمارے نزدیک حرمت مصاہرت ثابت ہو جائے گی۔ امام شافعیؒ کے نزدیک ثابت نہیں ہوگی، یہ بات واضح رہے کہ یہاں مس حلال میں اختلاف بیان کرنا مقصود ہے مس حرام میں نہیں۔ کیونکہ جب امام شافعیؒ کے نزدیک وطی حرام موجب حرمت نہیں۔ تو مس حرام بدرجہ اولیٰ موجب حرمت نہیں ہوگا۔ ان کا اختلاف مس حلال میں ہے اور اس اختلاف کا ثمرہ یہ ہے کہ زید نے ہندہ سے نکاح کے بعد وطی کرنے سے پہلے طلاق دیدی تو زید کے لئے ہندہ کی ماں حلال ہے اور اگر طلاق سے پہلے زید و ہندہ میں سے کسی نے دوسرے کو مس بشہوۃ کیا یا فرج و ذکر پر شہوت کے ساتھ نظر کی اور وطی نہیں کی ہے تو ہمارے نزدیک حرمت مصاہرت ثابت ہوگئی اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ ثابت نہیں ہوگی، اسی طرح اختلاف اس صورت میں ہے کہ اگر مرد نے عورت کو مس کیا شہوت کے ساتھ یا مرد نے شہوت سے عورت کی شرمگاہ کو دیکھا یا عورت نے شہوت کے ساتھ مرد کی شرمگاہ کو دیکھا۔

**امام شافعیؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ مس اور نظر دخول کے حکم میں نہیں ہے، کیونکہ جو احکام دخول کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں ان دونوں کے ساتھ متعلق نہیں ہوتے مثلاً روزہ کی حالت میں دخول مفسد صوم اور مفسدِ احرام ہے، اور دخول سے غسل واجب ہو جاتا ہے، لیکن مس بشہوۃ اور نظر بشہوۃ

سے نہ روزہ ٹوٹتا ہے نہ احرام ٹوٹتا ہے اور نہ ہی غسل واجب ہوتا ہے۔ لہٰذا مس اور نظر کو دخول کے ساتھ لاحق نہیں کیا جاسکتا اس لئے کہ ملحق کے لئے ضروری ہے کہ وہ ملحق بہ کے معنی میں ہو۔

**ہماری دلیل**...... یہ ہے کہ مس اور نظر ایسے سبب ہیں جو داعی الی الوطی ہیں۔ پس ہم نے احتیاطاً داعی الی الوطی کو وطی کے قائم مقام قرار دے کر اس پر وطی کا حکم لگا دیا۔

**امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب**...... یہ ہے کہ مس اور نظر سے اگر فساد صوم وغیرہ احکام ثابت ہو جاتے تو مس اور نظر بھی حقیقی وطی ہوتے۔ حالانکہ ہم ان کو حقیقۃً وطی نہیں کہتے۔ ہمارے مذہب کی تائید میں حدیث ام ہانیؓ بھی ہے۔

**عن رسول الله صلى الله عليه وسلم من نظر الى فرج امرأة حرمت عليه امها و بنتها.**

دوسری حدیث ہے

**"عن ابن عمرؓ انه قال اذا جامع الرجل المرأة قبلها او لمسها بشهوة او نظر الى فرجها بشهوةٍ حرمت علىٰ ابيه و ابنه و حرمت عليه امها و ابنتها.** (عینی شرح هدایه).

صاحب ہدایہؒ نے مس بشہوۃ کی تعریف کی ہے کہ آلہ منتشر ہو جائے جبکہ مس اور نظر سے پہلے منتشر نہیں تھا۔ اور اگر پہلے سے منتشر تھا تو انتشار بڑھ جائے۔ تعریف کے سلسلہ میں یہی صحیح قول ہے، بعض مشائخ نے شہوت کی تعریف یہ کی ہے کہ مرد کا دل عورت کی طرف مائل ہو جائے اور جماع کی طرف رغبت ہو جائے، نظر الیٰ فرج میں فرج داخل کی طرف دیکھنا معتبر ہے، فرج خارج کی طرف نہیں اور فرج داخل کی طرف دیکھنا اس وقت متحقق ہوگا۔ جبکہ عورت دیوار وغیرہ سے برہنہ ہو کر ٹیک لگا کر دونوں گھٹنے کھڑے کر کے بیٹھے۔ چنانچہ اگر عورت سیدھی بیٹھی ہے یا کھڑی ہے یا ٹیک لگا کر پاؤں پھیلا کر بیٹھی ہے پھر اس کی طرف دیکھا تو حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوگی۔

ایک صورت یہ ہے کہ اگر مس کیا پھر انزال ہو گیا تو حرمت مصاہرت ثابت ہوگی یا نہیں۔ بعض کی رائے تو یہ ہے کہ اس صورت میں بھی حرمت مصاہرت ثابت ہو جائے گی۔ وجہ یہ کہ انزال معنی وطی کو مؤکد کرتا ہے۔ لہٰذا حرمت میں زیادتی ہی ہوگی۔ صحیح قول یہ ہے کہ اس صورت میں حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوگی۔ اس لئے کہ مس بشہوۃ مفضی الی الوطی ہونے کی وجہ سے وطی کے قائم مقام تھا۔ اور انزال سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ یہ مس مفضی الی الوطی نہیں ہے۔ لہٰذا وطی کے قائم مقام بھی نہیں ہوگا۔ اسی حکم پر عورت کے مقعد میں وطی کرنا یعنی اگر عورت کے مقعد میں وطی کی اور انزال ہو گیا تو موجب حرمت نہیں اور اگر انزال نہیں ہوا تو موجب حرمت ہے۔

## ایک عورت کو طلاق بائن یا رجعی دی تو اس کی بہن سے نکاح اس وقت کر سکتا ہے جبکہ اس کی عدت ختم ہو جائے......امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

**وَاِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهٗ طَلَاقًا بَائِنًا اَوْ رَجْعِيًّا لَمْ يَجُزْ لَهٗ اَنْ يَّتَزَوَّجَ بِاُخْتِهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا وَ قَالَ الشَّافِعِيُّؒ اِنْ كَانَتِ الْعِدَّةُ عَنْ طَلَاقٍ بَائِنٍ اَوْ ثَلٰثٍ يَجُوْزُ لِاِنْقِطَاعِ النِّكَاحِ بِالْكُلِّيَّةِ اِعْمَالاً لِلْقَاطِعِ وَ لِهٰذَا لَوْ وَطِيَهَا مَعَ الْعِلْمِ بِالْحُرْمَةِ يَجِبُ الْحَدُّ وَ لَنَا اَنَّ نِكَاحَ الْاُوْلٰى قَائِمٌ لِبَقَاءِ اَحْكَامِهٖ كَالنَّفَقَةِ وَالْمَنْعِ وَالْفِرَاشِ وَالْقَاطِعُ تَاَخَّرَ عَمَلُهٗ وَلِهٰذَا بَقِيَ الْقَيْدُ وَ الْحَدُّ لَا يَجِبُ عَلٰى اِشَارَةِ كِتَابِ الطَّلَاقِ وَعَلٰى عِبَارَةِ كِتَابِ الْحُدُوْدِ يَجِبُ لِاَنَّ الْمِلْكَ قَدْ زَالَ فِيْ حَقِّ الْحِلِّ فَيَتَحَقَّقُ الزِّنَاءُ وَلَمْ يَرْتَفِعْ فِيْ حَقِّ مَا ذَكَرْنَا فَيَصِيْرُ جَامِعًا.**

ترجمہ..... اور اگر اپنی بیوی کو طلاق دیدے طلاق بائن یا رجعی تو اس مرد کے لئے جائز نہیں کہ اس کی بہن سے نکاح کرے۔ یہاں تک کہ اس معتدہ کی عدت گذر جائے۔ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اگر وہ عورت طلاق بائن یا تین طلاقوں کی عدت میں ہو تو جائز ہے۔ بالکلیہ نکاح کے منقطع ہونے کی وجہ سے قاطع طلاق کو عمل دیتے ہوئے۔ اور اسی وجہ سے اگر اس مطلقہ بائنہ سے اگر اس کی حرمت کو جانتے ہوئے وطی کی تو حد واجب ہوگی۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ پہلی کا نکاح باقی ہے احکام نکاح کے باقی رہنے کی وجہ سے۔ جیسے نفقہ اور منع عن الخروج اور فراش اور قاطع کا عمل مؤخر ہو گیا۔ اسی وجہ سے قید نکاح باقی ہے۔ اور حال یہ ہے کہ کتاب الطلاق میں اشارہ نکلتا ہے کہ حد واجب نہیں ہوگی۔ اور کتاب الحدود میں صراحت ہے کہ حد واجب ہوگی۔ اس لئے کہ ملک وطی کے حلال ہونے کے حق میں زائل ہو گئی۔ پس زنا متحقق ہوگا۔ اور امور مذکورہ کے حق میں ملک مرتفع نہیں ہوئی۔ پس جامع بین الاختین ہوگا۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق بائن یا طلاق رجعی دی سو اب یہ شخص اس معتدہ کی بہن سے زمانہ عدت میں نکاح کر سکتا ہے یا نہیں۔ احناف کا مذہب تو یہ ہے کہ نکاح جائز نہیں۔ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اگر وہ عورت طلاق بائن یا تین طلاق کی وجہ سے عدت میں ہے تو اس کی بہن سے نکاح جائز ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل..... کا حاصل یہ ہے کہ قاطع نکاح یعنی طلاق کے پائے جانے کی وجہ سے نکاح بالکلیہ منقطع ہو گیا۔ اس لئے کہ جب قاطع پایا گیا تو اس کا اثر بھی یقیناً متحقق ہوگا۔ نکاح کے بالکلیہ منقطع ہونے کی دلیل یہ بھی ہے کہ اگر یہ شخص حرام سمجھ کر معتدہ سے وطی کر لے تو حد واجب ہوگی۔

ہماری دلیل..... یہ ہے کہ معتدہ کا نکاح باقی ہے۔ اس لئے کہ نکاح کے بعض احکام باقی ہیں۔ مثلاً عدت کے زمانہ میں شوہر پر اسی طرح نفقہ واجب ہوگا، جس طرح منکوحہ ہونے کی حالت میں تھا اور شوہر کو یہ اختیار ہے کہ گھر سے نکلنے پر پابندی لگا دے۔ اسی طرح اگر دو سال کے اندر اندر بچہ پیدا ہو گیا تو فراش ہونے کی وجہ سے اسی شخص سے نسب بھی ثابت ہوگا۔ اور رہی یہ بات کہ قاطع نکاح پایا گیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ قاطع کا عمل انقضاء عدت تک کے لئے مؤخر ہو گیا حکم نکاح کے باقی رہنے کی وجہ سے۔ اور اس کا جواب کہ وطی کرنے سے حد واجب ہوتی ہے۔ اولاً تو ہم تسلیم ہی نہیں کرتے کہ اس وطی پر حد واجب ہوگی۔ جیسا کہ مبسوط کی کتاب الطلاق میں اشارہ ملتا ہے۔ اور اگر تسلیم بھی کر لیں کہ حد واجب ہوگی جیسا کہ مبسوط کی کتاب الحدود میں صراحۃً موجود ہے، تو ہم جواب دیں گے کہ وطی کے حلال ہونے کے حق میں ملک نکاح زائل ہو گئی۔ لہٰذا یہ وطی زنا ہوگی اور امور مذکورہ کے حق میں ملک زائل نہیں ہوتی پس نکاح من وجہ باقی ہے اور من وجہ غیر باقی۔ اور جب من وجہ نکاح باقی ہے تو یہ شخص اس معتدہ کی بہن سے نکاح کر کے جامع بین الاختین فی النکاح ہوگا اور نکاح میں جمع بین الاختین ناجائز ہے اگرچہ نکاح فی الجملہ ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## مولیٰ کے لئے اپنی باندی سے اور مالکہ کے لئے اپنے غلام سے نکاح کرنے کا حکم

**وَلَا يَتَزَوَّجُ الْمَوْلٰى اَمَتَهٗ وَلَا الْمَرْاَةُ عَبْدَهَا لِاَنَّ النِّكَاحَ مَا شُرِعَ اِلَّا مُثْمِرًا بِثَمَرَاتٍ مُشْتَرَكَةٍ بَيْنَ الْمُتَنَاكِحَيْنِ وَالْمَمْلُوْكِيَّةُ تُنَافِي الْمَالِكِيَّةَ فَيَمْتَنِعُ وُقُوْعُ الثَّمَرَةِ عَلَى الشَّرِكَةِ.**

---

ترجمہ..... مولیٰ اپنی باندی سے نکاح نہ کرے اور نہ عورت اپنے غلام سے اس لئے کہ نکاح مشروع نہیں ہوا مگر ایسے ثمرات کے ساتھ مثمر ہو کر جو زوجین کے درمیان مشترک ہیں اور مملوکیت مالکیت کے منافی ہے۔ پس شرکت پر ثمرہ کا حصول ممتنع ہوگا۔

تشریح..... مولیٰ اپنی باندی سے نکاح نہ کرے باندی کے کل کا مالک ہو یا بعض کا اسی طرح عورت اپنے غلام سے نکاح نہ کرے عورت پورے غلام کی مالک ہو یا بعض کی، دونوں صورتوں میں نکاح ممنوع ہے۔ اگر مالک اور مملوک رہتے ہوئے نکاح کیا تو باطل ہوگا ائمہ اربعہ اسی کے قائل ہیں۔ دلیل یہ ہے کہ نکاح ایسے منافع اور فوائد کے پیش نظر مشروع کیا گیا جو دونوں میاں بیوی کے درمیان مشترک ہیں، بعض منافع عورت کو حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً عورت کے لئے مہر، کسوہ، نفقہ واجب ہوگا اور مرد پر حکماً وطی بھی واجب ہوگی۔ بغیر عورت کی رضامندی کے مرد کے لئے عزل

جائز نہیں۔ مرد کے مقطوع الذکر اور عنین ہونے کی صورت میں عورت کو خیار فسخ بھی حاصل ہوگا اور بعض منافع مرد کو حاصل ہوتے ہیں مثلاً نکاح کے بعد مرد کو عورت کے نفس پر قدرت کا حاصل ہونا، اور عورت کا مرد کے مکان میں قیام کرنا، اندرونِ خانہ کام کرنا مثلاً کھانا پکانا، کپڑے دھونا، بچوں کی تربیت کرنا، بچوں کو دودھ پلانا۔ خلاصہ یہ ہے کہ مذکورہ نکاح کی دونوں صورتوں میں مالکیت اور مملوکیت کا جمع ہونا لازم آئے گا۔ حالانکہ ان دونوں کے درمیان منافات ہے۔ کیونکہ مالکیت مقتضی ہے قاہریت کی اور مملوکیت مقتضی ہے مقہوریت کی۔ اور ان دونوں کی تنافی میں کوئی شبہ نہیں۔ پس جب ایسا ہے تو شرکت پر ثمرہ کا حصول ممتنع ہوگا۔ اس پر ایک اشکال ہے وہ یہ کہ اگر مملوکیت مالکیت کے منافی ہے تو پھر مملوک کا نکاح بالکل درست نہیں ہونا چاہئے۔ کیونکہ جب مملوک کسی آزاد عورت سے نکاح کرے گا تو ناکح ہونے کی وجہ سے مالکیت بھی ثابت ہوگی۔ لہٰذا اس صورت میں بھی مالکیت اور مملوکیت کا جمع ہونا لازم آیا۔

جواب...... قیاس کا تقاضا تو یہی ہے کہ مملوک کا نکاح مطلقاً درست نہ ہو لیکن ضرورت کی وجہ سے خلاف قیاس جائز قرار دیدیا ہے۔ (عینی شرح ہدایہ)

## کتابیات سے نکاح کا حکم

**وَ يَجُوزُ تَزَوُّجُ الْكِتَابِيَّاتِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ اَیْ الْعَفَائِفُ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ الْكِتَابِيَّةِ الْحُرَّةِ وَالْاَمَةِ عَلٰى مَا نُبَيِّنُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ.**

---

ترجمہ...... اور جائز ہے کتابیہ عورتوں سے نکاح باری تعالیٰ کے قول وَالْمُحْصَنٰتُ ...... الآیہ کی وجہ سے یعنی حلال کی گئی ہیں تمہارے لئے اہل کتاب میں سے محصنہ عورتیں اور کوئی فرق نہیں آزاد کتابیہ اور باندی کتابیہ کے درمیان۔

تشریح...... کتابیات جمع ہے کتابیہ کی۔ مذکر کتابی ہے۔ کتابی وہ شخص ہے جو نبی پر ایمان رکھتا ہے اور کتاب کا اقرار کرتا ہے، ائمہ اربعہؒ میں سے آزاد کتابیہ سے نکاح میں کسی کا اختلاف نہیں ہے کتابیہ باندی کے ساتھ نکاح کرنے میں اختلاف ہے جس کا بیان آگے آرہا ہے۔ دلیل قول باری تعالیٰ ہے، تمہارے واسطے حلال کی گئیں اہل کتاب میں سے وہ عورتیں جو پاکدامن ہوں۔ آیت میں عفت کی قید عادۃً ذکر کردی گئی جواز نکاح کے لئے شرط نہیں۔

## مجوسیات وثنیات کے ساتھ نکاح حرام ہے، صابیات کے ساتھ نکاح کا حکم

**وَلَا يَجُوزُ تَزَوُّجُ الْمَجُوْسِيَّاتِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ سُنُّوْا بِهِمْ سُنَّةَ اَهْلِ الْكِتَابِ غَيْرَ نَاكِحِيْ نِسَائِهِمْ وَلَا اٰكِلِيْ ذَبَائِحِهِمْ قَالَ وَلَا الْوَثَنِيَّاتِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى ﴿وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ﴾ وَ يَجُوْزُ تَزَوُّجُ الصَّابِيَاتِ اِنْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِدِيْنٍ وَ يَقْرَءُوْنَ بِكِتَابٍ لِاَنَّهُمْ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ وَ اِنْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْكَوَاكِبَ وَلَا كِتَابَ لَهُمْ لَمْ تَجُزْ مُنَاكَحَتُهُمْ لِاَنَّهُمْ مُشْرِكُوْنَ وَالْخِلَافُ الْمَنْقُوْلُ فِيْهِ مَحْمُوْلٌ عَلٰى اِشْتِبَاهِ مَذْهَبِهِمْ فَكُلٌّ اَجَابَ عَلٰى مَا وَقَعَ عِنْدَهُمْ وَعَلٰى هٰذَا حَالُ ذَبِيْحَتِهِمْ**

---

ترجمہ...... اور نہیں جائز ہے نکاح میں لینا مجوسیہ عورتوں کو اس لئے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجوس کے ساتھ سلوک کرو اہل کتاب کا سا سوائے ان کی عورتوں سے نکاح کرنے میں اور سوائے ان کا ذبیحہ کھانے میں اور بت پرست عورتوں کو بھی نکاح میں لینا جائز نہیں باری تعالیٰ کے قول وَلَا تَنْكِحُوا کی وجہ سے۔ یعنی شرک کرنے والی عورتوں کو مت نکاح میں لاؤ، یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں، اور جائز ہے صابیہ عورتوں سے نکاح کرنا، اگر وہ کسی دین پر ایمان رکھتی ہوں، اور کتاب کا اقرار کرتی ہوں اس لئے کہ وہ اہل کتاب میں سے ہیں اور اگر ستاروں کو پوجتی ہیں اور ان کے پاس کوئی (آسمانی)

کتاب بھی نہیں تو ان کو نکاح میں لینا جائز نہیں۔ کیونکہ وہ مشرک ہیں اور اختلاف جو اس بارے میں منقول ہے ان کے مذہب کے مشتبہ ہونے پر محمول ہے۔ پس ہر ایک امام نے اسی کے مطابق جواب دیا جو اس کے نزدیک حق معلوم ہوا، اور اسی اختلاف پر ان کے ذبیحہ کا حال ہے۔

تشریح...... آتش پرست عورتوں سے نکاح بالاتفاق ناجائز ہے۔ دلیل یہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اہل کتاب سے جو معاملہ کرتے ہو مجوس کے ساتھ وہی معاملہ کرو سوائے اس کے کہ مجوس کی عورتوں سے نکاح کرو اور ان کا ذبیحہ کھاؤ۔ حاصل یہ کہ مجوس کی عورتوں سے نکاح نہ کرو۔ اور ان کے ذبیحہ کو نہ کھاؤ اس کے علاوہ امان دینے اور جزیہ لینے میں اہل کتاب کا سا معاملہ کرو۔ یہ حدیث مختلف طرق سے مروی ہے۔ اور بت پرست عورتوں سے بھی نکاح کرنا ناجائز ہے۔ دلیل قرآن کی آیت ہے کہ شرک کرنے والی عورتوں سے نکاح مت کرو۔

صابیہ عورتوں سے نکاح کے جواز و عدم جواز میں اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہؒ جواز کے قائل ہیں اور صاحبینؒ عدم جواز کے۔ درحقیقت یہ اختلاف صابی کی تعریف وتفسیر میں ہے۔ امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ صابی وہ ہے جو انبیاء میں سے کسی نبی پر ایمان رکھتا ہو اور کسی آسمانی کتاب کا اقرار کرتا ہو پس اس وقت صابی اہل کتاب میں سے ہوگا، اور اہل کتاب کی عورتوں سے نکاح جائز ہے لہٰذا صابیہ سے بھی نکاح جائز ہوگا۔ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ صابی ستاروں کی پرستش کرتا ہے اور کسی آسمانی کتاب کا اقرار نہیں کرتا، پس یہ بت پرستوں کے حکم میں ہوگا، جس طرح بت پرست سے نکاح جائز نہیں، اسی طرح صابیہ عورت سے بھی نکاح جائز نہیں ہوگا۔

## محرم کا محرمہ سے حالتِ احرام میں نکاح کرنا...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

قَالَ وَ يَجُوْزُ لِلْمُحْرِمِ وَالْمُحْرِمَةِ اَنْ يَّتَزَوَّجَا فِيْ حَالَةِ الْاِحْرَامِ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا يَجُوْزُ وَ تَزْوِيْجُ الْوَلِيِّ الْمُحْرِمِ وَلِيَّتَهٗ عَلٰى هٰذَا الْخِلَافِ لَهٗ قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ وَلَنَا مَارُوِىَ اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ تَزَوَّجَ بِمَيْمُوْنَةَ وَ هُوَ مُحْرِمٌ وَمَارَوَاهُ مَحْمُوْلٌ عَلَى الْوَطْيِ.

---

ترجمہ...... اور محرم اور محرمہ کے لئے جائز ہے کہ وہ دونوں نکاح کریں حالت احرام میں اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ حالت احرام میں نکاح جائز نہیں۔ اور ولی محرم کا اپنی مولیہ کا نکاح کرانا اسی اختلاف پر ہے۔ امام شافعیؒ کی دلیل قول رسول ﷺ ہے نہ نکاح کرے محرم اور نہ نکاح کرائے (اپنے غیر کا) ہماری دلیل وہ حدیث ہے کہ روایت کیا گیا کہ حضور ﷺ نے نکاح کیا میمونہؓ سے حالانکہ آپ محرم تھے۔ اور وہ حدیث جس کو روایت کیا امام شافعیؒ نے محمول ہے وطی پر۔

تشریح...... احرام والی عورت ہو یا مرد حالت احرام میں نکاح کرنا جائز ہے ہمارے نزدیک۔ امام شافعیؒ ناجائز کہتے ہیں۔ اسی کے قائل امام مالکؒ اور امام احمدؒ ہیں، اسی طرح محرم کسی کا ولی بن کر نکاح کرائے تو ہمارے نزدیک جائز ہے امام شافعیؒ کے نزدیک ناجائز۔

حضرت امام شافعیؒ کی دلیل...... حضور ﷺ کا فرمان لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ ۔ اس حدیث میں پہلا يَنْكِحُ بفتح الیاء ہے (ضَرَبَ سے) اور دوسرا بضم الیاء ہے انکاح سے، اول کے معنی نکاح کرنا دوسرے کے معنی نکاح کرانا دوسرے کا، جیسے طعم کھانا کھانا اور اطعام کھانا کھلانا، تو اب حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ محرم نہ اپنا نکاح کرے اور نہ ولی بن کر دوسرے کا نکاح کرائے۔ مسلمؒ اور ابوداؤدؒ کی روایت میں ولا یخطب کا اضافہ ہے، یعنی حالت احرام میں منگنی بھی نہ کرے۔ امام احمدؒ ابن حنبل نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے ولا یخطب بمکۃ یعنی مکہ میں منگنی نہ کرے۔ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ حالت احرام میں نکاح کرنا اور نکاح کرانا دونوں ممنوع ہیں۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ ابن عباسؓ نے روایت کیا کہ حضور ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے محرم ہونے کی حالت میں نکاح کیا اور امام بخاریؒ نے اضافہ کیا ہے "و بنی بھا و ھو حلال و ماتت بسرف" یعنی آپ ﷺ نے میمونہ سے نکاح کیا حالانکہ آپ ﷺ محرم تھے اور ان

کے ساتھ زفاف کیا حالانکہ آپ ﷺ حلال تھے اور میمونہؓ کا انتقال مقام سرف میں ہوا۔ بعض حضرات نے لطیفہ کے طور پر بیان کیا ہے کہ میمونہؓ کی شادی بھی مقام سرف میں ہوئی شب زفاف بھی مقام سرف ہی میں گذاری اور حضرت میمونہؓ کا انتقال بھی مقام سرف میں ہوا۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے میمونہؓ سے بحالت احرام نکاح کیا۔

**امام شافعیؒ کی روایت کردہ حدیث کا جواب**...... یہ ہے کہ اس حدیث میں نکاح کے لغوی معنیٰ (وطی) مراد ہے۔ اب مطلب یہ ہوگا کہ حالت احرام میں وطی کرنا ممنوع ہے عقد نکاح ممنوع نہیں ہے اس صورت میں حدیث کا ترجمہ ہوگا کہ محرم نہ وطی کرے اور نہ محرمہ کو وطی پر قدرت دے۔

**دوسرا جواب**...... یہ ہے کہ حدیث میں نہی تنزیہی مراد ہے، تحریمی نہیں، اب مطلب یہ ہوگا کہ احرام کی حالت میں نکاح کرنا اور نکاح کرانا مناسب نہیں۔ اگر کرلیا تو منعقد ہوجائے گا۔ ہمارے مذہب کی تائید قیاس سے بھی ہوتی ہے، کیونکہ نکاح دوسرے عقود بیع وشراء وغیرہ کے مانند ہے جس طرح بیع وغیرہ میں ایجاب وقبول ہوتا ہے اسی طرح نکاح میں بھی ایجاب وقبول کا تلفظ ہوتا ہے، پس حالت احرام میں جس طرح دوسرے عقود جائز ہیں، اسی طرح نکاح بھی جائز ہوگا۔

**انصاف کی بات**...... یہ ہے کہ حضرت امام شافعیؒ کا مذہب قوی ہے، کیونکہ امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث قولی ہے اور احنافؒ کی پیش کردہ فعلی۔ اور تعارضِ حدیثین کے وقت حدیث قولی مقدم ہوتی ہے حدیث فعلی پر۔ اس کے علاوہ حضور ﷺ کا میمونہؓ سے احرام کی حالت میں نکاح کرنا مختلف فیہ ہے۔ چنانچہ خود میمونہؓ بنت الحارث فرماتی ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے نکاح کیا اور ہم دونوں حلال تھے۔ مسلمؒ، ابوداؤدؒ، ترمذیؒ، ابن ماجہؒ نے اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

## مسلمان یا کتابیہ باندی سے نکاح کا حکم...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

**وَيَجُوْزُ تَزَوُّجُ الْاَمَةِ مُسْلِمَةً كَانَتْ اَوْ كِتَابِيَّةً وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا يَجُوْزُ لِلْحُرِّ اَنْ يَّتَزَوَّجَ بِاَمَةٍ كِتَابِيَّةٍ لِاَنَّ جَوَازَ نِكَاحِ الْاِمَاءِ ضَرُوْرِيٌّ عِنْدَهُ لِمَا فِيْهِ مِنْ تَعْرِيْضِ الْجُزْءِ عَلَى الرِّقِّ وَ قَدِ انْدَفَعَتِ الضَّرُوْرَةُ بِالْمُسْلِمَةِ وَ لِهٰذَا جَعَلَ طَوْلَ الْحُرَّةِ مَانِعًا مِنْهُ وَ عِنْدَنَا الْجَوَازُ مُطْلَقٌ لِاِطْلَاقِ الْمُقْتَضٰى وَ فِيْهِ اِمْتِنَاعٌ عَنْ تَحْصِيْلِ الْجُزْءِ الْحُرِّ لَا اِرْقَاقُهُ وَلَهُ اَنْ لَّا يَحْصِلَ الْاَصْلَ فَيَكُوْنُ لَهُ اَنْ لَّا يَحْصِلَ الْوَصْفَ.**

---

**ترجمہ**...... اور جائز ہے باندی سے نکاح کرنا مسلمان ہو باندی یا کتابیہ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ آزاد کے لئے جائز نہیں کہ وہ کتابیہ باندی کے ساتھ نکاح کرے، اس لئے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک باندیوں سے نکاح کا جواز ضرورۃً ثابت ہے، کیونکہ باندی سے نکاح کرنے میں اپنے جز کو رقیت پر پیش کرنا ہے اور ضرورت پوری ہوگئی مسلمان باندی سے۔ اسی وجہ سے قدرت علی الحرہ کو نکاح لمۃ سے مانع بتایا گیا ہے، اور ہمارے نزدیک جواز مطلق ہے مقتضی کے مطلق ہونے کی وجہ سے اور باندی سے نکاح میں آزاد جز کو حاصل کرنے سے رکنا ہے نہ کہ اس کو رقیق بنانا اور اس کے لئے اجازت ہے کہ وہ اصل کو حاصل نہ کرے لہٰذا اس کو اس کی بھی اجازت ہوگی کہ وہ وصف کو حاصل نہ کرے۔

**تشریح**...... باندی کے ساتھ نکاح کے جواز وعدم جواز میں اختلاف ہے۔ چنانچہ ہمارے نزدیک مطلق باندی سے نکاح جائز ہے مسلمان ہو یا کتابیہ۔ امام شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ کتابیہ باندی سے نکاح جائز نہیں۔ امام مالکؒ بھی اسی کے قائل ہیں اور ایک روایت میں امام احمدؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ باندیوں کے ساتھ نکاح کا جواز ضرورۃً ثابت ہے کیونکہ باندی کے ساتھ نکاح کا مطلب یہ ہے کہ اپنے جز کو رقیق (مملوک) بنانا چاہتا ہے، اس لئے کہ غیر کی باندی سے جو اولاد ہوگی شریعت میں وہ بھی غیر کی مملوک ہوگی، اور رقیق بنانا درحقیقت ہلاک کرنا ہے تو گویا باندی کے ساتھ نکاح کرکے اپنے جز کو ہلاک کرنا چاہتا ہے۔ اور اپنے جز کو رقیق بنانا یعنی ہلاک کرنا ممنوع ہے۔ لہٰذا باندی کے ساتھ نکاح

ناجائز ہونا چاہئے۔ مگر شدتِ حاجت کی وجہ سے ضرورۃً جائز قرار دیدیا گیا۔ جب یہ ثابت ہوگیا کہ باندیوں سے نکاح کرنا ضرورۃً ثابت ہے اور قاعدہ ہے کہ جو چیز ضرورۃً ثابت ہو وہ بقدرِ ضرورت ثابت ہوتی ہے، اور ضرورت پوری ہوگئی ایک مسلمان باندی کے ساتھ نکاح کر کے، لہٰذا کتابیہ سے نکاح کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اسی وجہ سے امام شافعیؒ نے قدرت علی الحرہ کو باندی کے ساتھ نکاح کرنے سے مانع قرار دیا ہے، آیت ومن لم یستطع منکم طولا ان ینکح المحصنات المؤمنات فمن ما ملکت ایمانکم من فتیاتکم المؤمنات ۔ یعنی جو شخص تم میں سے آزاد مؤمنہ سے نکاح کی قدرت نہ رکھے، سو وہ آپس کی مؤمنہ باندیوں میں سے کسی سے نکاح کرلے۔ آیت کا مفہوم مخالف یہ ہوگا کہ اگر آزاد و مسلمان عورت کے ساتھ نکاح کی قدرت ہے تو مسلمان باندی سے بھی نکاح کی اجازت نہیں ہے، اس کا جواب یہ ہوگا آیت میں افضل اور اولیٰ کو بیان کیا گیا ہے یعنی طول حرہ کے ہوتے ہوئے باندی سے نکاح بہتر نہیں لیکن کرلیا تو منعقد ہوجائے گا۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ باندیوں کے ساتھ نکاح کا جواز مطلق ہے، مقتضی نکاح کے مطلق ہونے کی وجہ سے مثلاً فَانکحوا ما طاب لکم من النساء اور احل لکم ما وراء ذٰلکم۔ ان آیات میں مطلق نساء سے نکاح کے جواز کو عام رکھا گیا ہے آزاد سے ہو یا باندی سے۔

رہا امام شافعیؒ کا یہ کہنا...... کہ باندی سے نکاح کرنا اپنے جزء کو رقیق بناتا ہے، سو اس کا جواب یہ ہے کہ باندی سے نکاح کرنے میں اپنے جز کو رقیق بنانا مقصود نہیں، بلکہ آزاد جزء کو حاصل کرنے سے رکنا ہے اور شریعت نے اس کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ اصل جزء ہی کو حاصل نہ کرے۔ یعنی عورت کی رضامندی سے عزل کردے تاکہ اصل بچہ ہی پیدا نہ ہو۔ لہٰذا وصف حریت کو حاصل نہ کرنے کی اجازت بدرجہ اولیٰ ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## حرہ پر باندی سے نکاح کرنا

**وَلَا یَتَزَوَّجُ اَمَةً عَلٰی حُرَّةٍ لِقَوْلِهٖ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَا تُنْکَحُ الْاَمَةُ عَلَی الْحُرَّةِ وَ هُوَ بِاِطْلَاقِهٖ حُجَّةٌ عَلَی الشَّافِعِیِّ فِیْ تَجْوِیْزِ ذَالِكَ لِلْعَبْدِ وَ عَلٰی مَالِكٍ فِیْ تَجْوِیْزِهٖ بِرِضَاءِ الْحُرَّةِ وَلِاَنَّ لِلرِّقِّ اَثَرًا فِیْ تَنْصِیْفِ النِّعْمَةِ عَلٰی مَا نُقَرِّرُهٗ فِی الطَّلَاقِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَیَثْبُتُ بِهٖ حِلُّ الْمَحَلِّیَّةِ فِیْ حَالَةِ الْاِنْفِرَادِ دُوْنَ حَالَةِ الْاِنْضِمَامِ.**

---

ترجمہ...... اور حرہ کے ہوتے ہوئے باندی سے نکاح نہ کرے۔ حضور ﷺ کے فرمان لاتنکح الحدیث کی وجہ سے، یعنی باندی سے نکاح نہ کیا جائے آزاد عورت کے ہوتے ہوئے اور یہ حدیث اپنے اطلاق کی وجہ سے حجت ہے، امام شافعیؒ کے خلاف نکاح الامۃ علی الحرہ کو غلام کے واسطے جائز قرار دینے میں اور امام مالکؒ کے خلاف حجت ہے حرہ کی رضامندی سے اس صورت کو جائز قرار دینے میں، اور اس لئے کہ رقیت کو تنصیف نعمت میں دخل ہے۔ کتاب الطلاق میں انشاء اللہ ثابت کریں گے۔ پس ثابت ہوجائے گا رقیت کی وجہ سے محل کا حلال ہونا حالتِ انفراد میں نہ کہ حالتِ انضمام میں۔

تشریح...... اگر پہلے سے آزاد عورت نکاح میں موجود ہے تو باندی سے نکاح ناجائز ہے احنافؒ کا یہی مذہب ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ آزاد مرد کے لئے اگرچہ یہ صورت درست نہیں مگر غلام کے لئے جائز ہے کہ آزاد عورت کی موجودگی میں باندی سے نکاح کرلے۔ امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ اگر آزاد عورت رضامند ہے تو اس کے ہوتے ہوئے باندی سے نکاح کرسکتا ہے اور اگر رضامند نہیں تو نکاح لمۃ علی الحرہ درست نہیں ہوگا۔ امام مالکؒ کی دلیل یہ ہے کہ نکاح لمۃ علی الحرہ کی ممانعت حرہ کے حق کی وجہ سے تھی۔ لیکن جب حرہ خود راضی ہوگئی تو اس نے خود اپنا حق ساقط کردیا۔

امام شافعیؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ نکاح لمۃ علی الحرہ کی ممانعت اس وقت تھی جبکہ شوہر آزاد ہو اسلئے کہ اس صورت میں مانع نکاح یعنی اپنے جزء کو رقیق بنانا موجود ہے لیکن جب شوہر غلام ہے تو یہ مانع نہیں پایا گیا اس لئے کہ غلام جمیع اجزاء کے ساتھ رقیق ہے۔ لہٰذا اس صورت میں نکاح لمۃ علی الحرہ کو جائز قرار دیں گے۔ (عینی شرح ہدایہ)

**احنافؒ کی دلیل**...... قول نبی ﷺ کہ آزاد عورت کی موجودگی میں باندی سے نکاح نہ کیا جائے۔ اس حدیث میں عموم ہے شوہر آزاد ہو یا غلام، راضی ہو یا ناراضی۔ لہٰذا یہ حدیث اپنے اطلاق کی وجہ سے امام شافعیؒ اور امام مالکؒ دونوں کے خلاف حجت ہوگی۔ دوسری دلیل عقلی یہ ہے کہ رقیت کی وجہ سے جس طرح سزائیں آدھی ہو جاتی ہیں اسی طرح نعمتیں بھی آدھی ہو جاتی ہیں۔ مثلاً آزاد کو حد زنا میں جتنے کوڑے لگتے تھے، رقیق کو آدھے لگیں گے، یہی حال نعمتوں کا ہے۔

پس یہاں دو حالتیں ہیں پہلی حالت انفراد اور دوسری حالت انضمام۔ حالت انفراد کا مطلب یہ ہے کہ فقط باندی سے نکاح کرے اور حالت انضمام کا مطلب یہ ہے کہ باندی اور آزاد دونوں کو جمع کرے اور آزاد عورت دونوں حالتوں میں حلال ہے یعنی صرف آزاد سے نکاح کرے یا باندی کے ہوتے ہوئے آزاد عورت سے نکاح کرے دونوں صورتوں میں جائز ہے۔ لہٰذا اس کی تنصیف کر کے باندی کو صرف حالت انفراد میں حلال رکھا جائے گا حالت انضمام میں نہیں۔ یعنی صرف باندی سے نکاح کر سکتا ہے لیکن آزاد عورت کے ہوتے ہوئے باندی سے نکاح نہیں کر سکتا ہے، لیکن اگر کوئی اعتراض کردے کہ باندی کو حالت انضمام میں جائز قرار دیا جائے حالت انفراد میں نہیں، تب بھی تنصیف ہو جائے گی، جواب اس صورت میں اہانتِ شریفہ لازم آئے گی، نہ کہ اہانتِ خسیسہ اس لئے اس صورت کو اختیار نہیں کیا گیا۔ واللہ اعلم

## باندی پر حرہ سے نکاح کرنا

**وَ يَجُوْزُ تَزَوُّجُ الْحُرَّةِ عَلَيْهَا لِقَوْلِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ تُنْكَحُ الْحُرَّةُ عَلَى الْاَمَةِ وِاَنَّهَا مِنَ الْمُحَلَّلَاتِ فِيْ جَمِيْعِ الْحَالَاتِ اِذْلَا مُنَصِّفَ فِيْ حَقِّهَا.**

---

**ترجمہ**...... اور جائز ہے حرہ سے نکاح کرنا باندی پر اس لئے کہ حضور ﷺ کا فرمان ہے حرہ سے نکاح کیا جائے باندی پر اور اس لئے کہ حرہ محللات میں سے ہے تمام حالتوں میں اس لئے کہ حرہ کے حق میں کوئی منصف نہیں ہے۔

**تشریح**...... یہ مسئلہ پہلی صورت کا عکس ہے، یعنی اگر پہلے سے باندی نکاح میں موجود ہے تو آزاد عورت سے نکاح کرنا جائز ہے۔ اس میں کوئی قباحت نہیں اور ائمہ اربعہؒ اس پر متفق ہیں کہ باندی کا نکاح باطل بھی نہیں ہوگا، لیکن شوافعؒ میں سے امام مزنیؒ فرماتے ہیں کہ آزاد عورت سے نکاح کرتے ہی باندی کا نکاح باطل ہو جائے گا طول حرہ پر قدرت کی وجہ سے، کیونکہ باندی سے جواز نکاح عدم قدرت علی الحرہ کی وجہ سے تھا۔ پس یہ آب آمد تیمم برخاست کے قبیل سے ہوگا۔

**ہماری دلیل**...... حضور ﷺ کا ارشاد کہ آزاد عورت کو نکاح میں لا سکتا ہے باندی کے رہتے ہوئے۔

**دوسری عقلی دلیل**...... یہ ہے کہ حرہ محللات میں سے ہے تمام حالتوں میں حالت انفراد میں بھی اور حالت انضمام میں بھی کیونکہ حرہ کے حق میں کوئی ایسی چیز نہیں پائی گئی جو حلِ محلیت کو آدھی کردے بخلاف باندی کے کہ اس کے حق میں منصف یعنی رقیت موجود ہے۔

## حرہ کی عدت میں باندی سے نکاح کا حکم...... اقوالِ فقہاء

**فَاِنْ تَزَوَّجَ اَمَةً عَلٰى حُرَّةٍ فِيْ عِدَّةٍ مِنْ طَلَاقٍ بَائِنٍ لَمْ يَجُزْ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ يَجُوْزُ عِنْدَهُمَا لِاَنَّ هٰذَا لَيْسَ بِتَزَوُّجٍ عَلَيْهَا وَ هُوَ الْمُحَرِّمُ وَ لِهٰذَا لَوْ حَلَفَ لَايَتَزَوَّجُ عَلَيْهَا لَمْ يَحْنَثْ بِهٰذَا وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ نِكَاحَ الْحُرَّةِ بَاقٍ مِنْ وَجْهٍ لِبَقَاءِ بَعْضِ الْاَحْكَامِ فَيَبْقَى الْمَنْعُ اِحْتِيَاطًا بِخِلَافِ الْيَمِيْنِ لِاَنَّ الْمَقْصُوْدَ اَنْ لَّا يَدْخُلَ غَيْرُهَا فِيْ قَسْمِهَا.**

ترجمہ..... پس اگر اس نے حرہ پر باندی سے نکاح کیا طلاق بائن کی عدت میں تو ابوحنیفہؒ کے نزدیک ناجائز ہے اور صاحبین کے نزدیک جائز۔ اس لئے کہ یہ تزوج علی الحرۃ نہیں ہے اور حرام یہی ہے اور اسی وجہ سے اگر قسم کھائی کہ نہیں نکاح کرے گا اس پر تو اس سے حانث نہیں ہوگا۔ اور ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ حرہ کا نکاح باقی ہے من وجہ بعض احکام نکاح کے باقی رہنے کی وجہ سے، پس منع احتیاطاً باقی رہے گا۔ بخلاف یمین کے اس لئے کہ مقصود یہ ہے کہ نہیں داخل کرے گا اس کے علاوہ کو اس کی باری میں۔

تشریح..... صورت مسئلہ یہ ہے کہ آزاد عورت کو طلاق بائن دیدی اب اس حرہ مطلقہ بائنہ کی عدت کے زمانہ میں باندی سے نکاح کر سکتا ہے یا نہیں۔ سو اس بارے میں امام ابوحنیفہؒ عدم جواز کے قائل ہیں، صاحبینؒ جواز کے۔

صاحبینؒ کی دلیل..... یہ ہے کہ حرہ کو طلاق بائن دینے سے ملک نکاح زائل ہوگئی لہٰذا اب اگر باندی سے نکاح کرے گا تو یہ تزوج امۃ علی الحرۃ نہیں ہوگا اور حرام یہی تھا اس لئے ہم نے اس نکاح کو جائز قرار دیا۔ دوسری دلیل کا حاصل یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے قسم کھائی کہ میں حرہ پر باندی سے نکاح نہیں کروں گا۔ پھر حرہ کو طلاق بائن دے کر باندی سے نکاح کرلیا تو حانث نہیں ہوگا۔ اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ تزوج امۃ علی الحرۃ نہیں ہے ورنہ حانث ہو جاتا۔

امام صاحبؒ کی دلیل..... کا حاصل یہ ہے کہ حرہ مطلقہ بائنہ کی عدت میں اس کا من وجہ نکاح باقی ہے اس لئے کہ بعض احکام نکاح نفقہ، سکنٰی وغیرہ باقی ہیں لہٰذا احتیاطاً باندی سے نکاح کو منع کیا جائے گا۔ صاحبینؒ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ یمین میں عرف معتبر ہے اور عرف میں بینونت کے بعد تزوج امۃ علی الحرۃ نہیں کہا جاتا ہے اور شریعت میں معنیٰ معتبر ہیں اور حرمت کے معنیٰ بقاء عدت کی وجہ سے باقی ہیں، لہٰذا عرف کا اعتبار کرتے ہوئے حانث تو نہیں ہوگا البتہ شریعت میں معنیٰ حرمت کا اعتبار کرتے ہوئے آزاد مطلقہ بائنہ کی عدت میں باندی سے نکاح حرام ہوگا۔

صاحب ہدایہؒ نے فرمایا کہ مقصود یمین یہ ہے کہ تیری باری میں کسی دوسری عورت کو شریک نہیں کروں گا، پس جب اس کو طلاق بائن دیدی تو اس کی باری باقی ہی نہیں رہی، چنانچہ اب عدت بائن میں اگر دوسری عورت سے نکاح کرلیا تو اس کی باری میں شریک کرنا نہیں پایا جائے گا لہٰذا حانث بھی نہیں ہوگا۔

## آزاد آدمی کے لئے چار آزاد عورتیں یا باندیوں سے نکاح کا حکم

**وَ لِلْحُرِّ اَنْ يَّتَزَوَّجَ اَرْبَعًا مِّنَ الْحَرَائِرِ وَ الْاِمَاءِ وَ لَيْسَ لَهٗ اَنْ يَّتَزَوَّجَ اَكْثَرَ مِنْ ذَالِكَ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ وَالتَّنْصِيْصُ عَلَى الْعَدَدِ يَمْنَعُ الزِّيَادَةَ عَلَيْهِ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا يَتَزَوَّجُ اِلَّا اَمَةً وَاحِدَةً لِاَنَّهٗ ضَرُوْرِيٌّ عِنْدَهٗ وَالْحُجَّةُ عَلَيْهِ مَا تَلَوْنَا اِذِ الْاَمَةُ الْمَنْكُوْحَةُ يَنْتَظِمُهَا اِسْمُ النِّسَاءِ كَمَا فِي الظِّهَارِ.**

---

ترجمہ..... آزاد مرد کے لئے جائز ہے کہ وہ نکاح کرے چار عورتوں سے آزاد ہوں یا باندی اور جائز نہیں اس کے لئے کہ وہ اس سے زائد سے نکاح کرے باری تعالیٰ کے قول فَانْكِحُوْا..... الآیۃ کی وجہ سے یعنی نکاح کروان سے جو عورتیں تم کو بھلی لگیں دو، دو سے تین تین سے چار چار سے، اور عدد کی صراحت اس پر زیادتی کو منع کرتی ہے اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ نہ نکاح کرے مگر ایک باندی سے اس لئے کہ باندی کا نکاح ان کے نزدیک ضرورۃً ثابت ہے، اور حجت امام شافعیؒ کے خلاف وہ آیت ہے جو ہم نے تلاوت کی اس لئے کہ امۃ منکوحہ کو لفظ نساء شامل ہے جیسا کہ ظہار میں۔

تشریح..... اس عبارت میں مصنفؒ نے تعدد ازواج کے بارے میں جو اختلاف تھا اس کو بالدلائل بیان فرمایا ہے:

چنانچہ احناف کے نزدیک آزاد مرد بیک وقت چار عورتوں سے نکاح کر سکتا ہے چاروں آزاد ہوں یا چاروں باندی یا بعض آزاد اور بعض باندی ہوں، امام شافعیؒ کے نزدیک اس جزء میں اختلاف ہے کہ اگر باندی سے نکاح کرے تو صرف ایک باندی سے کر سکتا ہے زائد سے نہیں۔ روافض نو تک کی اجازت دیتے ہیں، اور خوارج اٹھارہ تک کی۔ صاحب ہدایہ نے پہلے ان حضرات کی دلیل کو بیان فرمایا جو چار کی اجازت دیتے ہیں، دلیل میں آیت پیش کی ہے یہ آیت بیان عدد میں نص ہے اور عدد کی صراحت زیادتی کے لئے مانع ہے، لہٰذا چار سے زائد عورتیں ایک مرد آزاد کے لئے حلال نہیں ہوں گی ان حضرات کے نزدیک آیت میں لفظ واؤ ''او'' کے معنی میں ہے جو تخییر کے لئے ہے۔ اب مطلب ہوگا کہ ان اعداد میں سے کوئی بھی عدد اختیار کر لو دو کا یا تین کا یا چار کا سب درست ہیں، روافض نے واؤ کو جمع کے لئے مانا اور تینوں اعداد کو جمع کر کے نو کی اجازت دیدی۔ خوارج نے کہا کہ مثنیٰ وثلث ورباع میں تکرار کے معنی ہیں چنانچہ مثنیٰ کے معنی ہیں دو، دو ثلث کے معنی ہیں تین، تین۔ رباع کے معنی ہیں چار، چار۔ ان سب کو جمع کیا جائے تو اٹھارہ ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا انہوں نے اٹھارہ عورتوں سے نکاح کی اجازت دیدی۔ بعد کے یہ دونوں قول لغو ہیں۔ ان کی طرف التفات نہ کیا جائے۔ مذہب حق کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس کو ترمذی میں نقل کیا ہے، حدیث یہ ہے کہ غیلانؓ بن سلمہ اسلام لایا تو اس کے پاس دس عورتیں تھی پس آنحضرت ﷺ نے حکم دیا کہ ان میں سے چار چھانٹ لے اور باقی چھوڑ دے۔

**امام شافعیؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ باندی سے نکاح ضرورۃً ثابت ہے لہٰذا بقدر ضرورت ہی نکاح جائز ہوگا۔ اور ضرورت پوری ہو جاتی ہے ایک باندی سے۔ لہٰذا ایک سے زائد باندی سے نکاح جائز نہیں ہوگا۔ جیسا کہ ضرورت میں مُردار کو حلال کیا گیا، لہٰذا مُردار اتنی مقدار حلال ہوگا جس سے زندہ رہ سکے پیٹ بھر کر یا طالب لذت بن کر کھانا حرام ہے لیکن ہم نے جو آیت پیش کی ہے وہ امام شافعیؒ کے خلاف حجت ہوگی۔ کیونکہ آیت میں لفظ نساء مذکور ہے اور لفظ نساء جس طرح آزاد کو شامل ہے، اسی طرح امۃ منکوحہ کو بھی شامل ہے جیسا کہ کفارہ ظہار کے موقع پر فرمایا الذین یظاھرون من نسائھم۔ یہاں نساء سے آزاد اور باندی دونوں مراد ہیں چنانچہ آزاد بیوی سے ظہار کر لیا تب بھی کفارہ ظہار واجب ہے اور امۃ منکوحہ سے ظہار کیا تب بھی کفارہ ظہار لازم ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## غلام کے لئے دو سے زیادہ کے ساتھ نکاح ناجائز ہے

**وَلَايَجُوْزُ لِلْعَبْدِ اَنْ يَّتَزَوَّجَ اَكْثَرَ مِنِ اثْنَيْنِ وَ قَالَ مَالِكٌ يَجُوْزُ لِاَنَّهٗ فِيْ حَقِّ النِّكَاحِ بِمَنْزِلَةِ الْحُرِّ عِنْدَهٗ حَتّٰى مَلَكَهٗ بِغَيْرِ اِذْنِ الْمَوْلٰى وَ لَنَا اَنَّ الرِّقَّ مُنَصِّفٌ فَيَتَزَوَّجُ الْعَبْدُ اِثْنَتَيْنِ وَالْحُرُّ اَرْبَعًا اِظْهَارًا لِشَرْفِ الْحُرِّيَّةِ فَاِنْ طَلَّقَ الْحُرُّ اِحْدَى الْاَرْبَعِ طَلَاقًا بَائِنًا لَمْ يَجُزْ لَهٗ اَنْ يَّتَزَوَّجَ رَابِعَةً حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا وَ فِيْهِ خِلَافُ الشَّافِعِيِّ وَ هُوَ نَظِيْرُ نِكَاحِ الْاُخْتِ فِيْ عِدَّةِ الْاُخْتِ.**

---

**ترجمہ**...... غلام کے لئے جائز نہیں کہ وہ دو سے زیادہ عورتوں کو نکاح میں لائے، اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ جائز ہے۔ اس لئے کہ غلام نکاح کے حق میں آزاد کے مرتبہ میں ہے۔ امام مالکؒ کے نزدیک یہاں تک کہ نکاح کا مالک ہوگا بغیر مولی کی اجازت کے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ رقیت تنصیف کر دینے والی ہے۔ پس غلام دو عورتوں سے نکاح کرے اور آزاد چار سے شرافت حریت کو ظاہر کرنے کے لئے۔ پس اگر آزاد مرد نے چار میں سے ایک کو طلاق بائن دیدی تو اس کے لئے چوتھی سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔ یہاں تک کہ اس کی عدت گذر جائے۔ اور اس میں اختلاف ہے امام شافعیؒ کا اور یہ نظیر ہے نکاح اخت فی عدۃ الاخت کی۔

**تشریح**...... اس عبارت میں غلام کے لئے تعدد ازواج کا حکم بیان کیا ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دو عورتوں سے نکاح جائز ہے زیادہ سے اجازت نہیں، امام مالکؒ آزاد کی طرح غلام کے لئے بھی چار کی اجازت دیتے ہیں۔

امام مالکؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ نکاح کے معاملات میں غلام آزاد کے مانند ہے کیونکہ ملک نکاح آدمیت کے خواص میں سے ہے اور آدمیت میں رقیت کو کوئی دخل نہیں۔ آدمی آدمی سب برابر ہیں آزاد ہوں یا غلام۔ یہی وجہ ہے کہ غلام کو بغیر مولیٰ کی اجازت کے نکاح کا اختیار ہے۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ رقیت نعمتوں میں تنصیف کر دیتی ہے اور عورتوں کا حلال ہونا بھی اللہ کی طرف سے نعمت ہے لہٰذا اس نعمت میں بھی تنصیف ہوگی۔ پس جب آزاد کے لئے بیک وقت چار عورتیں حلال ہیں تو اس کا نصف یعنی دو عورتیں غلام کے لئے حلال ہوں گی۔ اور اگر غور کیا جائے تو واقعی شریعت میں نعمتیں متفاوت الاحوال ہیں۔ چنانچہ منصب نبوت سب سے اشرف تھا تو آپ کے لئے نو بیبیاں حلال کی گئیں اور آزاد کا حال غلام کے حال سے اشرف ہے تو آزاد کے لئے چار اور غلام کے لئے دو حلال کی گئیں تاکہ شرف حریت کو ظاہر کیا جاسکے احنافؒ کے مذہب کی تائید حدیث عمرؓ سے بھی ہوتی ہے قَالَ لَا يَتَزَوَّجُ الْعَبْدُ اَكْثَرَ مِنْ اثْنَتَيْنِ اور عطاء نے صحابہ کرام کا اجماع نقل کیا ہے کہ غلام دو عورتوں سے زائد نہیں رکھ سکتا (عینی شرح ہدایہ) لیکن اگر آپ اشکال کریں کہ ''فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ '' آیت مطلق ہے آزاد اور غلام سب کو شامل ہے تو ہم جواب دیں گے کہ اجماع ان الرق منصف سے آیت کو مقید کر دیا گیا۔ لہٰذا آیت صرف آزاد کو شامل ہوگی، غلام کو نہیں۔

اس کے بعد مصنف نے یہ مسئلہ بیان کیا کہ اگر آزاد مرد نے اپنی چار بیویوں میں سے ایک کو طلاق بائن دیدی تو جب تک وہ مطلقہ بائنہ اپنی عدت نہ گزار لے اس وقت تک یہ شخص چوتھی عورت سے شادی نہ کرے ورنہ اس کے نکاح میں پانچویں عورت جمع ہو جائے گی۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ چوتھی سے نکاح کر لے کیونکہ طلاق بائن کی وجہ سے وہ بالکلیہ زوجیت سے نکل گئی۔ لہٰذا پانچ عورتوں کا جمع کرنا لازم نہیں آئے گا اور یہ نکاح الاخت فی عدۃ الاخت کی نظیر ہے جس کی تفصیل ماقبل میں گذر چکی۔

## زنا سے حاملہ، کے ساتھ نکاح کا حکم

**قَالَ وَ اِنْ تَزَوَّجَ حُبْلٰى مِنْ زِنَاءٍ جَازَ النِّكَاحُ وَلَا يَطَأُهَا حَتّٰى تَضَعَ حَمْلَهَا وَهٰذَا عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَ مُحَمَّدٍ وَقَالَ اَبُوْيُوْسُفَ النِّكَاحُ فَاسِدٌ وَ اِنْ كَانَ الْحَمْلُ ثَابِتُ النَّسَبِ فَالنِّكَاحُ بَاطِلٌ بِالْاِجْمَاعِ لِاَبِىْ يُوْسُفَ اَنَّ الْاِمْتِنَاعَ فِى الْاَصْلِ لِحُرْمَةِ الْحَمْلِ وَ هٰذَا الْحَمْلُ مُحْتَرَمٌ لِاَنَّهُ لَا جِنَايَةَ مِنْهُ وَ لِهٰذَا لَمْ يَجُزْ اِسْقَاطُهُ وَلَهُمَا اَنَّهَا مِنَ الْمُحَلَّلَاتِ بِالنَّصِّ وَ حُرْمَةُ الْوَطْىِ كَيْلَا يَسْقِىَ مَاءَهُ زَرْعَ غَيْرِهٖ وَالْاِمْتِنَاعُ فِىْ ثَابِتِ النَّسَبِ لِحَقِّ صَاحِبِ الْمَاءِ وَلَا حُرْمَةَ لِلزَّانِىْ.**

---

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا ایسی عورت سے جو زنا سے حاملہ ہوئی ہے تو یہ نکاح جائز ہے اور اس سے وطی نہ کرے یہاں تک کہ وضع حمل ہو جائے اور یہ طرفین کے نزدیک ہے۔ ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ نکاح فاسد ہے اور اگر حمل ثابت النسب ہے تو بالاتفاق نکاح باطل ہے۔ ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ اصل (مقیس علیہ) میں نکاح سے رکنا احترام حمل کی وجہ سے ہے اور یہ حمل بھی محترم ہے۔ اس لئے کہ اس حمل کی طرف سے کوئی جنایت نہیں اور اسی وجہ سے اس کو ساقط کرنا جائز نہیں ہے۔ طرفین کی دلیل یہ ہے کہ حاملہ من الزنا محللات میں سے ہے۔ نص سے ثابت ہے اور حرمت وطی اس لئے ہے تاکہ اس کا پانی اس کے غیر کی کھیتی کو سیراب نہ کرے۔ اور ثابت النسب میں نکاح سے رکنا صاحب ماء کے حق کی وجہ سے ہے اور زانی کا کوئی احترام نہیں۔

تشریح...... زنا سے اگر کوئی عورت حاملہ ہوئی ہے تو اس سے جواز نکاح عدم جواز نکاح کے بارے میں اختلاف ہے۔ طرفین کے نزدیک نکاح جائز ہے البتہ وضع حمل تک وطی کرنا درست نہیں۔ امام ابو یوسف کے نزدیک نکاح ہی درست نہیں ہوا۔ اور امام شافعیؒ جواز نکاح اور جواز وطی دونوں کے قائل ہیں اور اگر حمل ثابت النسب ہے مثلاً حاملہ معتدۃ الغیر ہے تو اس صورت میں نکاح باطل ہے بالاتفاق اور اگر کسی شخص نے کسی عورت سے

زنا کیا وہ عورت اس سے حاملہ ہوگئی پھر اسی زانی نے اسی سے نکاح کرلیا تو نکاح بھی جائز ہے اور وطی بھی حلال ہے بالاتفاق۔ امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ حمل اگر ثابت النسب ہے تو عدم جواز نکاح احترام حمل کی وجہ سے ہے اور حمل من الزنا بھی محترم ہے۔ اس لئے کہ حمل کی طرف سے کوئی جنایت نہیں۔ جنایت جو کچھ ہے زانی اور مزنیہ کی طرف سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حمل کو ساقط کرنا ناجائز ہے۔ البتہ ہمارے زمانہ میں ساقط کرنا جائز ہے (حاشیہ ہدایہ) پس جب اصل یعنی مقیس علیہ میں عدم جواز نکاح کی جو علت ہے وہی علت فرع یعنی مقیس میں بھی موجود ہے۔ تو پھر مقیس میں بھی مقیس علیہ کا حکم لگا دیا جائے گا۔ یعنی عدم جواز نکاح کا علت مشترکہ احترام حمل ہے۔

**طرفینؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ حاملہ من الزنا محللات میں سے ہے۔ اور نص یعنی احل لکم ما وراء ذٰلکم سے ثابت ہے کیونکہ حاملہ من الزنا کا ذکر محرمات کے بیان میں نہیں کیا گیا ہے۔ اور جو محللات میں سے ہو اس کے ساتھ نکاح جائز ہے۔ لہٰذا حاملہ من الزنا کے ساتھ بھی نکاح جائز ہوگا۔ لیکن اگر آپ کو یہ اشکال پیدا ہو جائے کہ حاملہ ثابت النسب کا ذکر بھی محرمات میں نہیں ہے تو کیا وجہ ہے کہ اس کو احل لکم ما وراء ذٰلکم کے تحت داخل نہیں کیا گیا۔ اور حاملہ ثابت النسب سے نکاح کو جائز قرار نہیں دیا گیا۔

**جواب** ...... حاملہ ثابت النسب باری تعالیٰ کے قول ''ولا تعزموا عقدة النكاح حتىٰ يبلغ الكتاب اجله'' کے تحت داخل ہے یعنی نہ ارادہ کرو نکاح کا یہاں تک کہ اپنی مقررہ عدت کی انتہا کو پہنچ جائے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی عورت خاوند سے جدا ہوگئی تو جب تک عدت میں ہے کسی کے لئے جائز نہیں کہ اس سے نکاح کرے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ حاملہ کی عدت وضع حمل ہے لہٰذا وضع حمل سے پہلے نکاح نہ کرے۔ (عینی شرح ہدایہ) لیکن سوال یہ ہے کہ حاملہ من الزناء جب محللات میں سے ہے تو پھر وقوع نکاح کے بعد وطی کیوں حرام کی گئی۔

**جواب** ...... وطی اس لئے حرام کی گئی تاکہ اپنے پانی سے غیر کی کھیتی کو سیراب کرنا لازم نہ آئے اس لئے کہ یہ حرام ہے۔ حضور ﷺ کا ارشاد ہے من كان يومن بالله واليوم الاخر فلا يسقي ماءه زرع غيره ۔ یعنی جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لائے وہ اپنے پانی سے اپنے غیر کی کھیتی کو سیراب نہ کرے، مراد یہ ہے کہ حوامل سے وطی نہ کرے۔

**امام ابو یوسفؒ کی دلیل** ...... کا جواب یہ ہے کہ ہمیں یہ تسلیم نہیں کہ فساد نکاح احترام حمل کی وجہ سے ہے بلکہ وہ صاحب ماء کے حق کی وجہ سے ہے اور زانی کا کوئی احترام نہیں اس کے فعل حرام کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## قید ہو کر آنے والی حاملہ سے نکاح کا حکم

**فَاِنْ تَزَوَّجَ حَامِلًا مِنَ السَّبْيِ فَالنِّكَاحُ فَاسِدٌ لِاَنَّهُ ثَابِتُ النَّسَبِ وَ اِنْ زَوَّجَ اُمَّ وَلَدِهٖ وَ هِيَ حَامِلٌ مِنْهُ فَالنِّكَاحُ بَاطِلٌ لِاَنَّهَا فِرَاشٌ لِمَوْلَاهَا حَتّٰى يَثْبُتَ نَسَبُ وَلَدِهَا مِنْهُ مِنْ غَيْرِ دَعْوَةٍ فَلَوْ صَحَّ النِّكَاحُ لَحَصَلَ الْجَمْعُ بَيْنَ الْفِرَاشَيْنِ اِلَّا اَنَّهُ غَيْرُ مُتَاَكِّدٍ حَتّٰى يَنْتَفِيَ الْوَلَدُ بِالنَّفْيِ مِنْ غَيْرِ لِعَانٍ فَلَا يُعْتَبَرُ مَا لَمْ يَتَّصِلْ بِهِ الْحَمْلُ.**

---

ترجمہ ...... پس اگر نکاح کیا ایسی حاملہ سے جو دار الحرب سے گرفتار ہو کر آئی ہے تو نکاح فاسد ہے اس لئے کہ یہ حمل ثابت النسب ہے اور اگر نکاح کیا اپنی ام ولد کا (کسی دوسرے سے) اور حال یہ کہ وہ حاملہ ہے مولیٰ سے تو نکاح باطل ہے اس لئے کہ وہ اپنے مولیٰ کی فراش ہے حتیٰ کہ اس کے ولد کا نسب ثابت ہو جائے گا مولیٰ سے بغیر دعویٰ نسب کے۔ پس اگر نکاح صحیح ہو گیا تو جمع بین الفراشین حاصل ہوگا مگر یہ کہ وہ غیر قوی ہے یہاں تک کہ ولد منتفی ہو جائے گا نفی کر دینے سے، بغیر لعان کے پس نہیں معتبر ہوگا جب تک کہ اس کے ساتھ حمل متصل نہ ہو۔

تشریح ...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے ایسی عورت سے نکاح کیا جو دار الحرب سے گرفتار کر کے لائی گئی ہے اور وہ حاملہ ہے تو نکاح فاسد ہوگا۔ ائمہ

اربعہ کا اس پر اتفاق ہے دلیل یہ ہے کہ اس کے شوہر حربی سے اس کے حمل کا نسب ثابت ہے اور ثابت النسب سے نکاح فاسد ہوتا ہے۔

دوسرا مسئلہ...... یہ ہے کہ ایک شخص کی ام ولد حاملہ ہے اسی کے پانی سے۔ پھر مولیٰ نے اس ام ولد کا کسی دوسرے سے نکاح کر دیا تو یہ نکاح باطل ہے کیونکہ یہ ام ولد اپنے مولیٰ کی فراش ہے۔ چنانچہ اس کے ولد کا نسب مولیٰ سے بغیر دعویٰ نسب کے ثابت ہو جاتا ہے۔ اب اگر ام ولد کے نکاح کو درست قرار دیدیا جائے تو جمع بین الفراشین لازم آئے گا اس لئے کہ وہ مولیٰ کی فراش ہے ام ولد ہونے کی وجہ سے اور شوہر کی فراش ہوگی۔ نکاح کی وجہ سے اور جمع بین الفراشین باطل ہے۔ کیونکہ جمع بین الفراشین کی صورت میں نسب مشتبہ ہو جائے گا۔

''الا انه غیر متاكد '' سے ایک اعتراض کا جواب ہے، اعتراض یہ ہے کہ جب ام ولد مولیٰ کا فراش ہے تو غیر حاملہ ہونے کی صورت میں بھی نکاح باطل ہونا چاہئے۔ کیونکہ اب بھی جمع بین الفراشین لازم آئے گا۔ جواب یہ ہے کہ ام ولد مولیٰ کا فراش تو ضرور ہے لیکن قوی نہیں ضعیف ہے یہی وجہ ہے کہ ام ولد کا بچہ نفی کر دینے سے منتفی ہو جائے گا بغیر لعان کے بخلاف حرہ منکوحہ کے کہ اس کے بچہ کی نفی اگر کی گئی تو لعان واجب ہوگا۔ پس ام ولد کا فراش ہونا اسی وقت معتبر ہوگا جبکہ اس کے ساتھ حمل متصل ہو اور اگر حمل متصل نہیں تو فراش ہونا بھی معتبر نہیں ہوگا۔

## موطوءہ باندی سے نکاح کا حکم

قَالَ وَ مَنْ وَطِيَ جَارِيَتَهٗ ثُمَّ زَوَّجَهَا جَازَ النِّكَاحُ لِاَنَّهَا لَيْسَتْ بِفِرَاشٍ لِمَوْلَاهَا فَاِنَّهَا لَوْجَاءَ تْ بِوَلَدٍ لَا يَثْبُتُ نَسَبُهٗ مِنْ غَيْرِ دَعْوَةٍ اِلَّا اَنَّ عَلَيْهِ اَنْ يَسْتَبْرِاَهَا صِيَانَةً لِمَائِهٖ وَاِذَا جَازَ النِّكَاحُ فَلِلزَّوْجِ اَنْ يَطَاَهَا قَبْلَ الْاِسْتِبْرَاءِ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ وَقَالَ مُحَمَّدٌ لَا اُحِبُّ لَهٗ اَنْ يَطَاَهَا قَبْلَ اَنْ يَسْتَبْرِاَهَا لِاَنَّهٗ اِحْتَمَلَ الشُّغْلَ بِمَاءِ الْمَوْلٰى فَوَجَبَ التَّنَزُّهُ كَمَا فِي الشِّرَاءِ وَلَهُمَا اَنَّ الْحُكْمَ بِجَوَازِ النِّكَاحِ اَمَارَةُ الْفَرَاغِ فَلَا يُؤْمَرُ بِالْاِسْتِبْرَاءِ لَا اِسْتِحْبَابًا وَلَا وُجُوْبًا بِخِلَافِ الشِّرَاءِ لِاَنَّهٗ يَجُوْزُ مَعَ الشُّغْلِ.

---

ترجمہ...... اور جس شخص نے وطی کی اپنی جاریہ سے پھر اس کا نکاح کر دیا تو نکاح جائز ہے اس لئے کہ وہ اپنے مولیٰ کی فراش نہیں۔ کیونکہ اگر اس نے بچہ جنا تو اس کا نسب بغیر دعویٰ نسب کے ثابت نہیں ہوگا۔ مگر یہ کہ مولیٰ پر استبراء کرانا مستحب ہے اپنے پانی کو محفوظ کرنے کے لئے۔ اور جب نکاح جائز ہو گیا تو زوج کے لئے جائز ہے کہ وطی کرے اس سے استبراء سے پہلے شیخینؒ کے نزدیک۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ میں اس کے لئے پسند نہیں کرتا ہوں کہ اس سے وطی کرے استبراء سے پہلے اس لئے کہ مولیٰ کے پانی کے ساتھ شغل کا احتمال ہے۔ پس پاکی ثابت ہے جیسا کہ شراء میں اور شیخینؒ کی دلیل یہ ہے کہ جواز نکاح کا حکم علامت ہے فراغ رحم کی۔ لہٰذا استبراء کا حکم نہیں دیا جائے گا نہ استحبابا نہ وجوبا بخلاف شراء کے اس لئے کہ شراء مشغولیت رحم کے ساتھ بھی جائز ہے۔

تشریح...... ایک شخص نے اپنی باندی سے وطی کی پھر کسی دوسرے سے اس کا نکاح کر دیا تو استبراء رحم سے پہلے اس کا نکاح جائز ہے۔ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ نے فرمایا کہ ایک حیض کے ساتھ استبراء سے پہلے اس کا نکاح جائز نہیں ہے۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ اس کا نکاح جائز نہیں یہاں تک کہ تین حیض گذارے۔ جواز نکاح کی دلیل سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لیجئے کہ ام ولد کہتے ہیں کہ مولیٰ نے اپنی باندی سے وطی کی پھر بچہ پیدا ہو گیا۔ مولیٰ نے نسب کا دعویٰ کر دیا تو یہ باندی ام ولد کہلائے گی۔ دوسری مرتبہ بچہ پیدا ہونے پر بغیر دعویٰ نسب کے نسب ثابت ہو جائے گا۔ دوسری بات یہ کہ فراش کہتے ہیں کہ عورت اپنے بچہ کے نسب کو ثابت کرنے میں دعویٰ نسب کی محتاج نہ ہو۔ اب جواز نکاح کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ یہ باندی اپنے مولیٰ کی فراش نہیں۔ کیونکہ بغیر دعویٰ نسب کے مولیٰ سے اس کے بچہ کا نسب ثابت نہیں ہوگا۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ یہ باندی مولیٰ کی فراش نہیں تو اس کا نکاح درست ہوگا اس لئے کہ علت منع فراش ہونا تھا اور وہ پایا نہیں گیا ہاں البتہ نکاح سے پہلے استبراء کرانا مولیٰ پر مستحب ہے تا کہ خود مولیٰ کا پانی محفوظ ہو

سکے۔ جب نکاح درست ہو گیا تو شوہر کے لئے استبراء سے پہلے وطی کرنا درست ہے یا نہیں اس بارے میں اختلاف ہے۔ شیخینؒ کے نزدیک درست ہے۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک پسندیدہ نہیں ہے۔ امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ مولیٰ کے پانی کے ساتھ باندی کے رحم کے مشغول ہونے کا احتمال ہے لہٰذا اس کو پاک کرنا چاہئے۔ جیسا کہ کسی نے باندی خریدی تو مشتری استبراء سے پہلے وطی نہ کرے بلکہ استبراء واجب ہوگا۔

شیخینؒ کی دلیل...... کا حاصل یہ ہے کہ شریعت کا جواز نکاح کا حکم لگانا علامت ہے فراغ رحم کی اس لئے کہ نکاح اسی وقت مشروع کیا گیا جبکہ رحم شاغل محرم سے فارغ ہو۔ اور جب رحم فارغ ہے تو استبراء کا حکم نہیں دیا جائے گا نہ استحبابی نہ وجوبی۔ امام محمدؒ کے قیاس کا جواب یہ ہے کہ شراء شغل رحم کے ساتھ بھی جائز ہے۔ لہٰذا باندی کا خریدنا فراغ رحم کی علامت نہیں ہوگا۔ اور چونکہ شغل رحم کے ساتھ نکاح جائز نہیں اس لئے جواز نکاح کا حکم فراغ رحم کی علامت ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## زانیہ کو زنا کرتے دیکھا پھر اس سے نکاح کرنے کا حکم

**وَ كَذَا اِذَا رَأىٰ اِمْرَأَةً تَـزْنِـيْ فَتَـزَوَّجَهَا حَلَّ لَهُ اَنْ يَّطَأَهَا قَبْلَ اَنْ يَّسْتَبْرَأَهَا عِنْدَهُمَا وَ قَالَ مُحَمَّدٌ لَا اُحِبُّ لَهُ اَنْ يَّطَأَهَا مَالَمْ يَسْتَبْرَاهَا وَالْمَعْنىٰ مَا ذَكَرْنَا.**

---

ترجمہ...... اور جب دیکھا کسی عورت کو کہ وہ زنا کرتی ہے پھر اس سے نکاح کیا تو اس کے لئے وطی حلال ہے استبراء سے پہلے شیخینؒ کے نزدیک اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ میں اس کے لئے پسند نہیں کرتا کہ اس سے وطی کرے جب تک کہ استبراء نہ کرالے اور دلیل وہی ہے جو ہم نے ذکر کی۔

تشریح...... ایک عورت کو زنا کرتے ہوئے دیکھا پھر اس سے نکاح کر لیا تو شیخینؒ کے نزدیک استبراء سے پہلے ہی وطی کرنا حلال ہے اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ بغیر استبراء کے وطی کرنا میرے نزدیک پسندیدہ نہیں ہے فریقین کے دلائل وہی ہیں جن کا ذکر اس سے پہلے مسئلہ میں ہو چکا۔

## نکاح متعہ باطل ہے

**وَ نِـكَـاحُ الْـمُـتْـعَةِ بَـاطِلٌ وَ هُوَ اَنْ يَّقُوْلَ لِاِمْرَأَةٍ اَتَمَتَّعُ بِكِ كَذَا مُدَّةٍ بِكَذَا مِنَ الْمَالِ وَ قَالَ مَالِكٌ هُوَ جَائِزٌ لِاَنَّهُ كَـانَ مُبَـاحًـا فَيَـبْـقىٰ اِلىٰ اَنْ يَّظْهَرَ نَاسِخُهُ قُلْنَا ثَبَتَ النَّسْخُ بِاِجْمَاعِ الصَّحَابَةِ وَابْنُ عَبَّاسٍ صَحَّ رُجُوْعُهُ اِلىٰ قَوْلِهِمْ فَتَقَرَّرَ الْاِجْمَاعُ.**

---

ترجمہ...... اور نکاح متعہ باطل ہے اور وہ یہ ہے کہ کہے کسی عورت سے کہ میں تجھ سے اتنی مدت اتنے مال کے بدلہ نفع اٹھاؤں گا اور امام مالکؒ نے فرمایا نکاح متعہ جائز ہے اس لئے کہ متعہ مباح تھا۔ پس باقی رہے گا یہاں تک کہ کوئی ناسخ ظاہر ہو ہم کہیں گے کہ اجماع صحابہ سے نسخ ثابت ہو گیا۔ اور ابن عباسؓ کا رجوع بھی ثابت ہو چکا قول صحابہؓ کی جانب پس اجماع ثابت ہے۔

تشریح...... متعہ کسی عورت سے اتمتع بك كذا مدة بكذا من المال کہنا ہے یعنی مقررہ مال کے بدلے معینہ مدت تک نفع اٹھانا۔ تمام ائمہؒ متعہ کی حرمت کے قائل ہیں۔ علاوہ امام مالکؒ کے۔ صاحبؒ ہدایہ کے بیان کے مطابق امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں متعہ مباح تھا۔ لہٰذا اس کی اباحت اس وقت تک باقی رہے گی جب تک کوئی ناسخ نہ آجائے اور ناسخ اب تک آیا نہیں۔ لہٰذا مباح رہے گا۔ لیکن صاحب ہدایہ نے جواب میں فرمایا کہ متعہ کی حرمت پر صحابہؓ کا اجماع ہے وہ ناسخ بن جائے گا مگر اس پر یہ اشکال ہوگا کہ حرمت متعہ پر صحابہؓ کے اجماع کو نقل کرنا صحیح نہیں۔ کیونکہ اجماع کے زمانہ میں ابن عباسؓ متعہ کے جواز کے قائل تھے۔ اس کا جواب یہ ہوگا کہ ایک مرتبہ حضرت علیؓ نے ابن عباسؓ سے کہا کہ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن متعہ کو حرام کر دیا تھا۔ ابن عباسؓ نے یہ سن کر اپنے قول سے رجوع کیا۔ اور جواز متعہ

کے سلسلہ میں اپنے قول سے توبہ کی۔ پس جب ابن عباسؓ بھی رجوع فرما چکے تو حرمتِ متعہ پر اجماع ثابت ہو گیا۔

متعہ خیبر سے پہلے حلال تھا لیکن خیبر کے دن حضور ﷺ نے پالتو گدھوں کے گوشت اور متعۃ النساء کو حرام کیا۔ پھر فتح مکہ کے سال یوم اوطاس میں تین دن کے لئے حلال کیا گیا۔ پھر چوتھے دن قیامت تک کے لئے حرام کر دیا گیا۔ اس موقع پر یہ واضح کر دینا بھی ضروری ہے کہ صاحب ہدایہ نے امام مالکؒ کے مذہب کو نقل کرنے میں غلطی کی یا سہو ہو گیا کیونکہ مالکیہ کی کسی کتاب میں جواز متعہ کو بیان نہیں کیا گیا۔ علاوہ ازیں امام مالکؒ نے اپنی مؤطا میں حضرت علیؓ کی حدیث نقل کی ہے۔ ان رسول اللہ ﷺ نھی عن متعۃ النساء و عن لحوم الحمر الاھلیۃ من خیبر (عینی شرح ہدایہ) اور حضرت امام مالکؒ کی عادت ہے کہ وہ اپنی موطا میں وہی حدیث روایت کرتے ہیں جو ان کا مذہب ہوتی ہے۔ پس اس حدیث کو موطا میں جگہ دینا اس بات کی دلیل ہے کہ امام مالکؒ بھی حرمت متعہ کے قائل ہیں۔

## نکاح مؤقت باطل ہے

**وَالنِّكَاحُ الْمُؤَقَّتُ بَاطِلٌ مِثْلَ اَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَأَةً بِشَهَادَةِ شَاهِدَيْنِ اِلٰى عَشَرَةِ اَيَّامٍ وَ قَالَ زُفَرُ هُوَ صَحِيْحٌ لَازِمٌ لِاَنَّ النِّكَاحَ لَا يَبْطُلُ بِالشُّرُوْطِ الْفَاسِدَةِ وَ لَنَا اَنَّهُ اَتٰى بِمَعْنَى الْمُتْعَةِ وَالْعِبْرَةُ فِي الْعُقُوْدِ لِلْمَعَانِيْ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ مَا اِذَا طَالَتْ مُدَّةُ التَّاْقِيْتِ اَوْ قَصُرَتْ لِاَنَّ التَّاْقِيْتَ هُوَ الْمُعَيِّنُ لِجِهَةِ الْمُتْعَةِ وَ قَدْ وُجِدَ.**

---

ترجمہ...... اور نکاح مؤقت باطل ہے، مثلاً نکاح کرے کسی عورت سے دو گواہوں کی گواہی سے دس دن کے لئے اور امام زفرؒ نے کہا صحیح ہے لازم ہے۔ اس لئے کہ نکاح شروط فاسدہ سے باطل نہیں ہوتا اور ہماری دلیل یہ ہے کہ نکاح موقت متعہ کے معنی میں ہے اور عقود میں معانی کا اعتبار ہے۔ اور کوئی فرق نہیں اس کے درمیان کہ مدت تاقیت دراز ہو یا کم اس لئے کہ تاقیت ہی جہتِ متعہ کو معین کرنے والی ہے اور وہ پایا گیا۔

تشریح...... نکاح مؤقت یہ ہے کہ کوئی شخص دو گواہوں کی موجودگی میں ایک مدت محدود کے لئے نکاح کرے۔ مثلاً دس دن کے لئے ایک سال کے لئے وغیرہ وغیرہ۔ نکاح موقت اور نکاح متعہ میں فرق دو طرح سے ہے۔ اول یہ کہ نکاح موقت میں لفظ تزوج مذکور ہوتا ہے متعہ میں نہیں۔ دوم یہ کہ موقت میں شہادت شاہدین ہوتی ہے متعہ میں نہیں۔ عام فقہاء نکاح موقت کی حرمت کے قائل ہیں علاوہ امام زفرؒ کے۔ امام زفرؒ جواز کے قائل ہیں۔ دلیل امام زفرؒ کی یہ ہے کہ نکاح موقت نکاح ہے اور صرف اس میں وقت محدود کی شرط لگا دی گئی۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ نکاح شروط فاسدہ سے باطل نہیں ہوتا بلکہ خود شروط فاسدہ باطل ہو جاتی ہیں۔ مثلاً کسی شخص نے اس شرط پر نکاح کیا کہ ایک ماہ کے بعد طلاق نہیں دوں گا تو یہ شرط باطل ہو جائے گی اور نکاح درست ہوگا۔ اور ایک ماہ کے بعد بھی شوہر کو طلاق دینے کا حق حاصل رہے گا۔ لیکن امام زفرؒ کی دلیل کا جواب دیتے ہوئے ہم کہتے ہیں کہ وقت محدود شرط نہیں بلکہ ایجاب وقبول ہی اس وقت تک کے لئے ہے اور ایسا ایجاب وقبول صحیح نہیں ہے۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ نکاح موقت میں متعہ کے معنی پائے جاتے ہیں۔ کیونکہ نکاح موقت کا مطلب بھی یہی ہے کہ تجھ سے چند روز نفع اٹھاؤں گا اور عقود میں معانی کا اعتبار ہوتا ہے نہ کہ الفاظ کا۔ مثلاً کسی نے کسی شخص کو کہا کہ تو میرے مرنے کے بعد میرا وکیل ہے تو وہ وصی ہو جائے گا۔ اور اگر کہا کہ تو میری زندگی میں میرا وصی ہے تو وکیل ہو جائے گا یا آپ نے پڑھا ہوگا کہ کفالہ بشرط براءت اصیل حوالہ ہے۔ اور حوالہ بشرط عدم براءت اصیل کفالہ ہے۔ پس جب عقود میں معانی کا اعتبار ہوتا ہے اور نکاح موقت میں متعہ کے معنی پائے گئے اور قاعدہ ہے کہ جس پر متعہ صادق آ جائے وہ باطل ہے لہٰذا نکاح موقت بھی باطل ہوگا۔ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ نکاح موقت میں جو مدت ذکر کی جائے وہ دراز ہو یا کم دونوں صورتوں میں بطلان کا حکم ہوگا کیونکہ وقت محدود کرنا ہی جہت متعہ کو معین کرنے والا ہے اور وہ پایا گیا۔ درحقیقت یہ حسنؒ بن زیاد کے قول سے احتراز ہے وہ فرماتے ہیں کہ اگر اتنی طویل مدت ذکر کر دی جس میں دونوں زندہ نہیں رہ سکتے تو اس صورت میں نکاح درست ہوگا۔ اس لئے کہ اب یہ تاکید کے معنی میں ہوگا۔ ابو حنیفہؒ سے بھی ایک روایت یہی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## دو عورتوں سے ایک عقد کے ساتھ نکاح کیا، ایک کے ساتھ نکاح حلال نہ تھا، حلال کے ساتھ نکاح درست ہے، دوسری کا باطل

**وَ مَنْ تَزَوَّجَ امْرَأَتَيْنِ فِيْ عَقْدَةٍ وَاحِدَةٍ وَ اِحْدٰهُمَا لَا يَحِلُّ لَهٗ نِكَاحُهَا صَحَّ نِكَاحُ الَّتِيْ حَلَّ نِكَاحُهَا وَ بَطَلَ نِكَاحُ الْاُخْرٰى لِاَنَّ الْمُبْطِلَ فِيْ اِحْدٰهُمَا بِخِلَافِ مَا اِذَا جَمَعَ بَيْنَ حُرٍّ وَ عَبْدٍ فِي الْبَيْعِ لِاَنَّهٗ يَبْطُلُ بِالشُّرُوْطِ الْفَاسِدَةِ وَ قُبُوْلُ الْعَقْدِ فِي الْحُرِّ شَرْطٌ فِيْهِ ثُمَّ جَمِيْعُ الْمُسَمّٰى لِلَّتِيْ حَلَّ نِكَاحُهَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ عِنْدَهُمَا يُقْسَمُ عَلٰى مَهْرِ مِثْلِهِمَا وَ هِيَ مَسْئَلَةُ الْاَصْلِ.**

---

ترجمہ......اور جس شخص نے ایک عقد میں دو عورتوں سے نکاح کیا اور ان دونوں میں سے ایک کا نکاح اس سے حلال نہیں تو وہ عورت جس کا نکاح حلال ہے اس کا نکاح درست ہوگا اور دوسری کا نکاح باطل ہوگا۔ اس لئے کہ مبطل ان دونوں میں سے ایک میں ہے بخلاف اس صورت کے جبکہ غلام اور آزاد کو بیع میں جمع کیا اس لئے کہ بیع شروط فاسدہ سے باطل ہو جاتی ہے۔ حالانکہ اس عقد میں آزاد کے حق میں عقد قبول کرنا شرط ہے۔ پھر جمیع مسمیٰ اس عورت کے لئے ہے جس کا نکاح حلال ہے ابو حنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک تقسیم کیا جائے گا دونوں کے مہر مثل پر اور یہ مسئلہ مبسوط کا ہے۔

**تشریح**......ایک شخص نے عقد واحد میں دو عورتوں سے نکاح کیا ان دونوں میں سے ایک اس کے لئے حلال ہے اور ایک حرام ہے قرابت نسب یا رضاعت یا کسی اور وجہ سے تو حکم یہ ہے کہ جو حلال تھی اس کا نکاح درست ہو جائے گا اور جو حرام تھی اس کا باطل ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ بطلان بقدر مبطل ہوتا ہے اور مبطل صرف ایک میں ہے نہ کہ دوسری میں لہٰذا جس میں مبطلِ نکاح موجود ہے اس کا نکاح باطل ہو جائے گا اور جس میں مبطل نکاح موجود نہیں اس کا درست ہوگا۔ بخلاف اس کے کہ اگر کسی نے عقد بیع میں آزاد اور غلام دونوں کو جمع کر دیا تو ان دونوں میں بیع باطل ہوگی۔ وجہ فرق یہ ہے کہ جب آزاد اور غلام دونوں کو ایک عقد میں جمع کیا تو مشتری دونوں میں بیع کو قبول کرے یا دونوں میں چھوڑ دے یہ جائز نہیں کہ کچھ میں قبول کرے اور کچھ میں قبول نہ کرے۔ کیونکہ اس میں تفریق صفقہ ہے اور تفریق صفقہ حرام ہے۔ پس جب دونوں میں قبول کرے گا تو غلام میں عقد قبول کرنے کے لئے آزاد میں عقد کا قبول کرنا شرط ہوگا اور چونکہ آزاد محل بیع نہیں ہے اس لئے مطلب یہ ہوگا کہ غیر مبیع میں عقد قبول کرنا بیع کے لئے شرط ہے۔ اور یہ شرط فاسد ہے جس کا عقد تقاضا نہیں کرتا اور یہ پہلے معلوم ہو چکا کہ شرط فاسد کی وجہ سے بیع فاسد ہو جاتی ہے کیونکہ حضور ﷺ نے بیع و شرط سے منع فرمایا ہے۔ لہٰذا یہاں بیع فاسد ہوگی آزاد میں بھی اور غلام میں بھی۔

**اس کے برخلاف نکاح**......اس میں بھی یہی صورت ہے کہ محللہ میں عقد نکاح قبول کرنے کے لئے محرمہ میں قبولیت کی شرط لگا دی۔ اور یہ شرط فاسد ہے۔ لیکن نکاح شروطِ فاسدہ کی وجہ سے باطل نہیں ہوتا۔ بلکہ خود شرط فاسد باطل ہو جاتی ہے۔ اس لئے محللہ کا نکاح درست ہوگا اور محرمہ کا باطل۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ تمام مہر مسمیٰ اس عورت کے لئے ہوگا جس کا نکاح حلال ہے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ کے نزدیک دونوں کے مہر مثل پر تقسیم کی جائے گی۔

**صاحبینؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ شوہر نے مہر مسمیٰ کو دونوں کے بضع کا مقابل بنایا ہے نہ کہ ایک کے لہٰذا ہم بھی دونوں کا تقابل رکھیں گے نہ کہ ایک کا۔ امام صاحبؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ انقسام صحت مقابلہ کے احکام میں سے ہے اور جو عورت محل نکاح نہیں اس کے حق میں مقابلہ ہی باطل ہے لہٰذا دونوں کی طرف مہر کو منسوب کرنا لغو ہوگا۔ اور محرمہ کا ذکر اور عدم ذکر دونوں برابر ہیں اور یہ ایسا ہے جیسے کسی نے کہا کہ میں نے ایک ہزار درہم کے بدلے میں نکاح کیا اس گدھے اور اس عورت سے تو یہاں ایک ہزار جو مہر ہے تقسیم نہیں کیا جائے گا۔ لہٰذا ایسے ہی متن کے مسئلہ میں تقسیم نہیں کیا

جائے گا۔ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ یہ مسئلہ مبسوط میں مذکور ہے۔

## ایک عورت نے مرد پر گواہوں کے ساتھ دعویٰ کیا کہ اس نے میرے ساتھ نکاح کیا اور قاضی نے اسے بیوی قرار دے دیا حالانکہ شوہر نے نکاح نہیں کیا تھا عورت مرد کے ساتھ رہے اور مرد جماع کر سکتا ہے

وَ مَنِ ادَّعَتْ عَلَيْهِ امْرَأَةٌ اَنَّهُ تَزَوَّجَهَا وَ اَقَامَتْ بَيِّنَةً فَجَعَلَهَا الْقَاضِيْ اِمْرَأَتَهُ وَلَمْ يَكُنْ تَزَوَّجَهَا وَسِعَهَا الْمُقَامُ مَعَهُ وَ اَنْ تَدَعَهُ يُجَامِعُهَا وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ هُوَ قَوْلُ اَبِيْ يُوْسُفَ اَوَّلًا وَفِيْ قَوْلِهِ الْاٰخِرِ وَ هُوَ قَوْلُ مُحَمَّدٍ لَا يَسَعُهُ اَنْ يَطَأَهَا وَ هُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ لِاَنَّ الْقَاضِيْ اَخْطَأَ الْحُجَّةَ اِذِ الشُّهُوْدُ كَذَبَةٌ فَصَارَ كَمَا اِذَا ظَهَرَ اَنَّهُمْ عَبِيْدٌ اَوْ كُفَّارٌ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ الشُّهُوْدَ صَدَقَةٌ عِنْدَهُ وَ هُوَ الْحُجَّةُ لِتَعَذُّرِ الْوُقُوْفِ عَلٰى حَقِيْقَةِ الصِّدْقِ بِخِلَافِ الْكُفْرِ وَالرِّقِّ لِاَنَّ الْوُقُوْفَ عَلَيْهِمَا مُتَيَسَّرٌ وَاِذَا ابْتَنَى الْقَضَاءُ عَلَى الْحُجَّةِ وَ اَمْكَنَ تَنْفِيْذُهُ بَاطِنًا بِتَقْدِيْمِ النِّكَاحِ نَفَذَ قَطْعًا لِلْمُنَازَعَةِ بِخِلَافِ الْاَمْلَاكِ الْمُرْسَلَةِ لِاَنَّ فِي الْاَسْبَابِ تَزَاحُمًا فَلَا اِمْكَانَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

---

ترجمہ.....وہ شخص کہ دعویٰ کیا اس پر ایک عورت نے کہ اس نے مجھ سے نکاح کیا اور گواہ قائم کر دیئے پس قاضی نے اس عورت کو اس کی بیوی کر دیا۔ حالانکہ اس مرد نے اس عورت سے نکاح نہیں کیا تھا تو اس عورت کے لئے گنجائش ہے کہ اس مرد کے ساتھ قیام کرے اور وہ عورت اس مرد کو چھوڑ دے کہ اس سے جماع کرے۔ اور یہ ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے اور یہی ابو یوسفؒ کا قول اول ہے اور ابو یوسفؒ کا دوسرا قول اور یہی قول ہے امام محمدؒ کا کہ مرد کے لئے گنجائش نہیں کہ اس عورت سے وطی کرے اور یہی قول ہے امام شافعیؒ کا۔ اس لئے کہ قاضی نے حجت میں غلطی کی۔ اس لئے کہ گواہ جھوٹے ہیں۔ پس ہو گیا جیسا کہ جب ظاہر ہوا کہ وہ گواہ غلام ہیں یا کافر ہیں۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ قاضی کے نزدیک گواہ صادق ہیں اور یہی حجت ہے۔ کیونکہ حقیقت صدق پر واقف ہونا متعذر ہے۔ بخلاف کفر اور رق کے، اس لئے کہ ان دونوں پر واقف ہونا آسان ہے۔ اور جب فیصلہ کی بنیاد حجت پر رکھی گئی اور اس فیصلہ کو باطناً نافذ کرنا ممکن بھی ہے نکاح کو مقدم مان کر تو نکاح نافذ کر دیا جائے گا جھگڑا ختم کرنے کے لئے بخلاف املاک مرسلہ کے اس لئے کہ اسباب میں مزاحمت ہے پس کوئی امکان نہیں اور اللہ زیادہ واقف ہیں۔

تشریح.....صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک عورت نے ایک مرد پر جھوٹا دعویٰ کر دیا کہ یہ میرا شوہر ہے مجھ سے اس نے شادی کی تھی۔ اپنے اس جھوٹے دعویٰ پر جھوٹی شہادت بھی پیش کر دی قاضی نے ظاہر شہادت پر عورت کے حق میں فیصلہ دیدیا تو قاضی کا یہ فیصلہ نافذ ہوگا یا نہیں۔ اس بارے میں اختلاف ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ فیصلہ ظاہراً اور باطناً دونوں طرح نافذ ہوگا۔ امام ابو یوسفؒ کا قول اول بھی یہی ہے۔ امام محمدؒ کے نزدیک ظاہراً تو نافذ ہوگا باطناً نافذ نہیں ہوگا۔ امام ابو یوسفؒ کا دوسرا قول بھی یہی ہے اور یہی قول امام شافعیؒ کا ہے۔ فقہاء کے یہاں اس مسئلہ کا عنوان ہے:

**قضاء القاضی بشهادة الزور فی العقود والفسوخ ینفذ عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ ظاهرا و باطنا**

یعنی جھوٹی گواہی سے قاضی کا فیصلہ عقود وفسوخ میں ابوحنیفہؒ کے نزدیک ظاہراً اور باطناً دونوں طرح نافذ کیا جائے گا۔

املاک کی اقسام.....فریقین کے دلائل سے پہلے بطور مقدمہ کے دو باتیں ذہن نشین کر لیجئے۔ اول یہ کہ املاک کی دو قسمیں ہیں۔ املاک مرسلہ اور املاک مقیدہ۔ املاک مرسلہ یہ ہیں کہ ان میں سبب ملک مذکور نہ ہو۔ مثلاً آپ نے کہا کہ یہ باندی میرے لئے ہے اور یہ نہیں بتلایا کہ خریدی ہے یا وراثت میں ملی ہے یا اور کوئی ذریعہ ہے اور املاک مقیدہ کہتے ہیں کہ سبب ملک مذکور ہو۔ مثلاً آپ نے کہا کہ یہ باندی میری ہے، میں نے اس کو فلاں سے خریدا ہے یا مجھ کو وراثت میں ملی ہے۔ متن کا مسئلہ املاک مقیدہ کے بارے میں ہے کیونکہ اس میں سبب یعنی تزوج مذکور ہے۔ دوسری بات یہ کہ

نفاذ کی دو قسمیں ہیں۔نفاذ ظاہری اور نفاذ باطنی۔

نفاذِ ظاہری تو یہ ہے کہ دنیاوی احکام کا ترتب ہو سکے۔مثلاً بیوی کا قدرت دینا اور شوہر پر نفقہ اور کسوہ کا واجب ہونا۔اور نفاذ باطنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک حلت ثابت ہو جائے املاک مرسلہ میں قاضی نے جھوٹی شہادت پر فیصلہ دیا تو یہ فیصلہ بالاتفاق ظاہراً نافذ ہوگا باطناً نہیں اور اگر املاک مقیدہ میں جھوٹی شہادت پر فیصلہ دیا تو امام صاحب کے نزدیک ظاہراً اور باطناً دونوں طرح نافذ ہوگا۔اور امام محمدؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک ظاہراً نافذ ہوگا باطناً نہیں۔امام ابو یوسفؒ کا قول اول امام صاحب کے ساتھ ہے اور قول ثانی امام محمدؒ کے ساتھ ہے اس تفصیل کے بعد دلائل سنئے۔

**امام محمدؒ کی دلیل**...... کا حاصل یہ ہوگا چونکہ گواہ جھوٹے ہیں اس لئے قاضی نے حجت میں غلطی کی۔اور خطائی الحجت نفوذ باطنی کو منع کرتا ہے۔لہٰذا قاضی کا یہ فیصلہ ظاہراً تو نافذ ہوگا جس کے نتیجہ میں شوہر پر نفقہ اور کسوہ واجب ہوگا لیکن باطناً نافذ نہیں ہوگا۔جس کی وجہ سے شوہر کے لئے اس عورت سے وطی حلال نہیں ہوگی۔اس کی نظیر یہ ہے کہ اگر شہادت کے بعد شاہدین کا غلام ہونا یا کافر ہونا ظاہر ہوا تو قاضی نے اگر فیصلہ دیا تھا تو وہ ظاہراً نافذ ہوگا باطناً نہیں اور اس پر سب کا اجماع ہے لہٰذا گواہوں کے کاذب ہونے کی صورت میں بھی قاضی کا فیصلہ ظاہراً نافذ ہونا چاہئے باطناً نہیں۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ چونکہ قاضی کا حقیقت صدق پر مطلع ہونا تو متعذر ہے البتہ تعدیل وغیرہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ گواہ قاضی کے نزدیک صادق ہیں اور گواہوں کا صادق ہونا ہی حجت ہے اور جب حجت قائم ہو گئی تو قاضی پر فیصلہ کرنا لازم ہے حتیٰ کہ اگر ایسی صورت میں یہ سمجھے کہ مجھ پر فیصلہ دینا لازم نہیں تو کافر ہوگا اور اگر لازم سمجھے مگر تاخیر کرے تو فاسق ہوگا۔

**امام محمدؒ اور امام شافعیؒ کے قیاس کا جواب**...... یہ ہے کہ کفر اور رقیت پر واقف ہونا آسان ہے اس لئے کہ کفار اور غلاموں کو ان کی مخصوص علامتوں سے پہچانا جا سکتا ہے۔

پس جب فیصلہ کی بنیاد حجت پر ہے اور حجت پائی گئی تو فیصلہ نافذ کر دیا جائے گا لیکن یہاں ایک سوال ہوگا وہ یہ کہ قضا کہتے ہیں اظہار ما کان ثابتاً کو نہ کہ اثبات مالم یکن کو یعنی قضاء کہتے ہیں ثابت شدہ چیز کو ظاہر کرنا نہ کہ غیر ثابت کو ثابت کرنا اور مسئلہ مذکورہ میں نکاح ثابت نہیں تھا لہٰذا باطناً فیصلہ کیسے نافذ کیا جا سکتا ہے۔صاحب ہدایہ نے بتقدیم النکاح سے اسی اشکال کا جواب دیا ہے جواب کا حاصل یہ ہے کہ اقتضاءً فیصلہ پر نکاح کو مقدم مان لیا جائے گا۔گویا قاضی نے کہا کہ پہلے میں نے تیرا اس مرد سے نکاح کیا پھر تم دونوں کے درمیان اس نکاح کا فیصلہ کر دیا لیکن اس پر اگر کوئی اشکال کرے کہ قاضی کا یہ فیصلہ انشاء عقدِ نکاح ہے لہٰذا گواہوں کا ہونا شرط ہونا چاہئے۔

جواب یہ ہے کہ بعض کے نزدیک تو شرط ہے اور بعض کے نزدیک شرط نہیں اس لئے کہ یہ انشاء عقد اقتضاءً ثابت ہوا ہے اور جو چیز اقتضاءً ثابت ہوتی ہے اس میں شرائط کی رعایت نہیں کی جاتی، ہماری تائید میں حضرت علیؓ کا قول بھی ہے۔آپ کے سامنے اسی قسم کا واقعہ پیش آیا جو متن میں مذکور ہے آپ نے نکاح کا فیصلہ کر دیا۔اس عورت نے کہا امیر المومنینؓ اس نے مجھ سے نکاح نہیں کیا تھا۔حضرت علیؓ نے فرمایا شاہداک زوجاک تیرے دونوں گواہوں نے تیرا نکاح کر دیا۔نفذ قطعاً للمنازعة سے نفوذِ باطنی کی علت بیان کی ہے کہ بخلاف الاملاک سے کہتے ہیں کہ املاک مقیدہ کو املاک مرسلہ پر قیاس نہ کیا جائے کیونکہ املاک مرسلہ میں صرف ظاہراً فیصلہ نافذ ہوگا باطناً نہیں۔دلیل یہ ہے کہ املاک مرسلہ میں سبب ملک مذکور نہیں ہوتا ہے اور ایک ملک کے بہت سے اسباب ہو سکتے ہیں۔مثلاً سبب ملک شراء بھی ہو سکتا ہے ارث بھی۔ہبہ اور صدقہ بھی اور تمام اسباب میں مزاحمت ہے۔پس اگر قاضی ایک سبب کو متعین کر کے فیصلہ دے تو ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی۔اس لئے نفوذ باطنی ممکن ہی نہیں۔واللہ اعلم بالصواب۔جمیل احمد سکروڈوی۔

# بَابٌ فِي الْاَوْلِيَاءِ وَالْاَكْفَاءِ

ترجمہ...... یہ باب اولیاء اور اکفاء کے بیان میں ہے

تشریح: اولیاء جمع ہے ولی کی اور ولی ماخوذ ہے ولایت سے اور ولایت کہتے ہیں تنفيذ الامر على الغير کو۔ یعنی غیر پر حکم نافذ کرنا۔ اکفاء جمع ہے کفو کی اور کفو کہتے ہیں نظیر اور ہمسر کو۔

## حرہ، عاقلہ، بالغہ، باکرہ، ہو یا ثیبہ، اس کی رضامندی کے ساتھ بغیر ولی کے نکاح درست ہے

وَ يَنْعَقِدُ نِكَاحُ الْحُرَّةِ الْعَاقِلَةِ الْبَالِغَةِ بِرِضَائِهَا وَ اِنْ لَّمْ يَعْقِدْ عَلَيْهَا وَلِيٌّ بِكْرًا كَانَتْ اَوْ ثَيِّبًا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ فِي ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ وَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَؒ اَنَّهٗ لَا يَنْعَقِدُ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَ عِنْدَ مُحَمَّدٍؒ يَنْعَقِدُ مَوْقُوْفًا وَ قَالَ مَالِكٌؒ وَالشَّافِعِيُّؒ لَا يَنْعَقِدُ النِّكَاحُ بِعِبَارَةِ النِّسَاءِ اَصْلًا لِاَنَّ النِّكَاحَ يُرَادُ لِمَقَاصِدِهٖ وَالتَّفْوِيْضُ اِلَيْهِنَّ مُخِلٌّ بِهَا اِلَّا اَنَّ مُحَمَّدًاؒ يَقُوْلُ يَرْتَفِعُ الْخَلَلُ بِاِجَازَةِ الْوَلِيِّ وَوَجْهُ الْجَوَازِ اَنَّهَا تَصَرَّفَتْ فِيْ خَالِصِ حَقِّهَا وَ هِيَ مِنْ اَهْلِهٖ لِكَوْنِهَا عَاقِلَةً مُمَيِّزَةً وَ لِهٰذَا كَانَ لَهَا التَّصَرُّفُ فِي الْمَالِ وَ لَهَا اِخْتِيَارُ الْاَزْوَاجِ وَ اِنَّمَا يُطَالَبُ الْوَلِيُّ بِالتَّزْوِيْجِ كَيْلَا تُنْسَبَ اِلَى الْوَقَاحَةِ ثُمَّ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ لَا فَرْقَ بَيْنَ الْكُفْوِ وَ غَيْرِ الْكُفْوِ لٰكِنْ لِلْوَلِيِّ الْاِعْتِرَاضُ فِيْ غَيْرِ الْكُفْوِ وَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ فِيْ غَيْرِ الْكُفْوِ لِاَنَّهٗ كَمْ مِنْ وَاقِعٍ لَا يُرْفَعُ وَ يُرْوٰى رُجُوْعُ مُحَمَّدٍ اِلٰى قَوْلِهِمَا.

---

ترجمہ...... اور عاقلہ بالغہ کا نکاح منعقد ہو جاتا ہے اس کی رضامندی سے اگرچہ عقد نہیں کیا اس پر ولی نے باکرہ ہو یا ثیبہ ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک ظاہر الروایت میں۔ اور ابو یوسفؒ سے (غیر ظاہر الروایت میں) مروی ہے کہ بغیر ولی کے منعقد نہیں ہوگا اور امام محمدؒ کے نزدیک موقوف ہو کر منعقد ہوگا۔ امام مالکؒ و امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ عورتوں کے الفاظ سے بالکل منعقد نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ نکاح سے مقاصد نکاح مراد ہیں۔ اور ان مقاصد نکاح کو عورتوں کے سپرد کرنا ان میں خلل ڈالنا ہے مگر یہ کہ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ خلل ولی کی اجازت سے رفع ہو جائے گا اور جواز کی وجہ یہ ہے کہ اس عورت نے خالص اپنے حق میں تصرف کیا اور وہ تصرف کی اہل بھی ہے اس لئے کہ وہ عاقلہ ممیزہ ہے اور اسی وجہ سے اس کو مال میں تصرف کا اختیار ہے اور اس کو شوہروں کو پسند کرنے کا اختیار ہے اور مطالبہ کیا جاتا ہے ولی سے نکاح کر دینے کا تا کہ بے حیائی کی جانب منسوب نہ کی جائے۔ پھر ظاہر الروایہ میں کفو اور غیر کفو کے درمیان کوئی فرق نہیں لیکن ولی کو غیر کفو میں حق اعتراض حاصل ہے اور ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ غیر کفو میں جائز نہیں اس لئے کہ بہت سے واقعات مرافعہ نہیں ہوتے ہیں اور روایت کیا گیا امام محمدؒ کا رجوع شیخینؒ کے قول کی طرف۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ حرہ عاقلہ بالغہ کا نکاح اس کی رضامندی سے بغیر ولی کے منعقد ہو سکتا ہے یا نہیں۔ ظاہر الروایت کی روایت کے مطابق شیخینؒ کے نزدیک منعقد ہو سکتا ہے اور ابو یوسفؒ سے غیر ظاہر الروایت میں ایک روایت ہے کہ بغیر ولی کے نکاح منعقد نہیں ہوگا اور امام محمدؒ کے نزدیک موقوف ہو کر منعقد ہوگا۔ اگر ولی اجازت دیدیگا تو نافذ ہوگا ورنہ نہیں۔ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ عورتوں کے الفاظ سے بالکل منعقد نہیں ہوگا۔

**امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ نکاح سے مقاصد نکاح مقصود ہوتے ہیں ان مقاصد کو عورتوں کے سپرد کرنے میں ان میں خلل ڈالنا ہے اس لئے کہ عورتیں ناقصات عقل ہوتی ہیں۔ اس واسطے عورتوں کو نکاح کا اختیار نہیں دیں گے۔

**امام محمدؒ نے دلیل**...... میں کہا کہ بات تو صحیح ہے لیکن ولی کے اجازت دینے سے یہ خلل رفع ہو جائے گا۔ کیونکہ ولی اگر مناسب سمجھے تو اجازت دے گا اور اگر مناسب نہیں سمجھے گا تو اجازت نہیں دے گا۔ وجہ جواز یہ ہے کہ اس عورت نے خالص اپنے حق میں تصرف کیا ہے چنانچہ بضع کا بدل اسی کے لئے ہوگا اور یہ عورت تصرف کی اہل بھی ہے اس لئے کہ عقل ممیز رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مال میں تصرف کا اختیار اس عورت کو حاصل ہوگا۔ ہاں اگر کوئی اشکال کرے کہ جب عورت با اختیار ہے تو پھر نکاح کا مطالبہ ولی سے کیوں کیا جاتا ہے عورتوں سے کیوں نہیں کیا جاتا۔

**اس کا جواب**...... یہ ہے کہ ایسا کرنے سے عورتوں کی طرف بے حیائی کو منسوب کیا جائے گا کیونکہ عورتیں مردوں کی مجالس کی طرف نکلنے میں حیا محسوس کریں گی۔ اگر ایسا کریں گی تو لوگ ان کو بے حیا قرار دیں گے۔ پھر ظاہر الروایت میں کفو اور غیر کفو میں کوئی فرق نہیں۔ یعنی اگر حرہ عاقلہ بالغہ نے اپنا نکاح خود کر لیا کفو میں یا بغیر کفو کے تو نکاح جائز ہے لیکن غیر کفو کی صورت میں ولی کو حق اعتراض حاصل رہے گا۔ اپنے اوپر سے ضرر عار کو دفع کرنے کے لئے اور ابو حنیفہؒ اور ابو یوسفؒ سے نوادر میں ایک روایت ہے کہ غیر کفو میں نکاح جائز ہی نہیں ہے۔ کیونکہ بہت سے واقعات ایسے ہیں کہ نکاح واقع ہو جانے کے بعد کوئی اس کو رفع کرنے پر قادر ہی نہیں۔ نہ تو ہر ولی مرافعہ پیش کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور نہ ہی ہر قاضی عادل ہے۔ پس احتیاط اسی میں ہے کہ غیر کفو میں بغیر ولی کے نکاح کے دروازے کو بند کر دیا جائے۔ اور روایت کیا گیا کہ امام محمدؒ نے شیخینؒ کے اس قول کی طرف رجوع کر لیا تھا جو ظاہر الروایت میں ہے۔ یعنی امام محمدؒ کے نزدیک بھی نکاح بغیر ولی کے منعقد ہو جائے گا اور اجازت ولی پر موقوف بھی نہیں رہے گا۔

## ولی باکرہ بالغہ کو نکاح پر مجبور نہیں کر سکتا

**وَلَايَجُوْزُ لِلْوَلِيِّ اِجْبَارُ الْبِكْرِ الْبَالِغَةِ عَلَى النِّكَاحِ خِلَافًا لِلشَّافِعِيِّؒ لَهُ الْاِعْتِبَارُ بِالصَّغِيْرَةِ وَ هٰذَا لِاَنَّهَا جَاهِلَةٌ بِاَمْرِ النِّكَاحِ لِعَدَمِ التَّجْرِبَةِ وَ لِهٰذَا يَقْبِضُ الْاَبُ صَدَاقَهَا بِغَيْرِ اَمْرِهَا وَ لَنَا اَنَّهَا حُرَّةٌ فَلَا يَكُوْنُ لِلْغَيْرِ عَلَيْهِمَا وِلَايَةُ الْاِجْبَارِ وَالْوِلَايَةُ عَلَى الصَّغِيْرَةِ لِقُصُوْرِ عَقْلِهَا وَ قَدْ كَمُلَ بِالْبُلُوْغِ بِدَلِيْلِ تَوَجُّهِ الْخِطَابِ فَصَارَ كَالْغُلَامِ وَ كَالتَّصَرُّفِ فِي الْمَالِ وَ اِنَّمَا يَمْلِكُ الْاَبُ قَبْضَ الصَّدَاقِ بِرِضَائِهَا دَلَالَةً وَ لِهٰذَا لَا يَمْلِكُ مَعَ نَهْيِهَا.**

---

**ترجمہ**...... اور ولی کے لئے جائز نہیں باکرہ بالغہ کو مجبور کرنا نکاح پر خلاف ہے امام شافعیؒ کا امام شافعیؒ کی دلیل صغیرہ پر قیاس ہے اور یہ اس لئے کہ وہ نکاح کے معاملات سے ناواقف ہے۔ تجربہ نہ ہونے کی وجہ سے اور اسی وجہ سے باپ اس کے مہر پر قبضہ کر لے گا۔ بغیر اس کے حکم کے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ وہ آزاد عورت ہے غیر کے لئے اس کو مجبور کرنے کی ولایت نہیں ہوگی اور صغیرہ پر ولایت اس کے نقصان عقل کی وجہ سے تھی۔ بالغ ہونے سے عقل مکمل ہوگئی۔ دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خطاب (اس کی طرف) متوجہ ہے، پس باکرہ بالغہ پر اجبار ایسا ہو گیا جیسا کہ لڑکے پر اجبار (اگر وہ بالغ ہو) اور ایسا ہو گیا جیسا کہ مال میں تصرف اور مالک ہوگا مہر پر قبضہ کا اس کی رضامندی سے۔ اور اسی وجہ سے مالک نہیں ہوگا اس کے منع کر دینے کے ساتھ۔

**تشریح**...... مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے نزدیک باکرہ بالغہ کو نکاح پر مجبور نہیں کیا جا سکتا ہے، چنانچہ اگر بغیر اس کی رضامندی کے نکاح کر دیا تو اس کی اجازت پر موقوف رہے گا اگر رد کر دیا تو باطل ہوگا اور اگر ولی کے اجازت لینے کے وقت خاموش رہی تو یہ اس کی طرف سے اجازت ہوگی امام شافعیؒ کے نزدیک باکرہ بالغہ کو نکاح پر مجبور کرنا جائز ہے۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ وہ باکرہ بالغہ کو قیاس کرتے ہیں صغیرہ پر اس لئے کہ صغیرہ اگر باکرہ ہے تو جس طرح اس کو نکاح پر مجبور کرنا جائز ہے اسی طرح باکرہ بالغہ کو بھی مجبور کرنا جائز ہے۔ دونوں کے درمیان جامع اور علتِ مشترکہ تجربہ نہ ہونے کی وجہ سے نکاح کے معاملات سے ناواقف ہونا ہے۔ کیونکہ عورت نے جب تک مردوں کے ساتھ ممارست نہیں کی تو وہ مصالح نکاح اور مفاسد نکاح سے واقف نہیں ہو سکتی ہے۔ چونکہ باکرہ بالغہ نکاح کے معاملات سے ناواقف ہے اسی وجہ سے اس کا باپ بغیر اس کے حکم کے مہر پر قبضہ کر سکتا ہے۔

**ہماری دلیل**...... یہ ہے کہ باکرہ بالغہ آزاد ہے اور آزاد پر کسی کو ولایت اجبار نہیں ہوتی ہے لہٰذا باکرہ بالغہ پر بھی کسی کو ولایت اجبار نہیں ہوگی۔ لیکن اگر کوئی سوال کرے کہ صغیرہ بھی تو آزاد ہے لہٰذا اس پر بھی ولایتِ اجبار نہ ہونی چاہئے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ صغیرہ پر ولایتِ اجبار اس کے قصور عقل کی وجہ سے ہے اور بالغ ہونے سے عقل مکمل ہوگئی لہٰذا بالغہ پر ولایتِ اجبار نہیں ہوگی۔ صغیرہ پر ہوگی۔ اور اس کی دلیل کہ بلوغ سے عقل کامل ہو جاتی ہے اللہ تعالیٰ کے خطاب کا بالغ کی طرف متوجہ ہونا ہے چنانچہ جبتک نابالغہ ہے تو احکام شرع کی مکلّف نہیں ہوگی اور جب بالغ ہوگئی تو مکلف ہو جائے گی اور بالغہ لڑکی ایسی ہے جیسا کہ بالغ لڑکا یعنی جس طرح بالغ لڑکے پر ولایت اجبار نہیں اسی طرح بالغہ لڑکی پر بھی ولایت اجبار نہیں اور یہ ایسا ہے جیسا کہ تصرف فی المال یعنی جس طرح باکرہ بالغہ اپنے مال میں تصرف کرسکتی ہے اس کے باپ کے لئے اس کے مال میں تصرف کی اجازت نہیں، اسی طرح باکرہ بالغہ اپنے نفس میں بھی تصرف کی مختار ہوگی باپ یا دوسرے ولی کی اجازت شرط نہیں۔

رہا امام شافعیؒ کا یہ کہنا...... کہ باپ بغیر اس کے حکم کے مہر پر قبضہ کر لیتا ہے تو ہم جواباً یہ کہتے ہیں کہ جب باپ نے مہر پر قبضہ کیا تو لڑکی کے سکوت کی وجہ سے دلالۃً رضامندی پائی گئی۔ چنانچہ اگر لڑکی نے صراحۃً منع کر دیا تو باپ مہر پر قبضہ کا مالک نہیں ہوگا۔

## ولی نے باکرہ سے اجازت طلب کی وہ خاموش رہی یا ہنس پڑی...... یہ اِذن ہے

**قَالَ فَاِذَا اسْتَاذَنَهَا الْوَلِيُّ فَسَكَتَتْ اَوْ ضَحِكَتْ فَهُوَ اِذْنٌ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ الْبِكْرُ تُسْتَامَرُ فِي نَفْسِهَا فَاِنْ سَكَتَتْ فَقَدْ رَضِيَتْ وَلِاَنَّ جِهَةَ الرِّضَاءِ فِيْهِ رَاجِحَةٌ لِاَنَّهَا تَسْتَحْيِيْ عَنْ اِظْهَارِ الرَّغْبَةِ لَا عَنِ الرَّدِّ وَالضِّحْكُ اَدَلُّ عَلَى الرِّضَاءِ مِنَ السُّكُوْتِ بِخِلَافِ مَا اِذَا بَكَتْ لِاَنَّهٗ دَلِيْلُ السَّخَطِ وَالْكَرَاهَةِ وَ قِيْلَ اِذَا ضَحِكَتْ كَالْمُسْتَهْزِيَةِ بِمَا سَمِعَتْ لَا يَكُوْنُ رِضًا وَاِذَا بَكَتْ بِلَا صَوْتٍ لَمْ يَكُنْ رَدًّا.**

---

ترجمہ...... پس جب ولی نے باکرہ بالغہ سے اجازت طلب کی پھر وہ چپ ہوگئی یا ہنس پڑی تو یہ اجازت ہے۔ حضور ﷺ کے قول البکر الحدیث کی وجہ سے یعنی باکرہ سے اس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے اگر خاموش ہوگئی تو وہ راضی ہے کیونکہ خاموش رہنے میں رضامندی کی جہت غالب ہے اس لئے کہ وہ صاف رغبت کرنے سے شرم کرتی ہے نہ کہ انکار کرنے سے۔ اور ہنسنا خاموش رہنے سے بڑھ کر رضامندی کی دلیل ہے بخلاف اس کے جب وہ رونے لگی اس لئے کہ یہ ناخوشی اور ناگواری کی دلیل ہے اور کہا گیا کہ جب ہنسی اس طرح کہ سنی ہوئی بات کا استہزاء کرنے والی ہے تو یہ ضحک رضامندی شمار نہیں ہوگا اور جب بغیر آواز کے رونے لگی تو یہ رونا رد اور انکار نہیں ہوگا۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ نکاح سے پہلے ولی نے باکرہ بالغہ سے اجازت مانگی وہ سن کر خاموش ہوگئی یا ہنس پڑی تو یہ خاموش رہنا یا ہنسنا اس کی طرف سے اجازت ہوگا اسی طرح تبسم بھی رضا کی دلیل ہے۔ صاحبِ ہدایہ نے دلیل میں حضور ﷺ کا ارشاد نقل فرمایا کہ باکرہ سے اس کی ذات کے بارے میں رائے لی جائے پس اگر وہ چپ رہی تو یہ رضامندی ہے۔ دلیل عقلی یہ ہے کہ چپ رہنے اور ہنسنے میں رضامندی کی جہت غالب ہے۔ کیونکہ باکرہ اظہار رغبت سے تو شرماتی ہے انکار کرنے سے نہیں لہٰذا اگر وہ ناراض ہوتی تو صاف صاف انکار کر دیتی پس انکار نہ کرنا دلیل ہے اس کی رضامندی کی اگر آپ کو یہ اشکال پیدا ہو کہ حدیث میں سکوت کا بیان تو ہے لیکن ضحک کا نہیں پھر آپ نے ضحک کو دلیل رضا کیونکر بنایا ہے۔ صاحب ہدایہؒ نے جواب دیا کہ ضحک سکوت کے مقابلہ میں رضامندی پر زیادہ دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ ضحک قول مسموع پر سرور اور فرحت کی علامت ہے۔ پس جب سکوت دلیل رضا ہے تو ضحک دلیلِ رضا بدرجہ اولیٰ ہوگا البتہ باکرہ کا رونا رضامندی کی دلیل نہیں بلکہ وہ ناخوشی اور ناگواری کی دلیل ہے۔

جن حضرات کی رائے یہ ہے کہ اگر باکرہ استہزاء کے انداز پر ہنسی تو یہ ہنسنا باکرہ کی رضامندی نہیں کہلائے گا۔ کیونکہ یہ ولی کی بات کا تمسخر ہوگا نہ کہ اجازت۔ اور اگر باکرہ بغیر آواز کے رونے لگے تو یہ اس کی طرف سے انکار نہیں کہلائے گا۔ کیونکہ بسا اوقات ماں باپ کی جدائی کی خبر پر غیر

اختیاری آنسو نکل آتے ہیں۔ اسی پر فتویٰ ہے بلکہ دیکھنے میں آیا ہے کہ کبھی کبھی خوشی کی خبر پر بھی آنسو نکل آتے ہیں لہٰذا اس بلا آواز کے رونے کو انکار اور رد نہیں سمجھا جائے گا۔

## ولی کے علاوہ نے مذکورہ اجازت طلب کی تو عورت کی خاموشی اور ہنسنا اِذن نہیں

قَالَ وَاِنْ فَعَلَ هٰذَا غَيْرُ الْوَلِيِّ يَعْنِىْ اِسْتَأْمَرَ غَيْرُ الْوَلِيِّ اَوْ وَلِيٌّ غَيْرُهٗ اَوْلٰى مِنْهُ لَمْ يَكُنْ رِضًا حَتّٰى تَتَكَلَّمَ بِهٖ لِاَنَّ هٰذَا السُّكُوْتَ لِقِلَّةِ الْاِلْتِفَاتِ اِلٰى كَلَامِهٖ فَلَمْ يَقَعْ دَلَالَةً عَلَى الرِّضَاءِ وَلَوْ وَقَعَ فَهُوَ مُحْتَمَلٌ وَ الْاِكْتِفَاءُ بِمِثْلِهٖ لِلْحَاجَةِ وَلَا حَاجَةَ فِىْ حَقِّ غَيْرِ الْاَوْلِيَاءِ بِخِلَافِ مَا اِذَا كَانَ الْمُسْتَأْمِرُ رَسُوْلَ الْوَلِيِّ لِاَنَّهٗ قَائِمٌ مَقَامَهٗ.

---

ترجمہ..... اور اگر کیا یہ غیر ولی (اجنبی) نے یعنی اجازت طلب کی غیر ولی نے یا ایسے ولی نے کہ اس کے علاوہ اس سے زیادہ قریب ہے تو رضامندی نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ رضا کا کلام کرے اس لئے کہ یہ سکوت قلت التفات کی وجہ سے ہے اس کے کلام کی طرف پس رضامندی پر دلالت واقع نہیں ہوگی۔ اور اگر واقع بھی ہوگئی تو محتمل ہے اور اکتفاء اس جیسی پر حاجت کی وجہ سے ہے اور غیر اولیاء کے حق میں کوئی حاجت نہیں۔ بخلاف اس صورت کے کہ اجازت لینے والا ولی کا قاصد ہے اس لئے کہ ولی کا قاصد ولی کے قائم مقام ہے۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ اگر باکرہ بالغہ سے غیر ولی نے اجازت طلب کی یا ولی اقرب کی موجودگی میں ولی ابعد نے نکاح کی اجازت مانگی تو ان دونوں صورتوں میں سکوت یا ضحک رضامندی کی دلیل نہیں ہوگا بلکہ اجازت دینے کے لئے زبان سے کلام کرنا ضروری ہوگا کیونکہ اجنبی یا ولی ابعد کی بات کے جواب میں خاموشی التفات نہ کرنے کی وجہ سے ہے جس کو دلیل رضا نہیں کہا جاسکتا۔ اور اگر تھوڑی دیر کے لئے مان بھی لیا جائے کہ یہ خاموشی بھی دلیل رضا ہے تو احتمال اس میں عدم رضا کا بھی ہے اور اس جیسی رضامندی پر اکتفاء حاجت کی وجہ سے ہوتا ہے اور غیر اولیاء کے حق میں کوئی حاجت نہیں۔ کیونکہ باکرہ بالغہ غیر اولیاء کے سامنے کلام کرنے سے شرم نہیں کرے گی ہاں البتہ اگر اجازت لینے والا ولی کا قاصد ہے تو وہ ولی کے قائم مقام ہوکر ولی کے حکم میں ہوگا۔

## باکرہ کے سامنے شوہر کا تعارف

وَ تُعْتَبَرُ فِى الْاِسْتِيْمَارِ تَسْمِيَةُ الزَّوْجِ عَلٰى وَجْهٍ تَقَعُ بِهِ الْمَعْرِفَةُ لِتَظْهَرَ رَغْبَتُهَا فِيْهِ مِنْ رَغْبَتِهَا عَنْهُ وَلَا تُشْتَرَطُ تَسْمِيَةُ الْمَهْرِ هُوَ الصَّحِيْحُ لِاَنَّ النِّكَاحَ صَحِيْحٌ بِدُوْنِهٖ.

---

ترجمہ..... اور اعتبار کیا جائے گا اجازت لینے میں شوہر کا ذکر ایسے طریقہ پر کہ اس سے شوہر کی شناخت ہوجائے تاکہ اس میں باکرہ بالغہ کی رغبت اس کی بے رغبتی سے ممتاز ہوجائے اور نہیں شرط لگائی گئی مہر کے ذکر کی یہی صحیح ہے اسلئے کہ نکاح بغیر مہر کے بھی درست ہے۔

تشریح..... باکرہ بالغہ سے اجازت لیتے وقت شوہر کا ایسا تعارف کرادیا جائے کہ وہ دوسروں سے ممتاز ہوسکے اور یہ معلوم ہوجائے کہ باکرہ بالغہ اس زوج مسمّیٰ سے رغبت کرتی ہے یا بے رغبتی۔ البتہ اجازت کے وقت مہر کا ذکر کرنا ضروری نہیں کیونکہ نکاح بغیر ذکر مہر کے بھی درست ہوجاتا ہے اس لئے کہ تعیین مہر ضروریات نکاح میں سے نہیں ہے ہاں بعض متاخرین کی رائے یہ ہے کہ اجازت کے وقت تعیین مہر ضروری ہے کیونکہ قلت و کثرت میں اختلاف مہر سے بھی رغبت مختلف ہوجاتی ہے۔ قول اول صحیح ہے۔

## ولی نے باکرہ کا نکاح کرنے کی خبر دی تو اس کی خاموشی اذن ہے

وَلَوْ زَوَّجَهَا فَبَلَغَهَا الْخَبَرُ فَسَكَتَتْ فَهُوَ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا لِأَنَّ وَجْهَ الدَّلَالَةِ فِي السُّكُوْتِ لَا يَخْتَلِفُ ثُمَّ الْمُخْبِرُ اِنْ كَانَ فُضُوْلِيًّا يُشْتَرَطُ فِيْهِ الْعَدَدُ اَوِ الْعَدَالَةُ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ خِلَافًا لَهُمَا وَلَوْ كَانَ رَسُوْلًا لَا يُشْتَرَطُ اِجْمَاعًا وَلَهٗ نَظَائِرُ.

---

ترجمہ...... اور اگر ولی نے باکرہ بالغہ کا نکاح کر دیا پھر اس کو خبر پہنچی اس نے سکوت کیا تو یہ حکم اسی تفصیل پر ہے جو ہم نے ذکر کی۔ اس لئے کہ دلالت کی وجہ سکوت میں مختلف نہیں ہوتی ہے۔ پھر مخبر اگر فضولی ہے تو اس میں عدد یا عدالت کی شرط ہوگی ابوحنیفہؒ کے نزدیک خلاف ہے صاحبینؒ کا اور اگر قاصد ہے تو بالاتفاق شرط نہیں اور اس کے نظائر ہیں۔

تشریح...... ولی نے باکرہ بالغہ کا نکاح کیا پھر اس باکرہ بالغہ کو نکاح کی خبر پہنچی اور سنکر خاموش رہی تو اس بارے میں وہی تفصیل ہوگی جس کا ذکر پہلے ہو چکا یعنی مخبر اگر ولی ہے یا ولی کا قاصد تو اس کا سکوت اور ضحک اجازت ہوں گے اور بکاء اجازت نہیں ہوگی اور اگر مخبر غیر ولی یا ولی ابعد ہے تو زبان سے اجازت دینا ضروری ہے ورنہ اجازت نہیں ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ سکوت میں رضامندی کی دلالت مختلف نہیں ہوتی نکاح سے پہلے ہو یا بعد میں۔ پھر مخبر اگر فضولی ہے نہ ولی ہے اور نہ قاصد تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس میں عدد یا عدالت کا پایا جانا ضروری ہے یعنی مخبر کم از کم دو ہوں اور اگر ایک ہے تو عادل ہو۔ صاحبین کے نزدیک ان دونوں میں سے کوئی شرط نہیں مخبر ایک ہو یا زیادہ عادل ہو یا غیر عادل اور اگر مخبر ولی کا قاصد ہے تو بالاتفاق کوئی شرط نہیں۔

اور اس اختلاف کی بہت سی نظیریں ہیں مثلاً کسی نے اپنے وکیل کو معزول کر دیا کسی فضولی نے اس وکیل کو عزل کی خبر دی تو امام صاحبؒ کے نزدیک فضولی میں عدد یا عدالت کی شرط ہوگی اور صاحبینؒ کے نزدیک کوئی شرط نہیں۔

## ثیبہ کی رضامندی قول کے ساتھ معتبر ہے

وَلَوِ اسْتَاْذَنَ الثَّيِّبَ فَلَا بُدَّ مِنْ رِضَاهَا بِالْقَوْلِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ الثَّيِّبُ تُشَاوَرُ وَ لِأَنَّ النُّطْقَ لَا يُعَدُّ عَيْبًا مِنْهَا وَ قَلَّ الْحَيَاءُ بِالْمُمَارَسَةِ فَلَا مَانِعَ مِنَ النُّطْقِ فِيْ حَقِّهَا.

---

ترجمہ...... اور اگر اجازت طلب کی ثیبہ سے تو اس کی رضامندی قول کے ساتھ ضروری ہے۔ حضور ﷺ کے فرمان کی وجہ سے کہ ثیبہ سے مشورہ طلب کیا جائے اور اس لئے کہ ثیبہ کے حق میں تکلم عیب شمار نہیں کیا جاتا ہے اور حیاء ممارست کی وجہ سے کم ہوگئی پس اس کے حق میں تکلم سے کوئی مانع نہیں۔

تشریح...... اگر ثیبہ بالغہ سے نکاح کے بارے میں اجازت طلب کی گئی تو اس کی طرف سے رضامندی کا اظہار زبان سے ضروری ہے۔ دلیل حضور ﷺ کا ارشاد الثيب تشاور۔ تشاور مشاورت باب مفاعلت سے ہے اور مفاعلت کا خاصہ ہے اشتراک اور مشورہ کہتے ہیں طلب رائے بالقول کو یعنی زبان سے بول کر رائے طلب کرنا پس جب احد الجانبین میں قول ہے تو جانب آخر میں بھی قول ہوگا۔ پس حدیث کا مقتضی تکلم ہے اور یہی اصل ہے۔ دوسری دلیل عقلی یہ ہے کہ کلام کرنا ثیبہ کے حق میں عیب بھی شمار نہیں کیا جاتا۔ اور مردوں کے ساتھ اختلاط کی وجہ سے اس کی حیا بھی کم ہوگئی لہٰذا اس کے حق میں کلام کرنے سے کوئی مانع نہیں رہا۔

## جس کا پردہ بکارت چھلانگ، حیض، زیادہ عمر سے زائل ہو جائے وہ باکرہ کے حکم میں ہے

وَ اِذَا زَالَتْ بُكَارَتُهَا بِوَثْبَةٍ اَوْ حَيْضَةٍ اَوْ جِرَاحَةٍ اَوْ تَعْنِيْسٍ فَهِيَ فِيْ حُكْمِ الْاَبْكَارِ لِأَنَّهَا بِكْرٌ حَقِيْقَةً لِأَنَّ مُصِيْبَهَا

اَوَّلَ مُصِيْبٍ لَهَا وَ مِنْهُ الْبَاكُوْرَةُ وَالْبُكْرَةُ وَلِأَنَّهَا تَسْتَحْيِيْ لِعَدَمِ الْمُمَارَسَةِ وَلَوْ زَالَتْ بُكَارَتُهَا بِزِنَاءٍ فَهِيَ كَذٰلِكَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَؒ وَ مُحَمَّدٌؒ وَالشَّافِعِيُّؒ لَا يُكْتَفٰى بِسُكُوْتِهَا لِاَنَّهَا ثَيِّبٌ حَقِيْقَةً لِاَنَّ مُصِيْبَهَا عَائِدٌ اِلَيْهَا وَ مِنْهُ الْمَثُوْبَةُ وَالْمَثَابَةُ وَالتَّثْوِيْبُ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّ النَّاسَ عَرَفُوْهَا بِكْرًا فَيَعِيْبُوْنَهَا بِالنُّطْقِ فَتَمْتَنِعُ عَنْهُ فَيُكْتَفٰى بِسُكُوْتِهَا كَيْلَا تَتَعَطَّلَ عَلَيْهَا مَصَالِحُهَا بِخِلَافِ مَا اِذَا وُطِئَتْ بِشُبْهَةٍ اَوْ نِكَاحٍ فَاسِدٍ لِاَنَّ الشَّرْعَ اَظْهَرَهُ حَيْثُ عَلَّقَ بِهٖ اَحْكَامًا اَمَّا الزِّنَاءُ فَقَدْ نَدَبَ اِلٰى سَتْرِهٖ حَتّٰى لَوِ اشْتَهَرَ حَالُهَا لَا يُكْتَفٰى بِسُكُوْتِهَا.

---

**ترجمہ** ......اور جب زائل ہوگئی بکارت کودنے سے یا حیض سے یا زخم سے یا درازگی عمر سے تو وہ باکرہ کے حکم میں ہے اس لئے کہ وہ حقیقۃً بکر ہے کیونکہ اس کے پاس پہنچنے والا اس کا پہلا ہی پہنچنے والا ہے اور اسی سے باکورہ اور بکرہ ہے اور اس لئے کہ وہ عدم ممارست کی وجہ سے حیاء کرے گی اور اگر اس کی بکارت زنا سے زائل ہوگئی تو وہ ایسی ہی ہے ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور ابویوسفؒ امام محمدؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اس کے سکوت پر اکتفاء نہ کرے اس لئے کہ وہ حقیقۃً ثیبہ ہے اس لئے کہ جو اس کو پہنچ گیا وہ اس کو دوبارہ پہنچے گا اور اسی سے مثوبۃ اور مثابۃ اور تثویب ہے۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ لوگ اس کو باکرہ سمجھتے ہیں پس نطق سے اس کو معیوب سمجھیں گے پھر وہ نطق سے رکے گی اس لئے اس کے سکوت پر اکتفاء کرے تاکہ اس پر اس کے مصالح معطل نہ ہوجائیں، بخلاف اس صورت کے کہ جب اس سے وطی بشبہۃ کی گئی یا نکاح فاسد سے اس لئے کہ شریعت نے اس کو ظاہر کردیا چنانچہ اس پر احکام معلق کئے ہیں بہرحال زنا تو مندوب اس کا چھپانا ہے۔ حتیٰ کہ اگر اس کا حال یعنی زنا کرنا مشتہر ہوجائے تو اس کے سکوت پر اکتفاء نہ کرے۔

**تشریح** ......مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی لڑکی کی بکارت زائل ہوگئی کودنے کی وجہ سے یا کثرتِ حیض کی وجہ سے یا کسی زخم کی وجہ سے یا زیادہ مدت ٹھہرنے کی وجہ سے تو ان سب صورتوں میں یہ لڑکی باکرہ کے حکم میں ہوگی یعنی استیذان کے وقت اس کا سکوت اذن ہوگا کلام کرنا ضروری نہیں ہے۔ دلیل یہ ہے کہ یہ عورت حقیقت میں باکرہ اور ب، ک، ر، کے مادہ میں اولیت کے معنی پائے جاتے ہیں۔ جیسے باکورہ پہلا پھل اور بکرہ اول صبح کو کہتے ہیں پس اس عورت کے پاس جو بھی پہنچے گا وہ پہلا ہی پہنچنے والا ہوگا۔ لہٰذا اس عورت کو باکرہ ہی کا حکم دیا جائے گا۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ اس عورت کو مردوں کے ساتھ اختلاط اور ممارست کا موقع تو ملا نہیں لہٰذا یہ بھی حیا اور شرم کے باعث زبان سے اجازت نہ دے گی۔

اور اگر باکرہ کی بکارت زنا سے زائل ہوگئی ہے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہ بھی باکرہ کے حکم میں ہے۔ اور صاحبینؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک ثیبہ کے حکم میں ہے۔ لہٰذا اس کے سکوت پر اکتفاء نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ زبان سے اجازت دینا ضروری ہوگا۔ ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ ث، ی، ب کے مادہ میں عود کے معنی ہیں۔ مثلاً مثوبہ نیک عمل کی جزاء کو کہتے ہیں تو اب گویا دوبارہ عمل مل گیا ایسا ہی مثابہ بار بار لوٹ کر آنے کی جگہ۔ اسی وجہ سے مکہ کو مثابۃ کہتے ہیں کہ لوگ بار بار حج اور عمرہ کے لئے لوٹ کر جاتے ہیں اسی طرح تثویب اعلام بعد الاعلام کو کہتے ہیں۔

**حاصل دلیل** ...... یہ ہوا کہ جس عورت کی بکارت زنا سے زائل ہوگئی وہ حقیقت میں ثیبہ ہے کیونکہ جو اس کو ایک مرتبہ پہنچ گیا دوبارہ بھی وہی فعل ہوا۔ پس جب اس عورت کے ساتھ دوبارہ بھی وہی فعل واقع ہوگا جو ایک مرتبہ زنا سے ہوا تو وہ ثیبہ ہے۔ لہٰذا اس پر ثیبہ ہی کے احکام لگائے جائیں گے۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ لوگ اس عورت کو باکرہ سمجھتے ہیں اب اگر کلام کرے گی تو لوگ اس کو معیوب قرار دیں گے اور اس سے یہ حیاء کرے گی اور کلام کرنے سے رکے گی اس کے نتیجہ میں اس کے مصالح معطل ہوکر رہ جائیں گے اس لئے اس کو باکرہ ہی کے حکم میں رکھا جائے۔

البتہ اگر باکرہ سے وطی بشبہ کی گئی یا نکاح فاسد سے وطی کی گئی تو یہ بالاتفاق ثیبہ ہوگی اس لئے کہ شریعت نے اس پر ثیبہ کے احکام معلق کر کے اس کو ظاہر کردیا چنانچہ عدت واجب ہوگی مہر واجب ہوگا اور رہا زنا تو اس میں چھپانا مستحب ہے حتیٰ کہ اگر اس کا حال مشتہر ہوگیا اور زنا پر چار گواہوں نے گواہی دیدی تو پھر یہ بھی ثیبہ کے حکم میں ہوگی اور اس کے سکوت پر اکتفا نہیں کیا جائے گا۔ واللہ اعلم۔

## مرد نے کہا کہ: جب پیغام نکاح پہنچا تو خاموش رہی، عورت کہتی ہے میں نے ردّ کر دیا تھا...... عورت کا قول معتبر ہے

وَاِذَا قَالَ الزَّوْجُ بَلَغَكِ النِّكَاحُ فَسَكَتِّ وَ قَالَتْ رَدَدْتُ فَالْقَوْلُ قَوْلُهَا وَ قَالَ زُفَرُ الْقَوْلُ قَوْلُهُ لِاَنَّ السُّكُوْتَ اَصْلٌ وَالرَّدُّ عَارِضٌ فَصَارَ كَالْمَشْرُوْطِ لَهُ الْخِيَارُ اِذَا ادَّعَى الرَّدَّ بَعْدَ مُضِيِّ الْمُدَّةِ وَ نَحْنُ نَقُوْلُ اِنَّهُ يَدَّعِي لُزُوْمَ الْعَقْدِ وَ تَمَلُّكَ الْبُضْعِ وَالْمَرْاَةُ تَدْفَعُهُ فَكَانَتْ مُنْكِرَةً كَالْمُوْدِعِ اِذَا ادَّعَى رَدَّ الْوَدِيْعَةِ بِخِلَافِ مَسْاَلَةِ الْخِيَارِ لِاَنَّ اللُّزُوْمَ قَدْ ظَهَرَ بِمُضِيِّ الْمُدَّةِ وَ اِنْ اَقَامَ الزَّوْجُ الْبَيِّنَةَ عَلٰى سُكُوْتِهَا ثَبَتَ النِّكَاحُ لِاَنَّهُ نَوَّرَ دَعْوَاهُ بِالْحُجَّةِ وَ اِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ بَيِّنَةٌ فَلَا يَمِيْنَ عَلَيْهَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ هِيَ مَسْاَلَةُ الْاِسْتِحْلَافِ فِي الْاَشْيَاءِ السِّتَّةِ وَ سَيَاْتِيْكَ فِي الدَّعْوٰى اِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

---

ترجمہ...... اور جب کہا شوہر نے کہ تجھ کو نکاح کی خبر پہنچی لیکن تو خاموش رہی اور عورت نے کہا میں نے رد کر دیا تھا تو قول عورت ہی کا معتبر ہوگا۔ اور امام زفرؒ نے کہا کہ مرد کا قول معتبر ہوگا اس لئے کہ سکوت اصل ہے اور رد عارض۔ پس ایسا ہو گیا جیسا کہ مشروط لہ الخیار نے جب دعویٰ کیا اس نے رد کا مدت خیار گذر جانے کے بعد اور ہم کہیں گے کہ زوج دعویٰ کرتا ہے لزومِ عقد اور بضع کے مالک ہونے کا اور عورت اس کو دفع کرتی ہے۔ پس عورت منکرہ ہو گئی جیسا کہ مودع جب دعویٰ کرے ردِ ودیعت کا بخلاف مسئلہ خیار کے اس لئے کہ لزوم مدت کے گذر جانے سے ظاہر ہو گیا۔

اور اگر شوہر نے بینہ قائم کر دیا عورت کی خاموشی پر تو نکاح ثابت ہو جائے گا۔ اس لئے کہ مرد نے اپنے دعویٰ کو دلیل سے ثابت کر دیا اور اگر مرد کے پاس بینہ نہ ہوں تو عورت پر یمین نہیں ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور یہ مسئلہ استحلاف چھ چیزوں میں سے ہے اور عنقریب آئے گا کتاب الدعویٰ میں انشاءاللہ۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ ایک مرد نے عورت سے کہا کہ تجھ کو جب نکاح کی خبر ملی تو تو نے خاموشی اختیار کی۔ لہٰذا میرے ساتھ تیرا نکاح لازم ہو گیا عورت نے کہا کہ اطلاع ملتے ہی میں نے رد کر دیا تھا لہٰذا نکاح نہیں ہوا۔ اور گواہ دونوں کے پاس موجود نہیں تو ہمارے نزدیک عورت کا قول معتبر ہوگا اور امام زفر کے نزدیک مرد کا قول معتبر ہے۔

فریقین کے دلائل سے پہلے مدعی اور مدعیٰ علیہ کی تعریف اور ان کا حکم ذہن نشین کر لیجئے۔ مدعی اس کو کہتے ہیں جس کا قول اصل کے خلاف ہے اور مدعیٰ علیہ اس کو کہتے ہیں جس کا قول اصل کے موافق ہے۔ حدیث کے بیان کے مطابق مدعی پر بینہ واجب ہوتا ہے۔ اگر مدعی کے پاس بینہ نہ ہو تو پھر مدعیٰ علیہ کا قول مع الیمین معتبر ہوگا البتہ چھ چیزیں ایسی ہیں جن میں ابوحنیفہ کے نزدیک مدعیٰ علیہ پر یمین نہیں آتی۔ اور صاحبینؒ، امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک مدعیٰ علیہ سے قسم لی جائے گی وہ چھ چیزیں یہ ہیں۔

۱...... نکاح، ۲...... رجعت، ۳...... فیٔ فی الایلاء، ۴...... استیلاء، ۵...... رق، ۶...... ولاء،

اب امام زفرؒ کی دلیل...... سنئے، فرماتے ہیں کہ سکوت اصل ہے کیونکہ سکوت نام ہے عدم کلام کا اور ہر چیز میں عدم اصل ہے اور رد کرنا عارض یعنی خلاف اصل ہے۔ پس مرد مدعیٰ علیہ اور عورت مدعیہ ہوئی اور مدعیہ کے پاس گواہ موجود نہیں۔ لہٰذا مدعیٰ علیہ یعنی زوج کا قول معتبر ہوگا۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ ایک شخص نے کسی سے گھوڑا خریدا اور بائع کے لئے تین دن کا خیار ہے۔ چاہے تین دن میں عقد بیع کو توڑے چاہے باقی رکھے تین دن گذر جانے کے بعد مشتری کہتا ہے کہ تو نے مدتِ خیار میں سکوت اختیار کیا اور بائع کہتا ہے کہ میں نے رد کر دیا تھا تو اس مسئلہ میں مدعیٰ علیہ جو

سکوت کا دعویٰ کر رہا ہے اس کا قول معتبر ہوگا اس لئے کہ سکوت اصل ہے اور رد عارض۔ اسی طرح متن کے مسئلہ میں بھی مدعی سکوت یعنی زوج کا قول معتبر ہوگا۔ ہماری دلیل کا حاصل یہ ہے کہ مرد دعویٰ کر رہا ہے کہ عقد نکاح لازم ہوگیا اور میں بضع کا مالک ہوگیا اور عورت اس کا انکار کر رہی ہے اور اصل عدم نکاح اور عدم تملک بضع ہے۔ لہٰذا مرد کا قول اصل کے خلاف ہوا اور عورت کا اصل کے موافق اور جس کا قول اصل کے خلاف ہے وہ مدعی اور جس کا اصل کے موافق ہے وہ مدعی علیہ ہے۔ اور مدعی یعنی مرد کے پاس گواہ موجود نہیں، لہٰذا مدعی علیہ یعنی عورت کا قول معتبر ہوگا۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ مودَع جس کے پاس امانت رکھی ہوئی تھی وہ کہتا ہے کہ میں ودیعت ادا کر چکا اور صاحبِ ودیعت کہتا ہے کہ ادا نہیں کی تو یہاں مودع کا قول معتبر ہوگا۔ کیونکہ مودع دعویٰ کر رہا ہے فراغ ذمہ کا اور صاحبِ ودیعت دعویٰ کر رہا ہے ذمہ کے مشغول ہونے کا۔ اور فراغ ذمہ اصل ہے اور ذمہ کا مشغول ہونا خلاف اصل ہے۔ پس مودع مدعیٰ علیہ ہوگا۔ اور صاحبِ ودیعت مدعی اور مدعی کے پاس بینہ موجود نہیں لہٰذا مدعی علیہ کا قول معتبر ہوگا۔ امام زفرؒ کے قیاس کا جواب یہ ہے کہ خیارِ شرط کی صورت میں عقد بیع کا لزوم اس لئے نہیں ہوا کہ مدعی سکوت کا قول معتبر مانا گیا ہے، بلکہ مدتِ خیار کے گذر جانے سے خود بخود عقد بیع لازم ہوگیا۔

اور اسی مسئلہ میں اگر زوج نے عورت کے سکوت پر بینہ پیش کر دیا تو نکاح ثابت ہو جائے گا کیونکہ مدعی نے اپنے دعویٰ کو حجت سے منور کر دیا اور اگر اس کے پاس گواہ نہیں تو امام صاحبؒ کے نزدیک عورت پر یمین نہیں آئے گی اور یہ انہیں چھ چیزوں میں سے ایک ہے جن میں مدعی علیہ پر امام صاحبؒ کے نزدیک یمین نہیں آتی اور دوسرے حضرات کے نزدیک آتی ہے جس کو میں نے تمہید میں ذکر کر دیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ولی نے صغیر اور صغیرہ کا نکاح کرایا خواہ باکرہ ہو یا ثیبہ ...... نکاح کا حکم

وَيَجُوزُ نِكَاحُ الصَّغِيرِ وَالصَّغِيرَةِ إِذَا زَوَّجَهُمَا الْوَلِيُّ بِكْرًا كَانَتِ الصَّغِيرَةُ أَوْثَيِّبًا وَالْوَلِيُّ هُوَ الْعَصَبَةُ وَ مَالِكٌ يُخَالِفُنَا فِي غَيْرِ الْأَبِ وَ الشَّافِعِيُّ فِي غَيْرِ الْأَبِ وَالْجَدِّ وَ فِي الثَّيِّبِ الصَّغِيرَةِ أَيْضًا وَجْهُ قَوْلِ مَالِكٍ أَنَّ الْوَلَايَةَ عَلَى الْحُرَّةِ بِاعْتِبَارِ الْحَاجَةِ وَلَا حَاجَةَ لِإِنْعِدَامِ الشَّهْوَةِ إِلَّا أَنَّ وَلَايَةَ الْأَبِ ثَبَتَتْ نَصًّا بِخِلَافِ الْقِيَاسِ وَالْجَدُّ لَيْسَ فِي مَعْنَاهُ فَلَا يُلْحَقُ بِهِ قُلْنَا لَا بَلْ هُوَ مُوَافِقٌ لِلْقِيَاسِ لِأَنَّ النِّكَاحَ يَتَضَمَّنُ الْمَصَالِحَ وَلَا تَتَوَفَّرُ إِلَّا بَيْنَ الْمُتَكَافِئَيْنِ عَادَةً وَلَا يَتَّفِقُ الْكُفْوُ فِي كُلِّ زَمَانٍ فَأَثْبَتْنَا الْوَلَايَةَ فِي حَالَةِ الصِّغَرِ إِحْرَازًا لِلْكُفْوِ وَجْهُ قَوْلِ الشَّافِعِيِّ أَنَّ النَّظَرَ لَا يَتِمُّ بِالتَّفْوِيضِ إِلَى غَيْرِ الْأَبِ وَالْجَدِّ لِقُصُورِ شَفَقَتِهِ وَ بُعْدِ قَرَابَتِهِ وَلِهٰذَا لَا يَمْلِكُ التَّصَرُّفَ فِي الْمَالِ مَعَ أَنَّهُ أَدْنٰى رُتْبَةً فَلِأَنَّ لَا يَمْلِكُ التَّصَرُّفَ فِي النَّفْسِ وَ أَنَّهُ أَعْلٰى أَوْلٰى وَلَنَا أَنَّ الْقَرَابَةَ دَاعِيَةٌ إِلَى النَّظَرِ كَمَا فِي الْأَبِ وَ الْجَدِّ وَ مَا فِيهِ مِنَ الْقُصُورِ أَظْهَرْنَاهُ فِي سَلْبِ وِلَايَةِ الْإِلْزَامِ بِخِلَافِ التَّصَرُّفِ فِي الْمَالِ لِأَنَّهُ يَتَكَرَّرُ فَلَا يُمْكِنُ تَدَارُكُ الْخَلَلِ فَلَا تُفِيدُ الْوِلَايَةُ الْاِمُلْزِمَةَ وَ مَعَ الْقُصُورِ لَا يَثْبُتُ وِلَايَةُ الْإِلْزَامِ وَجْهُ قَوْلِهِ فِي الْمَسْأَلَةِ الثَّانِيَةِ أَنَّ الثِّيَابَةَ سَبَبٌ لِحُدُوثِ الرَّأْيِ لِوُجُودِ الْمُمَارَسَةِ فَأَدَرْنَا الْحُكْمَ عَلَيْهَا تَيْسِيرًا وَلَنَا مَا ذَكَرْنَا مِنْ تَحَقُّقِ الْحَاجَةِ وَ وُفُورِ الشَّفَقَةِ وَلَا مُمَارَسَةَ تُحْدِثُ الرَّأْيَ بِدُونِ الشَّهْوَةِ فَيُدَارُ الْحُكْمُ عَلَى الصِّغَرِ ثُمَّ الَّذِي يُؤَيِّدُ كَلَامَنَا فِيمَا تَقَدَّمَ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ النِّكَاحُ إِلَى الْعَصَبَاتِ مِنْ غَيْرِ فَصْلٍ وَالتَّرْتِيبُ فِي الْعَصَبَاتِ فِي وِلَايَةِ النِّكَاحِ كَالتَّرْتِيبِ فِي الْإِرْثِ وَالْأَبْعَدُ مَحْجُوبٌ بِالْأَقْرَبِ.

---

ترجمہ ...... اور جائز ہے صغیر اور صغیرہ کا نکاح جبکہ ان دونوں کا نکاح کیا ولی نے باکرہ ہو یا ثیبہ۔ اور ولی وہ ہے جو عصبہ ہو اور امام مالکؒ ہمارے خلاف ہیں باپ کے علاوہ میں اور امام شافعیؒ خلاف ہیں باپ اور دادا کے علاوہ میں اور ثیبہ صغیرہ میں بھی اختلاف ہے امام مالکؒ کے قول کی وجہ یہ ہے کہ

ولایت آزاد عورت پر باعتبار حاجت کے ہے اور کوئی حاجت نہیں شہوت کے معدوم ہونے کی وجہ سے مگر یہ کہ باپ کی ولایت ثابت ہے بذریعہ نص خلاف قیاس اور دادا باپ کے معنی میں نہیں ہے۔ پس دادا کو باپ کے ساتھ لاحق نہیں کیا جائے گا، ہم جواب دیں گے کہ نہیں بلکہ قیاس کے موافق ہے اس لئے کہ نکاح بہت سے مصالح کو متضمن ہے اور مصالح پورے طور پر حاصل نہیں ہو سکتے مگر دو برابر والوں کے درمیان عادۃً اور ہر زمانہ میں کفو کا ملنا بھی آسان نہیں۔ پس ہم نے ولایت کو ثابت کر دیا حالت صغر میں کفو کو محفوظ کرنے کے لئے۔ اور امام شافعیؒ کے قول کی وجہ یہ ہے کہ شفقت پوری نہیں ہوگی باپ اور دادا کے علاوہ کی طرف سپرد کرنے سے کیونکہ باپ اور دادا کے علاوہ کی شفقت ناقص اور قرابت بعید ہے اور اسی وجہ سے مالک نہیں ہوگا مال میں تصرف کا باوجودیکہ مال مرتبہ میں ادنیٰ ہے پس بدرجہ اولیٰ مالک نہیں ہوگا۔ نفس میں تصرف کا درانحالیکہ نفس مرتبہ میں اعلیٰ ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ قرابت داعی الی النظر ہے جیسا کہ باپ اور دادا میں اور باپ دادا کے علاوہ میں جو کچھ قصور ہے اس کو ہم ظاہر کریں گے ولایت الزام کو سلب کر کے بخلاف تصرف فی المال کے اس لئے کہ وہ مکرر ہوتا ہے پس خلل کا تدارک ممکن نہیں۔ پس نہیں فائدہ دے گی ولایت مگر الزام اور قصور شفقت کے ساتھ ولایت الزام ثابت نہیں ہوتی اور امام شافعیؒ کے قول کی وجہ دوسرے مسئلہ میں یہ ہے کہ ثیبہ ہونا سبب ہے رائے کے پیدا ہونے کا ممارست کے پائے جانے کی وجہ سے۔ پس ہم نے ثیابت پر حکم دائر کر دیا آسانی کے لئے۔ اور ہماری دلیل وہ ہے جو ہم نے ذکر کی یعنی حاجت کا متحقق ہونا اور شفقت کا کامل ہونا اور کوئی ممارست ایسی نہیں جو بغیر شہوت کے رائے پیدا کر دے پس حکم دائر کیا جائے گا صغر پر پھر وہ جو ہمارے کلام کی تائید کرتا ہے ماقبل میں حضور ﷺ کا قول اَلنِّکَاحُ اِلَی الْعَصَبَاتِ یعنی نکاح عصبات کے سپرد ہے بغیر فصل کے اور ترتیب عصبات میں ولایتِ نکاح میں ایسی ہے جیسی کہ وراثت میں اور ولی ابعد محجوب ہوگا ولی اقرب کی وجہ سے۔

**تشریح**...... اس عبارت میں دو مسئلے زیر بحث ہیں، اول یہ کہ ولایت کا حق کس کو ہوگا دوم یہ کہ کس پر ہوگا۔ پہلے مسئلہ میں ائمہؒ کا اختلاف ہے چنانچہ امام مالکؒ کے نزدیک حق ولایت صرف باپ کو حاصل ہوگا اور امام شافعیؒ کے نزدیک باپ اور دادا کو حاصل ہوگا اور ہمارے نزدیک ہر ولی کو حق ولایت حاصل ہے باپ دادا ہوں یا ان کے علاوہ۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ولایت کا حق کس پر ہوگا؟ سو اس بارے میں احنافؒ کا مذہب یہ ہے کہ ولایت کا حق صغیرہ پر ہوگا صغیرہ باکرہ ہو یا ثیبہ اور شوافعؒ کا مذہب یہ ہے کہ ولایت باکرہ پر ہوگی صغیرہ ہو یا بالغہ۔ حاصل یہ کہ احنافؒ کے نزدیک سبب ولایت صغر ہے اور شوافعؒ کے نزدیک بکر ہے۔ اب چار صورتیں پیدا ہونگی۔ دو متفق علیہ اور دو مختلف فیہ۔ متفق علیہ میں ایک صورت ہے باکرہ صغیرہ دوم ثیبہ بالغہ۔ پہلی صورت میں احنافؒ و شوافعؒ دونوں کے نزدیک ولایت کا حق حاصل ہوگا۔ اور دوسری صورت میں دونوں کے نزدیک ولایت حاصل نہیں ہوگی۔ مختلف فیہ کی ایک صورت ہے باکرہ بالغہ، دوسری صورت ثیبہ صغیرہ پہلی صورت یعنی باکرہ بالغہ پر شوافع کے نزدیک تو ولایت حاصل ہوگی۔ احنافؒ کے نزدیک نہیں اور دوسری صورت یعنی ثیبہ صغیرہ پر احنافؒ کے نزدیک تو ولایت حاصل ہوگی شوافعؒ کے نزدیک نہیں۔

**پہلے مسئلہ میں امام مالکؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ آزاد پر ولایت حاجت کی وجہ سے ہوتی ہے اور صغیر اور صغیرہ میں شہوت کے معدوم ہونے کی وجہ سے کوئی حاجت نہیں ہے لہٰذا ان پر ولایت بھی حاصل نہیں ہوگی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ امام مالکؒ باپ کو ولایت کا حق کیوں دیتے ہیں؟ جواب: باپ کے لئے حق ولایت خلاف قیاس نص سے ثابت ہے کیونکہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنی چھ سالہ صاحبزادی کا نکاح حضور ﷺ سے کیا اور آپ ﷺ نے اس کو صحیح قرار دیا اس وجہ سے باپ کو ولایت کا حق دیدیا گیا اور چونکہ دادا باپ کے معنی میں نہیں کیونکہ دادا میں باپ کے مقابلہ میں شفقت کم ہوتی ہے اس لئے باپ کے ساتھ دادا کو لاحق نہیں کیا جائے گا۔ ہماری طرف سے اس کا جواب یہ ہوگا کہ ثبوت ولایت خلاف قیاس نہیں بلکہ قیاس کے عین مطابق ہے اس لئے کہ نکاح متضمن ہوتا ہے کچھ مصالح کو مثلاً تناسل، ازدواج، قضاء شہوت وغیرہ۔ اور یہ مصالح ان دو آدمیوں کے درمیان حاصل ہو سکتے ہیں جن میں سے ہر ایک دوسرے کا کفو ہو۔ اور کفو کا ہر زمانہ میں ملنا ضروری نہیں اس وجہ سے ہم نے بچپن کے زمانہ میں ولایت کو ثابت کر دیا تا کہ کفو کو محفوظ رکھا جا سکے کیونکہ اگر بالغ ہونے کا انتظار کریں گے تو یہ کفو فوت بھی ہو سکتا ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل کا حاصل...... یہ ہے کہ ولایت کا دارومدار شفقت پر ہے اور باپ اور دادا کے علاوہ کی طرف ولایت کا حق سپرد کرنے سے شفقت کامل نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ باپ اور دادا کے علاوہ میں نقصان شفقت بھی ہے اور بُعد قرابت بھی یہی وجہ ہے کہ باپ اور دادا کے علاوہ کو صغیر کے مال میں تصرف کا اختیار نہیں۔ باوجود یکہ مال مرتبہ میں کمتر ہے تو پھر نفس جو مرتبہ میں ارفع اور اعلیٰ ہے اس میں تصرف کا اختیار باپ دادا کے علاوہ کو بدرجہ اولیٰ نہیں ہونا چاہئے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ قرابت سبب ہے شفقت کا جیسا کہ باپ اور دادا میں رہی یہ بات کہ باپ اور دادا کے علاوہ میں شفقت کم ہے تو اس کا فرق اس طرح کریں گے کہ باپ اور دادا جن میں کامل شفقت ہے ان کو ولایت اجبار اور ولایت الزام دونوں کا حق دیا گیا اور باپ دادا کے علاوہ جن میں شفقت کم ہے ان کے لئے ولایت اجبار تو ثابت ہے ولایت الزام ثابت نہیں ہے پس جب قرابت سبب ہے شفقت کا اور ولایت کا دارومدار شفقت پر ہے تو جہاں جہاں شفقت پائی جائے گی وہیں وہیں ولایت کو ثابت کردیں گے باپ دادا ہوں یا ان کے علاوہ دوسرے قرابت دار ہوں۔ ولایت اجبار اور ولایت الزام میں فرق یہ ہے کہ جن کو ولایت اجبار حاصل ہے ولایت الزام نہیں ان کا کیا ہوا نکاح لازم نہیں ہوگا بلکہ بالغ ہونے کے بعد صغیر جن کو خیار بلوغ حاصل ہوگا اور جس کو ولایت اجبار کے ساتھ ولایت الزام بھی حاصل ہے اس کا کیا ہوا نکاح لازم ہوگا بالغ ہونے کے بعد خیار بلوغ حاصل نہیں ہوگا۔ امام شافعیؒ کا قیاس کہ باپ دادا کے علاوہ کو صغیر کے مال میں تصرف کا اختیار نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مال میں تصرف مکرر ہوتا ہے چنانچہ ولی نے ایک کو بیچا اس نے دوسرے کو دوسرے نے تیسرے کو صغیر کے بالغ ہونے تک نہ جانے کہاں سے کہاں چلا جائے پس اگر باپ دادا کے علاوہ نے صغیر کے مال میں تصرف کیا تو فعل کا تدارک ممکن نہیں ہوگا۔ اس وجہ سے تصرف فی المال میں ولایت الزام ہی مفید ہوسکتی ہے۔ اور باپ دادا کے علاوہ کو ولایت الزام حاصل نہیں لہٰذا باپ دادا کے علاوہ کو مال میں تصرف کا حق بھی نہیں ہوگا۔ دوسرا مسئلہ کہ ولایت کا حق کس پر ہوگا اس میں امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ ثیبہ ہونا رائے کے پیدا ہونے کا سبب ہے اس لئے کہ ممارست پائی گئی۔ پس جب ثیبہ ذی رائے ہوگئی اور اپنے نفع نقصان کو سمجھ سکتی ہے تو اس پر ولایت کی کوئی ضرورت نہیں وہ خود مختار ہے۔ لہٰذا ثیبہ ہونے پر ہی آسانی کے لئے حکم دائر کردیا گیا۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ صغیر اور صغیرہ میں حاجت بھی متحقق ہے اور باپ دادا میں شفقت بھی کامل ہے اور رہی یہ بات کہ ممارست رائے پیدا کردیتی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ بغیر شہوت کے ممارست رائے بھی پیدا نہیں کرتی بغیر شہوت کے جماع کرنا اور دیوار میں ٹکر مارنا برابر ہے۔ پس حکم صغر پر دائر کیا جائے گا۔ چنانچہ جب صغر پایا جائے گا تو ولایت ثابت ہوگی۔ پھر ولی کے سلسلہ میں ماقبل کے کلام کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے النکاح الی العصبات اس حدیث میں باپ دادا اور اس کے علاوہ میں کوئی فرق نہیں اور ولایت نکاح کے سلسلہ میں عصبات میں ترتیب وہی ہوگی جو ترتیب وراثت میں ہے چنانچہ اقرب الاولیاء بیٹا ہے پھر پوتا اسی طرح نیچے کی طرف پھر باپ پھر دادا پھر اس کے اوپر سلسلہ وار، اور ولی ابعد محروم رہے گا ولی اقرب کی موجودگی میں، ولی اقرب کے رہتے ہوئے ولی ابعد کو حق ولایت نہیں دیا جائے گا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## باپ اور دادا نے صغیر اور صغیرہ کا نکاح کرایا تو بلوغت کے بعد دونوں کو خیار نہیں

فَإِنْ زَوَّجَهُمَا الْاَبُ اَوِ الْجَدُّ يَعْنِى الصَّغِيْرَ وَالصَّغِيْرَةَ فَلَاخِيَارَ لَهُمَا بَعْدَ بُلُوْغِهِمَا لِأَنَّهُمَا كَامِلَا الرَّأْيِ وَافِرَا الشَّفَقَةِ فَيَلْزَمُ الْعَقْدُ بِمُبَاشَرَتِهِمَا كَمَا اِذَا بَاشَرَاهُ بِرِضَائِهِمَا بَعْدَ الْبُلُوْغِ.

---

ترجمہ...... پس اگر نکاح کیا ان دونوں کا باپ یا دادا نے یعنی صغیر اور صغیرہ کا تو ان دونوں کے لئے خیار نہیں ان دونوں کے بالغ ہونے کے بعد۔ اس لئے کہ وہ دونوں کامل رائے اور بھرپور شفقت رکھنے والے ہیں پس عقد لازم ہوگا ان دونوں کے ارتکاب سے جیسا کہ جب دونوں نے ارتکاب کیا ان دونوں کی رضامندی سے بالغ ہونے کے بعد۔

تشریح...... اس عبارت میں ولایت الزام پر تفریع بیان کی گئی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ اگر صغیر اور صغیرہ کا نکاح باپ نے کیا یا باپ کی عدم

موجودگی میں دادا نے کیا تو یہ نکاح لازم ہوگا۔ اور بالغ ہونے کے بعد صغیر اور صغیرہ کو خیار بلوغ حاصل نہیں ہوگا۔ دلیل یہ کہ باپ اور دادا دونوں کامل رائے اور بھرپور شفقت رکھتے ہیں اس لئے کہ دونوں کا کیا ہوا نکاح لازم ہوگا جیسے اگر بالغ ہونے کے بعد باپ یا دادا نے ان دونوں کی رضامندی سے نکاح کیا ہے تو وہ نکاح لازم ہوگا۔

## اگر باپ اور دادا کے علاوہ کسی نے نکاح کرایا تو دونوں کو خیار ہے

وَاِنْ زَوَّجَهُمَا غَيْرُ الْاَبِ وَالْجَدِّ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا الْخِيَارُ اِذَا بَلَغَ اِنْ شَاءَ اَقَامَ عَلَى النِّكَاحِ وَ اِنْ شَاءَ فَسَخَ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَ مُحَمَّدٍ وَ قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَ لَا خِيَارَ لَهُمَا اِعْتِبَارًا بِالْاَبِ وَالْجَدِّ وَلَهُمَا اَنَّ قَرَابَةَ الْاَخِ نَاقِصَةٌ وَالنُّقْصَانُ يُشْعِرُ بِقُصُوْرِ الشَّفَقَةِ فَيَتَطَرَّقُ الْخَلَلُ اِلَى الْمَقَاصِدِ عَسٰى وَالتَّدَارُكُ مُمْكِنٌ بِخِيَارِ الْاِدْرَاكِ وَاِطْلَاقُ الْجَوَابِ فِىْ غَيْرِ الْاَبِ وَالْجَدِّ يَتَنَاوَلُ الْاُمَّ وَالْقَاضِىَ وَ هُوَ الصَّحِيْحُ مِنَ الرِّوَايَةِ لِقُصُوْرِ الرَّأْىِ فِىْ اَحَدِهِمَا وَ نُقْصَانِ الشَّفَقَةِ فِى الْاٰخَرِ فَيَتَخَيَّرُ وَ يُشْتَرَطُ فِيْهِ الْقَضَاءُ بِخِلَافِ خِيَارِ الْعِتْقِ لِاَنَّ الْفَسْخَ هُنَا لِدَفْعِ ضَرَرٍ خَفِىٍّ وَ هُوَ تَمَكُّنُ الْخَلَلِ وَ لِهٰذَا يَشْمُلُ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى فَجُعِلَ اِلْزَامًا فِىْ حَقِّ الْاٰخَرِ فَيَفْتَقِرُ اِلَى الْقَضَاءِ وَ خِيَارُ الْعِتْقِ لِدَفْعِ ضَرَرٍ جَلِىٍّ وَ هُوَ زِيَادَةُ الْمِلْكِ عَلَيْهَا وَ لِهٰذَا يَخْتَصُّ بِالْاُنْثٰى فَاعْتُبِرَ دَفْعًا وَالدَّفْعُ لَا يَفْتَقِرُ اِلَى الْقَضَاءِ.

---

ترجمہ ...... اور اگر نکاح کیا صغیر اور صغیرہ کا باپ اور دادا کے علاوہ نے تو ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے خیار ہے جب بالغ ہو جائے جی چاہے نکاح کو باقی رکھے اور جی چاہے فسخ کر دے اور یہ طرفینؒ کے نزدیک ہے۔ اور ابو یوسفؒ نے کہا کہ ان دونوں کو خیار نہیں قیاس کرتے ہوئے باپ اور دادا پر۔ اور ان دونوں کی دلیل یہ ہے کہ بھائی کی قرابت ناقص ہے اور نقصان قرابت خبر دیتا ہے قصور شفقت کی۔ پس مقاصد میں خلل کا واقع ہونا ممکن ہے اور تلافی ممکن ہے خیار بلوغ سے اور باپ اور دادا کے علاوہ میں حکم کا مطلق ہونا شامل ہے ماں اور قاضی کو۔ اور یہ صحیح روایت ہے رائے کے ناقص ہونے کی وجہ سے ان دونوں میں سے ایک میں اور نقصان شفقت دوسرے میں لہٰذا اختیار رہے گا اور شرط لگائی گئی خیار بلوغ میں قضاء قاضی کی بخلاف خیار عتق کے اس لئے کہ یہاں فسخ ضرر خفی کو دور کرنے کے لئے ہے اور وہ ضرر خفی خلل کا متمکن ہونا ہے۔ اور اسی وجہ سے شامل ہوگا مذکر اور مؤنث دونوں کو۔ پس دوسرے کے حق میں الزام قرار دیا جائے گا لہٰذا قضاء کا محتاج ہوگا اور خیار عتق ضرر جلی کو دور کرنے کے لئے ہے اور وہ ضرر جلی معتقہ پر ملک کا زیادہ ہونا ہے اور اسی وجہ سے مخصوص ہوگا مؤنث کے ساتھ پس اعتبار کیا جائے گا دفع کا اور دفع قضاء کا محتاج نہیں ہوتا۔

**تشریح** ...... اس عبارت میں ولایتِ اجبار پر تفریع بیان کی ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر صغیر اور صغیرہ کا نکاح باپ اور دادا کے علاوہ نے کیا تو بالغ ہونے کے بعد صغیرین میں سے ہر ایک کو خیار بلوغ کے تحت نکاح کو باقی رکھنے اور فسخ کر دینے کا اختیار ہوگا۔ یہ حکم طرفین کے نزدیک ہے۔ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ صغیرین کو خیار بلوغ حاصل نہیں ہوگا۔ امام ابو یوسفؒ غیر اب اور غیر جد کو قیاس کرتے ہیں اب اور جد پر۔ یعنی جس طرح باپ اور دادا کا کیا ہوا نکاح لازم ہوتا ہے بالغ ہونے کے بعد اس کو فسخ نہیں کیا جا سکتا اسی طرح غیر باپ اور غیر دادا کا کیا ہوا نکاح بھی لازم ہوگا۔ بالغ ہونے کے بعد صغیرین کو فسخ کا اختیار نہیں ہوگا مقیس اور مقیس علیہ کے درمیان جامع قرابت ہے۔ حاصل یہ کہ ابو یوسفؒ کے نزدیک باپ دادا کی طرح غیر باپ اور غیر دادا کو بھی ولایت اجبار کے ساتھ ولایت الزام حاصل ہوگی۔

**طرفینؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ باپ اور دادا کے علاوہ مثلاً بھائی کی قرابت باپ دادا کی قرابت سے ناقص ہے اور نقصان قرابت دلیل ہے نقصان شفقت کی۔ پس نقصان شفقت کی وجہ سے باپ دادا کے علاوہ کے کئے ہوئے نکاح میں خلل کا واقع ہونا ممکن ہے اور نقصانِ شفقت کی وجہ سے

مقاصد نکاح میں جو خلل کا امکان پیدا ہو گیا ہے خیار بلوغ کے ذریعہ اس کی تلافی بھی ممکن ہے۔ پس اس خلل کی تلافی کے لئے صغیرین کو خیار بلوغ حاصل ہوگا اور باپ دادا کے علاوہ کا کیا ہوا نکاح لازم نہیں ہوگا حاصل یہ کہ طرفینؒ کے نزدیک غیر اب اور غیر جد کو ولایت اجبار تو حاصل ہے لیکن ولایتِ الزام حاصل نہیں۔

**و اطلاق الجواب** کا منشاء یہ ہے کہ حکم کا اطلاق باپ اور دادا کے علاوہ میں ماں اور قاضی کو بھی شامل ہے مطلب یہ ہے کہ ماں اور قاضی کو بھی ولایت اجبار حاصل ہے ولایت الزام حاصل نہیں لہٰذا ان کا کیا ہوا نکاح بھی لازم نہیں ہوگا بلکہ بالغ ہونے کے بعد صغیرین کو خیار بلوغ کے تحت فسخ کر دینے کا حق ہے۔ صحیح روایت یہی ہے۔ اگر چہ ابو حنیفہؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ قاضی نے اگر کسی یتیمہ کا نکاح کر دیا تو اس کو خیار بلوغ حاصل نہیں ہوگا بلکہ نکاح لازم ہوگا اور وجہ یہ ہے کہ قاضی کے لئے مال اور نفس دونوں میں ولایت تامہ ثابت ہے لہٰذا قاضی کی ولایت قوۃ میں باپ اور دادا کی ولایت کے برابر ہوگی۔

**روایت صحیحہ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ ولایت الزام کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں کمال رائے اور کمال شفقت اگر یہ دونوں چیزیں پائی گئیں تو ولایت الزام حاصل ہوگی۔ اور اگر دونوں میں سے ایک چیز پائی گئی تو صرف ولایت اجبار حاصل ہوگی ولایت الزام نہیں۔ یہاں یہی بات ہے کیونکہ ماں میں کمالِ شفقت ہے کمالِ رائے نہیں اور قاضی میں کمالِ رائے ہے کمالِ شفقت نہیں۔ پس ان دونوں کو ولایت اجبار تو حاصل ہوگی ولایت الزام نہیں۔ لہٰذا ان دونوں کا کیا ہوا نکاح لازم نہیں ہوگا۔ اور صغیرین کو فسخ کر دینے کا اختیار ہوگا۔

صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ خیار بلوغ کی وجہ سے اگر نکاح فسخ کیا گیا تو اس میں قضاء قاضی شرط ہے یعنی صغیرین میں سے کسی ایک کا فسخت کہنا کافی نہیں ہوگا، بلکہ قاضی کی عدالت میں مقدمہ پیش کریں۔ پھر قاضی فسخ نکاح کا حکم دے برخلاف خیار عتق کے کہ اس میں معتقہ خود نکاح کو فسخ کر سکتی ہے قضاء قاضی کی ضرورت نہیں۔ وجہ فرق سے پہلے یہ ذہن نشین کر لیجئے کہ اپنے اوپر سے ضرر کو دفع کرنے کے لئے قاضی کا فیصلہ شرط نہیں البتہ دوسرے پر الزام لگانے کے لئے قضاء قاضی شرط ہے کیونکہ الزام قاضی کا منصب ہے عام لوگوں کا نہیں۔

**ب وجہ فرق سنئے** ...... خیار بلوغ میں فسخ نکاح کسی ضرر خفی کو دفع کرنے کے لئے ہے اور وہ ہے خلل کا متمکن ہونا۔ یہی وجہ ہے کہ خیار بلوغ مذکر اور مؤنث دونوں کو شامل ہے اور جب یہ دفع ضرر خفی کا دفع ہے تو اس کو الزام علی الغیر کے حکم میں بنا دیا جائے گا۔ یعنی جس نے نکاح کو فسخ کرنے کا ارادہ کیا گویا وہ دوسرے پر جس نے ولی بن کر نکاح کیا اس پر الزام لگا رہا ہے کہ میرا نکاح مناسب جگہ نہیں کیا اور جب یہ دفع الزام ہے اور الزام قاضی کا منصب ہے لہٰذا خیار بلوغ کی وجہ سے فسخ کو قضاء قاضی کے ساتھ مشروط کر دیا گیا۔

اور خیارِ عتق سو وہ ضرر جلی کو دفع کرنے کے لئے ہے اس لئے کہ باندی جب تک آزاد نہیں ہوئی تھی اس وقت تک اس کا شوہر دو طلاقوں کا مالک تھا اور جب آزاد ہو گئی تو اب تین طلاقوں کا مالک ہو جائے گا۔ تو گویا معتقہ پر آزادی کی وجہ سے ملک کا اضافہ ہو گیا۔ اور چونکہ زیادتی ملک باندی پر ہوگی غلام پر نہیں اسی لئے خیارِ عتق باندی کے ساتھ خاص ہے غلام کو خیار عتق حاصل نہیں ہوگا۔

اور جب خیار عتق کی وجہ سے فسخ میں صرف دفع ضرر ہے الزام کے معنی بالکل نہیں تو خیار عتق میں فسخ نکاح قضاء قاضی کا محتاج بھی نہیں ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## طرفین کا نقطۂ نظر

ثُمَّ عِنْدَهُمَا اِذَا بَلَغَتِ الصَّغِيْرَةُ وَ قَدْ عَلِمَتْ بِالنِّكَاحِ فَسَكَتَتْ فَهُوَ رِضًا وَ اِنْ لَمْ تَعْلَمْ بِالنِّكَاحِ فَلَهَا الْخِيَارُ حَتّٰى تَعْلَمَ فَتَسْكُتَ شَرَطَ الْعِلْمَ بِاَصْلِ النِّكَاحِ لِاَنَّهَا لَا تَتَمَكَّنُ مِنَ التَّصَرُّفِ اِلَّا بِهٖ وَالْوَلِيُّ يَتَفَرَّدُ بِهٖ فَعُذِرَتْ

بِالْجَهْلِ وَ لَمْ يَشْتَرِطِ الْعِلْمَ بِالْخِيَارِ لِأَنَّهَا تَتَفَرَّغُ لِمَعْرِفَةِ اَحْكَامِ الشَّرْعِ وَالدَّارُ دَارُ الْعِلْمِ فَلَمْ تُعْذَرْ بِالْجَهْلِ بِخِلَافِ الْمُعْتَقَةِ لِأَنَّ الْاَمَةَ لَا تَتَفَرَّغُ لِمَعْرِفَتِهَا فَعُذِرَتْ بِالْجَهْلِ بِثُبُوْتِ الْخِيَارِ.

---

ترجمہ..... پھر طرفینؒ کے نزدیک جب صغیرہ بالغہ ہوگئی اور حال یہ کہ وہ نکاح سے واقف ہے پس سکوت کیا تو یہ رضامندی ہوگی اور اگر اصل نکاح سے واقف نہیں تو اس کو خیار ہوگا۔ یہاں تک کہ اس کو علم ہو جائے پھر خاموش ہو جائے اصل نکاح کے علم کی شرط لگائی ہے کیونکہ وہ تصرف پر قادر نہیں ہوگی مگر علم بالنکاح سے اور ولی تنہا نکاح کر سکتا ہے۔ پس جہل کی وجہ سے صغیرہ معذور ہوگی، اور خیار کے علم کی شرط نہیں لگائی اس لئے کہ وہ احکام شرع کی معرفت کے لئے اپنے آپ کو فارغ کر سکتی ہے۔ اور دارالاسلام دارالعلم ہے پس جہل بالخیار کی وجہ سے معذور نہیں ہوگی برخلاف معتقہ کے اس لئے کہ باندی احکام شرع کے لئے فارغ نہیں۔ پس جہل بثبوت الخیار کی وجہ سے معذور ہوگی۔

تشریح..... طرفینؒ کے نزدیک ماقبل کے مسئلہ پر تفریع ہے۔ صورت یہ ہے کہ صغیرہ کو پہلے سے یہ علم تھا کہ فلاں کے ساتھ میرا نکاح ہو چکا ہے۔ اب بالغ ہونے کے بعد اس صغیرہ نے خاموشی اختیار کی تو یہ خاموشی اس کی طرف سے رضامندی ہوگی اور اگر پہلے سے اصل نکاح کا علم نہیں تھا۔ اسی دوران بالغ ہوگئی تو اس کو اس وقت تک خیار حاصل رہے گا جب تک کہ اصل نکاح کا علم ہو اور علم ہونے کے بعد اگر سکوت اختیار کیا تو رضامندی شمار ہوگی۔ حاصل یہ کہ طرفینؒ نے اصل نکاح سے واقف ہونے کی شرط لگائی ہے۔ اس لئے کہ ولی بغیر صغیرہ سے مشورہ کئے تن تنہا نکاح کر سکتا ہے اور صغیرہ خیار بلوغ کے تحت اسی وقت تصرف پر قادر ہوگی جبکہ اس کو یہ معلوم ہو کہ میرا نکاح ہو چکا اس کے بغیر تصرف خیار پر قادر نہیں ہو سکتی اس لئے اس کو اصل نکاح سے جاہل رہنے کی صورت میں معذور قرار دیا گیا ہے۔ اور کہا گیا کہ جب بھی اصل نکاح کا علم ہوگا خیارِ بلوغ حاصل ہوگا۔

علم بالنکاح کی شرط تو لگائی ہے مگر علم بالخیار کی شرط نہیں لگائی۔ تفصیل یہ ہے کہ صغیرہ کو یہ تو معلوم ہے کہ میرا نکاح ہو چکا لیکن یہ معلوم نہیں کہ بالغ ہونے کے بعد شریعت نے مجھ کو خیار بلوغ کا حق دیا ہے۔ یعنی یہ مسئلہ معلوم نہیں اب ایسی صورت میں اگر وہ بالغ ہونے کے بعد خاموش رہی تو نکاح لازم ہو جائے گا۔ درآنحالیکہ اس کو خیار بلوغ کا علم نہیں۔ دلیل یہ ہے کہ دارالاسلام دارالعلم ہے۔ پڑھنے پڑھانے کے مواقع بھی ہیں۔ آزاد ہونے کی وجہ سے یہ صغیرہ بھی احکام شرع کو جاننے اور سیکھنے کے لئے فارغ تھی۔ لہٰذا اس کا جہل معتبر نہیں ہوگا اور ہم اس کو معذور نہیں سمجھیں گے۔ اس کے برخلاف معتقہ کہ آزاد ہونے کے بعد اس کو یہ مسئلہ معلوم نہیں کہ مجھ کو خیار عتق کے تحت نکاح فسخ کر دینے کا حق ہے۔ پس آزاد ہونے کے بعد معتقہ کا سکوت رضامندی نہیں ہوگا، بلکہ معلوم ہونے تک خیار عتق باقی رہے گا۔ وجہ یہ ہے کہ باندی مولیٰ کی خدمت میں مشغول ہونے کی وجہ سے احکام شرع سیکھنے کے لئے اپنا وقت فارغ نہیں کر سکتی تھی اسلئے باندی کو خیار عتق سے ناواقف رہنے میں معذر سمجھا جائے گا۔

## باکرہ کا خیار سکوت سے باطل ہو جاتا ہے، غلام کا خیار ''رضیت'' کہنے سے ختم ہو جاتا ہے

ثُمَّ خِيَارُ الْبِكْرِ يَبْطُلُ بِالسُّكُوْتِ وَلَا يَبْطُلُ خِيَارُ الْغُلَامِ مَالَمْ يَقُلْ رَضِيْتُ اَوْ يَجِيْئُ مِنْهُ مَا يُعْلَمُ اَنَّهُ رِضًا وَ كَذٰلِكَ الْجَارِيَةُ اِذَا دَخَلَ بِهَا الزَّوْجُ قَبْلَ الْبُلُوْغِ اِعْتِبَارًا لِهٰذِهِ الْحَالَةِ بِحَالِ اِبْتِدَاءِ النِّكَاحِ وَ خِيَارُ الْبُلُوْغِ فِيْ حَقِّ الْبِكْرِ لَا يَمْتَدُّ اِلٰى اٰخِرِ الْمَجْلِسِ وَلَا يَبْطُلُ بِالْقِيَامِ فِيْ حَقِّ الثَّيِّبِ وَالْغُلَامِ لِأَنَّهُ مَا ثَبَتَ بِاِثْبَاتِ الزَّوْجِ بَلْ لِتَوَهُّمِ الْخَلَلِ فَاِنَّمَا يَبْطُلُ بِالرِّضَاءِ غَيْرَ اَنَّ سُكُوْتَ الْبِكْرِ رِضًا بِخِلَافِ خِيَارِ الْعِتْقِ لِأَنَّهُ ثَبَتَ بِاِثْبَاتِ الْمَوْلٰى وَهُوَ الْاِعْتَاقُ فَيُعْتَبَرُ فِيْهِ الْمَجْلِسُ كَمَا فِيْ خِيَارِ الْمُخَيَّرَةِ.

---

ترجمہ..... پھر خیار بکر باطل ہو جاتا ہے خاموش رہنے سے اور نہیں باطل ہوگا خیار غلام جب تک کہ نہیں کہا رضیت یا آئے اس کی طرف سے وہ چیز

کہ جان لیا جائے کہ وہ رضا ہے اور ایسے ہی جاریہ (ثیبہ) جب دخول کیا اس کے ساتھ شوہر نے بلوغ سے پہلے قیاس کرتے ہوئے اس حالت کو ابتداء نکاح کے حال پر اور خیار بلوغ باکرہ کے حق میں آخر مجلس تک ممتد نہیں ہوگا۔ اور نہیں باطل ہوگا کھڑا ہونے سے ثیبہ کے حق میں اور غلام کے حق میں اس لئے کہ خیار بلوغ نہیں ثابت ہوا زوج کے ثابت کرنے سے بلکہ خلل کے وہم کی وجہ سے۔ چنانچہ خیار بلوغ باطل ہو جاتا ہے رضامندی سے مگر باکرہ کی خاموشی رضامندی ہے۔ بخلاف خیار عتق کے اس لئے کہ وہ ثابت ہوتا ہے مولیٰ کے ثابت کرنے سے اور وہ اعتاق ہے پس اعتبار کیا جائے گا اس میں مجلس کا جیسا کہ خیار مخیرہ میں۔

تشریح ...... اس عبارت میں خیار بلوغ جو مذکر اور مؤنث دونوں کو شامل ہے اس پر تفریع ہے تقریر یہ ہوگی کہ باکرہ کا خیار بلوغ سکوت سے باطل ہو جائے گا اور لڑکے کا خیار بلوغ سکوت سے باطل نہیں ہوگا۔ بلکہ صراحۃً رضیتُ (یعنی میں راضی ہوا) کہے یا کوئی ایسی علامت پائی جائے جو رضامندی پر دلالت کرے۔ مثلاً بالغ ہوتے ہی بیوی کے پاس مہر بھیج دیا یا دوستوں کو دعوتیں کھلانا شروع کر دیں یا بیوی سے جماع کر لیا۔ ان سب چیزوں سے رضامندی پائی گئی۔ لہٰذا خیار بلوغ ساقط ہو جائے گا۔ اسی طرح جاریہ ثیبہ کہ اس کے ساتھ شوہر نے بالغ ہونے سے پہلے جماع کیا تو اس کے حق میں بھی سکوت کافی نہیں ہوگا۔ بلکہ صراحۃً رضامندی کا اظہار کرے یا کوئی علامت اس کی طرف سے پائی جائے جس سے رضامندی معلوم ہو سکے۔ مجموعہ کی دلیل یہ ہے کہ اس حالت کو قیاس کیا گیا ابتداء نکاح کی حالت پر۔ قیاس کی تفصیل یہ ہے کہ صغیرہ باکرہ جب بالغہ ہو گئی اور اس سے ولی نے نکاح کی اجازت مانگی پھر وہ باکرہ بالغہ خاموش رہی تو اس کا یہ سکوت رضامندی ہوگا اسی طرح اگر صغیرہ کے لئے خیار بلوغ ہے، اور بالغہ ہو گئی اور سکوت اختیار کیا تو اس کا یہ سکوت رضامندی شمار ہوگا۔ اور خیار باطل ہوگا اس حالت کو ابتداء نکاح کی حالت پر قیاس کرتے ہوئے اور اسی طرح لڑکا اور جاریہ ثیبہ جب ان سے نکاح کی اجازت مانگی تو ان دونوں کا سکوت رضامندی نہیں ہوگا بلکہ زبان سے رضا کا اظہار کرے یا کوئی واضح دلالت پائی جائے۔ یہی حال ہوگا خیار بلوغ کے وقت کہ ان کا سکوت رضامندی نہیں ہوگا۔ بلکہ زبان سے اظہار کرے یا دلالت واضحہ پائی جائے اس حالت کو ابتداء نکاح کی حالت پر قیاس کرتے ہوئے۔

و خیار البلوغ فی حق البکر سے دوسری تفریع ہے۔ حاصل یہ کہ خیار بلوغ باکرہ کے حق میں آخر مجلس تک ممتد نہیں ہوگا۔ مجلس سے مراد وہ مجلس ہے جس میں صغیرہ بالغہ ہوئی تھی یعنی جس مجلس میں پہلی مرتبہ خون دیکھا حالانکہ نکاح کی خبر پہلے مل چکی تھی یا بالغہ پہلے ہو چکی تھی اور اب اس مجلس میں نکاح کی خبر ملی تو دونوں صورتوں میں سکوت خیار بلوغ کو باطل کر دے گا۔ اور ثیبہ اور لڑکے کے حق میں خیار بلوغ کھڑا ہونے سے باطل نہیں ہوگا بلکہ ماوراء مجلس تک ممتد رہے گا۔ خاص طور سے ثیبہ کے حق میں دلیل یہ ہے کہ ثیبہ کے لئے خیار بلوغ زوج کے ثابت کرنے سے نہیں ہوا۔ اور جو چیز زوج کے ثابت کرنے سے ثابت نہیں ہوئی وہ مجلس پر منحصر نہیں رہے گی۔ اس لئے کہ تفویض کے قبیلہ سے جو چیز ہوگی وہ مجلس پر منحصر رہتی ہے۔

بل لتوهم الخلل سے ایسی دلیل بیان کی جو باکرہ اور لڑکے دونوں کو شامل ہے، دلیل کا حاصل یہ ہے کہ خیار بلوغ ثابت ہوتا ہے عدم رضا سے تو ہم خلل کی وجہ سے اور جو چیز عدم رضا سے ثابت ہوتی ہے وہ باطل ہو جاتی ہے رضا سے منافی کے پائے جانے کی وجہ سے مگر یہ کہ باکرہ کا سکوت رضا ہے نہ کہ لڑکے کا سکوت۔ پس باکرہ کا خیار محض سکوت سے باطل ہوگا۔ اور لڑکے کا سکوت ماوراء مجلس تک باقی رہے گا۔ بخلاف خیار عتق کے اس عبارت میں خیار بلوغ اور خیار عتق میں فرق کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ فرمایا کہ خیار عتق خیار بلوغ کے مخالف ہے کیونکہ خیار عتق ثابت ہوتا ہے مولیٰ کے ثابت کرنے سے اور وہ اعتاق ہے۔ اس لئے کہ اگر مولیٰ آزاد نہ کرتا تو معتقہ کے لئے خیار عتق ثابت نہ ہوتا لہٰذا اس میں مجلس کا اعتبار کیا جائے گا کیونکہ ماقبل میں یہ قاعدہ گذر چکا کہ ہر وہ خیار جو دوسرے کے ثابت کرنے سے ثابت ہوتا ہے وہ مجلس پر منحصر رہے گا۔ جیسا کہ خیار مخیرہ میں مثلاً شوہر نے اپنی بیوی سے کہا اختاری نفسک تو بیوی کا یہ اختیار مجلس کے ختم ہونے تک باقی رہے گا۔ مجلس کے ختم ہونے سے پہلے پہلے نکاح کو فسخ کر دے یا باقی رکھے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## خیارِ بلوغ کے ساتھ فرقت طلاق نہیں

ثُمَّ الْفُرْقَةُ بِخِيَارِ الْبُلُوْغِ لَيْسَ بِطَلَاقٍ لِأَنَّهَا تَصِحُّ مِنَ الْأُنْثٰى وَلَا طَلَاقَ اِلَيْهَا وَ كَذَا بِخِيَارِ الْعِتْقِ لِمَا بَيَّنَّا بِخِلَافِ الْمُخَيَّرَةِ لِأَنَّ الزَّوْجَ هُوَ الَّذِیْ مَلَّكَهَا وَ هُوَ مَالِكٌ لِلطَّلَاقِ.

ترجمہ...... پھر فرقت خیار بلوغ کی وجہ سے طلاق نہیں اس لئے کہ یہ فرقت عورت کی جانب سے بھی صحیح ہوتی ہے اور طلاق کا اختیار عورت کو نہیں ہے۔ اور ایسے ہی خیار عتق کی وجہ سے۔ دلیل وہی ہے جو ہم نے بیان کی۔ بخلاف مخیّرہ کے اس لئے کہ زوج ہی نے اس کو مالک بنایا ہے اور زوج طلاق کا مالک ہے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ خیار بلوغ کی وجہ سے جو فرقت ہوئی دخول سے پہلے یا بعد میں وہ طلاق نہیں کہلائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ خیار بلوغ کی وجہ سے فرقت عورت کی جانب سے بھی صحیح ہوتی ہے اور عورت کو طلاق دینے کا اختیار نہیں ہوتا۔ پس اگر طلاق مان لیا جائے تو عورت کی جانب سے بھی طلاق دینا لازم آئے گا جو غلط ہے۔ طلاق نہ ہونے کا فائدہ دو صورتوں میں ظاہر ہوگا۔ اول یہ کہ فرقت اگر دخول سے پہلے ہے تو شوہر پر نصف مسمّٰی واجب نہیں ہوگا۔ اگر طلاق ہوتی تو نصف مہر واجب ہوتا۔ دوسری صورت یہ کہ فرقت کے بعد اگر ان دونوں نے نکاح کر لیا تو شوہر تین طلاقوں کا مالک ہوگا۔ اگر فرقت طلاق ہوتی تو اب نکاح ثانی کے بعد دو طلاقوں کا مالک ہوتا اور اسی طرح خیار عتق کی وجہ سے فرقت طلاق نہیں کہلائے گی سابقہ دلیل کی وجہ سے۔ اس کے برخلاف مخیّرہ کہ تخییر کی وجہ سے فرقت طلاق شمار ہوگی۔ دلیل یہ کہ اپنی بیوی کو تخییر کے ذریعہ طلاق کا مالک بنایا ہے اور شوہر طلاق کا مالک تھا تو گویا شوہر ہی نے طلاق دی ہے بیوی نے نہیں۔

## بلوغت سے پہلے یا بلوغت کے بعد تفریق سے پہلے، ایک فوت ہو گیا، دوسرا وارث ہوگا

وَاِنْ مَاتَ اَحَدُهُمَا قَبْلَ الْبُلُوْغِ وَرِثَهُ الْاٰخَرُ وَ كَذَا اِذَا مَاتَ بَعْدَ الْبُلُوْغِ قَبْلَ التَّفْرِيْقِ لِأَنَّ اَصْلَ الْعَقْدِ صَحِيْحٌ وَالْمِلْكُ الثَّابِتُ بِهٖ اِنْتَهٰى بِالْمَوْتِ بِخِلَافِ مُبَاشَرَةِ الْفُضُوْلِیِّ اِذَا مَاتَ اَحَدُ الزَّوْجَيْنِ قَبْلَ الْاِجَازَةِ لِأَنَّ النِّكَاحَ ثَمَّهٗ مَوْقُوْفٌ فَيَبْطُلُ بِالْمَوْتِ وَهٰهُنَا نَافِذٌ فَتَقَرَّرُ بِهٖ.

ترجمہ...... اور اگر احد الزوجین مر گیا بالغ ہونے سے پہلے تو دوسرا اس کا وارث ہوگا اور ایسے ہی جب مر گیا بالغ ہونے کے بعد تفریق سے پہلے اس لئے کہ اصل عقد صحیح ہے اور جو ملک بضع اس سے ثابت ہوئی ہے موت کی وجہ سے انتہاء کو پہنچ گئی۔ بخلاف مباشرت فضولی کے جب احد الزوجین مر گیا اجازت سے پہلے۔ اس لئے کہ نکاح مباشرت فضولی میں موقوف ہے۔ پس موت کی وجہ سے باطل ہو جائے گا اور یہاں نکاح نافذ ہے پس موت کی وجہ سے ثابت ہوگا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ خیار بلوغ حاصل ہونے کی صورت میں اگر بلوغ سے پہلے یا بلوغ کے بعد تفریق قاضی سے پہلے احد الزوجین مر گیا تو دوسرا اس کا وارث ہوگا۔ لڑکی مر گئی تو لڑکا وارث ہوگا اور اگر لڑکا مر گیا تو لڑکی وارث ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ اصل عقد تو صحیح ہے۔ اسی وجہ سے تفریق قاضی سے پہلے وطی حلال ہے اور اصل عقد سے جو ملک ثابت ہوئی تھی موت کی وجہ سے وہ اپنی انتہاء کو پہنچ گئی اور جو چیز اپنی انتہا کو پہنچ جاتی ہے وہ زائل نہیں ہوتی بلکہ مستحکم طور پر ثابت ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ موت کی صورت میں زوجیت کا رشتہ جنت میں بھی باقی رہے گا۔ لیکن طلاق کی صورت میں مطلقہ جنت میں طلاق دینے والے شوہر کو نہیں ملے گی۔ پس جب موت سے زوجیت کا رشتہ مستحکم ہوا ہے تو آپس میں ایک کو دوسرے کی وراثت ملے گی۔ بخلاف اس کے کہ کسی فضولی نے عورت و مرد کا بغیر ان دونوں کی اجازت کے نکاح کر دیا اب اجازت دینے سے پہلے

احدالزوجین مرگیا تو دوسرے کو وراثت نہیں ملے گی۔ اس لئے کہ نکاح فضولی زوجین کی اجازت پر موقوف ہے۔ پس احدالزوجین کے مرجانے سے نکاح باطل ہوگیا۔ لہٰذا وراثت بھی جاری نہیں ہوگی۔ اور متن کے مسئلہ میں نکاح نافذ ہے۔ پس موت سے ثابت ہی ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## غلام، صغیر، مجنون کو ولایت حاصل نہیں

قَالَ وَلَا وِلَايَةَ لِعَبْدٍ وَلَا صَغِيْرٍ وَلَا مَجْنُوْنٍ لِأَنَّهُ لَا وِلَايَةَ لَهُمْ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ فَاَوْلٰى اَنْ لَّا يَثْبُتَ عَلٰى غَيْرِهِمْ وَلِأَنَّ هٰذِهِ وِلَايَةٌ نَظَرِيَّةٌ وَلَا نَظَرَ فِي التَّفْوِيْضِ اِلٰى هٰؤُلَاءِ وَلَا وِلَايَةَ لِكَافِرٍ عَلٰى مُسْلِمٍ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَ لَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكَافِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا وَ لِهٰذَا لَا تُقْبَلُ شَهَادَتُهٗ عَلَيْهِ وَلَا يَتَوَارَثَانِ اَمَّا الْكَافِرُ فَيَثْبُتُ لَهٗ وِلَايَةُ الْاِنْكَاحِ عَلٰى وَلَدِهِ الْكَافِرِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى ﴿وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ﴾ وَ لِهٰذَا تُقْبَلُ شَهَادَتُهٗ عَلَيْهِ وَ يَجْرِيْ بَيْنَهُمَا التَّوَارُثُ.

---

ترجمہ ...... اور غلام، صغیر اور مجنون کے لئے ولایت نہیں اس لئے کہ ان کو اپنی ذات پر ولایت نہیں۔ پس اپنے غیر پر بدرجہ اولیٰ ولایت ثابت نہیں ہوگی اور اس لئے کہ یہ ولایت نظری ہے (یعنی مبنی بر شفقت) اور نکاح ان کے سپرد کرنے میں کوئی شفقت نہیں اور مسلمان کے خلاف کافر کو بھی ولایت نہیں باری تعالیٰ کے قول ولن یجعل...... الآیۃ کی وجہ سے ہرگز نہیں بنائے گا اللہ کافر کے لئے مسلمان پر کوئی راہ۔ اسی وجہ سے کافر کی شہادت مسلمان کے خلاف قبول نہیں کی جائے گی۔ اور نہ مسلمان اور کافر میں وراثت جاری ہوگی۔ اور رہا کافر سو اس کے لئے اپنے کافر بیٹے کے نکاح کرنے کی ولایت ثابت ہے باری تعالیٰ کے قول کی وجہ سے اور کفار بعض بعض کے ولی ہیں اور اسی وجہ سے کافر کی شہادت کافر کے خلاف قبول کی جائے گی اور ان دونوں میں وراثت جاری ہوگی۔

تشریح ...... فرماتے ہیں کہ غلام، صغیر اور دیوانہ کو حق ولایت نہیں۔ دلیل یہ ہے کہ ولایت متعدیہ فرع ہے ولایت قاصرہ کی۔ پس جس شخص کو اپنے اوپر ولایت حاصل نہیں دوسرے پر بدرجہ اولیٰ حاصل نہیں ہوگی۔ چونکہ ان تینوں کو اپنی ذات پر ولایت کا حق نہیں لہٰذا غیر پر بھی نہیں ہوگا دوسری دلیل یہ ہے کہ ولایت کا دارومدار ہے شفقت پر اور ان تینوں کو اگر امور نکاح سپرد کردیئے جائیں تو اس میں کوئی شفقت نہیں کیونکہ بچہ اور دیوانہ تو کفو کو حاصل کرنے سے ہی عاجز ہے اور رہا غلام سو وہ مولیٰ کی خدمت میں مشغول ہونے کی وجہ سے کفو کو حاصل نہیں کرسکتا ہے۔

صاحبِ قدوریؒ فرماتے ہیں کہ کافر کو بھی مسلمان کے خلاف ولایت کا حق نہیں اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کافر کو مومنین کے خلاف کوئی راہ نہیں دیتا اور سبیل سے مراد یہاں تصرف شرعی ہے اور چونکہ کافر کو مسلمان پر حق ولایت نہیں اسی لئے مسلمان کے خلاف کافر کی گواہی بھی قبول نہیں کی جاتی ہے اور نہ کافر مسلمان کا وارث ہوگا اور نہ مسلمان کافر کا۔ البتہ کافر کو اپنے کافر بیٹے کے نکاح کرنے کی ولایت حاصل ہے۔ قرآن کی آیت سے ثابت ہے یعنی کفار بعض بعض کے ولی ہیں اور اسی وجہ سے کافر کی گواہی کافر کے خلاف قبول کرلی جاتی ہے اور ان میں آپس میں وراثت بھی جاری ہوتی ہے۔

## عصبات کی عدم موجودگی میں کس کے لئے ولایت ہے؟ ...... اقوالِ فقہاء

وَلِغَيْرِ الْعَصَبَاتِ مِنَ الْاَقَارِبِ وِلَايَةُ التَّزْوِيْجِ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَمَعْنَاهُ عِنْدَ عَدَمِ الْعَصَبَاتِ وَ هٰذَا اِسْتِحْسَانٌ وَ قَالَ مُحَمَّدٌ لَاتَثْبُتُ وَ هُوَ الْقِيَاسُ وَ هُوَ رِوَايَةٌ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ قَوْلُ اَبِيْ يُوْسُفَ فِيْ ذٰلِكَ مُضْطَرِبٌ وَ الْاَشْهَرُ اَنَّهٗ مَعَ مُحَمَّدٍ لَهُمَا مَارَوَيْنَا وَلِأَنَّ الْوِلَايَةَ اِنَّمَا تَثْبُتُ صَوْنًا لِلْقَرَابَةِ عَنْ نِسْبَةِ غَيْرِ الْكُفْوِ اِلَيْهَا وَ اِلَى الْعَصَبَاتِ

الصِّيَانَةُ وَلِاَبِي حَنِيْفَةَ اَنَّ الْوِلَايَةَ نَظْرِيَّةٌ وَالنَّظْرُ يَتَحَقَّقُ بِالتَّفْوِيْضِ اِلٰى مَنْ هُوَ الْمُخْتَصُّ بِالْقَرَابَةِ الْبَاعِثَةِ عَلَى الشَّفْقَةِ وَ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهَا يَعْنِي الْعَصَبَةَ مِنْ جِهَةِ الْقَرَابَةِ اِذَا زَوَّجَهَا مَوْلَاهَا الَّذِيْ اَعْتَقَهَا جَازَ لِاَنَّهُ اٰخِرُ الْعَصَبَاتِ وَ اِذَا عَدِمَ الْاَوْلِيَاءُ فَالْوِلَايَةُ اِلَى الْاِمَامِ وَ الْحَاكِمِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَّا وَلِيَّ لَهٗ.

---

ترجمہ...... اور اقارب میں سے غیر عصبات کے لئے نکاح کرانے کی ولایت ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس کی مراد ہے عصبات نہ ہونے کی صورت میں اور یہ استحسان ہے اور فرمایا امام محمدؒ نے کہ نہیں ثابت ہوگی اور یہی قیاس ہے اور یہ روایت ہے ابوحنیفہؒ سے۔ اور ابو یوسفؒ کا قول اس بارے میں متردد ہے اور مشہور یہ ہے کہ وہ امام محمدؒ کے ساتھ ہیں۔ صاحبینؒ کی دلیل وہ حدیث ہے جو روایت کی ہم نے اور اس لئے کہ ولایت ثابت ہوتی ہے غیر کفو کو اس کی طرف منسوب کرنے سے قرابت کو محفوظ کرنے کے لئے اور عصبات کی طرف سپرد کرنے میں حفاظت ہے۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ ولایت نظری ہے (مبنی بر شفقت) اور شفقت محقق ہوگی اس شخص کی طرف سپرد کر کے جو مختص ہو اس قرابت کے ساتھ جو آمادہ کرنے والی ہو شفقت پر اور وہ عورت جس کا ولی نہیں یعنی عصبہ جہت قرابت سے جب نکاح کیا اس کا اس کے مولیٰ نے جس نے اس کو آزاد کیا تو جائز ہے اس لئے کہ وہ آخر عصبات ہے اور جب تمام اولیاء ختم ہو جائیں تو ولایت امام اور حاکم کے لئے ہے حضور ﷺ کے فرمان کی وجہ سے یعنی بادشاہ ولی ہے اس شخص کا جس کا کوئی ولی نہیں۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ عصبات کی عدم موجودگی میں ولایت کس کے لئے ثابت ہوگی۔ اس بارے میں اختلاف ہے امام صاحبؒ کے نزدیک عصبات کے علاوہ دوسرے قرابت داروں کے لئے ثابت ہوگی۔ مثلاً ماموں، خالہ، پھوپھی وغیرہ۔ امام صاحبؒ کا مذہب استحساناً ہے اور امام محمدؒ کے نزدیک عصبات کے علاوہ دوسرے قرابتداروں کے لئے ولایت ثابت نہیں ہوگی۔ اور قیاس بھی یہی ہے امام یوسفؒ کے قول میں اضطراب ہے لیکن مشہور یہ ہے کہ امام محمدؒ کے ساتھ ہے۔

صاحبینؒ کی دلیل...... ماقبل میں روایت کردہ حدیث ہے یعنی اَلنِّکَاحُ الی العصبات اور الف لام جنس کا ہے تو مطلب یہ ہوگا کہ جنس نکاح سپرد ہے جنس عصبات کے ان کے غیر کو اس میں کوئی دخل نہیں۔ دوسری دلیل عقلی یہ ہے کہ ولایت قرابت کی حفاظت کے لئے ہے تاکہ قرابت کی طرف غیر کفو کو منسوب نہ کیا جا سکے اور یہ حفاظت ہوگی عصبات کے سپرد کرنے سے اس لئے ولایت کا حق صرف عصبات کو ہے غیر عصبات کو نہیں۔

امام صاحبؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ ولایت کا مدار ہے شفقت پر اور شفقت ہر اس شخص میں موجود ہوگی جس میں قرابت باعثۃ علی الشفقت پائی جائے۔ پس جس میں ایسی قرابت پائی جائے گی اس کو ولایت حاصل ہوگی عصبہ ہو یا غیر عصبہ اور اَلنِّکَاحُ الی العصبات حدیث کا جواب یہ ہے کہ عصبات کی موجودگی میں نکاح انہی کے سپرد ہوگا۔ لیکن عدم موجودگی میں غیر عصبات کی نفی نہیں کی گئی۔ صاحب قدوریؒ نے بیان کیا کہ اگر صغیرہ کا ولی نہ ہو یعنی عصبہ نہ ہو، بجہت قرابت اور اس کا نکاح مولیٰ عتاقہ نے کر دیا تو درست ہے کیونکہ وہ آخری عصبہ ہے اور جب کوئی بھی ولی نہ ہو نہ عصبہ نہ غیر عصبہ نہ نسبی اور نہ سببی تو اس صورت میں ولایت امام اور حاکم کے لئے ہوگی۔ امام سے مراد خلیفہ اور حاکم سے مراد اس کا نائب ہے یا حاکم سے مراد قاضی ہے لیکن قاضی کو ولایت نکاح اس وقت حاصل ہوگی، جب امام نے اس کو اس کا اختیار دیا ہو۔ دلیل میں حدیث ہے کہ جس کا کوئی ولی نہ ہو۔ اس کا ولی امام ہے۔

## ولی اَقرب غیبت منقطعہ پر ہو تو ولی اَبعد کے لئے ولایت ہے

فَاِذَا غَابَ الْوَلِيُّ الْاَقْرَبُ غَيْبَةً مُنْقَطِعَةً جَازَ لِمَنْ هُوَ اَبْعَدُ مِنْهُ اَنْ يُّزَوِّجَ وَ قَالَ زُفَرُ لَا يَجُوْزُ لِاَنَّ وِلَايَةَ الْاَقْرَبِ قَائِمَةٌ لِاَنَّهَا تَثْبُتُ حَقًّا لَهٗ صِيَانَةً لِلْقَرَابَةِ فَلَا تَبْطُلُ بِغَيْبَتِهٖ وَلِهٰذَا لَوْ زَوَّجَهَا حَيْثُ هُوَ جَازَ وَلَا وِلَايَةَ لِلْاَبْعَدِ مَعَ

وِلَايَتِهٖ وَلَنَا اَنَّ هٰذِهٖ وِلَايَةٌ نَظَرِيَّةٌ وَلَيْسَ مِنَ النَّظَرِ التَّفْوِيْضُ اِلٰى مَنْ لَا يَنْتَفِعُ بِرَاْيِهٖ فَفَوَّضْنَاهُ اِلَى الْاَبْعَدِ وَ هُوَ مُقَدَّمٌ عَلَى السُّلْطَانِ كَمَا اِذَا مَاتَ الْاَقْرَبُ وَلَوْ زَوَّجَهَا حَيْثُ هُوَ فِيْهِ مَنْعٌ وَ بَعْدَ التَّسْلِيْمِ نَقُوْلُ لِلْاَبْعَدِ بُعْدُ الْقَرَابَةِ وَ قُرْبُ التَّدْبِيْرِ وَلِلْاَقْرَبِ عَكْسُهٗ فَنُزِّلَا مَنْزِلَةَ وَلِيَّيْنِ مُتَسَاوِيَيْنِ فَاَيُّهُمَا عَقَدَ نَفَذَ وَلَا يُرَدُّ.

---

ترجمہ...... پس جب ولی اقرب غائب ہوگیا غیبت منقطعہ کے طور پر تو اس کے لئے جائز ہے جو اس سے ابعد ہو یہ کہ نکاح کرے اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ جائز نہیں، اس لئے کہ اقرب کی ولایت موجود ہے، اس لئے کہ ولایت ثابت ہوئی ولی اقرب کا حق بن کر قرابت کو محفوظ کرنے کے لئے پس نہیں باطل ہوگی اس کی غیبت سے اور اسی وجہ سے اگر نکاح کر دیا اس کا جہاں ہو وہ تو جائز ہے اور ابعد کے لئے ولایت نہیں ہوتی اقرب کی موجودگی میں اور ہماری دلیل یہ ہے کہ یہ ولایت نظری ہے اور کوئی شفقت نہیں نکاح کو سپرد کرنا اس شخص کی طرف جس کی رائے سے نفع نہیں اٹھایا جا سکتا ہے۔ لہٰذا ہم نے اس کو ولی ابعد کے سپرد کر دیا اور ولی ابعد مقدم ہے حاکم اور امام پر جیسا کہ جب ولی اقرب مرگیا اور اگر نکاح کیا اس کا جہاں وہ موجود ہو تو اس میں منع ہے اور تسلیم کر لینے کے بعد ہم جواب دیں گے کہ ولی ابعد کے لئے بعد قرابت اور قرب تدبیر ہے اور ولی اقرب کے لئے قرب قرابت اور بعد تدبیر ہے پس اتار لیا جائے گا دونوں کو دو برابر درجے کے ولیوں کے مرتبہ میں۔ پس ان دونوں میں سے جس نے بھی نکاح کیا وہ نافذ کیا جائے گا اور رد نہیں کیا جائے گا۔

تشریح...... ماقبل میں صاحب ہدایہؒ نے بیان فرمایا تھا کہ ولی ابعد محروم ہوگا ولی اقرب کی موجودگی میں اس پر یہ مسئلہ متفرع ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ولی اقرب مثلاً باپ غیبتِ منقطعہ کے طور پر غائب ہوگیا تو ولی ابعد مثلاً دادا کے لئے ولایت تزویج ثابت ہوگی یا نہیں یعنی ولی اقرب کی عدم موجودگی میں ولی ابعد نکاح کرنے کا مجاز ہوگا یا نہیں ہمارے نزدیک تو جائز ہے اور امام زفرؒ ناجائز کہتے ہیں۔

**امام زفرؒ کی دلیل** ...... کا حاصل یہ ہے کہ ولی اقرب کی ولایت موجود ہے کیونکہ وہ اس کے لئے حق بن کر ثابت ہوئی ہے تاکہ قرابت کی حفاظت کر سکے۔ لہٰذا ولی اقرب کے غائب ہو جانے سے اس کی ولایت باطل نہیں ہوگی۔ اور اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ولی اقرب نے اگر صغیرہ کا نکاح وہیں رہتے ہوئے کر دیا جہاں وہ سفر میں موجود تھا تو یہ نکاح شرعاً درست ہے اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ولی اقرب کی ولایت باقی ہے ورنہ اس کا کیا ہوا نکاح درست نہ ہوتا اور جب ولی اقرب کی ولایت باقی ہے تو ولی ابعد کو حق ولایت حاصل نہیں ہوگا۔ کیونکہ ولی اقرب کی ولایت کے باقی رہتے ہوئے ولی ابعد محروم رہتا ہے۔

**ہماری دلیل**...... یہ ہے کہ ولایت کا مدار شفقت پر ہے اور جس شخص کی رائے سے نفع اٹھانا ممکن نہ ہو تو امورِ نکاح اس کے سپرد کرنے میں کوئی شفقت نہیں ہے اس لئے ہم نے نکاح ولی ابعد کے سپرد کر دیا اور ولی ابعد ہمارے نزدیک امام اور حاکم پر مقدم ہے جیسا کہ جب ولی اقرب مرجائے۔ **و ھو مقدم علی السلطان** میں امام شافعیؒ پر رد ہے۔ کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ اگر ولی اقرب مرجائے تو ولایت ولی ابعد کی طرف منتقل نہیں ہوگی بلکہ امام وقت کی طرف منتقل ہوگی اسی طرح اگر ولی اقرب غائب ہو جائے تب بھی ان کے نزدیک امام وقت کو ولایت حاصل ہوگی ولی ابعد کو نہیں لیکن ہمارے نزدیک ولی ابعد امام وقت پر مقدم ہے۔

**حضرت امام زفرؒ کے قول ولو زوجها حیث هو کا جواب**...... یہ ہے کہ ہم اس کو تسلیم نہیں کرتے کہ ولی اقرب جہاں بھی موجود ہو وہیں رہتے ہوئے اگر نکاح کر دیا تو درست ہوگا بلکہ ہماری رائے یہ ہے کہ نکاح درست نہیں ہوگا۔ لہٰذا اس مسئلہ کو دلیل میں پیش کرنا مناسب نہیں ہے اور اگر ہم تسلیم بھی کر لیں کہ ولی اقرب کا بحالتِ غیبت کیا ہوا نکاح درست ہوگیا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ولی اقرب اور ولی ابعد دونوں میں ایک ایک خوبی اور ایک ایک خرابی ہے۔ کیونکہ ولی ابعد میں بُعد قرابت اور قرب تدبیر ہے۔ اور ولی اقرب میں قرب قرابت اور بُعد تدبیر ہے۔ پس یہ دونوں ایسے

ہو گئے جیسا کہ ایک درجہ کے دو ولی ہوں، اور قاعدہ یہ ہے کہ اگر برابر درجہ کے دو ولی ہوں تو ان دونوں میں سے جو بھی عقد نکاح کر دے گا وہ نافذ ہو گا اس کو رد نہیں کیا جا سکتا اسی طرح یہاں بھی جو عقد کرے گا وہ نافذ ہو جائے گا۔ اس لئے ولی اقرب کا کیا ہوا نکاح نافذ ہو گیا ہے۔

## غیبت منقطعہ کی تعریف

**وَالْغَيْبَةُ الْمُنْقَطِعَةُ اَنْ يَكُوْنَ فِيْ بَلَدٍ لَاتَصِلُ اِلَيْهِ الْقَوَافِلُ فِي السَّنَةِ اِلَّامَرَّةً وَ هُوَ اِخْتِيَارُ الْقُدُوْرِيْ وَ قِيْلَ اَدْنٰى مُدَّةِ السَّفَرِ لِاَنَّهٗ لَانِهَايَةَ لِاَقْصَاهُ وَ هُوَ اِخْتِيَارُ بَعْضِ الْمُتَاَخِّرِيْنَ وَ قِيْلَ اِذَا كَانَ بِحَالٍ يَفُوْتُ الْكُفُوُ بِاِسْتِطْلَاعِ رَأْيِهٖ وَهٰذَا اَقْرَبُ اِلَى الْفِقْهِ لِاَنَّهٗ لَا نَظْرَ فِيْ اِبْقَاءِ وِلَايَتِهٖ حِيْنَئِذٍ.**

---

ترجمہ..... غیبت منقطعہ یہ ہے کہ ایسے شہر میں ہو کہ نہ پہنچے قافلہ اس کی طرف سال میں مگر ایک مرتبہ اور یہ قدوری کا پسندیدہ (قول ہے) اور کہا گیا کہ ادنیٰ مدت سفر اس لئے کہ منتہی سفر کی کوئی انتہاء نہیں ہے اور یہ قول بعض متاخرینؒ کا پسند کردہ ہے اور کہا گیا کہ جب ایسے حال میں ہو کہ کفو فوت ہو جائے اس کی رائے پر اطلاع پانے سے اور یہ قول اقرب الی الفقہ ہے۔ اس لئے کہ اس وقت ولایت کو باقی رکھنے میں کوئی شفقت نہیں۔

تشریح..... مصنفؒ اس عبارت میں غیبت منقطعہ کی تعریف کرنا چاہتے ہیں۔ اس بارے میں صاحب قدوریؒ کا مذہب مختار تو یہ ہے کہ آدمی ایسے شہر میں چلا جائے جہاں قافلے سال میں ایک ہی مرتبہ جاتے ہیں۔

**بعض متاخرینؒ کا مذہب**..... مختار یہ ہے کہ ادنیٰ مدت سفر یعنی تین دن کی مسافت پر چلے جانے سے غیبت منقطعہ متحقق ہو جائے گی۔ اس لئے کہ مدت سفر کی کوئی انتہاء نہیں ہے۔ لہٰذا ادنیٰ مدتِ سفر کا اعتبار کیا گیا ہے بعض حضرات جن میں شمس الائمہ سرخسیؒ ہیں ان کی رائے یہ ہے کہ اگر ولی ایسی جگہ چلا گیا کہ اگر اس کی رائے معلوم کی جائے تو کفو فوت ہو جائے گا۔ پس ایسی صورت میں غیبتِ منقطعہ کا تحقق ہو گا۔ یہ قول دلائل فقہیہ سے زیادہ قریب ہے کیونکہ کفو فوت ہونے کے باوجود اس کی ولایت کو باقی رکھنے میں کوئی شفقت نہیں ہے۔ حالانکہ ولایت کا مدار ہی شفقت پر ہے۔ اسی وجہ سے جامع صغیر میں کہا گیا کہ اگر کوئی ولی شہر میں چھپ گیا اور اس کے بارے میں کسی کو علم نہیں تو یہ بھی غیبت منقطعہ ہو گی۔ واللہ اعلم۔

## مجنونہ کا ولی باپ اور بیٹا ہو، تو بیٹا زیادہ حق دار ہے

**وَ اِذَا اجْتَمَعَ فِي الْمَجْنُوْنَةِ اَبُوْهَا وَابْنُهَا فَالْوَلِيُّ فِيْ اِنْكَاحِهَا اِبْنُهَا فِيْ قَوْلِ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ وَ قَالَ مُحَمَّدٌؒ اَبُوْهَا لِاَنَّهٗ اَوْفَرُ شَفَقَةً مِنَ الْاِبْنِ وَلَهُمَا اَنَّ الْاِبْنَ هُوَ الْمُقَدَّمُ فِي الْعُصُوْبَةِ وَ هٰذِهِ الْوِلَايَةُ مَبْنِيَّةٌ عَلَيْهَا وَلَا مُعْتَبَرَ بِزِيَادَةِ الشَّفَقَةِ كَاَبِ الْاُمِّ مَعَ بَعْضِ الْعَصَبَاتِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.**

---

ترجمہ..... اور جب جمع ہو جائیں مجنونہ عورت میں اس کا باپ اور اس کا بیٹا تو اس کا نکاح کرنے میں اس کا ولی اقرب اس کا بیٹا ہے۔ شیخینؒ کے قول کے مطابق۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ اس کا بیٹا اس لئے کہ باپ بیٹے کے مقابلہ میں زیادہ شفقت رکھتا ہے۔ اور شیخینؒ کی دلیل یہ ہے کہ بیٹا عصبہ ہونے میں مقدم ہے اور یہ ولایت اسی عصوبت پر مبنی ہے اور زیادتی شفقت کا اعتبار نہیں کیا گیا جیسا کہ ماں کا باپ یعنی نانا بعض عصبات کے ساتھ۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ ایک مجنونہ عورت کا باپ ہے اور پہلے شوہر سے بالغ بیٹا ہے تو اس مجنونہ کے نکاح کی ولایت کس کو حاصل ہو گی۔ اس سلسلہ میں شیخینؒ کا مذہب تو یہ ہے کہ حق ولایت بیٹے کو ہے اور امام محمدؒ کا مذہب ہے کہ حق ولایت باپ کو ہے۔ امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ باپ میں شفقت زیادہ ہے بمقابلہ بیٹے کے۔ اور اس ولایت کا مدار شفقت پر ہے۔ لہٰذا زیادتی شفقت کی وجہ سے باپ کو ولایت حاصل ہو گی بیٹے کو نہیں۔

شیخینؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ عصبہ ہونے میں بیٹا مقدم ہے چنانچہ بیٹے کی موجودگی میں باپ کو صرف چھٹا حصہ ملتا ہے اور بیٹا عصبہ ہوتا ہے اور یہ ولایت مبنی ہے عصوبت پر لہٰذا بیٹا ہی ولی ہوگا باپ نہیں۔ اور زیادتی شفقت کے بارے میں امام محمدؒ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ ولایت میں نفس شفقت معتبر ہے زیادتی شفقت معتبر نہیں مثلاً کسی کا نانا ہے اور چچیرا بھتیجا تو ولایت میں چچیرا بھتیجا مقدم ہوگا۔ حالانکہ نانا میں شفقت ومحبت زیادہ ہوتی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ زیادتی شفقت کا اعتبار نہیں کیا گیا۔ واللہ اعلم۔

## فَصْلٌ فِي الْكِفَاءَةِ

ترجمہ...... یہ فصل کفاءۃ کے بیان میں ہے۔

**اَلْكَفَاءَةُ فِي النِّكَاحِ مُعْتَبَرَةٌ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلَا لَا يُزَوِّجُ النِّسَاءَ اِلَّا الْاَوْلِيَاءُ وَلَا يُزَوَّجْنَ اِلَّا مِنَ الْاَكْفَاءِ وَلِاَنَّ اِنْتِظَامَ الْمَصَالِحِ بَيْنَ الْمُتَكَافِئِيْنَ عَادَةً لِاَنَّ الشَّرِيْفَةَ تَاْبٰى اَنْ تَكُوْنَ مُسْتَفْرَشَةً لِلْخَسِيْسِ فَلَا بُدَّ مِنْ اِعْتِبَارِهَا بِخِلَافِ جَانِبِهَا لِاَنَّ الزَّوْجَ مُسْتَفْرِشٌ فَلَا تَغِيْظُهُ دَنَائَةُ الْفِرَاشِ وَاِذَا زَوَّجَتِ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا مِنْ غَيْرِ كُفُوءٍ فَلِلْاَوْلِيَاءِ اَنْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَهُمَا دَفْعًا لِضَرَرِ الْعَارِ عَنْ اَنْفُسِهِمْ.**

---

ترجمہ...... کفو کا ہونا نکاح میں معتبر ہے۔ فرمایا حضور ﷺ نے خبر دار نہ نکاح کرے عورتوں کا مگر اولیاء اور نہ کریں نکاح مگر ہمسروں سے اور اس لئے کہ انتظام مصالح عادۃً دو ہمسروں کے درمیان حاصل ہو سکتے ہیں۔ اس لئے کہ شریفہ عورت کمینے مرد کا فراش بننے سے انکار کرے گی۔ پس ضروری ہے کفاءۃ کا اعتبار۔ بخلاف عورت کی جانب کے اس لئے کہ شوہر فراش بنانے والا ہے۔ لہٰذا فراش کا کمینہ ہونا اس کو غضبناک نہیں بنائے گا۔ اور جب نکاح کیا عورت نے اپنا بغیر کفو کے تو اولیاء کو یہ حق ہے کہ ان دونوں کے درمیان تفریق کردے۔ اپنے اوپر سے ضرر عار کو دفع کرنے کے لئے۔

تشریح...... کفاءت کے معنی ہمسری، برابری، کفو نظیر، مساوی، الکفاءۃ فی النکاح یہ ہے کہ شوہر عورت کا مساوی ہو۔ اس کے حسب میں، نسب میں، دین میں، عمر میں، جمال میں وغیرہ ذٰلک۔ نکاح میں کفاءۃ کا اعتبار اس لئے کیا گیا ہے تاکہ اولیاء کا حق فسخ ساقط ہو کر نکاح لازم ہو جائے۔ نکاح میں کفو کے معتبر ہونے پر دلیل حضور ﷺ کا فرمان ہے خبر دار عورتوں کا نکاح نہ کریں مگر اولیاء اور نہ نکاح کریں مگر ہمسروں سے یعنی کفو میں محدثینؒ کے نزدیک یہ حدیث اس درجہ کی نہیں ہے جس سے استدلال کیا جائے۔ کیونکہ بعض راوی متہم بالکذب ہیں۔ زیادہ صحیح حدیث علیؓ ہے۔ جس کو ترمذیؒ نے روایت کیا۔ حدیث کا ترجمہ یہ ہے تین چیزیں ہیں جن کو مؤخر نہ کرے۔ نماز جب وقت آجائے، جنازہ جب حاضر ہو جائے اور بغیر شوہر والی عورت جب اس کا کفو مل جائے۔ دوسری عقلی دلیل یہ ہے کہ نکاح کے کچھ مصالح ہیں اور وہ مصالح پورے طور پر اس وقت حاصل ہو سکتے ہیں جبکہ نکاح دو ہمسروں میں منعقد ہو۔ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ مصالح نکاح کو حاصل کرنے کے لئے کفو کا ہونا ضروری ہے کیونکہ شریف خاندان کی عورت اس کو گوارا نہیں کرے گی کہ کسی کمین خاندان میں مرد کی فراش بنے۔ لہٰذا کفاءۃ کا اعتبار ضروری ہے۔ البتہ عورت کی جانب میں کفاءۃ معتبر نہیں یعنی مرد شریف خاندان کا ہو اور عورت کمتر خاندان کی تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اس لئے کہ شوہر فراش بنانے والا ہے۔ لہٰذا فراش کا ادنیٰ اور کمتر ہونا اس کو غیض میں مبتلا نہیں کرے گا۔ اب ایک مثال متفرع کی ہے کہ عورت نے اگر اپنا نکاح از خود بغیر کفو کے کر لیا تو اس کے اولیاء کو حق فسخ حاصل ہوگا۔ اپنے اوپر سے ضرر عار کو دفع کرنے کے لئے۔ لیکن یہ حق تفریق عورت کے بچہ جننے سے پہلے پہلے ہے۔ بچہ جننے کے بعد اولیاء کو حق فسخ نہیں رہے گا۔

### نسب میں کفو کا اعتبار کیا جائے گا

**ثُمَّ الْكَفَاءَةُ تُعْتَبَرُ فِي النَّسَبِ لِاَنَّهُ يَقَعُ بِهِ التَّفَاخُرُ فَقُرَيْشٌ بَعْضُهُمْ اَكْفَاءٌ لِبَعْضٍ وَالْعَرَبُ بَعْضُهُمْ اَكْفَاءٌ**

لِبَعْضٍ. وَالْاَصْلُ فِيْهِ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قُرَيْشٌ بَعْضُهُمْ اَكْفَاءٌ لِبَعْضٍ بَطْنٌ بِبَطْنٍ وَالْعَرَبُ بَعْضُهُمْ اَكْفَاءٌ لِبَعْضٍ قَبِيْلَةٌ بِقَبِيْلَةٍ وَالْمَوَالِيْ بَعْضُهُمْ اَكْفَاءٌ لِبَعْضٍ رَجُلٌ بِرَجُلٍ وَلَا يُعْتَبَرُ التَّفَاضُلُ فِيْمَا بَيْنَ قُرَيْشٍ لِمَا رَوَيْنَا وَعَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ نَسَبًا مَشْهُوْرًا كَاَهْلِ بَيْتِ الْخِلَافَةِ كَاَنَّهُ قَالَ تَعْظِيْمًا لِلْخِلَافَةِ وَتَسْكِيْنًا لِلْفِتْنَةِ وَبَنُوْ بَاهِلَةَ لَيْسُوْا بِاَكْفَاءٍ لِعَامَّةِ الْعَرَبِ لِاَنَّهُمْ مَعْرُوْفُوْنَ بِالْخَسَاسَةِ.

---

ترجمہ...... پھر کفاءۃ معتبر ہوتی ہے نسب میں اس لئے کہ نسب کے ساتھ باہم فخر ہوتا ہے۔ پس قریش بعض بعض کا کفو ہیں اور عرب بعض کفو ہیں بعض کا۔ اور اصل اس میں حضور ﷺ کا قول ہے کہ قریش بعض کفو ہے بعض کا بطن بطن کا۔ اور عرب میں سے بعض کفو ہے بعض کا ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ کا اور عجمی بعض کفو ہے بعض کا ایک مرد دوسرے مرد کا اور قریش میں باہم ایک کی دوسرے پر فضیلت معتبر نہیں۔ روایت کردہ حدیث کی وجہ سے اور امام محمدؒ سے روایت ہے مگر یہ کہ نسب مشہور ہو جیسے خاندان خلافت گویا امام محمدؒ نے کہا شان خلافت کو ظاہر کرنے اور فتنہ کو دور کرنے کے لئے اور بنو باھلہ عامۃ العرب کا کفو نہیں۔ اس لئے کہ وہ معروف بالخساسۃ ہیں۔

تشریح...... مبسوط میں ہے کہ مرد کے حق میں کفاءۃ معتبر ہوگی۔ نسب، حریت، مال، پیشہ اور حسب میں اور بعض نے تقویٰ، اسلام اب اور عقل کا بھی اضافہ کیا ہے۔ اور منہاج میں ہے کہ امام شافعیؒ کفاءۃ کا اعتبار کرنے میں سلامت عیوب، نسب، حریت، عفت اور پیشہ میں، امام احمدؒ دین اور مذہب کا بھی اضافہ کرتے ہیں (عینی شرح ہدایہ)

مصنفؒ فرماتے ہیں کہ نسب میں کفاءت معتبر ہے۔ کیونکہ نسب کے ساتھ بھی آپس میں ایک دوسرے پر فخر کرتے ہیں اور جو چیز ایسی ہو کہ اس کے ساتھ لوگ فخر کرتے ہیں اس میں کفاءت کا اعتبار کیا گیا ہے۔ پس ایک قریشی دوسرے قریشی کا کفو ہوگا۔ اور قریش کے علاوہ ایک عرب دوسرے عرب کا کفو ہوگا۔ دلیل اس سلسلے میں فرمان رسول ﷺ ہے کہ قریش آپس میں ایک دوسرے کا کفو ہیں۔ ایک بطن دوسرے بطن کا اور عرب آپس میں ایک دوسرے کا کفو ہیں۔ ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ کا۔ اور غیر عرب (اعاجم) آپس میں ایک دوسرے کا کفو ہیں ایک مرد دوسرے مرد کا اور قریش میں باہم ایک دوسرے پر فضیلت معتبر نہیں۔ بیان کردہ حدیث کی وجہ سے۔ لہٰذا ہر قریشی دوسرے قریشی کا کفو بن جائے گا۔ کیونکہ حدیث الائمۃ من قریش کی وجہ سے ہر قریشی میں خلافت کی صلاحیت و اہلیت ہوتی ہے۔ البتہ قریش کے علاوہ دوسرے عرب قریش کا کفو نہیں بن سکتے۔ کیونکہ قریش کے علاوہ دوسرے عرب میں خلافت کی صلاحیت نہیں ہے۔ پس غیر قریش عرب قریش کے مساوی نہیں ہیں۔ لہٰذا کفو بھی نہیں بن سکتے ہیں۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ قریش میں باہم ایک دوسرے پر فضیلت نہیں ہے۔ ہاں مگر کوئی نسب مشہور ہو۔ جیسے خاندان خلافت پس اس مشہور خاندان میں تفاضل معتبر ہوگا۔ چنانچہ قریش میں سے خاندان خلافت کی لڑکی دوسرے قریش کی جو خاندان خلافت سے نہیں کفو نہیں ہے۔ حتیٰ کہ قریشیہ بالغہ جو خاندان خلافت سے ہے اس نے نکاح کر لیا کسی ایسے قریشی سے جو خاندان خلافت سے نہیں تو اولیاء کو حق اعتراض ہوگا۔

صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ امام محمدؒ کا نسب مشہور کا استثناء کرنا گویا ان کے پیش نظر خاندانِ خلافت کی تعظیم اور فتنہ کو دور کرنا ہے۔ آخر میں فرماتے ہیں کہ عرب میں ایک خاندان بنو باہلہ کا ہے وہ عامۃ العرب کا کفو نہیں ہوں گے۔ اس لئے کہ ان کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ مردار کی ہڈیاں لے کر ان کو جوش دیتے ہیں اور ان کی چکنائی لیتے ہیں۔ پس یہ خاندان انتہائی پست اور ادنیٰ ہے اس لئے ان کو عام عرب کا کفو بھی نہیں بنایا جا سکتا ہے۔

فوائد...... قریش وہ لوگ کہلائیں گے جو نضر ابن کنانہ کی اولاد سے ہیں اور جو نضر بن کنانہ کی اولاد سے نہیں وہ غیر قریش ہیں۔ زبیر ابن بکار نے بیان کیا کہ عرب کے چھ طبقات ہیں، شعب، قبیلہ، عمارہ، بطن، فخذ، فصیلہ، شعب سب سے اوپر ہے بہت سے قبیلوں کا جامع ہے اور قبیلہ جامع ہے

عمارہ کو اور عمارہ بطون کو اور بطن افخاذ کو اور فخذ فصایل کو۔ پس مضر اور ربیعہ شعب ہیں اور کنانہ قبیلہ ہے اور قریش عمارہ اور قصی بطن اور ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ ہے (عینی شرح ہدایہ)

## اعاجم میں کفو کی تفصیل

وَ اَمَّا الْمَوَالِیْ فَمَنْ کَانَ لَہٗ اَبَوَانِ فِی الْاِسْلَامِ فَصَاعِدًا فَھُوَ مِنَ الْاَکْفَاءِ یَعْنِیْ لِمَنْ لَہٗ آبَاءٌ فِیْہِ وَ مَنْ اَسْلَمَ بِنَفْسِہٖ اَوْلَہٗ اَبٌ وَاحِدٌ فِی الْاِسْلَامِ لَا یَکُوْنُ کُفُوًا لِمَنْ لَہٗ اَبَوَانِ فِی الْاِسْلَامِ لِاَنَّ تَمَامَ النَّسَبِ بِالْاَبِ وَالْجَدِّ وَ اَبُوْیُوْسُفَ اَلْحَقَ الْوَاحِدَ بِالْمُثَنّٰی کَمَا ھُوَ مَذْھَبُہٗ فِی التَّعْرِیْفِ وَ مَنْ اَسْلَمَ بِنَفْسِہٖ لَا یَکُوْنُ کُفُوًا لِمَنْ لَہٗ اَبٌ وَاحِدٌ فِی الْاِسْلَامِ لِاَنَّ التَّفَاخُرَ فِیْمَا بَیْنَ الْمَوَالِیْ بِالْاِسْلَامِ وَالْکَفَاءَۃُ فِی الْحُرِّیَّۃِ نَظِیْرُھَا فِی الْاِسْلَامِ فِیْ جَمِیْعِ مَا ذَکَرْنَا لِاَنَّ الرِّقَّ اَثَرًا لْکُفْرِ وَ فِیْہِ مَعْنَی الذُّلِّ فَیُعْتَبَرُ فِیْ حُکْمِ الْکَفَاءَۃِ۔

---

ترجمہ ...... اور بہر حال اعاجم سو وہ شخص جس کے دو باپ (باپ دادا) اسلام میں ہیں یا زیادہ پس وہ اکفاء میں سے ہے اس شخص کا جس کے بہت سے آباء اسلام میں ہیں اور وہ شخص جو خود مسلمان ہو یا اس کا ایک باپ اسلام میں ہے تو وہ کفو نہیں ہوگا اس شخص کا جس کے دو باپ (باپ دادا) اسلام میں ہیں اس لئے کہ نسب کی تکمیل باپ اور دادا سے ہوتی ہے اور ابو یوسفؒ نے ایک کو دو کے ساتھ لاحق کیا جیسا کہ وہ ان کا مذہب ہے تعریف میں اور جو شخص خود مسلمان ہوا وہ کفو نہیں ہوگا۔ اس شخص کا جس کا ایک باپ اسلام میں ہے۔ اس لئے کہ اعاجم میں تفاخر اسلام کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور حریت میں کفاءۃ نظیر ہے کفاءۃ فی الاسلام کی مذکورہ تمام صورتوں میں اس لئے کہ مملوک ہونا کفر کا اثر ہے اور رق میں ذلت کے معنی ہیں پس اعتبار کیا جائے گا کفاءۃ کے حکم میں۔

تشریح ...... اس عبارت میں اعاجم میں کفاءۃ کی تفصیل بیان کی ہے چنانچہ فرماتے ہیں کہ جس کا باپ اور دادا دونوں مسلمان ہیں یہ شخص اس کا کفو بن جائے گا جس کا باپ دادا اور پردادا۔ اور اس سے اوپر کے حضرات بھی مسلمان تھے۔ اور جو شخص خود تو مسلمان ہے لیکن باپ مسلمان نہیں یا خود بھی مسلمان اور باپ بھی مسلمان لیکن دادا مسلمان نہیں تو یہ شخص اس کا کفو نہیں بن سکتا جس کا باپ اور دادا دونوں مسلمان ہیں کیونکہ نسب کی تکمیل باپ اور دادا دونوں کے ذکر سے ہوتی ہے۔ اور ابو یوسفؒ نے ایک کو قیاس کیا دو پر۔ اصل اختلاف تو تعریف میں ہے امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ شہادت وغیرہ میں گواہ کی تعریف اس کے اور اس کے باپ کا نام ذکر کر کے پوری ہو جاتی ہے دادا کا نام ذکر کرنے کی ضرورت نہیں اور طرفین کے نزدیک تعریف میں باپ دادا دونوں کا ذکر ضروری ہے۔

اور جو شخص خود مسلمان ہے اس کا باپ مسلمان نہیں۔ یہ اس کا کفو نہیں ہو سکتا جس کا باپ بھی مسلمان ہے۔ اس لئے کہ عجمی لوگ اسلام کے ذریعہ بھی باہم تفاخر کرتے ہیں۔

اور حریت میں کفاءت کا حکم ایسا ہے جیسا کہ اسلام میں۔ خلاصہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص خود بھی آزاد ہے اور اس کا باپ اور دادا بھی آزاد ہے تو یہ اس شخص کا کفو ہو جائے گا جس کے بہت سے آباء آزاد ہیں۔ مثلاً باپ بھی آزاد، دادا بھی اور پردادا بھی آزاد ہے، دوسری صورتوں کو اسی پر قیاس کر لیا جائے کفاءت میں حریت کا اعتبار کرنے پر۔ دلیل یہ ہے کہ مملوک ہونا کفر کا اثر ہے گویا کہ کفر ہے۔ پس جس طرح کفر اور اسلام میں کفاءت نہیں اسی طرح حریت اور رقیت میں بھی کفاءت نہیں ہوگی۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ رقیت میں ذلت کے معنی ہیں اور حریت میں عزت کے معنی ہیں۔ اس وجہ سے حکم کفاءۃ میں ان کا بھی اعتبار کیا جائے گا۔

## دین میں کفاءۃ کا اعتبار ہے

**قَالَ وَتُعْتَبَرُ اَيْضًا فِي الدِّيْنِ اَيِ الدِّيَانَةِ وَ هٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ اَبِيْ يُوْسُفَ هُوَ الصَّحِيْحُ لِاَنَّهٗ مِنْ اَعْلَى الْمَفَاخِرِ وَالْمَرْاَةُ تُعَيَّرُ بِفِسْقِ الزَّوْجِ فَوْقَ مَا تُعَيَّرُ بِضَعَةِ نَسَبِهٖ وَ قَالَ مُحَمَّدٌ لَا يُعْتَبَرُ لِاَنَّهٗ مِنْ اُمُوْرِ الْاٰخِرَةِ فَلَا تَبْتَنِيْ اَحْكَامُ الدُّنْيَا عَلَيْهِ اِلَّا اِذَا كَانَ يُصْفَعُ وَ يُسْخَرُ مِنْهُ اَوْيَخْرُجُ اِلَى الْاَسْوَاقِ سَكْرَانَ وَ يَلْعَبُ بِهِ الصِّبْيَانُ لِاَنَّهٗ مُسْتَخَفٌّ بِهٖ**

---

ترجمہ......اور اعتبار کیا جاتا ہے کفاءۃ کا دین میں یعنی دیانت میں اور یہ قول ہے ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کا یہی صحیح ہے۔ اس لئے کہ دین اعلیٰ مفاخر میں سے ہے اور عورت کو شوہر کے فاسق ہونے پر اس سے زیادہ عار دلائی جاتی ہے جتنی کہ شوہر کے نسب کے گھٹیا ہونے پر دلائی جاتی ہے اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ دیانت معتبر نہیں۔ اس لئے کہ دیانت امور آخرت میں سے ہے۔ پس احکام دنیا اس پر مبنی نہیں ہونگے۔ مگر جب کہ شوہر کو طمانچہ مارا جائے اور اس کے ساتھ تمسخر کیا جائے یا بازار کی طرف نشے کی حالت میں نکالا جائے اور بچے اس کے ساتھ کھیل کریں۔ اس لئے کہ اس کی وجہ سے وہ حقیر و خوار ہوگا۔

تشریح......مصنفؒ فرماتے ہیں کہ دین میں بھی کفاءت معتبر ہے۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ دین سے مراد دیانت ہے یعنی تقوی، صلاح، حسب اور مکارم اخلاق۔ کیونکہ دین بمعنی اسلام تو نکاح مسلمہ کے جواز کے لئے شرط ہے۔ اور ہمارا کلام اس میں ہے کہ نفاذ عقد کے بعد اولیاء کو حق اعتراض حاصل ہو۔ بہر حال دیانت میں کفاءت کا اعتبار کرنا شیخینؒ کا مذہب ہے، دلیل یہ ہے کہ دیانت اور صلاح اعلیٰ مفاخر میں سے ہے۔ حق جل مجدہ فرماتے ہیں ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ لوگ عورت کو اس کے شوہر کے نسب کے گھٹیا ہونے پر جس قدر عار دلاتے ہیں اس سے کہیں زیادہ شوہر کے فاسق ہونے پر عار دلائیں گے۔

امام محمدؒ دیانت میں کفاءت کا اعتبار نہیں کرتے ہیں کیونکہ دیانت امور آخرت میں سے ہے۔ لہٰذا احکام دنیا اس پر موقوف نہیں ہوں گے مگر کسی کا شوہر اگر اس درجہ فسق و فجور میں مبتلا ہے کہ جو چاہے اس کو طمانچہ لگادے اور لوگ مذاق اڑاتے رہیں اور نشے کی حالت میں لوگ اس کو بازار میں نکالیں تاکہ بچے اس کے ساتھ کھیل کریں تو ایسا شخص کسی صالحہ عورت کا کفو نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ یہ شخص انتہائی حقیر اور ذلیل ہے۔

## مال میں کفاءت معتبر ہے

**قَالَ وَ تُعْتَبَرُ فِي الْمَالِ وَ هُوَ اَنْ يَّكُوْنَ مَالِكًا لِلْمَهْرِ وَ النَّفَقَةِ وَ هٰذَا هُوَ الْمُعْتَبَرُ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ حَتّٰى اَنَّ مَنْ لَا يَمْلِكُهُمَا اَوْ لَا يَمْلِكُ اِحْدٰهُمَا لَا يَكُوْنُ كُفُوًا لِاَنَّ الْمَهْرَ بَدَلُ الْبُضْعِ فَلَا بُدَّ مِنْ اِيْفَائِهٖ وَ بِالنَّفَقَةِ قِوَامُ الْاِزْدِوَاجِ وَ دَوَامُهٗ وَ الْمُرَادُ بِالْمَهْرِ قَدْرُ مَا تَعَارَفُوْا تَعْجِيْلَهٗ لِاَنَّ مَا وَرَاءَهٗ مُؤَجَّلٌ عُرْفًا وَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ اَنَّهُ اُعْتُبِرَ الْقُدْرَةُ عَلَى النَّفَقَةِ دُوْنَ الْمَهْرِ لِاَنَّهٗ تَجْرِي الْمُسَاهَلَةُ فِي الْمُهُوْرِ وَ يُعَدُّ الْمَرْءُ قَادِرًا عَلَيْهِ بِيَسَارِ اَبِيْهِ فَاَمَّا الْكَفَاءَةُ فِي الْغِنٰى فَمُعْتَبَرَةٌ فِيْ قَوْلِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ مُحَمَّدٍ حَتّٰى اَنَّ الْفَائِقَةَ فِي الْيَسَارِ لَايُكَافِيْهَا الْقَادِرُ عَلَى الْمَهْرِ وَالنَّفَقَةِ لِاَنَّ النَّاسَ يَتَفَاخَرُوْنَ بِالْغِنٰى وَ يَتَعَيَّرُوْنَ بِالْفَقْرِ وَ قَالَ اَبُوْيُوْسُفَ لَا يُعْتَبَرُ لِاَنَّهٗ لَا ثَبَاتَ لَهٗ اِذِ الْمَالُ غَادٍ وَرَائِحٌ.**

---

ترجمہ......اور کفاءت کا اعتبار کیا جاتا ہے مال میں اور وہ یہ ہے کہ زوج نفقہ اور مہر کا مالک ہو اور یہی معتبر ہے ظاہر الروایہ میں حتیٰ کہ جو شخص دونوں کا

مالک نہیں یا ان دونوں میں سے ایک کا مالک نہیں ہے تو وہ کفو نہیں ہوگا اس لئے کہ مہر بدل بضع ہے پس ضروری ہے اس کا ادا کرنا اور نفقہ سے رشتہ زوجیت کا قیام اور دوام ہے اور مراد مہر سے اتنی مقدار ہے جس کی تعجیل متعارف ہے اس لئے کہ اس کے علاوہ مؤجل ہے عرفاً اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ قدرت علی النفقہ معتبر ہے قدرت علی المہر نہیں۔ اس لئے کہ مہروں میں مساہلت جاری ہے اور آدمی کو قادر علی المہر شمار کیا جائے گا اس کے باپ کے مالدار ہونے سے۔ اور بہرحال کفاءت فی الغنیٰ سو وہ معتبر ہے طرفینؒ کے قول کی بناء پر اس لئے کہ جو عورت مالداری میں بڑھی ہوئی ہے اس کا وہ شخص کفو نہیں ہوگا جو مہر اور نفقہ پر قادر ہے اس لئے کہ لوگ غنیٰ سے فخر کرتے ہیں اور عار محسوس کرتے ہیں تنگدستی سے۔ اور ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ غنیٰ میں کفاءت معتبر نہیں اس لئے کہ مالداری میں جماؤ نہیں، کیونکہ مال صبح آتا ہے اور شام کو چلا جاتا ہے۔

تشریح …… مال میں بھی کفاءت معتبر ہے، مال سے مراد یہ ہے کہ شوہر نفقہ اور مہر ادا کردینے پر قادر ہو حتیٰ کہ اگر شوہر دونوں کا مالک نہیں یا ان دونوں میں سے ایک کا مالک نہیں تو وہ کفو نہیں ہوگا اگرچہ عورت فقیر ہی ہو۔ مہر کا مالک ہونا تو اس لئے ضروری ہے کہ مہر بدل بضع ہے۔ لہٰذا اس کے ادا کردینے سے قدرت کا ہونا ضروری ہوگا۔ اور نفقہ کا اس لئے کہ نفقہ سے زوجیت کا رشتہ قائم ودائم رہے گا۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اگر مرد ذی وجاہت ہے جیسے حاکم یا عالم تو وہ کفو ہوگا اگرچہ نفقہ کا مالک نہ ہو۔

عبارت میں مہر سے مراد مہر معجّل ہے مہر مؤجل نہیں۔ کیونکہ مہر معجّل کی مقدار کا مالک ہونا ضروری ہے۔ مقدار مؤجل کا نہیں۔ لیکن صاحبِ ہدایہؒ نے یہ نہیں بتلایا کہ نفقہ سے کیا مراد ہے سو اس بارے میں مختلف رائے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ ایک ماہ کے نفقہ کا مالک ہونا ضروری ہے اور بعض کے نزدیک چھ ماہ کا نفقہ ہونا چاہئے اور بعض کہتے ہیں کہ ایک سال کے نفقہ پر قدرت ہونی چاہئے۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ اگر کمائی کر کے عورت کو نفقہ پہنچا سکتا ہے تو یہ شخص کفو ہوگا۔ یہ بات واضح رہے کہ مرد کے لئے قدرت علی النفقہ اس وقت ضروری ہے جبکہ عورت جماع کے قابل ہو ورنہ قدرت علی النفقہ معتبر نہیں ہے۔ امام ابو یوسفؒ قدرت علی النفقہ کا اعتبار کرتے ہیں قدرت علی المہر کا نہیں۔ کیونکہ مہر کے سلسلہ میں لوگ نرمی برتتے ہیں اور انسان اپنے باپ کے مالدار ہونے سے مہر پر قادر شمار ہوتا ہے۔ اس لئے کہ باپ بالعموم اولاد کی جانب سے مہر کا تحمل کر لیتا ہے مگر نفقہ کا نہیں۔

اب رہی یہ بات کہ غنیٰ یعنی صاحبِ نصاب ہونے میں کفاءت معتبر ہے یا نہیں۔ سو طرفینؒ کا مذہب یہ ہے کہ معتبر ہے۔ چنانچہ اگر عورت صاحبِ نصاب ہے تو وہ مرد جو صرف نفقہ اور مہر کی قدرت رکھتا ہے اس عورت کا کفو نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ لوگ مالداری پر فخر کرتے ہیں اور تنگدستی پر عار محسوس کرتے ہیں۔ لیکن ابو یوسفؒ غنیٰ میں کفاءت کا اعتبار نہیں کرتے۔ کیونکہ مالداری ایسی چیز ہے جس کے لئے ٹھہراؤ نہیں، آنے جانے والی چیز ہے۔ مال صبح آتا ہے شام کو چلا جاتا ہے۔ لہٰذا ایسی ناپائیدار چیز کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

## پیشوں میں کفاءت معتبر ہے یا نہیں …… اقوال فقہاء

**وَتُعْتَبَرُ فِي الصَّنَائِعِ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ وَ مُحَمَّدٍؒ وَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ فِي ذَالِكَ رِوَايَتَانِ وَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَؒ اَنَّهُ لَايُعْتَبَرُ اِلَّا اَنْ يَفْحُشَ كَالْحَجَّامِ وَالْحَائِكِ وَالدَّبَّاغِ وَجْهُ الْاِعْتِبَارِ اَنَّ النَّاسَ يَتَفَاخَرُوْنَ بِشَرْفِ الْحِرَفِ وَ يَتَعَيَّرُوْنَ بِدَنَائَتِهَا وَجْهُ الْقَوْلِ الْاٰخَرِ اَنَّ الْحِرْفَةَ لَيْسَتْ بِلَازِمَةٍ وَ يُمْكِنُ التَّحَوُّلُ عَنِ الْخَسِيْسَةِ اِلَى النَّفِيْسَةِ مِنْهَا.**

---

ترجمہ …… اور کفاءت معتبر ہے پیشوں میں اور یہ صاحبین کے نزدیک ہے اور ابو حنیفہؒ سے اس بارے میں دو روایتیں ہیں۔ اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ پیشہ میں کفاءت معتبر نہیں۔ مگر یہ کہ پیشہ فاحش ہو جیسے پچھنا لگانے والا اور جولاہا اور چمڑے کو دباغت دینے والا۔ اور اعتبار کی وجہ یہ ہے کہ لوگ پیشہ کے اچھا ہونے سے فخر کرتے ہیں اور گھٹیا ہونے سے عار محسوس کرتے ہیں اور دوسرے قول کی وجہ یہ ہے کہ پیشہ لازم نہیں اور ادنیٰ پیشہ

سے اعلیٰ پیشہ کی طرف منتقل ہونا ممکن ہے۔

تشریح...... پیشوں میں کفاءت معتبر ہے یا نہیں۔ اس بارے میں صاحبینؒ کا مذہب یہ ہے کہ معتبر ہے اور امام صاحبؒ سے دو روایتیں ہیں۔ ایک کے مطابق معتبر نہیں دوسری میں اعتبار کیا گیا ہے۔ امام ابو یوسفؒ سے بھی ایک روایت ہے کہ معتبر نہیں۔ ہاں البتہ اگر پیشہ انتہائی گھٹیا ہو۔ مثلاً حجام کا پیشہ یا جولاہا یا دباغت کا پیشہ تو اس صورت میں کفاءت معتبر ہوگی۔ پیشوں میں کفاءت کے معتبر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ لوگ عمدہ پیشوں پر فخر کرتے ہیں اور گھٹیا پیشوں پر عار اور شرم محسوس کرتے ہیں دوسرے قول کی وجہ یہ ہے کہ پیشہ لازم نہیں۔ ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف منتقل ہونا ممکن ہے۔ پس جو چیز غیر لازم ہے اس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا لیکن اس پر یہ اشکال ہوسکتا ہے کہ فسق اور فقر بھی غیر لازم ہیں لہٰذا دیانت اور مالداری میں بھی کفاءت معتبر نہ ہونی چاہئے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## عورت نے اپنا نکاح مہر مثل سے کم میں کیا تو اولیاء کو حق اعتراض ہے

قَالَ وَ اِذَا تَزَوَّجَتِ الْمَرْأَةُ وَ نَقَصَتْ عَنْ مَهْرِ مِثْلِهَا فَلِلْاَوْلِيَاءِ الْاِعْتِرَاضُ عَلَيْهَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ حَتّٰى يُتِمَّ لَهَا مَهْرَ مِثْلِهَا اَوْيُفَارِقُهَا وَ قَالَا لَيْسَ لَهُمْ ذٰلِكَ وَ هٰذَا الْوَضْعُ اِنَّمَا يَصِحُّ عَلٰى قَوْلِ مُحَمَّدٍ عَلٰى اِعْتِبَارِ قَوْلِهِ الْمَرْجُوْعِ اِلَيْهِ فِي النِّكَاحِ بِغَيْرِ الْوَلِيِّ وَ قَدْ صَحَّ ذٰلِكَ وَ هٰذِهٖ شَهَادَةٌ صَادِقَةٌ عَلَيْهِ لَهُمَا اَنَّ مَازَادَ عَلَى الْعَشَرَةِ حَقُّهَا وَ مَنْ اَسْقَطَ حَقَّهُ لَا يُعْتَرَضُ عَلَيْهِ كَمَا بَعْدَ التَّسْمِيَةِ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ الْاَوْلِيَاءَ يَفْتَخِرُوْنَ بِغَلَاءِ الْمُهُوْرِ وَ يَتَعَيَّرُوْنَ بِنُقْصَانِهَا فَاَشْبَهَ الْكَفَاءَةَ بِخِلَافِ الْاِبْرَاءِ بَعْدَ التَّسْمِيَةِ لِاَنَّهٗ لَا يَتَعَيَّرُ بِهٖ.

---

ترجمہ...... اور جب عورت نے نکاح کیا اور اپنے مہر مثل۔ سے کم مہر مقرر کیا تو اولیاء کو عورت پر اعتراض کا حق ہے ابوحنیفہؒ کے نزدیک یہاں تک کہ شوہر اس کا مہر مثل پورا کرے یا اس کو جدا کردے اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ ان کے لئے حق اعتراض نہیں۔ اور مسئلہ کی یہ وضع صحیح ہوگی امام محمد کے نزدیک نکاح بغیر الولی میں قول مرجوع الیہ کا اعتبار کرتے ہوئے۔ اور یہ رجوع صحیح ہے اور یہ شہادت صادقہ ہے رجوع پر۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ جو کچھ دس درہم پر زیادہ ہے وہ عورت کا حق ہے اور جس شخص نے اپنا حق ساقط کردیا اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ جیسا کہ تسمیہ کے بعد، اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اولیاء مہروں کے گراں ہونے سے فخر کرتے ہیں اور کم ہونے سے عار محسوس کرتے ہیں پس مشابہ ہوگیا کفاءت کے بخلاف تسمیہ کے بعد بری کردینے کے۔ اس لئے کہ اس سے عار نہیں محسوس کرتے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ ایک بالغہ عورت نے اپنا نکاح مہر مثل سے کم پر کیا تو امام صاحبؒ کے نزدیک اولیاء کو حق اعتراض حاصل ہے شوہر مہر مثل مکمل کرے یا جدا کردے ورنہ قاضی مرافعہ کے بعد تفریق کردے گا صاحبین کے نزدیک اولیاء کو حق اعتراض نہیں۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ مسئلہ کی یہ وضع اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ امام محمدؒ نے نکاح بغیر الولی میں اپنے قول سے رجوع فرمالیا تھا۔ امام محمد کا مذہب یہ تھا کہ نکاح بغیر الولی منعقد نہیں ہوتا پھر اس سے رجوع کرلیا تھا اور فرمانے لگے تھے کہ بغیر ولی کے نکاح منعقد ہوجائے گا اس وضع سے رجوع اس طرح معلوم ہوا کہ صاحبینؒ (جن میں امام محمدؒ بھی ہیں) نے فرمایا کہ اولیاء کو اعتراض کا حق نہیں، اس کا مطلب یہ ہوا کہ نکاح منعقد ہوگیا۔ اور متن میں جو صورت بیان کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ ولی کے بغیر عورت نے نکاح کیا ہے پس مسئلہ کی یہ وضع امام محمدؒ کے رجوع پر سچی گواہی ہے۔

بہر حال اصل مسئلہ میں...... صاحبینؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ دس درہم مہر تک تو شریعت کا حق ہے اور اس سے زائد عورت کا حق ہے پس عورت نے مہر مثل میں کمی کرکے اپنا حق ساقط کیا ہے اور جو شخص اپنا حق ساقط کردے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے جیسا کہ مہر مقرر ہونے کے بعد عورت کل کو یا بعض کو ساقط کردے تو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے اسی طرح یہاں بھی کوئی اعتراض نہ ہونا چاہئے۔

ابوحنیفہؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ اولیاء اپنی خاندانی عورتوں کے گراں مہروں پر فخر کرتے ہیں اور کم مہروں پر عار محسوس کرتے ہیں۔ پس مہر میں کمی کا ہونا کفونہ ہونے کے مشابہ ہو گیا اور کفونہ ہونے کی صورت میں اولیاء کو حق اعتراض ہے لہٰذا مہر کی کمی کی صورت میں بھی حق اعتراض ہوگا۔ اور رہا تسمیہ کے بعد بری کر دینا تو اس سے اولیاء عار محسوس نہیں کرتے کیونکہ یہ تو ہبہ ہے اس سے اولیاء کی ناک اونچی ہوگی نہ کہ نیچی۔

## باپ نے صغیرہ بیٹی کا نکاح مہرِ مثل سے کم میں کیا یا چھوٹے بیٹے کا نکاح مہرِ مثل سے زیادہ میں کیا تو نکاح درست ہے

وَاِذَا زَوَّجَ الْاَبُ اِبْنَتَهُ الصَّغِيْرَةَ وَ نَقَصَ مِنْ مَهْرِهَا اَوْ اِبْنَهُ الصَّغِيْرَ وَزَادَ فِيْ مَهْرِ امْرَأَتِهٖ جَازَ ذٰلِكَ عَلَيْهِمَا وَلَايَجُوْزُ ذٰلِكَ لِغَيْرِ الْاَبِ وَالْجَدِّ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ قَالَا لَا يَجُوْزُ الْحَطُّ وَالزِّيَادَةُ اِلَّا بِمَا يَتَغَابَنُ النَّاسُ فِيْهِ وَ مَعْنٰى هٰذَا الْكَلَامِ اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ الْعَقْدُ عِنْدَهُمَا لِاَنَّ الْوِلَايَةَ مُقَيَّدَةٌ بِشَرْطِ النَّظْرِ فَعِنْدَ فَوَاتِهٖ يَبْطُلُ الْعَقْدُ وَ هٰذَا لِاَنَّ الْحَطَّ عَنْ مَهْرِ الْمِثْلِ لَيْسَ مِنَ النَّظْرِ فِيْ شَيْءٍ كَمَا فِي الْبَيْعِ وَ لِهٰذَا لَمْ يَمْلِكْ ذٰلِكَ غَيْرُهُمَا وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّ الْحُكْمَ يُدَارُ عَلٰى دَلِيْلِ النَّظْرِ وَ هُوَ قُرْبُ الْقَرَابَةِ وَفِي النِّكَاحِ مَقَاصِدُ تَرْبُوْا عَلَى الْمَهْرِ اَمَّا الْمَالِيَّةُ هِيَ الْمَقْصُوْدَةُ فِي التَّصَرُّفِ الْمَالِيِّ وَ الدَّلِيْلُ عَدِمْنَاهُ فِيْ حَقِّ غَيْرِهِمَا.

---

ترجمہ...... اور جب نکاح کیا باپ نے اپنی صغیرہ بیٹی کا اور اس کے مہر مثل میں کمی کی یا نکاح کیا اپنے صغیر بیٹے کا اور زیادہ کر دیا اس کی بیوی کے مہر مثل کو تو یہ کمی اور زیادتی دونوں پر جائز ہے اور نہیں جائز ہے غیر اب اور غیر جد کے لئے اور یہ ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ کمی اور زیادتی جائز نہیں مگر یہ کہ اس میں عام لوگ دھوکہ کھا جائیں۔ اور مراد اس کلام کی یہ ہے کہ صاحبینؒ کے نزدیک عقد ہی جائز نہیں اس لئے کہ ولایت مقید ہے شرط نظر کے ساتھ۔ پس نظر کے فوت ہونے کے وقت عقد باطل ہو جائے گا اور یہ اس لئے کہ مہر مثل سے کم کرنا کوئی شفقت نہیں جیسا کہ بیع میں اور اسی وجہ سے اس کا ان دونوں کے علاوہ مالک نہیں ہوگا، اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ حکم دائر کیا گیا ہے دلیل نظر پر اور وہ قرب قرابت ہے اور نکاح میں کچھ مقاصد مہر سے بڑھ کر ہیں۔ بہر حال تصرف مالی میں مالیت ہی مقصود ہے اور دلیل نظر کو معدوم پایا ہم نے ان دونوں کے علاوہ میں۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ باپ نے اپنی صغیرہ بیٹی کا نکاح کیا اور اس کا مہر، مہر مثل سے کم مقرر کیا یا باپ نے اپنے صغیر بیٹے کا نکاح کیا اور اس کی بیوی کا مہر، مہر مثل سے زائد مقرر کیا۔ اور یہ کمی اور زیادتی معمولی نہیں بلکہ غبن فاحش کے قبیل سے ہے تو امام صاحبؒ کے نزدیک صغیر اور صغیرہ دونوں پر یہ نکاح نافذ ہوگا۔ لیکن باپ دادا کے علاوہ نے اگر ایسا کیا تو نکاح درست نہیں ہوگا اور صاحبینؒ کے نزدیک اگر کمی اور زیادتی غبن فاحش کے طور پر ہے تو جائز نہیں اور غبن یسیر کے طور پر ہے تو نکاح جائز ہے۔

صاحبِ ہدایہؒ و معنی هٰذا الکلام سے صاحبینؒ کے قول لا یجوز کی مراد بیان فرما رہے ہیں۔ کیونکہ صاحبینؒ کے قول لا یجوز کا ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اصل نکاح تو درست ہے لیکن کمی اور زیادتی درست نہیں۔ اس کو مہر مثل کی طرف لوٹا دیا جائے۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ صاحبینؒ کے قول کی مراد یہ ہے کہ ان کے نزدیک نکاح ہی جائز نہیں ہے۔

صاحبینؒ کی دلیل...... کا حاصل یہ ہے کہ ولایت مقید ہے شفقت کی شرط کے ساتھ پس شفقت کے فوت ہونے سے ولایت ہی باقی نہیں رہے گی تو اب مطلب یہ ہوگا کہ باپ نے بغیر ولایت کے نکاح کیا ہے اور بغیر ولایت کے نکاح باطل ہوتا ہے لہٰذا یہ نکاح بھی باطل ہوگا اور رہی یہ بات کہ شفقت کیسے فوت ہو گئی۔ سو عرض ہے کہ صغیرہ کے مہر مثل میں غیر معمولی کمی کرنا یا صغیر کی بیوی کے مہر مثل میں غیر معمولی زیادتی کرنا کون سی شفقت

ہے اور یہ ایسا ہے جیسا کہ باپ نے صغیر یا صغیرہ کا مال فروخت کیا غبن فاحش کے ساتھ کم قیمت پر یا ان کے لئے کچھ خریدا بہت زیادہ قیمت پر تو یہ بیع بالاتفاق جائز نہیں لہٰذا نکاح بھی جائز نہ ہونا چاہئے اور یہی وجہ ہے کہ باپ دادا کے علاوہ نے اگر ایسا نکاح کیا تو بالاتفاق جائز نہیں۔ لہٰذا باپ دادا کریں تب بھی جائز نہ ہونا چاہئے۔

امام صاحبؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ نظر اور شفقت امر باطن ہے اس پر حکم لگانا تو امر محال ہے۔ لہٰذا شفقت کی دلیل اور علامت پر حکم لگایا جائے گا۔ اور شفقت کی دلیل ہے قرب قرابت تو ہم کہتے ہیں کہ باپ اور دادا میں دلیل شفقت موجود ہے لہٰذا اس پر جواز نکاح کا حکم لگا دیا جائے گا اور باپ اور دادا کے علاوہ میں چونکہ دلیل نظر یعنی قرب قرابت موجود نہیں۔ اس لئے ان کے کئے ہوئے نکاح پر جواز کا حکم نہیں لگایا جائے گا اور یہ کہنا کہ مہر مثل میں کمی کر دینا کوئی شفقت نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ نکاح میں مہر ہی مطلوب نہیں ہوتا بلکہ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مقاصد ہیں جو مہر سے بڑھ کر ہیں۔ پس بسا اوقات داماد کے دوسرے کمالات پیش نظر ہوتے ہیں لہٰذا ان کمالات کی وجہ سے مہر کی کمی کو گوارا کر لیا جاتا ہے اور یہ عدم شفقت نہیں بلکہ عین شفقت ہے۔

اور صاحبینؒ کا نکاح کو عقد بیع پر قیاس کرنا...... قیاس مع الفارق ہے کیونکہ بیع میں مال ہی مقصود ہوتا ہے پس اس میں اگر غبن فاحش ہو گیا تو کوئی شفقت نہیں رہی اس کے برخلاف نکاح کہ اس میں صرف مال مطلوب نہیں ہوتا بلکہ اور دوسرے بھی مقاصد ہیں جو مال سے بڑھ کر ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## صغیرہ بیٹی کا نکاح غلام سے یا صغیرہ بیٹے کا نکاح باندی سے کرادیا تو نکاح درست ہے

**وَمَنْ زَوَّجَ اِبْنَتَهٗ وَهِیَ صَغِیْرَةٌ عَبْدًا وَ زَوَّجَ ابْنَهٗ وَ هُوَ صَغِیْرٌ اِمَةً فَهُوَ جَائِزٌ قَالَ وَهٰذَا عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ اَیْضًا لِاَنَّ الْاِعْرَاضَ عَنِ الْكَفَائَةِ لِمَصْلِحَةٍ تَفُوْقُهَا وَ عِنْدَهُمَا هُوَ ضَرَرٌ ظَاهِرٌ لِعَدَمِ الْكَفَاءَةِ فَلَا یَجُوْزُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.**

ترجمہ...... اور جس شخص نے اپنی صغیرہ بیٹی کا نکاح کیا غلام سے یا اپنے بیٹے کا حال یہ کہ وہ صغیر ہے باندی سے تو یہ نکاح جائز ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس لئے کہ اعراض عن الکفاءت کسی ایسی مصلحت کی وجہ سے ہے جو کفاءت سے فائق ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک یہ ضرر ظاہر ہے عدم کفاءت کی وجہ سے پس جائز نہیں۔ اور اللہ زیادہ واقف ہے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ باپ نے اپنی صغیرہ بیٹی کا نکاح کیا غلام سے یا صغیر بیٹے کا نکاح کیا باندی سے۔ سو اس بارے میں اختلاف ہے۔ چنانچہ ابوحنیفہؒ کے نزدیک جائز ہے صاحبینؒ کے نزدیک ناجائز ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ باپ کا غیر کفو میں نکاح کرنا کسی ایسی مصلحت سے ہے جو کفاءت سے انفع اور فائق ہے۔ پس بغیر کفو کے نکاح کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ غیر کفو میں نکاح کرنا ضرر ظاہر ہے۔ لہٰذا یہ نکاح ناجائز ہوگا۔

# فَصْلٌ فِی الْوَكَالَةِ بِالنِّكَاحِ وَغَیْرِهَا

ترجمہ...... یہ فصل نکاح کی وکالت اور غیر وکالت کے حکم کے بیان میں ہے

## چچا کے بیٹے نے ولی بن کر چچا کی لڑکی سے نکاح کیا، حکم

**وَ یَجُوْزُ لِاِبْنِ الْعَمِّ اَنْ یُّزَوِّجَ بِنْتَ عَمِّهٖ مِنْ نَفْسِهٖ وَ قَالَ زُفَرُ لَا یَجُوْزُ وَاِذَا اَذِنَتِ الْمَرْاَةُ لِلرَّجُلِ اَنْ یُّزَوِّجَهَا مِنْ نَفْسِهٖ**

فَعَقَدَ بِحَضْرَةِ شَاهِدَيْنِ جَازَ وَ قَالَ زُفَرُ وَ الشَّافِعِيُّ لَا يَجُوْزُ لَهُمَا اَنَّ الْوَاحِدَ لَا يُتَصَوَّرُ اَنْ يَّكُوْنَ مُمَلِّكًا وَمُتَمَلِّكًا كَمَا فِي الْبَيْعِ اِلَّا اَنَّ الشَّافِعِيَّ يَقُوْلُ فِي الْوَلِيِّ ضَرُوْرَةٌ لِاَنَّهُ لَا يَتَوَلَّاهُ سِوَاهُ وَلَا ضَرُوْرَةَ فِي الْوَكِيْلِ وَلَنَا اَنَّ الْوَكِيْلَ فِي النِّكَاحِ مُعَبِّرٌ وَ سَفِيْرٌ وَالتَّمَانُعُ فِي الْحُقُوْقِ دُوْنَ التَّعْبِيْرِ وَلَا تُرْجَعُ الْحُقُوْقُ اِلَيْهِ بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِاَنَّهُ مُبَاشِرٌ حَتّٰى رَجَعَتِ الْحُقُوْقُ اِلَيْهِ وَ اِذَا تَوَلّٰى طَرَفَيْهِ فَقَوْلُهُ زَوَّجْتُ يَتَضَمَّنُ الشَّطْرَيْنِ وَلَا يَحْتَاجُ اِلَى الْقُبُوْلِ .

---

ترجمہ...... اور جائز ہے چچا کے بیٹے کے لئے یہ کہ نکاح کرے اپنے چچا کی بیٹی سے اپنا اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ جائز نہیں۔ اور جب اجازت دی عورت نے کسی مرد کو یہ کہ نکاح کرنے اس سے اپنا، پس عقد کیا دو گواہوں کی موجودگی میں تو جائز ہے۔ امام زفرؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ جائز نہیں ہے۔ امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ ایک آدمی مملک اور متملک نہیں ہوسکتا، جیسا کہ عقد بیع میں مگر یہ کہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ولی میں ضرورت ہے، اس لئے کہ اس کے سوا کوئی ولی نہیں اور وکیل میں کوئی ضرورت نہیں۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ وکیل نکاح میں معبر اور سفیر محض ہے اور منافات حقوق میں ہے نہ کہ تعبیر میں اور حقوقِ نکاح وکیل کی طرف نہیں لوٹتے، بخلاف بیع کے، اس لئے کہ وکیل عاقد ہے یہاں تک کہ حقوقِ بیع وکیل کی طرف لوٹیں گے اور جب نکاح کی دونوں طرفوں کا ولی ہے تو اس کا قول ''زوجت'' متضمن ہوگا دونوں جزوں کو اور نہیں محتاج ہوگا قبول کا۔

تشریح...... یہ فصل نکاح کی وکالت اور غیر وکالت کے حکم میں ہے۔ غیر وکالت سے مراد نکاح فضولی اور نکاح ولی ہے، کیونکہ اس فصل میں احکام وکیل کے علاوہ فضولی اور ولی کے احکام بھی مذکور ہے اور وکالت تو درحقیقت ولایت ہی کی فرع ہے، کیونکہ جس طرح ولی کا تصرف نافذ ہوتا ہے مولیٰ علیہ پر اسی طرح وکیل کا تصرف نافذ ہوگا مؤکل پر صورت مسئلہ یہ ہے کہ چچا کے بیٹے نے ولی بن کر اپنا نکاح اپنے چچا کی بیٹی سے کیا، حال یہ ہے کہ وہ لڑکی صغیرہ ہے اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا ولی نہیں ہے، مثلاً اس نے کہا کہ گواہ رہو کہ میں نے اپنا نکاح کیا فلاں لڑکی سے جو فلاں بن فلاں کی بیٹی ہے۔ ہمارے نزدیک جائز ہے اور امام شافعیؒ بھی جواز کے قائل ہیں۔ لیکن امام زفرؒ ناجائز کہتے ہیں۔ دوسری صورت یہ ہے کہ ایک عورت نے کسی مرد کو وکیل کیا کہ میرا نکاح اپنے ساتھ کرلو، وکیل نے دو گواہوں کی موجودگی میں عقد نکاح کرلیا تو یہ صورت ہمارے نزدیک جائز ہے، امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک ناجائز ہے۔

**امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ ایک آدمی ایک چیز کا ایک زمانہ میں مملک اور متملک نہیں بن سکتا ہے، یعنی مالک بنانے والا اور ملک حاصل کرنے والا ہو یہ نہیں ہوسکتا جیسا کہ بیع میں نہیں ہوسکتا ہے۔ اور یہاں یہی خرابی ہے، کیونکہ چچا کا بیٹا اپنی طرف سے مالک بننے والا ہے اور لڑکی کی طرف سے ولی بن کر مالک بنانے والا ہے، لہٰذا مملک اور متملک دونوں ہوا اور یہ ناجائز ہے، اس لئے یہ عقد بھی ناجائز ہوگا۔ اسی طرح دوسرے مسئلہ میں مرد چونکہ ناکح ہے تو مالک بننے والا ہوا، اور چونکہ عورت کی طرف سے وکیل ہے اس لئے مالک بنانے والا بھی ہوا، لیکن امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ولی میں چونکہ ضرورت ہے، کیونکہ اس کے علاوہ کوئی دوسرا ولی نہیں، اس لئے پہلی صورت کو جائز قرار دیدیا اور وکیل میں کوئی ضرورت نہیں کیونکہ اس کے علاوہ دوسرے کو وکیل بنایا جاسکتا تھا اس لئے یہ صورت ناجائز ہے۔

**ہماری دلیل**...... یہ ہے کہ نکاح میں وکیل محض تعبیر کرنے والا اور سفیر ہے ذمہ دار نہیں اور منافات حقوق میں ہے نہ کہ تعبیر میں، حقوق میں منافات یہ ہے کہ ایک ہی شخص مطالِب اور مطالَب دونوں ہو، مملک اور متملک دونوں ہو، مخاصِم اور مخاصَم دونوں ہو، لیکن تعبیر میں منافات نہیں کہ مالک بنانے کے الفاظ کہتا ہے عورت کی طرف سے اور مالک بننے کے الفاظ کہتا ہے اپنی طرف سے، اس کے برخلاف بیع ہے، کیونکہ بیع میں وکیل عاقد ہوتا ہے، چنانچہ حقوق بیع وکیل ہی کی طرف لوٹتے ہیں مؤکل کی طرف نہیں، اور جب یہ ثابت ہوگیا کہ ایک آدمی طرفین کا متولی ہوسکتا ہے تو مرد کا قول زوجت ایجاب وقبول دونوں کو شامل ہوگا، قبول کے لئے علیحدہ کلام کرنے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ جب ایک شخص دو کے قائم مقام ہوسکتا ہے تو اس کی ایک عبارت بھی دو عبارتوں کے قائم مقام ہوگی۔

## غلام اور باندی کا اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح موقوف ہے، اس طرح مرد کا عورت کی رضا کے بغیر اور عورت کا مرد کی رضا کے بغیر نکاح کرنے کا حکم

قَالَ وَ تَزْوِيْجُ الْعَبْدِ وَالْاَمَةِ بِغَيْرِ اِذْنِ مَوْلَاهُمَا مَوْقُوْفٌ ، فَاِنْ اَجَازَ الْمَوْلٰى جَازَ وَ اِنْ رَدَّهٗ بَطَلَ وَ كَذٰلِكَ لَوْزَوَّجَ رَجُلٌ اِمْرَاَةً بِغَيْرِ رِضَاهَا اَوْ رَجُلًا بِغَيْرِ رِضَاهُ وَ هٰذَا عِنْدَنَا فَاِنَّ كُلَّ عَقْدٍ صَدَرَ مِنَ الْفُضُوْلِيِّ وَلَهٗ مُجِيْزٌ اِنْعَقَدَ مَوْقُوْفًا عَلَى الْاِجَازَةِ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ تَصَرُّفَاتُ الْفُضُوْلِيِّ كُلُّهَا بَاطِلَةٌ لِاَنَّ الْعَقْدَ وُضِعَ لِحُكْمِهٖ وَ الْفُضُوْلِيُّ لَا يَقْدِرُ عَلٰى اِثْبَاتِ الْحُكْمِ فَتَلْغُوْ وَلَنَا اَنَّ رُكْنَ التَّصَرُّفِ صَدَرَ مِنْ اَهْلِهٖ مُضَافًا اِلٰى مَحَلِّهٖ وَلَا ضَرَرَ فِيْ اِنْعِقَادِهٖ فَيَنْعَقِدُ مَوْقُوْفًا حَتّٰى اِذَا رَاَى الْمَصْلِحَةَ فِيْهِ يَنْفُذُهٗ وَ قَدْ يَتَرَاخٰى حُكْمُ الْعَقْدِ عَنِ الْعَقْدِ.

---

ترجمہ...... غلام اور باندی کا بغیر مولیٰ کی اجازت کے نکاح کرنا موقوف ہے اگر مولیٰ نے جائز قرار دیدیا تو جائز ہوگا۔ اور اگر رد کر دیا تو باطل ہوگا اور ایسے ہی اگر کسی مرد نے کسی عورت کا نکاح کیا بغیر اس کی اجازت کے یا کسی مرد نے کسی دوسرے مرد کا نکاح کیا بغیر اس کی رضامندی کے تو جائز ہے اور یہ جواز ہمارے نزدیک ہے اس لئے کہ ہر وہ عقد جو صادر ہوا فضولی سے اور حال یہ کہ اس کے لئے مجیز ہے تو منعقد ہوگا اجازت پر موقوف ہو کر اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ فضولی کے تصرفات باطل ہیں۔ تمام کے تمام اس لئے کہ عقد وضع کیا گیا ہے حکم عقد کے لئے اور فضولی اثبات حکم پر قادر نہیں۔ لہٰذا لغو ہوگا اور ہماری دلیل یہ ہے کہ رکن تصرف صادر ہوا ہے اس کے اہل سے منسوب ہے اس کے محل کی طرف اور کوئی ضرر نہیں عقد کے منعقد ہونے میں پس موقوف ہو کر منعقد ہوگا یہاں تک کہ اگر اس میں مصلحت دیکھے تو نافذ کر دے اور کبھی حکم عقد، عقد سے مؤخر بھی ہوتا ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ غلام اور باندی کا بغیر اپنے مولیٰ کی اجازت کے نکاح کرنا موقوف ہے اگر مولیٰ نے اجازت دیدی تو نافذ ہوگا اور اگر اجازت نہیں دی تو باطل ہو جائے گا دوسری صورت یہ کہ کسی مرد نے دوسرے کا نکاح بغیر اس کی اجازت کے کر دیا یا کسی عورت کا بغیر اس کی اجازت کے کر دیا تو ہمارے نزدیک جائز ہے۔ اور نکاح کا نفاذ اجازت پر موقوف رہے گا۔ ہمارے نزدیک ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ عقد جو فضولی سے صادر ہوا اور مجلس میں کوئی ایجاب کو قبول کرنے والا موجود ہے خواہ وہ قبول کرنے والا دوسرا فضولی ہو یا وکیل یا اصیل ہو تو یہ نکاح اجازت پر موقوف ہو کر منعقد ہوگا۔ امام شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ فضولی کے تمام تصرفات باطل ہیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ عقد وضع کیا گیا ہے حکم عقد کو ثابت کرنے کے لئے اور فضولی اثبات حکم پر قادر نہیں۔ لہٰذا اس کا کلام لغو ہوگا۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ رکن تصرف یعنی ایجاب و قبول اس کے اہل سے صادر ہوا یعنی عاقل بالغ سے اور منسوب ہے محل عقد کی طرف یعنی ایسی عورت کی طرف جو محرمات میں سے نہیں ہے اور اس عقد کو منعقد کرنے میں کوئی نقصان بھی نہیں۔ کیونکہ یہ عقد موقوفاً منعقد ہوگا اگر مناسب سمجھے نافذ کر دے ورنہ رد کر دے۔ امام شافعیؒ کی دلیل کہ فضولی اثبات حکم پر قادر نہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں حکم معدوم نہیں بلکہ اجازت تک کے لئے مؤخر ہو گیا اور حکم عقد، عقد سے مؤخر ہو سکتا ہے جیسا کہ بیع بشرط الخیار میں اس لئے کہ اس بیع کا لزوم اور نفاذ سقوط خیار تک کے لئے مؤخر ہو گیا۔ واللہ اعلم۔

## کسی عورت کے ساتھ نکاح کرنے پر کسی کو گواہ بنایا، اس عورت نے اجازت دے دی تو نکاح باطل ہے اسی طرح کسی کو کہا کہ تم گواہ رہو میں نے فلاں عورت کو فلاں مرد سے بیاہ دیا، کا حکم

وَمَنْ قَالَ اِشْهَدُوْا اَنِّيْ قَدْ تَزَوَّجْتُ فُلَانَةَ فَبَلَغَهَا الْخَبَرُ فَاَجَازَتْ فَهُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ قَالَ اٰخَرُ اِشْهَدُوْا اَنِّيْ زَوَّجْتُهَا

مِنْهُ فَبَلَغَهَا الْخَبَرُ فَاَجَازَتْ جَازَ وَ كَذٰلِكَ اِنْ كَانَتِ الْمَرْأَةُ هِيَ الَّتِيْ قَالَتْ جَمِيْعَ ذٰلِكَ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ مُحَمَّدٍؒ وَ قَالَ اَبُوْيُوْسُفَؒ اِذَا زَوَّجَتْ نَفْسَهَا غَائِبًا فَبَلَغَهُ فَاَجَازَ جَازَ وَ حَاصِلُ هٰذَا اَنَّ الْوَاحِدَ لَا يَصْلُحُ فُضُوْلِيًّا مِنَ الْجَانِبَيْنِ اَوْ فُضُوْلِيًّا مِنْ جَانِبٍ وَ اَصِيْلًا مِنْ جَانِبٍ عِنْدَهُمَا خِلَافًا لَهُ.

---

ترجمہ...... اور جس نے کہا کہ گواہ رہو تم میں نے فلاں عورت سے نکاح کرلیا۔ پھر اس عورت کو خبر پہنچی۔ پس اگر جائز قرار دیدیا تو باطل ہے۔ اور اگر (اسی مجلس میں) دوسرے نے کہا کہ تم گواہ رہو کہ میں نے اس عورت کو اس فلاں مرد سے بیاہ دیا۔ پھر اس عورت کو خبر پہنچی اور اجازت دیدی تو نکاح جائز ہوگا اور ویسے ہی اگر یہ سب عورت نے کہا اور یہ سب امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہے اور ابو یوسفؒ نے کہا کہ جب عورت نے اپنا نکاح مرد غائب سے کیا پھر اس مرد غائب کو خبر ملی۔ اور نکاح جائز کردیا تو جائز ہے اور حاصل اس کا یہ ہے کہ ایک آدمی جانبین سے فضولی بننے کی یا ایک جانب سے فضولی اور ایک جانب سے اصیل بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے طرفین کے نزدیک ابو یوسف کا اس میں اختلاف ہے۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص نے دو آدمیوں کو گواہ بنا کر کہا کہ میں نے فلاں عورت سے نکاح کرلیا لیکن اس مجلس میں عورت کی جانب سے کسی نے قبول نہیں کیا اس کے بعد عورت کو اس نکاح کی خبر ملی عورت نے اجازت دیدی تو طرفینؒ کے نزدیک یہ نکاح باطل ہے۔ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک جائز ہے اور اگر اسی مجلس ایجاب میں دوسرے نے کہہ دیا کہ تم گواہ رہو میں نے اس عورت کو اس مرد کے نکاح میں دیدیا یا یوں کہا کہ میں نے اس عورت کی طرف سے قبول کیا پھر اس عورت کو نکاح کی اطلاع ملی اور اس نے اس نکاح کو جائز قرار دیدیا تو یہ نکاح جائز ہوگا۔

ان دونوں مسئلوں میں فرق یہ ہے کہ پہلے مسئلہ میں مجیز نہیں لہٰذا نکاح باطل ہوگا اور موقوف نہیں ہوگا۔ اور دوسرے مسئلہ میں مجیز موجود ہے لہٰذا موقوف رہے گا، کیونکہ نکاحِ فضولی کے موقوفاً منعقد ہونے کی شرط یہ ہے کہ مجلس عقد میں مجیز موجود ہو اور یہی حکم اس وقت ہے جبکہ یہ سارا کلام عورت نے کیا یعنی عورت نے کہا کہ تم گواہ رہو کہ میں نے اپنے آپ کو فلاں ابن فلاں ابن فلاں کے نکاح میں دیدیا۔ پس اگر مجلس میں مرد کی جانب سے کسی نے قبول نہ کیا اور مرد کو خبر پہنچی اس نے اجازت دیدی تو طرفین کے نزدیک باطل اور ابو یوسفؒ کے نزدیک جائز ہے اور اگر کسی نے مجلس ایجاب میں مرد غائب کی جانب سے قبول کرلیا پھر خبر ملنے پر مرد نے اجازت دیدی تو نکاح جائز ہوگا۔

حاصل کلام...... یہ ہے کہ ایک آدمی ایک جانب سے اصیل اور دوسری جانب سے فضولی یا دونوں جانب سے فضولی یا ایک جانب سے فضولی اور دوسری جانب سے ولی یا ایک جانب سے فضولی اور دوسری جانب سے وکیل بننے کی صلاحیت رکھتا ہے یا نہیں۔ ابو یوسفؒ کے نزدیک صلاحیت رکھتا ہے چنانچہ ان کے نزدیک نکاح منعقد ہو جائے گا البتہ اجازت پر موقوف رہے گا اور طرفینؒ کے نزدیک صلاحیت نہیں رکھتا لہٰذا نکاح منعقد ہی نہیں ہوگا۔ ہمارے علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ ایک آدمی ایک جانب سے وکیل اور دوسری جانب سے اصیل یا ایک جانب سے ولی اور دوسری جانب سے اصیل یا ایک جانب سے ولی اور دوسری جانب سے وکیل یا دونوں جانب سے وکیل بن سکتا ہے اور رہا یہ کہ ایک آدمی کا دونوں جانب سے اصیل بننا سو یہ امر محال ہے۔

## عقد نکاح دو فضولیوں یا ایک فضولی اور ایک اصیل کے درمیان بالاجماع جائز ہے

وَلَوْ جَرَى الْعَقْدُ بَيْنَ الْفُضُوْلِيَّيْنِ اَوْ بَيْنَ الْفُضُوْلِيِّ وَالْاَصِيْلِ جَازَ بِالْاِجْمَاعِ هُوَ يَقُوْلُ لَوْ كَانَ مَاْمُوْرًا مِنَ الْجَانِبَيْنِ يَنْفُذُ فَاِذَا كَانَ فُضُوْلِيًّا يَتَوَقَّفُ وَ صَارَ كَالْخُلْعِ وَالطَّلَاقِ وَالْاِعْتَاقِ عَلٰى مَالٍ وَلَهُمَا اَنَّ الْمَوْجُوْدَ شَطْرُ الْعَقْدِ لِاَنَّهُ شَطْرُ حَالَةِ الْحَضْرَةِ فَكَذَا عِنْدَ الْغَيْبَةِ وَ شَطْرُ الْعَقْدِ لَا يَتَوَقَّفُ عَلٰى مَا وَرَاءِ الْمَجْلِسِ كَمَا فِي الْبَيْعِ بِخِلَافِ الْمَاْمُوْرِ مِنَ الْجَانِبَيْنِ لِاَنَّهُ يَنْتَقِلُ كَلَامُهُ اِلَى الْعَاقِدَيْنِ وَمَا جَرٰى بَيْنَ الْفُضُوْلِيَّيْنِ عَقْدٌ تَامٌّ وَ

كَذَا الْخُلْعُ وَاُخْتَاهُ لِاَنَّهُ تَصَرُّفُ يَمِيْنٍ مِنْ جَانِبِهِ حَتّٰى يَلْزَمَ فَيَتِمُّ بِهِ.

ترجمہ...... اور اگر عقد جاری ہوا دو فضولیوں کے درمیان یا ایک فضولی اور ایک اصیل کے درمیان تو بالاتفاق جائز ہے، ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اگر یہ شخص مامور من الجانبین (وکیل) ہوتا تو نافذ کیا جاتا۔ پس فضولی ہے تو موقوف رہے گا اور ایسا ہو گیا جیسا کہ خلع طلاق اور اعتاق علی مال۔ اور طرفینؒ کی دلیل یہ ہے کہ موجود جزء عقد ہے اس لئے کہ وہ جز ہے موجودگی کی حالت میں۔ پس ایسا ہی عدم موجودگی میں اور جزء عقد ماوراء مجلس پر موقوف نہیں رہتا جیسا کہ بیع میں بخلاف مامور من الجانبین کے۔ اس لئے کہ اس کا کلام منتقل ہوگا عاقدین کی طرف اور جو دو فضولیوں کے درمیان جاری ہوا وہ عقد تام ہے اور ایسے ہی خلع اور اس کی دونوں نظیریں۔ اس لئے کہ یہ تصرف یمین ہے مرد کی جانب سے یہاں تک کہ لازم ہوگا اور حالف کے ساتھ پورا ہو جائے گا۔

تشریح...... ماقبل میں بیان کیا گیا تھا کہ طرفینؒ کے نزدیک ایک آدمی جانبین سے فضولی نہیں بن سکتا ہے۔ البتہ ابو یوسفؒ کے نزدیک ایک آدمی جانبین سے فضولی بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس جگہ بیان کیا کہ اگر عقد نکاح دو فضولیوں یا ایک فضولی اور ایک اصیل کے درمیان جاری ہوا تو بالاتفاق جائز ہے۔ مسئلہ سابق میں ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ اگر یہ شخص دونوں جانب سے وکیل ہوتا تو نکاح نافذ ہو جاتا۔ پس اگر فضولی ہے تو نکاح موقوف رہے گا۔ لہٰذا ایک ہی شخص دونوں جانب سے فضولی ہو سکتا ہے اور یہ خلع طلاق اور اعتاق کے مانند ہو گیا۔ مثلاً شوہر نے کہا کہ میں نے اپنی بیوی سے ہزار روپیہ پر خلع کیا اور بیوی موجود نہیں پھر اس کو خبر ملی بیوی نے قبول کر لیا تو یہ بالاتفاق جائز ہے۔ پس جس طرح یہاں صیغہ واحدہ سے عقد خلع درست ہو گیا اسی طرح فضولی واحد کے کلام سے بھی عقد نکاح درست ہونا چاہئے۔ اسی طرح اگر شوہر نے کہا کہ میں نے اتنی مقدار پر طلاق دی یا مولیٰ نے کہا کہ میں نے اتنی مقدار پر آزاد کیا۔ پھر بیوی اور غلام کو خبر پہنچی اور جس مجلس میں خبر ملی اسی میں قبول کر لیا تو بالاتفاق جائز ہے۔ پس اسی طرح عقد نکاح میں ہونا چاہئے کہ اجازت پر موقوف رہے۔ حاصل یہ کہ فضولی من الجانبین کو خلع طلاق اور اعتاق پر قیاس کیا ہے اور جامع ان میں سے ہر ایک کا ایجاب وقبول کا محتاج ہوتا ہے۔

طرفینؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ عقد نکاح تام ہوتا ہے ایجاب اور قبول سے اور متن کے مسئلہ میں اس شخص کا قول کہ گواہ رہو میں نے فلاں عورت سے نکاح کیا ہے۔ یہ قول عقد کا ایک جزء ہے یعنی ایجاب اور وجہ یہ ہے کہ اگر زوجین مجلس میں موجود ہوتے تب بھی یہ کلام عقد نکاح کا ایک ہی جزء ہوتا یعنی ایجاب لہٰذا عدم موجودگی میں بھی یہ کلام جزء عقد ہوگا۔ یعنی ایجاب اور جزء عقد ماوراء مجلس پر موقوف نہیں ہوتا۔ جیسا کہ عقد بیع میں اگر کسی نے کہا کہ میں نے فلاں کے ہاتھ اپنا غلام بیچا اور مشتری کی جانب سے کسی نے قبول نہیں کیا تو یہ عقد بیع باطل ہوگا۔ کیونکہ مجلس میں صرف عقد بیع کا ایک جزء یعنی ایجاب پایا گیا۔ اور جزء عقد ماوراء مجلس پر موقوف نہیں ہوتا۔ اسی طرح عقد نکاح میں بھی جز عقد ماوراء مجلس پر موقوف نہیں ہوگا۔ بخلاف مامور من الجانبین کے۔ اس لئے کہ وکیل جو جانبین سے مامور ہے اس کا کلام منتقل ہو جاتا ہے۔ عاقدین کی طرف تو گویا ایک کی جانب سے ایجاب ہوا۔ اور دوسرے کی جانب سے قبول ہوا۔ پس وکیل کا کلام ایسا ہو گیا جیسا کہ دو کا کلام اور جب دونوں عاقدین کا کلام یعنی ایجاب وقبول پایا گیا تو عقد تام ہوگا۔ اس کے برخلاف عقد بیع کہ اس میں ایک آدمی جانبین کا وکیل نہیں ہو سکتا ہے۔ اس کی تفصیل ماقبل میں گذر چکی اور وہ عقد جو فضولیین کے درمیان پایا گیا عقد تام ہے اس لئے کہ ایجاب وقبول دونوں پائے گئے۔ ایسے ہی خلع طلاق علی مال اور اعتاق علی مال بھی عقد تام ہیں۔ حاصل یہ کہ جب زوج نے کہا میں نے اپنی فلاں بیوی سے خلع کیا ایک ہزار پر اور بیوی موجود نہیں تو یہ خلع صحیح ہوگا۔ لیکن اس لئے نہیں کہ یہ شوہر اپنی جانب سے اصیل اور عورت کی جانب سے فضولی ہے۔ بلکہ اس لئے کہ خلع شوہر کی جانب سے یمین ہے چنانچہ اب اگر بیوی کے قبول کرنے سے پہلے رجوع کرنا چاہے تو رجوع نہیں کر سکتا اور یمین حالف کے ساتھ مکمل ہو جاتی ہے۔ لہٰذا شوہر کو عورت کی جانب سے فضولی بنانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ خلاصہ یہ کہ خلع، طلاق اور اعتاق میں ایجاب وقبول کا عقد نہیں بلکہ شرط ہے کہ وہ شوہر اور مولیٰ کے قول پر پوری ہو جاتی ہے۔ لہٰذا عقد نکاح کو

ان تینوں پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے اور یہ درست نہیں۔ ہاں البتہ خلع عورت کی جانب سے معاوضہ ہے۔ چنانچہ اگر عورت نے کہا کہ میں نے خلع کیا اپنا فلاں مرد سے ایک ہزار کے بدلہ میں اور شوہر غائب ہے پھر اس کو خبر پہنچی اس نے جائز قرار دیا تو صحیح نہیں ہوگا اس لئے کہ خلع عورت کی جانب سے معاوضہ ہے۔ لہٰذا ماوراء مجلس پر موقوف نہیں رہے گا۔ یہی تقریر طلاق علیٰ مال اور اعتاق علیٰ مال میں کرلی جائے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ایک آدمی نے دوسرے کو ایک عورت سے نکاح کرانے کا حکم دیا اس نے ایک عقد میں دو عورتوں سے نکاح کرادیا، کوئی نکاح بھی لازم نہیں ہوگا

**وَمَنْ اَمَرَ رَجُلًا اَنْ يُزَوِّجَهٗ اِمْرَاَةً فَزَوَّجَهٗ اِثْنَتَيْنِ فِيْ عَقْدَةٍ لَمْ تَلْزَمْهُ وَاحِدَةٌ مِنْهُمَا لِاَنَّهٗ لَاوَجْهَ اِلٰى تَنْفِيْذِهِمَا لِلْمُخَالَفَةِ وَلَا اِلَى التَّنْفِيْذِ فِيْ اِحْدٰهُمَا غَيْرِ عَيْنٍ لِلْجِهَالَةِ وَلَا اِلَى التَّعْيِيْنِ لِعَدَمِ الْاَوْلَوِيَّةِ فَتَعَيَّنَ التَّفْرِيْقُ.**

---

ترجمہ...... اور جس شخص نے کسی مرد کو حکم دیا کہ نکاح کردے اس کا کسی عورت سے۔ پس نکاح کیا اس کا دو عورتوں سے ایک عقد میں تو نہیں لازم ہوگا۔ اس کو ان دونوں میں سے کسی کا نکاح۔ اس لئے کہ کوئی وجہ نہیں ان دونوں کے نکاح کو نافذ کرنے کی مخالفت کی وجہ سے اور نہ کوئی وجہ ہے ان دونوں میں سے ایک غیر معین میں نافذ کرنے کی جہالت کی وجہ سے اور نہ کوئی وجہ ہے متعین کرنے کی عدم اولویت کی وجہ سے۔ پس تفریق متعین ہوگی۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک آدمی نے کسی کو وکیل بنایا کہ میرا ایک عورت سے نکاح کردے وکیل نے عقد واحد میں دو عورتوں سے نکاح کردیا ان دونوں میں سے کسی کا نکاح لازم نہیں ہوگا۔ کیونکہ تین صورتیں ہیں ایک یہ کہ دونوں میں عقد کو نافذ کردیا جائے، دوم یہ کہ ایک غیر معین میں نافذ کردیا جائے، سوم یہ کہ ایک کو متعین کرکے نافذ کردیا جائے لیکن یہ تینوں صورتیں ممکن نہیں۔ اول تو اس لئے کہ دونوں کے نکاح کو نافذ کرنے میں مؤکل کی مخالفت ہے۔ دوم اس لئے ممکن نہیں کہ غیر معین میں نافذ کرنے کی صورت میں جہالت ہے اور مجہولہ میں نکاح معلق ہوگا شرط بیان پر اور ملک نکاح کو معلق کرنا جائز ہی نہیں۔ سوم اس لئے ممکن نہیں کہ ایک کو متعین کرنے میں ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی۔ جب تینوں صورتیں ممکن نہیں تو تفریق متعین ہے۔

## امیر نے کسی شخص کو حکم دیا کہ کسی عورت سے نکاح کرادے اس نے کسی کی باندی سے نکاح کرادیا تو نکاح جائز ہے یا نہیں...... اقوال فقہاء

**وَمَنْ اَمَرَهٗ اَمِيْرٌ بِاَنْ يُزَوِّجَهٗ اِمْرَاَةً فَزَوَّجَهٗ اَمَةً لِغَيْرِهٖ جَازَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ رُجُوْعًا اِلٰى اِطْلَاقِ اللَّفْظِ وَ عَدَمِ التُّهْمَةِ وَ قَالَ اَبُوْيُوْسُفَؒ وَ مُحَمَّدٌؒ لَا يَجُوْزُ اِلَّا اَنْ يُزَوِّجَهٗ كُفْوًا لِاَنَّ الْمُطْلَقَ يَنْصَرِفُ اِلَى الْمُتَعَارَفِ وَ هُوَ التَّزَوُّجُ بِالْاَكْفَاءِ قُلْنَا الْعُرْفُ مُشْتَرَكٌ اَوْ هُوَ عُرْفٌ عَمَلِيٌّ فَلَا يَصْلُحُ مُقَيِّدًا وَ ذَكَرَ فِي الْوَكَالَةِ اَنَّ اِعْتِبَارَ الْكَفَاءَةِ فِيْ هٰذَا اِسْتِحْسَانٌ عِنْدَهُمَا لِاَنَّ كُلَّ اَحَدٍ لَا يَعْجِزُ عَنِ التَّزَوُّجِ بِمُطْلَقِ الزَّوْجِ فَكَانَتِ الْاِسْتِعَانَةُ فِي التَّزَوُّجِ بِالْكُفْوِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.**

---

ترجمہ...... وہ شخص کہ حکم دیا اس کو امیر نے بایں طور کہ اس کا نکاح کردے کسی عورت سے پس امیر کا نکاح کیا اپنے غیر کی باندی کے ساتھ تو ابوحنیفہؒ کے نزدیک جائز ہے اطلاق لفظ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اور عدم تہمت کی وجہ سے، اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ جائز نہیں۔ مگر یہ کہ نکاح کرے اس کا کفو میں۔ اس لئے کہ مطلق لوٹتا ہے متعارف کی طرف اور وہ کفو میں نکاح کرنا ہے ہم جواب دیں گے کہ عرف مشترک ہے یا وہ

عرف عملی ہے۔ پس نہیں صلاحیت رکھتا یہ عرف مقید بننے کی۔ اور کتاب الوکالۃ میں ذکر کیا کہ کفاءت کا اعتبار اس میں استحسان ہے صاحبینؒ کے نزدیک اس لئے کہ کوئی شخص بھی مطلق عورت کے ساتھ نکاح کرنے سے عاجز نہیں۔ پس تزوج بالکفو میں مدد طلب کرنا (مراد) ہوگا۔ واللہ اعلم۔

تشریح..... حاکم نے کسی کو وکیل بنایا کہ کسی عورت کے ساتھ میرا نکاح کر دے اس نے اپنے غیر کی باندی سے نکاح کر دیا۔ امام صاحبؒ کے نزدیک یہ نکاح جائز ہے اس کو رد نہیں کیا جائے گا۔ دلیل یہ ہے کہ توکیل بالنکاح میں لفظ امرأۃ مطلق ہے جو آزاد اور باندی دونوں کو شامل ہے۔ اور کوئی تہمت بھی نہیں۔ اس لئے کہ باندی وکیل کی نہیں لہٰذا وکیل متہم بھی نہیں ہوگا۔ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ جائز نہیں الا یہ کہ کفو میں نکاح کرے۔ دلیل یہ کہ توکیل مطلق ہے اور مطلق لوٹتا ہے متعارف کی طرف۔ اور متعارف کفو میں نکاح کرنا ہے نہ کہ غیر کفو میں۔ ہماری طرف سے جواب یہ ہے کہ عرف مشترک ہے یعنی اشراف جس طرح آزاد عورتوں سے نکاح کرتے ہیں اسی طرح باندیوں سے بھی کرتے ہیں اور اگر مان بھی لیا جائے کہ آزاد عورت سے نکاح کرنا عرف ہے تو یہ عرف عملی ہے۔ یعنی لوگوں کا معمول یہ ہے کہ آزاد عورتوں سے نکاح کرتے ہیں اور اطلاق لفظ عرف لفظی ہے۔ پس عرف لفظی کے لئے عرف عملی مقید اور مخصص نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ تقیید اطلاق کا مقابل ہے اور تقابل کے لئے اتحاد محل شرط ہے۔ اور اتحاد محل پایا نہیں گیا اس لئے کہ عرف لفظی اور عرف عملی میں کوئی اتحاد نہیں ہے۔

امام محمدؒ نے مبسوط کی کتاب الوکالۃ میں ذکر کیا کہ صاحبینؒ کے نزدیک اس صورت میں کفاءت کا اعتبار استحساناً ہے اور وجہ استحسان یہ ہے کہ مطلق عورت کے ساتھ نکاح پر ہر شخص قادر ہے حاکم بھی غیر حاکم بھی۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ حاکم نے کفو میں نکاح پر مدد طلب کی ہے۔ اور جب ایسا ہے تو غیر کفو میں نکاح کرنا توکیل کے خلاف ہوگا۔ اس لئے درست نہیں ہوگا۔

# بَابُ الْمَهْرِ

ترجمہ..... یہ باب مہر کے بیان میں ہے

## مہر مقرر کئے بغیر بھی نکاح درست ہے، اسی طرح یہ شرط لگائی کہ مہر نہیں ہوگا تو بھی نکاح درست ہے

قَالَ وَ يَصِحُّ النِّكَاحُ وَ اِنْ لَمْ يُسَمِّ فِيْهِ مَهْرًا لِاَنَّ النِّكَاحَ عَقْدُ اِنْضِمَامٍ وَ ازْدِوَاجٍ لُغَةً فَيَتِمُّ بِالزَّوْجَيْنِ ثُمَّ الْمَهْرُ وَاجِبٌ شَرْعًا اِبَانَةً لِشَرْفِ الْمَحَلِّ فَلَا يُحْتَاجُ اِلٰى ذِكْرِهٖ لِصِحَّةِ النِّكَاحِ وَ كَذَا اِذَا تَزَوَّجَهَا بِشَرْطِ اَنْ لَا مَهْرَ لَهَا لِمَا بَيَّنَّا وَ فِيْهِ خِلَافُ مَالِكٍ وَ اَقَلُّ الْمَهْرِ عَشَرَةُ دَرَاهِمَ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ مَا يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ ثَمَنًا فِي الْبَيْعِ يَجُوْزُ اَنْ يَكُوْنَ مَهْرًا لَهَا لِاَنَّهٗ حَقُّهَا فَيَكُوْنُ التَّقْدِيْرُ اِلَيْهَا وَ لَنَا قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ لَا مَهْرَ اَقَلُّ مِنْ عَشَرَةٍ وَ لِاَنَّهٗ حَقُّ الشَّرْعِ وُجُوْبًا اِظْهَارًا لِشَرْفِ الْمَحَلِّ فَيُقَدَّرُ بِمَالَهٗ خَطَرٌ وَ هُوَ الْعَشَرَةُ اِسْتِدْلَالًا بِنِصَابِ السَّرِقَةِ.

---

ترجمہ..... اور صحیح ہے نکاح اگرچہ اس میں مہر ذکر نہیں کیا ہے۔ اس لئے کہ نکاح لغت میں عقد انضمام اور ازدواج ہے۔ پس زوجین کے ساتھ پورا ہو جائے گا۔ پھر مہر شرعاً واجب ہے شرافت محل کو ظاہر کرنے کے لئے۔ پس مہر کے ذکر کی احتیاج نہیں صحت نکاح کے لئے اور ایسا ہی جب نکاح کیا عورت سے اس شرط کے ساتھ کہ اس کے لئے مہر نہیں۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی اور اس میں امام مالکؒ کا اختلاف ہے۔ اور مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہے۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ وہ چیز جس کو بیع میں ثمن بنانا جائز ہے اس کو عورت کے لئے مہر بنانا جائز ہے۔ اس لئے کہ مہر عورت کا حق ہے پس اس کو مقدر کرنا بھی عورت ہی کا حق ہوگا۔ اور ہماری دلیل حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ دس درہم سے کم مہر نہیں ہے اور اس لئے کہ مہر شریعت کا حق ہے شرافت محل کو ظاہر کرنے کے لئے پس اندازہ لگایا جائے گا اس مقدار کے ساتھ جس کی کوئی عظمت ہو اور وہ دس ہے قیاس

کرتے ہوئے نصاب سرقہ پر۔

تشریح...... جب مصنفؒ ہدایہ ارکانِ نکاح اور شرائط نکاح کے بیان سے فارغ ہوگئے تو نکاح کے حکم کو بیان کرنا چاہتے ہیں اور حکم نکاح وجوب مہر ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ مہر مال ہے اور بعض نے کہا کہ مہر صداق ہے اور صداق نام ہے اس مال کا جو عقد نکاح میں ذکر کیا جائے۔ کا کیؒ نے فرمایا کہ مہر کے سات نام ہیں

۱) صُدَاق ۲) نِحْلَةٌ قرآن میں دونوں نام مذکور ہیں۔﴿واتوا النساء صدقاتهن نحلة﴾

۳) اَجْرٌ یہ بھی قرآن میں ہے﴿واتوهن اجورهن﴾

۴) فَرِيْضَةٌ یہ نام بھی کلام پاک میں موجود ہے۔﴿ وقد فرضتم لهن فريضة ﴾

۵) مَهْرٌ اس نام کا ذکر حدیث میں ہے﴿ فَاِنْ لمسها فلها المهر بما استحل﴾

۶) عَلِيْقَةٌ حضورﷺ نے فرمایا﴿ادوا العلايق قيل يا رسول الله ما العلايق قال ما ترضى الا هلون﴾۔

حدیث میں علایق سے مراد مہر ہے۔

۷) اَلْعُقْرُ۔ حضورﷺ نے فرمایا ﴿عقر نسائها﴾۔ یہاں عقر سے مراد مہر ہے۔

ان سات ناموں میں چار قرآن میں اور تین احادیث میں مذکور ہیں۔

صاحبِ قدوریؒ فرماتے ہیں کہ نکاح صحیح ہوتا ہے اگر چہ اس میں مہر مذکور نہ ہو۔ دلیل یہ ہے کہ نکاح عقد انضمام اور عقد ازدواج کو کہتے ہیں۔ اور یہ معنی پورے ہو جاتے ہیں زوجین سے۔ لہٰذا صحتِ نکاح کے لئے مہر کا ذکر ضروری نہیں۔ دوسری دلیل یہ کہ قرآن میں ہے فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ...... الآیۃ۔ اب اگر ہم نے ذکر مہر کی شرط لگادی تو نص پر زیادتی کرنا لازم آئے گا جو درست نہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جب مہر شرعاً واجب ہے تو بغیر مہر کے نکاح کیسے درست ہوگا۔ جواب یہ ہے کہ وجوبِ مہر صحت نکاح کے لئے شرط نہیں بلکہ مہر واجب ہوا ہے شرافت محل یعنی بضع کی عظمت اور شرافت کو ظاہر کرنے کے لئے۔ لہٰذا صحت نکاح کے لئے مہر کے ذکر کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اگر کوئی اشکال کرے کہ اس پر کیا دلیل ہے کہ صحتِ نکاح کے لئے مہر کے ذکر کی ضرورت نہیں۔ جواب: قرآن اس پر شاہد ہے فرمایا گیا:

**لا جناح عليكم ان طلقتم النساء مالم تمسوهن او تفرضوا لهن فريضة و متعوهن على الموسع قدره و على المقتر قدره.**

ترجمہ...... کچھ گناہ نہیں تم پر اگر طلاق دو تم عورتوں کو اس وقت کہ ہاتھ بھی نہ لگایا ہو اور نہ مقرر کیا ہو ان کے لئے کچھ مہر اور ان کو خرچ دو مقدور والے پر اس کے موافق ہے اور تنگی والے پر اس کے موافق۔

اس آیت میں بغیر تسمیہ مہر کے صحت طلاق کا حکم لگایا گیا ہے اور طلاق ہوتی ہے نکاح صحیح میں پس معلوم ہوگیا کہ ترکِ ذکرِ مہر صحتِ نکاح کے لئے مانع نہیں ہے۔ فرماتے ہیں کہ اسی طرح نکاح اس وقت بھی درست ہوگا جبکہ مہر کے نہ ہونے کی شرط لگادی اسی سابقہ دلیل کی وجہ سے۔ لیکن امام مالکؒ کا اختلاف ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ نفی مہر کی شرط سے نکاح درست نہیں ہوگا۔ اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ نکاح عقد معاوضہ ہے۔ پس جس طرح بیع میں اگر ثمن کے نہ ہونے کی شرط لگادی تو بیع باطل ہوگی۔ اسی طرح عدم مہر کی شرط کے ساتھ نکاح بھی درست نہیں ہوگا۔ لیکن ہم جواب دیں گے کہ اس پر سب کا اجماع ہے کہ اگر مہر کا ذکر ترک کر دیا جائے صراحۃً نفی نہ کی جائے تو نکاح درست ہے۔ لہٰذا اسی طرح اگر مہر کی نفی کر دی جائے تب بھی درست ہونا چاہیئے۔ کیونکہ ترک ذکر اور نفی ذکر میں حکم مختلف نہیں ہوتا۔ مثلاً بیع میں ثمن کی نفی کی جائے۔ یا ثمن کا ذکر ترک کر دیا جائے

دونوں صورتوں میں عقد بیع باطل ہوگا۔

مہر کی اکثر مقدار کی کوئی تحدید نہیں۔ البتہ اقل مقدار مہر میں اختلاف ہے۔ احناف ؒ کے نزدیک دس درہم ہے۔ امام مالکؒ نے فرمایا کہ اقل مقدار مہر ربع دینار یا تین درہم ہیں۔ ابن شبرمہؒ نے کہا کہ کم از کم پانچ درہم ہیں۔ اور ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں کہ اقل مقدار مہر چالیس درہم ہے اور سعید ابن جبیر کے نزدیک کم از کم پچاس درہم ہونے چاہئیں۔ حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جس کو عقد بیع میں ثمن بنایا جاسکتا ہے اس کو عقد نکاح میں مہر بھی بنا سکتے ہیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ مہر عورت کا حق ہے چنانچہ وصول کرنے اور ساقط کرنے میں عورت خود مختار ہے معلوم ہوا کہ مہر عورت ہی کا حق ہے۔ لہٰذا اس کی مقدار معین کرنے کا حق بھی عورت ہی کو ہوگا۔

ہماری دلیل حدیث رسول اللہ ﷺ ہے۔ دس درہم سے کم مہر ہی نہیں ہے۔ دوسری عقلی دلیل یہ ہے کہ مہر شریعت کا حق ہے۔ بضع کی شرافت کو ظاہر کرنے کے لئے۔ لہٰذا اتنی مقدار معین کی جائے جس سے شرافتِ محل اور شرافتِ بضع ظاہر ہو سکے۔ ہم نے دیکھا کہ نصاب سرقہ دس درہم ہے تو گویا دس درہم چوری کرنے پر ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ انسان کے ایک عضو یعنی ہاتھ کی کم از کم قیمت دس درہم ہے۔ چنانچہ اسی پر قیاس کر کے نکاح میں بھی ملک بضع کی قیمت کم از کم دس درہم مقرر کی گئی ہے۔

## دس دراہم سے کم مہر مقرر کیا تو دس دراہم مہر ہوں گے

**وَلَوْ سَمّٰى اَقَلَّ مِنْ عَشَرَةٍ فَلَهَا الْعَشَرَةُ عِنْدَنَا وَ قَالَ زُفَرُ مَهْرُ الْمِثْلِ لِاَنَّ تَسْمِيَةَ مَالَا يَصْلُحُ مَهْرًا كَعَدَمِهَا وَلَنَا اَنَّ فَسَادَ هٰذِهِ التَّسْمِيَةِ لِحَقِّ الشَّرْعِ وَ قَدْ صَارَ مَقْضِيًا بِالْعَشَرَةِ فَاَمَّا مَا يَرْجِعُ اِلٰى حَقِّهَا فَقَدْ رَضِيَتْ بِالْعَشَرَةِ لِرِضَاهَا بِمَادُوْنَهَا وَلَا مُعْتَبَرَ بِعَدَمِ التَّسْمِيَةِ لِاَنَّهَا قَدْ تَرْضٰى بِالتَّمْلِيْكِ مِنْ غَيْرِ عِوَضٍ تَكَرُّمًا وَلَا تَرْضٰى فِيْهِ بِالْعِوَضِ الْيَسِيْرِ.**

---

ترجمہ...... اور اگر ذکر کیا دس درہم سے کم تو عورت کے لئے دس درہم ہوں گے ہمارے نزدیک اور فرمایا امام زفرؒ نے کہ مہر مثل ہے۔ اس لئے کہ اس چیز کا تسمیہ جو مہر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا ایسا ہی ہے جیسا کہ عدم تسمیہ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ اس تسمیہ کا فساد حق شرع کی وجہ سے ہے اور وہ پورا ہوگیا دس سے۔ بہر حال وہ جو لوٹے گا عورت کے حق کی طرف تو عورت راضی ہوگئی دس پر اس کے دس سے کم پر راضی ہونے کی وجہ سے۔ اور عدم تسمیہ معتبر نہیں اس لئے کہ کبھی راضی ہو جاتی ہے بغیر عوض مالک بنانے پر تکرماً اور نہیں راضی ہوتی اس میں تھوڑے عوض پر۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ انعقادِ نکاح کے وقت دس درہم سے کم مہر ذکر کیا گیا تو اس صورت میں ہمارے نزدیک عورت کے لئے دس درہم ہوں گے۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک مہر مثل واجب ہوگا۔ امام زفرؒ کی دلیل قیاس ہے۔ حاصل قیاس یہ ہے کہ ایسی چیز کو مہر بنانا جو مہر بننے کی صلاحیت نہ رکھتی ہو۔ وہ عدم تسمیہ کے مانند ہے اور عدم تسمیہ کی صورت میں مہر مثل واجب ہوتا ہے لہٰذا اس صورت میں بھی مہر مثل واجب ہوگا۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ دس درہم سے کم کے تسمیہ کا فساد حق شرع کی وجہ سے ہے اور حق شرع پورا ہو جاتا ہے دس درہم سے۔ لہٰذا دس درہم پورے کر دیے جائیں۔ زیادہ کی ضرورت نہیں۔ اب رہی یہ بات کہ دس درہم پر عورت بھی راضی ہے یا نہیں تو ہم کہتے ہیں کہ جب وہ بھلی مانس دس سے کم پر راضی ہوگئی تو دس درہم پر بدرجہ اولیٰ راضی ہوگی۔ حاصل یہ کہ مہر میں شارع اور زوجہ دونوں کا حق ہے۔ لہٰذا ان دونوں کی رعایت ضروری ہوگی۔ اور دس درہم میں دونوں کی رعایت ہو جاتی ہے۔ کیونکہ شارع کا تو حق ہی دس درہم تک ہے۔ اور زائد میں اگرچہ عورت کا حق ہے لیکن وہ دس سے کم پر راضی ہونے کی وجہ سے دس سے زائد میں اپنا حق ساقط کر چکی۔ جس کا اس کو پورا پورا اختیار ہے۔

امام زفرؒ کے قیاس کا جواب یہ ہے کہ دس سے کم کے تسمیہ کو عدم تسمیہ پر قیاس کرنا صحیح نہیں ہے۔ اس لئے کہ انسان کبھی اپنے پورے حق کو ساقط کر دینے پر راضی ہو جاتا ہے تکرماً اور تفضلاً تناسلِ جمیل کو طلب کرنے کے لئے اور شئی قلیل پر راضی نہیں ہوتا۔ اسی طرح یہاں ہے کہ عورت بلا عوض تملیک پر راضی ہو سکتی ہے اپنے تکرم اور تفضّل کو ظاہر کرنے کے لئے لیکن ترفعاً عوض قلیل اور معمولی چیز پر راضی نہیں ہو سکتی ہے پس اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اگر عورت بالکل مہر نہ لینے پر راضی ہو جائے تو وہ دس سے کم پر بھی راضی ہو جائے گی لہٰذا یہ قیاس غلط ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## قبل الدخول طلاق میں پانچ دراہم واجب ہوں گے جب کہ مہر مقرر نہ کیا گیا ہو

**وَلَوْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا تَجِبُ خَمْسَةٌ عِنْدَ عُلَمَائِنَا الثَّلٰثَةِ وَ عِنْدَهُ تَجِبُ الْمُتْعَةُ كَمَا اِذَا لَمْ يُسَمِّ شَيْئًا**

---

ترجمہ...... اور اگر طلاق دی اس عورت کے ساتھ دخول سے پہلے تو پانچ درہم واجب ہوں گے۔ ہمارے علماء ثلاثہ کے نزدیک اور امام زفرؒ کے نزدیک متعہ واجب ہوگا جیسا کہ جب کچھ ذکر نہیں کیا تھا۔

تشریح...... مذکورہ بالا مسئلہ میں اگر طلاق قبل الدخول واقع ہوگئی تو ہمارے نزدیک پانچ درہم واجب ہوں گے۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک عورت کے لئے متعہ واجب ہوگا۔ چونکہ امام زفرؒ کے نزدیک اس صورت میں مہر مثل واجب تھا۔ اور مہر مثل کی صورت میں اگر طلاق قبل الدخول واقع ہو جائے تو متعہ واجب ہوتا ہے۔ لہٰذا یہاں بھی متعہ واجب ہوگا۔ اور ہمارے نزدیک دس درہم مسمّیٰ تھے۔ لہٰذا طلاق قبل الدخول کی صورت میں نصف مسمّیٰ واجب ہوگا اور وہ پانچ درہم ہیں۔

## دس دراہم یا زیادہ مقرر کئے گئے تو مقررہ مہر لازم ہوگا

**وَمَنْ سَمّٰى مَهْرًا عَشَرَةً فَمَا زَادَ فَعَلَيْهِ الْمُسَمّٰى اِنْ دَخَلَ بِهَا اَوْ مَاتَ عَنْهَا لِاَنَّهٗ بِالدُّخُوْلِ يَتَحَقَّقُ تَسْلِيْمُ الْمُبْدَلِ وَبِهٖ يَتَاَكَّدُ الْبَدْلُ وَ بِالْمَوْتِ يَنْتَهِي النِّكَاحُ نِهَايَتَهٗ وَالشَّيْءُ بِانْتِهَائِهٖ يَتَقَرَّرُ وَ يَتَاكَّدُ فَيَتَقَرَّرُ بِجَمِيْعِ مَوَاجِبِهٖ وَ اِنْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَالْخَلْوَةِ فَلَهَا نِصْفُ الْمُسَمّٰى لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَ اِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ اَلْاٰيَةَ وَالْاَقْيِسَةُ مُتَعَارِضَةٌ فَفِيْهِ تَفْوِيْتُ الزَّوْجِ الْمِلْكَ عَلٰى نَفْسِهٖ بِاخْتِيَارِهٖ وَ فِيْهِ عَوْدُ الْمَعْقُوْدِ عَلَيْهِ اِلَيْهَا سَالِمًا فَكَانَ الْمَرْجِعُ فِيْهِ النَّصَّ وَ شَرَطَ اَنْ يَّكُوْنَ قَبْلَ الْخَلْوَةِ لِاَنَّهَا كَالدُّخُوْلِ عِنْدَنَا عَلٰى مَانُبَيِّنُهٗ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى.**

---

ترجمہ...... اور وہ شخص کہ مقرر کیا مہر دس درہم یا زیادہ تو شوہر پر مسمّیٰ ہے۔ اگر اس نے بیوی کے ساتھ دخول کیا یا مر گیا اس سے (اس کو چھوڑ کر) اس لئے کہ دخول کی وجہ سے مبدل کو سپرد کرنا متحقق ہوگا اور اسی بضع کی سپردگی سے بدل مؤکد ہوتا ہے۔ اور موت سے نکاح اپنی انتہا کو پہنچ جاتا ہے اور شئی اپنی انتہا سے متقرر اور مؤکد ہو جاتی ہے پس نکاح متقرر ہوگا اپنے تمام احکام کے ساتھ۔ اور اگر طلاق دی اس کو دخول اور خلوت سے پہلے تو اس عورت کے لئے نصف مسمّیٰ ہے باری تعالیٰ کے قول وان طلقتموهن...... الآیہ کی وجہ سے یعنی اگر طلاق دیدی تم نے ان عورتوں کو چھونے سے پہلے اور مقرر کیا ان کے لئے مہر تو مقرر کئے ہوئے کا نصف ہوگا۔ اور قیاس متعارض ہیں۔ پس طلاق قبل الدخول اور قبل الخلوت میں زوج کا اپنے اختیار سے اپنے حق میں ملک کو فوت کر دینا ہے اور اسی طلاق قبل الدخول والخلوت میں معقود علیہ کا عورت کی طرف صحیح سالم لوٹ آنا ہے۔ پس مدار اس میں نص ہوگی۔ اور قدوری نے شرط لگائی ہے کہ طلاق قبل الخلوت ہو۔ اس لئے کہ خلوت دخول کے مانند ہے۔ ہمارے نزدیک اسی تفصیل پر جس کو ہم انشاء اللہ بیان کریں گے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ شوہر نے بیوی کا مہر مقرر کر دیا دس درہم یا زیادہ۔ پھر اس کے بعد دخول پایا گیا۔ یا احد الزوجین کا انتقال ہو گیا تو ان دونوں صورتوں میں شوہر پر کل مسمّیٰ واجب ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ دخول کی وجہ سے بدل یعنی بضع کا سپرد کرنا متحقق ہو گیا اور مبدل کے سپرد کرنے سے بدل واجب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا شوہر پر بدل یعنی مہر واجب ہوگا۔ اور موت کی وجہ سے شی اپنی انتہاء کو پہنچ جاتی ہے۔ اس کے بعد کوئی چیز باقی نہیں رہتی۔ اور شی اپنی انتہاء کو پہنچ کر متقرر اور مؤکد ہو جاتی ہے یعنی نا قابل تغیر۔ پس نکاح اپنے تمام احکام و مواجب کے ساتھ ثابت ہوگا اور حکم نکاح مہر بھی ہے۔ لہٰذا موت کی وجہ سے یہ بھی ثابت ہوگا۔

دوسری صورت یہ ہے کہ اس عورت کو دخول اور خلوت سے پہلے طلاق دیدی تو شوہر پر عورت کے لئے نصف مسمّیٰ واجب ہوگا۔ دلیل میں صاحب ہدایہ نے آیت پیش کی ہے۔ یعنی جماع سے پہلے اگر تم نے طلاق دیدی اور مہر مقرر کر رکھا ہے تو مقرر کردہ میں سے نصف دیدو۔ آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ طلاق قبل الدخول سے نصف مہر واجب ہوگا۔ طلاق قبل الدخول میں دو قیاس باہم متعارض ہیں۔ چنانچہ ایک قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ شوہر پر کل مسمّیٰ واجب ہو۔ کیونکہ شوہر نے اپنے اختیار سے اپنے حق میں ملک بضع کو فوت کر دیا ہے۔ یہ ایسا ہو گیا کہ مشتری نے مبیع کو ہلاک کر دیا بائع کے سپرد کرنے سے پہلے تو مشتری پر کل ثمن واجب ہوگا۔ پس ایسا ہی یہاں بھی ہوگا۔ دوسرے قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ شوہر پر کچھ بھی واجب نہ ہو، نہ کل مسمّیٰ نہ نصف مسمّیٰ۔ کیونکہ طلاق قبل الدخول کی صورت میں معقود علیہ یعنی بضع صحیح سالم عورت کی طرف لوٹ آیا۔ پس جب مبدل عورت کو پورے کا پورا واپس مل گیا تو شوہر پر بدل واجب نہیں ہوگا جیسا کہ عقد بیع کو فسخ کر دینے کی صورت میں جب مبیع بائع کی طرف لوٹ آئی تو مشتری پر ثمن واجب نہیں ہوتا۔ اسی طرح یہاں بھی شوہر پر کچھ واجب نہیں ہوگا۔ پس جب دونوں قیاس متعارض ہیں تو نص کی طرف رجوع کریں گے۔ اور نص میں نصف مسمّیٰ واجب کیا گیا ہے۔ لہٰذا نص کے مطابق شوہر پر اس صورت میں نصف مسمّیٰ واجب ہوگا۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ قدوریؒ نے کہا قبل الخلوت یعنی خلوت سے پہلے کی شرط لگائی اس لئے کہ ہمارے نزدیک خلوت دخول کے مرتبہ میں ہے۔ لہٰذا جو حکم دخول کا ہوگا وہی خلوت کا ہوگا۔

## مہر مقرر کئے بغیر نکاح کیا یا اس شرط پر نکاح کیا کہ مہر نہیں ہوگا تو مہرِ مثل لازم ہے

**قَالَ وَاِنْ تَزَوَّجَهَا وَلَمْ يُسَمِّ لَهَا مَهْرًا اَوْتَزَوَّجَهَا عَلٰى اَنْ لَّا مَهْرَ لَهَا فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا اِنْ دَخَلَ بِهَا اَوْ مَاتَ عَنْهَا وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا يَجِبُ شَيْءٌ فِي الْمَوْتِ وَاَكْثَرُهُمْ عَلٰى اَنَّهُ يَجِبُ فِي الدُّخُوْلِ لَهُ اَنَّ الْمَهْرَ خَالِصُ حَقِّهَا فَتَتَمَكَّنُ مِنْ نَفْيِهٖ اِبْتِدَاءً كَمَا تَتَمَكَّنُ مِنْ اِسْقَاطِهٖ اِنْتِهَاءً وَلَنَا اَنَّ الْمَهْرَ وُجُوْبًا حَقُّ الشَّرْعِ عَلٰى مَا مَرَّ وَاِنَّمَا يَصِيْرُ حَقًّا لَهَا فِيْ حَالَةِ الْبَقَاءِ فَتَمْلِكُ الْاِبْرَاءَ دُوْنَ النَّفْيِ وَلَوْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا فَلَهَا الْمُتْعَةُ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمَتِّعُوْهُنَّ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ اَلْاٰيَةُ ثُمَّ هٰذِهِ الْمُتْعَةُ وَاجِبَةٌ رُجُوْعًا اِلَى الْاَمْرِ وَفِيْهِ خِلَافُ مَالِكٍ.**

---

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا عورت سے اور اس کے لئے مہر ذکر نہیں کیا یا نکاح کیا اس سے اس شرط پر کہ اس کے لئے مہر نہیں تو اس عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اگر اس سے دخول کیا یا اس کو چھوڑ کر مر گیا۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ موت کی صورت میں کوئی چیز واجب نہیں ہوتی ہے اور اکثر شوافعؒ اس مسلک پر ہیں کہ دخول کی صورت میں واجب ہوگا۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ مہر خالص عورت کا حق ہے۔ پس وہ قادر ہوگی اس کی نفی کر دینے پر ابتداءً جس طرح قادر ہے اس کو ساقط کر دینے پر انتہاءً۔ اور ہمارے مسلک پر استدلال یہ ہے کہ مہر وجوباً حق شرع ہے اور عورت کا حق ہوگا حالت بقاء میں۔ پس وہ عورت بری کر دینے کی مالک تو ہوگی لیکن نفی کر دینے کی مالک نہیں ہو سکتی ہے اور اگر طلاق دی اس کو قبل الدخول تو اس عورت کے لئے متعہ ہے باری تعالیٰ کے قول و متعوھن کی وجہ سے یعنی متعہ دو ان کو مقدور والے پر اس کی وسعت کے مطابق پھر یہ متعہ واجب ہے امر کی طرف رجوع کرتے ہوئے اور اس میں امام مالکؒ کا اختلاف ہے۔

تشریح ...... مصنفؒ نے دوصورتیں بیان کی ہیں۔اول یہ کہ نکاح کیا اور مہر کے بارے میں سکوت کیا نہ ذکر کیا اور نہ نفی کی۔دوسری صورت یہ ہے کہ نکاح کیا اور مہر کے نہ ہونے کی شرط لگا دی ان دونوں صورتوں میں ہمارے نزدیک مہر مثل واجب ہوگا بشرطیکہ بیوی سے دخول کیا یا زوج کا انتقال ہو گیا۔امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ موت قبل الدخول کی صورت میں شوہر پر کچھ واجب نہیں ہوگا۔اور اکثر شوافعؒ کہتے ہیں کہ دخول کی صورت میں مہر مثل واجب ہوگا۔جیسا کہ ہمارا مذہب ہے۔امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ مہر خالصۃً عورت کا حق ہے۔پس جس طرح وہ انتہاءً ساقط کرنے پر قدرت رکھتی ہے اسی طرح ابتداءً بھی نفی کرنے پر قدرت حاصل ہے۔امام شافعیؒ ایک حدیث سے بھی استدلال کرتے ہیں۔جو حضرت علی ﷺ، زید ابن ثابت ﷺ، ابن عباس ﷺ اور ابن عمر ﷺ سے مروی ہے الفاظِ احادیث یہ ہیں **قالوا لها الميراث ولا صداق لها و عليها العدة** ۔یعنی اس عورت کے لئے میراث ہے اور مہر نہیں اور اس پر عدت ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے کہ مہر وجوباً شریعت کا حق ہے۔آیت ''**ان تبتغوا باموالكم**'' اور آیت ''**قد علمنا ما فرضنا**'' کی وجہ سے۔دونوں آیات کی تفصیل اصول فقہ کی کتابوں میں موجود ہے۔دیکھ لیا جائے،بعض لوگوں نے کہا کہ مہر میں تین حق ہیں: (۱) حق شرع.....حق شرع تو یہ ہے کہ دس درہم سے کم نہ ہو۔اور (۲) اولیاء کا حق......اولیاء کا حق یہ ہے کہ مہر مثل سے کم نہ ہو۔(۳) تیسرے عورت کا حق.....عورت کا حق یہ ہے کہ مہر اس کی ملک ہے لیکن حق شرع اور حق اولیاء صرف ابتداء نکاح کے وقت معتبر ہیں اور عورت کا حق حالتِ بقاءً میں ہے لہٰذا عورت بقاءً تو ساقط کر سکتی ہے لیکن ابتداءً نفی نہیں کر سکتی۔پس امام شافعیؒ کا یہ کہنا کہ ابتداءً نفی کر دینے پر قادر ہے اپنے حق سے تجاوز کرنا ہے جس کی شرعاً اجازت نہیں۔اور اگر اس عورت کو طلاق قبل الدخول دی تو اس کے لئے متعہ واجب ہوگا۔دلیل آیت ہے **لا جناح عليكم ان طلقتم النساء مالم تمسوهن او تفرضوا لهن فريضة و متعوهن** آیت میں ''او'' معنی ''و'' ہے۔یعنی تم پر کوئی حرج نہیں اگر تم نے طلاق دیدی عورتوں کو جب تک کہ ان کو مس نہیں کیا اور نہیں مقرر کیا ان کے لئے مہر اور متعہ دے دو ان کو۔

متعہ کے وجوب و عدم وجوب میں اختلاف ہے۔امام مالکؒ استحباب کے قائل ہیں اور احنافؒ وجوب کے۔امام مالکؒ کی دلیل یہ ہے کہ قرآن میں متعہ دینے والے کو محسن کہا گیا ہے اور محسن متطوع کو کہتے ہیں یعنی نفل کام کرنے والا۔ہماری دلیل اور امام مالکؒ کا جواب یہ ہے کہ متعوا امر کا صیغہ ہے جو وجوب کے لئے آتا ہے دوسرا لفظ حقا ہے یہ بھی وجوب پر دلالت کرتا ہے۔تیسرا لفظ علیٰ جو الزام کے لئے آتا ہے۔اور رہا لفظ محسن تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ جو واجب کو ادا کرتے ہیں اور اپنی طرف سے احسان کے طور پر زیادہ کرتے ہیں۔لہٰذا اب لفظ محسنین امام مالکؒ کا متدل نہیں ہو سکتا۔

## متعہ تین کپڑے ہیں

**وَالْمُتْعَةُ ثَلٰثَةُ اَثْوَابٍ مِنْ كِسْوَةِ مِثْلِهَا وَ هِيَ دِرْعٌ وَ خِمَارٌ وَ مِلْحَفَةٌ وَ هٰذَا التَّقْدِيْرُ مَرْوِيٌّ عَنْ عَائِشَةَؓ وَ ابْنِ عَبَّاسٍؓ وَ قَوْلُهٗ مِنْ كِسْوَةِ مِثْلِهَا اِشَارَةٌ اِلٰى اَنَّهَا يُعْتَبَرُ حَالُهَا وَ هُوَ قَوْلُ الْكَرْخِيِّ فِي الْمُتْعَةِ الْوَاجِبَةِ لِقِيَامِهَا مَقَامَ مَهْرِ الْمِثْلِ وَالصَّحِيْحُ اَنَّهٗ يُعْتَبَرُ حَالُهٗ عَمَلاً بِالنَّصِّ وَ هُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَ عَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ثُمَّ هِيَ لَا تَزَادُ عَلٰى نِصْفِ مَهْرِ مِثْلِهَا وَلَا تَنْقُصُ عَنْ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ وَ يُعْرَفُ ذٰلِكَ فِي الْاَصْلِ.**

---

ترجمہ......اور متعہ تین کپڑے ہیں اس جیسی عورت کے لباس سے اور وہ کرتہ، اوڑھنی چادر ہے اور یہ اندازہ مروی ہے عائشہ رضی اللہ عنہا اور ابن عباس ﷺ سے اور قدوری کا قول **من كسوة مثلها** اشارہ ہے اس طرف کہ اعتبار کیا جائے گا عورت کے حال کا اور وہ قول ہے امام کرخیؒ کا متعہ واجبہ میں متعہ کے قائم مقام ہونے کی وجہ سے مہر مثل کے۔اور صحیح یہ ہے کہ اعتبار کیا جائے گا مرد کے حال کا عمل کرتے ہوئے نص پر اور وہ قول ہے باری

تعالیٰ کا عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهُ وَ عَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ ۔ پھر یہ متعہ نہ زیادہ کیا جائے گا نصف مہر مثل پر اور نہ پانچ درہم سے کم ہوگا اور یہ مسئلہ معلوم ہوگا مبسوط میں۔

تشریح...... متعہ کی حقیقت یہ ہے کہ وہ تین کپڑے ہیں۔ کرتہ، اوڑھنی، چادر، یہ تین کپڑوں کی تعیین وتقدیر حضرت عائشہؓ اور ابن عباسؓ سے منقول ہے۔ صاحب قدوریؒ کی عبارت من کسوۃ مثلھا سے اشارہ اس طرف ہے کہ متعہ میں عورت کے حال کا اعتبار ہوگا۔ متعہ واجبہ میں امام کرخیؒ کا یہی قول ہے۔ دلیل یہ ہے کہ متعہ مہر مثل کے قائم مقام ہے۔ اور مہر مثل میں عورتوں کا حال معتبر ہے۔ لہٰذا جو اس کا قائم مقام ہے اس میں بھی عورت ہی کے حال کا اعتبار ہوگا۔ اور صحیح قول یہ ہے کہ مرد کے حال کا اعتبار ہوگا۔ ان کی دلیل قرآن کی آیت عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهُ وَ عَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ۔ اللہ تعالیٰ نے مرد کے حال کا اعتبار کیا نہ کہ عورت کے حال کا، متعہ تین طرح کا ہے۔ ادنیٰ۔ اوسط۔ اعلیٰ۔ ادنیٰ تو یہ ہے کہ یہ تین کپڑے سوتی ہوں۔ اوسط یہ کہ ٹسر کے ہوں۔ ٹسر ایک کپڑا ہے جو ریشم سے کمتر ہے اور سوت سے اچھا ہے۔ اور اعلیٰ درجہ کا متعہ یہ ہے کہ یہ تین کپڑے ریشم کے ہوں۔ پھر صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ متعہ میں عورت کا حال معتبر ہو یا مرد کا نصف مہر مثل سے زائد اور پانچ درہم سے کم نہ ہونا چاہئے نصف مہر مثل سے زائد تو اس لئے نہیں ہوگا کہ مہر مسمیٰ اقویٰ ہے مہر مثل سے۔ کیونکہ مہر مسمیٰ کا وجوب عقد اور تسمیہ سے ہوا ہے اور مہر مثل کا وجوب فقط عقد سے ہوا ہے۔ اب اگر ایسے نکاح میں جس میں تسمیہ پایا گیا طلاق قبل الدخول دے دی تو نصف مسمیٰ پر زیادتی نہیں ہوگی۔ پس ایسا نکاح جس میں تسمیہ نہیں پایا گیا نصف مہر مثل پر بدرجہ اولیٰ زیادتی نہ ہونی چاہئے۔ اور پانچ درہم سے کم اس لئے نہ ہو کہ متعہ واجب ہوا بضع کا عوض بن کر۔ اور کوئی عوض دس درہم سے کم نہیں ہوتا۔ لہٰذا نصف عوض پانچ سے کم نہ ہونا چاہئے۔

## مہر کے بغیر نکاح کیا پھر باہمی رضامندی سے مہر مقرر کیا تو عورت کے لئے یہ مہر کب ہوگا

وَاِنْ تَزَوَّجَهَا وَلَمْ يُسَمِّ لَهَا مَهْرًا ثُمَّ تَرَاضَيَا عَلٰى تَسْمِيَتِهٖ فَهِيَ لَهَا اِنْ دَخَلَ بِهَا اَوْ مَاتَ عَنْهَا وَ اِنْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا فَلَهَا الْمُتْعَةُ وَ عَلٰى قَوْلِ اَبِىْ يُوْسُفَؒ الْاَوَّلِ نِصْفُ هٰذَا الْمَفْرُوْضِ وَ هُوَ قَوْلُ الشَّافِعِىِّؒ لِاَنَّهٗ مَفْرُوْضٌ فَيَتَنَصَّفُ بِالنَّصِّ وَلَنَا اَنَّ هٰذَا الْفَرْضَ تَعْيِيْنٌ لِلْوَاجِبِ بِالْعَقْدِ وَهُوَ مَهْرُ الْمِثْلِ وَ ذٰلِكَ لَا يَتَنَصَّفُ فَكَذَا مَا نُزِّلَ مَنْزِلَتَهٗ وَالْمُرَادُ بِمَا تَلَا الْفَرْضُ فِى الْعَقْدِ اِذْهُوَ الْفَرْضُ الْمُتَعَارَفُ.

---

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا عورت سے اور اس کے لئے مہر ذکر نہیں کیا۔ پھر دونوں رضامند ہو گئے اس مہر کے تسمیہ پر تو یہ متعین کردہ مقدار اس کے لئے ہوگی۔ اگر اس کے ساتھ دخول کیا یا اس کو چھوڑ کر مر گیا۔ اور اگر اس کو طلاق قبل الدخول دی تو اس کے لئے متعہ ہوگا۔ اور ابو یوسفؒ کے قول اول پر اس مفروض کا نصف ہوگا۔ اور یہ قول امام شافعیؒ کا بھی ہے اس لئے کہ یہ مفروض ہے پس تنصیف ہوگی نص سے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ یہ فرض متعین کرنا ہے اس کا جو واجب ہوا عقد کی وجہ سے اور وہ مہر مثل ہے۔ اور مہر مثل کی تنصیف نہیں ہوتی۔ پس ایسے ہی اس کی بھی جو اس کے مرتبہ میں اتار لیا گیا اور مراد اس سے جو تلاوت کیا ابو یوسفؒ نے فرض فی العقد ہے۔ اس لئے کہ وہ فرض متعارف ہے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ نکاح کے وقت مہر ذکر نہیں کیا۔ پھر دونوں شوہر بیوی نے ایک مقدار مقرر کر لی تو اب اگر شوہر نے بیوی کے ساتھ دخول کیا یا مر گیا تو دونوں صورتوں میں یہ متعین کردہ مقدار واجب ہوگی۔ اور اگر طلاق قبل الدخول ہے تو طرفینؒ کے نزدیک عورت کے لئے متعہ واجب ہوگا۔ اور ابو یوسفؒ کا قول اول یہ ہے کہ اس متعین کردہ مقدار کا نصف واجب ہوگا۔ اور یہی قول امام شافعیؒ کا ہے۔ ابو یوسفؒ کا دوسرا قول طرفینؒ کے ساتھ ہے۔

امام شافعیؒ اور ابو یوسفؒ کے قول اول کی دلیل...... یہ ہے کہ زوجین نے باہمی اتفاق سے جو مقدار مقرر کی ہے۔ یہ مفروض (مقدور ومعین)

ہے اور آیت فنصف ما فرضتم سے مفروض کی تنصیف ثابت ہے۔ مفروض فی حالتِ العقد ہو یا مفروض بعد العقد۔ لہٰذا اس صورت میں بھی اگر طلاق قبل الدخول پائی گئی تو نصف مفروض واجب ہوگا متعہ واجب نہیں ہوگا۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ عقدِ نکاح کے وقت اگر مہر ذکر نہ کیا جائے تو مہر مثل واجب ہو جاتا ہے۔ پس اس صورت میں بھی نکاح کے وقت مہر مذکور نہ ہونے کی وجہ سے مہر مثل واجب ہو گیا۔ بعد میں زوجین نے ایک مقدار پر اتفاق کر لیا تو یہ بعد میں متعین کردہ مقدار در حقیقت تعیین ہے اس کی جو عقد کی وجہ سے واجب ہوا تھا اور عقد کی وجہ سے مہر مثل واجب ہوا تھا اور مہر مثل کی تنصیف نہیں ہوتی۔ لہٰذا جو اس کے مرتبہ میں ہے اس کی بھی تنصیف نہیں ہوگی۔ حاصلِ دلیل یہ کہ مفروض بعد العقد تعیین ہے مہر مثل کی اور مہر مثل کی تنصیف نہیں ہوتی ہے لہٰذا جو اس کے قائم مقام ہے یعنی مفروض بعد العقد اس کی بھی تنصیف نہیں ہوگی۔ اور جب تنصیف نہیں ہو سکتی تو متعہ واجب ہوگا۔ اور ابو یوسفؒ نے جو آیت تلاوت کی یعنی فنصف ما فرضتم تو اس کا جواب یہ ہے کہ آیت میں فرض فی العقد مراد ہے نہ کہ فرض بعد العقد۔ اور وجہ اس کی یہ ہے کہ آیت مطلق ہے اور مطلق جب بولا جاتا ہے تو اس سے متعارف مراد ہوتا ہے۔ اور متعارف مفروض فی العقد ہے نہ کہ مفروض بعد العقد۔ پس مفروض فی العقد کی تنصیف ہوگی مفروض بعد العقد کی نہیں۔

## عقد نکاح کے بعد مہر میں اضافہ کیا تو زیادتی لازم ہوگی

**قَالَ فَاِنْ زَادَهَا فِي الْمَهْرِ بَعْدَ الْعَقْدِ لَزِمَتْهُ الزِّيَادَةُ خِلَافًا لِزُفَرَ وَ سَنَذْكُرُهُ فِيْ زِيَادَةِ الثَّمَنِ وَالْمُثَمَّنِ اِنْشَاءَ اللّٰهُ وَاِذَا صَحَّتِ الزِّيَادَةُ تَسْقُطُ بِالطَّلَاقِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَ عَلٰى قَوْلِ اَبِيْ يُوْسُفَ اَوَّلًا تَتَنَصَّفُ مَعَ الْاَصْلِ لِاَنَّ النِّصْفَ عِنْدَهُمَا يَخْتَصُّ بِالْمَفْرُوْضِ فِي الْعَقْدِ وَ عِنْدَهُ اَلْمَفْرُوْضُ بَعْدَهُ كَالْمَفْرُوْضِ فِيْهِ عَلٰى مَامَرَّ وَاِنْ حَطَّتْ عَنْهُ مِنْ مَهْرِهَا صَحَّ الْحَطُّ لِاَنَّ الْمَهْرَ حَقُّهَا وَالْحَطُّ يُلَاقِيْهِ حَالَةَ الْبَقَاءِ.**

---

ترجمہ...... پس اگر عورت کے لئے اس کے مہر میں زیادتی کر دی عقد کے بعد تو مرد پر زیادتی لازم ہوگی۔ خلاف ہے امام زفرؒ کا۔ اور عنقریب ذکر کریں گے ہم زیادتی ثمن اور مثمن میں انشاء اللہ اور جب زیادتی صحیح ہوگئی تو ساقط ہو جائے گی طلاق قبل الدخول سے۔ اور ابو یوسفؒ کے قول اول پر تنصیف ہوگی اصل کے ساتھ اس لئے کہ نصف طرفین کے نزدیک خاص ہے مفروض فی العقد کے ساتھ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک مفروض بعد العقد ایسا ہے جیسا کہ مفروض فی العقد اسی پر جو گذرا اور اگر عورت نے مرد کے ذمہ سے اپنے مہر سے کم کر دیا تو یہ کم کرنا صحیح ہے کیونکہ مہر عورت کا حق ہے اور کم کرنا بقاءِ نکاح کی حالت میں لاحق ہوا۔

تشریح...... عقد نکاح کے بعد مقررہ مہر پر اگر شوہر نے زیادتی کر دی اور عورت نے اسی مجلس میں قبول کر لیا تو ہمارے نزدیک شوہر پر یہ زیادتی لازم ہوگی۔ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ زیادتی صحیح نہیں۔ اور اسی کے قائل ہیں امام شافعیؒ۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ زیادتی مستقلاً ہبہ ہے۔ لہٰذا اصل عقد کے ساتھ لاحق نہیں ہوگا۔ اگر بیوی نے قبضہ کر لیا تو مالک ہوگی ورنہ نہیں۔ ہماری دلیل آیتِ قرآن ہے۔ " ولا جناح علیکم فیما تراضیتم بہ من بعد الفریضة "۔ اور گناہ نہیں تم کو اس بات میں کہ ٹھہرا لو تم دونوں آپس کی رضامندی سے مقرر کئے ہوئے کے بعد۔ آیت کی تفسیر میں مولانا شبیر احمدؒ نے لکھا ہے کہ اگر زوجین مہر مقرر کر لینے کے بعد کسی بات پر راضی ہو جائیں۔ مثلاً عورت اپنی خوشی سے مہر میں سے کچھ کم کر دے یا مرد اپنی رضا سے مہر مقرر سے کچھ زیادہ دے تو وہ مختار ہے اس میں کچھ گناہ نہیں۔ بہر حال زیادہ کرے یا کم باہمی رضا ضروری ہے۔ ائمہ ثلٰثہؒ اور امام زفرؒ کا اصل اختلاف زیادتی ثمن اور مثمن میں ہے جو باب المرابحہ اور تولیہ کے بعد ایک فصل میں مذکور ہے۔ اختلاف یہ ہے کہ احنافؒ کے نزدیک مشتری ثمن میں اور بائع مبیع میں زیادتی کر سکتا ہے اور امام زفرؒ و شافعیؒ کے نزدیک نہیں کر سکتا ہے۔ بہر حال جب ہمارے نزدیک مہر میں زیادتی کرنا درست ہے تو طلاق قبل الدخول کی صورت میں اصل کے ساتھ زیادتی کی بھی تنصیف ہوگی یا نہیں، سو اس بارے میں ابو یوسفؒ کا قول

اول یہ ہے کہ اصل مہر کے ساتھ زیادتی کی بھی تنصیف ہوگی اور طرفینؒ کے نزدیک اصل مہر کی تنصیف تو ہوگی زیادتی کی نہیں۔ دلیل ابو یوسفؒ کی وہی ہے جو ماقبل میں گذر چکی کہ مفروض بعد العقد ایسا ہے جیسا کہ مفروض فی حالۃ العقد۔

اور ہماری دلیل...... یہ کہ تنصیف مخصوص ہے مفروض فی حالۃ العقد کے ساتھ۔ لہٰذا اصل مہر جو حالتِ عقد میں مقرر ہوا تھا اس کی تنصیف تو ہوگی بعد میں جو زیادہ کیا گیا ہے اس کی تنصیف نہیں ہوگی۔

اور اگر عورت نے اپنے مہر میں سے کچھ کم کر دیا تو کم کر دینا درست ہے اس لئے کہ مہر عورت کا حق ہے اور کم کرنا لاحق ہوا حالت بقاء میں جو عورت کے حدود اختیار میں ہے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ ابتداء عقد میں دس درہم سے کم نہیں کر سکتی حق شرع کی وجہ سے اور مہر مثل سے کم نہیں کر سکتی اولیاء کے حق کی وجہ سے اور عقد نکاح کے بعد جب تک نکاح قائم ہے کم کرنا نافذ ہوگا اپنے حق کی وجہ سے بشرطیکہ مجلس میں مرد اس کمی کو قبول بھی کر لے۔

## عورت سے خلوت صحیحہ کی اور کوئی مانع وطی نہیں تھا، پھر طلاق دے دی...... مکمل مہر لازم ہے

**وَاِذَا خَلَا الرَّجُلُ بِامْرَأَتِهٖ وَلَيْسَ هُنَاكَ مَانِعٌ مِنَ الْوَطْيِ ثُمَّ طَلَّقَهَا فَلَهَا كَمَالُ الْمَهْرِ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَهَا نِصْفُ الْمَهْرِ لِاَنَّ الْمَعْقُوْدَ عَلَيْهِ اِنَّمَا يَصِيْرُ مُسْتَوْفًى بِالْوَطْيِ فَلَايَتَاَكَّدُ الْمَهْرُ دُوْنَهٗ وَلَنَا اَنَّهَا سَلَّمَتِ الْمُبْدَلَ حَيْثُ رَفَعَتِ الْمَوَانِعَ وَذٰلِكَ وُسْعُهَا فَيَتَاَكَّدُ حَقُّهَا فِي الْبَدَلِ اِعْتِبَارًا بِالْبَيْعِ.**

---

ترجمہ...... اور جب خلوت کی مرد نے اپنی بیوی کے ساتھ اور وہاں کوئی مانع وطی بھی نہیں ہے پھر طلاق دی اس عورت کو تو اس کے لئے کامل مہر ہوگا۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ عورت کے لئے نصف مہر ہوگا اس لئے کہ معقود علیہ یعنی منافع بضع پورے طور پر وصول ہوتے ہیں وطی سے لہٰذا بغیر وطی کے مہر مؤکد نہیں ہوگا اور ہماری دلیل یہ ہے کہ عورت نے مبدل سپرد کر دیا کیونکہ اس نے موانع کو اٹھا دیا اور یہی اس کی وسعت میں تھا پس اس کا حق مؤکد ہوگا بدل میں قیاس کرتے ہوئے بیع میں۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کے ساتھ خلوت صحیحہ کی اور بوقت خلوت کوئی مانع وطی بھی نہیں ہے۔ پھر شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق دی تو ہمارے نزدیک عورت کے لئے کمال مہر ہوگا اور امام شافعی کے نزدیک نصف مہر ہوگا۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ منافع بضع پورے طور پر حاصل ہوتے ہیں وطی سے اور وطی پائی نہیں گئی تو گویا شوہر نے مبدل وصول نہیں کیا۔ لہٰذا شوہر پر بدل بھی واجب نہیں ہوگا۔ پس نتیجہ نکلا کہ بغیر وطی کے مہر مؤکد نہیں ہوتا ہے۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ عورت نے منافع بضع یعنی مبدل کو شوہر کے حوالہ کر دیا۔ کیونکہ عورت نے تمام موانع کو اٹھا دیا ہے اور عورت کی قدرت میں اتنا ہی تھا، اس سے زائد نہیں۔ پس جب عورت نے مبدل سپرد کر دیا تو عورت کا حق بدل میں ثابت ہوگا۔ اور وہ بدل مہر ہے۔ پس عورت کے لئے اس صورت میں کامل مہر واجب ہوگا۔ اور ہم قیاس کرتے ہیں۔ بیع پر بھی کہ جسطرح بائع اگر مبیع اور مشتری کے درمیان تخلیہ کر دے کہ مبیع کو لینے میں کوئی مانع نہ رہے تو بائع کی طرف سے یہ تسلیم مبیع ہوگی اور مشتری پر ثمن واجب ہوگا۔

ہمارے مذہب کی تائید...... خلفاء راشدین کے فیصلوں سے بھی ہوتی ہے۔ فیصلہ یہ ہے کہ ان من غلق باباً او ارخیٰ ستراً فقد وجب المھر و وجبت العدۃ۔ یعنی جس شخص نے دروازہ بند کر لیا یا پردہ ڈال دیا تو مہر واجب ہوگا اور عدت واجب ہوگی۔ (عینی شرح ہدایہ)۔

## خلوت صحیحہ کب شمار ہوگی

**وَاِنْ كَانَ اَحَدُهُمَا مَرِيْضًا اَوْ صَائِمًا فِي رَمَضَانَ اَوْ مُحْرِمًا بِحَجٍّ فَرْضٍ اَوْ نَفْلٍ اَوْ بِعُمْرَةٍ اَوْ كَانَتْ حَائِضًا**

فَلَيْسَتِ الْخَلْوَةُ صَحِيْحَةً حَتّٰى لَوْ طَلَّقَهَا كَانَ لَهَا نِصْفُ الْمَهْرِ لِاَنَّ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ مَوَانِعُ اَمَّا الْمَرَضُ فَالْمُرَادُ مِنْهُ مَا يَمْنَعُ الْجِمَاعَ اَوْ يَلْحَقُهُ بِهِ ضَرَرٌ وَ قِيْلَ مَرَضُهُ لَا يَعْرٰى عَنْ تَكَسُّرٍ وَ فُتُوْرٍ وَ هٰذَا التَّفْصِيْلُ فِيْ مَرَضِهَا وَ اَمَّا صَوْمُ رَمَضَانَ لِمَا يَلْزَمُهُ مِنَ الْقَضَاءِ وَالْكَفَّارَةِ وَالْاِحْرَامُ لِمَا يَلْزَمُهُ مِنَ الدَّمِ وَ فَسَادِ النُّسُكِ وَالْقَضَاءِ وَالْحَيْضُ مَانِعٌ طَبْعًا وَ شَرْعًا وَاِنْ كَانَ اَحَدُهُمَا صَائِمًا تَطَوُّعًا فَلَهَا الْمَهْرُ كُلُّهُ لِاَنَّهُ يُبَاحُ لَهُ الْاِفْطَارُ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فِيْ رِوَايَةِ الْمُنْتَقٰى وَ هٰذَا الْقَوْلُ فِي الْمَهْرِ هُوَ الصَّحِيْحُ وَ صَوْمُ الْقَضَاءِ وَ الْمَنْذُوْرِ كَالتَّطَوُّعِ فِيْ رِوَايَةٍ لِاَنَّهُ لَا كَفَّارَةَ فِيْهِ وَالصَّلٰوةُ بِمَنْزِلَةِ الصَّوْمِ فَرْضُهَا كَفَرْضِهِ وَ نَفْلُهَا كَنَفْلِهِ۔

---

ترجمہ......اور اگر ان دونوں میں سے ایک بیمار ہے یا رمضان میں روزے سے ہے یا حج کا احرام باندھے ہوئے ہے۔ حج فرض ہو یا نفل یا عمرہ کا احرام ہے یا حائضہ ہے تو خلوت صحیح نہیں ہے۔ حتیٰ کہ اگر طلاق دیدی اس عورت کو تو اس کے لئے نصف مہر ہوگا اس لئے کہ یہ چیزیں مانع وطی ہیں۔ بہر حال مرض تو مراد اس سے یہ ہے کہ مانع جماع ہو یا اس مرض سے اس کو ضرر لاحق ہوتا ہو۔ اور کہا گیا کہ مرد کا مرض اعضاء شکنی اور سستی سے خالی نہیں اور یہ تفصیل عورت کے مرض میں ہے۔ بہر حال روزہ رمضان تو اس لئے کہ صوم رمضان کی وجہ سے اس کو قضاء اور کفارہ لازم ہوگا۔ اور احرام کیونکہ اس کی وجہ سے اس کو دم اور فساد حج اور قضا لازم ہوگی۔ اور حیض مانع طبعی اور شرعی دونوں ہے اور اگر ان دونوں میں سے ایک نفل روزے سے ہے تو عورت کے لئے کامل مہر ہوگا۔ اس لئے کہ اس کے لئے افطار مباح ہے بغیر عذر کے منتقی کی روایت میں اور یہ قول مہر کے سلسلے میں ہے یہی صحیح ہے اور قضاء اور نذر کا روزہ نفلی روزہ کے مانند ہے ایک روایت میں۔ اس لئے کہ اس میں کفارہ نہیں اور نماز روزہ کے مرتبہ میں ہے۔ فرض نماز فرض روزے کے مانند ہے اور نفل نماز نفلی روزے کے مانند ہے۔

تشریح......سابق میں یہ معلوم ہو گیا کہ خلوت کی دو قسمیں ہیں۔ خلوت صحیحہ اور خلوت فاسدہ اگر کوئی کسی قسم کا مانع وطی موجود ہے تو ایسی صورت میں جو خلوت ہوگی خلوتِ فاسدہ کہلائے گی اور اگر کوئی مانع وطی نہ پایا جائے تو ایسی صورت میں جو خلوت ہوگی خلوتِ صحیحہ ہوگی۔

موانع چند قسم پر ہیں: ۱-مانع حقیقی، ۲-مانع طبعی، ۳-مانع شرعی، ۴-مانع حسی۔

مانع حقیقی کی مثال مرض ہے اور مانع طبعی اور مانع شرعی کی مثال حیض ہے۔ حیض مانع طبعی تو اس لئے ہے کہ اس میں حیض کے خون کے ساتھ تلویث ہوگی جس کو طبیعت سلیمہ پسند نہیں کر سکتی اور مانع شرعی اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ولا تقربوہن حتی یطہرن۔ اور صرف مانع طبعی کی مثال رتقاء ہونا ہے یعنی عورت کی شرمگاہ کے منہ کا بند ہونا۔ یا ایسی صغیرہ ہونا جو جماع کے قابل نہ ہو۔ اور صرف مانع شرعی کی مثال حج فرض کا احرام ہے اور مانع حسی یہ ہے کہ زوجین کے مکان میں کوئی تیسرا بھی موجود ہو، بینا ہو یا نابینا۔ بیدار ہو یا سویا ہوا۔ بالغ ہو یا سمجھدار بچہ۔

صاحب ہدایہ موانع کی تفصیل ذکر کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ سب سے پہلے فرمایا کہ مرض مانع ہے۔ لیکن مرض سے وہ مرض مراد ہے جو مانع جماع ہو یا جماع کرنے سے ضرر لاحق ہوتا ہو۔ مطلقاً مرض مراد نہیں ہے اور بعض کی رائے یہ ہے کہ مرد کا مرض مطلقاً مانع ہے۔ کیونکہ مطلقاً مرض سے اعضاء شکنی اور سستی رہتی ہے لہٰذا مرد میں جماع کے لئے نشاط پیدا نہیں ہوگا۔ اس وجہ سے مرد کے مطلقاً مرض کو مانع قرار دیا گیا ہے۔ اور مرض کی جو تقسیم کی ہے وہ عورت کے مرض میں ہے۔ حاصل یہ کہ عورت کا مرض بلا اختلاف منقسم ہے۔ اور مرد کا مرض ایک رائے کے مطابق منقسم ہے اور ایک رائے یہ ہے کہ مرد کا مرض غیر منقسم ہے اور مرد کا مرض ہر حال میں خلوت صحیحہ کے لئے مانع ہے اور رمضان کا روزہ بھی خلوت صحیحہ کے لئے مانع ہے کیونکہ رمضان کے روزے کی حالت میں اگر وطی کی گئی تو قضا اور کفارہ واجب ہوگا اور ساتھ ساتھ گنہگار ہوگا۔ اور ظاہر ہے کہ ان چیزوں میں حرج ہے۔ لہٰذا صوم رمضان بھی مانع خلوت ہوگا اور احرام اس لئے مانع خلوت ہے کہ اگر بحالتِ احرام جماع کیا گیا تو محرم پر دم واجب ہوگا۔ یعنی بکری یا

اونٹ کا ذبح کرنا واجب ہوگا اور عبادت حج فاسد ہوگی اور قضا واجب ہوگی۔ ظاہر ہے کہ ان چیزوں میں بھی حرج ہے لہٰذا احرام بھی مانع خلوت ہوگا۔ اور حیض اس لئے مانع ہے کہ حیض کی حالت میں وطی کرنا طبعاً بھی ممنوع ہے اور شرعاً بھی جیسا کہ پہلے گذر چکا۔

اور اگر احد الزوجین نفلی روزے سے ہے اور خلوت پائی گئی تو عورت کے لئے کامل مہر ہوگا۔ حاصل یہ کہ مصنفؒ نے صوم نفل کو مانع صحتِ خلوت شمار نہیں کیا ہے۔ دلیل یہ ہے کہ منتقیٰ مصنفہ حاکم الشہید ابوالفضل کی روایت کے مطابق نفلی روزہ کو بلا عذر افطار کرنا مباح ہے۔ لہٰذا جب نفلی روزے کے افطار میں کوئی حرج نہیں ہے تو اس کو مانع خلوت قرار نہیں دیا جائے گا۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ منتقیٰ کی اس روایت کو صرف کامل وجوب مہر کے سلسلہ میں صحیح مانا ہے۔ ورنہ بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ نفلی روزہ بھی خلوت صحیحہ کے لئے مانع ہے۔ اس لئے کہ نفلی روزہ کو بغیر عذر کے باطل کرنا درست نہیں ہے۔

رہا قضاء اور نذر کا روزہ سو اس بارے میں دو روایات ہیں ایک یہ کہ صوم نفل کی طرح صوم قضا اور صوم منذور بھی مانع صحتِ خلوت نہیں ہے۔ دوسری روایت یہ کہ صوم رمضان کی طرح خلوتِ صحیحہ کے لئے مانع ہے۔ حاصل یہ کہ صوم رمضان کی حالت میں وطی کرنے سے کفارہ بھی واجب ہوتا تھا اور گناہ بھی اور صوم قضا اور صوم منذور کی حالت میں اگر وطی کی جائے تو گنہگار ہوگا۔ لیکن کفارہ واجب نہیں ہوگا۔ پس جس شخص نے اس پر نظر ڈالی کہ گنہگار ہوگا تو اس نے صوم قضا اور منذور کو صوم رمضان کے حکم میں رکھا صوم نفل کے حکم میں نہیں رکھا اور جس کی نظر اس پر پڑی کہ صوم قضاء اور منذور میں کفارہ نہیں تو اس نے صوم قضاء وغیرہ کو صوم نفل کے حکم میں بنا دیا۔

صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ نماز، روزے کے مشابہ ہے لہٰذا جو حکم تھا صوم فرض کا وہی حکم ہوگا۔ صلوٰۃ مفروضہ کا اور جو حکم تھا صوم نفل کا وہی حکم ہوگا صلوٰۃ نافلہ کا۔ الحاصل صوم فرض اور صلوٰۃ مفروضہ دونوں مانعِ صحتِ خلوت ہیں۔ اور دونوں کا نفل صحتِ خلوت کے لئے مانع نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

## مجبوب الذکر کی خلوت صحیحہ ہے یا فاسدہ......اقوالِ فقہاء

وَاِذَا خَلَا الْمَجْبُوْبُ بِامْرَأَتِهٖ ثُمَّ طَلَّقَهَا فَلَهَا كَمَالُ الْمَهْرِ عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَؒ وَقَالَا عَلَیْهِ نِصْفُ الْمَهْرِ لِاَنَّهٗ اَعْجَزُ مِنَ الْمَرِیْضِ بِخِلَافِ الْعِنِّیْنِ لِاَنَّ الْحُكْمَ اُدِیْرَ عَلٰی سَلَامَةِ الْاٰلَةِ وَلِاَبِیْ حَنِیْفَةَؒ اَنَّ الْمُسْتَحَقَّ عَلَیْهَا التَّسْلِیْمُ فِیْ حَقِّ السَّحْقِ وَ قَدْ اَتَتْ بِهٖ.

---

ترجمہ...... اور جب خلوت کی مقطوع الذکر نے اپنی بیوی کے ساتھ پھر اس کو طلاق دیدی تو عورت کے لئے کمال مہر ہے۔ ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ مرد پر نصف مہر واجب ہے اسلئے کہ وہ زیادہ عاجز ہے مریض کے مقابلہ میں بخلاف عنین کے اس لئے کہ حکم دائر کیا گیا ہے سلامتِ آلہ پر اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ عورت پر سحق (یعنی رگڑنا) پر قدرت دینا واجب ہے اور وہ اس کو لے آئی۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ مقطوع الذکر کی خلوت صحیح ہے یا فاسد؟ امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ مقطوع الذکر نے اگر خلوت کی اور پھر طلاق دیدی تو عورت کے لئے کامل مہر واجب ہوگا۔ اور یہ خلوت صحیحہ کہلائے گی اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ یہ خلوت فاسدہ ہے لہٰذا اگر طلاق دیدی تو نصف مہر واجب ہوگا۔

صاحبینؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ مقطوع الذکر مریض کے مقابلہ میں زیادہ عاجز ہے کیونکہ مریض کبھی نہ کبھی جماع پر قادر ہوسکتا ہے لیکن مقطوع الذکر جماع پر بالکل قدرت نہیں رکھتا عدم آلہ کی وجہ سے بخلاف عنین کے کہ اس کی خلوت صحیح ہے اس لئے کہ حکم سلامتِ آلہ پر دائر کیا جاتا ہے اور مقطوع الذکر کا آلہ ہی نہیں۔ پس عنین اور مقطوع الذکر میں فرق واضح ہے۔ لہٰذا ان دونوں کے حکم میں بھی فرق ہوگا کہ عنین کی خلوت خلوتِ صحیحہ ہے اور مقطوع الذکر کی خلوت، خلوت فاسدہ ہے۔ عنین وہ ہے جو مطلقاً جماع پر قدرت نہ رکھتا ہو وجود آلہ کے باوجود۔ بعض کہتے ہیں کہ جو ثیبہ سے

جماع پر قدرت رکھے باکرہ سے نہیں۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ عورت پر تسلیم یعنی بضع کو سپرد کرنا واجب ہے رگڑنے کے حق میں اور یہی عورت کی قدرت میں ہے سو یہ کام عورت کر چکی لہٰذا مرد پر کامل مہر واجب ہوگا اور یہ خلوت خلوتِ صحیحہ ہوگی۔

## مذکورہ تمام مسائل میں عورت پر عدت لازم ہے

**قَالَ وَ عَلَيْهَا الْعِدَّةُ فِيْ جَمِيْعِ هٰذِهِ الْمَسَائِلِ اِحْتِيَاطاً اِسْتِحْسَاناً لِتَوَهُّمِ الشُّغْلِ وَالْعِدَّةُ حَقُّ الشَّرْعِ وَالْوَلَدِ فَلَا يُصَدَّقُ فِيْ اِبْطَالِ حَقِّ الْغَيْرِ بِخِلَافِ الْمَهْرِ لِأَنَّهُ مَالٌ لَا يُحْتَاطُ فِيْ اِيْجَابِهٖ وَ ذَكَرَ الْقُدُوْرِيُّ فِيْ شَرْحِهٖ اَنَّ الْمَانِعَ اِنْ كَانَ شَرْعِيًّا تَجِبُ الْعِدَّةُ لِثُبُوْتِ التَّمَكُّنِ حَقِيْقَةً وَاِنْ كَانَ حَقِيْقِيًّا كَالْمَرَضِ وَالصِّغَرِ لَا تَجِبُ لِعَدَمِ التَّمَكُّنِ حَقِيْقَةً.**

---

**ترجمہ**...... اور عورت پر عدت واجب ہے ان تمام مسائل میں احتیاط کی بنا پر استحساناً رحم کے مشغول ہونے کے وہم کی وجہ سے اور عدت شریعت اور ولد دونوں کا حق ہے پس نہیں تصدیق کیجائے گی حق غیر کو باطل کرنے میں بخلاف مہر کے۔ اس لئے کہ مہر مال ہے اس کو واجب کرنے میں احتیاط نہیں کی جاتی ہے۔ اور قدوریؒ نے ذکر کیا اپنی شرح میں کہ مانع اگر شرعی ہے تو عدت واجب ہوگی حقیقۃً قدرت کے ثابت ہونے کی وجہ سے۔ اور اگر مانع حقیقی ہے جیسے بیماری اور بچپن تو عدت واجب نہیں ہوگی حقیقۃً قدرت کے نہ ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**...... ماقبل میں خلوت صحیحہ اور خلوتِ فاسدہ کا حکم معلوم ہوا کہ خلوت صحیحہ وطی کے قائم مقام ہے۔ لہٰذا خلوتِ صحیحہ کی صورت میں شوہر پر کامل مہر واجب کیا گیا ہے۔ اور خلوت فاسدہ چونکہ وطی کے قائم مقام نہیں ہے۔ اس لئے خلوت فاسدہ کی صورت میں شوہر پر نصف مہر واجب ہوتا ہے۔ اس عبارت میں بیان کیا گیا کہ مذکورہ بالا تمام مسائل میں خواہ خلوت صحیحہ پائی گئی ہو یا خلوت فاسدہ یا مقطوع الذکر کے ساتھ خلوت ہو۔ تمام صورتوں میں طلاق کے بعد عورت پر عدت واجب ہوگی۔ ان صورتوں میں عدت کا وجوب خلاف قیاس ہے۔ احتیاط کی بنا پر۔

**حاصل دلیل**...... یہ ہے کہ ان صورتوں میں رحم کے مشغول ہونے کا وہم ہے اور وہم کی بنیاد یہ ہے کہ شاید دخول کی وجہ سے یا رگڑنے سے منی بہہ کر رحم میں پہنچ گئی ہو۔ لہٰذا احتیاط اسی میں ہے کہ عدت واجب کردی جائے۔ اور مرد کا قول کہ میں نے وطی نہیں کی یا عورت کا قول کہ مجھ سے وطی نہیں کی گئی قابل قبول نہیں ہوگا۔ کیونکہ عدت شریعت اور ولد کا حق ہے۔ شریعت کا حق تو اس لئے ہے کہ اگر میاں بیوی دونوں عدت کو ساقط کرنا چاہیں تو ساقط نہیں کرسکتے۔ اور ولد کا حق اس حدیث کی وجہ سے جو ماقبل میں گذر چکی کہ جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پانی سے کسی دوسرے کی کھیتی کو سیراب نہ کرے۔ اس حدیث کا مقصود ولد کے نسب کی رعایت کرنا ہے اور ظاہر ہے کہ یہ ولد کا حق ہے اور قاعدہ ہے کہ حق غیر کو باطل کرنے کے لئے کسی کا قول معتبر نہیں ہوتا۔ لہٰذا زوجین نے اگر اتفاق کرلیا کہ وطی نہیں کی گئی تو عدت کو باطل کرنے میں ان دونوں کی تصدیق نہیں کیجائے گی۔ البتہ خلوت فاسدہ سے کامل مہر واجب نہیں ہوتا ہے کیونکہ مہر مال ہے اور وجوبِ مال میں زیادہ احتیاط نہیں کیجاتی ہے۔ قدوریؒ نے اپنی شرح میں مانع کی تفصیل کی ہے چنانچہ فرمایا کہ اگر مانع شرعی ہے جیسے حیض ونفاس تو عدت واجب ہوگی کیونکہ مانع شرعی کے ہوتے ہوئے اگر خلوت پائی گئی تو شرعاً عدم قدرت ہوسکتی ہے لیکن حقیقۃً وطی پر قدرت ثابت ہے پس متوہم وطی کی وجہ سے رحم کے مشغول ہونے کا وہم پیدا ہوگیا۔ اس وجہ سے احتیاطاً عدت واجب کردی گئی اور اگر مانع حقیقی ہے جیسے بیماری یا ایسا صغیر جو نا قابل جماع ہو تو اس صورت میں عدت واجب نہیں ہوگی کیونکہ مانع حقیقی کے ہوتے ہوئے حقیقۃً وطی پر قدرت نہیں ہے۔ پس رحم کے مشغول ہونے کا بھی وہم نہیں ہوگا۔

## متعہ ہر مطلقہ کے لئے مستحب ہے

قَالَ وَ تُسْتَحَبُّ الْمُتْعَةُ لِكُلِّ مُطَلَّقَةٍ اِلَّا لِمُطَلَّقَةٍ وَاحِدَةٍ وَهِيَ الَّتِيْ طَلَّقَهَا الزَّوْجُ قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا وَ قَدْ سَمّٰى لَهَا مَهْرًا وَقَالَ الشَّافِعِيُّ تَجِبُ لِكُلِّ مُطَلَّقَةٍ اِلَّا لِهٰذِهٖ لِاَنَّهَا وَجَبَتْ صِلَةً مِنَ الزَّوْجِ لِاَنَّهٗ اَوْحَشَهَا بِالْفِرَاقِ اِلَّا اَنَّ فِيْ هٰذِهِ الصُّوْرَةِ نِصْفُ الْمَهْرِ طَرِيْقَةُ الْمُتْعَةِ لِاَنَّ الطَّلَاقَ فَسْخٌ فِيْ هٰذِهِ الْحَالَةِ وَالْمُتْعَةُ لَا تَتَكَرَّرُ وَ لَنَا اَنَّ الْمُتْعَةَ خَلَفٌ عَنْ مَهْرِ الْمِثْلِ فِي الْمُفَوَّضَةِ لِاَنَّهٗ سَقَطَ مَهْرُ الْمِثْلِ وَوَجَبَتِ الْمُتْعَةُ وَالْعَقْدُ يُوْجِبُ الْعِوَضَ فَكَانَ خَلَفًا وَالْخَلَفُ لَا يُجَامِعُ الْاَصْلَ وَلَا شَيْئًا مِنْهُ فَلَا تَجِبُ مَعَ وُجُوْبِ شَيْءٍ مِنَ الْمَهْرِ وَ هُوَ غَيْرُ جَانٍ فِي الْاِيْحَاشِ فَلَا تَلْحَقُهُ الْغَرَامَةُ بِهٖ فَكَانَ مِنْ بَابِ الْفَضْلِ.

---

ترجمہ...... اور متعہ مستحب ہے ہر مطلقہ کے لئے مگر ایک مطلقہ اور وہ مطلقہ یہ ہے کہ شوہر نے اس کو طلاق دی اس کے ساتھ دخول سے پہلے اور اس کے لئے مہر بیان ہو چکا تھا۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ متعہ واجب ہوگا ہر مطلقہ کے لئے مگر اس کے لئے، اس لئے کہ متعہ واجب ہوا ہے شوہر کی طرف سے عطیہ ہوکر۔ کیونکہ عورت کو جدا کر کے وحشت میں ڈالدیا مگر اس صورت میں نصف مہر بطور متعہ کے ہے اس لئے کہ طلاق اس حالت میں فسخ ہے اور متعہ مکرر نہیں ہوتا ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ متعہ خلیفہ ہے مہر مثل کا مفوضہ میں اس لئے کہ مہر مثل ساقط ہو گیا اور متعہ واجب ہو گیا۔ اور عقد واجب کرتا ہے عوض کو پس ہوگا خلیفہ اور خلیفہ نہ اصل کے ساتھ جمع ہوتا ہے اور نہ اس کے جز کے ساتھ۔ پس نہیں واجب ہوگا جز ومہر کے وجوب کے ساتھ اور شوہر جنایت کرنے والا نہیں وحشت میں ڈال کر لہٰذا اس کو تاوان بھی لاحق نہیں ہوگا اس کی وجہ سے۔ پس متعہ باب فضل سے ہے۔

تشریح...... قدوری کی عبارت میں ایک اشتباہ ہے پہلے اس کی وضاحت کرلی جائے۔ اشتباہ یہ ہے کہ قدوری کا صدر کلام ہر مطلقہ کے لئے استحباب متعہ کے عموم پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ لفظ کل کی جب نکرہ کی طرف اضافت کی جائے تو وہ عموم افراد کا تقاضا کرتا ہے۔ پھر اس سے مطلقہ غیر مدخول بہا کا استثناء کیا ہے۔ پس یہاں صدر کلام اور استثناء دونوں پر اشکال ہے۔ استثناء میں تو اس لئے کہ مبسوط میں ذکر کیا کہ مطلقہ غیر مدخولہ بہا مسمیٰ لہا کے لئے متعہ مستحب ہے اور تستحب لکل مطلقۃ میں یہ بھی شامل ہے۔ پس مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ میں اتحاد ہو گیا یعنی اولاً تو کہا گیا کہ ہر مطلقہ کے لئے متعہ مستحب ہے۔ پھر اس مطلقہ کا استثناء کر کے کہا مگر اس مطلقہ کے لئے مستحب ہے تو یہ استثناء عن نفسہ ہے جو متعذر ہے یہ ایسا ہو گیا جیسے کوئی کہے جاءنی خالد الا خالد یعنی میرے پاس خالد آیا مگر خالد۔ اس کو حماقت کے سوا کیا کہا جا سکتا ہے۔

صدر کلام میں اشکال یہ ہے کہ قدوری نے کہا ہر مطلقہ کے لئے متعہ مستحب ہے اور ہر مطلقہ میں مطلقہ غیر مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا بھی ہے۔ لہٰذا اس کے لئے بھی متعہ مستحب ہوگا۔ حالانکہ ایسا نہیں، بلکہ اس کے لئے متعہ واجب ہے۔ استثناء میں جو اشکال تھا اس کا جواب تو یہ ہے کہ قدوری کے نزدیک صورت مستثنیہ میں متعہ مستحب نہیں ہے کیونکہ قدوری نے اپنی شرح میں ذکر کیا کہ متعہ بعض صورتوں میں واجب اور بعض میں مستحب ہے۔ پس مطلقہ غیر مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا کے لئے واجب ہے اور ہر مطلقہ کے لئے مستحب ہے علاوہ مطلقہ غیر مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا کے۔ کیونکہ اس کے لئے مستحب نہیں بلکہ واجب ہے۔ پس اب مستثنیٰ منہ اور مستثنیٰ میں تغایر ہو گیا۔ لہٰذا استثناء عن نفسہ لازم نہیں آئے گا اور یہ استثناء درست ہوگا۔ صدر کلام میں جو اشکال تھا اس کا جواب یہ ہے کہ ہر مطلقہ کے لئے متعہ مستحب ہے علاوہ مطلقہ غیر مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا کے۔ کیونکہ اس کا حکم پہلے گذر چکا کہ اس کے لئے متعہ مستحب نہیں بلکہ واجب ہے۔ پس جب آپ نے ہر مطلقہ کے عموم سے اس مطلقہ کو خارج کر دیا تو اب صدر کلام میں کوئی اشکال باقی نہیں رہا۔

بعض حضرات نے قدوریؒ کے کلام کے معنی بیان کئے ہیں تستحب المتعۃ لکل مطلقۃ سوی التی تقدم ذکرھا و ھی التی طلقھا

قبل الدخول و قبل التسمية فَإِنْ متعتها واجبة الالمطلقة واحدة و هى التى طلقها قبل الدخول بعد التسمية فَإِنْ متعتها ليست بواجبة ولا مستحبة یعنی متعہ مستحب ہے ہر مطلقہ کے لئے علاوہ اس کے جس کا ذکر پہلے گذر چکا اور وہ یہ ہے کہ اس کو طلاق دی دخول سے پہلے اور تسمیہ مہر سے پہلے۔ اس لئے کہ اس کا متعہ واجب ہے مگر ایک مطلقہ کے لئے اور وہ یہ کہ اس کو طلاق دی دخول سے پہلے تسمیہ مہر کے بعد، اس لئے کہ اس کا متعہ نہ واجب ہے اور نہ مستحب ہے۔

بعض حضرات نے جواب میں کہا کہ عبارت میں قد سمىٰ لها مهرا کی جگہ و لم يسم لها مهرا تھا۔ کاتب سے سہو ہو گیا۔ اب مطلب یہ ہوگا کہ ہر مطلقہ کے لئے متعہ مستحب ہے مگر ایک مطلقہ وہ یہ کہ اس کو طلاق دی شوہر نے قبل الدخول اور اس کے لئے مہر مذکور نہیں تھا۔ کیونکہ اس کے لئے متعہ مستحب نہیں بلکہ واجب ہے۔ اس صورت میں بھی کوئی اشکال نہیں ہوگا۔ (عینی شرح ہدایہ)

ایک جواب محشی ہدایہؒ نے دیا ہے اس کو بھی دیکھ لیا جائے حاصل کلام یہ کہ مطلقات چار ہیں۔ اول یہ کہ مطلقہ غیر مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا ہو اس کے لئے متعہ واجب ہے۔ قرآن کی آیت ومتعوهن على الموسع قدره و على المقتر قدره کی وجہ سے۔ دوم یہ کہ مطلقہ مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا۔ سوم یہ کہ مطلقہ مدخول بہا مسمیٰ لہا ان دونوں کے لئے متعہ مستحب ہے۔ وللمطلقات متاع بالمعروف کی وجہ سے۔ یعنی مطلقہ عورتوں کے لئے متعہ ہے دستور شرع کے مطابق۔ چہارم یہ کہ مطلقہ غیر مدخول بہا مسمیٰ لہا۔ اس کے واسطے متعہ نہ واجب ہے اور نہ مستحب۔ یہی صورت متن میں مستثنیٰ ہے۔ دلیل ابن عمرؓ کا قول ہے لكل مطلقة متعة الا التى فرض لهاولم يدخل بها فحسبها نصف الْمَهْرِ۔ یعنی ہر مطلقہ کے لئے متعہ ہے مگر یہ کہ اس کے لئے مہر مقرر کیا گیا اور اس کے ساتھ دخول نہیں کیا تو اس کے لئے نصف مہر کافی ہے۔

امام شافعیؒ نے فرمایا کہ ہر مطلقہ کے لئے متعہ واجب ہے مگر مطلقہ غیر مدخول بہا مسمیٰ لہا کے لئے متعہ واجب نہیں۔ قول جدید کے مطابق اور قول قدیم کے مطابق اس کے لئے بھی متعہ واجب ہے۔ حاصل یہ کہ مطلقہ غیر مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا میں احنافؒ وشوافعؒ دونوں متفق ہیں کہ متعہ واجب ہے اور مطلقہ غیر مدخول بہا مسمیٰ لہا میں دونوں متفق ہیں کہ متعہ واجب نہیں اور باقی دو صورتوں میں احناف استحباب کے قائل ہیں اور شوافع وجوب کے۔ امام شافعی کی دلیل یہ ہے کہ شوہر نے عورت کو اپنے سے جدا کر کے وحشت میں مبتلا کر دیا ہے۔ پس ہم نے وحشت فراق کو دور کرنے کے لئے بطور صلہ اور عطاء کے متعہ واجب کر دیا تاکہ وحشت فراق کی تلافی ہو سکے لیکن صورت مستثنیٰ میں اس لئے واجب نہیں کیا گیا کہ مطلقہ غیر مدخول بہا مسمیٰ لہا کے لئے نصف مہر بطریق متعہ واجب ہوا ہے کیونکہ طلاق قبل الدخول معنیً فسخ نکاح ہے اس لئے کہ اس حالت میں عورت کے منافع بضع بسلامت اس کی طرف لوٹ آئے اور اس کا تقاضا ہے کہ کل مہر ساقط ہونا چاہئے جیسا کہ فسخ بیع میں مشتری کے ذمہ سے کل ثمن ساقط ہو جاتا ہے۔ لیکن شریعت نے نصف مہر بطور متعہ کے واجب کر دیا ہے اور متعہ میں تکرار نہیں ہوتا ہے۔ پس اگر اس مطلقہ کے لئے نصف مہر کے ساتھ متعہ بھی واجب کر دیا جائے تو تکرار متعہ لازم آئے گا جو شرعاً درست نہیں۔ اس لئے اس مطلقہ کے لئے متعہ واجب نہیں کیا گیا۔

ہماری دلیل...... سے پہلے یہ ذہن نشین کر لیجئے کہ عقد نکاح عوض سے خالی نہیں ہوتا ان تبتغوا باموالكم کی وجہ سے۔ عوض مسمیٰ ہوگا یا مہر مثل۔ دوسری بات یہ کہ خلیفہ اصل کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا ہے اور نہ اصل کے جز کے ساتھ جیسے تیمم وضو کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا ہے۔ اب دلیل کا حاصل یہ ہوگا کہ مطلقہ غیر مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا کے حق میں متعہ مہر مثل کا خلیفہ ہے کیونکہ طلاق قبل الدخول کی وجہ سے مہر مثل تو ساقط ہو گیا اور عقد نکاح کے لئے عوض ضروری ہے۔ لہٰذا مہر مثل کا خلیفہ یعنی متعہ واجب ہوگا اور باقی تین صورتوں میں متعہ اس لئے واجب نہیں ہو سکتا کہ ہم نے ضابطہ بیان کیا ہے کہ خلیفہ نہ اصل کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے اور نہ اس کے کسی جز کے ساتھ۔ پس مطلقہ مدخول بہا مسمیٰ لہا اور مطلقہ مدخول بہا غیر مسمیٰ لہا کے لئے اگر متعہ واجب کیا گیا تو خلیفہ کا اصل یعنی کل مسمیٰ یا مہر مثل کے ساتھ جمع ہونا لازم آئے گا۔ اور اگر مطلقہ غیر مدخول بہا مسمیٰ لہا کے لئے متعہ واجب کیا گیا تو خلیفہ کا جزو اصل یعنی نصف مہر کے ساتھ جمع ہونا لازم آئے گا اور یہ سب صورتیں خلاف ضابطہ ہیں۔ اس لئے ان تینوں صورتوں میں متعہ واجب نہیں ہوگا۔

و ھو غیر جان سے صاحبِ ہدایہ نے امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب دیا ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ یہ تو تسلیم ہے کہ عورت کو فراق کی وجہ سے وحشت میں ڈالدیا۔ لیکن اس ایحاش میں وہ جانی یعنی جنایت کرنے والا نہیں ہے۔ کیونکہ شریعت نے اس کو طلاق دینے کی اجازت دی ہے۔ بلکہ بعض صورتوں میں طلاق دینا مستحب ہے۔ مثلاً جب کہ عورت تارک الصلوٰۃ ہو اور سمجھانے پر شوہر کی اطاعت نہ کرتی ہو۔ پس جو عمل شریعت کی اجازت سے حاصل ہوگا اس کا کرنے والا جانی شمار نہیں ہوتا ہے۔ لہٰذا جب شوہر نے طلاق دیکر کوئی جنایت نہیں کی تو اس پر طلاق دیکر وحشت میں ڈالنے کی وجہ سے تاوان بھی واجب نہیں ہوگا۔ پس یہ متعہ باب احسان کے قبیلہ سے ہوگا۔ تاوان کے قبیلہ سے نہیں۔ پس اس کو مستحب تو کہا جاسکتا ہے واجب نہیں کہا جاسکتا لہٰذا امام شافعیؒ کا ان صورتوں میں متعہ کو واجب قرار دینا درست نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ایک شخص نے اپنی بیٹی کا نکاح اس شرط پر کیا کہ دوسرا بھی اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس سے کرے، اور دونوں عقد ایک دوسرے کا عوض بن جائیں، دونوں عقد درست ہیں اور مہر مثل واجب ہے

**وَاِذَا زَوَّجَ الرَّجُلُ بِنْتَهٗ عَلٰی اَنْ یُزَوِّجَهُ الْمُتَزَوِّجُ بِنْتَهٗ اَوْ اُخْتَهٗ لِیَکُوْنَ اَحَدُ الْعَقْدَیْنِ عِوَضًا عَنِ الْاٰخَرِ فَالْعَقْدَانِ جَائِزَانِ وَلِکُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا مَهْرُ مِثْلِهَا وَ قَالَ الشَّافِعِیُّ بَطَلَ الْعَقْدَانِ لِاَنَّهٗ جَعَلَ نِصْفَ الْبُضْعِ صَدَاقًا وَالنِّصْفَ مَنْکُوْحَةً وَلَا اِشْتِرَاکَ فِیْ هٰذَا الْبَابِ فَبَطَلَ الْاِیْجَابُ وَ لَنَا اَنَّهٗ سَمّٰی مَالَا یَصْلُحُ صَدَاقًا فَیَصِحُّ الْعَقْدُ وَیَجِبُ مَهْرُ الْمِثْلِ کَمَا اِذَا سَمَّی الْخَمْرَ وَ الْخِنْزِیْرَ وَلَا شِرْکَةَ بِدُوْنِ الْاِسْتِحْقَاقِ.**

---

ترجمہ...... اور جب کسی مرد نے اپنی بیٹی کا نکاح کیا اس شرط پر کہ نکاح کرے مزوج سے متزوج اپنی بیٹی یا بہن کا۔ تاکہ احد العقدین دوسرے کا عوض ہوجائے تو دونوں عقد جائز ہیں اور ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے مہر مثل ہوگا اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ دونوں عقد باطل ہیں۔ اس لئے کہ نصف بضع کو مہر بنادیا اور نصف کو منکوحہ۔ اور اس باب میں کوئی شرکت نہیں۔ پس ایجاب باطل ہوگیا۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ ایسی چیز ذکر کی ہے جو مہر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ پس عقد صحیح ہوگا اور مہر مثل واجب ہوگا۔ جیسا کہ جب خمر اور خنزیر کو ذکر کیا اور بغیر استحقاق کے شرکت نہیں ہوتی ہے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ حامد نے اپنی بیٹی کا نکاح کیا ماجد کے ساتھ اس شرط پر کہ ماجد اپنی بیٹی کا نکاح کردے حامد کے ساتھ تاکہ احد البضعین آخر کا مہر ہوجائے یعنی حامد کی بیٹی کا مہر ماجد کی بیٹی کا ملک بضع ہے اور ماجد کی بیٹی کا مہر حامد کی بیٹی کا ملک بضع ہے اس نکاح کو نکاح شغار کہتے ہیں۔ شغار ماخوذ ہے شغور سے اور شغور کے معنی ہیں رفع اور اخلاء یعنی اٹھانا اور خالی کرنا۔ رفع کے معنی کو لیکر وجہ تسمیہ یہ ہوگی کہ زوجین نے چونکہ مہر کو عقد سے اٹھادیا اس لئے اس نکاح کا نام نکاح شغار رکھا گیا اور اگر معنی ہیں اخلاء یعنی خالی کرنا تو وجہ تسمیہ یہ ہوگی کہ یہ نکاح چونکہ مہر سے خالی ہے اس وجہ سے اس نکاح کو نکاح شغار کہتے ہیں اور بعض کی رائے یہ ہے کہ شغار کے معنی ہیں بُعد کے اس صورت میں وجہ تسمیہ یہ ہوگی کہ گویا زوجین مہر کی نفی کرکے حق سے دور ہوگئے ہیں اس وجہ سے اس کا نام نکاح شغار رکھا گیا ہے۔

نکاح شغار...... احنافؒ کے نزدیک صحیح ہے۔ لیکن دونوں عورتوں میں سے ہر ایک کے لئے مہر مثل واجب ہوگا۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ دونوں عقد باطل ہیں۔ صاحبِ ہدایہ نے امام شافعی کی دلیل عقلی تو بیان کی ہے لیکن ان کی تائید میں جو حدیثیں ہیں ان کو ذکر نہیں فرمایا ہے۔ حالانکہ دو حدیثیں ان کا مستدل بن سکتی ہیں۔ اول ابن عمرؓ کی حدیث لا شغار فی الاسلام یعنی اسلام میں نکاحِ شغار کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ترمذیؒ نے بھی اس حدیث کو عمران بن حصینؓ سے روایت کیا ہے۔ اور دوسری حدیث جابرؓ ہے جس کو مسلمؒ نے روایت کیا۔ الفاظ حدیث یہ ہیں نھی رسول اللہ ﷺ عن الشغار۔ یعنی حضور ﷺ نے نکاح شغار سے منع فرمایا ہے۔ یہ دونوں حدیثیں نکاح شغار کے عدم جواز پر شاہد عدل ہیں۔

امام شافعیؒ کی عقلی دلیل...... یہ ہے کہ وہ شخص جس نے اپنی بیٹی کا نکاح کیا دوسرے شخص سے اس شرط پر کہ وہ اپنی بیٹی کا نکاح مجھ سے کردے تو گویا ان دونوں بیٹیوں میں سے ہر ایک کا نصف بضع مہر اور نصف آخر منکوحہ بن گیا۔ حاصل یہ کہ ہر ایک کا بضع شوہر اور اس کی بیٹی کے درمیان مشترک ہو گیا نصف بضع شوہر کے لئے ہوگا بحکم نکاح اور نصف اس کی بیٹی کے لئے ہوگا بحکم مہر۔ پس اشتراک لازم آئے گا اور منافع بضع مشترک نہیں ہوتے جیسا کہ ایک عورت دو مردوں سے اپنا نکاح کرے یہ درست نہیں۔ پس جب اشتراک صحیح نہیں تو ایجاب باطل ہو گیا اور جب ایجاب باطل ہو گیا تو عقد ہی باطل ہوگا۔ اس لئے امام شافعیؒ کے نزدیک دونوں عقد باطل ہیں۔

اور ہماری دلیل...... یہ ہے کہ ان دونوں عقدوں میں ایسی چیز کو مہر بنایا گیا ہے جو مہر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جو چیز مہر بننے کی صلاحیت نہ رکھے اگر اس کو مہر بنا دیا جائے تو عقد نکاح صحیح اور مہر مثل واجب ہوگا۔ مثلاً خمر اور خنزیر کو مہر بنا دیا تو نکاح صحیح ہے اور مہر مثل واجب ہوگا ایسے ہی یہاں بھی ہوگا۔

امام شافعیؒ کی عقلی دلیل کا جواب...... یہ ہے کہ بضع جب مہر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا تو اشتراک بھی متحقق نہیں ہوگا۔ کیونکہ ایک عورت کے منافع بضع دوسری عورت کے مملوک نہیں بن سکتے ہیں پس جب شرکت ثابت نہیں ہوئی تو بضع کو مہر بنانے کی شرط شرط فاسد ہوگی اور نکاح شرط فاسد سے باطل نہیں ہوتا بلکہ خود شروط فاسدہ باطل ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا اس نکاح شغار میں بضع کو مہر بنانے کی شرط باطل ہو جائے گی اور نکاح درست ہوگا اور شوہر پر مہر مثل واجب ہوگا۔

امام شافعیؒ کی جانب سے پیش کردہ حدیثوں کا جواب...... یہ ہے کہ نہی عین نکاح کے لئے نہیں ہے بلکہ حدیث میں نہی وارد ہوئی ہے نکاح کو تسمیہ مہر سے خالی کرنے کی وجہ سے۔ مطلب یہ ہے کہ حضور ﷺ کا مقصد عین نکاح سے منع کرنا نہیں ہے بلکہ اس کی ممانعت کی کہ نکاح کو تسمیہ مہر سے خالی رکھا جائے اور تسمیہ مہر سے اگر نکاح کو خالی رکھا گیا تو اس سے نکاح باطل نہیں ہوتا ہے۔ جیسا کہ آذان جمعہ کے بعد بیع سے منع کیا گیا ہے تو یہاں نفس بیع ممنوع نہیں بلکہ اذان جمعہ کے وقت ممنوع ہے۔

## ایک سال کی خدمت یا تعلیم قرآن کو مہر مقرر کرنے کا حکم

**وَ اِنْ تَزَوَّجَ حُرٌّ اِمْرَأَةً عَلٰى خِدْمَتِهٖ اِيَّاهَا سَنَةً اَوْعَلٰى تَعْلِيْمِ الْقُرْاٰنِ فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا وَ قَالَ مُحَمَّدٌ لَهَا قِيْمَةُ خِدْمَتِهٖ وَ اِنْ تَزَوَّجَ عَبْدٌ اِمْرَأَةً بِاِذْنِ مَوْلَاهُ عَلٰى خِدْمَتِهٖ سَنَةً جَازَ وَلَهَا خِدْمَتُهٗ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَهَا تَعْلِيْمُ الْقُرْاٰنِ وَالْخِدْمَةُ فِي الْوَجْهَيْنِ لِاَنَّ مَا يَصْلُحُ اَخْذُ الْعِوَضِ عَنْهُ بِالشَّرْطِ يَصْلُحُ مَهْرًا عِنْدَهٗ لِاَنَّهٗ بِذٰلِكَ تَتَحَقَّقُ الْمُعَاوَضَةُ وَصَارَ كَمَا اِذَا تَزَوَّجَهَا عَلٰى خِدْمَةِ حُرٍّ اٰخَرَ بِرِضَاهُ وَ عَلٰى رَعْيِ الزَّوْجِ غَنَمَهَا وَ لَنَا اَنَّ الْمَشْرُوْعَ اِنَّمَا هُوَ الْاِبْتِغَاءُ بِالْمَالِ وَالتَّعْلِيْمُ لَيْسَ بِمَالٍ وَ كَذٰلِكَ الْمَنَافِعُ عَلٰى اَصْلِنَا وَ خِدْمَةُ الْعَبْدِ اِبْتِغَاءٌ بِالْمَالِ لِتَضَمُّنِهٖ تَسْلِيْمَ رَقَبَتِهٖ وَلَا كَذٰلِكَ الْحُرُّ وَلِاَنَّ خِدْمَةَ الزَّوْجِ الْحُرِّ لَا يَجُوْزُ اِسْتِحْقَاقُهَا بِعَقْدِ النِّكَاحِ لِمَا فِيْهِ مِنْ قَلْبِ الْمَوْضُوْعِ بِخِلَافِ خِدْمَةِ حُرٍّ اٰخَرَ بِرِضَاهُ لِاَنَّهٗ لَامُنَاقَضَةَ وَ بِخِلَافِ خِدْمَةِ الْعَبْدِ لِاَنَّهٗ يَخْدِمُ مَوْلَاهُ مَعْنًى حَيْثُ يَخْدِمُهَا بِاِذْنِهٖ وَ اَمْرِهٖ وَبِخِلَافِ رَعْيِ الْاَغْنَامِ لِاَنَّهٗ مِنْ بَابِ الْقِيَامِ بِاُمُوْرِ الزَّوْجِيَّةِ فَلَا مُنَاقَضَةَ عَلٰى اَنَّهٗ مَمْنُوْعٌ فِيْ رِوَايَةٍ ثُمَّ عَلٰى قَوْلِ مُحَمَّدٍ تَجِبُ قِيْمَةُ الْخِدْمَةِ لِاَنَّ الْمُسَمّٰى مَالٌ اِلَّا اَنَّهٗ عَجَزَ عَنِ التَّسْلِيْمِ لِمَكَانِ الْمُنَاقَضَةِ فَصَارَ كَالتَّزَوُّجِ عَلٰى عَبْدِ الْغَيْرِ وَ عَلٰى قَوْلِ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَاَبِيْ يُوْسُفَ يَجِبُ مَهْرُ الْمِثْلِ لِاَنَّ الْخِدْمَةَ لَيْسَتْ بِمَالٍ اِذْ لَا يَسْتَحِقُّ فِيْهِ بِحَالٍ فَصَارَ كَتَسْمِيَةِ الْخَمْرِ وَالْخِنْزِيْرِ وَ هٰذَا لِاَنَّ تَقَوُّمَهَا بِالْعَقْدِ**

لِلضَّرُوْرَةِ فَاِذَا لَمْ يَجِبْ تَسْلِيْمُهٗ فِي الْعَقْدِ لَا يَظْهَرُ تَقَوُّمُهٗ فَيَبْقَى الْحُكْمُ عَلَى الْاَصْلِ وَ هُوَ مَهْرُ الْمِثْلِ.

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا آزاد مرد نے کسی عورت سے آزاد مرد کے خدمت کرنے کی شرط پر عورت کی ایک سال کے لئے یا تعلیم قرآن پر تو عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ عورت کے لئے آزاد کی خدمت کی قیمت ہوگی۔ اور اگر غلام نے کسی عورت سے نکاح کیا اپنے مولیٰ کی اجازت سے اس شرط پر کہ غلام ایک سال خدمت کرے گا تو جائز ہے اور عورت کے لئے اس غلام کی خدمت ہی ہوگی اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ عورت کے لئے تعلیم قرآن ہوگی اور دونوں صورتوں میں (شوہر غلام ہو یا آزاد) خدمت ہوگی۔ اس لئے کہ جو چیز اس لائق ہے کہ شرط کے ساتھ اس کا عوض لیا جاسکتا ہے (معوض بنایا جاسکتا ہے) تو وہ چیز امام شافعیؒ کے نزدیک مہر ہوسکتی ہے۔ کیونکہ اس اخذ عوض سے معاوضہ متحقق ہو جاتا ہے اور یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ جب نکاح کیا کسی عورت سے حر آخر کی خدمت پر اس کی رضامندی سے اور شوہر کے عورت کی بکریاں چرانے پر اور ہماری دلیل یہ ہے کہ مشروع ابتغاء بالمال ہے اور تعلیم قرآن مال نہیں اور ایسا ہی منافع ہماری اصل پر اور غلام کی خدمت ابتغاء بالمال ہے اس کے متضمن ہونے کی وجہ سے تسلیم رقبہ کو اور آزاد ایسا نہیں ہے۔ اور اس لئے کہ آزاد شوہر کی خدمت کرنا ایسی چیز ہے کہ عقد نکاح کی وجہ سے عورت کا استحقاق جائز نہیں کیونکہ اس میں قلب موضوع ہے اس کے برخلاف دوسرے آزاد کی خدمت اس کی رضامندی سے اس لئے کہ کوئی مناقضہ نہیں اور بخلاف غلام کی خدمت کے اس لئے کہ وہ خدمت کرتا ہے اپنے مولیٰ کی معنی کے اعتبار سے چنانچہ وہ عورت کی خدمت کرتا ہے مولیٰ کے اذن اور اس کے حکم سے اور بخلاف بکریاں چرانے کے کیونکہ یہ خانگی امور میں سے ہے پس کوئی مناقضہ نہیں۔ علاوہ ازیں ایک روایت میں تسلیم ہی نہیں۔ پھر امام محمدؒ کے قول کی بنا پر خدمت کی قیمت واجب ہوگی کیونکہ مسمّی مال ہے مگر یہ کہ شوہر تسلیم سے عاجز آگیا مناقضہ کی وجہ سے پس یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ عبد غیر پر نکاح کرنا اور شیخینؒ کے قول کی بنا پر مہر مثل واجب ہوگا اس لئے کہ خدمت مال نہیں ہے اس لئے کہ نکاح میں کسی بھی حال میں خدمت کا استحقاق نہیں ہے۔ پس یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ خمر اور خنزیر کا تسمیہ اور یہ وجوب مہر مثل اس لئے کہ خدمت کا متقوم ہونا عقد اجارہ میں ضرورت کی وجہ سے ہے پس جب عقد نکاح میں غیر متقوم یعنی خدمت کا سپرد کرنا واجب نہیں ہوا تو اس کا تقوم ظاہر نہیں ہوگا۔ پس حکم اصل پر باقی رہے گا اور وہ مہر مثل ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ کسی آزاد مرد نے کسی عورت سے نکاح کیا اور مہر بنایا کہ میں ایک سال بیوی کی خدمت کروں گا یا تعلیم قرآن کو مہر بنایا یعنی یہ کہا کہ میں اپنی بیوی کو قرآن پاک کی تعلیم دوں گا۔ میری طرف سے یہی مہر ہے۔ ان دونوں صورتوں میں شیخینؒ کے نزدیک مہر مثل واجب ہوگا۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ آزاد شوہر کی خدمت کی قیمت واجب ہوگی اور اگر غلام نے اپنے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا اور مہر بنایا اپنی ایک سال کی خدمت کو تو خدمتِ غلام کو مہر بنانا جائز ہے اور عورت کے لئے خدمت ہی ہوگی۔

**امام شافعیؒ کا مذہب**...... یہ ہے کہ تعلیم قرآن اور آزاد و غلام دونوں کی خدمت کو مہر بنانا درست ہے۔

**امام شافعیؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ عقد نکاح عقد معاوضہ ہے لہٰذا جو چیز معوض بن سکتی ہے یعنی اس کا عوض لیا جاسکتا ہے تو وہ چیز عقد نکاح میں عوض یعنی مہر بھی بن سکتی ہے تاکہ معاوضہ کے معنی متحقق ہو جائیں۔ اور چونکہ تعلیم قرآن اور خدمت دونوں کا عوض لیا جاتا ہے۔ لہٰذا یہ دونوں خود عوض یعنی مہر بھی بن سکتے ہیں۔ پس یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ دوسرے آزاد مرد کی خدمت کو مہر بنانا اور شوہر کا عورت کی بکریاں چرانے کو مہر بنانا اور چونکہ یہ دونوں صورتیں بالاتفاق جائز ہیں۔ لہٰذا تعلیم قرآن اور خدمتِ زوج حر کو مہر بنانا بھی جائز ہوگا۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ عقد نکاح میں ابتغاء بالمال مشروع ہے ان تبتغوا باموالکم کی وجہ سے اور تعلیم قرآن مال نہیں۔ لہٰذا تعلیم قرآن کے عوض ابتغاء مشروع نہیں ہوگا اور ایسے ہی منافع ہماری اصل پر مال نہیں۔ کیونکہ تمول کے لئے ضروری ہے کہ دو زمانوں میں باقی رہے اور منافع خدمت دو زمانوں میں باقی نہیں رہتے ہیں اس وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ خدمت بھی مال نہیں۔ لہٰذا خدمت کے ساتھ بھی ابتغاء مشروع نہیں ہوگا۔

یہ بات واضح رہے کہ اس دلیل کی بنیاد پر حر آخر کی خدمت اور بکریاں چرانے کو مہر بنانا درست نہیں ہوگا۔ کیونکہ یہ بھی منافع ہیں۔ اور ہمارے

نزدیک خدمتِ غلام کو مہر بنانا اس لئے درست ہے کہ خدمتِ غلام ابتغاء بالمال ہے اور خدمتِ غلام، مال اس لئے ہے کہ جب غلام خدمت کرے گا تو گویا اس نے اپنی گردن کو سپرد کر دیا اور غلام کا رقبہ مال ہے لہٰذا اس صورت میں مہر مال ہوگا غیر مال نہیں اور آزاد ایسا نہیں کہ جب خدمت کرے گا تو گویا اپنے رقبہ کو سپرد کر دے گا پس آزاد کی خدمت مال نہیں ہوگی۔ دوسری دلیل یہ کہ اگر آزاد شوہر کی خدمت کو مہر بنایا گیا تو عورت عقد نکاح کی وجہ سے مستحق نہیں ہوسکتی ہے کیونکہ اس استحقاق میں قلب موضوع ہے۔ قلب موضوع اس وجہ سے ہے کہ عورت خادمہ ہو اور مرد مخدوم اب اگر شوہر کی خدمت کو مہر بنادیا گیا تو عورت مخدومہ اور شوہر خادم بنجائے گا۔ اور یہ بالاتفاق موضوع نکاح کے خلاف ہے۔ امام شافعیؒ نے قیاس کیا تھا دوسرے آزاد کی خدمت پر کہ جس طرح حرآخر کی خدمت کو اس کی رضامندی سے مہر بنایا جاسکتا ہے اسی طرح زوج حر کی خدمت کو بھی مہر بنایا جاسکتا ہے۔ ہماری طرف سے اس کا جواب یہ ہوگا کہ حرآخر کی خدمت کو مہر بنانا اس لئے درست ہے کہ وہ حرآخر اپنے رقبہ کو سپرد کر دے گا۔ جیسے کسی آزاد کو اجارہ پر لے لیا گیا تو وہ حرمستاجر اپنے رقبہ کو سپرد کر دیتا ہے اور اصل بات یہ ہے کہ اس میں قلب موضوع نہیں ہے کہ مخدوم خادم بن گیا اور خادمہ مخدومہ بن گئی اس کے علاوہ ہمارے نزدیک ایک روایت کے مطابق حرآخر کی خدمت کو بھی مہر بنانا درست نہیں لہٰذا اس پر قیاس کرنا بھی درست نہیں ہوگا۔ (فتح القدیر)

اور رہا یہ کہ غلام کی خدمت کو مہر بنانے میں بھی قلب موضوع لازم آئے گا ہم جواب دیں گے کہ اس صورت میں قلب موضوع لازم نہیں آئے گا۔ کیونکہ غلام درحقیقت اپنے مولیٰ ہی کی خدمت کرتا ہے۔ چنانچہ غلام کی یہ خدمت اس کے مولیٰ کی اجازت اور امر سے ہے اور جب غلام اپنے مولیٰ کی خدمت کرتا ہے اپنی بیوی کی نہیں تو پھر قلب موضوع نہیں ہوگا۔ کیونکہ قلب موضوع تو اس وقت ہوتا جبکہ اپنی بیوی کی خدمت کرتا اور بکریاں چرانے پر قیاس کرنا بھی درست نہیں۔ اول تو اس لئے کہ شوہر کا بیوی کی بکریاں چرانا خدمت کرنے کے قبیل سے نہیں ہے بلکہ وہ خانگی امور میں سے ہے اور جب بکریاں چرانے کو مبسوط کی ایک روایت کے مطابق مہر قرار دینا ہی درست نہیں ہے۔ پس اس روایت کے مطابق اس پر قیاس کرنا جائز نہیں ہوگا۔

مصنفؒ کی عبارت میں تسامح ہے اس لئے کہ دلیل میں کہا ولنا ان المشروع ...... الیٰ آخرہ ہم سوال کرتے ہیں کہ امام محمدؒ مصنفؒ کے قول ولنا میں داخل ہیں یا خارج؟ اگر آپ داخل مانتے ہیں تو مصنفؒ کا قول ثم علی قول محمدؒ تجب فیه الخدمة لِاَنَّ المسمیٰ مال۔ اس کے مناقض ہوگا۔ کیونکہ پہلے امام محمدؒ کے قول پر خدمت کو غیر مال کہا اور یہاں مال فرمارہے ہیں۔ اور اگر امام محمدؒ مصنفؒ کے قول ولنا سے خارج ہیں تو مناسب یہ تھا کہ مصنفؒ بجائے ولنا کے ولہما فرماتے۔ جواب اس کا یہ ہے کہ تعلیم قرآن کی طرف نسبت کرتے ہوئے امام محمدؒ ولنا میں داخل ہیں۔ کیونکہ تعلیم قرآن کو امام محمدؒ بھی غیر مال قرار دیتے ہیں اور خدمت کی طرف نسبت کرتے ہوئے امام محمدؒ ولنا سے خارج ہیں۔ کیونکہ خدمت امام محمدؒ کے نزدیک مال ہے۔ پس اب کوئی تسامح نہیں رہا۔ (فتح القدیر)۔

بہرحال امام محمدؒ کے قول کی بناء پر خدمت کو مہر بنانا درست ہے لیکن شوہر پر خدمت واجب نہیں ہوگی بلکہ اس کی قیمت واجب ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ مسمّیٰ یعنی خدمت مال تو ہے لیکن اس کو سپرد کرنے سے شوہر عاجز آ گیا کیونکہ خدمت کرنے کی صورت میں قلب موضوع لازم آئے گا۔ اور قاعدہ ہے کہ کوئی شخص اگر مہر مسمّیٰ کو سپرد کرنے سے عاجز آجائے تو اس کی قیمت واجب ہوتی ہے۔ جیسے کہ کسی نے عبد غیر کو مہر بنادیا تو اس صورت میں عبد غیر کی قیمت واجب ہوگی۔ کیونکہ وہ عبد غیر کو سپرد کرنے سے عاجز ہے۔

**شیخینؒ کے قول** ...... کی بناء پر مہر مثل واجب ہوگا کیونکہ آزاد کی خدمت مال نہیں ہے اور مال نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ نکاح میں خدمت کا عورت کو کسی حال میں استحقاق نہیں ہوتا ہے اگر خدمت مال ہوتی تو اس کا استحقاق ضرور ہوتا۔ بعض شارحین نے بیان کیا ہے کہ اس جگہ کلمہ او ہے اصل عبارت تھی، لِاَنَّ الخدمة ليست بمال اولا يستحق فيه بحال ۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ مصنفؒ کا قول لِاَنَّ الخدمة ليست بمال اور لا يستحق فيه بحال دونوں وجوب مہر مثل پر دلیل ہیں اور قول اول سے اشارہ ہوگا مصنفؒ کے قول ولنا ان المشروع هو الابتغاء بالمال کی طرف اور ثانی سے اشارہ ہوگا مصنفؒ کے قول ولِاَنَّ خدمة الزوج الحر لا يَجُوزُ استحقاقها بعقد النِّكَاحُ کی طرف۔

پس جس طرح تسمیہ خمر اور خنزیر کی صورت میں مہر مثل واجب ہوگا۔ اسی طرح خدمت کو مہر بنانے کی صورت میں بھی مہر مثل واجب ہوگا۔

وھذا لأنّ تقومھا الیٰ اٰخرہ سے ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ احنافؒ میں سے شیخینؒ نے خدمت کو مہر بنانے کی صورت میں مہر مثل اس لئے واجب کیا ہے کہ خدمت حر مال متقوم نہیں۔ لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ اگر آزاد کی خدمت مال متقوم نہیں تو پھر آزاد کو اجارہ پر دینا کیسے درست ہوگا۔ حالانکہ آزاد کو اجرت پر دیا جاتا ہے

جواب...... آزاد آدمی کی خدمت کا عقد اجارہ میں متقوم ہونا صرف لوگوں کی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ہے۔ ورنہ خدمتِ حر متقوم نہیں ہے۔ پس اب اشکال نہیں ہوگا۔ اب ہم کہتے ہیں کہ جب قلبِ موضوع کی وجہ سے عقد نکاح میں خدمتِ حر کو سپرد کرنا جائز نہیں ہے تو خدمتِ حر کا مال متقوم ہونا بھی ظاہر نہیں ہے۔ لہٰذا حکم اصل پر باقی رہے گا اور اصل ہے مہر مثل۔ لہٰذا اس صورت میں مہر مثل واجب ہوگا۔

## ہزار روپے مہر کے ساتھ نکاح کیا، عورت نے قبضہ بھی کر لیا پھر شوہر کو ہبہ کر دیا اور مرد نے دخول سے پہلے طلاق دے دی، پانچ سو کے ساتھ عورت پر رجوع کرے گا

فَاِنْ تَزَوَّجَهَا عَلَى الْفٍ فَقَبَضَتْهَا وَ وَهَبَتْهَا لَهٗ ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا رَجَعَ عَلَيْهَا بِخَمْسِ مِائَةٍ لِاَنَّهٗ لَمْ يَصِلْ اِلَيْهِ بِالْهِبَةِ عَيْنُ مَا يَسْتَوْجِبُهٗ لِاَنَّ الدَّرَاهِمَ وَالدَّنَانِيْرَ لَا تَتَعَيَّنَانِ فِي الْعُقُوْدِ وَالْفُسُوْخِ وَ كَذَا اِذَا كَانَ الْمَهْرُ مَكِيْلًا اَوْ مَوْزُوْنًا اٰخَرَ فِي الذِّمَّةِ لِعَدَمِ تَعَيُّنِهَا فَاِنْ لَمْ تَقْبِضِ الْاَلْفَ حَتّٰى وَهَبَتْهَا لَهٗ ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا لَمْ يَرْجِعْ وَاحِدٌ مِّنْهُمَا عَلٰى صَاحِبِهٖ بِشَيْءٍ وَ فِي الْقِيَاسِ يَرْجِعُ عَلَيْهَا بِنِصْفِ الصَّدَاقِ وَ هُوَ قَوْلُ زُفَرَؒ لِاَنَّهٗ سَلَّمَ الْمَهْرَ لَهٗ بِالْاِبْرَاءِ فَلَا تَبْرَأُ عَمَّا يَسْتَحِقُّهٗ بِالطَّلَاقِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَجْهُ الْاِسْتِحْسَانِ اَنَّهٗ وَصَلَ اِلَيْهِ عَيْنُ مَا يَسْتَحِقُّهٗ بِالطَّلَاقِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَ هُوَ بَرَاءَةُ ذِمَّتِهٖ عَنْ نِصْفِ الْمَهْرِ وَلَا يُبَالٰى بِاخْتِلَافِ السَّبَبِ عِنْدَ حُصُوْلِ الْمَقْصُوْدِ.

---

ترجمہ...... پس اگر نکاح کیا عورت سے ایک ہزار پر پھر عورت نے اس ایک ہزار پر قبضہ کر لیا اور شوہر کو ہبہ کر دیا۔ پھر شوہر نے طلاق دی اس کے ساتھ دخول سے پہلے تو شوہر عورت سے پانچ سو پر رجوع کرے گا۔ اس لئے کہ ہبہ کے ذریعہ شوہر کی طرف بعینہ وہ نہیں پہنچا جس کا شوہر مستحق ہوا ہے اس لئے کہ دراہم و دنانیر عقود و فسوخ میں متعین نہیں ہوتے ہیں۔ اور ایسے ہی جبکہ ہر مکیلی یا کوئی دوسری موزونی چیز ذمہ میں ہو۔ اس کے متعین نہ ہونے کی وجہ سے پس اگر عورت نے ہزار پر قبضہ نہیں کیا۔ حتیٰ کہ شوہر کو ہزار ہبہ کر دیا۔ پھر اس کو طلاق قبل الدخول دی تو ان دونوں میں سے کوئی اپنے ساتھی پر کوئی شی رجوع نہ کرے۔ اور قیاس میں ہے کہ عورت سے نصف مہر رجوع کرے اور وجہ استحسان یہ ہے کہ شوہر کی طرف بعینہ وہ پہنچ گیا جو کہ وہ طلاق قبل الدخول کی وجہ سے مستحق ہوا ہے اور وہ نصف مہر سے اس کے ذمہ کا بری ہونا ہے اور مقصود کے حصول کے وقت اختلاف سبب کی پرواہ نہیں کی جاتی ہے۔

تشریح...... اس مسئلہ کی اولاً تقسیم یہ ہے کہ عورت سے نکاح یا تو ایسی چیز پر ہوا جو متعین کرنے سے متعین نہیں ہوتی۔ جیسے نقود یا ایسی چیز پر جو متعین کرنے سے متعین ہو جاتی ہے جیسے گندم، جو وغیرہ اشیاء پھر ان دونوں میں سے ہر ایک کی دو صورتیں ہیں یا تو عورت نے مہر پر قبضہ کر لیا ہے یا نہیں اور ان دونوں میں سے ہر ایک کی دو صورتیں ہیں عورت نے کل مال مہر ہبہ کیا یا بعض مہر۔

سب سے پہلے یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ عورت سے نکاح کیا ایسی چیز پر جو متعین کرنے سے متعین نہیں ہوتی ہے۔ اور وہ ایک ہزار درہم ہے۔ پھر عورت نے اس پر قبضہ کیا اور پھر شوہر کو پورا ایک ہزار ہبۃً دیدیا پھر طلاق قبل الدخول واقع ہو گئی تو اس کا حکم یہ ہے کہ شوہر بیوی سے پانچ سو درہم واپس

لے لے۔ دلیل سے پہلے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ دراہم ودنانیر عقود وفسوخ میں متعین کرنے سے متعین نہیں ہوتے ہیں۔ مثلاً کسی نے ہاتھ میں دراہم لے کر کہا کہ اس درہم کے عوض میں نے یہ سامان خرید لیا بائع نے قبول کر لیا تو اب مشتری کو اختیار ہے کہ جو درہم متعین کئے تھے وہ دیدے یا دوسرے دیدے۔ یا مثلاً عقد بیع کے مکمل ہونے کے بعد اقالہ یعنی فسخ بیع کیا تو بائع وہی روپے واپس کر دے جو مشتری نے دیئے تھے یا دوسرے واپس کر دے۔ دونوں درست ہیں۔

اب دلیل کا حاصل...... یہ ہوگا کہ شوہر طلاق قبل الدخول کی وجہ سے نصف مقبوض کا مستحق ہے اور عورت کے ہبہ کرنے سے شوہر کی طرف بعینہ وہ نہیں پہنچا جس کا شوہر مستحق ہوا تھا۔ کیونکہ دراہم ودنانیر متعین کرنے سے متعین نہیں ہوتے ہیں۔ پس عورت کی جانب سے ایک ہزار کا ہبہ ایسا ہے جیسا کہ مقبوض کے علاوہ دوسرے ہزار کا ہبہ کیا ہو اور جب شوہر تک وہ نصف مہر نہیں پہنچا جس کا وہ مستحق تھا تو پھر شوہر کے لئے عورت سے نصف مہر رجوع کرنے کا اختیار باقی رہے گا۔ اور یہی حکم اس وقت ہے کہ جبکہ مہر بنایا کسی مکیلی چیز کو یا دراہم ودنانیر کے علاوہ کسی دوسری موزونی شئ کو۔ لیکن یہ مکیلی یا موزونی چیز شوہر کے ذمہ میں ہے اس کو متعین نہیں کیا۔ کیونکہ اگر مکیلی یا موزونی چیز مشار الیہ ہے تو وہ متعین ہوتی ہے اس کا یہ حکم نہیں ہوگا۔

دوسری صورت یہ ہے کہ اگر عورت نے بغیر قبضہ کئے اس ایک ہزار کو ہبہ کر دیا اور پھر طلاق قبل الدخول واقع ہوگئی تو زوجین میں سے کوئی کسی سے رجوع نہیں کرے گا۔ اور قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ شوہر نصف مہر رجوع کرے یہی قول ہے امام زفرؒ کا۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ عورت نے بغیر قبضہ کے ہبہ کر کے شوہر کو مہر سے بری کر دیا اور عورت کے بری کر دینے جو ایک ہزار شوہر کے لئے سلامت رہا وہ غیر ہے اس کا جس کا شوہر طلاق قبل الدخول کی وجہ سے مستحق ہوا تھا۔ یعنی نصف مہر سے بری الذمہ ہونا۔ پس جب شوہر کے لئے وہ غیر سلامت رہا جس کا شوہر مستحق ہوا تھا تو عورت اس نصف مہر سے بری نہیں ہوگی، جس کا شوہر طلاق قبل الدخول کی وجہ سے مستحق ہے۔ اس وجہ سے ہمارا مذہب یہ ہے کہ شوہر کو اس صورت میں بھی نصف مہر واپس لینے کا حق رہے گا۔

وجہ استحسان...... یہ ہے کہ جب عورت نے کل مہر سے بری کر دیا تو شوہر کو بعینہ وہ پہنچ گیا جس کا وہ طلاق قبل الدخول کی وجہ سے مستحق ہوا ہے۔ کیونکہ طلاق قبل الدخول کی وجہ سے شوہر کا حق تھا نصف مہر سے بری الذمہ ہونے میں اور جب کل مہر ہی سے بری الذمہ ہوگیا تو نصف مہر سے بدرجہ اولیٰ بری الذمہ ہوگا۔ لیکن اگر کوئی یہ کہے کہ شوہر کا حق طلاق قبل الدخول کی وجہ سے تھا نصف مہر سے بری الذمہ ہونے میں اور یہ نصف شوہر کی طرف پہنچا ہے دوسرے سبب سے یعنی عورت کے بری کر دینے سے تو سبب بدل گیا۔ صاحبؒ ہدایہ نے ولا یبالی باختلاف السبب سے اسی اشکال کا جواب دیا ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ حصولِ مقصود کے وقت اختلاف سبب کی پرواہ نہیں کی جاتی ہے۔ اور مقصود یعنی نصف مہر سے بری ہونا پایا گیا۔ سبب کچھ بھی ہو۔ عرف عام میں ایک کہاوت ہے آم کھانے سے مطلب پیڑ گننے سے کیا مطلب۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ ایک آدمی نے کسی سے کہا کہ تیرا مجھ پر ایک ہزار روپیہ ہے اس باندی کا ثمن جو میں نے تجھ سے خریدی ہے۔ مقر لہ نے کہا کہ باندی تو تیری ہی ہے البتہ میرا تجھ پر ایک ہزار روپیہ ہے۔ اس صورت میں اقرار کرنے والے پر ایک ہزار روپیہ واجب ہوگا۔ اس لئے کہ مقصود حاصل ہوگیا اگر چہ سبب میں مقر لہ نے مقِر کی تکذیب کی ہے یعنی بیع میں مقر لہ نے تکذیب کی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ حصول مقصود کے وقت اختلاف اسباب کی پرواہ نہیں کی جاتی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## عورت نے پانچ سو پر قبضہ کیا پھر ہزار پورا ہبہ کر دیا، پھر مرد نے دخول سے پہلے طلاق دے دی ایک دوسرے پر رجوع نہیں کریں گے

وَلَوْ قَبَضَتْ خَمْسَ مِائَةٍ ثُمَّ وَهَبَتِ الْاَلْفَ كُلَّهَا الْمَقْبُوْضَ وَغَيْرَهُ اَوْ وَهَبَتِ الْبَاقِيَ ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا لَمْ يَرْجِعْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا عَلٰى صَاحِبِهٖ بِشَيْءٍ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَقَالَا يَرْجِعُ عَلَيْهَا بِنِصْفِ مَا قَبَضَتْ اِعْتِبَارًا لِلْبَعْضِ

بِالْكُلِّ وَلِأَنَّ هِبَةَ الْبَعْضِ حَطٌّ فَيَلْحَقُ بِأَصْلِ الْعَقْدِ وَلِأَبِيْ حَنِيْفَةَ أَنَّ مَقْصُوْدَ الزَّوْجِ حَصَلَ وَ هُوَ سَلَامَةُ نِصْفِ الصَّدَاقِ بِلَا عِوَضٍ فَلَا يَسْتَوْجِبُ الرُّجُوْعَ عِنْدَ الطَّلَاقِ وَالْحَطُّ لَا يَلْتَحِقُ بِأَصْلِ الْعَقْدِ فِي النِّكَاحِ أَلَا تَرَىٰ أَنَّ الزِّيَادَةَ فِيْهِ لَا تُلْتَحَقُ حَتّٰى لَا تَتَنَصَّفُ.

---

ترجمہ......اور اگر عورت نے قبضہ کیا پانچ سو درہم پر پھر ہبہ کر دیا کل کے کل کو مقبوض اور غیر مقبوض یا ہبہ کر دیا باقی کو۔ پھر طلاق دی اس کے ساتھ دخول سے پہلے تو ان دونوں میں سے کوئی کسی پر رجوع نہ کرے ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ عورت سے رجوع کرے نصف مقبوض پر بعض کو کل پر قیاس کرتے ہوئے۔ اور اس لئے کہ بعض کا ہبہ کم کرنا ہے۔ پس حط یعنی کم کرنا لاحق ہوگا اصل عقد کے ساتھ۔ اور ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ شوہر کا مقصود حاصل ہو گیا اور وہ نصف مہر کا سلامت رہنا ہے بلا عوض پس طلاق کے وقت رجوع کا مستحق نہیں ہوگا۔ اور حط (کم کرنا) اصل عقد کے ساتھ لاحق نہیں ہوتا ہے، نکاح میں۔ کیا تو نے غور نہیں کیا کہ نکاح میں زیادتی (اصل عقد کے ساتھ) لاحق نہیں ہوتی ہے چنانچہ زیادتی کی تنصیف نہیں ہوگی۔

تشریح......اب صورت یہ ہے کہ عورت نے پانچ سو درہم پر قبضہ کیا اور پھر شوہر کے لئے ایک ہزار مقبوض اور غیر مقبوض دونوں کو ہبہ کر دیا یا صرف غیر مقبوض کو ہبہ کر دیا اور طلاق قبل الدخول واقع ہو گئی تو زوجین میں سے کسی کو کسی پر رجوع کا حق نہیں ہوگا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ کا مسلک یہ ہے کہ شوہر نصف مقبوض یعنی دو سو پچاس درہم رجوع کر لے۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ وہ بعض کو کل پر قیاس کرتے ہیں چنانچہ فرماتے ہیں کہ اگر عورت کل پر قبضہ کرتی اور شوہر کے لئے ہبہ کر دیتی پھر شوہر اس کو طلاق قبل الدخول دیدیتا تو ہمارے نزدیک شوہر عورت سے نصف مقبوض رجوع کرتا پس ایسے ہی جب عورت نے بعض پر قبضہ کیا تو اس بعض کے نصف پر رجوع کا حق ہوگا۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ بعض کا ہبہ یعنی نصف غیر مقبوض کا ہبہ عورت کی طرف سے حط ہے یعنی کم کر دینا اور حط لاحق ہوتا ہے اصل عقد کے ساتھ تو گویا شوہر نے ابتداءً ہی پانچ سو مقبوض پر نکاح کیا ہے۔ پس یہ پانچ سو درہم کل مہر ہونگے۔ اور کل مہر کے بارے میں حکم گذر چکا کہ اگر کل مہر پر قبضہ کر کے عورت پورے مہر کو ہبہ کر دے تو نصف کے رجوع کا حق رہتا ہے۔ لہٰذا ایسے ہی یہاں بھی نصف مقبوض کے رجوع کا حق حاصل ہوگا۔

امام ابوحنیفہؒ کی دلیل......یہ ہے کہ شوہر کا مقصود ہے بلا عوض نصف مہر کا سلامت رہنا اور یہ مقصود طلاق سے پہلے ہی حاصل ہو چکا۔ لہٰذا طلاق کے بعد رجوع کا مستحق نہیں ہوگا۔

صاحبینؒ کی دلیل کا جواب......یہ ہے کہ حط نکاح میں اصل عقد کے ساتھ لاحق نہیں ہوتا ہے وجہ یہ ہے کہ مثلاً ایک آدمی نے کسی عورت سے بیس درہم پر نکاح کیا عورت نے پندرہ درہم شوہر کو ہبہ کر دیئے۔ تو اب شوہر پر دس درہم واجب نہیں ہوں گے۔ بلکہ پانچ درہم واجب ہوں گے۔ اگر حط اصل عقد کے ساتھ لاحق ہوتا تو ایسا ہو جاتا گویا کہ شوہر نے پانچ درہم پر نکاح کیا ہے۔ اور پانچ درہم پر اگر نکاح کیا جائے تو دس درہم واجب ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس صورت میں دس درہم واجب ہونے چاہئیں تھے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ بلکہ شوہر پر پانچ ہی واجب ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ حط اصل عقد کے ساتھ لاحق نہیں ہوتا ہے۔ صاحب ہدایہ نے حط کے اصل عقد کے ساتھ لاحق نہ ہونے کی ایک وجہ یہ بیان کی ہے کہ نکاح میں زیادتی بالاتفاق اصل عقد کے ساتھ لاحق نہیں ہوتی۔ مثلاً شوہر نے مہر مسمّٰی پر پچاس درہم زیادہ کر دیئے اور پھر طلاق قبل الدخول دیدی تو ان پچاس کی تنصیف نہیں ہوگی لہٰذا جس طرح زیادتی اصل عقد کے ساتھ لاحق نہیں ہوتی۔ اسی طرح حط بھی اصل عقد کے ساتھ لاحق نہ ہونا چاہئے۔

## عورت نے نصف سے کم ہبہ کیا اور باقی پر قبضہ کیا تو مرد عورت سے پورے نصف کے اتمام کے لئے رجوع کرے گا

وَلَوْ كَانَتْ وَهَبَتْ أَقَلَّ مِنَ النِّصْفِ وَ قَبَضَتِ الْبَاقِيْ فَعِنْدَهٗ يَرْجِعُ عَلَيْهَا إِلٰى تَمَامِ النِّصْفِ وَ عِنْدَهُمَا بِنِصْفِ

الْمَقْبُوْضِ.

ترجمہ...... اور اگر عورت نے نصف سے کم ہبہ کیا اور باقی پر قبضہ کیا تو امام صاحبؒ کے نزدیک شوہر رجوع کرے گا عورت پر تمام نصف تک اور صاحبینؒ کے نزدیک نصف مقبوض (رجوع کرے گا)

تشریح...... صورت یہ ہے کہ نکاح ہوا مثلاً ایک ہزار پر عورت نے دوسو روپے شوہر کو ہبہ کر دیئے اور باقی آٹھ سو روپیہ پر قبضہ کیا۔ اس بارے میں امام صاحبؒ کا مذہب یہ ہے کہ اتنا اور واپس لیلے کہ نصف مہر ہو جائے یعنی تین سو روپے شوہر عورت سے اور واپس کر لے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک نصف مقبوض یعنی چار سو روپے رجوع کرے گا۔ صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ جب نصف سے کم ہبہ کر دیا اور ہبہ حط ہے۔ پس یہ حط اصل عقد کے ساتھ لاحق ہوگا تو گویا مقدار مقبوض ہی مہر ہے۔ پس جب طلاق قبل الدخول دی تو عورت سے مقدار مقبوض کے نصف کا رجوع کر سکتا ہے۔

اور امام صاحبؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ طلاق قبل الدخول کی صورت میں شوہر کے لئے نصف مہر سلامت رہنا چاہئے۔ سبب کچھ بھی ہو لہٰذا تین سو روپے عورت سے اور وصول کرے تا کہ شوہر کے پاس نصف مہر پہنچ جائے۔

## سامان پر نکاح کیا، عورت نے قبضہ کیا یا نہیں کیا، عورت نے مرد کو ہبہ کیا، مرد نے دخول سے پہلے طلاق دے دی، مرد رجوع نہیں کرے گا

وَلَوْ كَانَ تَزَوَّجَهَا عَلٰى عَرْضٍ فَقَبَضَتْ اَوْلَمْ تَقْبِضْ فَوَهَبَتْ لَهٗ ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا لَمْ يَرْجِعْ عَلَيْهَا بِشَيْءٍ وَ فِي الْقِيَاسِ وَ هُوَ قَوْلُ زُفَرَؒ رَجَعَ عَلَيْهَا بِنِصْفِ قِيْمَتِهٖ لِاَنَّ الْوَاجِبَ فِيْهِ رَدُّ نِصْفِ عَيْنِ الْمَهْرِ عَلٰى مَا مَرَّ تَقْرِيْرُهٗ وَجْهُ الْاِسْتِحْسَانِ اَنَّ حَقَّهٗ عِنْدَ الطَّلَاقِ سَلَامَةُ نِصْفِ الْمَقْبُوْضِ مِنْ جِهَتِهَا وَ قَدْ وَصَلَ اِلَيْهِ وَ لِهٰذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا دَفْعُ شَيْءٍ اٰخَرَ مَكَانَهٗ بِخِلَافِ مَا اِذَا كَانَ الْمَهْرُ دَيْنًا وَ بِخِلَافِ مَا اِذَا بَاعَتْ مِنْ زَوْجِهَا لِاَنَّهٗ وَصَلَ اِلَيْهِ بِبَدَلٍ.

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا عورت سے کسی متعین سامان پر پھر عورت نے قبضہ کیا یا قبضہ نہیں کیا پھر شوہر کو ہبہ کر دیا۔ پھر اس کو طلاق قبل الدخول دی تو شوہر عورت پر کچھ رجوع نہیں کرے گا۔ اور قیاس میں اور یہی قول ہے امام زفرؒ کا کہ عورت پر سامان کی نصف قیمت رجوع کرے اس لئے کہ طلاق قبل الدخول میں عین مہر کے نصف کو واپس کرنا واجب ہے۔ اس کی تقریر گذر چکی۔ اور وجہ استحسان یہ ہے کہ شوہر کا حق طلاق کے وقت عورت کی جانب سے نصف مقبوض کا سلامت رہنا ہے اور نصف مقبوض شوہر کی طرف پہنچ چکا اور اسی وجہ سے عورت کے لئے جائز نہیں دوسری چیز کا اس سامان کی جگہ دینا بخلاف اس صورت کے جبکہ مہر دین ہو اور بخلاف اس صورت کے جبکہ عورت نے اپنے شوہر کے ہاتھ فروخت کیا اس لئے کہ شوہر کی طرف پہنچا بدل کے ساتھ۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ نکاح کے وقت ایسی چیز کو مہر بنانا جو متعین کرنے سے متعین ہو جاتی ہے۔ مثلاً سامان وغیرہ عورت نے اس مہر پر قبضہ کیا یا قبضہ نہیں کیا حکم میں دونوں برابر ہیں۔ پھر عورت نے شوہر کو ہبہ کر دیا شوہر نے دخول سے پہلے طلاق دیدی۔ اس صورت میں حکم یہ ہے کہ شوہر عورت سے اور کچھ رجوع نہ کرے یہ حکم استحساناً ہے۔ اور یہی مذہب ہے ائمہ ثلاثہؒ کا۔ اور امام زفرؒ کا قول یہ ہے کہ اس کی نصف قیمت رجوع کرلے یہی قیاس ہے۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ طلاق قبل الدخول کی صورت میں عین مہر کے نصف کو لوٹانا واجب ہے اور یہاں یہ پایا نہیں گیا، کیونکہ شوہر کے لئے مہر کی سلامتی عورت کے بری کر دینے سے ہوتی ہے اور شوہر نصف مہر کا مستحق تھا طلاق قبل الدخول کی وجہ سے۔ لہٰذا عورت اس سے بری نہیں ہوگی جس کا شوہر مستحق ہوا ہے۔ یعنی طلاق قبل الدخول کی وجہ سے نصف عین مہر۔ پس جب عورت بری نہیں ہوئی تو شوہر کو اس نصف

مہر کے رجوع کا حق حاصل رہے گا۔ وجہ استحسان یہ ہے کہ طلاق قبل الدخول کے وقت شوہر کا حق یہ ہے کہ عورت کی جانب سے بلاعوض نصف مقبوض سلامت رہے اور شوہر کی طرف عورت کی جانب سے بلاعوض عین مہر ہی پہنچ گیا۔ لہٰذا مقصود زوج حاصل ہو گیا اور جب مقصود حاصل ہو گیا تو اب کچھ رجوع کرنے کی ضرورت نہیں اور چونکہ زوج کا حق طلاق کے وقت نصف مقبوض کی سلامتی ہے۔ اسی وجہ سے عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ بذاتہ عرض مقبوض کی موجودگی میں اس کی جگہ کوئی دوسری چیز شوہر کو دے۔ کیونکہ عرض مقبوض دونوں میں متعین ہے۔ اور برخلاف اس صورت کے جبکہ مہر مالا یتعین کے قبیلہ سے ہو۔ کیونکہ اس صورت میں شوہر کو نصف مہر رجوع کرنے کا حق ہے۔ اس لئے کہ شوہر کا حق نصف مقبوض میں نہیں تھا۔ اس کے متعین نہ ہونے کی وجہ سے اور اسی وجہ سے اگر عورت نے نصف مہر کی جگہ دوسری چیز دیدی تو جائز ہے اور اس کے برخلاف کہ عورت نے شوہر کے ہاتھ سامان مہر کو فروخت کر دیا تو اس صورت میں بھی شوہر کو نصف مہر کے رجوع کرنے کا حق ہوگا کیونکہ شوہر کی طرف نصف مقبوض بعوض پہنچا ہے۔ اس لئے کہ شوہر نے عورت سے خریدا ہے اور سلامت بعوض ایسا ہے جیسا کہ سلامت ہی نہیں۔ پس یہ نصف مقبوض بعوض اس کے قائم مقام نہیں ہوگا۔ جس کا شوہر طلاق قبل الدخول کی وجہ سے مستحق ہوا ہے۔ اور جب یہ نصف مقبوض بعوض اس کے قائم مقام نہیں ہے تو پھر شوہر کو نصف مہر کے رجوع کا حق حاصل ہوگا۔ یا اس کو مختصر ایوں کہہ لیجئے کہ شوہر کا حق تھا نصف مہر بلا بدل میں اور اس کو پہنچا ہے بدل تو گویا شوہر کے پاس اس کا حق پہنچا ہی نہیں۔ اس لئے اس کو رجوع کا حق ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## حیوان پر یا سامان پر نکاح کیا جو ذمہ میں ہے، پھر بھی یہی حکم ہے

**وَلَوْ تَزَوَّجَهَا عَلٰى حَيَوَانٍ اَوْ عُرُوْضٍ فِي الذِّمَّةِ فَكَذٰلِكَ الْجَوَابُ لِاَنَّ الْمَقْبُوْضَ مُتَعَيَّنٌ فِي الرَّدِّ وَ هٰذَا لِاَنَّ الْجِهَالَةَ تُحُمِّلَتْ فِي النِّكَاحِ فَاِذَا عُيِّنَ يَصِيْرُ كَاَنَّ التَّسْمِيَةَ وَقَعَتْ عَلَيْهِ.**

---

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا عورت سے حیوان پر یا سامان پر اس حال میں کہ وہ ذمہ میں ہے تو ایسا ہی حکم ہے اس لئے کہ مقبوض متعین ہے لوٹانے میں اور یہ اس لئے کہ جہالت متحمل ہوگی نکاح میں پس جب متعین ہو گیا تو ایسا ہو جائے گا گویا کہ تسمیہ اس پر واقع ہوا ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ نکاح کیا اور مہر بنایا حیوان کو مثلاً فرس یا حمار وغیرہ کو مہر بنایا یا سامان کو جو شوہر کے ذمہ میں واجب ہوگا۔ مثلاً کہا کہ مہر ہروی کپڑا ہے اور اس کی جنس اور نوع کو بیان کر دیا۔ پھر عورت نے قبضہ کیا یا قبضہ نہیں کیا لیکن ہبہ کر دیا شوہر کے لئے پھر شوہر نے طلاق قبل الدخول واقع کر دی تو شوہر کو عورت سے رجوع کا اختیار نہیں ہوگا۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ یہ تسمیہ صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا اس صورت میں مہر مثل واجب ہوگا۔ اور امام مالکؒ کی ایک روایت اور امام احمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ نکاح باطل ہو جائے گا۔ جہالت مسمّٰی کی وجہ سے۔ لیکن ہمارے نزدیک عقد نکاح درست ہوگا۔ اور اوسط درجہ کا حیوان اور اوسط درجہ کا کپڑا واجب ہوگا۔ اصل مسئلہ میں ہم نے کہا کہ شوہر کو عورت سے رجوع کا حق حاصل نہیں ہے۔ دلیل یہ ہے کہ مقبوض رد کے سلسلہ میں متعین ہے۔ یعنی عورت نے اگر قبضہ کر لیا تو اس پر بعینہ اس کا رد متعین ہوگا۔ اور جب مہر مقبوض رد میں متعین ہے تو ما یتعین بالتعیین کی جنس سے ہوگا۔ اور جب عورت نے ما یتعین بالتعیین کو ہبہ کر دیا تو اب اگر یہ ہبہ قبضہ کے بعد ہے تو شوہر کی طرف اس کا عین حق پہنچ گیا۔ اس لئے کہ ماقبل میں گذر چکا کہ اختلاف سبب معتبر نہیں ہے۔ اور اگر ہبہ قبضہ سے پہلے ہے تب بھی شوہر کی طرف اس کا حق پہنچ گیا۔ اور وہ نصف مہر سے بری الذمہ ہونا ہے اور یہ تو معلوم ہی ہے کہ سبب کا اختلاف معتبر نہیں۔

وھٰذا لِاَنَّ الجهالة سے مصنفؒ نے دو چیزوں کی طرف اشارہ کیا ہے اول یہ کہ حیوان غیر معین اور عروض غیر معین کے عوض نکاح جائز ہے۔ دوسری چیز یہ کہ مقبوض رد میں متعین ہے۔ پہلی چیز کی طرف اشارہ کیا ہے۔ لِاَنَّ الجهالة سے حاصل یہ کہ فرس غیر مشخص کے عوض بیع فاسد ہے۔ چنانچہ اگر کوئی چیز فروخت کی غیر مشخص گھوڑے کے بدلے میں تو یہ بیع فاسد ہوگی۔ لیکن نکاح میں اتنی جہالت کو برداشت کر لیا جائے گا۔ مثلاً نکاح میں غیر

مشخص گھوڑے کو مہر بنایا تو نکاح درست ہوگا اور اوسط درجہ کا گھوڑا واجب ہوگا بیع اور نکاح میں فرق یہ ہے کہ نکاح کا دارومدار ہے مساہلت اور نرمی پر لہٰذا تھوڑی سی جہالت کو گوارا کر لیا جائے گا۔ اور بیع کا دارومدار ہے تنگی پر لہٰذا بیع میں مطلقاً جہالت کی گنجائش نہیں ہوگی۔ دوسری چیز کی طرف اشارہ کیا ہے فاذا عین سے یعنی جب قبضہ کے وقت متعین ہوگیا تو گویا تسمیہ اسی مقبوض پر واقع ہوا ہے۔ اول کا فائدہ عقد نکاح کا صحیح ہونا ہے۔ اگرچہ مسمی مجہول ہے اور ثانی کا فائدہ شوہر کا عورت پر رجوع نہ کرنا ہے۔ اگرچہ عورت نے وہ حیوان شوہر کے لئے ہبہ کر دیا تھا۔

## عورت سے اس شرط پر نکاح کیا کہ شہر سے باہر نہیں نکالے گا یا دوسری کے ساتھ اس پر نکاح نہیں کرے گا، اگر شرط کو پورا کیا تو مہر مقرر ہے ورنہ مہر مثل

**وَاِذَا تَزَوَّجَهَا عَلَى اَلْفٍ اَنْ لَّا يُخْرِجَهَا مِنَ الْبَلْدَةِ اَوْ عَلٰى اَنْ لَّا يَتَزَوَّجَ عَلَيْهَا اُخْرٰى فَاِنْ وَفٰى بِالشَّرْطِ فَلَهَا الْمُسَمّٰى لِاَنَّهٗ صَلُحَ مَهْرًا وَ قَدْتَمَّ رِضَاهَا بِهٖ وَ اِنْ تَزَوَّجَ عَلَيْهَا اُخْرٰى اَوْ اَخْرَجَهَا فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا لِاَنَّهٗ سَمّٰى مَالَهَا فِيْهِ نَفْعٌ فِعِنْدَ فَوَاتِهٖ يَنْعَدِمُ رِضَاهَا بِالْاَلْفِ فَيَكْمُلُ مَهْرُ مِثْلِهَا كَمَا فِيْ تَسْمِيَةِ الْكَرَامَةِ وَالْهَدْيَةِ مَعَ الْاَلْفِ.**

---

ترجمہ...... اور جب نکاح کیا کسی عورت سے ایک ہزار پر اس شرط کے ساتھ کہ اس عورت کو شہر سے نہیں نکالے گا۔ یا اس شرط کے ساتھ کہ اس پر کسی دوسری عورت سے نکاح نہیں کرے گا۔ پس اگر شرط کو پورا کر دیا تو اس کے لئے مسمّٰی ہوگا۔ اس لئے کہ مسمّٰی مہر بننے کی صلاحیت رکھتا ہے اور عورت کی رضامندی اس ایک ہزار پر مکمل ہوگئی اور اگر اس پر دوسری عورت سے نکاح کیا یا اس کو نکالا تو اس کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اس لئے کہ شوہر نے ایسی چیز کو ذکر کیا جس میں عورت کا نفع ہے۔ پس نفع کے فوت ہونے کے وقت اس عورت کی ایک ہزار پر رضامندی معدوم ہو جائے گی۔ لہٰذا اس کا مہر مثل مکمل ہوگا۔ جیسا کہ ایک ہزار کے ساتھ کرامت اور ہدیہ کا ذکر کرنا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک مرد نے کسی عورت سے نکاح کیا اور ایک ہزار روپیہ مہر بنایا اس شرط کے ساتھ کہ اس کو شہر سے نہیں نکالے گا یا اس کی موجودگی میں دوسری عورت سے نکاح نہیں کرے گا پس یہ نکاح صحیح ہے اگرچہ عدم مسافرت اور عدم تزوج کی شرط، شرط فاسد ہے اور شرط فاسد اس لئے ہے کہ اس میں امر مشروع سے رکنا لازم آتا ہے۔ لہٰذا اگر شوہر نے شرط پوری کر دی تو عورت کے لئے مسمّٰی یعنی ایک ہزار ہوگا۔ اس لئے کہ مسمّٰی یعنی ایک ہزار مہر بننے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے اور عورت کی ایک ہزار پر رضامندی بھی پوری ہوگئی کیونکہ اس شرط میں عورت کا نفع ہے۔ اور اگر شوہر نے شرط پوری نہیں کی تو اب یہ دیکھنا ہے کہ مہر مثل مسمّٰی سے کم ہے یا زائد یا برابر اگر مہر مثل زائد ہے مہر مسمّٰی یعنی ایک ہزار سے تو عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ شوہر نے ایسی چیز ذکر کی ہے جس میں عورت کا نفع ہے چنانچہ اسی نفع کی وجہ سے عورت مہر مسمّٰی کو مہر مثل سے کم کرنے پر راضی ہوگئی۔ تو گویا مہر کا نقصان اس نفع کے مقابلہ میں ہے۔ پس اس نفع کے فوت ہونے کی صورت میں ایک ہزار پر عورت کی رضامندی معدوم ہوگئی ہے لہٰذا اس کے مہر مثل کو مکمل کیا جائے گا۔ اور یہ ایسا ہوگیا جیسا کہ یوں کہا کہ ایک ہزار کے ساتھ میں تیرا اکرام بھی کروں گا یا ایک ہزار کے ساتھ کچھ ہدیہ دوں گا۔ پس اگر یہ شرط کرامت اور شرط ہدیہ پوری نہ کی تو مہر مثل واجب ہوگا۔ ایسے ہی یہاں بھی ہے اور اگر مہر مثل مسمّٰی یعنی ایک ہزار سے کم ہے یا برابر تو شرط پوری نہ کرنے کی صورت میں بھی مسمّٰی یعنی ایک ہزار واجب ہوگا۔ اور یہ شرط شوہر کی طرف سے تبرع ہوگی۔

## مرد نے عورت سے اس شرط پر نکاح کیا کہ شہر میں رکھے گا تو ایک ہزار ورنہ دو ہزار، اگر شرط پوری کرے تو مہر ایک ہزار ہوگا ورنہ مہر مثل جو دو ہزار سے بڑھے بھی نہیں اور ایک ہزار سے کم بھی نہ ہو

**وَلَوْ تَزَوَّجَهَا عَلٰى اَلْفٍ اِنْ اَقَامَ بِهَا وَ عَلَى الْفَيْنِ اِنْ اَخْرَجَهَا فَاِنْ اَقَامَ بِهَا فَلَهَا الْاَلْفُ وَ اِنْ اَخْرَجَهَا فَلَهَا مَهْرُ**

الْمِثْلِ لَا یُزَادُ عَلَی الْفَیْنِ وَلَا یُنْقَصُ عَنِ الْاَلْفِ وَ ھٰذَا عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَ قَالَا الشَّرْطَانِ جَمِیْعًا جَائِزَانِ حَتّٰی کَانَ لَھَا الْاَلْفُ اِنْ اَقَامَ بِھَا وَالْاَلْفَانِ اِنْ اَخْرَجَھَا وَ قَالَ زُفَرُ الشَّرْطَانِ جَمِیْعًا فَاسِدَانِ وَ یَکُوْنُ لَھَا مَھْرُ مِثْلِھَا لَا یُنْقَصُ مِنْ اَلْفٍ وَلَا یُزَادُ عَلَی الْفَیْنِ وَ اَصْلُ الْمَسْأَلَۃِ فِی الْاِجَارَاتِ فِیْ قَوْلِہٖ اِنْ خِطْتَہُ الْیَوْمَ فَلَکَ دِرْھَمٌ وَاِنْ خِطْتَہٗ غَدًا فَلَکَ نِصْفُ دِرْھَمٍ وَ سَنُبَیِّنُھَا فِیْہِ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ.

---

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا عورت سے ایک ہزار پر اگر ٹھہرایا اس کو اس کے شہر میں اور دو ہزار پر اگر نکالا اس کو (اس کے شہر سے) پس اگر قیام کرایا اس کو اس کے (شہر میں) تو عورت کے لئے ایک ہزار ہے اور اگر نکالا اس کو تو اس کے لئے مہر مثل ہے نہ دو ہزار پر زیادہ کیا جائے اور نہ ایک ہزار سے کم کیا جائے۔ اور یہ ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ دونوں شرطیں جائز ہیں۔ حتیٰ کہ عورت کے لئے ایک ہزار ہوگا اگر قیام کرایا اس کو اس کے (شہر) میں اور دو ہزار ہیں اگر نکالا اس کو۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ دونوں شرطیں فاسد ہیں اور عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ ایک ہزار سے کم نہ کیا جائے اور دو ہزار پر زیادہ نہ کیا جائے۔ اور مسئلہ کی دلیل کتاب الاجارات میں ہے اس کے اس قول کے تحت کہ اگر سیا تو نے اس (کپڑے) کو آج تو تیرے لئے ایک درہم ہے اور اگر سیا تو نے اس (کپڑے) کو کل آئندہ تو تیرے لئے نصف درہم ہے۔ اور ہم بیان کریں گے اس کو انشاء اللہ۔

**تشریح......** صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک مرد نے کسی عورت سے نکاح کیا اور دو شرطیں علیٰ سبیل البدل ذکر کردیں مثلاً کہا کہ اگر عورت کو اس کے شہر میں مقیم رکھا تو مہر ایک ہزار ہوگا۔ اور اگر اس کو اس کے شہر سے نکالا تو مہر دو ہزار ہوگا۔ اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہؒ کا مذہب یہ ہے کہ شرط اول جائز ہے اور شرط ثانی فاسد ہے۔ چنانچہ اگر مقیم رکھا تو عورت کے لئے ایک ہزار ہوگا اور اگر اس کو اس کے شہر سے نکالدیا تو مہر مثل واجب ہوگا۔ اور صاحبینؒ کا مذہب یہ ہے کہ دونوں شرطیں جائز ہیں چنانچہ اقامت کی صورت میں ایک ہزار مہر ہوگا اور اخراج کی صورت میں دو ہزار مہر ہوگا۔ امام زفرؒ کا مذہب یہ ہے کہ دونوں شرطیں فاسد ہیں۔ چنانچہ دونوں صورتوں میں مہر مثل واجب ہوگا۔ جو ایک ہزار سے کم اور دو ہزار سے زائد نہ ہو۔ صاحب ہدایہ نے بغیر دلائل بیان کئے اس مسئلہ کو کتاب الاجارات کے ایک مسئلہ پر محمول کردیا۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے درزی سے کہا کہ اگر تو نے یہ کپڑا آج سی کر تیار کردیا تو اجرت ایک درہم ہوگی اور اگر کل آئندہ تیار کیا تو اجرت نصف درہم ہوگی۔ امام صاحبؒ کے نزدیک شرط اول جائز اور شرط ثانی فاسد ہے۔ صاحبینؒ کے نزدیک دونوں شرطیں جائز ہیں اور امام زفرؒ کے نزدیک دونوں شرطیں فاسد ہیں۔ اجمالاً دلائل بیان کئے جاتے ہیں۔ ملاحظہ کیجئے۔

**امام زفرؒ کی دلیل......** یہ ہے کہ شی واحد یعنی بضع کے مقابلہ میں دو مختلف چیزوں کو ذکر کیا گیا ہے علیٰ سبیل البدل اور وہ دو چیزیں ایک ہزار اور دو ہزار ہیں۔ پس جہالت کی وجہ سے تسمیہ فاسد ہوگیا ہے اور جب تسمیہ فاسد ہوگیا تو مہر مثل واجب ہوگا۔

**صاحبینؒ کی دلیل......** یہ ہے کہ دونوں شرطوں میں سے ہر ایک شرط کا اعتبار ضروری ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے **المسلمون عند شروطھم** پس جب دونوں شرطیں مفید اور دونوں کے ساتھ غرض وابستہ ہے تو دونوں صحیح ہوں گی۔

**امام صاحبؒ کی دلیل......** یہ ہے کہ شرط اول کے وقت اس کا کوئی معارض موجود نہیں تھا۔ لہٰذا عدم جہالت کی وجہ سے شرط اول صحیح ہوگی اور عقد اس کے ساتھ منعقد ہوگا۔ اور چونکہ شرط ثانی کے وقت اس کا معارض یعنی شرط اول موجود ہے اس لئے جہالت شرط ثانی کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ اور جب شرط ثانی کی وجہ سے جہالت پیدا ہوئی ہے تو شرط ثانی فاسد ہوگی البتہ نکاح فاسد نہیں ہوگا کیونکہ شرط فاسد کی وجہ سے نکاح فاسد نہیں ہوتا ہے۔

یہاں ایک اشکال ہوسکتا ہے وہ یہ کہ اگر کسی نے کہا کہ اگر عورت خوبصورت ہے تو مہر دو ہزار اور اگر بدصورت ہے تو مہر ایک ہزار ہوگا۔ یہاں بالاتفاق دونوں شرطیں جائز ہیں۔ لہٰذا ان دونوں مسئلوں میں کیا فرق ہے کہ متن کے مسئلہ میں امام صاحبؒ شرط ثانی کو فاسد کہتے ہیں اور یہاں دونوں شرطیں درست ہیں۔ جواب، یہ ہے کہ متن کے مسئلہ میں تسمیہ ثانیہ میں اٹکل اور قمار کے معنی پائے گئے۔ کیونکہ عورت کو معلوم نہیں کہ ابن کو

نکالے گا یا نہیں اور مسئلہ ثانیہ میں کوئی اٹکل نہیں۔ اس لئے کہ عورت واقعۃً خوبصورت ہوگی یا بدصورت۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ شوہر کو اس کا علم نہیں اور عورت کی صفت کے بارے میں شوہر کا جہل مخاطرت اور اٹکل کا سبب نہیں ہے لہٰذا دونوں شرطیں جائز ہوں گی۔

## ایک عورت کے ساتھ نکاح کیا اس غلام پر یا اس غلام پر ایک اوکس تھا دوسرا ارفع تھا اگر مہر مثل اوکس سے کم ہے تو اوکس لازم ہے اگر مہر مثل زیادہ ہے تو ارفع لازم ہے، اگر دونوں برابر ہیں تو مہر مثل لازم ہے

وَلَوْ تَزَوَّجَهَا عَلٰى هٰذَا الْعَبْدِ اَوْ عَلٰى هٰذَا الْعَبْدِ فَاِذَا اَحَدُهُمَا اَوْكَسُ وَالْاٰخَرُ اَرْفَعُ فَاِنْ كَانَ مَهْرُ مِثْلِهَا اَقَلَّ مِنْ اَوْكَسِهِمَا فَلَهَا الْاَوْكَسُ وَاِنْ كَانَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْفَعِهِمَا فَلَهَا الْاَرْفَعُ وَ اِنْ كَانَ بَيْنَهُمَا فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَؒ وَ قَالَا لَهَا الْاَوْكَسُ فِىْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَاِنْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا فَلَهَا نِصْفُ الْاَوْكَسِ فِىْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِالْاِجْمَاعِ لَهُمَا اَنَّ الْمَصِيْرَ اِلٰى مَهْرِ الْمِثْلِ لِتَعَذُّرِ اِيْجَابِ الْمُسَمّٰى وَقَدْ اَمْكَنَ اِيْجَابُ الْاَوْكَسِ اِذِ الْاَقَلُّ مُتَيَقَّنٌ وَ صَارَ كَالْخُلْعِ وَالْاِعْتَاقِ عَلٰى مَالٍ وَلِاَبِىْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّ الْمُوْجَبَ الْاَصْلِىَّ مَهْرُ الْمِثْلِ اِذْ هُوَ الْاَعْدَلُ وَالْعُدُوْلُ عَنْهُ عِنْدَ صِحَّةِ التَّسْمِيَةِ وَ قَدْ فَسَدَتْ لِمَكَانِ الْجَهَالَةِ بِخِلَافِ الْخُلْعِ وَالْاِعْتَاقِ لِاَنَّهٗ لَا مُوْجَبَ لَهٗ فِى الْبَدَلِ اِلَّا اَنَّ مَهْرَ الْمِثْلِ اِذَا كَانَ اَكْثَرَ مِنَ الْاَرْفَعِ فَالْمَرْاَةُ رَضِيَتْ بِالْحَطِّ وَاِنْ كَانَ اَنْقَصَ مِنَ الْاَوْكَسِ فَالزَّوْجُ رَضِىَ بِالزِّيَادَةِ وَالْوَاجِبُ فِى الطَّلَاقِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ فِىْ مِثْلِهِ الْمُتْعَةُ وَ نِصْفُ الْاَوْكَسِ يَزِيْدُ عَلَيْهَا فِى الْعَادَةِ فَوَجَبَ لِاِعْتِرَافِهٖ بِالزِّيَادَةِ.

---

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا اس غلام پر یا اس غلام پر، پس ان دونوں میں سے ایک اوکس ہے اور دوسرا ارفع پس اگر مہر مثل ان دونوں میں کے اوکس سے کم ہے تو عورت کے لئے اوکس ہوگا اور اگر مہر مثل ان دونوں میں کے ارفع سے زائد ہے تو عورت کے لئے ارفع ہوگا اور اگر مہر مثل ان دونوں کے درمیان میں ہے تو عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اور یہ ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے اور صاحبین نے فرمایا کہ عورت کے لئے ان تمام صورتوں میں اوکس ہے۔ پس اگر طلاق دی اس عورت کو دخول سے پہلے تو اس کے لئے نصف اوکس ہوگا۔ ان تمام صورتوں میں بالاتفاق صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ مہر مثل کی طرف رجوع مسمّٰی کو واجب کرنے کے متعذر رہونے کی وجہ سے ہے۔ اور اوکس کا واجب کرنا ممکن ہے۔ اس لئے کہ اقل متیقن ہے اور یہ ایسا ہوگیا جیسا کہ خلع اور اعتاق علیٰ مال۔ اور امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ موجب اصلی مہر مثل ہے کیونکہ وہ اعدل ہے۔ اور عدول اس سے صحت تسمیہ کے وقت ہوگا۔ اور تسمیہ فاسد ہوگیا جہالت کی وجہ سے بخلاف خلع اور اعتاق کے اس لئے کہ اس کے لئے بدل میں کوئی موجب اصلی نہیں ہے۔ مگر یہ کہ مہر مثل جب ارفع سے زیادہ ہو تو عورت کم کردینے پر راضی ہوگئی اور اگر مہر مثل اوکس سے کم ہے تو شوہر زیادہ کرنے پر راضی ہوگیا اور واجب طلاق قبل الدخول میں اس جیسی صورت میں متعہ ہے اور نصف اوکس عادۃً متعہ سے زائد ہوتا ہے۔ پس نصف اوکس واجب ہوگا۔ شوہر کے زیادتی کا اعتراف کرنے کی وجہ سے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ دو غلام سامنے موجود ہیں ان میں ایک کی قیمت کم ہے اور دوسرے کی زیادہ مثلاً ایک ایک ہزار کی مالیت کا ہے اور دوسرا دو ہزار کی مالیت کا شوہر نے بغیر متعین کئے ان دونوں میں سے ایک کو مہر مقرر کیا اور کہا کہ مہر میں یہ غلام دوں گا۔ یا یہ تو اس مسئلہ میں امام صاحبؒ کا مذہب یہ ہے کہ مہر مثل کو دیکھا جائے کہ وہ اوکس یعنی جو غلام قیمت میں انقص ہے اس سے کم ہے یا مہر مثل اوکس کے مساوی ہے یا ارفع سے زائد ہے یا اوکس اور ارفع کے درمیان میں ہے۔ اگر مہر مثل اوکس سے کم یا مساوی ہے تو اس صورت میں عورت کے لئے غلام اوکس ہوگا اور اگر مہر مثل غلام ارفع سے زائد ہے تو اس صورت میں عورت کے لئے غلام ارفع ہوگا اور اگر مہر مثل دونوں کے درمیان ہے تو عورت کو مہر مثل دیا جائے گا اور صاحبینؒ کا

مذہب یہ ہے کہ تمام صورتوں میں عورت کے لئے غلام اوکس ہوگا مہر مثل اوکس سے کم ہو یا ارفع سے زائد ہو یا دونوں کے درمیان میں ہو البتہ اگر شوہر نے طلاق قبل الدخول دیدی تو بالاتفاق تمام صورتوں میں نصف اوکس ہوگا۔

دلائل سے پہلے یہ سمجھ لیجئے کہ بدل بضع میں موجب اصلی کیا ہے؟ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ موجب اصلی مہر مسمیٰ ہے۔ پس جب تک مہر مسمیٰ کا واجب کرنا ممکن ہے مہر مثل کی طرف عدول نہیں کیا جائے گا۔ اور امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ موجب اصلی مہر مثل ہے کیونکہ مہر مثل بضع کا معادل یعنی مساوی ہے کمی زیادتی کو قبول نہیں کرتا ہے وجہ یہ ہے کہ مہر مثل منافع بضع کی قیمت ہے۔ اور شی کی قیمت کمی اور زیادتی کو قبول نہیں کرتی ہے۔ بخلاف تسمیہ کے کہ وہ زیادتی اور کمی کو قبول کر لیتا ہے لہٰذا امام صاحبؒ کے نزدیک مہر مثل سے مہر مسمیٰ کی طرف عدول اس وقت ہوگا جبکہ تسمیہ صحیح ہو ورنہ عدول نہیں کیا جائے گا۔

اب صاحبینؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہوگا...... کہ مہر مثل کی طرف عدول اسی وقت ہو سکتا ہے جبکہ مہر مسمیٰ کا واجب کرنا متعذر ہو۔ اور یہاں غلام اوکس کا واجب کرنا ممکن ہے۔ کیونکہ غلام اوکس اقل ہے قیمت میں اور اقل متعین ہوتا ہے لہٰذا اس متیقن کو واجب کر دیں گے۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ کسی نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں نے تجھ سے خلع کیا اس غلام پر یا اس غلام پر یا مولیٰ نے غلام سے کہا کہ میں نے تجھ کو آزاد کیا اس غلام پر یا اس غلام پر۔ ان دونوں مسئلوں میں اوکس متعین ہے۔ لہٰذا مسئلہ مہر میں بھی غلام اوکس متعین ہوگا۔

امام صاحبؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ موجب اصلی مہر مثل ہے اور مہر مثل سے عدول صحت تسمیہ کے وقت ہوگا۔ اور یہاں دو غلاموں میں تردد اور شک کی وجہ سے جہالت پیدا ہو گئی۔ پس اس جہالت کی وجہ سے تسمیہ فاسد ہو گیا۔ لہٰذا مہر مسمیٰ واجب نہیں ہوگا۔ اور رہا خلع اور اعتاق تو ان پر قیاس درست نہیں کیونکہ بدل کے سلسلہ میں ان دونوں کے لئے کوئی موجب اصلی نہیں ہے لہٰذا یہ قیاس مع الفارق ہوگا۔

الا ان مهر المثل سے ایک اعتراض کا جواب ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ جب مہر مثل اصل ہے تینوں حالتوں میں تو مہر مثل واجب ہونا چاہئے تھا۔ خواہ مہر مثل اوکس سے کم ہو یا ارفع سے زائد ہو یا دونوں کے درمیان میں۔ حالانکہ امام صاحبؒ اس کے قائل نہیں ہیں۔ جواب، حکم تو یہی ہے لیکن جس وقت مہر مثل ارفع سے زائد ہے تو عورت اپنے مہر مثل سے کم کر دینے پر راضی ہو گئی اور اگر مہر مثل اوکس سے کم ہے تو شوہر مہر مثل پر زیادتی کے لئے راضی ہو گیا پس ہم نے ان دونوں کی رضامندی پر عمل کیا ہے۔

والواجب فی الطلاق سے ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جب تسمیہ فاسد ہے تو طلاق قبل الدخول کی صورت میں متعہ واجب ہونا چاہئے تھا۔ نصف اوکس کیوں واجب کیا گیا ہے۔ جواب نصف اوکس کا وجوب بطریق متعہ ہی ہے لہٰذا کوئی اشکال نہیں۔ لیکن اشکال اب بھی باقی ہے۔ اس لئے کہ ہم کہتے ہیں کہ جس طرح طلاق قبل الدخول کی صورت میں فساد تسمیہ کے وقت مہر مثل واجب ہوتا ہے اسی طرح طلاق قبل الدخول کی صورت میں متعہ واجب ہونا چاہئے کیونکہ جس طرح طلاق بعد الدخول میں مہر مثل موجب اصلی ہے اسی طرح طلاق قبل الدخول میں متعہ موجب اصلی ہے۔ جواب، واجب تو متعہ ہی ہونا چاہئے تھا لیکن چونکہ بالعموم نصف اوکس متعہ سے زائد قیمت کا ہوتا ہے اور شوہر اس زیادتی کا اعتراف بھی کر چکا اس لئے متعہ واجب کر دیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ اگر متعہ نصف اوکس سے زیادہ مالیت کا ہے تو نصف اوکس واجب نہیں ہوگا۔ بلکہ متعہ کا حکم کریں گے۔ واللہ اعلم

## ایک حیوان مہر مقرر کیا اور اس کے اوصاف بیان نہیں کئے تو درمیانہ حیوان لازم ہے، شوہر کو حیوان اور اس کی قیمت دینے میں اختیار ہے

وَاِذَا تَزَوَّجَهَا عَلٰى حَيَوَانٍ غَيْرِ مَوْصُوْفٍ صَحَّتِ التَّسْمِيَةُ وَلَهَا الْوَسْطُ مِنْهُ وَالزَّوْجُ مُخَيَّرٌ اِنْ شَاءَ اَعْطَاهَا

ذٰلِكَ وَ اِنْ شَاءَ اَعْطَاهَا قِيْمَتَهُ قَالَ مَعْنٰى هٰذِهِ الْمَسْأَلَةِ اَنْ يُسَمِّيْ جِنْسَ الْحَيَوَانِ دُوْنَ الْوَصْفِ بِاَنْ يَتَزَوَّجَهَا عَلٰى فَرَسٍ اَوْ حِمَارٍ اَمَّا اِذَا لَمْ يُسَمِّ الْجِنْسَ بِاَنْ يَتَزَوَّجَهَا عَلٰى دَابَّةٍ لَا تَجُوْزُ التَّسْمِيَةُ وَيَجِبُ مَهْرُ الْمِثْلِ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ يَجِبُ مَهْرُ الْمِثْلِ فِي الْوَجْهَيْنِ جَمِيْعًا لِاَنَّ عِنْدَهُ مَا لَا يَصْلُحُ ثَمَنًا فِي الْبَيْعِ لَا يَصْلُحُ مُسَمًّى اِذْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مُعَاوَضَةٌ وَلَنَا اَنَّهُ مُعَاوَضَةُ مَالٍ بِغَيْرِ مَالٍ فَجَعَلْنَاهُ اِلْتِزَامَ الْمَالِ اِبْتِدَاءً حَتّٰى لَا يَفْسُدَ بِاَصْلِ الْجَهَالَةِ كَالدِّيَةِ وَالْاَقَارِيْرِ وَ شَرَطْنَا اَنْ يَكُوْنَ الْمُسَمّٰى مَالًا وَسْطُهُ مَعْلُوْمٌ رِعَايَةً لِلْجَانِبَيْنِ وَ ذٰلِكَ عِنْدَ اِعْلَامِ الْجِنْسِ لِاَنَّهُ يَشْتَمِلُ عَلَى الْجَيِّدِ وَالرَّدِيْ وَالْوَسْطُ ذُوْحَظٍّ مِنْهُمَا بِخِلَافِ جَهَالَةِ الْجِنْسِ لِاَنَّهُ لَا وَاسِطَةَ لِاِخْتِلَافِ مَعَانِي الْاِجْنَاسِ وَ بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِاَنَّ مَبْنَاهُ عَلَى الْمُضَائِقَةِ وَالْمُمَاكَسَةِ اَمَّا النِّكَاحُ فَمَبْنَاهُ عَلَى الْمُسَامَحَةِ وَاِنَّمَا يَتَخَيَّرُ لِاَنَّ الْوَسْطَ لَا يُعْرَفُ اِلَّا بِالْقِيْمَةِ فَصَارَتْ اَصْلًا فِيْ حَقِّ الْاِيْفَاءِ وَالْعَبْدُ اَصْلٌ تَسْمِيَةً فَيَتَخَيَّرُ بَيْنَهُمَا.

---

ترجمہ...... اور جب نکاح کیا کسی عورت سے ایسے حیوان پر جس کی صفت بیان نہیں کی گئی ہے تو تسمیہ صحیح ہوگا۔ اور عورت کے لئے اس حیوان میں سے اوسط درجہ کا ہوگا۔ اور شوہر کو اختیار ہے کہ اگر چاہے تو عورت کو یہ وسط دیدے اور اگر چاہے تو اس کو اس کی قیمت دیدے۔ مصنف نے کہا کہ اس مسئلہ کے معنی یہ ہیں کہ حیوان کی جنس ذکر کردی گئی وصف نہیں بایں طور کہ نکاح کرے عورت سے فرس پر یا حمار پر۔ بہرحال جب جنس ذکر نہیں کی بایں طور کہ نکاح کرے عورت سے دابہ پر تو تسمیہ جائز نہیں ہوگا۔ اور مہر مثل واجب ہوگا۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ مہر مثل دونوں صورتوں میں واجب ہوگا۔ اس لئے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک جو چیز ثمن بننے کی صلاحیت رکھتی ہے بیع میں، وہ (نکاح میں) مسمیٰ بننے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ اس لئے کہ ان دونوں میں سے ہر ایک عقد معاوضہ ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ نکاح معاوضہ، مال بغیر المال ہے۔ پس ہم نے نکاح کو ابتداءً التزام مال قرار دیدیا حتیٰ کہ اصل جہالت سے فاسد نہ ہونا چاہئے۔ جیسے دیت اور اقرار اور ہم نے شرط لگادی یہ کہ مسمیٰ ایسا مال ہو جس کا وسط معلوم ہے جانبین کی رعایت کرتے ہوئے اور یہ شرط جنس کے معلوم ہونے کے وقت (پائی جائے گی) اس لئے کہ جنس مشتمل ہوتی ہے جید، ردی اور اوسط پر اور وسط ان دونوں سے حصہ لینے والا ہے۔ بخلاف جہالت جنس کے اس لئے کہ اس کے واسطے کوئی وسط نہیں ہے معانی اجناس کے مختلف ہونے کی وجہ سے اور بخلاف بیع کے اس لئے کہ اس کی بنیاد تنگی پر ہے۔ اور بہرحال نکاح تو اس کی بنیاد مساہلت اور نرمی پر ہے۔ اور شوہر کو اختیار ہوگا اس لئے کہ وسط نہیں معلوم ہوگا مگر قیمت سے پس قیمت اصل ہوگئی ادا کرنے کے حق میں اور غلام اصل ہے تسمیہ کے اعتبار سے پس شوہر کو ان کے درمیان اختیار ہوگا۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ ایک مرد نے کسی عورت سے نکاح کیا اور مہر ایسے حیوان کو بنایا جس کی صفت بیان نہیں کی گئی ہے۔ تو ہمارے نزدیک تسمیہ صحیح ہوگا اور شوہر پر واجب ہوگا کہ وہ عورت کو متوسط درجہ کا حیوان دیدے اور شوہر کو یہ بھی اختیار ہے کہ وہ متوسط درجہ کے حیوان کی قیمت دیدے۔ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ قدوری کے اس مسئلہ کی مراد یہ ہے کہ جنس حیوان بیان کردی گئی۔ وصف بیان نہیں کیا گیا۔ مثلاً یہ کہ نکاح کیا گھوڑے پر یا گدھے پر تو یہاں جنس حیوان تو بیان کردی گئی ہے لیکن یہ بیان نہیں کیا گیا کہ وہ گھوڑا ادنیٰ درجہ کا ہوگا یا اعلیٰ یا اوسط ہوگا البتہ اگر حیوان کی جنس ہی بیان نہیں کی گئی مثلاً دابہ پر نکاح کرلیا تو یہ تسمیہ صحیح نہیں ہوگا اور مہر مثل واجب ہوگا۔ صاحب ہدایہؒ کی عبارت میں جنس حیوان سے نوع حیوان مراد ہے اس لئے کہ فرس اور حمار جو مثالیں بیان کی ہیں یہ نوع ہیں جنس نہیں۔ صاحب ہدایہ کی طرف سے جواب یہ ہوگا کہ صاحب ہدایہؒ نے جنس سے وہ جنس مراد لی ہے جو فقہاء کی اصطلاح میں جنس ہے۔ مثلاً انسان وہ غیر فقہاء کی اصطلاح میں نوع ہے۔ بہرحال نوع حیوان سے مراد یہ ہے کہ ایک معنی ہوں جس میں بہت سے افراد شریک ہوں اور مقصود اصلی ان سب کا ایک ہو۔ حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ دونوں صورتوں میں خواہ جنس

بیان کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو مہر مثل واجب ہوگا۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ جو چیز عقد بیع میں ثمن نہیں بن سکتی وہ نکاح میں مہر مسمّی بھی نہیں بن سکتی ہے۔ اور مجہول یعنی غیر موصوف حیوان چونکہ بیع میں ثمن نہیں بن سکتا۔ لہٰذا عقد نکاح میں حیوان غیر موصوف مہر مسمّی بھی نہیں بن سکتا ہے اور عقد نکاح کو عقد بیع پر قیاس کرنے کی وجہ یہ ہے کہ دونوں عقد معاوضہ ہیں۔

احنافؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ نکاح معاوضہ مال بغیر مال ہے پس ہم نے نکاح کو ابتداء التزام مال قرار دیدیا یعنی شوہر اپنے اوپر بلا کسی عوض کے مال لازم کرتا ہے اور التزامِ مال اصل جہالت سے بھی فاسد نہیں ہوتا جیسے دیت میں شریعت نے سو اونٹ غیر موصوف مقرر کئے ہیں اور کسی نے کسی کے لئے اقرار کرلیا کسی چیز کا تو یہ اقرار درست ہے اور ہم نے یہ شرط لگائی کہ مسمّی مالِ معلوم الوسط ہو تا کہ زوجین میں سے دونوں کی رعایت ہو سکے۔ اور مسمّی معلوم الوسط اسی وقت ہو سکتا ہے جبکہ جنس یعنی نوع بیان کردی گئی ہو کیونکہ جنس یعنی نوع جید، ردی اور متوسط پر مشتمل ہوتی ہے اور متوسط کا تعلق دونوں طرف سے ہے اس لئے کہ وسط جید کے اعتبار سے ردی ہے اور ردی کی طرف نسبت کرتے ہوئے جید ہے۔ خلاصہ یہ ہوا کہ نکاح ابتداءً تو التزام مال ہے اور انتہاءً معاوضہ ہے۔ التزام مال کا تقاضا تو یہ ہے کہ اصل جہالت سے بھی نکاح فاسد نہ ہو جیسے اقرار التزام مال ہے، اصل جہالت کو بھی برداشت کرلیتا ہے اور معاوضہ کا تقاضا یہ ہے کہ نکاح مطلقاً جہالت کو برداشت نہ کرے نہ جہالت فاحشہ کو اور نہ جہالت یسیرہ کو جیسے بیع بالکل جہالت کی متحمل نہیں ہے۔ پس ہم نے دونوں مشابہتوں کی رعایت کرتے ہوئے کہا کہ نکاح جہالتِ فاحشہ یعنی اصل جہالت کو تو برداشت نہیں کرے گا۔ البتہ جہالت یسیرہ اور خفیفہ کو برداشت کرلے گا۔ اس لئے احنافؒ نے کہا کہ بیان جنس ضروری ہے البتہ بیان وصف ضروری نہیں ہے اور بیان جنس اس لئے بھی ضروری ہے کہ اگر جنس مجہول ہے تو وسط کا علم بھی نہیں ہو سکے گا کیونکہ جنس کا وسط ہی نہیں ہوتا۔ معانی اجناس کے مختلف ہونے کی وجہ سے۔ ایک صاحب نے کسی سے پوچھا کہ عقل بڑی ہے یا بھینس، تو جواب ملا کہ سوال ہی غلط ہے کیونکہ چھوٹا بڑا تو اتحاد جنس کے وقت ہوتا ہے اختلاف جنس کی صورت میں نہیں ہوتا۔

بخلاف البیع سے امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ نکاح کو بیع پر قیاس کرنا درست نہیں ہے اس لئے کہ بیع کی بنیاد ہے تنگی پر اور نکاح کی بنیاد ہے نرمی پر اور مساہلت پر۔

وانما یتخیر لأن الوسط سے صاحب ہدایہؒ نے اشکال کا جواب دیا ہے۔ اشکال یہ ہے کہ اوسط درجہ کا گھوڑا یا اوسط درجہ کا گدھا مہر مسمّی ہے اور قاعدہ ہے کہ مہر مسمّی کا ادا کرنا اگر ممکن ہو تو دوسری چیز ادا نہیں کی جائے گی پھر شوہر کو یہ اختیار کیوں دیا ہے کہ وہ اوسط درجہ کا جانور دیدے یا اس کی قیمت۔ جواب...... یہ ہے کہ وسط کا علم قیمت سے ہوگا کیونکہ جس کی قیمت بہت زیادہ ہے وہ جید ہے اور جس کی قیمت بہت کم ہے وہ ردی ہے اور جس کی نہ زیادہ ہے اور نہ کم وہ وسط ہے۔ پس ادا کے حق میں قیمت اصل ہوگی اور عبد اصل ہے تسمیۃً کیونکہ تسمیہ اس پر واقع ہوا ہے۔ حاصل یہ کہ ایک اعتبار سے قیمت اصل ہے اور ایک اعتبار سے مسمّی اصل ہے۔ لہٰذا شوہر کو اختیار ہوگا جو چاہے دیدے۔

ہدایہ کے اس نسخہ میں والعبد اصل تسمیۃ ہے۔ اس نسخہ کے اعتبار سے یوں کہیں گے کہ متن میں حیوان غیر موصوف کو مہر بنایا تھا یہاں اس کی ایک مثال عبد کا ذکر کردیا گیا۔ اور بعض نسخوں میں ہے لفظ والعین اصل یہ نسخہ زیادہ واضح ہے کیونکہ اس وقت مطلب ہوگا کہ عین شی یعنی مہر مسمّی اصل ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## ایسے کپڑے پر نکاح کیا جس کا وصف بیان نہیں کیا تو مہر مثل لازم ہے

**وَإِنْ تَزَوَّجَهَا عَلٰى ثَوْبٍ غَيْرِ مَوْصُوْفٍ فَلَهَا مَهْرُ الْمِثْلِ وَ مَعْنَاهُ اَنَّهُ ذَكَرَ الثَّوْبَ وَلَمْ يَزِدْ عَلَيْهِ وَوَجْهُهُ اَنَّ هٰذِهٖ جَهَالَةُ الْجِنْسِ لِاَنَّ الثِّيَابَ اَجْنَاسٌ وَلَوْ سَمّٰى جِنْسًا بِاَنْ قَالَ هَرَوِيٌّ تَصِحُّ التَّسْمِيَةُ وَيُخَيَّرُ الزَّوْجُ لِمَا بَيَّنَّا وَ**

كَذَا اِذَا بَالَغَ فِيْ وَصْفِ الثَّوْبِ فِيْ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ لِاَنَّهَا لَيْسَتْ مِنْ ذَوَاتِ الْاَمْثَالِ وَ كَذَا اِذَا سَمّٰى مَكِيْلًا اَوْ مَوْزُوْنًا وَ سَمّٰى جِنْسَه دُوْنَ صِفَتِهٖ وَاِنْ سَمّٰى جِنْسَه وَصِفَتَهٗ لَا يُخَيَّرُ لِاَنَّ الْمَوْصُوْفَ مِنْهَا يَثْبُتُ فِي الذِّمَّةِ ثُبُوْتًا صَحِيْحًا.

---

ترجمہ...... اور اگر نکاح کیا عورت سے ایسے کپڑے پر جس کا وصف بیان نہیں کیا گیا تو عورت کے لئے مہر مثل ہے اور مراد اس کی یہ ہے کہ ثوب کا ذکر تو کیا اور اس پر اضافہ نہیں کیا اور وجہ اس کی یہ ہے کہ یہ جہالت جنس ہے۔ کیونکہ کپڑے مختلف اجناس کے ہوتے ہیں اور اگر جنس بیان کی بایں طور کہ کہاہروی ہے تو تسمیہ صحیح ہے اور شوہر کو اختیار دیا جائے گا اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی۔ اور ایسے ہی جب مبالغہ کیا کپڑے کے وصف میں ظاہر الروایۃ میں۔ کیونکہ کپڑا ذوات الامثال میں سے نہیں ہے اور ایسے ہی جب ذکر کیا مکیلی یا موزونی چیز کا اور اس کی جنس بیان کی نہ کہ صفت۔ اور اگر ذکر کیا اس کی جنس اور صفت کو تو شوہر کو اختیار نہیں دیا جائے گا۔ اس لئے کہ موصوف ان میں سے ثابت ہوتا ہے ذمہ میں ثبوت صحیح کے طور پر۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ نکاح میں کپڑے کو مہر بنایا لیکن کپڑے کا وصف ذکر نہیں کیا مثلاً یہ تو کہہ دیا کہ مہر میں کپڑا دوں گا لیکن اس کی نوع بیان نہیں کی تو ایسی صورت میں ائمہ اربعہ کے نزدیک مہر مثل واجب ہوگا۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ اس صورت میں نوع مجہول ہے اس لئے کہ کپڑوں کی بہت سی انواع ہیں مثلاً روئی کا، کتان کا، ریشم کا، پس جہالت مسمّٰی کی وجہ سے مہر مثل واجب ہوگا۔ اور اگر کپڑے کی نوع بیان کر دی مثلاً کہا کہ وہ ہروی سوتی تھان کا ہوگا تو اب تسمیہ صحیح ہے اور شوہر کو قیمت اور اوسط درجہ کے ہروی کپڑے کے درمیان اختیار ہوگا۔ دلیل ماقبل میں گذر چکی اور اگر کپڑے کا وصف بیان کرنے میں مبالغہ کیا یعنی نوع بھی بیان کی گئی اور اس کا طول عرض، موٹائی اور سانچہ بھی متعین کر دیا گیا تو اس صورت میں بھی شوہر کو وسط ثوب اور اس کی قیمت کے درمیان اختیار ہوگا۔ کیونکہ کپڑا ذوات الامثال میں سے نہیں ہے بلکہ ذوات القیم میں سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کپڑا اگر ہلاک ہو گیا تو مضمون بالقیمۃ ہوگا مضمون بالمثل نہیں۔ اور اگر مہر کسی مکیلی چیز کو بنایا یا موزونی چیز کو اور اس کی نوع بیان کر دی مثلاً ایک کُر گندم یا ایک من زعفران کو مہر بنایا لیکن اس کی صفت بیان نہیں کی گئی تو اب بھی شوہر کو اوسط درجہ کے مسمّٰی اور اس کی قیمت کے درمیان اختیار ہوگا اور اگر نوع اور وصف دونوں بیان کر دیئے گئے تو اب شوہر پر مسمّٰی واجب ہوگا۔ قیمت اور مسمّٰی کے درمیان اختیار نہیں ہوگا۔ کیونکہ مکیلات اور موزونات میں سے جس کا وصف بیان کر دیا گیا تو وہ ذمہ میں علی الاطلاق ثابت ہوتی ہے بیع سلم میں بھی اور اس کے علاوہ میں بھی اس کے برخلاف ثوب موصوف کہ وہ صرف بیع سلم میں ذمہ میں خلاف قیاس ثابت ہوتا ہے۔

## مسلمان نے شراب یا خنزیر پر نکاح کیا تو مہر مثل لازم ہے

فَاِنْ تَزَوَّجَ مُسْلِمٌ عَلٰى خَمْرٍ اَوْ خِنْزِيْرٍ فَالنِّكَاحُ جَائِزٌ وَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا لِاَنَّ شَرْطَ قُبُوْلِ الْخَمْرِ شَرْطٌ فَاسِدٌ فَيَصِحُّ النِّكَاحُ وَ يَلْغُو الشَّرْطُ بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِاَنَّهٗ يَبْطُلُ بِالشُّرُوْطِ الْفَاسِدَةِ لٰكِنْ لَمْ تَصِحَّ التَّسْمِيَةُ لِمَا اَنَّ الْمُسَمّٰى لَيْسَ بِمَالٍ فِيْ حَقِّ الْمُسْلِمِ فَوَجَبَ مَهْرُ الْمِثْلِ.

---

ترجمہ...... پس اگر نکاح کیا کسی مسلمان نے شراب یا خنزیر پر تو نکاح جائز ہے اور عورت کے لئے اس کا مہر مثل ہوگا۔ اس لئے کہ قبول خمر کی شرط، شرط فاسد ہے۔ پس نکاح صحیح ہوگا اور شرط لغو ہوگی۔ بخلاف بیع کے اس لئے کہ بیع شروط فاسدہ سے باطل ہو جاتی ہے لیکن تسمیہ صحیح نہیں ہوا۔ کیونکہ مسمّٰی مال نہیں ہے۔ مسلمان کے حق میں۔ پس مہر مثل واجب ہوگا۔

تشریح...... مسلم مرد نے کسی عورت سے نکاح کیا اور مہر مقرر کیا شراب یا خنزیر کو تو امام ابوحنیفہؒ امام شافعیؒ، امام احمدؒ کے نزدیک نکاح درست ہوگا اور

مہر مثل واجب ہوگا اور امام مالکؒ کے نزدیک نکاح فاسد ہوگا، امام مالکؒ نکاح کو بیع پر قیاس کرتے ہیں کہ جس طرح بیع میں خمر اور خنزیر کو ثمن بنانے کی صورت میں بیع فاسد ہو جاتی ہے اسی طرح اگر نکاح میں خمر اور خنزیر کو مہر بنایا تو نکاح فاسد ہو جائے گا۔

**ائمہ ثلثہؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ جب شوہر نے کہا کہ میں نے تجھ سے خمر پر نکاح کیا تو گویا شوہر نے قبولیت خمر کی شرط لگادی اور قبولیتِ خمر کی شرط، شرط فاسد ہے۔ اور ماقبل میں گذر چکا کہ نکاح شروطِ فاسدہ سے باطل نہیں ہوتا بلکہ خود شروطِ فاسدہ باطل ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ شرط فاسد ترک تسمیہ سے بڑھ کر نہیں ہے اور جب ترک تسمیہ مبطلِ نکاح نہیں ہے تو شرط فاسد بدرجہ اولیٰ مبطل نکاح نہیں ہوگی۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ خمر اور خنزیر کا تسمیہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ خمر اور خنزیر مسلمان کے حق میں مال متقوم نہیں ہے۔ اور تسمیہ صحیح نہ ہونے کی صورت میں مہر مثل واجب ہوتا ہے۔ لہٰذا اس صورت میں بھی مہر مثل واجب ہوگا۔

**امام مالکؒ کے قیاس کا جواب**...... یہ ہے کہ صحتِ تسمیہ کے لئے شرط یہ ہے کہ مسمّٰی مال ہو اور جب مسمّٰی کے مال نہ ہونے کی وجہ سے تسمیہ باطل ہو گیا تو گویا عوض ذکر نہیں کیا گیا اور عدم ذکر عوض سے نکاح باطل نہیں ہوتا یہی تقریر بیع میں کریں گے کہ خمر اور خنزیر کے مال متقوم نہ ہونے کی وجہ سے بیع میں تسمیہ صحیح نہیں ہوا۔ اور جب تسمیہ صحیح نہیں ہوا تو گویا بیع میں ثمن ذکر نہیں کیا اور بیع عدم تسمیہ سے فاسد ہو جاتی ہے اس وجہ سے بیع فاسد ہو جائے گی۔

رہی یہ بات کہ بیع شروط فاسدہ سے فاسد ہو جاتی ہے نکاح فاسد نہیں ہوتا تو ان دونوں میں وجہ فرق یہ ہے کہ شرط فاسد بیع میں ربوٰ ہے اور ربا نص کتاب سے حرام ہے اور نکاح میں ربوٰ ہی نہیں ہے لہٰذا شرط رکن عقد میں مؤثر نہیں ہوگی، پس رکن عقد درست رہے گا اور شرط لغو ہو جائے گی۔

## عورت سے ایک سرکے کے مٹکے پر نکاح کیا، وہ اچانک شراب نکلا اور اگر غلام پر نکاح کیا وہ اچانک آزاد نکلا تو مہر مثل لازم ہے...... اقوالِ فقہاء

فَاِنْ تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً عَلٰى هٰذَا الدَّنِّ مِنَ الْخَلِّ فَاِذَا هُوَ خَمْرٌ فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَؒ وَ قَالَا لَهَا مِثْلُ وَزْنِهٖ خَلًّا وَ اِنْ تَزَوَّجَهَا عَلٰى هٰذَا الْعَبْدِ فَاِذَا هُوَ حُرٌّ يَجِبُ مَهْرُ الْمِثْلِ عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَؒ وَ مُحَمَّدٍؒ وَ قَالَ اَبُوْيُوْسُفَؒ تَجِبُ الْقِيْمَةُ لِاَبِىْ يُوْسُفَ اَنَّهٗ اَطْمَعَهَا مَالًا وَ عَجَزَ عَنْ تَسْلِيْمِهٖ فَتَجِبُ قِيْمَتُهٗ اَوْ مِثْلُهٗ اِنْ كَانَ مِنْ ذَوَاتِ الْاَمْثَالِ كَمَا اِذَا هَلَكَ الْعَبْدُ الْمُسَمّٰى قَبْلَ التَّسْلِيْمِ وَاَبُوْحَنِيْفَةَؒ يَقُوْلُ اِجْتَمَعَتِ الْاِشَارَةُ وَالتَّسْمِيَةُ فَتُعْتَبَرُ الْاِشَارَةُ لِكَوْنِهَا اَبْلَغَ فِى الْمَقْصُوْدِ وَ هُوَ التَّعْرِيْفُ فَكَاَنَّهٗ تَزَوَّجَ عَلٰى خَمْرٍ اَوْ حُرٍّ وَ مُحَمَّدٌؒ يَقُوْلُ الْاَصْلُ اَنَّ الْمُسَمّٰى اِذَا كَانَ مِنْ جِنْسِ الْمُشَارِ اِلَيْهِ يَتَعَلَّقُ الْعَقْدُ بِالْمُشَارِ اِلَيْهِ لِاَنَّ الْمُسَمّٰى مَوْجُوْدٌ فِى الْمُشَارِ ذَاتًا وَ الْوَصْفُ يَتْبَعُهٗ وَ اِنْ كَانَ مِنْ خِلَافِ جِنْسِهٖ يَتَعَلَّقُ بِالْمُسَمّٰى لِاَنَّ الْمُسَمّٰى مِثْلٌ لِلْمُشَارِ اِلَيْهِ وَ لَيْسَ بِتَابِعٍ لَهٗ وَالتَّسْمِيَةُ اَبْلَغُ فِى التَّعْرِيْفِ مِنْ حَيْثُ اَنَّهَا تُعَرِّفُ الْمَاهِيَةَ وَ الْاِشَارَةُ تُعَرِّفُ الذَّاتَ اَلَا تَرٰى اَنَّ مَنِ اشْتَرٰى فَصًّا عَلٰى اَنَّهٗ يَاقُوْتٌ فَاِذَا هُوَ زُجَاجٌ لَا يَنْعَقِدُ الْعَقْدُ لِاِخْتِلَافِ الْجِنْسِ وَلَوِاشْتَرٰى عَلٰى اَنَّهٗ يَاقُوْتٌ اَحْمَرُ فَاِذَا هُوَ اَخْضَرُ يَنْعَقِدُ الْعَقْدُ لِاِتِّحَادِ الْجِنْسِ وَ فِىْ مَسْأَلَتِنَا الْعَبْدُ مَعَ الْحُرِّ جِنْسٌ وَاحِدٌ لِقِلَّةِ التَّفَاوُتِ فِى الْمَنَافِعِ وَالْخَمْرُ مَعَ الْخَلِّ جِنْسَانِ لِفُحْشِ التَّفَاوُتِ فِى الْمَقَاصِدِ.

---

ترجمہ...... پس اگر نکاح کیا کسی عورت سے سرکہ کے اس مٹکے پر پھر اچانک دیکھا تو وہ شراب ہے تو عورت کے لئے اس کا مہر مثل ہوگا امام ابوحنیفہؒ

کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ اس کے لئے مٹکے کے وزن کے برابر سرکہ ہوگا۔ اور اگر نکاح کیا اس عورت سے اس غلام پر پھر اچانک وہ آزاد نکلا۔ تو مہر مثل واجب ہوگا طرفینؒ کے نزدیک۔ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ قیمت واجب ہوگی۔ ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ مرد نے عورت کو مال کا لالچ دلایا اور اس مال کو سپرد کرنے سے عاجز آ گیا تو اس کی قیمت واجب ہوگی یا اس کا مثل واجب ہوگا اگر ذوات الامثال میں سے ہے جیسا کہ جب عبد مسمّٰی ہلاک ہو گیا سپرد کرنے سے پہلے اور امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اشارہ اور تسمیہ جمع ہو گئے ہیں لہٰذا اشارہ کا اعتبار کیا جائے گا۔ کیونکہ وہ ابلغ ہے مقصود یعنی تعریف میں۔ پس گویا کہ نکاح کیا شراب پر یا آزاد پر اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ قاعدہ یہ ہے کہ مسمّٰی اگر مشار الیہ کی جنس سے ہے تو عقد متعلق ہوگا مشار الیہ کے ساتھ۔ اس لئے کہ مسمّٰی مشار الیہ میں ذات کے اعتبار سے موجود ہے اور وصف ذات کے تابع ہوتا ہے اور اگر مسمّٰی مشار الیہ کی جنس کے خلاف ہے تو عقد متعلق ہوگا مسمّٰی کے ساتھ اسلئے کہ مسمّٰی مشار الیہ کا مثل ہے اور اس کا تابع نہیں اور تسمیہ ابلغ ہے تعریف میں۔ اس لئے کہ تسمیہ تعارف کراتا ہے ماہیت کا اور اشارہ تعارف کراتا ہے ذات کا۔ کیا نہیں دیکھتا تو کہ جس شخص نے نگینہ خریدا اس شرط پر کہ وہ یاقوت ہے پھر نکلا وہ شیشہ تو عقد منعقد نہیں ہوگا اختلافِ جنس کی وجہ سے اور اگر خریدا اس شرط پر کہ وہ یاقوت احمر ہے پھر وہ یاقوتِ اخضر نکلا تو عقد منعقد ہو جائے گا اتحادِ جنس کی وجہ سے۔ اور ہمارے مسئلہ میں عبد مع الحر جنس واحد ہے منافع میں قلتِ تفاوت کی وجہ سے اور خمر مع الخل دو جنس ہیں مقاصد میں زیادہ تفاوت کی وجہ سے۔

**تشریح** ...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ نکاح میں مہر مقرر کیا گیا سرکہ کا ایک مٹکہ جو مشار الیہ ہے دیکھا تو شراب کا مٹکہ تھا تو اس مسئلہ میں امام صاحبؒ کے نزدیک مہر مثل واجب ہوگا اور صاحبینؒ کے نزدیک اس کا ہم وزن سرکہ واجب ہوگا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ مہر مقرر کیا عبد مشار الیہ کو بعد میں معلوم ہوا کہ وہ آزاد ہے تو اس مسئلہ میں طرفینؒ کا مذہب یہ ہے کہ مہر مثل واجب ہوگا اور ابو یوسفؒ کے نزدیک اس آزاد کو غلام فرض کر کے جو قیمت ہوگی وہ واجب ہے۔

حاصل اختلاف یہ کہ ذوات الامثال میں امام محمدؒ امام ابو یوسفؒ کے ساتھ ہیں اور ذوات القیم میں ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں۔ پھر اصول یہ ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تمام صورتوں میں اشارہ معتبر ہے اور ابو یوسفؒ کے نزدیک تمام صورتوں میں تسمیہ معتبر ہے اور امام محمدؒ کے نزدیک اشارہ اور تسمیہ میں اتحاد جنس کی صورت میں اشارہ معتبر ہے اور اختلاف جنس کے وقت تسمیہ کا اعتبار کیا گیا۔

**ابو یوسفؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ شوہر نے عورت کو ایک مال کا لالچ دیا ہے اور پھر اس مال کو سپرد کرنے سے عاجز آ گیا تو اب اگر وہ مال ذوات الامثال میں سے تھا تو اس کا مثل واجب ہوگا۔ اور اگر ذوات القیم میں سے تھا تو اس کی قیمت واجب ہوگی۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ تسلیم سے پہلے عبد مسمّٰی ہلاک ہو جائے تو اس کی قیمت واجب ہوگی ایسے ہی یہاں بھی۔

**امام ابو حنیفہؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ ہٰذا الدن اور ہٰذا العبد میں اشارہ اور تسمیہ جمع ہو گئے اور جب یہ دونوں جمع ہو جائیں تو اشارہ معتبر ہوتا ہے۔ کیونکہ مقصود یعنی تعریف میں اشارہ ابلغ ہے اور اشارہ اس لئے ابلغ ہے کہ اشارہ بمنزلہ وضع الید علی الشیٔ کے ہے۔ یعنی کسی چیز پر ہاتھ رکھ دینا اور ہاتھ رکھ دینے کے بعد کامل امتیاز حاصل ہو جاتا ہے کیونکہ کسی چیز کی طرف اشارہ کر کے اس کا غیر مراد لیا جائے تو یہ ممتنع ہے۔ اور لفظ بول کر غیر ما وضع لہ مراد لیا جا سکتا ہے۔ گویا اشارہ میں غیر کا احتمال ہی نہیں اور تسمیہ میں غیر کا احتمال ہے۔ اس لئے تعریف میں اشارہ ابلغ ہے بمقابلہ تسمیہ کے۔ پس جب اشارہ معتبر ہے تو گویا نکاح شراب یا آزاد پر ہوا ہے۔ اور جب ان دونوں میں سے کسی کو مہر بنایا جائے تو مہر مثل واجب ہوتا ہے لہٰذا ان دونوں صورتوں میں مہر مثل واجب ہوگا۔

**امام محمدؒ کی دلیل** ...... سے پہلے دو مقدمے ذہن نشین کر لیجئے۔ پہلا مقدمہ یہ ہے کہ ماہیت سے مراد حقیقت من حیث ھی ھی ہے اور ذات سے مراد جو موجود فی الخارج ہو اور اس کی طرف اشارہ حسیہ کیا جاتا ہو۔ دوسرا مقدمہ یہ کہ جنس سے مراد یہ ہے کہ اس کے افراد میں ایک امر فاصل ہو اور تفاوت بہت کم ہو جیسے غلام اور آزاد، مردار اور ذبیحہ، اور غیر انسان میں مذکر اور مؤنث اور جنسین سے مراد یہ ہے کہ اس کے افراد میں ایک امر سے زائد فاصل

ہواور افراد کے درمیان تفاوت فاحش ہو جیسے سرکہ اور شراب۔ان دونوں کے نام میں فصل ہے کہ ایک کا نام سرکہ اور دوسرے کا شراب اور صفت کے لحاظ فصل ہے کہ سرکہ میں کھٹا پن ہوتا ہے اور شراب میں حدت ہوتی ہے اور معنی کے اعتبار سے بھی تفاوت ہے۔ چنانچہ شراب میں نشہ ہوتا ہے اور سرکہ میں نشہ نہیں ہوتا۔جاریہ اور غلام میں اسم اور صفت دونوں فاصل ہیں۔

اب امام محمدؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہے...... کہ جس عقد میں اشارہ اور تسمیہ دونوں جمع ہو جائیں تو دیکھنا ہے کہ مسمّٰی اور مشارہ الیہ میں اتحاد جنس ہے یا اختلاف جنس۔اگر دونوں کی جنس ایک ہے تو مشار الیہ معتبر ہوگا۔اور عقد کا تعلق مشار الیہ کے ساتھ ہوگا۔ کیونکہ یہاں تسمیہ کسی دوسری ماہیت پر دلالت نہیں کرتا بلکہ صفت پر دلالت کرتا ہے اور صفت استحقاق میں موصوف کے تابع ہوتی ہے اور موصوف مشار الیہ میں موجود ہے پس جب موصوف یعنی مسمی ذاتاً مشار الیہ میں موجود ہے تو عقد کا تعلق مشار الیہ کے ساتھ ہی ہوگا۔اس لئے امام محمدؒ نے فرمایا کہ اتحاد جنس کی صورت میں مشار الیہ معتبر ہے اور مشار الیہ کے ساتھ عقد کا تعلق ہوگا اور اگر مسمّٰی اور مشار الیہ میں اختلاف جنس ہے تو مسمّٰی معتبر ہوگا کیونکہ اس وقت تسمیہ مشار الیہ کے خلاف دوسری ماہیت پر دلالت کرتا ہے پس مسمّٰی مشار الیہ کا مثل ہوگا۔اور احد المثلین آخر کا تابع نہیں ہوا کرتا۔پس استحقاق میں دونوں متعارض ہوں گے اور چونکہ اختلاف جنس کی صورت میں تسمیہ تعریف میں ابلغ ہے کیونکہ تسمیہ شناخت کراتا ہے ماہیت کی اور اشارہ شناخت کراتا ہے ذات کی حقیقت پر دلالت کئے بغیر اور تعریفِ ماہیت اولیٰ ہے تعریف ذات سے۔اس لئے ہم کہتے ہیں کہ تعریف میں تسمیہ ابلغ ہے اور جب تسمیہ ابلغ ہے تو مسمّٰی کا اعتبار ہوگا اور عقد کا تعلق اس صورت میں مسمّٰی کے ساتھ ہوگا نہ کہ مشار الیہ کے ساتھ۔صاحب ہدایہؒ نے امام محمدؒ کے اصول پر تفریع بیان کی ہے چنانچہ فرمایا کہ اگر کسی نے نگینہ خریدا یاقوت کی شرط لگا کر اور نکلا وہ شیشہ تو بیع باطل ہوگی۔ کیونکہ مسمّٰی یاقوت ہے اور مشار الیہ زجاج (شیشہ) ہے اور دونوں میں اختلافِ جنس ہے اور اختلافِ جنس کی صورت میں عقد متعلق ہوتا ہے مسمّٰی کے ساتھ اور مسمّٰی یعنی یاقوت معدوم ہے لہٰذا مبیع کے معدوم ہونے کی وجہ سے بیع باطل ہوگی۔اور اگر یاقوت احمر کہہ کر خریدا اور نکلا یاقوت اخضر تو بیع منعقد ہو جائے گی۔ کیونکہ یہاں مسمّٰی یاقوت احمر اور مشار الیہ یاقوت اخضر ہے اور ان دونوں میں اتحاد جنس ہے اور اتحاد جنس کی صورت میں عقد کا تعلق مشار الیہ کے ساتھ ہوتا ہے لہٰذا مشار الیہ مبیع ہوگا اور چونکہ اس صورت میں مبیع موجود ہے اس لئے عقد بیع درست ہوگا البتہ وصف کے فوت ہونے کی وجہ سے مشتری کو خیار قبول حاصل ہوگا۔

اب متن کے مسئلہ کو دیکھئے کہ آزاد اور غلام میں قلتِ تفاوت کی وجہ سے اتحاد جنس ہے اور اتحاد جنس کی صورت میں عقد متعلق ہوتا ہے مشار الیہ کے ساتھ اور یہاں مشار الیہ آزاد ہے جو مہر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا لہٰذا اس صورت میں مہر مثل واجب ہوگا۔اور سرکہ اور شراب میں مقاصد کے اعتبار سے فحش تفاوت ہے لہٰذا ان دونوں میں اختلاف جنس ہوگا اور اختلاف جنس کی صورت میں عقد متعلق ہوتا ہے مسمّٰی کے ساتھ اور مسمّٰی سرکہ ہے جو مہر بننے کی صلاحیت رکھتا ہے البتہ موجود نہ ہونے کی وجہ سے سپرد کرنے پر قدرت نہیں۔اور چونکہ سرکہ کا مثلہ ذوات الامثال میں سے ہے اس لئے اس کا مثل واجب ہوگا۔واللہ اعلم بالصواب۔

## دو غلاموں پر نکاح کیا پس اس میں سے ایک آزاد تھا تو عورت کے لئے غلام ہے بشرطیکہ دس دراہم کے برابر ہو......اقوالِ فقہاء

**فَاِنْ تَزَوَّجَهَا عَلٰى هٰذَيْنِ الْعَبْدَيْنِ فَاِذَا اَحَدُهُمَا حُرٌّ فَلَيْسَ لَهَا اِلَّا الْبَاقِيْ اِذَا سَاوٰى عَشَرَةَ دَرَاهِمَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ لِاَنَّهٗ مُسَمّٰى وَوُجُوْبُ الْمُسَمّٰى وَاِنْ قَلَّ يَمْنَعُ وُجُوْبَ مَهْرِ الْمِثْلِ وَ قَالَ اَبُوْيُوْسُفَ لَهَا الْعَبْدُ وَ قِيْمَةُ الْحُرِّ لَوْ كَانَ عَبْدًا لِاَنَّهٗ اَطْمَعَهَا سَلَامَةَ الْعَبْدَيْنِ وَ عَجَزَ عَنْ تَسْلِيْمِ اَحَدِهِمَا فَتَجِبُ قِيْمَتُهٗ وَ قَالَ مُحَمَّدٌ وَ هُوَ رِوَايَةٌ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ لَهَا الْعَبْدُ الْبَاقِيْ اِلٰى تَمَامِ مَهْرِ مِثْلِهَا اِنْ كَانَ مَهْرُ مِثْلِهَا اَكْثَرَ مِنْ قِيْمَةِ الْعَبْدِ لِاَنَّهَا لَوْ**

كَانَا حُرَّيْنِ يَجِبُ تَمَامُ مَهْرِ الْمِثْلِ عِنْدَهٗ فَاِذَا كَانَ اَحَدُهُمَا عَبْدًا يَجِبُ الْعَبْدُ اِلٰى تَمَامِ مَهْرِ الْمِثْلِ.

ترجمہ...... پس اگر نکاح کیا کسی عورت سے ان دو غلاموں پر پھر ان دونوں میں سے ایک آزاد نکلا تو عورت کے لئے صرف عبد باقی ہے گا جبکہ دس درہم کے برابر ہو ابوحنیفہؒ کے نزدیک۔ اس لئے کہ وہ مسمّٰی ہے اور وجوب مسمّٰی اگرچہ کم ہو منع کرتا ہے وجوب مہر مثل کو۔ اور ابو یوسفؒ نے کہا کہ عورت کے لئے غلام ہے اور آزاد کی قیمت اگر غلام ہوتا۔ اس لئے کہ لالچ دلایا عورت کو سلامتِ عبدین کا اور عاجز آ گیا ان دونوں میں سے ایک کو سپرد کرنے سے تو اس کی قیمت واجب ہوگی اور امام محمدؒ نے فرمایا اور وہ ایک روایت ہے امام ابوحنیفہؒ سے کہ عورت کے لئے عبد باقی ہوگا تمام مہر مثل تک اگر اس کا مہر مثل غلام کی قیمت سے زائد ہے۔ اس لئے کہ اگر وہ دونوں آزاد ہوتے تو تمام مہر مثل واجب ہوتا امام محمدؒ کے نزدیک پس جب ان دونوں میں سے ایک غلام ہے تو غلام واجب ہوگا تمام مہر مثل تک۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ دو غلاموں کی جانب اشارہ کر کے ان کو مہر بنایا۔ اتفاق سے ان میں ایک آزاد تھا اور ایک غلام تو اس بارے میں امام ابوحنیفہؒ کا مذہب یہ ہے کہ ان دونوں میں جو غلام ہے اگر اس کی مالیت دس درہم کے برابر ہے تو صرف وہ غلام واجب ہوگا۔ اور اگر دس درہم سے کم مالیت ہے تو دس درہم پورے کر دیئے جائیں۔ امام ابو یوسفؒ کا مسلک یہ ہے کہ غلام واجب ہوگا۔ اور آزاد کو غلام فرض کر کے اس کی قیمت کا اندازہ کر لیا جائے جو قیمت ہوگی وہ بھی شوہر پر واجب ہے اور امام محمدؒ کے نزدیک غلام واجب ہوگا تمام مہر مثل تک۔ یعنی اگر مہر مثل غلام کی قیمت سے زائد ہے تو مہر مثل مکمل کیا جائے۔ مثلاً غلام کی قیمت ہے ایک ہزار درہم اور عورت کا مہر مثل دو ہزار درہم ہیں تو عورت کو غلام کے ساتھ مزید ایک ہزار درہم دیدیئے جائیں تا کہ مہر مثل مکمل ہو سکے۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ تسمیہ اور اشارہ اگر جمع ہو جائیں تو اشارہ معتبر ہوتا ہے اور آزاد کی طرف اشارہ اس کو عقد سے خارج کر دے گا۔ کیونکہ آزاد مہر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے تو گویا ایک ہی غلام پر نکاح منعقد ہوا اور یہی ایک غلام مہر مسمّٰی ہے۔ اور مہر مسمّٰی کا وجوب مہر مثل کے وجوب کے لئے مانع ہے اگرچہ مہر مسمّٰی کم ہی کیوں نہ ہو اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ غلام باقی اور مہر مثل دونوں کو واجب کر دیں۔ کیونکہ یہ دونوں جمع نہیں ہو سکتے ہیں۔ امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ شوہر نے دو غلاموں کو ذکر کر کے عورت کو لالچ دلایا ہے دو غلاموں کی سلامتی کا۔ اور ان دونوں میں سے ایک کی تسلیم سے عاجز آ گیا۔ لہٰذا اس کی قیمت واجب ہوگی۔

**امام محمدؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ اگر یہ دونوں آزاد ہوتے تو مہر مثل واجب ہوتا۔ پس جب ایک غلام ہے تو غلام واجب ہوگا تمام مہر مثل تک۔ یعنی اگر غلام کی قیمت مہر مثل سے کم ہے تو اس کی کو پورا کر دیا جائے۔ امام محمدؒ کی دلیل کی بنیاد اس پر ہے کہ وہ اتحادِ جنس کی صورت میں اشارہ کا اعتبار کرتے ہیں۔

## قاضی نے نکاح فاسد میں دخول سے پہلے تفریق کر دی تو مہر نہیں ہوگا

وَاِذَا فَرَّقَ الْقَاضِيْ بَيْنَ الزَّوْجَيْنِ فِي النِّكَاحِ الْفَاسِدِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ فَلَا مَهْرَ لَهَا لِاَنَّ الْمَهْرَ فِيْهِ لَايَجِبُ بِمُجَرَّدِ الْعَقْدِ لِفَسَادِهٖ وَاِنَّمَا يَجِبُ بِاسْتِيْفَاءِ مَنَافِعِ الْبُضْعِ وَكَذَا بَعْدَ الْخَلْوَةِ لِاَنَّ الْخَلْوَةَ فِيْهِ لَا يَثْبُتُ بِهَا التَّمَكُّنُ فَلَا تُقَامُ مَقَامَ الْوَطْيِ فَاِنْ دَخَلَ بِهَا فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا لَا يَزَادُ عَلَى الْمُسَمّٰى عِنْدَنَا خِلَافًا لِزُفَرَؒ هُوَ يَعْتَبِرُ بِالْبَيْعِ الْفَاسِدِ وَ لَنَا اَنَّ الْمُسْتَوْفٰى لَيْسَ بِمَالٍ وَ اِنَّمَا يَتَقَوَّمُ بِالتَّسْمِيَةِ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى مَهْرِ الْمِثْلِ لَمْ يَجِبِ الزِّيَادَةُ لِعَدَمِ صِحَّةِ التَّسْمِيَةِ وَ اِنْ نَقَصَتْ لَمْ تَجِبِ الزِّيَادَةُ عَلَى الْمُسَمّٰى لِعَدَمِ التَّسْمِيَةِ بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِاَنَّهٗ مَالٌ مُتَقَوَّمٌ فِيْ نَفْسِهٖ فَيَتَقَدَّرُ بَدَلُهٗ بِقِيْمَتِهٖ وَ عَلَيْهَا الْعِدَّةُ اِلْحَاقًا لِلشُّبْهَةِ بِالْحَقِيْقَةِ فِيْ مَوْضِعِ الْاِحْتِيَاطِ وَ تَحَرُّزًا عَنْ اِشْتِبَاهِ النَّسَبِ.

ترجمہ......اور جب قاضی نے زوجین کے درمیان تفریق پیدا کردی نکاح فاسد کی صورت میں دخول سے پہلے تو عورت کے لئے مہر نہیں ہوگا اس لئے کہ مہر نکاح فاسد میں محض عقد کی وجہ سے واجب نہیں ہوتا۔ فساد عقد کی وجہ سے اور واجب ہوتا ہے منافع بضع کو وصول کر کے اور ایسے ہی مہر واجب نہیں ہوگا خلوت کے بعد اس لئے کہ نکاح فاسد میں خلوت کی وجہ سے قدرت علی الوطی ثابت نہیں ہوتی ہے، پس خلوت وطی کے قائم مقام نہیں ہوگی۔ پس اگر دخول کیا عورت کے ساتھ تو اس کے لئے مہر مثل ہوگا اور مسمّٰی پر زیادہ نہیں کیا جائے گا ہمارے نزدیک خلاف ہے امام زفرؒ کا وہ قیاس کرتے ہیں بیع فاسد پر اور ہماری دلیل یہ ہے کہ جو وصول کیا گیا (منافع بضع) وہ مال نہیں ہے اور وہ متقوم ہوگا تسمیہ سے پس جب تسمیہ مہر مثل پر زیادہ ہو گیا تو زیادتی واجب نہیں ہوگی عدم صحت تسمیہ کی وجہ سے اور اگر تسمیہ کم ہے تو مسمّٰی پر زیادتی واجب نہیں ہوگی۔ عدم تسمیہ کی وجہ سے بخلاف بیع کے۔ اس لئے کہ وہ مال متقوم ہے فی نفسہ پس اس کے بدل کا اندازہ ہوگا اس کی قیمت کے ساتھ اور اس پر عدت واجب ہوگی شبہ نکاح کو حقیقت نکاح کے ساتھ لاحق کرتے ہوئے مقام احتیاط میں اور اشتباہ نسب سے بچتے ہوئے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ قاضی نے نکاح فاسد کی صورت میں زوجین کے درمیان تفریق کردی۔ حالانکہ ابھی تک شوہر نے عورت کے ساتھ جماع نہیں کیا تو اس صورت میں عورت کے لئے مہر نہیں ہوگا نہ کل مہر ہوگا اور نہ نصف مہر اس کے برخلاف اگر نکاح صحیح ہے تو طلاق قبل الدخول کی صورت میں نصف مہر واجب ہوگا۔ نکاح فاسد مثلاً نکاح بلا شاہدین، **نکاح الاخت فی عدت الاخت فی الطلاق البائن. نکاح الخامسة فی عدة الرابعة** اور **نکاح الامة علی الحرہ** ہے۔ نکاح فاسد میں تفریق قبل الدخول کی وجہ سے مہر واجب نہ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ نکاح فاسد میں محض عقد کی وجہ سے مہر واجب نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ عقد فاسد ہے البتہ منافع بضع وصول کر لینے سے مہر کا وجوب ہو جاتا ہے۔ اور اس کی دلیل کہ نکاح فاسد میں نفس عقد کی وجہ سے مہر واجب نہیں ہوتا حضور ﷺ کا ارشاد ہے **ایما امرأة نکحت بغیر اذن ولیها فنکاحها باطل فَاِنْ دخل بها فلها الْمَهْر بما استحل من فرجها** یعنی جس عورت نے بغیر اذن ولی کے نکاح کیا تو اس کا نکاح باطل ہے۔ پس اگر اس عورت سے دخول کر لیا تو اس کے لئے مہر ہوگا اس کی شرمگاہ کو حلال کرنے کی وجہ سے۔ اس حدیث میں اللہ کے رسول نے بیان فرمایا کہ نکاح باطل میں مہر کا وجوب دخول سے ہوگا نہ کہ عقد اور خلوت سے۔

اسی طرح اگر نکاح فاسد میں عورت کے ساتھ خلوت کی گئی تب بھی عورت کے لئے مہر نہیں ہوگا۔ کیونکہ نکاح صحیح میں خلوت کے بعد مہر اس لئے واجب ہوتا تھا کہ خلوت وطی کے قائم مقام ہے اور نکاح فاسد میں چونکہ مانع شرعی موجود ہے۔ اس لئے یہ خلوتِ فاسدہ ہوگی۔ اور خلوتِ فاسدہ وطی کے قائم مقام نہیں ہوتی ہے۔ لہٰذا نکاح فاسد میں خلوت کے بعد بھی مہر واجب نہیں ہوگا۔ ہاں اگر عورت کے ساتھ دخول کر لیا تو اس کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اور یہ مہر مثل ہمارے نزدیک مسمّٰی سے زائد نہ ہونا چاہئے۔ امام زفرؒ کی رائے یہ ہے کہ مطلقاً مہر مثل واجب ہوگا مسمّٰی سے کم ہو یا زیادہ۔ امام زفرؒ نکاح فاسد کو قیاس کرتے ہیں بیع فاسد پر کہ جس طرح بیع فاسد میں قیمت واجب ہوتی ہے ثمن سے کم ہو یا زیادہ اسی طرح نکاح فاسد میں مہر مثل واجب ہوگا مہر مسمّٰی سے کم ہو یا زائد۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ منافع بضع جو وصول کئے گئے وہ مال نہیں ہیں۔ البتہ نکاح کے وقت جب مہر ذکر کیا گیا تو وہ منافع بضع متقوم ہو گئے۔ پس جب مہر مثل پر تسمیہ زیادہ ہو گیا تو زیادتی واجب نہیں ہوگی۔ کیونکہ مہر مثل سے زیادہ کا تسمیہ صحیح نہیں ہے۔ اور اگر تسمیہ مہر مثل سے کم ہو گیا۔ تو مسمّٰی سے زیادہ واجب نہیں ہوگا۔ کیونکہ مسمّٰی سے زیادہ کے لئے تسمیہ نہیں پایا گیا اور دوسری بات یہ کہ جب مسمّٰی مہر مثل سے کم ہے تو گویا عورت اپنے حق کو کم کرنے پر راضی ہو گئی اور عورت پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اس کے برخلاف بیع کہ عوض اس میں مال متقوم ہے فی نفسہ۔ لہٰذا اس کے بدل کا اندازہ اس کی قیمت سے لگے گا۔ اس لئے نکاحِ فاسد کو بیع فاسد پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے اور نکاح فاسد میں تفریق کے بعد عورت پر عدت واجب ہوگی۔ کیونکہ نکاح فاسد میں شبہۃ النکاح ہے لہٰذا شبہۃ النکاح کو حقیقت نکاح کے ساتھ لاحق کر دیا گیا موضع احتیاط میں، کیونکہ نسب ایسا امر ہے، جو کو

ثابت کرنے میں احتیاط کی جاتی ہے۔ پس عدت واجب ہوگی نسب کی حفاظت کے لئے اور اختلاطِ نسب سے بچنے کے لئے۔

## عدت کی ابتداء تفریق سے معتبر ہوگی نہ کہ آخری وطی سے

وَيُعْتَبَرُ ابْتِدَاؤُهَا مِنْ وَقْتِ التَّفْرِيْقِ لَا مِنْ اٰخِرِ الْوَطْيَاتِ هُوَ الصَّحِيْحُ لِأَنَّهَا تَجِبُ بِاعْتِبَارِ شُبْهَةِ النِّكَاحِ وَرَفْعُهَا بِالتَّفْرِيْقِ وَ يَثْبُتُ نَسَبُ وَلَدِهَا لِأَنَّ النَّسَبَ يُحْتَاطُ فِيْ اِثْبَاتِهٖ اِحْيَاءً لِلْوَلَدِ فَيَتَرَتَّبُ عَلَى الثَّابِتِ مِنْ وَجْهٍ وَ تُعْتَبَرُ مُدَّةُ النَّسَبِ مِنْ وَقْتِ الدُّخُوْلِ عِنْدَ مُحَمَّدٍ وَ عَلَيْهِ الْفَتْوٰى لِأَنَّ النِّكَاحَ الْفَاسِدَ لَيْسَ بِدَاعٍ اِلَيْهِ وَالْاِقَامَةُ بِاعْتِبَارِهٖ.

---

ترجمہ...... اور عدت کی ابتداء وقت تفریق سے معتبر ہوگی نہ کہ آخری وطی سے یہی قول صحیح ہے اس لئے کہ عدت واجب ہوتی ہے شبہۃ النکاح کے اعتبار سے اور شبہۃ النکاح کا رفع تفریق کے ذریعہ سے ہے اور اس عورت کے فرزند کا نسب ثابت ہوگا کیونکہ نسب ثابت کرنے میں احتیاط کی جاتی ہے ولد کو زندہ رکھنے کے لئے پس جو نکاح من وجہ ثابت ہوا اس پر بھی نسب مرتب ہوگا اور مدت نسب کا اعتبار کیا جائے گا دخول کے وقت سے امام محمدؒ کے نزدیک اور اسی پر فتویٰ ہے۔ اس لئے کہ نکاح فاسد داعی الی الوطی نہیں ہے اور نکاح وطی کے قائم مقام تھا اسی اعتبار سے۔

تشریح...... اس بارے میں اختلاف ہے کہ نکاح فاسد میں ابتدائے عدت کا اعتبار کب سے ہوگا۔ ائمۂ اربعہ کا مذہب یہ ہے کہ عدت کا آغاز تفریق کے وقت سے ہوگا نہ کہ آخری وطی سے۔ اور حضرت امام زفرؒ کا مذہب ہے کہ عدت کی ابتداء آخری وطی سے ہوگی چنانچہ اگر آخری وطی کے بعد تفریق سے پہلے تین حیض گذر گئے تو امام زفرؒ کے نزدیک اس عورت کی عدت پوری ہوگئی اور ائمۂ اربعہ کے نزدیک تفریق کے بعد سے عدت شروع ہوگی۔ صاحب ہدایہؒ نے امام زفرؒ کے مذہب کو قابلِ اعتناء نہ سمجھتے ہوئے ان کی دلیل بیان نہیں کی ہے اور ائمۂ اربعہ کی دلیل یہ ہے کہ نکاح فاسد کی صورت میں عدت اس لئے واجب ہوتی ہے کہ اس میں نکاح کا شبہ ہے۔ کیونکہ ارکان عقد یعنی ایجاب وقبول پائے گئے اور شبہۃ النکاح کا مرتفع ہونا تفریق سے ہوگا۔ لہٰذا تفریق کے وقت سے ہی عدت کی ابتداء ہوگی اور نکاح فاسد کے نتیجہ میں اگر بچہ پیدا ہوگیا تو اس کا نسب ثابت ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ نسب ثابت کرنے میں احتیاط کی جاتی ہے۔ کیونکہ اگر بچہ کا نسب ثابت نہ ہو۔ اور اس کا کوئی معروف باپ اور مربی نہ ہو تو وہ ضائع ہو جائے گا اور بسا اوقات موت تک واقع ہو جاتی ہے۔ پس باوجودیکہ نکاح فاسد من وجہ ثابت ہے۔ لیکن بچہ کو زندہ رکھنے کے لئے اس پر نسب مرتب ہو جائے گا اب رہی یہ بات کہ مدت نسب کا اعتبار کب سے ہوگا سو اس سلسلہ میں امام محمدؒ کا مسلک یہ ہے کہ مدت نسب کا اعتبار دخول کے وقت سے نہ کہ عقد نکاح کے وقت سے اور اسی پر فتویٰ ہے۔

اور شیخینؒ نے فرمایا کہ مدتِ نسب کا اعتبار وقت نکاح سے ہے۔ شیخینؒ کی دلیل یہ ہے کہ وہ نکاح فاسد کو قیاس کرتے ہیں نکاح صحیح پر کہ جس طرح نکاح صحیح میں مدت نسب وقت نکاح سے معتبر ہے۔ اسی طرح نکاح فاسد میں بھی مدت نسب کا اعتبار وقت نکاح سے ہوگا نہ کہ وقت دخول سے۔ اختلاف کا ثمرہ یہ ہوگا کہ نکاح فاسد کے چھ ماہ بعد بچہ پیدا ہوا۔ لیکن دخول کے وقت سے چھ ماہ کی مدت پوری نہیں ہوئی بلکہ کچھ کم ہے تو شیخینؒ کے نزدیک نسب ثابت ہو جائے گا اور امام محمدؒ کے نزدیک ثابت نہیں ہوگا۔ امام محمدؒ کی دلیل اور شیخینؒ کے قیاس کا جواب یہ ہے کہ نکاح صحیح میں مدت نسب کا اعتبار وقت نکاح سے اس لئے ہے کہ وہ داعی الی الوطی ہونے کی وجہ سے وطی کے قائم مقام ہے۔ اور چونکہ نکاح فاسد میں وطی حرام اور نکاح واجب الرفع ہے اس لئے وہ داعی الی الوطی بھی نہیں ہوگا اور جب نکاح فاسد داعی الی الوطی نہیں ہے تو وطی کے قائم مقام بھی نہیں ہوگا۔ پس مدت نسب وقت دخول سے معتبر ہوگی نہ کہ وقتِ نکاح سے۔

## مہر مثل کے لئے کن عورتوں کا مہر مدار ہے

قَالَ وَ مَهْرُ مِثْلِهَا يُعْتَبَرُ بِاَخَوَاتِهَا وَ عَمَّاتِهَا وَ بَنَاتِ اَعْمَامِهَا لِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ لَهَا مَهْرُ مِثْلِ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ فِيْهِ وَلَا شَطَطَ وَ هُنَّ اَقَارِبُ الْاَبِ وَلِاَنَّ الْاِنْسَانَ مِنْ جِنْسِ قَوْمِ اَبِيْهِ وَقِيْمَةُ الشَّيْءِ اِنَّمَا تُعْرَفُ بِالنَّظْرِ فِيْ قِيْمَةِ جِنْسِهٖ وَلَا يُعْتَبَرُ بِاُمِّهَا وَ خَالَتِهَا اِذَا لَمْ تَكُوْنَا مِنْ قَبِيْلَتِهَا لِمَا بَيَّنَّا فَاِنْ كَانَتِ الْاُمُّ مِنْ قَوْمِ اَبِيْهَا بِاَنْ كَانَتْ بِنْتَ عَمِّهٖ فَحِيْنَئِذٍ يُعْتَبَرُ بِمَهْرِهَا لِمَا اَنَّهَا مِنْ قَوْمِ اَبِيْهَا وَ يُعْتَبَرُ فِيْ مَهْرِ الْمِثْلِ اَنْ تَتَسَاوَى الْمَرْاَتَانِ فِي السِّنِّ وَالْجَمَالِ وَالْمَالِ وَالْعَقْلِ وَالدِّيْنِ وَالْبَلَدِ وَالْعَصْرِ لِاَنَّ مَهْرَ الْمِثْلِ يَخْتَلِفُ بِاخْتِلَافِ هٰذِهِ الْاَوْصَافِ وَ كَذَا يَخْتَلِفُ بِاخْتِلَافِ الدَّارِ وَالْعَصْرِ قَالُوْا وَ يُعْتَبَرُ التَّسَاوِيْ اَيْضًا فِي الْبُكَارَةِ لِاَنَّهٗ يَخْتَلِفُ بِالْبُكَارَةِ وَالثُّيُوْبَةِ.

---

ترجمہ...... اور عورت کے مہر مثل کو قیاس کیا جائے گا اس کی بہنوں پر۔ اس کی پھوپیوں پر اور اس کی چچا کی بیٹیوں پر ابن مسعودؓ کے قول کی وجہ سے کہ ایسی عورت کا (جس کا مہر ذکر نہیں کیا گیا اور شوہر مر گیا) مہر اس کی عورتوں کے مثل ہے نہ اس میں کمی ہے اور نہ زیادتی اور وہ عورتیں باپ کی قرابتدار ہیں اور اس لئے کہ آدمی اپنے باپ کی قوم کی جنس سے ہوتا ہے۔ اور شیٔ کی قیمت اس کی جنس کی قیمت دیکھ کر پہچانی جاتی ہے اور نہیں اعتبار کیا جائے گا اس کی ماں کا اور نہ اس کی خالہ کا جبکہ دونوں اس عورت کے قبیلہ سے نہ ہوں اسی دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی۔ پس اگر ماں اس کے باپ کی قوم سے ہے بایں طور کہ اس کے چچا کی بیٹی ہے تو اسی وقت اس کی ماں کے مہر کا اعتبار کیا جائے گا کیونکہ اس کی ماں اس کے باپ کی قوم سے ہے۔ اور مہر مثل میں اعتبار کیا گیا کہ دو عورتیں عمر، جمال، مال، عقل، دین شہر اور زمانہ میں برابر ہوں۔ اس لئے کہ مہر مثل ان اوصاف کے اختلاف سے مختلف ہو جاتا ہے شہر اور زمانہ کے اختلاف سے فقہاء نے کہا ہے کہ برابری معتبر ہوگی بکارت میں بھی اس لئے کہ مہر بکارت اور ثیبہ ہونے سے بھی مختلف ہو جاتا ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ عورت کے مہر مثل میں اس کے خاندان کی عورتوں کا اعتبار ہوگا۔ جو عورتیں اس کے باپ کی جانب منسوب ہیں مثلاً بہنیں، پھوپیاں اور چچا کی بیٹیاں، ابن ابی لیلیٰ مہر مثل میں عورت کی ماں اور جو عورتیں ماں کی جانب منسوب ہیں ان کا اعتبار کرتے ہیں مثلاً خالائیں ابن ابی لیلیٰ کی دلیل یہ ہے کہ مہر عورتوں کے بضع کی قیمت ہے لہٰذا عورتوں کی جانب سے جو قرابتیں ہیں مہر مثل میں ان ہی کا اعتبار کیا جائے گا۔ اور ہماری دلیل ابن مسعودؓ کا قول ہے **لها مهر مثل نسائها و هن اقارب الاب** یعنی عورت کے لئے اس کی عورتوں کا مہر مثل ہے اور وہ باپ کی قرابت دار ہیں اس قول میں نساء کی اضافت اس عورت کی طرف کی گئی ہے۔ یعنی اس عورت کی عورتیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ عورتوں کو منسوب کیا گیا ہے اس عورت کی جانب اور نسب میں باپ معتبر ہے نہ کہ ماں۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کی قوم کی جنس سے ہوتا ہے۔ اور شیٔ کی قیمت اس کی جنس کو دیکھ کر پہچانی جاتی ہے۔ لہٰذا بضع کی قیمت یعنی مہر مثل کو پہچاننے میں اس عورت کے باپ کی قرابتدار عورتوں کا اعتبار ہوگا نسب میں۔ چونکہ باپ کا اعتبار ہوتا ہے اسی وجہ سے باندی کے بیٹے کو خلیفہ بنانا درست ہے۔ بشرطیکہ اس کا باپ قریشی ہو۔ وہن اقارب الاب ابن مسعودؓ کا قول نہیں بلکہ ابن مسعودؓ کے قول نسائہا کی تفسیر ہے۔ بعض حضرات نے **ولأنّ الانسان من جنس قوم ابيه** ...... الخ سے واو کو ساقط کر دیا۔ اور اس کو نسائہا کے اقارب اب ہونے پر دلیل بنایا ہے مطلب یہ ہوگا کہ اس کی عورتیں اور وہ اقارب الاب ہیں۔ دلیل یہ ہے کہ انسان اپنے باپ کی قوم کی جنس سے ہوتا ہے۔ الخ

مہر مثل میں عورت کی ماں اور اس کی خالہ کا اعتبار نہیں ہوگا۔ جبکہ یہ دونوں اس عورت کے قبیلہ سے نہ ہوں۔ البتہ اگر ماں اس عورت کے باپ کی قوم کی جنس سے ہے تو مہر مثل میں اس کا اعتبار کیا جائے گا مثلاً عورت کے باپ نے شادی کی تھی اپنے چچا کی بیٹی سے۔ پس اس صورت میں اس

عورت کی ماں اور خالہ اس کے باپ کی قوم سے ہیں۔ لہٰذا مہر مثل میں ان کا بھی اعتبار کریں گے۔ صاحب قدوریؒ فرماتے ہیں کہ مہر مثل میں اس کا بھی اعتبار ہوگا کہ دو عورتیں عمر میں، جمال میں، مال میں، عقل اور دین میں، شہر اور زمانہ میں برابر ہوں۔ کیونکہ مہر مثل ان اوصاف کے اختلاف سے مختلف ہو جاتا ہے۔ اسی طرح شہر اور زمانہ کے اختلاف سے بھی مہر مثل مختلف ہو جاتا ہے بعض فقہاء نے بکارت میں بھی مساوات کا اعتبار کیا ہے۔ اس لئے کہ بکارت اور ثیوبت کی وجہ سے بھی مہر مثل مختلف ہو جاتا ہے۔ چنانچہ باکرہ کے بضع کی قیمت زیادہ ہوگی اور ثیبہ کے بضع کی قیمت کم۔ حاصل یہ کہ مہر مثل بضع کی قیمت ہے اور شئی کی قیمت معلوم ہوگی اس کی نظیر کو دیکھ کر۔ لہٰذا جو عورتیں مہر مثل میں معتبر ہیں وہ ان مذکورہ چیزوں میں اس عورت کے مساوی ہونی چاہئیں۔ اور متن میں سن سے نکاح کے وقت کا سن مراد ہے۔ واللہ اعلم۔

## ولی نے مہر کا ضمان اٹھالیا تو ضمان درست ہے

وَاِذَا ضَمِنَ الْوَلِیُّ الْمَهْرَ صَحَّ ضَمَانُهٗ لِاَنَّهٗ اَهْلُ الْاِلْتِزَامِ وَ قَدْ اَضَافَهٗ اِلٰی مَا يَقْبَلُهٗ فَيَصِحُّ ثُمَّ الْمَرْأَةُ بِالْخِيَارِ فِیْ مُطَالَبَتِهَا زَوْجَهَا اَوْ وَلِيَّهَا اِعْتِبَارًا بِسَائِرِ الْكَفَالَاتِ وَ يَرْجِعُ الْوَلِیُّ اِذَا اَدّٰی عَلَی الزَّوْجِ اِنْ كَانَ بِاَمْرِهٖ كَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِی الْكَفَالَةِ وَ كَذٰلِكَ يَصِحُّ هٰذَا الضَّمَانُ وَ اِنْ كَانَتِ الزَّوْجَةُ صَغِيْرَةً بِخِلَافِ مَا اِذَا بَاعَ الْاَبُ مَالَ الصَّغِيْرِ وَ ضَمِنَ الثَّمَنَ لِاَنَّ الْوَلِیَّ سَفِيْرٌ وَ مُعَبِّرٌ فِی النِّكَاحِ وَ فِی الْبَيْعِ عَاقِدٌ وَ مُبَاشِرٌ حَتّٰی تَرْجِعَ الْعُهْدَةُ عَلَيْهِ وَالْحُقُوْقُ اِلَيْهِ وَيَصِحُّ اِبْرَاؤُهٗ عِنْدَ اَبِیْ حَنِيْفَةَؒ وَ مُحَمَّدٍؒ وَيَمْلِكُ قَبْضَهٗ بَعْدَ بُلُوْغِهٖ فَلَوْ صَحَّ الضَّمَانُ يَصِيْرُ ضَامِنًا لِنَفْسِهٖ وَوِلَايَةُ قَبْضِ الْمَهْرِ لِلْاَبِ بِحُكْمِ الْاُبُوَّةِ لَا بِاِعْتِبَارِ اَنَّهٗ عَاقِدٌ اَلَاتَرٰی اَنَّهٗ لَا يَمْلِكُ الْقَبْضَ بَعْدَ بُلُوْغِهَا فَلَا يَصِيْرُ ضَامِنًا لِنَفْسِهٖ.

---

ترجمہ...... اور جب ضامن ہو گیا ولی مہر کا تو اس کا ضامن ہونا صحیح ہے۔ اس لئے کہ ولی التزام کا اہل ہے اور التزام کو جس چیز کی طرف منسوب کیا ہے وہ قابل التزام ہے۔ پس ضمان صحیح ہوگا۔ پھر عورت کو اختیار ہے اپنے مطالبہ کرنے میں اپنے شوہر سے یا اپنے ولی سے تمام کفالوں پر قیاس کرتے ہوئے۔ اور ولی رجوع کرے گا اگر ادا کر دیا شوہر سے اگر ضمان شوہر کے حکم سے تھا جیسا کہ دستور ہے کفالہ میں اور ایسا ہی یہ ضمان صحیح ہوگا اگر چہ بیوی صغیرہ ہو بخلاف اس صورت کے جبکہ باپ نے صغیر کا مال بیچا اور ثمن کا ضامن ہو گیا اس لئے کہ ولی نکاح میں سفیر اور معبر ہے اور بیع میں عاقد اور مباشر ہے۔ حتیٰ کہ ذمہ داری باپ پر لوٹے گی اور اسی کی طرف حقوق لوٹیں گے اور صحیح ہے باپ کا بری کر دینا طرفینؒ کے نزدیک اور مالک ہوگا باپ ثمن پر قبضہ کا صغیر کے بالغ ہونے کے بعد۔ پس اگر ضمان صحیح ہو جائے تو ضامن لنفسہ ہوگا۔ اور باپ کے لئے مہر پر قبضہ کرنے کی ولایت باپ ہونے کی وجہ سے ہے۔ اس اعتبار سے نہیں کہ وہ عاقد ہے۔ کیا نہیں دیکھتا تو کہ باپ صغیرہ کے بالغہ ہونے کے بعد قبضہ کا مالک نہیں ہے۔ پس باپ ضامن لنفسہ نہیں ہوگا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ ولی (باپ) نے اپنی بالغہ صاحبزادی کا نکاح کیا اور صاحبزادی کے لئے اس کے شوہر کی طرف سے مہر کا ضامن ہو گیا تو یہ ضامن ہونا شرعاً درست ہے۔ کیونکہ ولی التزام مال کا اہل ہے اور جس چیز کی طرف التزام کو منسوب کیا ہے۔ یعنی مہر وہ قابل التزام بھی ہے۔ اس لئے کہ مہر دین ہے اور دین میں کفالہ اور ضمان دونوں درست ہوتے ہیں۔ لہٰذا ولی کا بالغہ کے لئے شوہر کی طرف سے مہر کا ضامن ہونا صحیح ہے۔ پس جب ضمان درست ہو گیا تو عورت کو اختیار ہے کہ وہ مہر کا مطالبہ اپنے شوہر سے کرے یا ولی سے۔ کیونکہ تمام کفالوں میں یہی دستور ہے کہ رب المال مدیون اور کفیل دونوں سے مطالبہ کر سکتا ہے۔ اب اگر ولی نے مال مہر عورت کو ادا کر دیا تو دیکھا جائے گا کہ یہ ضمان شوہر کے حکم سے تھا یا نہیں۔ اگر شوہر کے حکم سے تھا تو ولی اس مال مہر کو شوہر سے رجوع کرے گا اور اگر بغیر حکم کے تھا تو ولی کو شوہر سے رجوع کا حق نہیں ہوگا

بلکہ یہ ادائیگی مہر ولی کی طرف سے تبرع ہوگا۔ کفالہ کا بھی یہی طریقہ ہے اور یہ صحتِ ضمان کا حکم اس وقت ہے جبکہ ولی ضامن ہوا زوجہ صغیرہ کے لئے۔ البتہ اگر باپ نے اپنے صغیر بیٹے کا مال فروخت کیا۔ اور مشتری کی جانب سے ثمن کا ضامن ہو گیا تو یہ ضمان درست نہیں ہے۔ خلاصہ یہ کہ باپ اپنی صغیرہ کے لئے شوہر کی طرف سے مہر کا ضامن تو بن سکتا ہے لیکن باپ اپنے صغیر بیٹے کے لئے مشتری کی جانب سے ثمن کا ضامن نہیں ہوسکتا ہے۔ وجہ فرق یہ ہے کہ ولی نکاح سفیر محض اور الفاظ کا ادا کرنے والا ہوتا ہے۔ اس سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں۔ اور بیع میں ولی سفیر محض نہیں ہوتا بلکہ عاقد اور مباشر ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نکاح میں حقوق نکاح اور نکاح کی ذمہ داری زوجین کی طرف لوٹتی ہے ولی کی طرف نہیں۔ مثلاً عورت کو نفقہ اور سکنی کے مطالبہ کا حق شوہر سے ہوگا ولی سے نہیں۔ اسی طرح شوہر قدرت علی الوطی کا مطالبہ عورت سے کرے گا نہ کہ ولی سے۔ اور بیع میں حقوق بیع عاقد کی طرف لوٹتے ہیں اصیل کی طرف نہیں مثلاً مشتری بیع پر قبضہ کا مطالبہ عاقد (ولی) سے کرے گا اصیل (صغیر) سے نہیں اور اسی طرح ثمن وصول کرنے کا حق ولی (عاقد) کو ہوگا اصیل (صغیر) کو نہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ اگر ولی مشتری کو ثمن سے بری کردے تو مشتری بری ہو جائے گا طرفینؒ کے نزدیک اور جس کے لئے ولی تھا اس کو ضمان دے گا۔ اور اسی لئے صغیر کے بالغ ہونے کے بعد بھی ولی ہی ثمن پر قبضہ کرے گا۔ پس جب نکاح میں ولی کی حیثیت سفیر اور معبر کی ہے تو اب اگر یہ اپنی بالغہ یا صغیرہ بیٹی کے لئے مہر کا ضامن بن گیا تو یہ ضمان لنفسہ نہیں ہوگا بلکہ ضمان لغیرہ ہوگا۔ اور ضمان لغیرہ جائز ہے لہٰذا باپ کا اپنی بیٹی کے لئے ضامن ہونا بھی درست ہے اور چونکہ عقد بیع میں ولی کی حیثیت سفیر محض کی نہیں بلکہ عاقد کی ہے تو اب اگر ولی یعنی باپ اپنے صغیر بیٹے کے لئے مشتری کی جانب سے ثمن کا ضامن ہو گیا تو یہ ضمان لنفسہ ہوگا اور یہ ناجائز ہے اس لئے بیع میں باپ اپنے بیٹے کے لئے مشتری کی جانب سے ثمن کا ضامن نہیں بن سکتا ہے۔

وولایة قبض المهر سے ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ باپ اپنی صغیرہ بیٹی کی طرف سے مہر پر قبضہ کا مالک ہے۔ جس طرح وکیل ثمن پر قبضہ کا مالک ہے۔ لہٰذا اگر باپ کا ضامن ہونا صحیح ہو جائے تو یہ ضمان لنفسہ ہوگا اور یہ ناجائز ہے۔

جواب...... باپ کو مہر پر قبضہ کی ولایت اس کے عاقد ہونے کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ باپ ہونے کی وجہ سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لڑکی کے بالغ ہونے کے بعد باپ مہر پر قبضہ کا مالک نہیں ہوگا۔ پس اگر باپ اپنی بیٹی کے لئے مہر کا ضامن ہو گیا تو یہ ضمان لنفسہ ہوگا اس واسطے اس کو جائز قرار دیا ہے۔

## عورت شوہر کو کب تک انتفاع سے روک سکتی ہے

قَالَ وَلِلْمَرْأَةِ اَنْ تَمْنَعَ نَفْسَهَا حَتّٰى تَاْخُذَ الْمَهْرَ وَ تَمْنَعَهُ اَنْ يُخْرِجَهَا اَیْ يُسَافِرُ بِهَا لِيَتَعَيَّنَ حَقُّهَا فِی الْبَدَلِ كَمَا تَعَيَّنَ حَقُّ الزَّوْجِ فِی الْمُبْدَلِ وَصَارَ كَالْبَيْعِ وَلَيْسَ لِلزَّوْجِ اَنْ يَمْنَعَهَا مِنَ السَّفَرِ وَالْخُرُوْجِ مِنْ مَنْزِلِهٖ وَ زِيَارَةِ اَهْلِهَا حَتّٰى يُوَفِّيَهَا الْمَهْرَ كُلَّهٗ اَیْ الْمُعَجَّلَ لِاَنَّ حَقَّ الْحَبْسِ لِاِسْتِيْفَاءِ الْمُسْتَحَقِّ وَ لَيْسَ لَهٗ حَقُّ الْاِسْتِيْفَاءِ قَبْلَ الْاِيْفَاءِ وَلَوْ كَانَ الْمَهْرُ كُلُّهٗ مُؤَجَّلًا لَيْسَ لَهَا اَنْ تَمْنَعَ نَفْسَهَا لِاِسْقَاطِهَا حَقَّهَا بِالتَّاجِيْلِ كَمَا فِی الْبَيْعِ وَفِيْهِ خِلَافُ اَبِیْ يُوْسُفَ وَاِنْ دَخَلَ بِهَا فَكَذٰلِكَ الْجَوَابُ عِنْدَ اَبِیْ حَنِيْفَةَ وَقَالَا لَيْسَ لَهَا اَنْ تَمْنَعَ نَفْسَهَا وَالْخِلَافُ فِيْمَا اِذَا كَانَ الدُّخُوْلُ بِرِضَاهَا حَتّٰى لَوْ كَانَتْ مُكْرَهَةً اَوْ كَانَتْ صَبِيَّةً اَوْ مَجْنُوْنَةً لَا يَسْقُطُ حَقُّهَا فِی الْحَبْسِ بِالْاِتِّفَاقِ وَ عَلٰى هٰذَا الْخِلَافِ الْخَلْوَةُ بِهَا بِرِضَاهَا وَ يُبْتَنٰى عَلٰى هٰذَا اِسْتِحْقَاقُ النَّفَقَةِ لَهُمَا اَنَّ الْمَعْقُوْدَ عَلَيْهِ كُلَّهٗ قَدْ صَارَ مُسَلَّمًا اِلَيْهِ بِالْوَطْيَةِ الْوَاحِدَةِ اَوْ بِالْخَلْوَةِ وَلِهٰذَا يَتَاَكَّدُ بِهَا جَمِيْعُ الْمَهْرِ فَلَمْ يَبْقَ لَهَا حَقُّ الْحَبْسِ كَالْبَائِعِ اِذَا سَلَّمَ الْمَبِيْعَ وَلَهٗ اَنَّهَا مَنَعَتْ مِنْهُ مَا قَابَلَ بِالْبَدَلِ لِاَنَّ كُلَّ وَطْيَةٍ تَصَرُّفٌ فِی الْبُضْعِ الْمُحْتَرَمِ فَلَا يُخْلٰى عَنِ الْعِوَضِ اِبَانَةً لِخَطَرِهٖ وَالتَّاكِيْدُ بِالْوَاحِدَةِ لِجَهَالَةِ مَا وَرَائَهَا فَلَا يَصْلُحُ مُزَاحِمًا

لِلْمَعْلُوْمِ ثُمَّ اِذَا وُجِدَ وَطْیٌ اٰخَرُ وَصَارَ مَعْلُوْمًا تَحَقَّقَتِ الْمُزَاحَمَةُ وَ صَارَ الْمَهْرُ مُقَابَلًا بِالْكُلِّ كَالْعَبْدِ اِذَا جَنٰی جِنَايَةً يُدْفَعُ كُلُّهٗ بِهَا ثُمَّ اِذَا جَنٰی جِنَايَةً اُخْرٰی وَ اُخْرٰی يُدْفَعُ بِجَمِيْعِهَا وَاِذَا اَوْفَاهَا مَهْرَهَا نَقَلَهَا اِلٰی حَيْثُ شَاءَ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ وَ قِيْلَ لَا يُخْرِجُهَا اِلٰی بَلَدٍ غَيْرِ بَلَدِهَا لِاَنَّ الْغَرِيْبَةَ تُؤْذِيْ وَ فِيْ قُرَى الْمِصْرِ الْقَرِيْبَةِ لَا تَتَحَقَّقُ الْغُرْبَةُ.

---

ترجمہ......اور عورت کے لئے اختیار ہے کہ وہ اپنے آپ کو روکے یہاں تک کہ مہر وصول کرے اور روکے شوہر کو یہ کہ نکالے اس کو یعنی اس کے ساتھ سفر کرے تا کہ عورت کا حق متعین ہو جائے بدل میں جیسا کہ شوہر کا حق مبدل میں متعین ہو گیا اور یہ بیع کے مانند ہو گیا اور شوہر کے لئے جائز نہیں کہ عورت کو روکے سفر کرنے سے اور اپنے گھر سے نکلنے سے اور اس کے اہل خانہ کی زیارت سے۔ یہاں تک کہ اس کو پورا مہر دیدے یعنی مہر معجّل اس لئے کہ روکنے کا حق مستحق کو وصول کرنے کے لئے ہے اور شوہر کے لئے وصول کرنے کا حق مہر ادا کرنے سے پہلے نہیں ہے۔ اور اگر مہر پورے کا پورا مؤجل ہے تو عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے آپ کو روکے۔ اس کے اپنا حق ساقط کرنے کی وجہ سے مؤجل کر کے جیسا کہ بیع میں اور اس میں اختلاف ہے ابو یوسفؒ کا اور اگر عورت کے ساتھ دخول کیا تو یہی حکم ہے ابو حنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے آپ کو روکے۔ اور اختلاف اس صورت میں ہے جبکہ دخول عورت کی رضامندی سے ہوا حتیٰ کہ اگر عورت سے زبردستی کی گئی یا وہ بچی تھی۔ یا دیوانی تو اس کا حق حبس کے سلسلہ میں بالاتفاق ساقط نہیں ہوگا۔ اور اسی اختلاف پر عورت کے ساتھ خلوت ہے اس کی رضامندی سے۔ اور اسی اختلاف پر استحقاق نفقہ مبنی ہوگا۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ معقود علَیہ پورے کا پورا شوہر کی طرف سپرد کر دیا گیا ایک وطی سے یا خلوت سے اور اسی وجہ سے ایک وطی یا خلوت کے ساتھ پورا مہر مؤکد ہو جاتا ہے۔ لہٰذا عورت کے لئے حق حبس باقی نہیں رہے گا جس طرح بائع نے جب مبیع کو سپرد کر دیا اور امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ عورت نے شوہر سے وہ چیز روکی جو مقابل بدل ہے۔ اس لئے کہ ہر وطی بضع محترم میں تصرف ہے۔ پس عوض سے خالی نہیں چھوڑی جائے گی اس کی عظمت کو ظاہر کرنے کے لئے اور ایک وطی سے مؤکد ہونا اس کے ماوراء کے مجہول ہونے کی وجہ سے ہے۔ پس وہ مجہول معلوم کا مزاحم نہیں بن سکتا ہے۔ پھر جب دوسری وطی پائی گئی اور وہ معلوم ہو گئی تو مزاحمت متحقق ہو گی اور مہر کل وطیات کا مقابل ہو جائے گا۔ جیسے غلام جب اس نے جنایت کی تو اس پورے غلام کو اس جنایت کی وجہ سے دیدیا جائے گا پھر جب اس نے دوسری اور تیسری جنایت کی تو تمام کے بدلے میں دیدیا جائے گا۔ اور جب شوہر نے عورت کو پورا مہر دیدیا تو شوہر عورت کو جہاں چاہے منتقل کرے۔ باری تعالیٰ کے قول کی وجہ سے رکھوان کو جہاں تم رہو' اور کہا گیا کہ نہ نکالو اس کو عورت کے شہر کے علاوہ، دوسرے شہر کی طرف۔ اس لئے کہ پردیس ایذاء پہنچائے گا اور شہر کے قریبی گاؤں میں پردیس متحقق نہیں ہوتا ہے۔

تشریح......مسئلہ کی چند صورتیں ہیں۔ کیونکہ اگر کسی عورت سے نکاح کیا مہر پر تو مہر پورے کا پورا معجّل ہوگا۔ یا پورا مؤجل یا بعض معجّل اور بعض مؤجل پس اگر پورا مہر معجّل ہے تو شوہر نے عورت کے ساتھ دخول کیا ہے یا نہیں۔ اگر پورا مہر معجّل ہے اور شوہر نے عورت کے ساتھ دخول بھی نہیں کیا تو اس صورت میں عورت کو اختیار ہے کہ وہ اپنے شوہر کو وطی پر قدرت نہ دے یہاں تک کہ پورا مہر معجّل وصول کرے۔ اور اسی طرح عورت اپنے شوہر کے ساتھ سفر کرنے سے منع کر سکتی ہے۔ دلیل یہ ہے کہ نکاح عقد مبادلہ ہے۔ تساوی من الجانبین کا تقاضا کرتا ہے۔ اور مبدل یعنی بضع میں شوہر کا حق متعین ہے۔ لہٰذا عورت کو مہر پر قبضہ دیدیا جائے تا کہ عورت کا حق بدل یعنی مہر میں متعین ہو جائے اور تعیین میں بدلین کے درمیان مساوات ہو سکے۔ اور یہ بیع کے مانند ہے۔ یعنی جس طرح بائع طلب ثمن کی وجہ سے مبیع کو روک سکتا ہے اسی طرح عورت طلب مہر کی وجہ سے بضع کو روک سکتی ہے۔ اور اس صورت میں شوہر کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنی عورت کو سفر کرنے سے منع کرے اور اپنے گھر سے نکلنے سے۔ اور عورت کے گھر والوں کی زیارت کرنے سے منع کرے یہاں تک کہ شوہر اس کو پورا مہر معجّل ادا کر دے۔ دلیل یہ کہ شوہر کو حق حبس اس لئے حاصل تھا کہ وہ اپنا حق یعنی منافع بضع وصول کر سکے اور شوہر

اداءِ مہر سے پہلے اپنا حق وصول کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ لہٰذا شوہر کے لئے عورت کو سفر وغیرہ سے روکنے کا اختیار بھی نہیں ہوگا۔

**دوسری صورت**...... کہ مہر پورے کا پورا مؤجل ہو اس کی بھی دو صورتیں ہیں۔ کیونکہ شوہر نے عورت کے ساتھ دخول کیا ہے یا نہیں۔ اگر دخول نہیں کیا ہے تو عورت کو حق منع حاصل ہے یا نہیں۔ اس بارے میں اختلاف ہے۔ طرفینؒ کے نزدیک عورت کو حق منع حاصل نہیں ہے یعنی عورت کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ شوہر کو وطی پر قدرت نہ دے اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک عورت کو حق منع حاصل ہے۔ یعنی عورت کو یہ اختیار ہے کہ وہ شوہر کو وطی کرنے سے منع کر دے اور اس کو قدرت علی الوطی نہ دے۔ امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ اطلاق کے وقت موجب نکاح تسلیم مہر ہے۔ مہر عین ہو یا دین، پس جس وقت شوہر نے موجب نکاح کو جاننے کے باوجود اجل کو قبول کیا۔ یعنی یہ مان لیا کہ مہر بعد میں ادا کر دیا جائے گا تو گویا شوہر اس بات پر راضی ہو گیا کہ اس کا حق ادائیگی مہر تک کے لئے مؤخر کر دیا جائے۔ اور جب شوہر اپنے حق کو مؤخر کرنے پر راضی ہو گیا تو عورت کو بھی اس وقت تک حق منع حاصل رہے گا جب تک کہ شوہر مہر ادا نہ کر دے۔ طرفینؒ کی دلیل یہ ہے کہ عورت نے مہر مؤجل کر دینے کی وجہ سے اپنا حق طلب ساقط کر دیا ہے۔ اور جب عورت خود ہی اپنا حق طلب ساقط کر چکی تو اب اس کو شوہر کا حق مستحق یعنی بضع روکنے کا حق نہیں ہوگا جیسا کہ بیع میں یعنی بائع اگر ثمن مؤجل کر دے تو بائع کو مبیع روکنے کا حق نہیں ہے۔ اسی طرح اگر مہر مؤجل ہے تو عورت کو حق منع حاصل نہیں ہوگا۔

صاحب کتاب نے تیسری صورت بیان کی ہے کہ اگر عورت کے ساتھ دخول ہو گیا اور مہر معجّل ہے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ ہی حکم ہے یعنی عورت کو حق منع حاصل ہے اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ دخول کے بعد عورت کو حق منع حاصل نہیں ہوگا۔ یہ بات یاد رہے کہ امام صاحبؒ اور صاحبینؒ کا اختلاف اس صورت میں ہے جبکہ دخول عورت کی رضامندی سے ہوا ہو۔ چنانچہ اگر عورت سے زبردستی کی گئی یا وہ بچی ہے یا دیوانی تو بالاتفاق اس کا حق حبس ساقط نہیں ہوگا۔ یہی اختلاف اس وقت ہے جب عورت کی رضامندی سے اس کے ساتھ خلوت پائی گئی اسی اختلاف پر استحقاق نفقہ مبنی ہے۔ چنانچہ امام صاحبؒ کے نزدیک مدت منع میں عورت مستحق نفقہ ہوگی۔ کیونکہ یہ منع بحق ہے اور منع بحق کی وجہ سے یہ عورت ناشزہ اور نافرمان نہیں کہلائے گی اور صاحبین کے نزدیک مستحق نفقہ نہیں ہوگی۔ اس لئے کہ ان کے نزدیک یہ عورت ناشزہ ہے اور ناشزہ کے لئے نفقہ وغیرہ واجب نہیں ہوتا ہے۔ بہر حال دخول یا خلوت کے بعد صاحبینؒ کے نزدیک عورت کے لئے حق منع نہیں ہے اور امام صاحبؒ کے نزدیک عورت کے لئے حق منع حاصل ہے۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ جب شوہر نے عورت کے ساتھ ایک مرتبہ وطی کی یا خلوت صحیحہ کی تو عورت کی جانب سے شوہر کی طرف پورا معقود علیہ سپرد کر دیا گیا یہی وجہ ہے کہ ایک وطی یا خلوت سے پورا مہر واجب ہو جاتا ہے۔ چنانچہ دوسری وطی کے مقابلہ میں بھی اگر مہر ہوتا تو ایک وطی سے کل مہر واجب نہ ہوتا۔ پس جب عورت نے معقود علیہ سپرد کر دیا تو اب اس کے لئے اپنے آپ کو روکنے کا حق نہیں ہوگا۔ اور یہ بالکل ایسا ہے جیسا کہ بائع نے ثمن پر قبضہ کرنے سے پہلے مشتری کی جانب مبیع کو سپرد کر دیا تو بائع کو ثمن کی وجہ سے حبس مبیع کا حق حاصل نہیں ہوتا ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل بطور مناقضہ کے یہ ہوگی کہ ہمیں یہ بات تسلیم نہیں کہ ایک وطی سے پورا معقود علیہ یعنی بضع شوہر کے حوالہ کر دیا گیا۔ کیونکہ عورت نے شوہر سے ایسی چیز کو روکا ہے جس کے مقابلے میں بدل ہے۔ اس لئے کہ ہر وطی بضع محترم میں تصرف ہے۔ لہٰذا ہر وطی کے مقابلہ میں بدل یعنی مہر ہوگا۔ اور جب ہر وطی بضع محترم میں تصرف ہے تو ایک وطی سے کل بضع یعنی پورے معقود علیہ کا سپرد کرنا متحقق نہیں ہوگا۔ اور اسی دلیل کو معارضہ کے طور پر کہیں تو تقریر یہ ہوگی کہ عورت نے شوہر سے اسی چیز کو روکا ہے۔ جس کے مقابلہ میں بدل ہے۔ اس لئے کہ ہر وطی بضع محترم میں تصرف کرنا ہے اور تصرف فی البضع خالی عن العوض نہیں ہوتا ہے۔ اور اس چیز سے روکنا جس کے مقابلے میں بدل ہے صحیح ہے لہٰذا عورت کو ایک وطی کے بعد بھی حق منع حاصل رہے گا۔

**والتاكد بالوحدة**...... الخ سے صاحبینؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ ایک وطی سے کل مہر اس لئے ثابت ہو گیا تھا کہ اس وطی کے علاوہ دوسری وطیات مجہول ہیں اور مجہول معلوم کا مزاحم نہیں ہوتا ہے۔ اس لئے پورا مہر ایک وطی سے مؤکد ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اگر ایک

وطی کے بعد دوسری اور تیسری وطی بھی پائی گئی تو یہ دوسری اور تیسری وطی بھی معلوم ہوگی۔ اور ایک معلوم وطی دوسری معلوم وطی کا مزاحم بن سکتی ہے۔ تو اس صورت میں مہر صرف ایک وطی کا مقابل نہیں ہوگا۔ بلکہ جس قدر وطیات پائی گئیں سب کا مقابل ہوگا۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ ایک غلام نے ایک جنایت کی تو مولیٰ پر واجب ہے کہ وہ بدل جنایت ادا کرے یا غلام سپرد کردے۔ پس اگر پورا غلام ایک ہی بدل جنایت میں دیدیا گیا۔ پھر غلام نے دوسری اور تیسری جنایت کی تو تمام جنایتوں کا بدل یہی ایک غلام ہوگا اس سے زائد مولیٰ پر کچھ واجب نہیں ہوگا۔

اور اگر کچھ مہر معجّل ہے اور کچھ مؤجل تو مہر معجّل ادا کرنے سے پہلے عورت کو حق منع حاصل ہوگا اور اگر مہر معجّل عورت کو سپرد کردیا تو عورت کو حق منع حاصل نہیں ہوگا۔

لیکن اگر آپ اشکال کریں کہ اگر تعجیل مہر اور تاجیل دونوں سے سکوت کیا گیا ہے تو اس کا کیا حکم ہے۔ جواب ابو یوسفؒ کی دلیل کے ذیل میں ہم نے ذکر کیا ہے کہ اطلاق کے وقت موجب نکاح تسلیم مہر حالاً ہے۔ لہٰذا سکوت کے وقت پورا مہر معجّل ہی شمار ہوگا۔

**واذا اوفاھا** سے بیان فرمایا کہ اگر شوہر نے کل مہر ادا کردیا تو شوہر کو اختیار ہے کہ اس کو جہاں چاہے منتقل کرے۔ دلیل میں آیت پیش کی ہے۔ ترجمہ آیت ''ان کو گھر دور ہنے کے واسطے جہاں تم آپ رہو اپنی قدرت کے مطابق اور ان کو مضرت نہ پہنچاؤ'' فقیہ ابواللیثؒ کہتے ہیں کہ عورت کو اس کے شہر کے علاوہ دوسرے شہر کی طرف منتقل نہ کرے۔ کیونکہ دوسرا شہر عورت کے لئے پردیس ہے۔ اور پردیس اس عورت کو اذیت دے گا۔ ظہیر الدینؒ مرغینانی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے قول کو اختیار کرنا اولیٰ ہے، فقیہ ابواللیث کے قول کے مقابلہ میں۔ اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جہاں چاہو رکھو۔ لہٰذا فقیہ ابواللیثؒ کا یہ کہنا کہ اس کے شہر کے علاوہ کی طرف نہ نکالے صحیح نہیں ہے۔ لیکن فقیہ ابواللیثؒ کی طرف سے جواب دیا جاسکتا ہے کہ فقیہ نے بھی اللہ تعالیٰ کے قول کو اختیار کیا ہے۔ اس لئے کہ آگے چل کر اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلَا تُضَارُّوْهُنَّ عورتوں کو اذیت مت دو۔ اور ظاہر ہے کہ ان کو ان کے وطن سے نکالنے میں مضرت ہوگی۔ اس لئے عورت کو دوسرے شہر کی طرف منتقل نہ کیا جائے۔ البتہ شہر کے قریبی دیہات کی طرف عورت کو منتقل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ قریبی گاؤں سے مراد مدت سفر سے کم ہے کیونکہ اتنی مقدار سفر کرنے سے پردیس متحقق نہیں ہوتا۔

## ایک عورت سے نکاح کیا، پھر مہر میں اختلاف ہوگیا تو کس کا قول معتبر ہے؟

**قَالَ وَمَنْ تَزَوَّجَ امْرَأَةً ثُمَّ اخْتَلَفَا فِي الْمَهْرِ فَالْقَوْلُ قَوْلُ الْمَرْأَةِ اِلٰى تَمَامِ مَهْرِ مِثْلِهَا وَالْقَوْلُ قَوْلُ الزَّوْجِ فِيْمَا زَادَ عَلٰى مَهْرِ الْمِثْلِ وَاِنْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا فَالْقَوْلُ قَوْلُهٗ فِيْ نِصْفِ الْمَهْرِ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ مُحَمَّدٍؒ وَ قَالَ اَبُوْ يُوْسُفَؒ الْقَوْلُ قَوْلُهٗ بَعْدَ الطَّلَاقِ وَ قَبْلَهٗ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيَ بِشَيْءٍ قَلِيْلٍ وَ مَعْنَاهُ مَا لَا يَتَعَارَفُ مَهْرًا لَهَا هُوَ الصَّحِيْحُ لِاَبِيْ يُوْسُفَؒ اَنَّ الْمَرْأَةَ تَدَّعِي الزِّيَادَةَ وَ الزَّوْجَ يُنْكِرُ وَالْقَوْلُ قَوْلُ الْمُنْكِرِ مَعَ يَمِيْنِهٖ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيَ بِشَيْءٍ يُكَذِّبُهُ الظَّاهِرُ فِيْهِ وَ هٰذَا لِاَنَّ تَقَوُّمَ مَنَافِعِ الْبُضْعِ ضَرُوْرِيٌّ فَمَتٰى اَمْكَنَ اِيْجَابُ شَيْءٍ مِنَ الْمُسَمّٰى لَا يُصَارُ اِلَيْهِ وَلَهُمَا اَنَّ الْقَوْلَ فِي الدَّعَاوِيْ قَوْلُ مَنْ يَّشْهَدُ لَهُ الظَّاهِرُ وَالظَّاهِرُ شَاهِدٌ لِمَنْ يَّشْهَدُ لَهٗ مَهْرُ الْمِثْلِ لِاَنَّهٗ هُوَ الْمُوْجَبُ الْاَصْلِيُّ فِيْ بَابِ النِّكَاحِ وَ صَارَ كَالصَّبَّاغِ مَعَ رَبِّ الثَّوْبِ اِذَا اخْتَلَفَا فِيْ مِقْدَارِ الْاَجْرِ يُحَكَّمُ فِيْهِ قِيْمَةُ الصَّبْغِ ثُمَّ ذَكَرَ هٰهُنَا اَنَّ بَعْدَ الطَّلَاقِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ الْقَوْلُ قَوْلُهٗ فِيْ نِصْفِ الْمَهْرِ وَ هٰذَا رِوَايَةُ الْجَامِعِ الصَّغِيْرِ وَالْاَصْلِ وَذَكَرَ فِي الْجَامِعِ الْكَبِيْرِ اَنَّهٗ يُحَكَّمُ مُتْعَةُ مِثْلِهَا وَ هُوَ قِيَاسُ قَوْلِهِمَا لِاَنَّ الْمُتْعَةَ مُوْجَبَةٌ بَعْدَ الطَّلَاقِ كَمَهْرِ الْمِثْلِ قَبْلَهٗ فَتُحَكَّمُ كَهُوَ وَوَجْهُ التَّوْفِيْقِ اَنَّهٗ وَضَعَ الْمَسْأَلَةَ فِي الْاَصْلِ فِي الْاَلْفِ وَالْاَلْفَيْنِ وَالْمُتْعَةُ لَا تَبْلُغُ هٰذَا الْمَبْلَغَ فِي الْعَادَةِ فَلَا يُفِيْدُ تَحْكِيْمُهَا وَوَضْعُهَا**

فِي الْجَامِعِ الْكَبِيْرِ فِي الْمِائَةِ وَالْعَشَرَةِ وَ مُتْعَةُ مِثْلِهَا عِشْرُوْنَ فَيُفِيْدُ تَحْكِيْمُهَا وَالْمَذْكُوْرُ فِي الْجَامِعِ الصَّغِيْرِ سَاكِتٌ عَنْ ذِكْرِ الْمِقْدَارِ فَيُحْمَلُ عَلٰى مَا هُوَ الْمَذْكُوْرُ فِي الْاَصْلِ وَ شَرْحُ قَوْلِهِمَا فِيْمَا اِذَا اخْتَلَفَا فِيْ حَالِ قِيَامِ النِّكَاحِ اَنَّ الزَّوْجَ اِذَا ادَّعَى الْاَلْفَ وَالْمَرْأَةُ الْاَلْفَيْنِ فَاِنْ كَانَ مَهْرُ مِثْلِهَا اَلْفًا اَوْ اَقَلَّ فَالْقَوْلُ قَوْلُهُ وَاِنْ كَانَ اَلْفَيْنِ اَوْ اَكْثَرَ فَالْقَوْلُ قَوْلُهَا وَاَيُّهُمَا اَقَامَ الْبَيِّنَةَ فِي الْوَجْهَيْنِ تُقْبَلُ وَ اِنْ اَقَامَا الْبَيِّنَةَ فِي الْوَجْهِ الْاَوَّلِ تُقْبَلُ بَيِّنَتُهَا لِاَنَّهَا تُثْبِتُ الزِّيَادَةَ وَ فِي الْوَجْهِ الثَّانِيْ بَيِّنَتُهُ لِاَنَّهَا تُثْبِتُ الْحَطَّ وَ اِنْ كَانَ مَهْرُ مِثْلِهَا اَلْفًا وَ خَمْسَ مِائَةٍ تَحَالَفَا وَاِذَا حَلَفَا تَجِبُ اَلْفٌ وَ خَمْسُ مِائَةٍ هٰذَا تَخْرِيْجُ الرَّازِيِّ وَ قَالَ الْكَرْخِيُّ يَتَحَالَفَانِ فِي الْفُصُوْلِ الثَّلٰثَةِ ثُمَّ يُحَكَّمُ مَهْرُ الْمِثْلِ بَعْدَ ذٰلِكَ.

---

ترجمہ...... اور جس شخص نے کسی عورت سے نکاح کیا پھر دونوں نے مہر میں اختلاف کیا تو عورت کا قول (معتبر) ہوگا۔ اس کے تمام مہر مثل تک اور شوہر کا قول معتبر ہوگا اس مقدار میں جو مہر مثل پر زائد ہے۔ اور اگر اس کو طلاق قبل الدخول دی تو شوہر کا قول (معتبر) ہوگا نصف مہر میں۔ اور یہ ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہے۔ اور ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ شوہر کا قول (معتبر) ہوگا۔ طلاق کے بعد بھی اور طلاق سے پہلے بھی۔ مگر یہ کہ شوہر تھوڑی سی چیز لادے اور شی قلیل کی مراد وہ ہے کہ عورت کے لئے وہ مہر متعارف نہ ہو یہی صحیح ہے۔ ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے عورت دعویٰ کرتی ہے زیادتی کا اور شوہر منکر ہے اور منکر کا قول مع الیمین (معتبر) ہوتا ہے۔ مگر یہ کہ شوہر ایسی چیز بیان کرے جس کی ظاہر حال تکذیب کرتا ہو۔ اور یہ اس لئے کہ منافع بضع کا متقوم ہونا ضرورۃً ہے۔ پس جب تک مسمّٰی میں سے کسی چیز کا واجب کرنا ممکن ہو تو مہر مثل کی طرف رجوع نہیں کیا جائے گا۔ اور طرفین کی دلیل یہ ہے کہ دعووں میں اس کا قول (معتبر) ہوتا ہے جس کے واسطے ظاہر حال شاہد ہو اور ظاہر حال اس کے واسطے شاہد ہے، جس کے واسطے مہر مثل شاہد ہو۔ کیونکہ باب نکاح میں مہر مثل ہی موجب اصلی ہے۔ اور یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ رنگریز کا (مخاصمہ) کپڑے کے مالک کے ساتھ جبکہ اجرت کی مقدار میں اختلاف کیا ہو تو اس میں رنگ کی قیمت کو حکم بنایا جائے گا۔ پھر صاحب قدوری نے یہاں ذکر کیا کہ طلاق قبل الدخول کے بعد نصف مہر میں شوہر کا قول (معتبر) ہوگا۔ اور یہ روایت ہے جامع صغیر اور مبسوط کی۔ اور جامع کبیر میں ذکر کیا کہ عورت کے متعہ مثل کو حکم بنایا جائے گا۔ اور یہی قیاس ہے طرفینؒ کے قول کا۔ اس لئے کہ متعہ موجب ہے طلاق کے بعد۔ جیسا کہ مہر مثل موجب ہے طلاق سے پہلے۔ پس متعہ کو حکم بنایا جائے گا۔ جیسا کہ مہر مثل کو۔ اور توفیق کی وجہ یہ ہے کہ امام محمدؒ نے مبسوط میں مسئلہ فرض کیا ایک ہزار اور دو ہزار میں اور متعہ عادۃً اس مقدار کو نہیں پہنچتا ہے۔ پس متعہ کو حکم بنانا مفید نہیں ہوگا۔ اور مسئلہ کی وضع جامع کبیر میں سو اور دس میں ہے۔ اور اس عورت کا متعہ مثل بیس ہے۔ پس متعہ کو حکم بنانا مفید ہوگا اور جو کچھ جامع صغیر میں مذکور ہے وہ مقدار کے ذکر سے خاموش ہے۔ لہٰذا اس مقدار پر محمول کیا جائے گا جو مبسوط میں مذکور ہے اور طرفینؒ کے قول کی شرح اس صورت میں جبکہ اختلاف کیا قیام نکاح کے وقت یہ ہے کہ شوہر نے دعویٰ کیا ایک ہزار کا اور عورت دعویٰ کرتی ہے دو ہزار کا پس اگر عورت کا مہر مثل ایک ہزار یا کم ہے تو شوہر کا قول (معتبر) ہوگا۔ اور اگر مہر مثل دو ہزار یا زائد ہے تو عورت کا قول (معتبر) ہوگا اور دونوں میں سے جس نے بینہ قائم کیا دونوں صورتوں میں قبول کر لیا جائے گا۔ اور اگر دونوں نے بینہ قائم کیا تو پہلی صورت میں عورت کا بینہ قبول کیا جائے گا کیونکہ وہ زیادتی کو ثابت کرتی ہے اور دوسری صورت میں شوہر کا بینہ اس لئے کہ وہ کمی کو ثابت کرتا ہے اور اگر مہر مثل، ڈیڑھ ہزار ہے تو دونوں قسمیں کھا[ئیں] اور جب دونوں نے قسم کھالی تو ڈیڑھ ہزار واجب ہوگا۔ یہ امام ابوبکر جصاص رازی کی تخریج ہے اور امام کرخیؒ نے فرمایا کہ دونوں قسمیں کھائیں تینوں صورتوں میں پھر اس کے بعد مہر مثل کو حکم بنایا جائے۔

تشریح...... اس مسئلہ کی چند صورتیں ہیں۔ اس لئے کہ زوجین کا اختلاف حالت حیات میں ہے یا دونوں کی موت کے بعد ان کے ورثا نے

اختلاف کیا یا احد الزوجین کی موت کے بعد پس اگر حالت حیات میں زوجین نے اختلاف کیا تو پھر اس کی دو صورتیں ہیں کیونکہ یہ اختلاف طلاق کے بعد ہوگا۔ یا طلاق سے پہلے پھر ان میں سے ہر ایک کی دو دو صورتیں ہیں کیونکہ یہ اختلاف اصل میں ہوگا یا مقدار مسمّٰی میں مصنفؒ نے پہلے اس صورت کو بیان فرمایا کہ زوجین نے مقدار مسمّٰی میں اختلاف کیا قیام نکاح کے وقت یا فرقت بعد الدخول یا احد الزوجین کی موت کے بعد مثلاً شوہر کا دعویٰ ہے کہ مہر ایک ہزار ہے اور عورت کہتی ہے دو ہزار ہے تو اس بارے میں طرفینؒ کا مذہب یہ ہے کہ مہر مثل کی مقدار تک عورت کا قول قبول کیا جائے گا۔ اور مہر مثل سے زائد میں شوہر کا قول قبول ہوگا۔ اور اگر طلاق قبل الدخول واقع ہوئی تو نصف مہر کے سلسلہ میں صرف شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ عورت کا نہیں۔ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ اختلاف بعد الطلاق ہو یا قبل الطلاق دونوں صورتوں میں شوہر کا قول معتبر ہوگا البتہ اگر شوہر نے کوئی معمولی چیز بیان کی تو پھر اس کا قول معتبر نہ ہوگا۔

**شی قلیل** کی مراد میں فقہاءؒ کا اختلاف ہے بعض فقہاءؒ کی رائے تو یہ ہے کہ شی قلیل سے مراد دس درہم سے کم ہے خلاصہ یہ کہ اگر شوہر نے دس درہم سے کم کا دعویٰ کیا تو اس کا قول معتبر نہیں ہوگا اور دس درہم اور اس سے زائد میں ابو یوسفؒ کے نزدیک شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ صحیح بات یہ ہے کہ ابو یوسفؒ کے نزدیک شی قلیل سے مراد مہر غیر متعارف ہے یعنی شوہر مہر کی اتنی قلیل مقدار بیان کرتا ہے کہ عام طور سے اس جیسی عورت اس مقدار پر نکاح نہیں کرتی ہے۔ ابو یوسف رحمۃ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ عورت زیادتی مہر کی مدعی ہے اور شوہر زیادتی کا منکر ہے اور قاعدہ ہے کہ مدعی کے پاس بینہ نہ ہونے کی صورت میں منکر کا قول مع الیمین معتبر ہوتا ہے لہٰذا شوہر جو زیادتی کا منکر ہے اس کا قول مع الیمین معتبر ہوگا لیکن اگر شوہر نے اتنی قلیل مقدار بیان کی جس کی ظاہر حال تکذیب کرتا ہے تو اس قلیل مقدار میں شوہر کا قول معتبر نہیں ہوگا۔

امام ابو یوسفؒ کی ذکر کردہ دلیل کا حاصل یہ ہے منافع بضع غیر متقوم ہیں کیونکہ بضع مال نہیں۔ البتہ بضع کی عظمت کو ظاہر کرنے کے لئے یا توالد وتناسل کے پیش نظر منافع بضع کو ضرورۃً متقوم بنالیا گیا ہے پس جب تک مہر مسمّٰی (جو اصل ہے) کو واجب کرنا ممکن ہے۔ مہر مثل (جو ضرورۃً ثابت ہے) کی طرف رجوع نہیں کیا جائے گا۔ اس لئے ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ مہر مسمّٰی میں شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ مہر مثل کو حکم نہیں بنائیں گے۔

طرفینؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہے مدعی کے پاس اگر بینہ موجود نہ ہو تو مدعی علیہ کا قول مع الیمین معتبر ہوتا ہے اور مدعیٰ علیہ وہ شخص کہلاتا ہے جس کا قول ظاہر حال کے موافق ہو۔ اور چونکہ نکاح میں موجب اصلی مہر مثل ہے۔ لہٰذا جس کا قول مہر مثل کے موافق ہوگا اسی کا قول ظاہر حال کے موافق کہلائے گا۔

خلاصہ یہ ہے کہ طرفینؒ کے نزدیک مہر مثل کا حکم ہے۔ چنانچہ اگر مہر مثل ایک ہزار یا اس سے کم ہے تو شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ اور اگر مہر مثل دو ہزار یا اس سے زائد ہے تو عورت کا قول معتبر ہوگا۔ اور اگر مہر مثل ایک ہزار اور دو ہزار کے درمیان ہے تو مہر مثل واجب ہوگا۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ رنگریز اور صاحب ثوب کے درمیان اجرت کی مقدار میں اختلاف ہوا مثلاً صاحب ثوب کہتا ہے کہ رنگنے کی اجرت ایک درہم ہے اور رنگریز کہتا ہے کہ اجرت دو درہم ہیں تو اس صورت میں رنگ کی قیمت کو حکم بنایا جائے گا۔ اس کی صورت یہ ہوگی کہ پہلے بغیر رنگے کپڑے کی قیمت معلوم کرے۔ پھر رنگے ہوئے کی قیمت معلوم کرے۔ مثلاً بغیر رنگے کپڑے کی قیمت ہے دس درہم اور رنگے ہوئے کپڑے کی قیمت بارہ درہم ہیں۔ پس رنگ کی وجہ سے دو درہم کا اضافہ ہوا ہے تو یہ دو درہم رنگ کی قیمت ہوں گے۔ لہٰذا اس قیمت کو حکم بنایا جائے گا۔ چنانچہ رنگریز کا قول اس قیمت کے موافق ہے تو رنگریز کا قول قبول کیا جائے گا۔ اور اگر صاحب ثوب کا قول اس قیمت کے موافق ہے تو صاحب ثوب کا قول معتبر ہوگا۔

**ثم ذکر ھھنا...... الخ** سے صاحب ہدایہؒ نے امام محمدؒ کے اقوال میں تعارض بیان فرمایا ہے۔ تعارض یہ ہے کہ امام محمدؒ نے جامع صغیر اور مبسوط میں ذکر فرمایا کہ طلاق قبل الدخول کے بعد اگر مقدار مہر میں زوجین نے اختلاف کیا تو نصف مہر میں شوہر کا قول معتبر مانا جائے گا اور متعہ مثل کو حکم نہیں بنایا جائے گا۔ اور جامع کبیر میں ذکر کیا ہے کہ متعہ مثل کو حکم بنایا جائے گا۔ متعہ مثل زوجین میں سے جس کے قول کے موافق ہوگا نصف مہر میں اسی کا قول معتبر ہوگا۔ جامع کبیر کی روایت طرفینؒ کے قول کے مطابق ہے۔ کیونکہ جس طرح طلاق سے پہلے مہر مثل موجب نکاح ہے اسی طرح طلاق قبل

الدخول کے بعد متعہ موجب نکاح ہے۔ پس جس طرح مہر مثل حکم تھا اسی طرح متعہ مثل بھی حکم ہونا چاہئے۔ طرفینؒ کا ذکر خاص طور سے اس لئے کیا گیا ہے کہ ابو یوسفؒ کے نزدیک تمام صورتوں میں شوہر کا قول معتبر ہے۔

**وجہ التوفیق** سے صاحب ہدایہؒ اس تعارض کو دور فرما رہے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ مبسوط میں مسئلہ کی وضع ایک ہزار اور دو ہزار میں تھی۔ یعنی شوہر مدعی تھا ایک ہزار کا اور عورت دعویٰ کر رہی ہے دو ہزار کا اور متعہ بالعموم پانچ سو روپیہ کی مقدار کو نہیں پہنچتا ہے۔ اس وجہ سے متعہ کو حکم بنانے میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ کیونکہ شوہر نصف مسمّٰی یعنی پانچ سو کا پہلے ہی سے معترف ہے لہٰذا عورت کو پانچ سو درہم دیدیئے جائیں گے متعہ کو حکم بنانے کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ اور جامع کبیر میں مسئلہ کی وضع سو اور دس درہم میں ہے۔ یعنی شوہر کا دعویٰ ہے کہ مہر دس درہم ہیں اور عورت کا دعویٰ ہے کہ مہر سو درہم ہیں۔ اور متعہ مثل بالعموم بیس درہم کا ہوتا ہے۔ پس اب متعہ کو حکم بنانا مفید ہوگا۔ چنانچہ اس صورت میں متعہ عورت کی جانب کے لئے مؤید ہے اور جامع صغیر میں مقدار مہر کا ذکر نہیں کیا گیا۔ بلکہ اس سلسلہ میں جامع صغیر ساکت ہے۔ لہٰذا جامع صغیر کی روایت کو اس پر محمول کیا جائے گا جو مبسوط میں مذکور ہے کیونکہ امام محمدؒ کی تمام کتابوں میں مبسوط ہی اصل ہے۔ اور بعض لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ مبسوط پہلے تصنیف کی گئی۔ اس کے بعد جامع صغیر تصنیف کی گئی ہے لہٰذا مبسوط میں جو مذکور ہوگا وہ متعارف کے مانند ہے۔

**وشرح قولهما** سے طرفین کے قول کی تشریح فرما رہے ہیں۔ تشریح یہ ہے کہ جب زوجین نے مقدار مہر قبل الطلاق میں اختلاف کیا۔ مثلاً شوہر نے دعویٰ کیا کہ مہر ایک ہزار درہم ہے اور عورت دو ہزار کا دعویٰ کرتی ہے۔ تو اب اگر مہر مثل ایک ہزار یا اس سے کم ہے تو شوہر کا قول مع الیمین معتبر ہوگا۔ کیونکہ ظاہر حال شوہر کے قول کے موافق ہے۔ اور ظاہر حال جس کے قول کے موافق ہوتا ہے وہی مدعیٰ علیہ ہوگا۔ اور دعاوی میں اگر مدعی کے پاس بینہ موجود نہ ہو تو مدعیٰ علیہ کا قول مع الیمین معتبر ہوتا ہے۔ اور اگر مہر مثل دو ہزار یا اس سے زائد ہے تو عورت کا قول مع الیمین معتبر ہوگا۔

اور اگر زوجین میں سے کسی ایک نے بینہ قائم کر دیا تو دونوں صورتوں میں (مہر مثل شوہر کے قول کا شاہد ہو یا عورت کے قول کا) اس کا بینہ قبول کر لیا جائے گا۔ اور اگر دونوں نے بینہ پیش کر دیا تو پہلی صورت (جس وقت مہر مثل شوہر کے قول کا شاہد ہے) میں عورت کا بینہ قبول کیا جائے گا اور دوسری صورت (جس وقت مہر مثل عورت کا شاہد ہے) میں شوہر کا بینہ قبول کیا جائے گا۔ دلیل یہ ہے کہ بینہ اس چیز کو ثابت کرتا ہے جو ظاہراً ثابت نہ ہو اور چونکہ پہلی صورت میں عورت کا قول خلاف ظاہر ہے لہٰذا اس کا بینہ قبول ہوگا اور دوسری صورت میں شوہر کا قول خلاف ظاہر ہے۔ اس وجہ سے دوسری صورت میں شوہر کا بینہ قبول کیا جائے گا۔ اور اگر مہر مثل ڈیڑھ ہزار درہم ہے تو دونوں سے قسمیں لی جائیں گی کیونکہ زوجین میں سے ہر ایک مدعی بھی ہے اور منکر اور مدعیٰ علیہ بھی اس لئے کہ شوہر دعویٰ کر رہا ہے کہ مسمّٰی مہر مثل سے کم ہے اور عورت اس کی منکر ہے اور عورت کا دعویٰ مہر مثل سے زیادہ کا ہے۔ اور شوہر اس کا منکر ہے۔ پس جب دونوں منکر ہیں تو دونوں سے قسمیں لی جائیں کیونکہ بینہ نہ ہونے کی صورت میں منکر پر قسم واجب ہوتی ہے۔ رہی یہ بات کہ قسم کی ابتدا کون کرے گا۔ تو اس بارے میں قاضی خاں میں مذکور ہے کہ قاضی ابتداء بالحلف کے سلسلہ میں قرعہ اندازی کرے اور یہ قرعہ اندازی مستحب ہے۔ ورنہ قاضی جس سے چاہے ابتدا کرائے پس اگر شوہر نے قسم کھانے سے انکار کر دیا تو عورت کا قول معتبر ہوگا اور دو ہزار درہم واجب ہوں گے اور اگر عورت نے قسم سے انکار کر دیا تو شوہر کا قول معتبر ہوگا اور ایک ہزار مسمّٰی واجب ہوگا اور اگر دونوں نے قسم کھالی تو ڈیڑھ ہزار درہم واجب ہوں گے ایک ہزار بطریق تسمیہ کیونکہ ایک ہزار پر دونوں متفق ہیں اور پانچ سو بطریق مہر مثل اور اگر ان دونوں میں سے کسی ایک نے بینہ پیش کر دیا تو اس کا بینہ قبول کر لیا جائے گا اور اگر دونوں نے پیش کر دیا تو مہر مثل ڈیڑھ ہزار درہم واجب ہوں گے۔ اور تعارض کی وجہ سے دونوں بینیں باطل ہو جائیں گے۔ یہ امام ابوبکرؒ جصاص رازی کی تخریج ہے۔ اور امام کرخیؒ نے فرمایا کہ تینوں صورتوں میں زوجین سے قسم لی جائے مہر مثل زوج کے موافق ہو یا عورت کے موافق ہو یا کسی کے موافق نہ ہو۔ قسم کے بعد مہر مثل کو حکم بنایا جائے گا اس لئے کہ اصل تسمیہ پر تو دونوں متفق ہیں اور تسمیہ صحیحہ مہر مثل کی طرف رجوع کو منع کرتا ہے۔ لیکن جب دونوں نے قسمیں کھالیں تو تسمیہ متعذر ہو گیا۔ پس مہر مثل کو حکم بنایا جائے۔ واللہ

اعلم بالصواب (عینی شرح ہدایہ)

## اگر مہر مقرر میں اختلاف ہو تو بالاجماع مہر مثل واجب ہے

**وَلَوْ كَانَ الْاِخْتِلَافُ فِيْ اَصْلِ الْمُسَمّٰى يَجِبُ مَهْرُ الْمِثْلِ بِالْاِجْمَاعِ لِاَنَّهٗ هُوَ الْاَصْلُ عِنْدَهُمَا وَ عِنْدَهٗ تَعَذَّرَ الْقَضَاءُ بِالْمُسَمّٰى فَيُصَارُ اِلَيْهِ.**

---

ترجمہ...... اور اگر اختلاف اصل مسمّٰی میں ہے تو مہر مثل واجب ہوگا بالاتفاق۔ اس لئے کہ مہر مثل ہی اصل ہے طرفینؒ کے نزدیک اور ابو یوسفؒ کے نزدیک مسمّٰی کے ساتھ فیصلہ متعذر ہو گیا لہٰذا مہر مثل کی طرف رجوع کیا جائے گا۔

تشریح...... مذکورہ مسئلہ کی دوسری صورت یہ ہے کہ حالت حیات میں زوجین نے اصل مسمّٰی میں اختلاف کیا۔ مثلاً ایک کہتا ہے کہ عقد نکاح کے وقت مہر کو ذکر کیا گیا تھا دوسرا اس کا منکر ہے تو اس صورت میں منکر کا قول معتبر ہوگا۔ اور مہر مثل واجب ہوگا۔

طرفینؒ کی دلیل...... تو یہ ہے کہ مہر مثل ہی اصل ہے۔ لہٰذا اسی کو واجب کر دیا گیا ہے۔ اور ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اصل تو مہر مسمّٰی ہے۔ لیکن چونکہ اختلاف کی وجہ سے مسمّٰی کا فیصلہ متعذر ہو گیا اس لئے مہر مثل واجب ہوگا۔ اور اس صورت میں اگر طلاق قبل الدخول ہے تو بالاتفاق متعہ واجب ہوگا۔

اس جگہ بھی صاحب ہدایہؒ سے سہو ہو گیا۔ کیونکہ یہاں صاحب ہدایہؒ فرما رہے ہیں کہ مہر مثل کے اصل ہونے میں امام محمدؒ، امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں۔ حالانکہ ماقبل میں صفحہ ۱۳۲ پر اذا تزوّجها علیٰ هٰذا العبد او علیٰ هٰذاالعبد واحد هما او کس کے ذیل میں صراحت کی گئی ہے کہ امام محمدؒ ابو یوسفؒ کے ساتھ ہیں۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک مسمّٰی اصل ہے نہ کہ مہر مثل۔ چنانچہ وہاں دیکھ لیا جائے۔

## اگر اختلاف زوجین میں سے کسی ایک کی موت کے بعد ہوا تو کیا حکم ہے

**وَلَوْ كَانَ الْاِخْتِلَافُ بَعْدَ مَوْتِ اَحَدِهِمَا فَالْجَوَابُ فِيْهِ كَالْجَوَابِ فِيْ حَيَاتِهِمَا لِاَنَّ اِعْتِبَارَ مَهْرِ الْمِثْلِ لَا يَسْقُطُ بِمَوْتِ اَحَدِهِمَا.**

---

ترجمہ...... اور اگر اختلاف احد الزوجین کی موت کے بعد ہے تو اس صورت میں وہی حکم ہے جو حکم ان دونوں کی حیات میں تھا۔ اس لئے کہ مہر مثل کا اعتبار احد الزوجین کی موت سے ساقط نہیں ہوتا ہے۔

تشریح...... یہ مسئلہ مذکورہ کی تیسری صورت ہے۔ صورت مسئلہ یہ ہے کہ زوجین میں سے جو زندہ ہے اس نے میت کے ورثہ کے ساتھ اختلاف کیا۔ مہر کی مقدار میں اختلاف کیا ہو یا اصل مسمّٰی میں۔ دونوں صورتوں میں وہی حکم ہوگا جو حکم دونوں کی حیات میں اختلاف کی صورت میں تھا۔

یعنی اگر مقدار میں اختلاف ہے تو طرفینؒ کے نزدیک مہر مثل حکم ہوگا۔ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک شوہر کا قول معتبر ہوگا اور اگر اصل مسمّٰی میں اختلاف ہے تو دخول کے بعد بالاتفاق مہر مثل واجب ہوگا۔ اور دخول سے پہلے متعہ واجب ہوگا۔ تفصیل ماقبل میں گذر چکی۔ دلیل یہ ہے کہ احد الزوجین کی موت سے مہر مثل کا اعتبار ساقط نہیں ہوتا ہے۔ جیسے کسی عورت نے بغیر مہر کے کسی مرد سے نکاح کیا۔ پھر احد الزوجین کا انتقال ہو گیا تو اس صورت میں مہر مثل واجب ہوگا۔ اسی طرح یہاں بھی احد الزوجین کے انتقال سے مہر مثل ساقط نہیں ہوگا۔

## اگر ورثا میں اختلاف زوجین کی موت کے بعد ہوا تو شوہر کے ورثہ کا قول معتبر ہوگا...... اقوال فقہاء

**وَلَوْ كَانَ الْاِخْتِلَافُ بَعْدَ مَوْتِهِمَا فِي الْمِقْدَارِ فَالْقَوْلُ قَوْلُ وَرَثَةِ الزَّوْجِ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَلَايَسْتَثْنِي الْقَلِيْلَ وَ**

عِنْدَ اَبِیْ یُوْسُفَؒ الْقَوْلُ قَوْلُ الْوَرَثَةِ اِلَّا اَنْ یَّاتُوْا بِشَیْءٍ قَلِیْلٍ وَ عِنْدَ مُحَمَّدٍؒ الْجَوَابُ فِیْهِ کَالْجَوَابِ فِیْ حَالَةِ الْحَیٰوةِ وَ اِنْ کَانَ فِیْ اَصْلِ الْمُسَمّٰی فَعِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَؒ الْقَوْلُ قَوْلُ مَنْ اَنْکَرَهٗ فَالْحَاصِلُ اَنَّهٗ لَاحُکْمَ لِمَهْرِ الْمِثْلِ عِنْدَهٗ بَعْدَ مَوْتِهِمَا عَلٰی مَانُبَیِّنُهٗ مِنْ بَعْدُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

ترجمہ...... اور اگر زوجین کی موت کے بعد مقدار مسمّٰی میں اختلاف ہے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک شوہر کے ورثہ کا قول معتبر ہوگا۔ اور امام ابوحنیفہؒ قلیل کا استثناء نہیں کرتے ہیں اور ابو یوسفؒ کے نزدیک شوہر کے ورثہ کا قول (معتبر ہے) مگر یہ کہ وہ شئی قلیل بیان کریں اور امام محمدؒ کے نزدیک اس صورت میں وہی حکم ہے جو حکم حالتِ حیات میں ہے۔ اور اگر اختلاف اصل مسمّٰی میں ہے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک منکر تسمیہ کا قول (معتبر) ہوگا۔ حاصل کلام یہ کہ امام صاحبؒ کے نزدیک زوجین کی موت کے بعد مہر مثل حکم نہیں ہوگا۔ اس دلیل کی بناء پر جس کو ہم بعد میں انشاء اللہ بیان کریں گے۔

تشریح...... یہ مسئلہ مذکورہ کی چوتھی صورت ہے۔ صورت مسئلہ یہ ہے کہ زوجین کے انتقال کے بعد ان کے ورثہ نے مقدارِ مسمّٰی میں اختلاف کیا تو اس کے حکم میں احناف کا اختلاف ہے امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ شوہر کے ورثہ کا قول مع الیمین معتبر ہوگا اور امام ابوحنیفہؒ شئی قلیل کا استثناء بھی نہیں فرماتے ہیں۔ حتیٰ کہ امام صاحب کے نزدیک بہرصورت شوہر کے ورثہ کا قول معتبر ہوگا۔ اگرچہ وہ شئی قلیل کا دعویٰ کریں۔ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک بھی شوہر کے ورثہ کا قول معتبر ہوگا۔ اگرچہ وہ شئی قلیل کا دعویٰ کریں۔ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک بھی شوہر کے ورثہ کا قول معتبر ہوگا۔ لیکن ابو یوسفؒ شئی قلیل کا استثناء فرماتے ہیں۔ حاصل یہ کہ اگر شوہر کے ورثہ نے شئیِ قلیل کا دعویٰ کیا تو ابو یوسفؒ کے نزدیک قابل قبول نہیں ہوگا۔ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ اس صورت میں وہی حکم ہے جو حکم حالتِ حیات میں اختلاف کی صورت میں تھا۔ یعنی جس طرح حالتِ حیات میں مہر مثل کو حکم بنایا تھا اسی طرح دونوں کی موت کے بعد بھی مہر مثل ہی حکم ہوگا۔ امام محمدؒ نے حالت بعد الموت کو قیاس کیا ہے حالتِ حیات پر اور ابو یوسفؒ کی دلیل سابقہ مسئلہ میں گذر چکی۔

امام ابوحنیفہؒ کی دلیل کا حاصل...... یہ ہے کہ شوہر کے ورثہ زیادتی مہر کے منکر ہیں اور بینہ نہ ہونے کی صورت میں منکر کا قول مع الیمین معتبر ہوتا ہے۔ لہٰذا شوہر کے ورثہ کا قول مع الیمین معتبر ہوگا۔

اور اگر زوجین کے ورثہ نے اختلاف کیا اصل مسمّٰی میں تو امام صاحبؒ منکر تسمیہ کا قول معتبر مانتے ہیں۔ لیکن شوہر کے ورثہ پر کچھ واجب نہیں ہوگا۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک اس صورت میں مہر مثل کا فیصلہ کیا جائے گا۔ اسی کے قائل امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ ہیں اور فتویٰ بھی انہی حضرات کے قول پر ہے۔ لیکن امام شافعیؒ مہر مثل واجب کرتے ہیں تحالف کے بعد اور صاحبینؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک تحالف واجب نہیں ہے۔ تمام کے دلائل اگلے مسئلہ میں بیان کئے گئے ہیں۔ تھوڑا سا انتظار کیجئے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## زوجین فوت ہوگئے اور مہر مقرر تھا تو عورت کے ورثہ اس کی میراث سے لیں اور اگر مہر مقرر نہیں تھا تو ورثہ کے لئے کچھ بھی نہیں ہے...... اقوالِ فقہاء

وَاِذَا مَاتَ الزَّوْجَانِ وَ قَدْ سَمّٰی لَهَا مَهْرًا فَلِوَرَثَتِهَا اَنْ یَّاخُذُوْا ذٰلِكَ مِنْ مِیْرَاثِهٖ وَاِنْ لَمْ یُسَمِّ لَهَا مَهْرًا فَلَا شَیْءَ لِوَرَثَتِهَا عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَؒ وَقَالَا لِوَرَثَتِهَا الْمَهْرُ فِی الْوَجْهَیْنِ مَعْنَاهُ الْمُسَمّٰی فِی الْوَجْهِ الْاَوَّلِ وَ مَهْرُ الْمِثْلِ فِی الثَّانِیْ اَمَّا الْاَوَّلُ فَلِاَنَّ الْمُسَمّٰی دَیْنٌ فِیْ ذِمَّتِهٖ وَ قَدْ تَاَکَّدَ بِالْمَوْتِ فَیُقْضٰی مِنْ تَرِکَتِهٖ اِلَّا اِذَا عُلِمَ اَنَّهَا مَاتَتْ اَوَّلًا فَیَسْقُطُ نَصِیْبُهٗ مِنْ ذٰلِكَ وَ اَمَّا الثَّانِیْ فَوَجْهُ قَوْلِهِمَا اَنَّ مَهْرَ الْمِثْلِ صَارَ دَیْنًا فِیْ ذِمَّتِهٖ کَالْمُسَمّٰی فَلَا

يَسْقُطُ بِالْمَوْتِ كَمَا إِذَا مَاتَ اَحَدُهُمَا وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ مَوْتَهُمَا يَدُلُّ عَلٰى انْقِرَاضِ اَقْرَانِهِمَا فَبِمَهْرِ مَنْ يُقَدِّرُ الْقَاضِيْ مَهْرَ الْمِثْلِ.

---

ترجمہ...... اور جب زوجین کا انتقال ہوگیا حالانکہ عورت کے لئے مہر بیان ہو چکا ہے تو عورت کے ورثہ کے لئے جائز ہے کہ وہ اس مہر کو شوہر کی میراث میں سے لے لے اور اگر عورت کے لئے مہر بیان نہیں کیا گیا ہے تو عورت کے ورثہ کے لئے ابوحنیفہؒ کے نزدیک کوئی چیز نہیں ہے۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ عورت کے ورثہ کے لئے دونوں صورتوں میں مہر ہے۔ اس کی مراد یہ ہے کہ پہلی صورت میں مسمّٰی ہے اور دوسری صورت میں مہر مثل ہے۔ بہر حال اول سو اسلئے کہ مسمّٰی دین ہے شوہر کے ذمہ میں اور موت کی وجہ سے مسمّٰی مؤکد ہوگیا۔ پس شوہر کے ترکہ میں سے مسمّٰی کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔ مگر جب یہ معلوم ہو جائے کہ عورت پہلے مرگئی تو شوہر کا حصہ اس میں سے ساقط ہو جائے گا۔ اور بہر حال ثانی سو صاحبینؒ کے قول کی وجہ یہ ہے کہ مہر مثل شوہر کے ذمہ میں دین ہوگیا مسمّٰی کے مانند۔ لہٰذا موت کی وجہ سے ساقط نہیں ہوگا۔ جیسا کہ جب ان دونوں میں سے ایک مر گیا۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ زوجین کی موت ان دونوں کے معاصرین کے ختم ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ پس کس عورت کے مہر کے ساتھ قاضی مہر مثل کا اندازہ کرے گا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ میاں بیوی دونوں کا انتقال ہوگیا ہے اب دیکھنا ہے کہ عورت کے لئے مہر مسمّٰی تھا یا نہیں۔ اگر عورت کے لئے مہر مسمّٰی تھا تو بالاتفاق عورت کے ورثہ شوہر کے مال متروکہ میں سے مہر وصول کر لیں گے۔ اور اگر عورت کے لئے مہر مسمّٰی نہیں تھا تو اس صورت میں امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عورت کے ورثہ کے لئے کچھ نہیں ہوگا۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک اس صورت میں مہر مثل ہوگا۔ حاصل یہ کہ صاحبینؒ کے نزدیک دونوں صورتوں میں مہر ہے تسمیہ کی صورت میں مسمّٰی ہوگا اور عدم تسمیہ کی صورت میں مہر مثل ہوگا۔ متفق علیہ مسئلہ پر دلیل یہ ہے کہ مسمّٰی شوہر کے ذمہ میں دین ہے۔ اس دین کا ثبوت بینہ سے ہوا ہوگا یا زوجین کے باہمی اتفاق سے بہر حال مسمّٰی شوہر کے ذمہ میں دین ہے اور موت کی وجہ سے مسمّٰی مؤکد ہو جاتا ہے کیونکہ موت سے پہلے یہ احتمال تھا کہ شوہر طلاق قبل الدخول دیدے۔ اور اس کی وجہ سے مہر نصف رہ جائے لیکن موت کے بعد یہ احتمال باقی نہیں رہا۔ پس جب موت کی وجہ سے مہر مسمّٰی مؤکد ہوگیا تو شوہر کے ترکہ میں سے اس کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

ہاں البتہ اگر یہ معلوم ہو جائے کہ عورت کا انتقال شوہر سے پہلے ہوگیا ہے تو اس صورت میں شوہر کا حصہ اس مسمّٰی میں سے ساقط ہو جائے گا۔ اور شوہر کا حصہ یہ ہے کہ اگر بیوی صاحبِ اولاد ہے تو شوہر کو مال متروکہ میں سے ربع ملے گا۔ اور اگر بیوی صاحبِ اولاد نہیں ہے تو شوہر کو نصف ملے گا۔ درحقیقت اس کی چار صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ زوجین کا ایک ساتھ انتقال ہوا اور اس کا علم بھی ہے۔ دوم یہ کہ اس کا علم نہیں ہے کہ پہلے کس کا انتقال ہوا ہے۔ سوم یہ کہ اس کا علم ہے کہ شوہر کا انتقال پہلے ہوا ہے ان تینوں صورتوں میں عورت کے ورثا کو شوہر کے ترکہ میں سے کل مسمّٰی دیدیا جائے گا۔ چہارم یہ کہ یہ معلوم ہے کہ عورت کا انتقال پہلے ہوا ہے تو اس صورت میں اس مسمّٰی میں سے شوہر کا حصہ میراث نکال کر باقی عورت کے ورثا کو دے دیا جائے گا۔

مختلف فیہ صورت میں صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ جس طرح مہر مسمّٰی شوہر کے ذمہ میں دین ہے اسی طرح مہر مثل بھی شوہر کے ذمہ میں دین ہے۔ لہٰذا جس طرح مہر مسمّٰی موت کیوجہ سے ساقط نہیں ہوتا ہے اسی طرح مہر مثل بھی موت کیوجہ سے ساقط نہیں ہوگا۔ صاحبینؒ نے دوسرا قیاس کیا ہے احد الزوجین کی موت پر کہ جس طرح احد الزوجین کی موت سے مہر مثل کا اعتبار ساقط نہیں ہوتا ہے اسی طرح دونوں کی موت سے بھی مہر مثل ساقط نہیں ہوگا۔

**امام صاحبؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ زوجین کا انتقال ان دونوں کے ہم عمر لوگوں کے ختم ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اور قاضی اس عورت کے مہر مثل کا اندازہ لگاتا ہے اس کی ہم عمر اور ہم زمانہ عورتوں کے مہر کے ساتھ۔ پس جب قاضی اس کی ہم زمانہ عورتوں میں سے کسی کو نہیں پائے گا تو اس کے مہر مثل کا اندازہ کیسے لگایا جا سکتا ہے۔ اور جب مہر مثل کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا ہے تو اس کا وجوب بھی نہیں ہو سکے گا۔ لیکن اگر زمانہ پرانا نہیں ہوا اور زیادہ وقت نہیں گذرا تو اس عورت کے مہر مثل کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

بعض مشائخ نے امام صاحبؒ کی طرف سے ایک عمدہ نکتہ بیان کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ مہر مثل چونکہ بضع کی قیمت ہے۔ اس لئے وہ مہر مسمّٰی کے مشابہ ہے۔ کیونکہ مسمّٰی بھی بضع کی قیمت ہے۔ اور چونکہ مہر مثل غیر مال (منافع بضع) کے مقابلہ میں ہے۔ اس لئے صلہ کے مشابہ ہے۔ مثلاً نفقہ شوہر کی طرف سے صلہ ہے اور مسمّٰی نہ زوجین کی موت سے ساقط ہوتا ہے اور نہ احد الزوجین کی موت سے اور صلہ (نفقہ) زوجین کی موت سے بھی ساقط ہو جاتا ہے۔ اور احد الزوجین کی موت سے بھی اب اگر مہر مثل میں صرف مسمّٰی کی مشابہت کو ملحوظ رکھا جائے۔ تو مہر مثل دونوں صورتوں میں ساقط نہ ہونا چاہئے نہ زوجین کی موت سے اور نہ احد الزوجین کی موت سے اور اگر صرف نفقہ کی مشابہت کو ملحوظ رکھا جائے تو مہر مثل دونوں صورتوں میں ساقط ہونا چاہئے زوجین کی موت سے بھی اور احد الزوجین کی موت سے بھی لیکن ہم نے دونوں مشابہتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہا۔ چونکہ مہر مثل مسمّٰی کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے اس لئے احد الزوجین کی موت سے ساقط نہیں ہوگا۔ اور چونکہ صلہ یعنی نفقہ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے اس لئے زوجین کی موت سے مہر مثل ساقط ہو جائے گا۔ واللہ اعلم بالصواب (فتح القدیر)۔

## عورت کی طرف کوئی چیز بھیجی، عورت نے کہا یہ ہدیہ ہے، مرد کہتا ہے یہ مہر ہے تو مرد کا قول معتبر ہے

**وَمَنْ بَعَثَ اِلَى امْرَأَتِهٖ شَيْئًا فَقَالَتْ هُوَ هَدِيَّةٌ وَقَالَ الزَّوْجُ هُوَ مِنَ الْمَهْرِ فَالْقَوْلُ قَوْلُهٗ لِاَنَّهٗ هُوَ الْمُمَلِّكُ فَكَانَ اَعْرَفَ بِجِهَةِ التَّمْلِيْكِ كَيْفَ وَاَنَّ الظَّاهِرَ اَنَّهٗ يَسْعٰى فِيْ اِسْقَاطِ الْوَاجِبِ قَالَ اِلَّا فِي الطَّعَامِ الَّذِيْ يُؤْكَلُ فَاِنَّ الْقَوْلَ قَوْلُهَا وَالْمُرَادُ مِنْهُ مَا يَكُوْنُ مُهَيَّأً لِلْاَكْلِ لِاَنَّهٗ يَتَعَارَفُ هَدِيَّةً فَاَمَّا فِي الْحِنْطَةِ وَالشَّعِيْرِ فَالْقَوْلُ قَوْلُهٗ لِمَا بَيَّنَّا وَقِيْلَ مَا يَجِبُ عَلَيْهِ مِنَ الْخِمَارِ وَالدِّرْعِ وَغَيْرِهٖ لَيْسَ لَهٗ اَنْ يَّحْتَسِبَهٗ مِنَ الْمَهْرِ لِاَنَّ الظَّاهِرَ يُكَذِّبُهٗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.**

---

ترجمہ ...... اور جس شخص نے اپنی بیوی کی طرف کچھ بھیجا پھر عورت نے کہا کہ وہ ہدیہ ہے اور شوہر نے کہا کہ وہ مہر ہے تو شوہر کا قول (مع الیمین معتبر) ہوگا۔ کیونکہ شوہر ہی مالک بنانے والا ہے۔ پس وجہت تملیک سے زیادہ واقف ہے۔ کیسے (شوہر کا قول معتبر نہیں ہوگا) حالانکہ ظاہر یہی ہے کہ وہ واجب کو ساقط کرنے کی کوشش کرے گا مگر اس کھانے میں جو کھایا جاتا ہے عورت کا قول (معتبر) ہوگا۔ اور مراد اس طعام ماکول سے وہ ہے جو کھانے کے لئے تیار کیا گیا ہو۔ کیونکہ اس کا ہدیہ ہونا متعارف ہے۔ بہر حال گندم اور جو میں شوہر کا قول (معتبر) ہوگا۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی ہے۔ اور کہا گیا کہ جو چیز شوہر پر واجب ہے یعنی اوڑھنی اور کرتا وغیرہ شوہر کے لئے جائز نہیں کہ اس کو مہر میں شمار کرے۔ اس لئے کہ ظاہر اس کی تکذیب کرتا ہے اور اللہ زیادہ واقف ہے۔

تشریح ...... صورت یہ ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی کے پاس کوئی سامان بھیجا اور کہا کہ یہ مہر ہے اور عورت کہتی ہے کہ یہ ہدیہ ہے تو اس صورت میں شوہر کا قول مع الیمین معتبر ہوگا۔ دلیل یہ کہ شوہر مالک بنانے والا ہے۔ لہٰذا جہت تملیک سے وہ زیادہ واقف ہوگا کہ تملیک بطور ہدیہ ہے یا بطور ادائیگی مہر اور شوہر کے قول کو کیسے معتبر نہ مانا جائے حالانکہ ظاہر حال بھی اسی کا شاہد ہے۔ کیونکہ انسان کی پہلی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے اوپر سے واجب کو ساقط کر دے نہ یہ کہ واجب باقی رہے اور تبرع کرتا رہے۔

امام محمدؒ نے جامع صغیر میں فرمایا کہ اگر شوہر نے عورت کے پاس کھانے کی کوئی چیز بھیجی مثلاً بھونا گوشت پکا ہوا کھانا اور وہ میوے جو زیادہ دیر تک باقی نہیں رہ سکتے ان چیزوں میں عورت کا قول معتبر ہوگا۔ کیونکہ ان چیزوں کا ہدیہ ہونا متعارف ہے۔ عام طور سے ان چیزوں کو ہدیۃً بھیجا جاتا ہے نہ کہ ادائیگی مہر کے طور پر۔ البتہ اگر عورت کے پاس گندم، جو، شہد، گھی، اخروٹ، بادام، آٹا، شکر، زندہ بکری یا اور کوئی ایسی چیز بھیجی جو باقی رہنے والی ہے فساد بسرعت اس کی طرف سرایت نہیں کرتا تو اس صورت میں بھی شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ سابقہ دلیل کی وجہ سے یعنی شوہر اولاً واجب کو ساقط کرنے کی کوشش کرے گا۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ اگر شوہر نے عورت کے پاس ایسا سامان بھیجا جو شوہر پر واجب تھا مثلاً اوڑھنی، کرتا، پائجامہ اور

گھریلو استعمال کی چیزیں تو شوہران کو مہر میں شمار نہیں کر سکتا ہے۔ کیونکہ ظاہر حال شوہر کے لئے مکذب ہے۔ لیکن اگر شوہر نے موزے یا چادر وغیرہ واجب سے زائد چیز بھیجی تو اس کو مہر میں شمار کر سکتا ہے۔

## نصرانی نے نصرانیہ سے مردار پر یا بغیر مہر کے نکاح کیا، دخول کیا یا دخول سے پہلے طلاق دے دی یا شوہر فوت ہو گیا تو عورت کے لئے مہر نہیں

فَصْلٌ ...... وَاِذَا تَزَوَّجَ النَّصْرَانِيُّ نَصْرَانِيَّةً عَلٰى مَيْتَةٍ اَوْ عَلٰى غَيْرِ مَهْرٍ وَ ذٰلِكَ فِيْ دِيْنِهِمْ جَائِزٌ وَ دَخَلَ بِهَا اَوْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا اَوْ مَاتَ عَنْهَا فَلَيْسَ لَهَا مَهْرٌ وَ كَذٰلِكَ الْحَرْبِيَّانِ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ هُوَ قَوْلُهُمَاؒ فِي الْحَرْبِيَّيْنِ وَاَمَّا فِي الذِّمِّيَّةِ فَلَهَا مَهْرُ مِثْلِهَا اِنْ مَاتَ عَنْهَا اَوْ دَخَلَ بِهَا وَالْمُتْعَةُ اِنْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا وَ قَالَ زُفَرُؒ لَهَا مَهْرُ الْمِثْلِ فِي الْحَرْبِيَّيْنِ اَيْضًا لَهٗ اَنَّ الشَّرْعَ مَا شَرَعَ اِبْتِغَاءَ النِّكَاحِ اِلَّا بِالْمَالِ وَ هٰذَا الشَّرْعُ وَقَعَ عَامًا فَيَثْبُتُ الْحُكْمُ عَلَى الْعُمُوْمِ وَلَهُمَا اَنَّ اَهْلَ الْحَرْبِ غَيْرُ مُلْتَزِمِيْنَ اَحْكَامَ الْاِسْلَامِ وَوِلَايَةُ الْاِلْزَامِ مُنْقَطِعَةٌ لِتُبَايُنِ الدَّارِ بِخِلَافِ اَهْلِ الذِّمَّةِ لِاَنَّهُمْ اِلْتَزَمُوْا اَحْكَامَنَا فِيْمَا يَرْجِعُ اِلَى الْمُعَامَلَاتِ كَالرِّبٰوا وَالزِّنَاءِ وَوِلَايَةُ الْاِلْزَامِ مُتَحَقِّقَةٌ لِاِتِّحَادِ الدَّارِ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّ اَهْلَ الذِّمَّةِ لَا يَلْتَزِمُوْنَ اَحْكَامَنَا فِي الدِّيَانَاتِ وَ فِيْمَا يَعْتَقِدُوْنَ خِلَافَهٗ فِي الْمُعَامَلَاتِ وَوِلَايَةُ الْاِلْزَامِ بِالسَّيْفِ اَوْ بِالْمُحَاجَّةِ وَ كُلُّ ذٰلِكَ مُنْقَطِعٌ عَنْهُمْ بِاِعْتِبَارِ عَقْدِ الذِّمَّةِ فَاِنَّا اُمِرْنَا بِاَنْ نَتْرُكَهُمْ وَمَا يَدِيْنُوْنَ فَصَارُوْا كَاَهْلِ الْحَرْبِ بِخِلَافِ الزِّنَاءِ لِاَنَّهٗ حَرَامٌ فِي الْاَدْيَانِ كُلِّهَا وَالرِّبٰوا مُسْتَثْنٰى عَنْ عُقُوْدِهِمْ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَّا مَنْ اَرْبٰى فَلَيْسَ بَيْنَنَا وَ بَيْنَهٗ عَهْدٌ وَ قَوْلُهٗ فِي الْكِتَابِ اَوْ عَلٰى غَيْرِ مَهْرٍ يَحْتَمِلُ نَفْيَ الْمَهْرِ وَ يَحْتَمِلُ السُّكُوْتَ وَ قَدْ قِيْلَ فِي الْمَيْتَةِ وَالسُّكُوْتِ رِوَايَتَانِ وَ الْاَصَحُّ اَنَّ الْكُلَّ عَلَى الْخِلَافِ.

---

ترجمہ ...... اور جب نصرانی نے نصرانیہ سے نکاح کیا مردار پر یا بغیر مہر کے۔ حالانکہ یہ ان کے دین میں جائز ہے اور عورت کے ساتھ دخول کیا یا اس کو اس کے ساتھ دخول سے پہلے طلاق دیدی یا اس کو چھوڑ کر مر گیا تو عورت کے لئے مہر نہیں ہے اور یہی حکم ہے دو حربیوں کا دار الحرب میں اور یہ ابو حنیفہؒ کے نزدیک ہے اور یہی قول ہے صاحبینؒ کا دو حربیوں میں۔ اور بہرحال ذمیہ میں تو عورت کے لئے اس کا مہر مثل ہے۔ اگر اس عورت کو (چھوڑ کر) مر گیا یا اس کے ساتھ دخول کیا اور متعہ ہے اگر اس کو طلاق قبل الدخول دیدی اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ عورت کے لئے مہر مثل ہے دو حربیوں میں بھی۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ شریعت نے ابتغاء نکاح کو مشروع نہیں کیا مگر مال کے ساتھ اور یہ شریعت عام واقع ہوئی ہے۔ پس حکم علی العموم ثابت ہوگا۔ اور صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ اہل حرب احکام اسلام کو لازم کرنے والے نہیں ہیں۔ اور ولایت الزام منقطع ہے تباین دار کی وجہ سے۔ بخلاف اہل ذمہ کے اس لئے انہوں معاملات سے متعلق ہمارے احکام کا التزام کیا ہے۔ جیسے ربا اور زنا اور ولایت الزام بھی متحقق ہے اتحاد دار کی وجہ سے اور ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اہل ذمہ التزام نہیں کرتے ہیں ہمارے احکام کا دیانات میں اور ان چیزوں میں جن کے خلاف کا اعتقاد رکھتے ہیں معاملات میں اور ولایت الزام تلوار سے ہے یا اپنے دعویٰ کو بالدلیل ثابت کرنے سے اور ان سے ان میں سے ہر ایک منقطع ہے عقد ذمہ کی وجہ سے۔ اس لئے کہ ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ ہم ان کو ان کے دین پر چھوڑ دیں۔ پس اہل ذمہ بھی اہل حرب کے مانند ہو گئے ہیں۔ بخلاف زنا کے اس لئے کہ وہ تمام ادیان میں حرام ہے اور ربا ان کے عقود سے مستثنیٰ ہے حضور ﷺ کے قول الامن اربیٰ الحدیث کی وجہ سے خبردار جس نے ربا کا معاملہ

کیا۔ ہمارے اور اس کے درمیان کوئی عہد نہیں ہے۔ اور امام محمدؒ کا قول جامع صغیر میں او علی غیر مھر نفی مہر کا بھی احتمال رکھتا ہے اور سکوت کا بھی اور کہا گیا کہ مردار اور سکوت میں دو روایتیں ہیں اور صحیح یہ ہے کہ تمام صورتوں میں اختلاف ہے۔

تشریح...... چونکہ احکام شرع میں مسلمان اصول کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور کفار معاملات میں مسلمانوں کے تابع ہیں اور نکاح بھی کفار کے حق میں معاملات کے قبیل سے ہے۔ اس لئے مصنف ہدایہؒ نے پہلے مسلمانوں سے متعلق احکامِ نکاح کو ذکر کیا اب اس کے بعد کفار سے متعلق احکام نکاح بیان کر رہے ہیں۔

متن میں نصرانی اور نصرانیہ سے مراد ذمی اور ذمیہ ہے۔ صورت مسئلہ یہ ہے کہ دار الاسلام میں ایک نصرانی مرد نے نصرانیہ عورت سے نکاح کیا کسی مردار کو مہر بنایا یا بغیر مہر کے نکاح کیا اور حال یہ ہے کہ نکاح بغیر مہر کے ان کے دین میں جائز بھی ہے تو اس بارے میں کہ عورت کے لئے مہر ہوگا یا نہیں اختلاف ہے۔ امام صاحبؒ کے نزدیک عورت کے لئے مہر نہیں ہوگا۔ اور صاحبینؒ اور امام زفرؒ کے نزدیک اس صورت میں عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اور دار الحرب میں اگر حربی نے کسی حربیہ سے بغیر مہر کے نکاح کیا یا مردار پر نکاح کیا تو اس صورت میں امام صاحبؒ اور صاحبینؒ کے نزدیک عورت کے لئے مہر نہیں ہوگا۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک حربیہ کافرہ کے لئے مہر مثل ہوگا۔ حاصل یہ کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ذمیہ اور حربیہ دونوں کے لئے عدم وجوب مہر کا حکم ہے۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک دونوں صورتوں میں مہر مثل واجب ہوگا۔ اور صاحبینؒ حربیہ میں امام صاحبؒ کے ساتھ ہیں۔ اور ذمیہ میں امام زفرؒ کے ساتھ ہیں۔ چنانچہ اگر ذمی نے ذمیہ کو بعد الدخول طلاق دی۔ یا ذمی مر گیا تو دونوں صورتوں میں ذمیہ کے لئے مہر مثل ہوگا اور اگر قبل الدخول طلاق دیدی تو ذمیہ کے لئے متعہ ہوگا۔

امام زفرؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ شریعت حقہ نے طلب نکاح مال کے ساتھ مشروع کیا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے ان تبتغوا باموالکم اور یہ شریعت عام ہو کر واقع ہوئی ہے اس لئے کہ حضور ﷺ کی بعثت سب کے لئے عام ہے۔ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے قل یایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعاً اور خود آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے بعثت الی الاسود والاحمر یعنی العرب والعجم اور اس لئے بھی یہ شریعت عام ہے کہ یہ دین سابقہ تمام ادیان کے لئے ناسخ ہے۔ پس جب یہ شریعت عام ہے تو اس کا حکم بھی علیٰ سبیل العموم مومن اور غیر مومن سب کے لئے ثابت ہوگا۔ خلاصہ دلیل یہ کہ نکاح میں ابتغاء بالمال علیٰ سبیل العموم مشروع ہے اور جو چیز علیٰ سبیل العموم مشروع ہوگی اس کا حکم بھی علیٰ سبیل العموم ثابت ہوگا۔ لہٰذا جس طرح مردار کو مہر بنانے اور بغیر مہر نکاح کرنے کی صورت میں مسلمان عورت، مہر مثل کی مستحق تھی۔ اسی طرح ذمیہ اور حربیہ بھی مہر مثل کی مستحق ہوں گی۔ نیز نکاح معاملات کے باب سے ہے اور کفار معاملات میں مخاطب شرع ہیں۔ لہٰذا معاملات میں جو حکم مسلمانوں کے لئے ہوگا وہی حکم اہل ذمہ اور اہل حرب کے لئے بھی ہوگا۔

صاحبینؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ اہل حرب نے نہ تو از خود احکام اسلام کو اپنے اوپر لازم کیا ہے اور نہ ہم کو لازم کرنے کی ولایت حاصل ہے۔ کیونکہ دار الاسلام اور دار الکفر میں تباین ہے۔ پس جب دونوں باتیں نہیں ہیں تو پھر اہل حرب پر احکام اسلام کس طرح نافذ کئے جا سکتے ہیں۔

اس کے برخلاف اہل ذمہ ہیں۔ کیونکہ اہل ذمہ نے اولاً تو عقد ذمہ کیوجہ سے معاملات میں احکام اسلام کو خود ہی اپنے اوپر لازم کر رکھا ہے۔ چنانچہ زنا اور ربا سے ان کو بھی اسی طرح منع کیا گیا ہے جس طرح مسلمانوں کو اگر زنا کا ارتکاب کیا تو حد جاری ہوگی۔ اور اگر تھوڑی دیر کے لئے تسلیم بھی کر لیا جائے کہ اہل ذمہ نے احکام اسلام کو لازم نہیں کیا ہے لیکن اتحاد دار کی وجہ سے ہمارے لئے ولایت الزام ثابت ہے اس کے نتیجہ میں اہل ذمہ پر احکام اسلام لازم کر دیئے جائیں گے۔

امام ابو حنیفہؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ ہمیں یہ تسلیم نہیں کہ اہل ذمہ نے معاملات میں ہمارے احکام کو لازم کر لیا ہے۔ کیونکہ عقد ذمہ کی وجہ سے نہ تو وہ دیانات (نماز، روزہ وغیرہ) میں ہمارے احکام کو لازم کرنے والے ہیں اور نہ ان معاملات میں جن میں ہمارے اعتقاد کے خلاف اعتقاد رکھتے ہیں،

مثلاً نکاح بغیر شہود، بیع خمر اور بیع خنزیر۔ ہم ان چیزوں کی حرمت کا اعتقاد رکھتے ہیں اور اہلِ ذمہ اس کے خلاف کا اعتقاد رکھتے ہیں۔

وولایۃ الا لزام بالسیف ...... الخ سے صاحبینؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ حاصل جواب یہ کہ ولایت الزام تلوار سے متحقق ہوگی یا محاجہ اور مباحثہ سے اور عقدِ ذمہ کی وجہ سے ان سے ہر ایک منقطع ہے چنانچہ ہم کو حکم دیا گیا کہ ہم ان کو ان کے دین پر چھوڑ دیں۔ پس اہل ذمہ اہل حرب کے مانند ہو گئے۔ لہٰذا جو حکم اہل حرب کا ہے وہی اہل ذمہ کا ہوگا۔

بخلاف الزنا سے صاحبینؒ کے قول کا جواب ہے۔ خلاصہ یہ کہ زنا پر قیاس کرنا صحیح نہیں ہے اس لئے کہ زنا تمام ادیان میں حرام ہے اور رہا ربا سو وہ عقدِ ذمہ سے مستثنیٰ ہے یعنی اہل ذمہ کو ان کے دین پر چھوڑ دینے کا حکم دیا گیا سوائے ربا کے۔ جیسا کہ صاحبِ ہدایہؒ نے قول نبی ﷺ نقل کیا ہے الا من اربی الحدیث۔ یعنی خبردار جس نے ربا کا معاملہ کیا ہمارے اور اس کے درمیان کوئی عہد نہیں ہے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے اہل نجران سے صلح کی اور ان کی طرف ایک خط لکھا جس میں تھا ولا تاکلوا الربا فمن اکل منھم الربا فذمتی منھم بریئۃ۔ یعنی ربا مت کھاؤ ان میں سے جس شخص نے ربا کھایا میرا ذمہ ان سے بری ہے اور مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے کتب رسول اللہ ﷺ الی نجران و ھم نصاریٰ ان من بایع منکم بالربا فلا ذمۃ لہ۔ یعنی رسول اللہ ﷺ نے نجران کی طرف ایک تحریر بھیجی اور وہ نصاریٰ ہیں۔ تحریر یہ تھی کہ جس شخص نے تم میں سے رباء کے ساتھ خرید و فروخت کا معاملہ کیا اس کے لئے ذمہ نہیں ہے۔

وقولہ فی الکتاب سے فرماتے ہیں کہ جامع صغیر میں امام محمدؒ کے قول او علیٰ غیر مھر میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ عقدِ نکاح کے وقت مہر کی صراحتاً نفی کر دی گئی ہے۔ دوم یہ کہ عقد کے وقت زوجین ذکرِ مہر سے ساکت رہیں۔ ظاہر روایت میں ہے کہ اگر صراحۃً مہر کی نفی کی گئی تو ذمیہ عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اور سکوت کی صورت میں ذمیہ عورت کے لئے کچھ نہیں ہوگا۔ بعض حضرات کی رائے ہے کہ مردار کو مہر بنانے میں اور ذکرِ مہر سے سکوت کی صورت میں امام ابوحنیفہؒ سے دو روایتیں ہیں۔ ایک روایت کے مطابق مہر مثل واجب ہوگا۔ جیسا کہ صاحبینؒ کا مذہب ہے۔ اور دوسری روایت کے مطابق ذمیہ کے لئے کچھ نہیں ہوگا۔ جیسا کہ متن میں ہے۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ تمام صورتوں میں (خواہ مہر مردار کو بنایا گیا ہو یا مہر کی نفی کی گئی ہو۔ اور یا ذکرِ مہر سے سکوت کیا گیا ہو) اختلاف ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ذمیہ عورت کے لئے کچھ واجب نہیں ہوگا۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک مہر مثل واجب ہوگا (فتح القدیر) واللہ اعلم بالصواب۔

## ذمی نے ذمیہ سے شراب یا خنزیر پر نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہو گئے یا ایک مسلمان ہو گیا عورت کے لئے شراب اور خنزیر ہوگا یا قیمت؟

**فَاِنْ تَزَوَّجَ الذِّمِّیُّ ذِمِّیَّةً عَلٰی خَمْرٍ اَوْ خِنْزِیْرٍ ثُمَّ اَسْلَمَا اَوْ اَسْلَمَ اَحَدُھُمَا فَلَھَا الْخَمْرُ وَالْخِنْزِیْرُ وَمَعْنَاہُ اِذَا کَانَا بِاَعْیَانِھِمَا وَالْاِسْلَامُ قَبْلَ الْقَبْضِ وَاِنْ کَانَا بِغَیْرِ اَعْیَانِھِمَا فَلَھَا فِی الْخَمْرِ الْقِیْمَةُ وَ فِی الْخِنْزِیْرِ مَھْرُ الْمِثْلِ وَ ھٰذَا عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَؒ وَ قَالَ اَبُوْیُوْسُفَؒ لَھَا مَھْرُ الْمِثْلِ فِی الْوَجْھَیْنِ وَ قَالَ مُحَمَّدٌؒ لَھَا الْقِیْمَةُ فِی الْوَجْھَیْنِ وَجْہُ قَوْلِھِمَا اَنَّ الْقَبْضَ مُؤَکِّدٌ لِلْمِلْکِ فِی الْمَقْبُوْضِ فَیَکُوْنُ لَہٗ شَبَہٌ بِالْعَقْدِ فَیَمْتَنِعُ بِسَبَبِ الْاِسْلَامِ کَالْعَقْدِ وَصَارَ کَمَا اِذَا کَانَا بِغَیْرِ اَعْیَانِھِمَا وَاِذَا الْتَحَقَتْ حَالَةُ الْقَبْضِ بِحَالَةِ الْعَقْدِ فَاَبُوْیُوْسُفَ یَقُوْلُ لَوْ کَانَا مُسْلِمَیْنِ وَقْتَ الْعَقْدِ یَجِبُ مَھْرُ الْمِثْلِ فَکَذَا ھٰھُنَا وَ مُحَمَّدٌؒ یَقُوْلُ صَحَّتِ التَّسْمِیَةُ لِکَوْنِ الْمُسَمّٰی مَالًا عِنْدَھُمْ اِلَّا اَنَّہٗ اِمْتَنَعَ التَّسْلِیْمُ لِلْاِسْلَامِ فَتَجِبُ الْقِیْمَةُ کَمَا اِذَا ھَلَکَ الْعَبْدُ الْمُسَمّٰی قَبْلَ الْقَبْضِ وَلِاَبِیْ حَنِیْفَةَؒ اَنَّ الْمِلْکَ فِی الصَّدَاقِ الْمُعَیَّنِ یَتِمُّ بِنَفْسِ الْعَقْدِ وَ لِھٰذَا تَمْلِکُ التَّصَرُّفَ فِیْہِ وَبِالْقَبْضِ**

يَنْتَقِلُ مِنْ ضَمَانِ الزَّوْجِ اِلٰى ضَمَانِهَا وَ ذٰلِكَ لَا يَمْتَنِعُ بِالْاِسْلَامِ كَاسْتِرْدَادِ الْخَمْرِ الْمَغْصُوْبِ وَ فِيْ غَيْرِ الْمُعَيَّنِ الْقَبْضُ مُوْجِبُ مِلْكِ الْعَيْنِ فَيَمْتَنِعُ بِالْاِسْلَامِ بِخِلَافِ الْمُشْتَرِيْ لِاَنَّ مِلْكَ التَّصَرُّفِ اِنَّمَا يُسْتَفَادُ بِالْقَبْضِ وَاِذَا تَعَذَّرَ الْقَبْضُ فِيْ غَيْرِ الْمُعَيَّنِ لَا تَجِبُ الْقِيْمَةُ فِي الْخِنْزِيْرِ لِاَنَّهٗ مِنْ ذَوَاتِ الْقِيَمِ فَيَكُوْنُ اَخْذُ قِيْمَتِهٖ كَاَخْذِ عَيْنِهٖ وَلَا كَذٰلِكَ الْخَمْرُ لِاَنَّهَا مِنْ ذَوَاتِ الْاَمْثَالِ اَلَا تَرٰى اَنَّهٗ لَوْ جَاءَ بِالْقِيْمَةِ قَبْلَ الْاِسْلَامِ تُجْبَرُ عَلَى الْقُبُوْلِ فِي الْخِنْزِيْرِ دُوْنَ الْخَمْرِ وَلَوْ طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا فَمَنْ اَوْجَبَ مَهْرَ الْمِثْلِ اَوْجَبَ الْمُتْعَةَ وَمَنْ اَوْجَبَ الْقِيْمَةَ اَوْجَبَ نِصْفَهَا.

---

ترجمہ...... پس اگر کسی ذمی نے کسی ذمیہ سے نکاح کیا شراب پر یا خنزیر پر پھر دونوں مسلمان ہو گئے یا ان دونوں میں سے ایک مسلمان ہو گیا تو ذمیہ عورت کے لئے شراب اور خنزیر ہے اور امام محمدؒ کے قول کے معنی یہ ہیں کہ جب وہ خمر اور خنزیر معین ہوں۔ اور مسلمان ہونا قبضہ سے پہلے ہو۔ اور اگر دونوں غیر معین ہیں تو ذمیہ کے لئے شراب کی صورت میں قیمت ہے اور خنزیر میں مہر مثل ہے اور یہ ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے اور ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ ذمیہ کے لئے دونوں صورتوں میں مہر مثل ہے۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ دونوں صورتوں میں قیمت ہے۔ اور صاحبینؒ کے قول کی وجہ یہ ہے کہ قبضہ مقبوض میں ملک کے لئے مؤکد ہے۔ پس قبضہ عقد کے ساتھ مشابہ ہوگا۔ لہٰذا قبضہ عقد کی طرح اسلام کی وجہ سے ممتنع ہوگا۔ اور ایسا ہو گیا جیسا کہ جب دونوں غیر معین ہوں۔ اور جب قبضہ کی حالت عقد کی حالت کے ساتھ لاحق ہو گئی تو ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اگر دونوں عقد کے وقت مسلمان ہوتے تو مہر مثل واجب ہوتا۔ پس ایسا ہی یہاں۔ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ تسمیہ صحیح ہے کیونکہ مسمّٰی ان کے نزدیک مال ہے۔ مگر اسلام کی وجہ سے تسلیم مسمّٰی ممتنع ہو گیا۔ پس قیمت واجب ہوگی۔ جیسا کہ جب قبضہ سے پہلے عبد مسمّٰی ہلاک ہو جائے۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ ملک مہر معین میں نفس عقد کی وجہ سے پوری ہو جاتی ہے۔ اور اسی وجہ سے عورت مہر معین میں تصرف کی مالک ہوگی۔ اور قبضہ سے مہر منتقل ہوتا ہے شوہر کے ضمان سے عورت کے ضمان کی طرف اور یہ انتقال اسلام کیوجہ سے ممتنع نہیں۔ جیسا کہ شراب مغصوب کو واپس لینا اور غیر معین میں قبضہ ملک عین کو واجب کرنے والا ہے۔ پس قبضہ اسلام کی وجہ سے ممتنع ہوگا۔ بخلاف مشتری کے۔ اس لئے کہ ملک تصرف قبضہ سے مستفاد ہے۔ اور جب غیر معین میں قبضہ متعذر ہو گیا تو خنزیر میں قیمت واجب نہیں ہوگی۔ اس لئے کہ خنزیر ذوات القیم میں سے ہے۔ پس اس کی قیمت کو لینا ایسا ہے جیسا کہ عین خنزیر کو لینا۔ اور شراب ایسی نہیں ہے۔ اس لئے کہ شراب ذوات الامثال میں سے ہے۔ کیا نہیں دیکھتا تو کہ اگر شوہر قیمت ادا کر دے اسلام سے پہلے تو عورت کو خنزیر میں قبول کرنے پر مجبور کیا جائے گا نہ کہ شراب میں اور اگر طلاق دی عورت کو اس کے ساتھ دخول سے پہلے تو جس شخص نے مہر مثل واجب کیا وہ متعہ واجب کرے گا۔ اور جس نے قیمت واجب کی نصف قیمت واجب کرے گا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک ذمی مرد نے ذمیہ عورت کے ساتھ نکاح کیا۔ اور مہر بنایا معین شراب یا معین خنزیر کو پھر مہر پر قبضہ کرنے سے پہلے دونوں مسلمان ہو گئے یا دونوں میں سے کوئی ایک مسلمان ہو گیا تو اس صورت میں امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ذمیہ عورت کے لئے وہ معین شراب اور معین خنزیر ہوگا۔ اور اگر غیر معین شراب یا غیر معین خنزیر مہر ہے تو امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ شراب غیر معین کی صورت میں ذمیہ عورت کے لئے قیمت واجب ہوگی۔ اور غیر معین خنزیر کی صورت میں عورت کے لئے مہر مثل واجب ہوگا۔ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک معین اور غیر معین دونوں صورتوں میں عورت کے لئے مہر مثل ہوگا۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک معین اور غیر معین دونوں صورتوں میں عورت کے لئے قیمت واجب ہوگی۔ چونکہ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ عین خمر اور عین خنزیر کو واجب نہ کرنے میں دونوں شریک ہیں۔ جبکہ وہ دونوں معین ہوں۔ اس لئے صاحب ہدایہؒ نے دونوں کی مشترکہ دلیل بیان کی ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ قبضہ مقبوض معین میں ملک کو مؤکد کرنے والا ہے یہی وجہ ہے کہ اگر مہر مسمّٰی

عورت کے قبضہ کرنے سے پہلے ہلاک ہو گیا تو وہ شوہر کے مال سے ہلاک ہوگا۔ اور شوہر پر اس کا مثل واجب ہوگا اگر وہ ذوات الامثال میں سے تھا اور قیمت واجب ہوگی اگر مسمّٰی ذوات القیم میں سے تھا اور اگر قبضہ کے بعد ہلاک ہوا تو عورت کے مال سے ہلاک ہوگا اور اسی طرح امام صاحب کے نزدیک قبضہ سے پہلے مہر میں عورت پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی البتہ قبضہ کے بعد عورت پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔ پس جب قبضہ مؤکد ملک ہے تو قبضہ مشابہ ہو گیا عقد کے ساتھ۔ کیونکہ قبضہ اور عقد ان دونوں میں سے ہر ایک ملک میں مؤثر ہے۔ پس جس طرح اسلام کے بعد ابتداءً عقد کی وجہ سے تملیک خمر اور تملیک خنزیر ممنوع ہے اسی طرح اسلام کے بعد خمر اور خنزیر پر قبضہ بھی ممتنع ہے اور یہ ایسا ہے جیسا کہ غیر معین خمر اور غیر معین خنزیر یعنی جس طرح غیر معین میں عین خمر اور عین خنزیر واجب نہیں ہوتا۔ اسی طرح معین میں بھی عین خمر اور عین خنزیر واجب نہیں ہوگا۔ پس جب قبضہ کی حالت عقد کی حالت کے ساتھ مشابہ ہوگئی اور عین خمر اور عین خنزیر کا سپرد کرنا ممتنع ہو گیا تو امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اگر خمر اور خنزیر پر عقدِ نکاح کرتے وقت یہ دونوں مسلمان ہوتے تو مہر مثل واجب ہوتا۔ لہٰذا جب قبضہ کے وقت مسلمان ہیں تو اب بھی مہر مثل ہی واجب ہوگا۔ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ خمر اور خنزیر کا تسمیہ درست ہے۔ کیونکہ اہل ذمہ کے نزدیک مسمّٰی مال ہے۔ لیکن چونکہ اسلام کی وجہ سے تسلیم خمر اور تسلیم خنزیر ممتنع ہے۔ اس لئے ان کی قیمت واجب ہوگی۔ جس طرح قبضہ سے پہلے اگر عبد مسمّٰی ہلاک ہو جائے تو اس کی قیمت واجب ہوتی ہے۔ اسی طرح یہاں بھی خمر اور خنزیر کی قیمت واجب ہوگی۔

**امام ابو حنیفہؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ ملک مہر معین میں نفس عقد سے مکمل ہو جاتی ہے کیونکہ ملک کی دو قسمیں ہیں۔ ملک رقبہ اور دوم ملک تصرف۔ اور عورت کے لئے قبضہ سے پہلے دونوں ثابت ہیں یہی وجہ ہے کہ عورت مہر معین پر قبضہ کرنے سے پہلے اس میں ہر طرح کے تصرف کی مالک ہے اور اگر قبضہ کرنے سے پہلے وہ مہر ہلاک ہو گیا تو وہ عورت کی ملک پر ہلاک ہوگا شوہر کی ملک پر نہیں۔ خلاصہ یہ کہ مہر معین میں قبضہ موجب ملک نہیں ہے۔ رہا یہ سوال کہ پھر قبضہ سے کیا فائدہ ہے۔ صاحب ہدایہؒ نے جواب دیا کہ قبضہ کی وجہ سے ملک زوج کے ضمان سے بیوی کے ضمان کی طرف منتقل ہو جاتی ہے اور یہ انتقال ملک اسلام کی وجہ سے ممنوع نہیں ہے۔ مثلاً ایک ذمی سے کسی نے اس کی شراب کو غصب کر لیا اس کے بعد ذمی مسلمان ہو گیا تو اب اس ذمی مسلمان کے لئے غاصب سے اس شراب مغصوبہ کو لینا جائز ہے۔ اور مہر غیر معین میں قبضہ موجب ملک ہے اور اسلام کی وجہ سے تملک خمر اور تملیک خمر دونوں ممتنع ہیں۔ لہٰذا قبضہ بھی ممتنع ہوگا۔

**بِخِلَافِ الْمُشْتَرِیْ کالعتق ان الملک فی الصداق المعین ...... الخ** سے ہے مشتری بفتح الراء اور بکسر الراء دونوں ہو سکتا ہے۔ پہلی صورت میں مبیع مراد ہوگی۔ اور مطلب یہ ہوگا کہ مہر معین میں ملک نفس عقد سے کامل ہو جاتی ہے۔ بخلاف بیع کے، کیونکہ بیع میں قبضہ کی وجہ سے ملک تصرف حاصل ہوتی ہے نفس بیع کی وجہ سے نہیں۔ مثلاً ایک شخص نے شراب یا خنزیر فروخت کیا یا خریدا پھر قبضہ کرنے سے پہلے مشتری (خریدار) اسلام لے آیا تو اس کے لئے قبضہ کرنا جائز نہیں ہے۔ اور اگر بکسر الراء ہے تو مطلب یہ ہوگا کہ مہر معین میں عورت کے لئے نفس عقد کی وجہ سے ملک مکمل ہو جاتی ہے۔ بخلاف مشتری کے کیونکہ مشتری کے لئے نفس بیع کی وجہ سے ملک مکمل نہیں ہوتی ہے کیونکہ قبضہ سے اس کے لئے ملک تصرف مستفاد ہوگی۔

امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ جب مہر غیر معین میں اسلام کی وجہ سے قبضہ متعذر رہو گیا تو خنزیر کی صورت میں شوہر پر اس کی قیمت واجب نہیں ہوگی بلکہ مہر مثل واجب ہوگا۔ کیونکہ خنزیر ذوات القیم میں سے ہے۔ لہٰذا اس کی قیمت کا لینا عین خنزیر کا لینا ہوگا۔ اور یہ درست نہیں ہے۔ اس لئے اس صورت میں مہر مثل واجب ہوگا۔ اور شراب چونکہ ذوات الامثال میں سے ہے اس لئے اس کی قیمت کو لینا عین شراب کو لینا نہیں ہوگا۔ اس وجہ سے شراب کی صورت میں عورت کے لئے شراب کی قیمت واجب کی گئی ہے اور چونکہ خنزیر ذوات القیم میں سے ہے اسی وجہ سے اگر اسلام سے پہلے شوہر خنزیر کی قیمت دینا چاہے تو عورت کو اس کے لینے پر مجبور کیا جائے گا۔ البتہ شراب کی صورت میں مجبور نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ شراب ذوات القیم میں

سے نہیں ہے۔ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا صورت میں اگر شوہر نے طلاق قبل الدخول دیدی تو جس نے مہر مثل واجب کیا تھا اس کے نزدیک متعہ واجب ہوگا۔ اور جس نے قیمت واجب کی تھی اس کے نزدیک نصف قیمت واجب ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

# بَابُ نِكَاحِ الرَّقِيْقِ

ترجمہ...... یہ باب رقیق کے نکاح کے بیان میں ہے

تشریح...... نکاح رقیق کو نصرانی اور نصرانیہ کی فصل سے مؤخر کیا ہے اس لئے کہ رق آثار کفر سے ہے۔ کیونکہ ابتداءً کافر کو رقیق بنایا جاتا ہے مسلمان کو نہیں اور چونکہ اثر مؤثر کے بعد آتا ہے اس لئے نکاح رقیق کو بعد میں بیان کیا۔ رقیق مملوک کو کہتے ہیں۔ رقیق واحد، جمع سب پر بولا جاتا ہے۔

## غلام اور باندی کا نکاح آقا کی اجازت سے جائز ہے

**لَا يَجُوْزُ نِكَاحُ الْعَبْدِ وَالْاَمَةِ اِلَّا بِاِذْنِ مَوْلَاهُمَا وَ قَالَ مَالِكٌ يَجُوْزُ لِلْعَبْدِ لِاَنَّهٗ يَمْلِكُ الطَّلَاقَ فَيَمْلِكُ النِّكَاحَ وَلَنَا قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ مَوْلَاهُ فَهُوَ عَاهِرٌ وَلِاَنَّ فِيْ تَنْفِيْذِ نِكَاحِهِمَا تَعْيِيْبَهُمَا اِذِ النِّكَاحُ عَيْبٌ فِيْهِمَا فَلَا يَمْلِكَانِهٖ بِدُوْنِ اِذْنِ مَوْلَاهُمَا.**

---

ترجمہ...... غلام اور باندی کا نکاح جائز نہیں مگر ان دونوں کے مولیٰ کی اجازت کے ساتھ اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ غلام کے لئے جائز ہے اس لئے کہ غلام طلاق کا مالک ہے لہٰذا نکاح کا بھی مالک ہوگا۔ اور ہماری دلیل حضور ﷺ کا قول ہے جس غلام نے بغیر اپنے مولیٰ کی اجازت کے نکاح کیا وہ زانی ہے۔ اور اس لئے کہ ان دونوں کے نکاح کو نافذ کرنے میں دونوں کو عیب دار بنانا ہے۔ کیونکہ نکاح دونوں میں عیب ہے۔ پس وہ دونوں اس کے مالک نہیں ہونگے بغیر اپنے مولیٰ کی اجازت کے۔

تشریح...... لا یجوز کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ بغیر اذن مولیٰ کے غلام اور باندی کا نکاح منعقد ہی نہیں ہوگا۔ حافظ الدینؒ اسی کے قائل ہیں۔ لیکن صحیح مطلب یہ ہے کہ بغیر اذن مولیٰ کے غلام اور باندی کا نکاح جائز ہے اور صحیح ہے۔ لیکن غیر نافذ ہے۔ اس کا نفاذ مولیٰ کی اجازت پر موقوف رہے گا۔ اگر مولیٰ نے اجازت دیدی تو نافذ ہوگا اور اگر اجازت نہ دی تو نافذ نہیں ہوگا۔ سعید ابن المسیبؒ، حسنؒ اور ابراہیم نخعیؒ کا یہی قول ہے۔

حاصل یہ کہ باندی کا نکاح بغیر اذن مولیٰ کے بالاتفاق نافذ نہیں ہوگا۔ کیونکہ باندی کے منافع بضع مولیٰ کی ملک ہیں اور مولیٰ کی ملک میں بغیر اس کی اجازت کے کسی کو تصرف کا حق نہیں ہے لہٰذا بغیر مولیٰ کی اجازت کے باندی کا نکاح درست (نافذ) نہیں ہوگا۔ اور رہا غلام سو اس میں امام مالکؒ کا اختلاف ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ بغیر اذن مولیٰ کے غلام کا نکاح جائز (نافذ) ہے اور احنافؒ کے نزدیک غلام کا نکاح بغیر اذن مولیٰ کے جائز (نافذ) نہیں ہے۔ امام مالکؒ کی دلیل یہ ہے کہ غلام طلاق کا مالک ہے اور جو شخص طلاق کا مالک ہے وہ نکاح کا بھی مالک ہوگا اس لئے کہ طلاق سبب نکاح کی وجہ سے ہے اور جو شخص کسی چیز کا مالک ہوگا وہ اس کے سبب موصل الیہ کا بھی مالک ہوگا۔ لہٰذا غلام جب طلاق کا مالک ہے تو اس کے سبب (نکاح) کا بھی مالک ہوگا۔ اس دلیل کو اس طرح بھی کہا جا سکتا ہے کہ غلام طلاق کا مالک ہے اور طلاق کہتے ہیں رفع نکاح کو اور جو شخص رفع شئی کا مالک ہے وہی وضع شئی کا بھی مالک ہوگا۔ لہٰذا غلام نکاح کا بھی مالک ہوگا۔

احنافؒ کی دلیل...... حدیث جابرؓ ہے۔ جس غلام نے بغیر اذن مولیٰ کے نکاح کیا وہ زانی ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بغیر اجازت مولیٰ کے نکاح درست (نافذ) نہیں ہے۔ دلیل عقلی کا حاصل یہ ہے کہ غلام اور باندی کے نکاح کو نافذ کرنے میں ان کو عیب دار بنانا ہے۔ کیونکہ غلام

اور باندی میں نکاح عیب ہے۔(یہی وجہ ہے کہ اگر کسی شخص نے غلام یا باندی کو خریدا پھر معلوم ہوا کہ وہ شادی شدہ ہے تو مشتری کے لئے خیار عیب کی وجہ سے ان کو واپس کرنے کا حق ہے) اور غلام اور باندی کے لئے یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنے اندر عیب پیدا کریں۔ حق مولیٰ کی رعایت کرتے ہوئے۔ پس وہ دونوں بغیر اذن مولیٰ کے نکاح کے مالک نہیں ہوں گے۔

**امام مالکؒ کی دلیل کا جواب**...... یہ ہے کہ طلاق ازالہ عیب ہے اور نکاح عیب دار بنانا ہے۔ اور ازالہ عیب کے مالک ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ شخص تعییب (عیب دار بنانا) کا بھی مالک ہو۔

## مکاتب کا نکاح بھی آقا کی اجازت سے درست ہے

**وَكَذٰلِكَ الْمُكَاتَبُ لِأَنَّ الْكِتَابَةَ أَوْجَبَتْ فَكَّ الْحَجْرِ فِيْ حَقِّ الْكَسْبِ فَبَقِيَ فِيْ حَقِّ النِّكَاحِ عَلٰى حُكْمِ الرِّقِّ وَلِهٰذَا لَا يَمْلِكُ الْمُكَاتَبُ تَزْوِيْجَ عَبْدِهٖ وَ يَمْلِكُ تَزْوِيْجَ أَمَتِهٖ لِأَنَّهٗ مِنْ بَابِ الْاِكْتِسَابِ وَ كَذَا الْمُكَاتَبَةُ لَا تَمْلِكُ تَزْوِيْجَ نَفْسِهَا بِدُوْنِ إِذْنِ الْمَوْلٰى وَ تَمْلِكُ تَزْوِيْجَ أَمَتِهَا لِمَا بَيَّنَّا وَ كَذَا الْمُدَبَّرُ وَأُمُّ الْوَلَدِ لِأَنَّ الْمِلْكَ فِيْهِمَا قَائِمٌ.**

---

ترجمہ...... اور یہی حکم مکاتب کا ہے، کیونکہ عقد کتابت نے کمائی کے حق میں ممانعت کھولدینا واجب کیا ہے۔ پس نکاح کے حق میں رقیت کے حکم پر باقی رہے گا۔ اور اسی وجہ سے مکاتب اپنے غلام کے نکاح کا مالک نہیں ہے اور اپنی باندی کے نکاح کا مالک ہے کیونکہ یہ کمائی کے باب سے ہے اور اسی طرح مکاتبہ باندی بغیر مولیٰ کی اجازت کے اپنا نکاح کرنے کی مالک نہیں ہے اور اپنی باندی کا نکاح کرنے کی مالک ہے اسی دلیل کیوجہ سے جو ہم نے بیان کی ہے اور یہی حکم ہے مدبر اور ام ولد کا۔ اس لئے کہ ملک ان دونوں میں موجود ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ مکاتب کا نکاح بھی بغیر مولیٰ کی اجازت کے صحیح (نافذ) نہیں ہے۔ حاصل دلیل یہ ہے کہ غلام ہر قسم کے تصرف سے مجبور ہوتا ہے عقد کتابت نے اس کے حجر (ممانعت) کو کسب یعنی منافع حاصل کرنے کے حق میں باطل کردیا تاکہ کسب کے ذریعہ شرافت حریت کو حاصل کرسکے۔ اور نکاح ایسا تصرف نہیں ہے جس میں تحصیل منافع ہو بلکہ اس سے ایک گونہ ضرر ثابت ہوگا۔ مثلاً مہر لازم ہوگا۔ اور نفقہ واجب ہوگا۔ لہٰذا مکاتب نکاح کے حق میں جس طرح پہلے رقیق تھا۔ اسی طرح مکاتب ہونے کے بعد بھی رقیق رہے گا۔ اور چونکہ مکاتب نکاح کے حق میں رقیق ہے اسی وجہ سے وہ اپنے غلام کے نکاح کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ کیونکہ غلام کا نکاح کمائی کے باب سے نہیں ہے۔ البتہ مکاتب اپنی باندی کا نکاح کرسکتا ہے۔ البتہ مکاتب اپنی باندی کا نکاح کرسکتا ہے۔ کیونکہ باندی کا نکاح کمائی کا ذریعہ ہے بایں طور کہ اس کی وجہ سے مہر اور نفقہ حاصل ہوگا۔ اس لئے کہ جو مہر عقد یا دخول کی وجہ سے باندی کے لئے واجب ہوا ہے وہ مولیٰ کے لئے ہوگا۔ یہی حکم مکاتبہ باندی کا ہے کہ اپنی باندی کا نکاح کرسکتی ہے۔ لیکن اپنا نکاح بغیر مولیٰ کی اجازت کے نہیں کرسکتی ہے۔ سابقہ دلیل کی وجہ سے اسی طرح مدبر اور ام ولد بغیر مولیٰ کی اجازت کے نکاح کے مجاز نہیں ہیں۔ اس لئے کہ ملک دونوں میں موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر مولیٰ نے کل مملوک لی حر کہا تو مدبر اور ام ولد دونوں آزاد ہوجائیں گے۔

## غلام نے آقا کی اجازت سے نکاح کیا تو مہر کے بدلے غلام کو بیچا جائے گا

**وَإِذَا تَزَوَّجَ الْعَبْدُ بِإِذْنِ مَوْلَاهُ فَالْمَهْرُ دَيْنٌ فِيْ رَقَبَتِهٖ يُبَاعُ فِيْهِ لِأَنَّ هٰذَا دَيْنٌ وَجَبَ فِيْ رَقَبَةِ الْعَبْدِ لِوُجُوْدِ سَبَبِهٖ مِنْ أَهْلِهٖ وَ قَدْ ظَهَرَ فِيْ حَقِّ الْمَوْلٰى لِصُدُوْرِ الْإِذْنِ مِنْ جِهَتِهٖ فَيَتَعَلَّقُ بِرَقَبَتِهٖ دَفْعًا لِلْمَضَرَّةِ عَنْ أَصْحَابِ الدُّيُوْنِ**

كَمَا فِيْ دَيْنِ التِّجَارَةِ وَالْمُدَبَّرُ وَالْمُكَاتَبُ يَسْعَيَانِ فِي الْمَهْرِ وَلَا يُبَاعَانِ فِيْهِ لِأَنَّهُمَا لَايَحْتَمِلَانِ النَّقْلَ مِنْ مِلْكٍ اِلَى مِلْكٍ مَعَ بَقَاءِ الْكِتَابَةِ وَالتَّدْبِيْرِ فَيُؤَدّٰى مِنْ كَسْبِهِمَا لَامِنْ نَفْسِهِمَا.

---

ترجمہ...... اور جب نکاح کیا غلام نے اپنے مولیٰ کی اجازت سے تو مہر غلام کے رقبہ میں دین ہوگا۔ اس دین میں غلام کو فروخت کیا جائے گا۔ اس لئے کہ یہ دین غلام کے رقبہ میں واجب ہوا سبب دین کے پائے جانے کی وجہ سے اس کے اہل سے اور دین ظاہر ہوگا مولیٰ کے حق میں مولیٰ کی جانب سے اجازت کے صادر ہونے کی وجہ سے۔ پس دین متعلق ہوگا رقبہ عبد کے ساتھ اصحاب دیون سے مضرت کو دفع کرنے کے لئے جیسا کہ دین تجارت میں اور مدبر اور مکاتب مہر (کی ادائیگی) میں سعی کریں گے ان دونوں کو مہر میں فروخت نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ وہ دونوں ایک ملک سے دوسری ملک کی طرف منتقل ہونے کا احتمال نہیں رکھتے ہیں تدبیر اور کتابت کے باقی رہتے ہوئے۔ پس مہر ان دونوں کی کمائی سے ادا کیا جائے گا نہ کہ ان دونوں کی ذات سے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر غلام نے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا تو مہر غلام پر واجب ہوگا اور اس مہر کو ادا کرنے کے لئے غلام فروخت کر دیا جائے گا البتہ اگر اس غلام کے ثمن سے پورا مہر ادا نہ ہو سکا تو دوبارہ فروخت نہیں کیا جائے گا بلکہ باقی مہر کا مطالبہ آزاد ہونے کے بعد کیا جائے گا۔ دلیل کا حاصل یہ ہے کہ دین مہر واجب ہوا ہے غلام کے رقبہ میں اور ہر وہ دین جو غلام کے رقبہ میں واجب ہوتا ہے غلام کو اس دین میں فروخت کر دیا جائے گا۔ لہٰذا اس غلام کو بھی دین مہر ادا کرنے کے لئے فروخت کر دیا جائے گا۔ اور نفس وجوب کی دلیل یہ ہے کہ سبب وجوب یعنی نکاح اس کے اہل (عاقل بالغ) سے صادر ہوا ہے۔ اور مانع نکاح یعنی حق مولیٰ منتفی ہو گیا اس کے اجازت دینے سے اور غلام کے رقبہ میں واجب ہونے کی وجہ مولیٰ کا اجازت دینا اور اصحاب دیون یعنی عورتوں سے ضرر کو دور کرنا ہے۔ جس طرح دیون تجارت میں عبد ماذون کو فروخت کر دیا جاتا ہے۔ اسی طرح بیوی کے مہر کو ادا کرنے کے لئے بھی غلام کو فروخت کر دیا جائے گا۔

البتہ مدبر اور مکاتب نے اگر مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا تو وہ دونوں کما کر مہر ادا کریں گے ان کو فروخت نہیں کیا جائے گا۔ دلیل یہ ہے کہ مدبر اور مکاتب کو بقاء تدبیر اور بقاء کتابت کے باوجود ایک ملک سے دوسری ملک کی طرف منتقل کرنا صحیح نہیں ہے۔ پس جب یہ دونوں انتقال ملک کا احتمال نہیں رکھتے ہیں تو ان کو فروخت بھی نہیں کیا جا سکتا ہے۔ حاصل یہ کہ مدبر اور مکاتب کے رقبہ سے مہر وصول کرنا متعذر ہے۔ لہٰذا یہ دونوں کما کر مہر ادا کریں گے۔

## غلام نے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا آقا نے کہا طلاق دے دے یا جدا کر دے تو یہ اجازت نہیں

وَاِذَا تَزَوَّجَ الْعَبْدُ بِغَيْرِ اِذْنِ مَوْلَاهُ فَقَالَ الْمَوْلٰى طَلِّقْهَا اَوْ فَارِقْهَا فَلَيْسَ هٰذَا بِاِجَازَةٍ لِأَنَّهُ يَحْتَمِلُ الرَّدَّ لِأَنَّ رَدَّ هٰذَا الْعَقْدِ وَمُتَارَكَتَهُ يُسَمّٰى طَلَاقًا وَمُفَارَقَةً وَهُوَ اَلْيَقُ بِحَالِ الْعَبْدِ الْمُتَمَرِّدِ اَوْ هُوَ اَدْنٰى فَكَانَ الْحَمْلُ عَلَيْهِ اَوْلٰى وَاِنْ قَالَ طَلِّقْهَا تَطْلِيْقَةً تَمْلِكُ الرَّجْعَةَ فَهٰذَا اِجَازَةٌ لِأَنَّ الطَّلَاقَ الرَّجْعِيَّ لَا يَكُوْنُ اِلَّا فِيْ نِكَاحٍ صَحِيْحٍ فَتَتَعَيَّنُ الْاِجَازَةُ.

---

ترجمہ...... اور جب نکاح کیا غلام نے اپنے مولیٰ کی بغیر اجازت کے۔ پھر مولیٰ نے کہا اس کو تو طلاق دیدے یا اس کو جدا کر دے تو یہ اجازت نہیں ہے اس لئے کہ یہ قول احتمال رکھتا ہے رد کا۔ کیونکہ اس عقد کے رد اور متارکت کا نام طلاق اور مفارقت ہے۔ اور وہ سرکش غلام کے حال کے زیادہ مناسب ہے۔ یا وہ ادنیٰ ہے پس اس پر محمول کرنا اولیٰ ہوگا اور اگر مولیٰ نے کہا طلقها تطليقة تملك الرجعة (تو طلاق دیدے ایسی طلاق کہ تجھے

رجوع کرنے کا اختیار ہو) تو یہ (قول) اجازت ہے۔ کیونکہ طلاق رجعی نہیں ہوتی مگر نکاح صحیح میں۔ پس اجازت متعین ہوگئی۔

تشریح ...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ غلام نے بغیر مولیٰ کی اجازت کے نکاح کیا۔ معلوم ہونے کے بعد مولیٰ نے غلام سے کہا طلقھا یا فارقھا۔ تو یہ مولیٰ کی طرف سے نکاح کی اجازت نہیں ہوگی۔ دلیل یہ کہ مولیٰ کے اس کلام میں جہاں اجازت نکاح کا احتمال ہے اسی کے ساتھ نکاح کو رد کرنے کا بھی احتمال ہے۔ کیونکہ نکاح فاسد کو رد کرنے اور ترک کرنے کا نام طلاق اور مفارقت ہے۔ پس جب دونوں چیزوں کا احتمال ہے تو ہم نے جہت رد کو ترجیح دی۔ جہت اجازت پر دو وجہوں سے۔ اول یہ کہ غلام سرکش اور نافرمان ہے۔ اور متمرد اور سرکش کے مناسب یہی ہے کہ اس کے کئے ہوئے عمل کو رد اور باطل کر دیا جائے نہ یہ کہ اس کو نافذ کیا جائے۔ دوم یہ کہ رد ادنیٰ ہے کیونکہ رد دفع ہے اور طلاق ثبوت نکاح کے بعد رفع ہے اور دفع آسان ہے رفع سے لہٰذا دفع (رد) پر محمول کرنا اولیٰ اور انسب ہوگا۔ اور اگر کوئی اشکال کرے کہ لفظ طلقھا ایقاع طلاق میں حقیقت ہے۔ اور متارکت اور رد کے معنیٰ میں مجاز ہے۔ اور حقیقت پر عمل کرنا بھی ممکن ہے تو پھر مجاز کی طرف کیوں رجوع کیا گیا ہے۔ جواب یہ ہوگا کہ حقیقت کو دلالت حال کی وجہ سے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اور یہاں یہی بات ہے اور اگر مولیٰ نے کہا طلقھا تطلیقة تملك الرجعة تو یہ قول مولیٰ کی طرف سے اجازت ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ مولیٰ نے غلام کو حکم دیا ہے کہ وہ طلاق رجعی دیدے اور طلاق رجعی نکاح صحیح کے بعد ہوتی ہے۔ پس مولیٰ کا طلاق رجعی کا حکم دینا گویا نکاح صحیح کی اجازت دینا ہے۔

## آقا نے غلام سے کہا کہ اس باندی سے نکاح کر اس نے نکاح فاسد کیا یا دخول کیا تو مہر میں اس غلام کو بیچا جائے گا

**وَمَنْ قَالَ لِعَبْدِهٖ تَزَوَّجْ هٰذِهِ الْاَمَةَ فَتَزَوَّجَهَا نِكَاحًا فَاسِدًا وَ دَخَلَ بِهَا فَاِنَّهٗ يُبَاعُ فِي الْمَهْرِ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللهُ وَ قَالَا يُؤْخَذُ مِنْهُ اِذَا عَتَقَ وَ اَصْلُهٗ اَنَّ الْاِذْنَ فِي النِّكَاحِ يَنْتَظِمُ الْفَاسِدَ وَالْجَائِزَ عِنْدَهٗ فَيَكُوْنُ هٰذَا الْمَهْرُ ظَاهِرًا فِيْ حَقِّ الْمَوْلٰى وَ عِنْدَهُمَا يَنْصَرِفُ اِلَى الْجَائِزِ لَا غَيْرُ فَلَا يَكُوْنُ ظَاهِرًا فِيْ حَقِّ الْمَوْلٰى فَيُؤَاخَذُ بِهٖ بَعْدَ الْعِتَاقِ لَهُمَا اَنَّ الْمَقْصُوْدَ مِنَ النِّكَاحِ فِي الْمُسْتَقْبِلِ الْاِعْفَافُ وَالتَّحْصِيْنُ وَ ذٰلِكَ بِالْجَائِزِ وَ لِهٰذَا لَوْ حَلَفَ لَا يَتَزَوَّجُ يَنْصَرِفُ اِلَى الْجَائِزِ بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِاَنَّ بَعْضَ الْمَقَاصِدِ حَاصِلٌ وَ هُوَ مِلْكُ التَّصَرُّفَاتِ وَلَهٗ اَنَّ اللَّفْظَ مُطْلَقٌ فَيَجْرِيْ عَلٰى اِطْلَاقِهٖ كَمَا فِي الْبَيْعِ وَ بَعْضُ الْمَقَاصِدِ فِي النِّكَاحِ الْفَاسِدِ حَاصِلٌ كَالنَّسَبِ وَوُجُوْبِ الْمَهْرِ وَالْعِدَّةِ عَلٰى اِعْتِبَارِ وُجُوْدِ الْوَطْيِ وَ مَسْاَلَةُ الْيَمِيْنِ مَمْنُوْعَةٌ عَلٰى هٰذِهِ الطَّرِيْقَةِ.**

---

ترجمہ ...... اور جس شخص نے اپنے غلام سے کہا اس باندی سے نکاح کر لے۔ اس غلام نے اس باندی سے نکاح فاسد کیا اور اس کے ساتھ دخول کیا تو اس غلام کو مہر میں فروخت کر دیا جائے گا ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ غلام سے مہر لیا جائے گا جب وہ آزاد کیا جائے اور ابوحنیفہؒ کی اصل یہ ہے کہ نکاح میں اجازت نکاح فاسد اور جائز ہر دو کو شامل ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک پس یہ مہر مولیٰ کے حق میں ظاہر ہوگا۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک اجازت نکاح جائز کی طرف لوٹے گی فقط پس مولیٰ کے حق میں ظاہر نہیں ہوگا۔ لہٰذا مہر آزادی کے بعد لیا جائے گا۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ آئندہ زمانہ میں نکاح سے مقصود عفت حاصل کرنا اور نفس کو حرام سے بچانا ہے اور یہ (مقصود) نکاح جائز سے (حاصل ہوگا) اور اسی وجہ سے اگر قسم کھائی کہ نکاح نہیں کرے گا تو یہ قسم نکاح جائز کی طرف لوٹے گی۔ بخلاف بیع کے کیونکہ بعض مقاصد (بیع فاسد سے) حاصل ہیں اور وہ

تصرفات کا مالک ہونا ہے۔ اور امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ لفظ مطلق ہے اپنے اطلاق پر جاری کیا جائے گا۔ جیسا کہ بیع میں اور بعض مقاصد نکاح فاسد میں بھی حاصل ہیں۔ جیسے نسب، وجوب مہر اور عدت وجود وطی کا اعتبار کرتے ہوئے اور مسئلہ یمین اس طریقہ پر ممنوع ہے۔

**تشریح** ...... متن میں اشارہ اور لمۃ کی قید اتفاقی ہے۔ اس لئے کہ جو حکم باندی کا ہے وہی آزاد عورت کا ہے۔ اسی طرح جو حکم معینہ کا ہے وہ ہی غیر معینہ کا ہے۔

صورت مسئلہ یہ ہے کہ مولیٰ نے اپنے غلام کو تَزَوَّجْ هٰذِهِ الامة الفاظ کے ساتھ نکاح کی اجازت دی۔ غلام نے اس باندی سے نکاح فاسد کیا اور دخول بھی کر لیا تو امام صاحبؒ کے نزدیک مہر ادا کرنے کے لئے اس غلام کو فروخت کر دیا جائے گا۔ اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ غلام کو مہر کے سلسلہ میں فروخت نہیں کیا جائے گا بلکہ آزاد ہونے کے بعد غلام سے مہر وصول کیا جائے۔ اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ اجازت نکاح امام صاحبؒ کے نزدیک نکاح صحیح اور نکاح فاسد دونوں کو شامل ہوتی ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک صرف نکاح صحیح کو شامل ہوگی نکاح فاسد کو نہیں۔ تو چونکہ نکاح فاسد امام صاحبؒ کے نزدیک مولیٰ کی اجازت سے ہے۔ لہٰذا مہر مولیٰ کے حق میں ظاہر ہوگا اور غلام کو فروخت کر دیا جائے گا اور چونکہ صاحبینؒ کے نزدیک نکاحِ فاسد مولیٰ کی اجازت سے نہیں ہے۔ لہٰذا مہر بھی مولیٰ کے حق میں ظاہر نہیں ہوگا۔ بلکہ غلام کے آزاد ہونے کے بعد اس سے مہر وصول کیا جائے گا۔

**صاحبینؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ نکاح کا مقصود عفت اور پاکدامنی کو حاصل کرنا اور نفس کو فعل حرام سے بچانا ہے اور یہ مقصود نکاح صحیح سے حاصل ہوتا ہے کیونکہ نکاح فاسد کی صورت میں وطی کرنا حرام ہے لہٰذا مولیٰ کی جانب سے اجازتِ نکاح، نکاحِ صحیح کو شامل ہوگی نہ کہ نکاح فاسد کو۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کسی نے قسم کھائی کہ نکاح نہیں کروں گا تو یہ قسم نکاح صحیح کو شامل ہوگی۔ نکاح فاسد کی وجہ سے حانث نہیں ہوگا۔ ہاں البتہ اگر مولیٰ نے اپنے غلام کو بیع کی اجازت دی تو یہ اجازت بیع صحیح اور بیع فاسد دونوں کو شامل ہوگی۔ کیونکہ بعض مقاصد بیع فاسد سے بھی حاصل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً تصرفات کا مالک ہونا جیسے اعتاق اور ہبہ۔

**امام صاحبؒ کی دلیل** ...... کا حاصل یہ ہے کہ لفظ تزوج مطلق ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ مطلق جب بولا جائے تو اس کو اطلاق پر جاری کیا جاتا ہے۔ لہٰذا اس لفظ مطلق کو بھی اس کے اطلاق پر جاری کیا جائے گا۔ اور اس کا حکم نکاح صحیح اور نکاح فاسد دونوں کو عام ہوگا جس طرح امر بالبیع، بیع صحیح اور بیع فاسد دونوں کو شامل ہوتا ہے۔ اور صاحبین کا یہ کہنا کہ بیع فاسد سے بعض مقاصد حاصل ہو جاتے ہیں۔ ہم جواب دیں گے کہ نکاح فاسد سے بھی بعض مقاصد حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً بچہ پیدا ہو جائے تو باپ سے ثبوتِ نسب ہوگا۔ واطی پر مہر واجب ہوگا اور اگر وطی کی گئی تو عدت واجب ہوگی۔

و مسئلة اليمين ممنوعة سے صاحبینؒ کے قیاس کا جواب ہے۔ حاصل جواب یہ ہے کہ ہمیں یہ تسلیم نہیں کہ اگر کوئی نکاح نہ کرنے کی قسم کھائے تو یہ قسم نکاح صحیح کو شامل ہوگی نکاح فاسد کو نہیں۔ بلکہ صحیح یہ ہے کہ یہ قسم دونوں کو شامل ہے۔ جس طرح نکاح صحیح سے حانث ہوگا اسی طرح نکاح فاسد سے بھی حانث ہوگا۔ اور اگر تھوڑی دیر کے لئے تسلیم کر لیا جائے کہ یہ قسم نکاح صحیح کو شامل ہے نکاح فاسد کو نہیں تو امام صاحبؒ کی طرف سے جواب یہ ہوگا کہ نکاح کو قسم پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ کیونکہ قسم کا مدار عرف اور رواج پر ہے۔ اس کے برخلاف نکاح کہ اس کا مدار عرف پر نہیں ہے۔ لہٰذا یہ قیاس بھی درست نہیں ہے۔

فریقین کے دلائل اختصار کے ساتھ یوں بھی بیان کئے جا سکتے ہیں کہ اذن بالبیع بالاتفاق بیع صحیح اور بیع فاسد دونوں کو شامل ہوتا ہے اور توکیل بالنکاح بالاتفاق نکاح صحیح کو شامل ہوتا ہے نکاح فاسد کو نہیں۔ پس صاحبینؒ نے اذن بالنکاح کو قیاس کیا توکیل بالنکاح پر اور امام صاحبؒ اذن بالنکاح کو قیاس کرتے ہیں اذن بالبیع پر۔

## جس شخص نے مقروض عبدِ ماذون کا نکاح ایک عورت سے کیا تو مہر کے بارے میں عورت قرض خواہوں کے ساتھ یکساں کی شریک ہے

وَمَنْ زَوَّجَ عَبْدًا مَدْيُوْنًا مَاذُوْنًا لَهُ اِمْرَأَةً جَازَ وَالْمَرْأَةُ اُسْوَةٌ لِلْغُرَمَاءِ فِيْ مَهْرِهَا وَ مَعْنَاهُ اِذَا كَانَ النِّكَاحُ بِمَهْرِ الْمِثْلِ وَوَجْهُهُ اَنَّ سَبَبَ وِلَايَةِ الْمَوْلٰى مِلْكُهُ الرَّقَبَةَ عَلٰى مَانَذْكُرُهُ وَالنِّكَاحُ لَايُلَاقِيْ حَقَّ الْغُرَمَاءِ بِالْاِبْطَالِ مَقْصُوْدًا اِلَّا اَنَّهُ اِذَا صَحَّ النِّكَاحُ وَجَبَ الدَّيْنُ بِسَبَبٍ لَا مَرَدَّ لَهُ فَشَابَهَ دَيْنَ الْاِسْتِهْلَاكِ وَ صَارَ كَالْمَرِيْضِ الْمَدْيُوْنِ اِذَا تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً فَبِمَهْرِ مِثْلِهَا اُسْوَةٌ لِلْغُرَمَاءِ.

---

ترجمہ...... اور جس شخص نے قرضدار ماذون لہ التجارۃ غلام کا کسی عورت سے نکاح کر دیا تو (نکاح) جائز ہے۔ اور عورت اپنے مہر کے بارے میں قرضخواہوں کے ساتھ یکساں برابر شریک ہوگی۔ اور اس کی مراد یہ ہے کہ جب نکاح مہر مثل کے عوض ہوا ہو۔ اور یکساں مستحق ہونیکی وجہ یہ ہے کہ مولیٰ کی ولایت کا سبب مولیٰ کے غلام کی گردن کا مالک ہونا ہے۔ چنانچہ ہم اس کو بیان کریں گے اور نکاح قرضخواہوں کے حق کے ساتھ (اس طرح) متصل نہیں ہوا کہ (ان کے حقوق) باطل کرنے کا قصد ہو مگر یہ کہ جب نکاح صحیح ہوگیا تو قرضہ ایسے سبب سے واجب ہوگیا جس کو رد نہیں کیا جاسکتا ہے۔ پس دین مہر دین استہلاک کے مشابہ ہوگیا اور اس قرضدار مریض کے مانند ہوگیا جب اس نے کسی عورت سے نکاح کیا (تو یہ عورت) اپنے مہر مثل میں قرضخواہوں کے ساتھ برابر کی حق دار ہوگی۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ مولیٰ نے اپنے قرضدار ماذون لہ التجارۃ غلام کا کسی عورت کے ساتھ مہر مثل کے عوض نکاح کیا تو یہ نکاح جائز ہے اور عورت اپنے مہر کے بارے میں قرضخواہوں کے ساتھ برابر کی شریک ہوگی۔ مثلاً غلام دو ہزار روپیہ میں فروخت کیا گیا اور تین قرضخواہ ہیں۔ جن میں ہر ایک کا قرضہ ایک ایک ہزار روپیہ ہے اور چوتھی عورت جس کا مہر ایک ہزار روپیہ ہے۔ پس ان چاروں میں سے ہر ایک چوتھائی قیمت یعنی پانچ سو روپیہ کا مستحق ہوگا۔ اور باقی کا مطالبہ غلام کے آزاد ہونے کے بعد کرسکتا ہے۔

دلیل اس بات کی کہ عورت قرضخواہوں کے ساتھ برابر کی شریک ہوگی۔ یہ ہے کہ مقتضی مہر یعنی ولایت مولیٰ موجود ہے۔ اور ولایتِ مولیٰ اس لئے موجود ہے کہ اس کا سبب متحقق ہے یعنی غلام کی گردن کا مالک ہونا۔ پس جب مولیٰ نے اس کا نکاح کیا تو گویا اس غلام پر مہر لازم کر دیا۔ لہٰذا مہر مولیٰ کے حق میں ظاہر ہوگا۔

وَالنِّكَاحُ لا يلاقي سے ایک اعتراض کا جواب ہے۔ حاصل اعتراض یہ ہے کہ مولیٰ نے غلام مدیون کا نکاح کر کے قرضخواہوں کے حقوق کو باطل کر دیا ہے۔ اور ابطال حق غیر درست نہیں ہے۔ لہٰذا عورت قرضخواہوں کے ساتھ برابر کی شریک نہ ہونی چاہئے۔ جواب نکاح قرضخواہوں کے حقوق کے ساتھ اس طرح متصل نہیں ہوا ہے کہ ان کے حقوق کو باطل کرنے کا قصد کیا گیا ہو۔ کیونکہ نکاح کا محل آدمیت ہے۔ اور قرض خواہوں کا حق متصل ہے مالیت کے ساتھ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ قرض خواہوں کا حق بلا قصد ضمناً باطل ہوگیا ہے۔ لیکن یہ معتبر نہیں ہے۔ حاصل دلیل یہ کہ جب مقتضی متحقق ہوگیا اور مانع (ابطال حق غیر بالقصد) منتفی ہوگیا۔ تو حکم ثابت ہو جائے گا۔

بہر حال جب نکاح درست ہوگیا تو دین مہر ایسے سبب سے واجب ہوگیا جس کو رفع نہیں کیا جاسکتا ہے۔ پس یہ دین مہر دین استہلاک کے مشابہ ہوگیا یعنی عبد مدیون ماذون لہ التجارۃ نے کسی انسان کا مال ہلاک کر دیا تو صاحب مال قرضخواہوں کے ساتھ برابر کا شریک ہوگا۔ اسی طرح یہ عورت بھی اپنے مہر مثل میں قرض خواہوں کے ساتھ برابر کی حقدار ہوگی۔ اور یہ عبد مدیون ماذون لہ اس مریض مدیون کے مانند ہوگیا جس نے

بحالت مرض کسی عورت سے شادی کی۔ پس جس طرح مریض کی بیوی اپنے مہر مثل میں قرضخواہوں کے ساتھ برابر کی شریک ہوگی۔ اسی طرح عبد مدیون ماذون کی بیوی بھی قرضخواہوں کے ساتھ اپنے مہر مثل میں برابر کی شریک ہوگی۔

## جس نے اپنی باندی کا نکاح کیا تو رات خاوند کے گھر گذروانا آقا پر لازم نہیں ہے

وَمَنْ زَوَّجَ اَمَتَهٗ فَلَيْسَ عَلَيْهِ اَنْ يُبَوِّئَهَا بَيْتَ الزَّوْجِ وَلٰكِنَّهَا تَخْدِمُ الْمَوْلٰى وَ يُقَالُ لِلزَّوْجِ مَتٰى ظَفِرْتَ بِهَا وَطِئْتَهَا لِاَنَّ حَقَّ الْمَوْلٰى فِي الْاِسْتِخْدَامِ بَاقٍ وَالتَّبْوِيَةُ اِبْطَالٌ لَهٗ فَاِنْ بَوَّأَهَا مَعَهٗ بَيْتًا فَلَهَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى وَاِلَّا فَلَا لِاَنَّ النَّفَقَةَ تُقَابِلُ الْاِحْتِبَاسَ وَ لَوْ بَوَّأَهَا بَيْتًا ثُمَّ بَدَالَهٗ اَنْ يَسْتَخْدِمَهَا لَهٗ ذٰلِكَ لِاَنَّ الْحَقَّ بَاقٍ لِبَقَاءِ الْمِلْكِ فَلَا يَسْقُطُ بِالتَّبْوِيَةِ كَمَا لَا يَسْقُطُ بِالنِّكَاحِ قَالَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ ذَكَرَ تَزْوِيْجَ الْمَوْلٰى عَبْدَهٗ وَاَمَتَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ رِضَاهُمَا وَ هٰذَا يَرْجِعُ اِلٰى مَذْهَبِنَا اَنَّ لِلْوَلِيِّ اِجْبَارَهُمَا عَلَى النِّكَاحِ وَ عِنْدَ الشَّافِعِيِّ لَا اِجْبَارَ فِي الْعَبْدِ وَ هُوَ رِوَايَةٌ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ لِاَنَّ النِّكَاحَ مِنْ خَصَائِصِ الْاٰدَمِيَّةِ وَالْعَبْدُ دَاخِلٌ تَحْتَ مِلْكِ الْمَوْلٰى مِنْ حَيْثُ اَنَّهٗ مَالٌ فَلَايَمْلِكُ اِنْكَاحَهٗ بِخِلَافِ الْاَمَةِ لِاَنَّهٗ مَالِكٌ مَنَافِعَ بُضْعِهَا فَيَمْلِكُ تَمْلِيْكَهَا وَلَنَا اَنَّ الْاِنْكَاحَ اِصْلَاحُ مِلْكِهٖ لِاَنَّ فِيْهِ تَحْصِيْنَهٗ عَنِ الزِّنَاءِ الَّذِيْ هُوَ سَبَبُ الْهَلَاكِ وَالنُّقْصَانِ فَيَمْلِكُهٗ اِعْتِبَارًا بِالْاَمَةِ بِخِلَافِ الْمُكَاتَبِ وَالْمُكَاتَبَةِ لِاَنَّهُمَا اِلْتَحَقَا بِالْاَحْرَارِ تَصَرُّفًا فَيُشْتَرَطُ رِضَاهُمَا۔

---

ترجمہ...... اور جس شخص نے اپنی باندی کا نکاح کر دیا تو مولیٰ پر واجب نہیں کہ وہ باندی کو شوہر کے مکان میں آباد کرے (بسادے) لیکن باندی مولیٰ کی خدمت کرتی رہے گی۔ اور شوہر سے کہا جائے گا کہ جب تو اس عورت پر قابو پاوے اس سے وطی کر لے۔ اسلئے کہ مولیٰ کا حق خدمت لینے میں باقی ہے اور شوہر کے گھر بسانا اس حق الخدمت کا باطل کرنا ہے پس اگر مولیٰ نے اس باندی کو شوہر کے ساتھ ایک مکان میں بسا دیا تو باندی کے لئے نفقہ اور سکنیٰ ہوگا۔ ورنہ نہیں۔ کیونکہ نفقہ احتباس کا مقابل ہے۔ اور اگر مولیٰ نے باندی کو (شوہر کے ساتھ) کسی مکان میں شب باشی کا موقع دیا۔ پھر اس کی رائے میں آیا کہ اپنی باندی سے خدمت لیا کرے تو اس کو یہ اختیار حاصل ہے۔ اس لئے کہ مولیٰ کا حق باقی ہے بقاء ملک کی وجہ سے پس تبویہ کیوجہ سے ساقط نہیں ہوگا۔ جیسے نکاح کر دینے سے ساقط نہیں ہوا ہے۔

مصنفؒ صاحب ہدایہ نے فرمایا کہ امام محمدؒ نے (جامع صغیر) میں مولیٰ کا اپنے غلام اور باندی کا نکاح کرنا ذکر فرمایا اور ان دونوں کی رضامندی کا ذکر نہیں کیا۔ اور یہ اطلاق ہمارے مذہب کی طرف راجع ہے کہ مولیٰ کو اختیار ہے کہ وہ اپنے غلام و باندی کو نکاح پر مجبور کرے اور امام شافعیؒ کے نزدیک غلام کے حق میں جبر کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ اور یہی امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت ہے کیونکہ نکاح تو انسان ہونے کا خاصہ ہے اور غلام مولیٰ کی ملک کے تحت داخل ہے اس حیثیت سے کہ وہ مال ہے پس مولیٰ اس کے نکاح کرنے کا مالک نہیں ہوگا بخلاف باندی کے اس لئے کہ مولیٰ اپنی باندی کے منافع بضع کا مالک ہے۔ لہٰذا ان کو دوسرے کی ملک میں دینے کا بھی مالک ہوگا۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ نکاح کرنا اپنی ملک کی اصلاح کرنا ہے۔ کیونکہ نکاح کرنے میں غلام کو محفوظ کر دینا ہے اس زنا سے جو ہلاکت اور نقصان کا سبب ہے۔ پس مولیٰ نکاح کر دینے کا مالک ہے باندی پر قیاس کرتے ہوئے۔ برخلاف مکاتب اور مکاتبہ کے۔ اس لئے کہ وہ دونوں لاحق ہو گئے آزادوں کے ساتھ ملک تصرف کے اعتبار سے۔ لہٰذا ان دونوں کی رضامندی مشروط ہوگی۔

تشریح...... تبویۃ کے معنیٰ یہ ہیں کہ باندی شوہر کے حوالہ کر دی جائے اور مولیٰ باندی سے خدمت لینا چھوڑ دے۔ اگر باندی شوہر کے پاس آتی

جاتی رہی اور مولیٰ کی خدمت بھی کرتی ہے تو یہ تبویہ نہیں ہوگا۔

صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ مولیٰ نے اپنی باندی کا کسی کے ساتھ نکاح کر دیا تو مولیٰ پر باندی کو شوہر کے مکان میں بسانا اور اپنا حقِ خدمت چھوڑنا واجب نہیں ہے بلکہ باندی مولیٰ کی خدمت کرتی رہے گی۔ اور شوہر سے کہا جائے گا کہ جب تیرا موقع لگے باندی کے ساتھ وطی کر لے۔

دلیل...... یہ ہے کہ خدمت لینے میں مولیٰ کا حق باقی ہے نکاح کی اجازت دینے سے مولیٰ کا حق ختم نہیں ہوا ہے۔ اور شوہر کے مکان میں باندی کو آباد کرنے میں مولیٰ کے حق کو باطل کرنا ہے۔ پس اس تبویہ کی صورت میں حق اعلیٰ کو باطل کرنا لازم آئے گا حق ادنیٰ کی وجہ سے۔ اور یہ صحیح نہیں۔ لہٰذا مولیٰ پر تبویہ بھی واجب نہیں ہوگا۔ البتہ اگر مولیٰ نے باندی کو شوہر کے ساتھ کسی مکان میں آباد کر دیا یعنی رات کو تنہا مکان میں رہنے کی اجازت دیدی تو اس صورت میں باندی کے لئے شوہر پر نفقہ اور سکنیٰ واجب ہوگا۔ اور اگر مولیٰ نے شوہر کے ساتھ تنہا رہنے کی اجازت نہیں دی تو شوہر پر نفقہ اور سکنیٰ واجب نہیں ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ نفقہ احتباس کا مقابل ہے۔ لہٰذا اگر مولیٰ نے اپنی خدمت کے لئے روکا تو نفقہ مولیٰ پر لازم ہوگا شوہر پر نہیں۔ اور اگر شوہر کے پاس اپنی خدمت سے روکا تو نفقہ شوہر پر لازم ہوگا مولیٰ پر نہیں۔ اور اگر مولیٰ نے باندی کو کسی مکان میں شوہر کے ساتھ شب باشی کا موقع دیدیا۔ پھر مولیٰ کی رائے یہ ہوئی کہ اپنی باندی سے خدمت لیا کرے۔ تو اس کو یہ اختیار حاصل ہے کہ شب باشی کی اجازت منسوخ کر دے اور شوہر سے نفقہ بھی ساقط ہو جائے گا۔ دلیل یہ ہے کہ مولیٰ کا حق خدمت بقاء ملک کی وجہ سے باقی ہے۔ لہٰذا جس طرح نکاح کر دینے سے یہ حق ساقط نہیں ہوا اسی طرح تبویہ سے بھی ساقط نہیں ہوگا۔

قال رضی اللّٰہ عنہ سے صاحبِ ہدایہؒ نے کہا کہ امام محمدؒ نے جامع صغیر میں یہ تو نہ ذکر کیا کہ مولیٰ اپنے غلام اور باندی کا نکاح کر سکتا ہے۔ لیکن ان دونوں کی رضامندی کا ذکر نہیں کیا۔ صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ یہ ہمارا مذہب ہے کہ مولیٰ اپنے غلام اور باندی کو نکاح پر مجبور کر سکتا ہے۔ مجبور کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اگر مولیٰ نے بغیر ان دونوں کی رضامندی کے نکاح کر دیا تو وہ نکاح نافذ ہوگا۔

حضرت امام شافعیؒ کے نزدیک غلام کے حق میں جبر کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ یہی ایک روایت امام ابوحنیفہؒ سے ہے جس کو طحاویؒ نے روایت کیا ہے۔ اگرچہ یہ روایت شاذ ہے امام شافعیؒ کے مذہب کا حاصل یہ ہے کہ اگر مولیٰ نے بغیر غلام کی رضامندی کے نکاح کر دیا تو وہ نافذ نہیں ہوگا البتہ باندی کا نکاح بغیر اس کی رضامندی کے بالاجماع درست اور نافذ ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ نکاح آدمی ہونے کا خاصہ ہے اور غلام مولیٰ کی ملک کے تحت داخل ہے۔ مالی ہونے کی حیثیت سے۔ لہٰذا اس کے نکاح کا مالک نہیں ہوگا۔ حاصل یہ کہ نکاح جس چیز کو شامل ہے مولیٰ اس کا مالک نہیں ہے۔ لہٰذا مولیٰ کا عقدِ نکاح کرنا ایسی چیز میں تصرف کرنا ہے جس کا وہ مالک نہیں، پس مولیٰ کا کیا ہوا نکاح اسی طرح منتفی ہوگا جس طرح اجنبی کا۔ بخلاف باندی کے۔ کیونکہ مولیٰ باندی کے منافع بضع کا مالک ہے۔ لہٰذا بغیر اس کی رضامندی کے دوسرے کو بھی مالک بنا سکتا ہے۔ اس لئے کہ یہ خالص اپنی ملک میں تصرف کرنا ہے۔

امام شافعیؒ کی دوسری دلیل...... یہ ہے کہ غلام کا نکاح بغیر اس کی رضامندی کے غیر مفید ہے۔ کیونکہ غلام کو فی الحال طلاق دینے کا اختیار ہے۔ لہٰذا بغیر اس کی رضامندی کے نکاح کرنے سے مقصود نکاح حاصل نہیں ہوگا۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ نکاح کرنا اپنی ملک کی اصلاح کرنا ہے کیونکہ نکاح کرنے میں غلام کو زنا سے محفوظ رکھنا ہے جو ہلاکت اور نقصان کا سبب ہے۔ یعنی جب حد لگائی جائے گی تو وہ حد کبھی ہلاک کر دے گی۔ اور کبھی زخم پیدا کر دے گی۔ پس پہلی صورت میں مال کو ہلاک کرنا ہے اور دوسری صورت میں مال کو ناقص کرنا ہے۔ لہٰذا مولیٰ بغیر غلام کی رضامندی کے نکاح کرنے کا مالک ہے باندی پر قیاس کرتے ہوئے۔ اور جامع دونوں کے درمیان سبب ولایت کا موجود ہونا ہے یعنی ملک رقبہ کا حاصل ہونا اور اپنی ملک کو زنا سے محفوظ رکھنا جو موجب ہلاکت اور نقصان ہے۔ برخلاف

مکاتب اور مکاتبہ کے کہ بغیر ان کی رضامندی کے مولیٰ ان کا نکاح نہیں کر سکتا ہے۔ دلیل یہ ہے کہ یہ دونوں آزاد کے ساتھ لاحق ہو گئے ہیں۔ ملک ید اور ملک تصرف کے اعتبار سے۔ پس اگر مولیٰ کو بغیر ان کی رضامندی کے نکاح کا اختیار دیدیا جائے تو ان دونوں کے ملک تصرف کو فوت کر دینا لازم آئے گا جو درست نہیں ہے۔ اس لئے مکاتب اور مکاتبہ کی رضامندی کو شرط قرار دیا گیا ہے۔

## جس نے اپنی باندی کا نکاح کیا دخول سے پہلے اسے قتل کر دیا تو اس کا مہر نہیں ہے ...... اقوالِ فقہاء

**قَالَ وَمَنْ زَوَّجَ اَمَتَهٗ ثُمَّ قَتَلَهَا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا زَوْجُهَا فَلَا مَهْرَ لَهَا عِنْدَ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَ قَالَا عَلَيْهِ الْمَهْرُ لِمَوْلَاهَا اِعْتِبَارًا بِمَوْتِهَا حَتْفَ اَنْفِهَا وَ هٰذَا لِاَنَّ الْمَقْتُوْلَ مَيِّتٌ بِاَجَلِهٖ فَصَارَ كَمَا اِذَا قَتَلَهَا اَجْنَبِیٌّ وَلَهٗ اَنَّهٗ مَنَعَ الْمُبْدَلَ قَبْلَ التَّسْلِيْمِ فَيُجَازٰی بِمَنْعِ الْبَدَلِ كَمَا اِذَا ارْتَدَّتِ الْحُرَّةُ وَالْقَتْلُ فِیْ اَحْكَامِ الدُّنْيَا جُعِلَ اِتْلَافًا حَتّٰی وَجَبَ الْقِصَاصُ وَالدِّيَةُ فَكَذَا فِیْ حَقِّ الْمَهْرِ۔**

---

ترجمہ ...... اور جس شخص نے اپنی باندی کا نکاح کیا پھر اس کو قتل کر ڈالا قبل اس کے کہ اس کے ساتھ اس کا شوہر دخول کرے تو اس باندی کے لئے مہر نہیں ہے۔ ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ شوہر پر مہر واجب ہے اس کے مولیٰ کے لئے اس کی طبعی موت پر قیاس کرتے ہوئے۔ اور یہ اس لئے کہ مقتول اپنے اجل پر مرا ہے۔ پس ایسا ہو گیا جیسا کہ جب اس کو کسی اجنبی نے قتل کیا ہو۔ اور امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ مولیٰ نے مبدل کو روک لیا تسلیم سے پہلے۔ لہٰذا اس کو بدل روک کر بدلہ دیا جائے گا۔ جیسا کہ جب آزاد عورت مرتدہ ہو گئی اور دنیوی احکام میں قتل کو تلف کرنا قرار دیا گیا حتیٰ کہ قصاص اور دیت واجب ہو گی۔ پس ایسا ہی مہر کے حق میں۔

تشریح ...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ مولیٰ نے اپنی باندی کا کسی کے ساتھ نکاح کیا پھر دخول سے پہلے مولیٰ نے باندی کو قتل کر ڈالا تو اس صورت میں امام صاحبؒ کے نزدیک باندی کے لئے شوہر پر مہر واجب نہیں ہو گا۔ اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ شوہر پر اس کے مولیٰ کے لئے مہر واجب ہو گا۔

صاحبینؒ اس صورت کو طبعی موت پر قیاس کرتے ہیں۔ یعنی اگر یہ باندی قبل الدخول طبعی موت مرجاتی تو بالاتفاق شوہر پر مہر واجب ہوتا ہے۔ لہٰذا صورت مذکورہ میں بھی شوہر پر مہر واجب ہو گا۔ اور اس قیاس کی وجہ یہ ہے کہ جس شخص کو قتل کیا گیا ہے وہ اللہ کے نزدیک اپنے مقررہ وقت پر مرا ہے۔ اہل سنت والجماعت کا یہی اعتقاد ہے۔ پس مولیٰ کا اپنی باندی کو قتل کرنا ایسا ہے جیسا کہ باندی کا اپنی طبعی موت مرجانا۔ صاحبینؒ نے دوسرا قیاس یہ بیان کیا کہ جس طرح باندی کو کوئی اجنبی قتل کر دیتا تو بالاتفاق مہر ساقط نہ ہوتا بلکہ شوہر پر مہر واجب ہوتا۔ اسی طرح مسئلہ مذکورہ میں بھی شوہر پر باندی کے مولیٰ کے لئے مہر واجب ہو گا۔

امام صاحبؒ کی دلیل ...... یہ ہے کہ مولیٰ نے مبدل (منافع بضع) کو روک لیا تسلیم سے پہلے۔ لہٰذا بدل یعنی مہر روک کر مولا کو بدلہ دیا جائے گا۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ آزاد عورت نے مرتدہ ہو کر مبدل یعنی بضع کو روک لیا۔ تو اس مرتدہ کو اس کا بدل یعنی مہر روک کر بدلا دیا جائے گا۔ اسی طرح یہاں بھی۔

والقتل فی احکام الدنیا سے صاحبینؒ کا جواب ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ قتل حقیقت میں اپنے مقررہ وقت پر اللہ کے نزدیک موت ہے لیکن احکام دنیا میں قتل کو تلف کرنا قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ قتل عمد میں قصاص اور قتل خطاء میں دیت واجب ہوتی ہے۔ البتہ مولیٰ پر قصاص یا دیت واجب نہیں ہو گی۔ کیونکہ اگر مولیٰ پر قصاص یا دیت واجب کریں گے تو یہ قصاص اور دیت مولیٰ پر اسی کے لئے واجب ہو گی۔ اور یہ محال ہے لیکن مولیٰ پر گناہ ہو گا۔ اور اگر قتل خطاء ہے تو کفارہ بھی واجب ہو گا۔ پس جس طرح قتل کو قصاص اور دیت کے حق میں اتلاف قرار دیا گیا ہے ایسے ہی مہر کے حق میں اتلاف قرار دیا گیا ہے۔ گویا مولیٰ نے سپرد کرنے سے پہلے معقود علیہ کو تلف کر دیا لہٰذا اس کا بدل یعنی مہر بھی ساقط ہو جائے گا۔

## عورت نے خودکشی کرلی شوہر کے دخول سے پہلے، اس کے لئے مہر ہے..... اقوالِ فقہاء

وَاِنْ قَتَلَتْ حُرَّةٌ نَفْسَهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا زَوْجُهَا فَلَهَا الْمَهْرُ خِلَافًا لِزُفَرَ رَحِمَهُ اللّٰهُ هُوَ يَعْتَبِرُهُ بِالرِّدَّةِ وَ بِقَتْلِ الْمَوْلٰى اَمَتَهٗ وَالْجَامِعُ مَا بَيَّنَّاهُ وَلَنَا اَنَّ جِنَايَةَ الْمَرْءِ عَلٰى نَفْسِهٖ غَيْرُ مُعْتَبَرَةٍ فِيْ حَقِّ اَحْكَامِ الدُّنْيَا فَشَابَهَ مَوْتَهَا حَتْفَ اَنْفِهَا بِخِلَافِ قَتْلِ الْمَوْلٰى اَمَتَهٗ لِاَنَّهٗ يُعْتَبَرُ فِيْ اَحْكَامِ الدُّنْيَا حَتّٰى تَجِبَ الْكَفَّارَةُ عَلَيْهِ.

---

ترجمہ...... اور اگر آزاد عورت نے اپنے آپ کو قتل کر ڈالا قبل اس کے کہ اس کے ساتھ اس کا شوہر دخول کرے تو اس عورت کے لئے مہر ہے۔ خلاف ہے امام زفرؒ کا وہ قیاس کرتے ہیں مرتد ہونے پر اور مولیٰ کے اپنی باندی کو قتل کرنے پر اور جامع وہ ہے جو ہم نے بیان کیا ہے۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ آدمی کا اپنے اوپر جرم کرنا احکام دنیا میں معتبر نہیں ہے پس اپنی موت مرنے کے مشابہ ہو گیا بخلاف مولیٰ کا اپنی باندی کو قتل کرنا اسلئے کہ وہ احکام دنیا میں معتبر ہے حتیٰ کہ مولیٰ پر کفارہ واجب ہوگا۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ آزاد عورت نے اپنے آپ کو قبل الدخول قتل کر ڈالا تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس عورت کے لئے مہر واجب ہوگا۔ امام زفرؒ کا خلاف ہے۔ امام شافعیؒ بھی امام زفرؒ کے ساتھ ہیں امام زفرؒ اس مسئلہ کے حکم کو ردت کے حکم پر قیاس کرتے ہیں۔ یعنی جب آزاد عورت قبل الدخول مرتدہ ہو گئی تو مہر ساقط ہو جائے گا۔ اسی طرح اس مسئلہ میں بھی مہر ساقط ہو جائے گا۔ اور امام زفرؒ اس مسئلہ کے حکم کو قیاس کرتے ہیں مولیٰ کے اپنی باندی کو قتل کرنے پر۔ یعنی اگر مولیٰ نے اپنی باندی کو قتل کر ڈالا اور قبل اس کے کہ اس کا شوہر اس کے ساتھ دخول کرے تو مہر ساقط ہو جاتا ہے۔ اسی طرح مسئلہ مذکورہ میں بھی مہر ساقط ہو جائے گا۔ اور جامع مقیس (آزاد عورت کا اپنے آپ کو قتل کرنا) اور مقیس علیہ (آزاد عورت کا قبل الدخول مرتدہ ہو جانا اور مولیٰ کا اپنی باندی کو قبل الدخول قتل کرنا) کے درمیان تسلیم سے پہلے مبدل (بضع) کو روکنا ہے۔

یہ بات یاد رہے کہ امام زفرؒ کا مولیٰ کا اپنی باندی کو قتل کرنے پر قیاس کرنا امام صاحبؒ کے قول پر صحیح ہوگا کیونکہ صاحبینؒ اس صورت میں سقوط مہر کے قائل نہیں ہیں۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ آدمی کا اپنے اوپر جنایت کرنا احکام دنیا میں معتبر نہیں ہے اگرچہ آخرت میں مواخذہ ہوگا۔ پس یہ اپنی موت مرنے کے مشابہ ہو گیا اور طبعی موت کی صورت میں مہر ساقط نہیں ہوتا ہے بلکہ شوہر پر واجب ہوگا اسی طرح اس صورت میں بھی اس عورت کے لئے مہر واجب ہوگا۔

بخلاف آزاد عورت کے مرتدہ ہونے کے۔ کیونکہ احکام دنیا میں مرتدہ ہونا معتبر ہے چنانچہ آزاد عورت کو ارتداد کی وجہ سے محبوس کیا جاتا ہے۔ تعزیر کی جاتی ہے اور اس کا نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ارتداد کی وجہ سے مہر بھی ساقط ہو جائے گا۔ اور بخلاف مولیٰ کا اپنی باندی کو قتل کرنا۔ کیونکہ احکام دنیا میں یہ بھی معتبر ہے۔ چنانچہ قتل خطا کی صورت میں مولیٰ پر کفارہ واجب ہوگا۔ اور اگر باندی پر دین ہو تو مولیٰ پر ضمان واجب ہوگا۔ پس ان دونوں صورتوں پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔

## جب باندی کے ساتھ نکاح کیا تو عزل میں اختیار مولیٰ کی اجازت کا ہے..... اقوالِ فقہاء

وَاِذَا تَزَوَّجَ اَمَةً فَالْاِذْنُ فِي الْعَزْلِ اِلَى الْمَوْلٰى عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ اَنَّ الْاِذْنَ اِلَيْهَا لِاَنَّ الْوَطْيَ حَقُّهَا حَتّٰى تَثْبُتَ لَهَا وِلَايَةُ الْمُطَالَبَةِ وَ فِي الْعَزْلِ تَنْقِيْصُ حَقِّهَا فَيُشْتَرَطُ رِضَاهَا كَمَا فِي الْحُرَّةِ بِخِلَافِ الْاَمَةِ الْمَمْلُوْكَةِ لِاَنَّهٗ لَا مُطَالَبَةَ لَهَا فَلَا يُعْتَبَرُ رِضَاهَا وَجْهُ ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ اَنَّ الْعَزْلَ

يُخِلُّ بِمَقْصُوْدِ الْوَلَدِ وَ هُوَ حَقُّ الْمَوْلٰى فَيُعْتَبَرُ رِضَاهُ وَ بِهٰذَا فَارَقَتِ الْحُرَّةُ.

ترجمہ...... اور جب کسی باندی کے ساتھ نکاح کیا تو عزل کرنے کی اجازت مولیٰ کے اختیار میں ہے۔ ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ سے روایت ہے کہ (عزل) کی اجازت اسی باندی کے اختیار میں ہے۔ اس لئے کہ وطی باندی کا حق ہے حتیٰ کہ اس کے لئے مطالبہ کی ولایت ثابت ہے۔ اور عزل میں اس کے حق میں کمی کرنا ہوگا۔ پس منکوحہ باندی کی رضامندی شرط ہے۔ جیسے آزاد منکوحہ میں ہے بخلاف مملوکہ باندی کے۔ کیونکہ اس کے لئے مطالبہ کا حق ہی نہیں ہے۔ لہٰذا اسکی رضامندی بھی معتبر نہیں ہے۔ اور ظاہر الروایۃ کی وجہ یہ ہے کہ عزل مقصود ولد میں مخل ہے اور وہ مولیٰ کا حق ہے لہٰذا مولیٰ کی رضامندی معتبر ہوگی اور اسی دلیل سے منکوحہ باندی کا منکوحہ حرہ سے فرق ہوگیا۔

تشریح...... عزل یہ ہے کہ جماع کرتے وقت انزال باہر کرے تاکہ حمل قرار نہ پائے۔

عزل عام علماء کے نزدیک جائز ہے۔ البتہ صحابہ کی ایک جماعت نے اس کو مکروہ قرار دیا ہے۔ دلائل جواز یہ ہیں......۔

سئل ابن مسعود عنه فقال لا باس به. ابن مسعودؓ سے عزل کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں ہے

صحیحین میں حضرت جابرؓ سے مروی ہے کنا نعزل و القران ينزل ہم عزل کرتے تھے اور قرآن نازل ہو رہا تھا۔ اور مسلم میں جابرؓ سے روایت ہے کہ كنا نعزل علىٰ عهد رسول الله ﷺ فبلغ ذٰلكَ النبى ﷺ فلم ينهانا ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں عزل کرتے تھے۔ نبی ﷺ کو اس کی خبر پہنچی تو آپ ﷺ نے ہم کو منع نہیں کیا ان کے علاوہ اور بہت سی حدیثیں ہیں جو جواز عزل پر دلالت کرتی ہیں۔ جو حضرات عزل کی کراہت کے قائل ہیں وہ حدیث عائشہؓ عن جدامه بنت وهب سے استدلال کرتے ہیں جس کو مسلم نے روایت کیا ہے۔ الفاظ حدیث فسالوا عن العزل قال ذاك الو أد الخفى. دوسری روایت ہے عن عمر و عثمان انهما كانا ينهيان عن العزل. ایک حدیث میں عزل کو مؤدۃ صغریٰ فرمایا ہے۔

عزل تین قسم پر ہے

۱) عزل اپنی مملوکہ باندی سے اس میں عزل کرنے کے لئے کسی کی اجازت درکار نہیں ہے۔

۲) عزل آزاد عورت سے اس میں عزل کی اجازت کا اختیار عورت ہی کو ہوگا۔ یہ دونوں صورتیں متفق علیہ ہیں

۳) عزل منکوحہ باندی سے۔

اس صورت میں اختلاف ہے جیسا کہ کتاب میں مذکور ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عزل کی اجازت کا اختیار مولیٰ کو ہے۔ اور صاحبینؒ سے مروی ہے کہ عزل کی اجازت کا اختیار منکوحہ باندی کو ہے۔

صاحبینؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ وطی منکوحہ باندی کا حق ہے اور اس کے لئے وطی کے مطالبہ کی ولایت حاصل ہے۔ لہٰذا بغیر اس کی رضامندی کے عزل کیسے جائز ہوگا۔ عزل کرنے میں منکوحہ باندی کے حق کو کم کرنا ہے۔ اسوجہ سے اسکی رضامندی لازم ہوگی جیسا کہ آزاد عورت کی رضامندی بالا جماع لازم ہے کیونکہ آزاد عورت کو بھی شوہر سے وطی کے مطالبہ کی ولایت حاصل ہے۔ بخلاف مملوکہ باندی کے چنانچہ اس کے مولیٰ کے لئے عزل کی اجازت ہے۔ مملوکہ باندی راضی ہو یا ناراض ہو۔ کیونکہ مملوکہ باندی کو وطی کے مطالبہ کا اختیار نہیں ہے۔ لہٰذا اس کی رضامندی بھی معتبر نہیں ہوگی۔

ظاہر الروایۃ کی وجہ یہ ہے کہ عزل مقصود ولد میں مخل ہے۔ اور ولد مولیٰ کا حق ہے لہٰذا مولیٰ ہی کی رضامندی کا اعتبار کیا جائے گا اور اسی دلیل سے منکوحہ باندی اور آزاد منکوحہ میں فرق ہوگیا کہ منکوحہ باندی میں ولد مولیٰ کا حق ہے اور آزاد منکوحہ میں ولد مولیٰ وغیرہ کا حق نہیں اور جب فارق موجود

ہے تو قیاس بھی باطل ہو جائے گا۔

## باندی نے اپنے مولیٰ سے نکاح کیا، پھر مولیٰ نے آزاد کر دیا، اسے آزادی کا اختیار ہے خواہ شوہر آزاد ہو یا غلام

**وَاِنْ تَزَوَّجَتْ بِاِذْنِ مَوْلَاهَا ثُمَّ اُعْتِقَتْ فَلَهَا الْخِيَارُ حُرًّا كَانَ زَوْجُهَا اَوْ عَبْدًا لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِبَرِيْرَةَؓ حِيْنَ اُعْتِقَتْ مَلَكْتِ بُضْعَكِ فَاخْتَارِىْ فَالتَّعْلِيْلُ بِمِلْكِ الْبُضْعِ صَدَرَ مُطْلَقًا فَيَنْتَظِمُ الْفَصْلَيْنِ وَالشَّافِعِىُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ يُخَالِفُنَا فِيْمَا اِذَا كَانَ زَوْجُهَا حُرًّا وَهُوَ مَحْجُوْجٌ بِهٖ وَلِاَنَّهٗ يَزْدَادُ الْمِلْكُ عَلَيْهَا عِنْدَ الْعِتْقِ فَيَمْلِكُ الزَّوْجُ بَعْدَهٗ ثَلٰثَ تَطْلِيْقَاتٍ فَتَمْلِكُ رَفْعَ اَصْلِ الْعَقْدِ دَفْعًا لِلزِّيَادَةِ.**

---

ترجمہ...... اور اگر باندی نے اپنے مولیٰ کی اجازت سے (خود) نکاح کیا پھر وہ آزاد ہوگئی تو باندی کے واسطے خیار ہے اس کا شوہر آزاد ہو یا غلام حضور ﷺ کے قول کی وجہ سے۔ حضرت بریرہؓ سے جس وقت حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا آزاد کی گئیں تو اپنے بضع کی مالک ہوگئی پس تو اختیار کر۔ پس ملک بضع کے ساتھ علت بیان کرنا مطلقاً صادر ہوا۔ لہٰذا دونوں صورتوں کو شامل ہوگا۔ اور امام شافعیؒ ہمارے مخالف ہیں۔ اس صورت میں جبکہ اس کا شوہر آزاد ہو۔ اور امام شافعیؒ اطلاق حدیث سے محجوج ہیں۔ اور اس لئے کہ باندی پر ملک کا اضافہ ہوگا آزادی کے وقت۔ پس شوہر اس کے بعد تین طلاقوں کا مالک ہوگا۔ لہٰذا باندی زیادتی کو دفع کرنے کے لئے اصل عقد کو اٹھانے کی مالک ہے۔

**تشریح**...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ باندی نے اپنے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا پھر وہ باندی آزاد کر دی گئی تو اس باندی کے لئے خیار عتق میں اختلاف ہے۔ احنافؒ کا مذہب یہ ہے کہ آزادی کے وقت اس کا شوہر آزاد تھا یا غلام دونوں صورتوں میں اس کے لئے خیار عتق ثابت ہوگا چاہے نکاح کو باقی رکھے اور چاہے فسخ کر دے۔ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ آزادی کے وقت شوہر اگر آزاد تھا تو باندی کو خیار عتق حاصل نہیں ہوگا۔ اور اگر غلام ہے تو خیار عتق حاصل ہوگا۔ حاصل یہ کہ شوہر اگر غلام ہے تو بالاتفاق معتقہ باندی کو خیار عتق حاصل ہے اور اگر شوہر باندی کی آزادی کے وقت آزاد ہے تو اس میں اختلاف ہے۔ احنافؒ کے نزدیک اس صورت میں بھی باندی کے لئے اختیار عتق حاصل ہے۔ اور امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک اس صورت میں باندی کے لئے خیار عتق حاصل نہیں ہوگا۔

**احنافؒ کی دلیل**...... حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا ہے۔ یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جب اپنی باندی حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر دیا تو بریرہ رضی اللہ عنہا سے حضور ﷺ نے فرمایا ملکت بضعک فاختاری۔ اس حدیث میں اللہ کے نبی ﷺ نے ثبوتِ خیار کی علت ملک بضع کو قرار دیا۔ اور اس بارے میں کوئی فرق نہیں کیا کہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا شوہر آزاد ہے یا غلام۔ لہٰذا یہ حدیث اپنے اطلاق کی وجہ سے دونوں کو شامل ہوگی۔ یعنی شوہر غلام ہو یا آزاد۔ دونوں صورتوں میں معتقہ باندی کو خیار عتق حاصل ہوگا۔ صاحبِ ہدایہؒ کے بیان کے مطابق یہی حدیث امام شافعی اور امام مالکؒ کے خلاف حجت ہوگی۔

اس بارے میں روایات مختلف ہیں کہ جس وقت حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو خیار دیا گیا تو ان کا شوہر اس وقت غلام تھا یا آزاد۔ خلاصہ یہ کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا قصہ تین تابعین نے روایت کیا ہے۔ ایک اسود ان کی تمام روایات میں آیا ہے کہ وہ آزاد تھا۔ دوم عروہ بن الزبیرؒ ان کی ایک روایت میں آیا ہے کہ وہ غلام تھا اور دوسری میں ہے کہ وہ آزاد تھا حالانکہ دونوں روایتیں صحیح ہیں۔ سوم قاسمؒ ان کی ایک روایت میں آیا ہے کہ وہ آزاد تھا اور دوسری میں شک کیا ہے۔ حالانکہ دونوں حدیثیں صحیح الاسناد ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ بریرہ رضی اللہ عنہا کا شوہر ایک حبشی غلام تھا۔ جس کا نام مغیث تھا پھر حضور ﷺ نے بریرہ رضی اللہ عنہا کو خیار دیا۔

بہر حال جب روایات متعارض ہیں تو ان سب روایات کو چھوڑ کر حضور ﷺ کے قول ملکت بضعك فاختاری پر عمل کریں گے۔ دوسری دلیل عقلی یہ ہے کہ باندی کے آزاد ہونے کے وقت اس پر ملک کی زیادتی ہو جائے گی۔ کیونکہ باندی کے آزاد ہونے سے پہلے شوہر دو طلاقوں کا مالک تھا اور آزاد ہونے کے بعد تین طلاقوں کا مالک ہو جائے گا لہٰذا معتقہ باندی کو زیادتی ملک دفع کرنے کے لئے اصل عقد ہی کو دور کرنے کا اختیار دیدیا گیا۔ لیکن اس پر یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک طلاق کی تعداد میں مردوں کا اعتبار ہے نہ کہ عورتوں کا۔ پس جب باندی کے آزاد ہونے کے وقت شوہر آزاد تھا تو باندی کے آزاد ہونے سے معتقہ باندی پر ملک کا اضافہ نہیں ہوا بلکہ شوہر پہلے سے تین طلاقوں کا مالک تھا۔ جواب، طلاق کی تعداد میں عورتوں کا معتبر ہونا دلیل قوی سے ثابت ہے۔ جیسا کہ کتاب الطلاق میں آجائے گا۔ لہٰذا اس کو لے کر اعتراض نہ کیا جائے۔

## مکاتبہ نے اپنے شوہر کی اجازت سے نکاح کیا پھر آزاد ہوگئی اسے بھی اختیار ہے

**وَكَذٰلِكَ الْمُكَاتَبَةُ يَعْنِيْ اِذَا تَزَوَّجَتْ بِاِذْنِ مَوْلَاهَا ثُمَّ عَتَقَتْ وَ قَالَ زُفَرُ رَحِمَهُ اللهُ لَاخَيَارَ لَهَا لِاَنَّ الْعَقْدَ نَفَذَ عَلَيْهَا بِرِضَاهَا وَكَانَ الْمَهْرُ لَهَا فَلَا مَعْنٰى لِاِثْبَاتِ الْخِيَارِ بِخِلَافِ الْاَمَةِ لِاَنَّهٗ لَا يُعْتَبَرُ رِضَاهَا وَلَنَا اَنَّ الْعِلَّةَ اِزْدِيَادُ الْمِلْكِ وَ قَدْ وَجَدْنَاهَا فِي الْمُكَاتَبَةِ لِاَنَّ عِدَّتَهَا قُرْءَانِ وَطَلَاقُهَا ثِنْتَانِ.**

---

ترجمہ...... اور یہی حکم مکاتبہ (باندی) کا ہے یعنی جب اپنے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا پھر وہ آزاد ہوگئی اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ اس کے لئے خیار نہیں ہے۔ اس لئے کہ عقد اس پر اس کی رضامندی سے نافذ کیا گیا ہے اور مہر بھی مکاتبہ کے لئے ہے لہٰذا اثبات خیار کے کوئی معنی نہیں ہیں۔ بخلاف باندی کے کیونکہ اس کی رضامندی معتبر نہیں ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ علت خیار ازدیاد ملک ہے ہم نے اس کو مکاتبہ میں بھی پایا اس لئے کہ مکاتبہ کی عدت دو حیض اور اس کی طلاق دو ہیں۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر مکاتبہ نے اپنے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا پھر مکاتبہ بدل کتابت ادا کر کے آزاد ہوگئی تو ائمہ ثلثہ کے نزدیک اس معتقہ مکاتبہ کے لئے خیار عتق حاصل ہوگا۔ اس کا شوہر آزاد ہو یا غلام۔ امام زفرؒ کے نزدیک اس کے لئے خیار عتق حاصل نہیں ہوگا۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ باندی معتقہ کے لئے ثبوت خیار دو وجہوں سے تھا۔ ایک یہ کہ باندی کا عقد نکاح بغیر اس کی رضامندی کے نافذ تھا۔ دوم یہ کہ اس کا مہر اس کے مولیٰ کے لئے تھا۔ اور مکاتبہ میں یہ دونوں باتیں موجود نہیں ہیں۔ کیونکہ مکاتبہ کا عقد نکاح بغیر اس کی رضامندی کے نافذ نہیں تھا اور مہر بھی اسی کے لئے ہوگا نہ کہ اس کے مولیٰ کے لئے۔ لہٰذا مکاتبہ کے لئے آزاد ہونے کے بعد خیار عتق ثابت نہیں ہوگا۔

لیکن اگر کوئی اعتراض کرے کہ اگر مملوکہ باندی کی رضامندی سے نکاح ہوا ہو تو اس کے لئے بھی خیار عتق ثابت نہ ہونا چاہئے تو اس کا جواب یہ ہے کہ مملوکہ باندی کی رضامندی کا اعتبار نہیں کیا گیا ہے۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ آزادی کے بعد خیار عتق کی علت معتقہ باندی پر ملک طلاق کا بڑھ جانا ہے۔ اور یہ علت مکاتبہ میں موجود ہے۔ کیونکہ مکاتبہ کی عدت آزاد ہونے سے پہلے دو حیض تھے اور آزاد ہونے کے بعد تین حیض ہو جائیں گے۔ اسی طرح آزاد ہونے سے پہلے اس کا شوہر دو طلاقوں کا مالک تھا آزاد ہونے سے تین طلاقوں کا مالک ہوگا۔ پس جب خیار عتق کی علت مکاتبہ میں موجود ہے تو مکاتبہ کے آزاد ہونے کے بعد اس کے لئے بھی خیار عتق حاصل ہوگا۔

## باندی نے اپنے مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کیا پھر آزاد کردی گئی تو نکاح صحیح ہے

**وَاِنْ تَزَوَّجَتْ اَمَةٌ بِغَيْرِ اِذْنِ مَوْلَاهَا ثُمَّ عَتَقَتْ صَحَّ النِّكَاحُ لِاَنَّهَا مِنْ اَهْلِ الْعِبَارَةِ وَامْتِنَاعُ النُّفُوْذِ لِحَقِّ الْمَوْلٰى وَ قَدْزَالَ وَلَا خِيَارَ لَهَا لِاَنَّ النُّفُوْذَ بَعْدَ الْعِتْقِ فَلَا تَتَحَقَّقُ زِيَادَةُ الْمِلْكِ كَمَا اِذَا زَوَّجَتْ نَفْسَهَا بَعْدَ الْعِتْقِ.**

---

ترجمہ...... اور اگر باندی نے بغیر اپنے مولیٰ کی اجازت کے نکاح کیا پھر آزاد کردی گئی تو نکاح صحیح (نافذ) ہوگیا۔اس لئے کہ باندی کو عبارت کی لیاقت ہے۔اور نفوذ ممنوع تھا حق مولیٰ کی وجہ سے اور وہ زائل ہوگیا اور باندی کے لئے خیار نہیں ہوگا۔کیونکہ نفوذ آزادی کے بعد ہوا ہے۔لہٰذا زیادتی ملک متحقق نہیں ہوگی۔جیسا کہ جب اس نے آزاد ہونے کے بعد اپنا نکاح خود کرلیا۔

تشریح...... عبارت میں دو باتیں ہیں۔ایک یہ کہ باندی نے بغیر مولیٰ کی اجازت کے نکاح کیا پھر وہ باندی آزاد کردی گئی تو یہ نکاح صحیح (نافذ) ہوگا دوم یہ کہ اس معتقہ باندی کے لئے خیار عتق حاصل نہیں ہوگا۔صحتِ نکاح کی دلیل تو یہ ہے کہ مقتضی نکاح موجود ہے کیونکہ رکن نکاح (ایجاب و قبول) اس کے اہل سے صادر ہوا ہے۔اس لئے کہ باندی عاقلہ بالغہ ہونے کی وجہ سے اہل عبارت میں سے ہے اور مانع نکاح منتفی ہوگیا۔کیونکہ نفاذ نکاح ممنوع تھا مولیٰ کے حق کی وجہ سے اور حق مولیٰ آزاد کردینے سے زائل ہوگیا۔پس جب مقتضی موجود اور مانع منتفی ہے تو نکاح صحیح ہوگیا۔

عدم ثبوت خیار کی وجہ یہ ہے کہ نکاح نافذ ہوا ہے باندی کے آزاد ہونے کے بعد۔پس آزاد کردینے سے زیادتی ملک متحقق نہیں ہوتی۔لہٰذا جب علتِ خیار نہیں پائی گئی تو اس معتقہ باندی کے لئے خیار بھی ثابت نہیں ہوگا۔اور یہ ایسا ہے جیسا کہ آزاد ہونے کے بعد وہ خود اپنا نکاح کرتی تو اس کو خیار حاصل نہ ہوتا۔ایسے ہی یہاں بھی۔

## اگر مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کیا ہزار پر اور مہر مثل سو روپے تھے، اور اس کے شوہر نے دخول کیا پھر اس کے مولیٰ نے آزاد کیا تو مہر مولیٰ کے لئے ہے

**فَاِنْ كَانَتْ تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِ اِذْنِهٖ عَلَى الْفٍ وَ مَهْرُ مِثْلِهَا مِائَةٌ فَدَخَلَ بِهَا زَوْجُهَا ثُمَّ اَعْتَقَهَا مَوْلَاهَا فَالْمَهْرُ لِلْمَوْلٰى لِاَنَّهٗ اِسْتَوْفٰى مَنَافِعَ مَمْلُوْكَةً لِلْمَوْلٰى وَاِنْ لَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتّٰى اَعْتَقَهَا فَالْمَهْرُ لَهَا لِاَنَّهٗ اِسْتَوْفٰى مَنَافِعَ مَمْلُوْكَةً لَهَا وَالْمُرَادُ بِالْمَهْرِ اَلْاَلْفُ الْمُسَمّٰى لِاَنَّ نِفَاذَ الْعَقْدِ بِالْعِتْقِ اُسْتُنِدَ اِلٰى وَقْتِ وُجُوْدِ الْعَقْدِ فَصَحَّتِ التَّسْمِيَةُ وَوَجَبَ الْمُسَمّٰى وَلِهٰذَا لَمْ يَجِبْ مَهْرٌ اٰخَرُ بِالْوَطْيِ فِيْ نِكَاحٍ مَوْقُوْفٍ لِاَنَّ الْعَقْدَ قَدِ اتَّحَدَ بِاِسْتِنَادِ النِّفَاذِ فَلَا يُوْجِبُ اِلَّا مَهْرًا وَاحِدًا.**

---

ترجمہ...... پس اگر باندی نے بغیر مولیٰ کی اجازت کے نکاح کیا ایک ہزار پر اور اس کا مہر مثل سو ہیں۔پھر اس باندی کے ساتھ اس کے شوہر نے دخول کیا۔پھر اس باندی کو اس کے مولیٰ نے آزاد کردیا تو مہر مولیٰ کے لئے ہوگا۔کیونکہ شوہر نے ایسے منافع وصول کئے ہیں جو مولیٰ کے مملوک ہیں اور اگر باندی کے ساتھ دخول نہیں کیا حتیٰ کہ اس کو آزاد کردیا تو مہر باندی کے لئے ہوگا اس لئے کہ شوہر نے ایسے منافع وصول کئے ہیں جو باندی کے مملوک ہیں اور مراد مہر سے ایک ہزار مسمّٰی ہے۔اس لئے کہ عتق کی وجہ سے عقد کا نفاذ وجود عقد کے وقت کی طرف منسوب ہے پس تسمیہ صحیح اور مسمّٰی واجب ہوگا۔اور اسی وجہ سے نکاح موقوف میں وطی کی وجہ سے دوسرا مہر واجب نہیں ہوگا۔کیونکہ عقد متحد ہے نفاذ کے منسوب ہونے کی وجہ سے پس نہیں واجب کرے گا مگر ایک مہر کو۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ باندی نے بغیر اپنے مولیٰ کی اجازت کے نکاح کیا اور مہر ایک ہزار درہم مقرر کیا۔ حالانکہ مہر مثل صرف سو درہم ہیں۔ پھر شوہر نے دخول کیا۔ اس کے بعد مولیٰ نے اپنی اس باندی کو آزاد کردیا تو مہر کل کا کل مولیٰ کے لئے ہوگا۔ صورت مسئلہ میں کہ مسمّٰی ایک ہزار اور مہر مثل سو درہم ہیں۔ اس لئے کہا تا کہ معلوم ہوجائے کہ اگر مسمّٰی مہر مثل سے زائد ہوجائے تب بھی مسمّٰی مولیٰ کے لئے ہوگا۔ بشرطیکہ دخول قبل العتق ہو۔ دلیل اس کی یہ ہے کہ شوہر نے ایسے منافع حاصل کئے ہیں جو مولیٰ کے مملوک ہیں۔ لہٰذا بدل یعنی مہر بھی مولیٰ ہی کے لئے واجب ہوگا۔

اور اگر مولیٰ کے آزاد کردینے کے بعد شوہر نے دخول کیا ہے یعنی دخول بعد العتق ہے تو مہر معتقہ باندی کے لئے ہوگا۔ کیونکہ اس صورت میں شوہر نے ایسے منافع وصول کئے ہیں جو باندی کے مملوک ہیں۔ لہٰذا بدل یعنی مہر بھی باندی ہی کے لئے واجب ہوگا۔

والمراد بالمَهر الالف المسمّی سے ایک اعتراض کا جواب ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ دخول قبل العتق کی صورت میں مولیٰ کے لئے مہر مثل کی مقدار واجب ہونا چاہئے اور جو مہر مثل سے زائد ہو وہ عورت کو دیدیا جائے۔ کیونکہ من کل وجہ بضع کی قیمت مہر مثل ہے اور بضع مولیٰ کی ملک ہے لہٰذا بضع کی قیمت مولیٰ کے لئے ہونی چاہئے نہ کہ قیمت سے زائد۔ صاحب ہدایہؒ نے جواب میں فرمایا کہ مہر سے مراد ایک ہزار مسمّٰی ہے نہ کہ مہر مثل۔ اس لئے کہ باندی کے آزاد ہونے کی وجہ سے عقد کا نفاذ وجود عقد کے وقت کی طرف منسوب ہوگا۔ یعنی جس وقت نکاح منعقد ہوا تھا اسی وقت سے نفاذ ہوگا۔ اگرچہ نفاذ کا اظہار آزادی کے بعد ہوا اور نکاح منعقد ہوا تھا ایک ہزار مسمّٰی پر پس یہ تسمیہ صحیح ہوگیا۔ اور مسمّٰی واجب ہوگا صرف یہ کلام ہے کہ اگر دخول کے بعد آزاد کی گئی تو یہ مہر مولیٰ کا ہوگا اور اگر دخول سے پہلے آزاد ہوئی تو یہ مہر اسی باندی کا ہوگا۔

اور اسی وجہ سے نفاذ عقد وجود عقد کی طرف منسوب ہے۔ نکاح موقوف میں وطی کی وجہ سے دوسرا مہر واجب نہیں ہوگا۔ مثلاً باندی نے بغیر مولیٰ کی اجازت کے نکاح کیا۔ پھر مولیٰ نے اجازت دیدی تو یہ نہیں ہوگا کہ اجازت سے پہلے جو وطی کی گئی ہے اس کا مہر واجب ہو۔ پھر اجازت کے بعد وطی سے مہر مسمّٰی واجب ہو۔ کیونکہ اجازت سے جب وہی عقد نافذ ہوا جو موقوف تھا۔ تو گویا عقد کے وقت ہی اجازت ہوچکی تو ہر ایک وطی نکاح جائز میں واقع ہوئی۔ لہٰذا ایک ہی مہر لازم ہوگا۔ یعنی نفاذ وقت عقد کی طرف منسوب ہونے سے ایک ہی عقد رہا۔ دو عقد نہیں اور ایک عقد سے ایک مہر واجب ہوتا ہے لہٰذا یہاں بھی ایک ہی مہر واجب ہوگا۔

## بیٹے کہ باندی سے وطی کی، اس نے بچہ جنا تو یہ ام الولد ہے اور باپ پر اس کی قیمت لازم ہے اور مہر اس پر نہیں

**وَمَنْ وَطِیَ اَمَةَ اِبْنِہٖ فَوَلَدَتْ مِنْهُ فَهِیَ اُمُّ وَلَدٍ لَهٗ وَعَلَیْهِ قِیْمَتُهَا وَلَا مَهْرَ عَلَیْهِ وَ مَعْنَی الْمَسْأَلَةِ اَنْ یَّدَّعِیَهُ الْاَبُ وَوَجْهُهٗ اَنَّ لَهٗ وِلَایَةَ تَمَلُّكِ مَالِ اِبْنِهٖ لِلْحَاجَةِ اِلَی الْبَقَاءِ فَلَهٗ تَمَلُّكُ جَارِیَتِهٖ لِلْحَاجَةِ اِلٰی صِیَانَةِ الْمَاءِ غَیْرَ اَنَّ الْحَاجَةَ اِلٰی اِبْقَاءِ نَسْلِهٖ دُوْنَهَا اِلٰی اِبْقَاءِ نَفْسِهٖ فَلِهٰذَا یَتَمَلَّكُ الْجَارِیَةَ بِالْقِیْمَةِ وَالطَّعَامَ بِغَیْرِ الْقِیْمَةِ ثُمَّ هٰذَا الْمِلْكُ یَثْبُتُ قَبْلَ الْاِسْتِیْلَادِ شَرْطًا لَهٗ اِذِ الْمُصَحِّحُ حَقِیْقَةُ الْمِلْكِ اَوْ حَقُّهٗ وَ كُلُّ ذٰلِكَ غَیْرُ ثَابِتٍ لِلْاَبِ فِیْهَا حَتّٰی یَجُوْزَ لَهُ التَّزَوُّجُ بِهَا فَلَا بُدَّ مِنْ تَقْدِیْمِهٖ فَتَبَیَّنَ اَنَّ الْوَطْیَ یُلَاقِیْ مِلْكَهٗ فَلَا یَلْزَمُهُ الْعُقْرُ وَقَالَ زُفَرُ وَالشَّافِعِیُّ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ یَجِبُ الْمَهْرُ لِاَنَّهُمَا یُثْبِتَانِ الْمِلْكَ حُكْمًا لِلْاِسْتِیْلَادِ كَمَا فِی الْجَارِیَةِ الْمُشْتَرَكَةِ وَحُكْمُ الشَّیْءِ یَعْقُبُهٗ وَالْمَسْأَلَةُ مَعْرُوْفَةٌ**

---

ترجمہ...... اور جس شخص نے اپنے بیٹے کی باندی سے وطی کی۔ پھر اس باندی نے اس وطی سے بچہ جنا تو یہ باندی باپ کے لئے ام ولد ہوگی۔ اور

اس باپ پر باندی کی قیمت واجب ہوگی اور اس پر مہر واجب نہیں ہوگا۔ اور مسئلہ کی مراد یہ ہے کہ باپ اس ولد کا دعویٰ کرے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ باپ کے لئے اپنے بیٹے کے مال کے مالک ہونے کی ولایت حاصل ہے۔ حاجت الی البقاء کی وجہ سے۔ پس باپ کے لئے اپنے بیٹے کی باندی کے مالک ہونے کی (ولایت) حاصل ہے۔ (اپنے) پانی کو محفوظ رکھنے کی ضرورت کی وجہ سے مگر یہ کہ اپنی نسل کو باقی رکھنے کی ضرورت کم تر ہے اپنی جان کو باقی رکھنے کے مقابلہ میں۔ پس اسی وجہ سے باندی کا مالک ہوگا قیمت کے ساتھ اور طعام کا بلا قیمت کے۔ پھر یہ ملک استیلاد سے پہلے ثابت ہوگی استیلاد کے لئے شرط ہوکر۔ اس لئے کہ استیلاد کو صحیح کرنے والی حقیقت ملک ہے یا حق ملک اور باندی میں باپ کے لئے (ان میں سے) کوئی بھی ثابت نہیں ہے۔ یہاں تک کہ باپ کے لئے اپنے بیٹے کی باندی کے ساتھ نکاح جائز ہے۔ پس ضروری ہے ملک کو مقدم ماننا۔ پس ظاہر ہوگیا کہ وطی باپ کی ملک کے متصل ہے۔ لہٰذا باپ پر عقر لازم نہیں ہوگا۔ اور امام زفرؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ مہر واجب ہوگا۔ کیونکہ یہ دونوں حضرات ملک کو استیلاد کا حکم مان کر ثابت کرتے ہیں۔ جیسا کہ مشترکہ باندی میں اور شی کا حکم شی کے بعد ہوتا ہے اور مسئلہ مشہور ہے۔

تشریح ...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ باپ نے اپنے بیٹے کی باندی سے وطی کی۔ اس وطی کے نتیجہ میں باندی نے بچہ جنا تو یہ باندی باپ کی ام ولد کہلائے گی اور باپ پر اس باندی کی قیمت واجب ہوگی۔ اگرچہ باپ فقیر ہو اور بچہ کی قیمت واجب نہیں ہوگی۔ البتہ باپ پر مہر واجب نہیں ہوگا۔ صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ یہ باندی باپ کی ام ولد اس وقت ہوگی جب باپ اس بچہ کے نسب کا دعویٰ کرے کہ یہ بچہ میرے نطفہ سے ہے۔ اور باپ آزاد مسلمان عاقل ہو۔ دلیل اس کی یہ ہے کہ باپ کو یہ ولایت حاصل ہے کہ وہ اپنے بیٹے کے مال کا مالک ہوجائے۔ اپنی جان کو باقی رکھنے کے لئے (کیونکہ حدیث میں ہے انت و مالك لابيك یعنی تو اور تیرا مال تیرے باپ کے لئے ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ان رسول الله ﷺ قال ولد الرجل من کسبه فکلوا من اموالهم یعنی آدمی کی اولاد اس کے کسب سے ہے پس ان کے اموال میں سے کھاؤ۔ عمرو بن شعیب ؓ سے روایت ہے ان النبی ﷺ قال ان اولادکم من اطیب کسبکم فکلوا من کسب اولادکم۔ یعنی حضور ﷺ نے فرمایا تمہاری اولاد تمہاری بہترین کمائی ہے سو تم اپنی اولاد کی کمائی میں سے کھاؤ۔ اور ہر وہ شخص جس کو اپنے بیٹے کے مال کے مالک بننے کی ولایت حاصل ہے بقاء نفس کی وجہ سے اس کو اپنے بیٹے کی باندی کے مالک بننے کی بھی ولایت حاصل ہے اپنے پانی کو محفوظ رکھنے کی وجہ سے۔

غیر ان الحاجة سے ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ اگر صیانت ماء بقاء نفس کے مانند ہے تو باپ پر باندی کی قیمت واجب نہ ہونی چاہئے۔ جیسا کہ کھانے پینے کی چیزوں میں باپ پر قیمت واجب نہیں ہوتی۔ صاحبِ ہدایہؒ نے جواب میں فرمایا کہ بقاء نسل کی ضرورت بقاء نفس کی ضرورت سے کمتر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بیٹے کو اس پر مجبور نہیں کیا جائے گا کہ وہ باپ کو استیلاد کے لئے باندی دے۔ کیونکہ یہ غیر ضروری ہے۔ بس اس فرق کی وجہ سے باپ باندی کا مالک بالقیمۃ ہوگا۔ اور طعام کا بلا قیمت مالک ہوگا۔

ثم هذا الملك يثبت قبل الاستيلاد سے ایک اعتراض کا جواب ہے حاصل اعتراض یہ ہے کہ استیلاد کے لئے ضروری ہے کہ وطی ملک میں کی گئی ہو۔ جیسا کہ مملوکہ باندی میں وطی کی گئی ہو جیسا کہ مکاتبہ باندی میں۔ اور یہاں باپ کے لئے نہ حقیقت ملک ثابت ہے اور نہ حق ملک یہی وجہ ہے کہ بیٹے کی باندی کے ساتھ باپ کا نکاح جائز ہے اگر بیٹے کی باندی میں باپ کے لئے حقیقت ملک یا حق ملک ہوتا تو اس کے ساتھ نکاح درست نہ ہوتا۔ بہر حال باپ کے لئے بیٹے کی باندی میں جب نہ حقیقت ملک ثابت ہے اور نہ حق ملک تو یہ باندی اس کی ام ولد کیسے ہوسکتی ہے اور چونکہ غیر ملک میں وطی کی گئی ہے لہٰذا باپ پر اس وطی کی وجہ سے عقر بھی واجب ہونا چاہئے تھا۔ جواب ...... ضرورۃً باپ کی ملک کو وطی پر مقدم مان لیا گیا ہے تاکہ باپ کا فعل حرام واقع نہ ہو۔ یا اس لئے کہ ملک صحتِ استیلاد کے لئے شرط ہے۔ اور شرط شیٔ سے مقدم ہوتی ہے پس جب شرط ہونے کی وجہ سے ملک وطی پر مقدم ہے تو یہ بات ظاہر ہوگئی کہ وطی باپ کی ملک میں واقع ہوئی ہے اور جب وطی ملک میں پائی گئی تو باپ پر عقر بھی واجب نہیں ہوگا کیونکہ مملوکہ کے ساتھ وطی کرنے سے عقر لازم نہیں ہوتا ہے۔

امام زفرؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اس صورت میں باپ پر مہر واجب ہوگا دلیل یہ ہے کہ یہ دونوں بزرگ ملک کو استیلاد کا حکم قرار دیتے ہیں اور حکم شئی شئی کے بعد ہوتا ہے لہٰذا باپ کی ملک وطی کے بعد ثابت ہوگی اور جب باپ کی ملک وطی کے بعد پائی گئی تو گویا باپ نے؟ غیر مملوکہ باندی کے ساتھ وطی کی ہے اور غیر مملوکہ کے ساتھ وطی کرنے کی صورت میں مہر اور عقر واجب ہوتا ہے لہٰذا باپ پر اس وطی کی وجہ سے مہر واجب ہوگا۔ جیسا کہ مشترک باندی میں یعنی ایک باندی باپ اور بیٹے کے درمیان مشترک ہے پھر اس مشترکہ باندی نے بچہ جنا باپ نے اس بچہ کے نسب کا دعویٰ کر دیا تو باپ سے اس بچہ کا نسب ثابت ہوگا اور باپ پر بالاجماع نصف عقر واجب ہوگا۔ امام زفرؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جاریہ مشترکہ میں باپ کی ایک گونہ ملک قائم ہے۔ اس کے باوجود باپ پر عقر واجب کیا گیا ہے۔ پس جس صورت میں باپ کی ملک بالکل قائم نہیں ہے اس صورت میں باپ پر بدرجہ اولیٰ عقر واجب ہونا چاہئے ان حضرات کے قیاس کا جواب یہ ہے کہ مسئلہ مذکورہ میں ملک کو وطی پر مقدم مانا گیا ہے ضرورت کی وجہ سے تاکہ غیر ملک میں وطی واقع نہ ہو اور اس مسئلہ میں چونکہ ایک گونہ ملک موجود ہے جو صحتِ استیلاد کے لئے کافی ہے اس لئے تقدیم ملک کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ یہ مسئلہ جامع صغیر کی شروح میں مشہور ہے کہ ہمارے نزدیک ملک استیلاد سے پہلے ثابت ہوگی شرط بن کر اور امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک ملک استیلاد کے بعد حکم بن کر ثابت ہوگی۔

فائدہ..... عقر آزاد عورتوں میں مہر مثل ہوتا ہے۔ اور باندی میں اگر باندی باکرہ ہے تو اس کی قیمت کا عشر، عقر کہلائے گا۔ اور اگر ثیبہ ہے تو اس کی قیمت کا نصف عشر عقر کہلائے گا۔ (فتح القدیر)

## بیٹے نے اپنی باندی کا نکاح باپ سے کرا دیا، اس نے بچہ جنا تو ام الولد نہ ہوگی اور نہ باپ پر قیمت لازم ہوگی مہر لازم ہوگا اور اولاد آزاد ہوگی

قَالَ وَلَوْ كَانَ الْإِبْنُ زَوَّجَهَا اَبَاهُ فَوَلَدَتْ مِنْهُ لَمْ تَصِرْ اُمَّ وَلَدٍ لَهُ وَلَا قِيْمَةَ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِ الْمَهْرُ وَوَلَدُهَا حُرٌّ لِأَنَّهُ صَحَّ التَّزَوُّجُ عِنْدَنَا خِلَافًا لِلشَّافِعِيِّ لِخُلُوِّهَا عَنْ مِلْكِ الْاَبِ اَلَا يُرٰى اَنَّ الْإِبْنَ مَلَكَهَا مِنْ كُلِّ وَجْهٍ فَمِنَ الْمُحَالِ اَنْ يَمْلِكَهَا الْاَبُ مِنْ وَجْهٍ وَ كَذَا يَمْلِكُ مِنَ التَّصَرُّفَاتِ مَا لَا يَبْقٰى مَعَهَا مِلْكُ الْاَبِ لَوْ كَانَ فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اِنْتِفَاءِ مِلْكِهِ اِلَّا اَنَّهُ يَسْقُطُ الْحَدُّ لِلشُّبْهَةِ فَاِذَا جَازَ النِّكَاحُ صَارَ مَاؤُهُ مَصُوْنًا بِهٖ فَلَمْ يَثْبُتْ مِلْكُ الْيَمِيْنِ فَلَا تَصِيْرُ اُمَّ وَلَدٍ لَهُ وَلَا قِيْمَةَ عَلَيْهِ فِيْهَا وَلَا فِيْ وَلَدِهَا لِأَنَّهُ لَمْ يَمْلِكْهَا وَ عَلَيْهِ الْمَهْرُ لِاِلْتِزَامِهٖ بِالنِّكَاحِ وَوَلَدُهَا حُرٌّ لِأَنَّهُ مَلَكَهُ اَخُوْهُ فَعَتَقَ عَلَيْهِ بِالْقَرَابَةِ.

---

ترجمہ...... اور اگر بیٹے نے اپنی باندی کا نکاح کیا اپنے باپ کے ساتھ پھر اس باندی نے اس باپ سے بچہ جنا تو وہ باندی باپ کی ام ولد نہیں ہوگی اور نہ باپ پر قیمت واجب ہوگی اور باپ پر مہر (واجب) ہوگا۔ اور اس باندی کا بچہ آزاد ہوگا کیونکہ نکاح ہمارے نزدیک صحیح ہے۔ امام شافعیؒ کا خلاف ہے باپ کی ملک سے باندی کے خالی ہونے کی وجہ سے کیا نہیں دیکھتے کہ بیٹا باندی کا من کل وجہ مالک ہے۔ پس یہ بات محال ہے کہ باپ اس باندی کا من وجہ مالک ہو۔ اور اسی طرح بیٹا ایسے تصرفات کا مالک ہے جن کے ساتھ باپ کی ملک باقی نہ رہ سکتی۔ اگر (ملک) ہوتی تو یہ باپ کی ملک نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ لیکن حد زنا شبہ کی وجہ سے ساقط ہو جاتی ہے۔ پھر جب نکاح جائز ہو گیا تو باپ کا نطفہ محفوظ ہو گیا نکاح کی وجہ سے تو ملک یمین ثابت نہیں ہوتی لہٰذا وہ باپ کی ام ولد بھی نہیں ہوگی۔ اور باپ پر قیمت (واجب) نہیں ہوگی نہ باندی میں اور نہ اس کی اولاد میں۔ اس لئے کہ باپ دونوں کا مالک نہیں ہوا ہے اور باپ پر مہر (واجب) ہے اس کے بذریعہ نکاح التزام کرنے کی وجہ سے۔ اور اس باندی کا بچہ آزاد ہوگا۔ کیونکہ اس کا بھائی اس کا مالک ہے لہٰذا اس پر قرابت کی وجہ سے آزاد ہو گیا۔

تشریح.....صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک بیٹے نے اپنی باندی کا اپنے باپ کے ساتھ نکاح کیا پھر اس باندی سے باپ کے نطفہ سے بچہ پیدا ہوا تو وہ باندی باپ کی ام ولد نہیں ہوگی اور نہ ہی باپ پر بیٹے کے لئے اس باندی کی قیمت واجب ہوگی البتہ باپ پر مہر واجب ہوگا اور اس باندی کی اولاد جو باپ کے نطفہ سے ہے آزاد ہوگی۔

اس بارے میں اختلاف ہے کہ بیٹے کی باندی کے ساتھ باپ کا نکاح جائز ہے یا نہیں۔ احنافؒ جواز کے قائل ہیں اور امام شافعیؒ عدم جواز کے۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ بیٹے کے مال میں باپ کے لئے حق ملک حاصل ہے (انت و مالك لابيك کی وجہ سے) یہی وجہ ہے کہ اگر باپ نے اپنے بیٹے کی باندی کے ساتھ حرام سمجھ کر وطی کی تب بھی باپ پر حد زنا لازم نہیں ہوتی ہے اور ہر وہ شخص کہ جس کے لئے کسی باندی میں حق ملک حاصل ہو اس باندی کے ساتھ اس کا نکاح جائز نہیں ہوتا ہے۔ لہٰذا بیٹے کی باندی کے ساتھ باپ کا نکاح جائز نہیں ہوگا۔

احنافؒ کی دلیل......یہ ہے کہ بیٹے کی باندی باپ کی ملک سے بالکل خالی ہے چنانچہ آپ غور کریں کہ بیٹا اس باندی کا من کل وجہ مالک ہے۔ من کل وجہ مالک ہونے کی دلیل یہ ہے کہ بیٹے کے لئے اس سے وطی کرنا حلال ہے اور اگر آزاد کردے تو آزادی واقع ہو جائے گی۔ جب بیٹا من کل وجہ مالک ہے تو یہ بات امر محال ہے کہ باپ اس باندی کا من کل وجہ یا من وجہ مالک ہو اس لئے کہ جمع بين الملكين لشخصين في محل واحد في زمان واحد ممتنع ہے۔ دوسری وجہ یہ کہ بیٹا اس باندی میں ایسے تصرفات کا مالک ہے جن تصرفات کے ساتھ اگر باپ کی ملک ہوتی تب بھی باقی نہ رہتی۔ مثلاً بیٹا اپنی اس باندی کو فروخت کرنے، ہبہ کرنے، آزاد کرنے اور اجارہ پر دینے کا مالک ہے۔ پس یہ بھی باپ کی ملک نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔

الا انه يسقط الخ سے امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب ہے حاصل جواب یہ ہے کہ باپ سے حد زنا ساقط ہو جاتی ہے۔ شبہ ملک کی وجہ سے ظاہر حدیث انت و مالک لابیک پر عمل کرتے ہوئے۔

بہر حال جب بیٹے کی باندی باپ کی ملک سے خالی ہے تو باپ کا نکاح درست ہوگا۔ اور جب باپ کا نکاح صحیح ہو گیا تو اس کا پانی نکاح کی وجہ سے محفوظ ہو گیا لہٰذا باپ کے لئے ملک یمین ثابت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور جب باپ کے لئے بیٹے کی باندی میں ملک یمین ثابت نہیں ہوتی تو یہ باندی باپ کی ام ولد بھی نہیں ہوگی اور باپ پر نہ باندی کی قیمت واجب ہوگی اور نہ اس کی اولاد کی۔ کیونکہ باپ دونوں کا مالک نہیں ہے۔ البتہ باپ پر مہر لازم ہوگا کیونکہ اس نے نکاح کے ذریعہ مہر کا التزام کیا ہے۔

اور اس باندی سے باپ کے نطفہ سے جو بچہ پیدا ہوا ہے وہ آزاد ہوگا اس لئے کہ باندی کا بچہ مولیٰ کی ملک ہوا کرتا ہے اور یہاں مولیٰ اس بچہ کا بھائی ہے لہٰذا قرابت کی وجہ سے یہ بچہ اپنے بھائی (مولیٰ) پر آزاد ہو جائے گا۔ حدیث من ملک ذا رحم محرم متفق علیہ کی وجہ سے۔

## آزاد عورت کسی غلام کی منکوحہ ہو پھر عورت نے مولیٰ شوہر سے کہا کہ اس کو میری طرف سے ایک ہزار کے بدلے آزاد کردے تو مولیٰ نے ایسا کر دیا تو نکاح فاسد ہے

**قَالَ وَ اِذَا كَانَتِ الْحُرَّةُ تَحْتَ عَبْدٍ فَقَالَتْ لِمَوْلَاهُ اَعْتِقْهُ عَنِّيْ بِاَلْفٍ فَفَعَلَ فَسَدَ النِّكَاحُ وَ قَالَ زُفَرُ رَحِمَهُ اللّٰهُ لَا يَفْسُدُ وَ اَصْلُهُ اَنَّهُ يَقَعُ الْعِتْقُ عَنِ الْاٰمِرِ عِنْدَنَا حَتّٰى يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُ وَلَوْ نَوٰى بِهِ الْكَفَّارَةَ يَخْرُجُ عَنْ عُهْدَتِهَا وَ عِنْدَهُ يَقَعُ عَنِ الْمَاْمُوْرِ لِاَنَّهُ طَلَبَ اَنْ يُعْتِقَ الْمَاْمُوْرُ عَبْدَهُ عَنْهُ وَ هٰذَا مَحَالٌ لِاَنَّهُ لَا عِتْقَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُهُ ابْنُ اٰدَمَ فَلَمْ يَصِحَّ الطَّلَبُ فَيَقَعُ الْعِتْقُ عَنِ الْمَاْمُوْرِ وَلَنَا اَنَّهُ اَمْكَنَ تَصْحِيْحُهُ بِتَقْدِيْمِ الْمِلْكِ بِطَرِيْقِ الْاِقْتِضَاءِ اِذِ الْمِلْكُ**

شَرْطٌ لِصِحَّةِ الْعِتْقِ عَنْهُ فَيَصِيْرُ قَوْلُهُ اَعْتِقْ عَنِّيْ طَلَبَ التَّمْلِيْكِ مِنْهُ بِالْاَلْفِ ثُمَّ اَمْرَهُ بِاِعْتَاقِ عَبْدِ الْاٰمِرِ عَنْهُ وَ قَوْلُهُ اَعْتَقْتُ تَمْلِيْكاً مِنْهُ ثُمَّ الْاِعْتَاقُ عَنْهُ وَ اِذَا ثَبَتَ الْمِلْكُ لِلْاٰمِرِ فَسَدَ النِّكَاحُ لِلتَّنَافِيْ بَيْنَ الْمِلْكَيْنِ.

ترجمہ...... اور اگر آزاد عورت کسی غلام کے تحت (منکوحہ) ہو۔ پھر اس عورت نے غلام کے مولیٰ سے کہا اس کو میری طرف سے ایک ہزار کے عوض آزاد کر دے پس مولیٰ نے (یہی) کیا تو نکاح فاسد ہو گیا اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ فاسد نہیں ہوگا اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ ہمارے نزدیک آزادی آمر (حکم دہندہ) کی طرف سے واقع ہوگی حتیٰ کہ ولاء اسی کے لئے ہوگا۔ اور اگر آمر نے اس آزادی سے کفارہ کی نیت کی تو آمر کفارہ کی ذمہ داری سے نکل جائے گا اور امام زفرؒ کے نزدیک مامور (جس کو حکم دیا گیا) کی طرف سے (آزادی) واقع ہوگی۔ اس لئے کہ آمر نے اس بات کو طلب کیا کہ مامور اپنا غلام آمر کی طرف سے آزاد کر دے اور یہ محال ہے کیونکہ ایسی چیزوں میں آزادی نہیں جس کا انسان مالک نہ ہو۔ لہٰذا طلب کرنا صحیح نہیں ہوا۔ پس آزادی مامور کی طرف سے واقع ہو جائے گی۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ آمر کے (کلام) طلب اعتاق کو صحیح کرنا ممکن ہے اقتضاءً ملک کو مقدم مان کر اس لئے کہ آمر کی طرف سے آزادی صحیح ہونے کے لئے ملک شرط ہے۔ پس آمر کے قول اعتق (کے معنی) ہو جائیں گے تملیک کو طلب کرنا (مولیٰ) (مامور) کی طرف سے ایک ہزار کے عوض۔ پھر حکم دیا آمر کے غلام کو آزاد کرنے کا آمر کی طرف سے اور مامور کا قول اعتقت آمر کو مالک بنانا پھر اس کی طرف سے آزاد کر دینا ہوا۔ اور جب آمر کیلئے ملک ثابت ہو گئی تو نکاح فاسد ہو گیا۔ دونوں ملکوں (ملک نکاح اور ملک یمین) کے درمیان منافات کی وجہ سے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک آزاد عورت کسی غلام کی منکوحہ ہے عورت نے اپنے شوہر غلام کے مولیٰ سے کہا کہ اس غلام کو میری طرف سے ایک ہزار درہم کے عوض آزاد کر دے۔ مولیٰ نے کہا میں نے آزاد کر دیا تو اس صورت میں ائمہ ثلثہ کے نزدیک نکاح فاسد ہو گیا اور امام زفرؒ کے نزدیک فاسد نہیں ہوگا۔ اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ ہمارے نزدیک آزادی آمر یعنی حرۃ کی طرف سے واقع ہوئی ہے حتیٰ کہ ولاء آمرہ ہی کے لئے ہوگا۔ اور اگر آمر نے اس آزادی سے کفارہ کی نیت کر لی تو آمر کی طرف سے کفارہ ادا ہو جائے گا۔ اور آمر کفارہ کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جائے گا اور امام زفرؒ کے نزدیک آزادی مامور (مولیٰ) کی طرف سے واقع ہوگی۔

امام زفرؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ آمر یعنی حرۃ نے اپنے شوہر کے مولیٰ سے اس بات کی درخواست کی کہ وہ اپنا غلام اس کی طرف سے آزاد کر دے۔ اور یہ امر محال ہے کیونکہ آدمی جس کا مالک نہیں ہوتا اس میں اس کی طرف سے آزادی واقع نہیں ہو سکتی ہے لہٰذا آمر یعنی حرۃ کا آزادی کی درخواست کرنا ہی صحیح نہیں ہے۔ پس غلام کی یہ آزادی مامور کی طرف سے واقع ہوگی نہ کہ آمر کی طرف سے۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ آمر کے کلام کو لغو ہونے سے بچانے کے لئے اس کو صحیح کرنے کی کوشش کی جائے گی درآنحالیکہ آمر کے کلام کو صحیح کرنا ممکن بھی ہے بایں طور کہ اقتضاءً آمر کے لئے ملک کو مقدم مان لیا جائے گا اس لئے کہ صحت عتق کے لئے ملک شرط ہے اب آمر یعنی حرہ کے قول اعتقه عني بالف کی تقدیر عبارت ہوگی بعه عني بالف ثم كن وكيلي بالاعتاق یعنی میرے ہاتھ اس غلام کو ایک ہزار کے عوض فروخت کر دے پھر میری طرف سے وکیل ہو کر اس کو آزاد کر دے جواب میں مولیٰ کے قول اعتقت کی تقدیری عبارت ہوگی بعتك و اعتقته عنك یعنی میں نے تجھ کو فروخت کیا اور تیری طرف سے اس کو آزاد کر دیا۔ پس جب اقتضاء بیع پائی گئی تو آمر یعنی حرہ کے لئے ملک ثابت ہو گئی۔ لہٰذا ملک نکاح اور ملک یمین کے درمیان منافات کی وجہ سے نکاح فاسد ہو گیا۔

ہماری دلیل...... پر ایک اعتراض ہو سکتا ہے وہ یہ ہے کہ اگر مامور (مولیٰ) بیع کی صراحت کر دیتا اور یوں کہتا بعت واعتقت تو بالاتفاق آزادی مامور کی طرف سے واقع ہوتی۔ کیونکہ آمر کی طرف سے قبولیت بیع نہیں پائی گئی ہے۔ پس جب صراحت بیع کی صورت میں آمر کی طرف سے

آزادی واقع نہیں ہوتی ہے تو اقتضاءِ بیع کی صورت میں بدرجہ اولیٰ آمر کی طرف سے آزادی واقع نہ ہونی چاہئے۔

جواب...... شی بسا اوقات ضمناً ثابت ہوجاتی ہے اگرچہ صراحۃً ثابت نہیں ہوتی۔ مثلاً ماں کے رحم میں جنین کی بیع ماں کے تابع ہوکر ضمناً ثابت ہوجاتی ہے۔ اور قصداً ثابت نہیں ہوتی۔

دوسرا اشکال یہ ہے کہ اگرچہ آمر کے لئے ملک یمین ثابت ہوگئی لیکن اس کے باوجود نکاح فاسد نہیں ہونا چاہئے دو وجھوں سے۔ ایک یہ کہ یہاں آمر کے لئے ملک اقتضاءً ثابت ہے اور جو چیز اقتضاءً ثابت ہوتی ہے وہ ضرورۃً ثابت ہوگی۔ اور جو چیز ضرورۃً ثابت ہوتی ہے وہ بقدر ضرورت ثابت ہوگی۔ اور ضرورت اس سے پوری ہوگئی کہ آمر کی طرف سے آزادی واقع ہوجائے۔ پس یہ ملک یمین فسادِ نکاح کی طرف متعدی نہیں ہوگی۔ دوسری وجہ یہ کہ یہاں آمر کے لئے ملک جوں ہی ثابت ہوگی فوراً حکم اعتاق کی وجہ سے زائل ہوجائے گی اور اس قسم کی ملک مفسد نکاح نہیں ہوتی ہے۔ مثلاً وکیل بالشراء نے جب اپنے موکل کے لئے اپنی منکوحہ کو خریدا تو وکیل کا نکاح فاسد نہیں ہوا۔ کیونکہ وکیل کے لئے جیسے ہی ملک ثابت ہوئی فوراً زائل ہوگئی۔ وجہ اول کا جواب یہ ہے کہ شی جب ثابت ہوتی ہے تو اپنے تمام لوازم کے ساتھ ثابت ہوتی ہے اور فسادِ نکاح بھی لوازم ملک میں سے ایک لازم ہے۔ لہٰذا نکاح فاسد ہوجائے گا۔

دوسری وجہ کا جواب یہ ہے کہ ملک ابتداءً ہی موکل کے لئے ثابت ہوتی ہے وکیل کے لئے نہیں جیسا کہ شمس الائمہ کا مذہب مختار ہے لہٰذا وکیل کے نکاح کے فاسد ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (فتح القدیر والکفایہ)

## عورت نے کہا آزاد کردو لیکن مال مقرر نہیں کیا تو نکاح فاسد نہیں ہوگا اور ولاء معتق کے لئے ہوگا

وَلَوْ قَالَتْ اَعْتِقْهُ عَنِّیْ وَلَمْ تُسَمِّ مَالًا لَمْ یَفْسُدِ النِّکَاحُ وَالْوَلَاءُ لِلْمُعْتِقِ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ وَ قَالَ اَبُوْ یُوْسُفَ رَحِمَهُ اللّٰهُ هٰذَا وَالْاَوَّلُ سَوَاءٌ لِاَنَّهٗ یُقَدَّمُ التَّمْلِیْكُ بِغَیْرِ عِوَضٍ تَصْحِیْحًا لِتَصَرُّفِهٖ وَ یُسْقِطُ اِعْتِبَارُ الْقَبْضِ کَمَا اِذَا کَانَ عَلَیْهِ کَفَّارَةُ ظِهَارٍ فَاَمَرَ غَیْرَهٗ اَنْ یُّطْعِمَ عَنْهُ وَلَهُمَا اَنَّ الْهِبَةَ مِنْ شَرْطِهَا الْقَبْضُ بِالنَّصِّ فَلَا یُمْکِنُ اِسْقَاطُهٗ وَلَا اِثْبَاتُهٗ اِقْتِضَاءً لِاَنَّهٗ فِعْلٌ حِسِّیٌّ بِخِلَافِ الْبَیْعِ لِاَنَّهٗ تَصَرُّفٌ شَرْعِیٌّ وَ فِیْ تِلْكَ الْمَسْاَلَةِ الْفَقِیْرُ یَنُوْبُ عَنِ الْاٰمِرِ فِی الْقَبْضِ اَمَّا الْعَبْدُ فَلَا یَقَعُ فِیْ یَدِهٖ شَیْءٌ لِیَنُوْبَ عَنْهُ.

---

ترجمہ...... اور اگر اس مسئلہ میں آزاد عورت نے کہا اس کو میری طرف سے آزاد کردے اور مال ذکر نہیں کیا تو نکاح فاسد نہیں ہوگا۔ اور ولاء آزاد کرنے والے یعنی مولیٰ کے لئے ہوگا۔ اور یہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہے اور ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ یہ اور اول دونوں برابر ہیں۔ کیونکہ بلا عوض مالک بنانے کو مقدم کرلیا جائے گا۔ آمر کے تصرف کو صحیح بنانے کے لئے اور قبضہ کا اعتبار ساقط ہوجائے گا جیسا کہ جب اس پر کفارہ ظہار ہو۔ پھر اپنے علاوہ کو حکم دیا کہ میری طرف سے کھانا کھلادے۔ اور طرفین کی دلیل یہ ہے کہ ہبہ کے لئے قبضہ شرط ہے نص سے۔ پس اس کو ساقط کرنا ممکن نہیں ہے۔ اور اس کو اقتضاءً ثابت کرنا بھی (ممکن) نہیں ہے کیونکہ قبضہ فعل حسی ہے۔ بخلاف بیع کے اس لئے کہ وہ تصرف شرعی ہے اور اس مسئلہ میں فقیر قبضہ میں آمر کا نائب ہوجائے گا اور رہا غلام تو اس کے قبضہ میں کوئی چیز واقع نہیں ہوئی تا کہ وہ آمر (حرہ) کی طرف نائب ہوتا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ آزاد عورت نے اپنے شوہر غلام کے مولیٰ سے کہا کہ اس کو میری طرف سے آزاد کردے اور مال کا ذکر نہیں کیا تو طرفین کے نزدیک نکاح فاسد نہیں ہوگا۔ اور ولاء معتق یعنی مولیٰ کے لئے ہوگا اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ یہ مسئلہ اور اول دونوں برابر ہیں۔ یعنی جس طرح مسئلہ اول میں آزادی آمر کی طرف سے واقع ہوئی تھی اور نکاح فاسد ہوگیا تھا اسی طرح اس مسئلہ میں بھی آزادی آمر (حرہ) کی

طرف سے واقع ہوگی اور نکاح فاسد ہو جائے گا۔

امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ جس طرح پہلے مسئلہ میں عاقل کے کلام کو لغو ہونے سے بچانے کے لئے تملیک بالعوض یعنی بیع کو اقتضاءً مقدر مانا تھا اسی طرح اس مسئلہ میں آمر جو عاقل ہے اس کے تصرف کو صحیح بنانے کے لئے تملیک بلاعوض یعنی ہبہ کو اقتضاءً مقدر مان لیا جائے گا اور تقدیری عبارت یہ ہوگی کہ آزاد عورت نے غلام کے مولیٰ سے کہا کہ پہلے اس غلام کو میرے لئے ہبہ کردے پھر میری طرف سے وکیل بن کر اس کو آزاد کردے۔ مولیٰ نے کہا کہ میں نے ایسا کر دیا یعنی اولاً یہ غلام تجھ کو ہبہ کر دیا۔ پھر تیری طرف سے وکیل بن کر اس کو آزاد کر دیا۔ اس تقریر سے یہ بات واضح ہوگئی کہ غلام کی آزادی آمر (حرہ) کی طرف سے واقع ہوئی ہے۔ اور نکاح بھی فاسد ہو گیا۔ امام ابو یوسفؒ کی دلیل پر زیادہ سے زیادہ یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ ہبہ کے لئے قبضہ شرط ہے۔ اور صورتِ مذکورہ میں موہوب لہ یعنی آمر کی طرف سے قبضہ نہیں پایا گیا۔ پس یہ ہبہ کیسے تام ہوگا۔

جواب...... پہلے مسئلہ میں آمر کی طرف سے قبول جو رکنِ بیع ہے۔ اس کو ساقط کر دیا گیا تھا لہٰذا قبضہ جو ہبہ کے لئے شرط ہے اس کو ساقط کرنا بدرجہ اولی ممکن ہوگا۔ پس جس طرح پہلے مسئلہ میں بغیر قبول کے بیع تام ہوگئی تھی، اسی طرح اس مسئلہ میں بغیر قبضہ کے ہبہ تام ہو جائے گا اور یہ ایسا ہے جیسا کہ ایک شخص پر کفارۂ ظہار واجب تھا اس نے دوسرے کو حکم دیا کہ میری طرف سے ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دے۔ اس کے یہی معنیٰ ہیں کہ پہلے مجھے طعام ہبہ کر پھر میری طرف سے مساکین کو ادا کر۔ پس اگر مامور نے ایسا کیا تو بالاتفاق اس کا کفارہ ادا ہو جائے گا حالانکہ اس ہبہ میں قبضہ نہیں پایا گیا۔ پس جس طرح یہاں شرط قبضہ ساقط ہو کر ہبہ صحیح ہوا اسی طرح اس مسئلہ میں کہو کہ قبضہ کی شرط ساقط ہو کر غلام کا ہبہ ہوا۔ پھر مولیٰ نے عورت کی طرف سے آزاد کر دیا تو نکاح فاسد ہو گیا۔

طرفینؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ ہبہ کے لئے قبضہ شرط ہے۔ حدیث لا تصح الهبة الا مقبوضة کی وجہ سے اور قبضہ کو ساقط کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ تبعاً وہی چیز ساقط ہوسکتی ہے جو سقوط کا احتمال رکھے۔ اور قبضہ ہبہ میں کسی حال میں سقوط کا احتمال نہیں رکھتا ہے برخلاف رکنِ بیع کے کہ وہ سقوط کا احتمال رکھتا ہے۔ جیسا کہ بیع تعاطی میں ایجاب وقبول دونوں ساقط ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا قبضہ فی الهبہ کو رکنِ بیع پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔ اور قبضہ کو اقتضاءً ثابت کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ قبضہ فعل حسی ہے۔ اور فعل حسی قبول کی جنس سے نہیں ہے۔ لہٰذا اعتقت کے ضمن میں قبضہ کو ثابت کرنا ممکن نہیں ہے بخلاف بیع کے کیونکہ بیع تصرف شرعی ہے اس کو اعتقت کے ضمن میں ثابت کرنا صحیح ہے۔

و فی تلك المسألة میں امام ابو یوسفؒ کے قیاس کا جواب ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ جب اس شخص نے جس پر کفارہ ظہار ہے دوسرے کو حکم دیا کہ وہ میری طرف سے فقیر کو کھانا دیدے۔ مامور نے فقیر کو کھانا دے دیا تو اس صورت میں فقیر آمر کی طرف سے نائب ہو کر قبضہ کرلے گا۔ پھر اپنے لئے قبضہ کرے گا۔ جیسے کہ فقیر کو جب زکوٰۃ دی جائے تو وہ اللہ کی طرف سے نائب ہو کر قبضہ کرتا ہے۔ پھر اپنے لئے قبضہ کرتا ہے۔ پس اس صورت میں ہبہ بغیر قبضہ کے نہیں رہا۔ اور رہا غلام تو مامور نے جب اس کو آزاد کیا تو اس کے قبضہ میں کوئی چیز واقع نہیں ہوتی تا کہ وہ غلام آمر کی طرف سے نائب بن سکے۔ پس اس صورت میں ہبہ بلا قبضہ کے رہا۔ پس جب فقیر قبضہ میں نائب ہے اور غلام نائب نہیں ہے۔ تو ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا بھی درست نہیں ہے۔

# بَابُ نِكَاحِ اَهْلِ الشِّرْكِ

ترجمہ......مشرکین کے نکاح کے بیان میں

## کسی کافر نے بغیر گواہوں کے یا کسی کافر کی عدت میں نکاح کیا اور یہ ان کے دین میں جائز ہے پھر دونوں مسلمان ہو گئے پہلا نکاح برقرار ہے یا نہیں......اقوالِ فقہاء

وَاِذَا تَزَوَّجَ الْكَافِرُ بِغَيْرِ شُهُوْدٍ اَوْ فِيْ عِدَّةِ كَافِرٍ وَ ذٰلِكَ فِيْ دِيْنِهِمْ جَائِزٌ ثُمَّ اَسْلَمَا اُقِرَّا عَلَيْهِ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ قَالَ زُفَرُ النِّكَاحُ فَاسِدٌ فِي الْوَجْهَيْنِ اِلَّا اَنَّهُ لَا يُتَعَرَّضُ لَهُمْ قَبْلَ الْاِسْلَامِ وَالْمُرَافَعَةِ اِلَى الْحُكَّامِ وَ قَالَ اَبُوْيُوْسُفَ وَ مُحَمَّدٌ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ فِي الْوَجْهِ الْاَوَّلِ كَمَا قَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ وَ فِي الْوَجْهِ الثَّانِيْ كَمَا قَالَ زُفَرُ رَحِمَهُ اللّٰهُ. لَهُ اَنَّ الْخِطَابَاتِ عَامَّةٌ عَلٰى مَا مَرَّ مِنْ قَبْلُ فَتَلْزَمُهُمْ وَ اِنَّمَا لَا يُتَعَرَّضُ لَهُمْ لِذِمَّتِهِمْ اِعْرَاضًا لَا تَقْرِيْرًا وَاِذَا تَرَافَعُوْا اَوْ اَسْلَمُوْا وَالْحُرْمَةُ قَائِمَةٌ وَجَبَ التَّفْرِيْقُ وَلَهُمَا اَنَّ حُرْمَةَ نِكَاحِ الْمُعْتَدَّةِ مُجْمَعٌ عَلَيْهَا فَكَانُوْا مُلْتَزِمِيْنَ لَهَا وَ حُرْمَةُ النِّكَاحِ بِغَيْرِ شُهُوْدٍ مُخْتَلَفٌ فِيْهِ وَ لَمْ يَلْتَزِمُوْا اَحْكَامَنَا بِجَمِيْعِ الْاِخْتِلَافَاتِ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ الْحُرْمَةَ لَا يُمْكِنُ اِثْبَاتُهَا حَقًّا لِلشَّرْعِ لِاَنَّهُمْ لَا يُخَاطَبُوْنَ بِحُقُوْقِهِ وَلَا وَجْهَ اِلٰى اِيْجَابِ الْعِدَّةِ حَقًّا لِلزَّوْجِ لِاَنَّهُ لَا يَعْتَقِدُهُ بِخِلَافِ مَا اِذَا كَانَتْ تَحْتَ مُسْلِمٍ لِاَنَّهُ يَعْتَقِدُهُ وَاِذَا صَحَّ النِّكَاحُ فَحَالَةُ الْمُرَافَعَةِ وَالْاِسْلَامِ حَالَةُ الْبَقَاءِ وَالشَّهَادَةِ لَيْسَتْ شَرْطًا فِيْهَا وَ كَذَا الْعِدَّةُ لَاتُنَافِيْهَا كَالْمَنْكُوْحَةِ اِذَا وُطِئَتْ بِشُبْهَةٍ.

ترجمہ......اور اگر کافر نے بغیر گواہوں کے نکاح کیا یا کافر کی عدت میں تھی حالانکہ یہ ان کے دین میں جائز ہے پھر دونوں مرد وعورت مسلمان ہو گئے تو اسی نکاح پر باقی رکھے جائیں گے۔اور یہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ نکاح دونوں صورتوں میں فاسد ہے مگر یہ کہ ان سے تعرض نہ کرے۔اسلام اور مرافعہ الی الحکام سے پہلے۔اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ نے فرمایا پہلی صورت میں جیسا کہ ابوحنیفہؒ نے کہا اور دوسری صورت میں جیسا کہ امام زفرؒ نے کہا۔امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ خطابات شرع عام ہیں۔چنانچہ پہلے گذر چکا تو وہ کافروں کو بھی لازم ہوں گے اور ان کے ذمہ کی وجہ سے ان سے تعرض نہ کرنا اعراض کے طور پر ہے نہ کہ برقرار رکھنے کے طور پر اور جب انہوں نے (حکام کے پاس) مرافعہ کیا یا مسلمان ہو گئے اور حرمت موجود ہے تو تفریق واجب ہوگئی اور صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ معتدہ کے نکاح کا حرام ہونا متفق علیہ ہے۔پس کفار اس کے ماننے کا التزام کرنے والے ہوں گے۔اور بغیر گواہوں کے نکاح کی حرمت مختلف فیہ ہے اور انہوں نے تمام اختلافات کے ساتھ ہمارے احکام کا التزام نہیں کیا ہے اور امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ حرمت کو ثابت کرنا بطور حق شرع کے ممکن نہیں ہے۔اس لئے کہ وہ حقوق شرع کے مخاطب نہیں ہیں۔اور کوئی وجہ نہیں عدت واجب کرنا بطور حق زوجہ کے۔اس لئے کہ زوج اس کا اعتقاد نہیں رکھتا ہے۔بخلاف اس کے جب (کتابیہ عورت) کسی مسلمان کے تحت ہو کیونکہ مسلمان اس کا اعتقاد رکھتا ہے۔اور جب نکاح صحیح ہو گیا تو مرافعہ اور اسلام کی حالت بقائے نکاح کی حالت ہے اور شہادت حالتِ بقاء میں شرط نہیں ہے اور ایسے ہی عدت حالت بقاء کے منافی نہیں ہے۔جیسے منکوحہ جبکہ شبہ کی ساتھ وطی کی گئی۔

تشریح......مشرک وہ ہے جو خداوند تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک بنائے جیسے نصرانی بت پرست بشرطیکہ خدا کا اقرار کرتا ہو لیکن یہاں اہل شرک سے مطلقاً کافر مراد ہے جو مشرک اور منکر خدا سب کو شامل ہے۔نکاح اہل شرک کو نکاح رقیق کے بعد بیان کیا ہے۔اس لئے کہ مشرک مرتبہ میں

رقیق سے ادون اور اخس ہے۔ حق جل مجدہ کا ارشاد ہے ولعبد مومن خیر من مشرک۔

اس باب کے مسائل تین اصول پر مبنی ہیں۔ اول یہ کہ جو نکاح دو مسلمانوں کے درمیان صحیح ہوتا ہے۔ وہ دو کافروں میں بھی صحیح ہوگا۔ اسی معنی میں حضور ﷺ کا قول وارد ہے ولدت من نکاح لا من سفاح یعنی میں نکاح سے پیدا ہوا ہوں نہ کہ زنا سے۔ دوسرا اصول یہ ہے کہ جو نکاح دو مسلمانوں میں شرط وغیرہ فوت ہونے سے فاسد یا باطل ہو جاتا ہے کافروں میں اس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ کفار بھی اس کو ممنوع سمجھتے ہیں۔ تو وہ ممنوع ہوگا۔ اور اگر کفار اس کو جائز سمجھتے ہیں تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کافروں کے حق میں نکاح ہوگا۔ حتیٰ کہ اگر دونوں مسلمان ہو گئے تو اسی نکاح پر باقی رکھے جائیں گے۔ تیسرا اصول یہ کہ جو نکاح محل حرام ہونے کی وجہ سے حرام ہو۔ مثلاً بہن وغیرہ کے ساتھ نکاح کیا تو وہ ان کے اعتقاد پر جائز واقع ہوگا۔ اور مشائخ عراق کے قول پر فاسد ہوگا۔

## صورت مسئلہ

ایک کافر نے کسی کافرہ عورت سے بغیر گواہوں کے نکاح کیا یا کسی کافر کی عدت میں تھی اس سے نکاح کیا اور یہ ان کے دین میں جائز بھی ہے۔ پھر دونوں مسلمان ہو گئے تو اس بارے میں امام ابوحنیفہؒ کا مذہب یہ ہے کہ دونوں کو سابقہ نکاح پر باقی رکھا جائے گا اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ دونوں صورتوں میں نکاح فاسد ہے۔ البتہ ان کے ساتھ تعرض نہیں کریں گے یہاں تک کہ وہ مسلمان ہو جائیں یا مسلمان عادل حاکم کے پاس مرافعہ کریں صاحبینؒ نے فرمایا کہ پہلی صورت یعنی نکاح بغیر شہود میں وہ حکم ہے جو امام صاحبؒ نے فرمایا اور دوسری صورت یعنی کافر کی معتدہ سے نکاح کرنے کی صورت میں وہ حکم ہے جو امام زفرؒ نے فرمایا۔

**امام زفرؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ خطابات شرع عام ہیں۔ مثلاً باری تعالیٰ کا قول **ولا تعزموا عقدة النكاح حتىٰ يبلغ الكتاب اجله** اور حضور ﷺ کا قول **لا نكاح الا بشهود** یعنی تم تعلق نکاح کا ارادہ بھی مت کرو۔ یہاں تک کہ عدت مقررہ اپنی ختم کو پہنچ جائے اور حضور ﷺ کا قول بغیر گواہوں کے نکاح نہیں ہوتا ہے لہٰذا حکم بھی علی العموم ثابت ہوگا اور چونکہ خطابات عام ہیں اس لئے وہ کافروں کو بھی لازم ہوں گے۔ البتہ کفار کے ساتھ تعرض نہیں کریں گے۔ اس لئے کہ ان کے ساتھ تعرض نہ کرنے کا عقد ذمہ کر رکھا ہے۔ لیکن یہ تعرض نہ کرنا اس لئے نہیں کہ ہم ان کے ان افعال کو درست سمجھتے ہیں بلکہ ان سے اعراض کرتے ہوئے ان کے ساتھ تعرض نہیں کیا جائے گا۔ جیسا کہ وہ بت پرستی کرتے ہیں اور ہم بطور اعراض کے ان سے تعرض نہیں کرتے۔ البتہ جب وہ اپنا معاملہ مسلمان حاکم کے پاس لے گئے یا اسلام قبول کر لیا۔ درآنحالیکہ حرمت نکاح موجود ہے تو اب تفریق لازم ہوگی۔ کیونکہ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے **و ان احكم بينهم بما انزل الله و لا تتبع اهوائهم** آیت میں بینھم کی ضمیر کفار کی طرف راجع ہے ترجمہ ہوگا اور تو فیصلہ کر کفار کے درمیان اسی کے مطابق جو اللہ نے اتارا اور ان کی خواہشات کا اتباع مت کر اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان حاکم شریعت کے مطابق فیصلہ دے گا۔

**صاحبینؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ معتدۃ الغیر کے نکاح کی حرمت متفق علیہ ہے اور نکاح بغیر شہود کی حرمت مختلف فیہ ہے۔ کیونکہ امام مالکؒ اور ابن ابی لیلیٰؒ نکاح بغیر شہود کے جواز کے قائل ہیں اور کفار اہل ذمہ نے ہمارے متفق علیہ احکام کا التزام تو کیا ہے لیکن مختلف فیہ احکام کا التزام نہیں کیا ہے۔ پس معتدۃ الغیر کے نکاح کی حرمت چونکہ متفق علیہ ہے اس لئے کفار اہل ذمہ اس حکم میں مسلمانوں کے تابع ہیں۔ اور چونکہ معتدۃ الغیر کے ساتھ اہل اسلام کا نکاح فاسد ہے۔ اس لئے کافر اہل ذمہ کا نکاح بھی فاسد ہوگا۔ اور مسلمان ہونے یا مرافعہ کے بعد واجب التفریق ہوگا۔ اور نکاح بغیر شہود کی حرمت چونکہ مختلف فیہ ہے اس لئے کفار اہل ذمہ اس حکم میں مسلمانوں کے تابع نہیں ہوں گے بلکہ ان کے مذہب کے مطابق معتدۃ الغیر کے ساتھ نکاح درست ہوگا۔ اور اسلام قبول کر لینے کے بعد اسی سابقہ نکاح پر باقی رکھا جائے گا۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ عدت کی وجہ سے حرمت نکاح شارع کا حق بن کر ثابت ہوگی۔ یا زوجہ کا حق بن کر۔ اور یہ دونوں صورتیں ممکن نہیں ہیں۔ شارع کا حق بنا کر ثابت کرنا تو اس لئے ممکن نہیں کہ کفار حقوق شرع کے مخاطب نہیں ہیں اور شوہر کا حق بنا کر عدت واجب کرنا اس لئے ممکن نہیں کہ شوہر وجوب عدت کا اعتقاد ہی نہیں رکھتا۔ اس کے برخلاف اگر کوئی ذمیہ کتابیہ کسی مسلمان کے نکاح میں تھی۔ پھر مسلمان نے اس کو طلاق دیدی تو اس کتابیہ پر شوہر کا حق بن کر عدت واجب ہوگی۔ اس لئے کہ مسلمان وجوب عدت کا معتقد ہے۔ لہٰذا عدت میں اس کتابیہ کا نکاح درست نہیں ہوگا۔ پس جب عدت کی وجہ سے حرمت نکاح کو ثابت کرنے کی دو صورتیں تھیں اور یہ دونوں ممکن نہیں تو ایک کافر کا نکاح دوسرے کافر کی معتدہ سے صحیح ہوگا۔ اور جب نکاح صحیح ہوگیا تو حالت مرافعہ اور اسلام قبول کرنے کی حالت، حالتِ بقاء ہے اور حالتِ بقاء میں شہادت شرط نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر نکاح کے بعد گواہ مر گئے تو نکاح باطل نہیں ہوتا۔ اور اسی طرح عدت حالتِ بقاء کے منافی نہیں ہے مثلاً کسی شخص کی منکوحہ سے یہ سمجھ کر نکاح کر لیا کہ اس کا شوہر مر گیا ہے اور وطی بھی کر لی گئی ہے۔ اس کے بعد معلوم ہوا کہ وہ زندہ ہے تو نکاح اول کے باقی رہنے کے باوجود عدت واجب ہوگی۔ پس ثابت ہوگیا کہ عدت بقاء نکاح کے منافی نہیں ہے۔

## مجوسی نے اپنی ماں سے یا بیٹی سے نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہوگئے تو دونوں میں تفریق کی جائے گی

فَاِذَا تَزَوَّجَ الْمَجُوْسِیُّ اُمَّهٗ اَوْ اِبْنَتَهٗ ثُمَّ اَسْلَمَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا لِاَنَّ نِكَاحَ الْمَحَارِمِ لَهٗ حُكْمُ الْبُطْلَانِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ عِنْدَهُمَا كَمَا ذَكَرْنَا فِي الْمُعْتَدَّةِ وَوَجَبَ التَّعَرُّضُ بِالْاِسْلَامِ فَيُفَرَّقُ وَ عِنْدَهٗ لَهٗ حُكْمُ الصِّحَةِ فِي الصَّحِيْحِ اِلَّا اَنَّ الْمَحْرَمِيَّةَ تَنَافِيْ بَقَاءَ النِّكَاحِ فَيُفَرَّقُ بِخِلَافِ الْعِدَّةِ لِاَنَّهَا لَا تُنَافِيْهِ.

---

ترجمہ...... پس جب مجوسی نے اپنی ماں یا اپنی بیٹی سے نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہوگئے تو دونوں میں تفریق کر دیجائے گی (بالاجماع) کیونکہ صاحبینؒ کے نزدیک محرمات ابدیہ کا نکاح خود کفار کے درمیان باطل ہونے کا حکم رکھتا ہے جیسا کہ ہم نے معتدہ میں ذکر کیا۔ اور اسلام لانے کی وجہ سے تعرض کرنا واجب ہوگیا۔ (تو حاکم دونوں میں) تفریق کر دیگا۔ اور امام صاحبؒ کے نزدیک نکاح محارم کے لئے صحت کا حکم ہے۔ صحیح قول میں مگر محرمیت بقاء نکاح کے منافی ہے تو تفریق کر دی جائے گی۔ بخلاف عدت کے کیونکہ وہ بقاء نکاح کے منافی نہیں ہے۔

**تشریح**...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی آتش پرست نے اپنی ماں یا بیٹی یا محارم ابدیہ میں سے کسی کے ساتھ نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہوگئے تو اس بارے میں امام صاحبؒ کا قول صحیح یہ ہے کہ یہ نکاح صحیح تھا، اور بقول مشائخ عراق کے باطل تھا۔ یہی صاحبینؒ کا قول ہے لیکن اس پر سب متفق ہیں کہ مسلمان ہونے کے بعد دونوں میں تفریق کر دیجائے گی۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ محرماتِ ابدیہ کا نکاح خود کافروں کے درمیان باطل ہونے کا حکم رکھتا ہے۔ جیسے ہم نے معتدۃ الغیر میں ذکر کیا ہے۔ یعنی پہلے مسئلہ میں کہا کہ غیر کی معتدہ سے نکاح کی حرمت متفق علیہ ہے۔ لہٰذا کفار اہل ذمہ بھی اس کا التزام کرنے والے ہوں گے۔

اسی طرح اہل اسلام کا اجماع ہے کہ محارم ابدیہ کا نکاح باطل ہے۔ لہٰذا اہل ذمہ اسی کے تابع ہوں گے۔ البتہ عقد ذمہ کیوجہ سے ان سے تعرض نہیں ہوسکتا تھا۔ لیکن جب وہ دونوں مسلمان ہوگئے تو اب حکم اسلام میں داخل ہوں گے۔ اور اسلام چونکہ محارم الابدیہ کے نکاح کے منافی ہے۔ اس لئے اسلام لانے کی وجہ سے تعرض کرنا واجب ہوگیا۔ پس حاکم دونوں میں تفریق کر دے گا۔

**امام صاحبؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ آتش پرست کا محارم الابدیہ کے ساتھ نکاح اصل میں تو صحیح تھا۔ اور وجہ صحت وہی ہے جو ماقبل میں گذر چکی کہ حرمت حق شرع کی وجہ سے ہوگی یا حق زوج کی وجہ سے۔ حق شرع کی وجہ سے تو اس لئے نہیں ہوسکتی کہ کفار حقوق شرع کے مخاطب ہی نہیں ہیں تو گویا خطاب ان کے حق میں اترا ہی نہیں۔ کیونکہ وہ مبلغ علیہ السلام کی تکذیب کرتے ہیں اور رسول کی رسالت کا انکار کرتے ہیں اور رہی یہ بات کہ ہم

کو کفار پر ولایت الزام حاصل ہو سو یہ اس لئے نہیں ہو سکتا کہ ولایت الزام تلوار کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے یا محاجہ کے ذریعہ اور یہ دونوں چیزیں عقد ذمہ کی وجہ سے منقطع ہو گئیں۔ لہٰذا ہم کو ان پر ولایت الزام حاصل نہیں ہو سکتی۔ بہر حال حق شرع کی وجہ سے حرمت ثابت نہیں ہوگی۔ اور حق زوج کی وجہ سے اس لئے نہیں ہو سکتی کہ زوج آتش پرست اس کی حرمت کا اعتقاد ہی نہیں رکھتا ہے پس ثبوت حرمت کی دو صورتیں تھی اور دونوں ممکن نہیں اس لئے ہم کہتے ہیں کہ ابتداء محارم ابدیہ کے ساتھ آتش پرست کا نکاح درست ہے۔

الا ان المحرمیة سے سوال کا جواب ہے۔

**سوال**...... یہ ہے کہ جب امام صاحبؒ کے نزدیک محارم کا نکاح ابتداءً صحیح ہے تو اسلام لانے کے بعد بھی باقی رہنا چاہئے تفریق کیوں واجب کی گئی ہے۔؟

**جواب**...... کافر اسلام لانے کے بعد حقوق شرع کا مخاطب ہو گیا ہے اور شریعت اسلام میں محرمیت جس طرح ابتداءً نکاح کے منافی ہے اسی طرح بقاء نکاح کے بھی منافی ہے۔ مثلاً ایک بالغہ عورت نے صغیر کے ساتھ اس کی مدت رضاعت میں نکاح کیا۔ پھر اس عورت نے اس صغیر کو دودھ پلا دیا تو یہ اس کا رضاعی بیٹا ہو گیا۔ پس اس عورت کا نکاح باطل ہو جائے گا۔ اور جب اسلام لانے کی وجہ سے کافر شریعت کا پابند ہو گیا تو اب اس کے ساتھ تعرض کرنا واجب ہوگا۔ اور حاکم دونوں میں تفریق کر دے گا۔ بخلاف عدت کے کیونکہ عدت بقاء نکاح کے منافی نہیں ہے۔ اس لئے معتدۃ الغیر کے نکاح کو اسلام لانے کے بعد بھی باقی رکھا گیا ہے۔

## دونوں میں سے ایک کے اسلام سے تفریق کی جائے گی اور مرافعہ کی صورت میں تفریق نہیں کی جائے گی

**ثُمَّ بِاِسْلَامِ اَحَدِهِمَا يُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا وَ بِمُرَافَعَةِ اَحَدِهِمَا لَا يُفَرَّقُ عِنْدَهُ خِلَافًا لَهُمَا وَ الْفَرْقُ اَنَّ اِسْتِحْقَاقَ اَحَدِهِمَا لَا يَبْطُلُ بِمُرَافَعَةِ صَاحِبِهِ اِذْلَا يَتَغَيَّرُ بِهِ اِعْتِقَادُهُ اَمَّا اِعْتِقَادُ الْمِصْرِ بِالْكُفْرِ لَا يُعَارِضُ اِسْلَامَ الْمُسْلِمِ لِاَنَّ الْاِسْلَامَ يَعْلُوْ وَ لَا يُعْلٰى وَلَوْ تَرَافَعَا يُفَرَّقُ بِالْاِجْمَاعِ لِاَنَّ مُرَافَعَتَهُمَا كَتَحْكِيْمِهِمَا.**

---

ترجمہ...... پھر (مجوسی مرد و عورت میں سے) ایک کے مسلمان ہونے سے دونوں میں تفریق کر دی جائے گی۔ اور ایک کے مرافعہ کرنے سے تفریق نہیں کی جائے گی۔ امام صاحبؒ کے نزدیک صاحبینؒ کا اختلاف ہے۔ اور فرق یہ ہے کہ ان دونوں میں سے ایک کا استحقاق اس کے ساتھی کے مرافعہ کرنے سے باطل نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس کی وجہ سے اس کا اعتقاد نہیں بدلے گا۔ بہر حال مصر بالکفر کا اعتقاد مسلمان کے اسلام کا معارض نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ اسلام غالب رہتا ہے مغلوب نہیں رہتا۔ اور اگر دونوں نے مرافعہ کیا تو بالاجماع تفریق کر دی جائے گی۔ کیونکہ دونوں کا مرافعہ کرنا ایسا ہے جیسا کہ دونوں کا حکم بنانا۔

**تشریح**...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ مجوسی نے محارم میں سے کسی کے ساتھ نکاح کیا۔ پھر ان دونوں میں سے ایک نے اسلام قبول کر لیا تو بالاتفاق دونوں میں تفریق کر دی جائے گی۔ اور اگر ان میں سے کسی ایک نے قاضی کے پاس مرافعہ کیا (حکم اسلام طلب کیا) تو امام صاحبؒ کے نزدیک تفریق نہیں کی جائے گی۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک تفریق کر دی جائیگی۔

**صاحبینؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ اصل نکاح تو باطل تھا لیکن عقد ذمہ کی وجہ سے تعرض نہیں کیا جا سکتا تھا۔ پس جب ان دونوں میں سے ایک نے مرافعہ یعنی حکم اسلام طلب کیا اور حکم اسلام کے لئے مطیع ہو گیا تو ان دونوں میں تفریق کر دی جائے گی جیسا کہ اگر ان دونوں میں سے ایک مسلمان ہو جاتا تو بالاتفاق تفریق کر دی جاتی پس ان دونوں میں سے ایک کا مسلمان ہونا ایسا ہے جیسا کہ دونوں کا مسلمان ہونا۔ اسی طرح ان دونوں میں

سے ایک کا مرافعہ کرنا ایسا ہے جیسا کہ دونوں کا مرافعہ کرنا۔ اور ان دونوں کے مرافعہ کرنے کی صورت میں بالاتفاق تفریق کی جاتی ۔ لہٰذا ایک کے مرافعہ کرنے کی صورت میں بھی تفریق کر دی جائے گی۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... اور دونوں صورتوں میں وجہ فرق یہ ہے کہ اصل نکاح تو صحیح تھا اور ان دونوں میں سے ایک کا قاضی کے پاس مرافعہ کرنا اور حکم اسلام کو طلب کرنا دوسرے ساتھی کے خلاف اس کے حق کو باطل کرنے میں حجت نہیں ہوگا۔ بلکہ اس کا اعتقاد دوسرے کے اعتقاد کے معارض ہے۔ اور مرجح نہ ہونے کی وجہ سے ایک کو دوسرے پر ترجیح بھی نہیں ہوگی۔ لہٰذا حکم صحت سابقہ حالت پر باقی رہے گا۔ اس کے برخلاف جب ان دونوں میں سے ایک نے اسلام قبول کر لیا تو تفریق کر دی جائے گی۔ کیونکہ اسلام غالب رہتا ہے مغلوب نہیں۔ لہٰذا مُصر علی الکفر کا اعتقاد مسلمان کے اسلام کے معارض نہیں ہوسکتا ہے۔ بلکہ مسلمان کے اسلام کو ترجیح دے کر دونوں میں تفریق کر دی جائے گی۔

اور اگر دونوں نے قاضی کے پاس مرافعہ کیا اور حکم اسلام طلب کیا تو بالاتفاق تفریق کر دیجائے گی کیونکہ ان دونوں کا مرافعہ کرنا ایسا ہے جیسا کہ دونوں کا کسی تیسرے کو حکم بنانا اور یہ دونوں اگر کسی کو حکم بناتے اور اس سے حکم اسلام طلب کرتے تو حکم کے لئے جائز تھا کہ ان دونوں کے درمیان تفریق کردے۔ پس قاضی عموم ولایت کی وجہ سے زیادہ مستحق ہے کہ ان دونوں میں تفریق کردے۔ اسی کی طرف اللہ تعالیٰ نے اشارہ فرمایا ہے۔ **فَاِنْ جاء وك فاحكم بينهم بما انزل الله** ...... الآیۃ پس اگر وہ تیرے پاس آئیں تو ان کے درمیان اسی کے مطابق فیصلہ کرو جو اللہ نے نازل کیا ہے۔

## مرتد کا مسلمان، کافرہ، مرتدہ عورت سے نکاح جائز نہیں

**وَلَایَجُوْزُ اَنْ یَتَزَوَّجَ الْمُرْتَدُّ مُسْلِمَةً وَلَا كَافِرَةً وَلَامُرْتَدَّةً لِاَنَّهٗ مُسْتَحِقٌّ لِلْقَتْلِ وَالْاِمْهَالُ ضُرُوْرَةُ التَّاَمُّلِ وَالنِّكَاحُ يُشْغِلُهٗ عَنْهُ فَلَا يَشْرَعُ فِیْ حَقِّهٖ وَ كَذَا الْمُرْتَدَّةُ لَا يَتَزَوَّجُهَا مُسْلِمٌ وَلَا كَافِرٌ لِاَنَّهَا مَحْبُوْسَةٌ لِلتَّاَمُّلِ وَ خِدْمَةُ الزَّوْجِ تَشْغَلُهَا عَنْهُ وَلِاَنَّهٗ لَا يَنْتَظِمُ بَيْنَهُمَا الْمَصَالِحُ وَالنِّكَاحُ مَا شُرِعَ لِعَيْنِهٖ بَلْ لِمَصَالِحِهٖ**

---

ترجمہ...... اور جائز نہیں کہ مرتد نکاح کرے کسی مسلمان عورت سے اور نہ کافرہ سے اور نہ مرتدہ سے اس لئے کہ مرتد واجب القتل ہے۔ اور مہلت دینا غور و فکر کرنے کی وجہ سے ہے۔ اور نکاح اس کو غور و فکر سے غافل کر دیگا۔ پس نکاح اس کے حق میں غیر مشروع ہے۔ اور ایسے ہی مرتدہ اس کے ساتھ نہ مسلمان نکاح کرے اور نہ کافر۔ کیونکہ مرتدہ محبوس ہے غور و فکر کے لئے۔ اور شوہر کی خدمت اس کو (غور و فکر) سے غافل کر دے گی۔ اور اس لئے کہ ان دونوں کے درمیان مصالح نکاح حاصل نہیں ہوسکتے ہیں اور نکاح لذاتہٖ مشروع نہیں کیا گیا بلکہ مصالح نکاح کے لئے (مشروع کیا گیا ہے)

**تشریح**...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ مرتد کے لئے اجازت نہیں کہ وہ مسلمان عورت یا کافرہ یا مرتدہ سے نکاح کرے۔ دلیل یہ کہ مرتد نفسِ ردّت کی وجہ سے واجب القتل ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ کا قول ہے من غیر دینہ فاقتلوہ، یعنی جس شخص نے اپنا دین بدل ڈالا اس کو قتل کردو۔

**والامهال ضرورة التامل** سے ایک سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ مرتد چونکہ واجب القتل ہے لہٰذا اس کو مہلت نہ دینی چاہئے۔ جواب مرتد کو تین دن کی مہلت اس لئے دی گئی تا کہ وہ غور و فکر کر کے ان شبہات کو دور کرے جو اس کو اسلام کے بارے میں پیش آئے ہیں۔ اور نکاح چونکہ اس کو غور و فکر سے غافل کر دیتا ہے اس لئے نکاح مرتد کے حق میں مشروع نہیں کیا گیا۔

اس دلیل پر ایک اعتراض ہوگا۔ وہ یہ کہ قاتل عمد بھی قصاصاً واجب القتل ہے۔ لہٰذا اس کا نکاح بھی درست نہ ہونا چاہئے۔ حالانکہ قاتل عمد کے لئے نکاح جائز ہے۔ جواب...... قصاص میں عفو مستحب ہے۔ چنانچہ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ **فمن عفی له من اخيه شئ فاتباع بالمعروف** ۔ پس جب قصاص میں عفو مستحب ہے تو قاتل واجب القتل نہیں رہا۔ اس کے برخلاف مرتد کیونکہ وہ بالعموم اپنے ارتداد سے رجوع

نہیں کرے گا۔ اس وجہ سے کہ وہ محاسن اسلام پر مطلع ہونے کے بعد مرتد ہوا ہے۔ پس اس کے باوجود اس کا ارتداد اس کے گمان میں کسی قوی شبہ کی وجہ سے ہے۔ مگر اشکال اب بھی باقی ہے۔ کیونکہ زانی محصن جس کا زنا بینہ یا اقرار سے ثابت ہوا ہے واجب القتل ہے۔ یعنی سنگسار کر کے ہلاک کر دینا ضروری ہے۔ اس کے باوجود اس کا نکاح درست ہے۔ حالانکہ آپ کے بیان کے مطابق درست نہ ہونا چاہئے۔ جواب ممکن ہے کہ گواہ گواہی سے رجوع کر لیں اور رجم ٹل جائے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ مرتدہ کے ساتھ نہ مسلمان نکاح کرے اور نہ کافر۔ دلیل یہ ہے کہ مرتدہ کو محبوس کیا جاتا ہے تا کہ وہ غور وفکر کر کے اپنے شبہات دور کر لے۔ اور شوہر کی خدمت اس کو غور وفکر کرنے سے غافل کر دے گی۔ اس لئے اس کے حق میں بھی نکاح مشروع نہیں کیا گیا ہے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ مصالح نکاح ان دونوں کے درمیان حاصل نہیں ہو سکتے ہیں اور نکاح لذاتہٖ مشروع نہیں کیا گیا۔ بلکہ نکاح کے مصالح کے لئے مشروع کیا گیا ہے۔ نکاح کے مصالح مثلاً سکنیٰ، ازدواج، توالد وتناسل وغیرہ۔

## زوجین میں سے ایک مسلمان ہو تو بچہ مسلمان ہوگا

**فَاِنْ كَانَ اَحَدُ الزَّوْجَيْنِ مُسْلِمًا فَالْوَلَدُ عَلٰى دِيْنِهٖ وَكَذٰلِكَ اِنْ اَسْلَمَ اَحَدُهُمَا وَلَهٗ وَلَدٌ صَغِيْرٌ صَارَ وَلَدُهٗ مُسْلِمًا بِاِسْلَامِهٖ لِاَنَّ فِيْ جَعْلِهٖ تَبَعًا لَهٗ نَظْرًا لَهٗ وَلَوْ كَانَ اَحَدُهُمَا كِتَابِيًّا وَالْاٰخَرُ مَجُوْسِيًّا فَالْوَلَدُ كِتَابِيٌّ لِاَنَّ فِيْهِ نَوْعَ نَظْرٍ لَهٗ اِذِ الْمَجُوْسِيَّةُ شَرٌّ مِنْهُ وَالشَّافِعِيُّ يُخَالِفُنَا فِيْهِ لِلتَّعَارُضِ وَنَحْنُ اَثْبَتْنَا التَّرْجِيْحَ.**

---

ترجمہ..... پس اگر احد الزوجین مسلمان ہے تو بچہ اسی کے دین پر ہوگا۔ اور ایسے ہی اگر ان دونوں میں سے ایک مسلمان ہو گیا اور حال یہ کہ اس کے لئے صغیر بچہ ہے تو اس کا بچہ احد الزوجین کے اسلام کی وجہ سے مسلمان ہوگا۔ اس لئے کہ بچہ کو مسلمان کے تابع بنانے میں بچہ کے لئے نظر شفقت ہے۔ اور اگر ان دونوں میں سے ایک کتابی اور دوسرا مجوسی ہے تو بچہ کتابی ہوگا کیونکہ اس میں بچہ کے لئے ایک قسم کی شفقت ہے۔ اس وجہ سے کہ مجوسی ہونا کتابی ہونے سے بدتر ہے اور امام شافعیؒ بچہ کو کتابی کے تابع بنانے میں ہمارے مخالف ہیں تعارض کی وجہ سے اور ہم نے ترجیح ثابت کر دی۔

تشریح..... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر احد الزوجین مسلمان ہو تو بچہ دین اسلام پر ہوگا۔ اس پر آئمہ اربعہ کا اجماع ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ زوجین کافر ہیں۔ پھر عورت مسلمان ہو گئی یا مرد مسلمان ہو گیا۔ اس کے بعد آخر پر اسلام پیش کرنے سے پہلے بچہ پیدا ہو گیا تو اب یہ بچہ دین میں مسلمان کے تابع ہوگا۔ بشرطیکہ بچہ اور احد الزوجین میں جو مسلمان ہے دونوں ایک دار میں ہوں۔ اور اگر تباین دارین ہو گیا بایں طور کہ مسلمان باپ دارالاسلام میں ہے اور بچہ دارالحرب میں یا اس کے برعکس ہے تو بچہ اپنے باپ کے اسلام کی وجہ سے مسلمان نہیں ہوگا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ احد الزوجین مسلمان ہو گیا اور اس کا ایک صغیر بچہ ہے تو یہ بچہ احد الزوجین کے اسلام کی وجہ سے مسلمان ہوگا۔

دلیل یہ ہے کہ اس بچہ کو مسلمان کے تابع بنانے میں اس پر شفقت ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی دنیا میں تو یہ کہ اس کے ساتھ کفار جیسا سلوک نہیں کیا جائے گا اور مرنے کے بعد مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کریں گے۔ اور آخرت میں یہ کہ عذاب جہنم سے نجات پاویگا اور اگر احد الزوجین کتابی اور دوسرا مجوسی یا بت پرست ہے تو بچہ کتابی کے تابع ہوگا۔ حتیٰ کہ اس کا ذبیحہ حلال اور مسلمان کے ساتھ اس کا نکاح جائز ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ بچہ کو کتابی کے تابع بنانے میں بھی بچہ پر ایک گونہ شفقت ہے۔ اس لئے کہ مجوسی ہونا کتابی ہونے سے زیادہ بدتر ہے چنانچہ دنیا میں کتابی کا ذبیحہ حلال اور کتابیہ سے مسلمان کا نکاح درست ہے۔ اور آخرت میں اہل کتاب کا عذاب مجوس سے کم ہوگا۔

حضرت امام شافعیؒ بچہ کو کتابی کے تابع بنانے میں ہمارے مخالف ہیں۔ چنانچہ اگر باپ کتابی اور ماں مجوسی ہے تو امام شافعیؒ کا اصح قول یہ ہے کہ بچہ مجوسی ہوگا۔ اسی کے قائل امام احمدؒ ہیں اور دوسرا قول یہ ہے کہ بچہ باپ کے تابع ہو کر کتابی ہوگا۔ اسی کے قائل امام مالکؒ ہیں۔ اور اگر ماں کتابی

اور باپ مجوسی ہے تو امام شافعیؒ کا صرف ایک قول ہے کہ بچہ باپ کے تابع ہو کر مجوسی ہوگا نہ اس کا ذبیحہ حلال ہوگا اور نہ اس کے ساتھ کسی مسلمان کا نکاح درست ہوگا۔

للتعارض سے امام شافعیؒ کی دلیل ہے۔ دلیل کا حاصل یہ ہے کہ الحاقین میں تعارض ہے یعنی اگر بچہ کو مجوسی کے ساتھ لاحق کریں تو اس کے ساتھ مسلمان کا نکاح اور اس کا ذبیحہ حرام ہوگا۔ اور اگر کتابی کے ساتھ الحاق کریں تو اس کا ذبیحہ بھی حلال اور اس کے ساتھ مسلمان کا نکاح بھی جائز ہوگا۔

حاصل یہ کہ مجوسی کے ساتھ الحاق موجب حرمت ہے اور کتابی کے ساتھ موجب حلت ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ جب حرمت اور حلت جمع ہو جائیں تو ترجیح حرمت کو ہوگی اور حرمت مجوسی کے تابع بنانے میں ہے۔ اس لئے بچہ کو مجوسی کے تابع کیا گیا۔ صاحبؒ ہدایہ فرماتے ہیں کہ ہم نے وجہ ترجیح بیان کردی۔ وہ یہ کہ بچہ کو کتابی کے تابع بنانے میں اس پر شفقت ہے۔ اس لئے بچہ کو کتابی کے تابع بنایا گیا ہے۔

## عورت مسلمان ہوگئی اور اس کا خاوند کافر ہے قاضی اس پر اسلام پیش کرے گا اگر مسلمان ہو گیا تو عورت بیوی برقرار رہے گی ورنہ دونوں کے درمیان تفریق کی جائے گی، اقوالِ فقہاء

**وَاِذَا اَسْلَمَتُ الْمَرْأَةُ وَزَوْجُهَا كَافِرٌ عَرَضَ الْقَاضِيْ عَلَيْهِ الْاِسْلَامَ فَاِنْ اَسْلَمَ فَهِيَ اِمْرَأَتُهُ وَاِنْ اَبٰى فَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَكَانَ ذٰلِكَ طَلَاقًا عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ مُحَمَّدٍؒ وَاِنْ اَسْلَمَ الزَّوْجُ وَ تَحْتَهُ مَجُوْسِيَّةٌ عُرِضَ عَلَيْهَا الْاِسْلَامُ فَاِنْ اَسْلَمَتْ فَهِيَ اِمْرَأَتُهُ وَاِنْ اَبَتْ فَرَّقَ الْقَاضِيْ بَيْنَهُمَا وَلَمْ تَكُنِ الْفُرْقَةُ بَيْنَهُمَا طَلَاقًا وَقَالَ اَبُوْيُوْسُفَؒ لَاتَكُوْنُ الْفُرْقَةُ طَلَاقًا فِي الْوَجْهَيْنِ اَمَّا الْعَرْضُ فَمَذْهَبُنَا وَ قَالَ الشَّافِعِيُّؒ لَا يُعْرَضُ الْاِسْلَامُ لِاَنَّ فِيْهِ تَعَرُّضًا لَهُمْ وَ قَدْ ضَمِنَّا بِعَقْدِ الذِّمَّةِ اَنْ لَا نَتَعَرَّضَ لَهُمْ اِلَّا اَنَّ مِلْكَ النِّكَاحِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ غَيْرُ مُتَاَكِّدٍ فَيَنْقَطِعُ بِنَفْسِ الْاِسْلَامِ وَ بَعْدَهُ مُتَاَكِّدٌ فَيَتَاَجَّلُ اِلَى انْقِضَاءِ ثَلٰثِ حِيَضٍ كَمَا فِي الطَّلَاقِ وَلَنَا اَنَّ الْمَقَاصِدَ قَدْ فَاتَتْ فَلَا بُدَّ مِنْ سَبَبٍ يَبْتَنِيْ عَلَيْهِ الْفُرْقَةُ وَالْاِسْلَامُ طَاعَةٌ لَا يَصْلُحُ سَبَبًا لَهَا فَيُعْرَضُ الْاِسْلَامُ لِيَحْصُلَ الْمَقَاصِدُ بِالْاِسْلَامِ اَوْ تَثْبُتُ الْفُرْقَةُ بِالْاِبَاءِ وَجْهُ قَوْلِ اَبِيْ يُوْسُفَؒ اَنَّ الْفُرْقَةَ بِسَبَبٍ يَشْتَرِكُ فِيْهِ الزَّوْجَانِ فَلَا يَكُوْنُ طَلَاقًا كَالْفُرْقَةِ بِسَبَبِ الْمِلْكِ وَلَهُمَا اَنَّ بِالْاِبَاءِ اِمْتَنَعَ عَنِ الْاِمْسَاكِ بِالْمَعْرُوْفِ مَعَ قُدْرَتِهٖ عَلَيْهِ بِالْاِسْلَامِ فَيَنُوْبُ الْقَاضِيْ مَنَابَهٗ فِي التَّسْرِيْحِ كَمَا فِي الْجَبِّ وَالْعُنَّةِ اَمَّا الْمَرْأَةُ فَلَيْسَتْ بِاَهْلٍ لِلطَّلَاقِ فَلَا يَنُوْبُ مَنَابَهَا عِنْدَ اِبَائِهَا ثُمَّ اِذَا فَرَّقَ الْقَاضِيْ بَيْنَهُمَا بِاِبَائِهَا فَلَهَا الْمَهْرُ اِنْ كَانَ دَخَلَ بِهَا لِتَاَكُّدِهٖ بِالدُّخُوْلِ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ دَخَلَ بِهَا فَلَا مَهْرَ لَهَا لِاَنَّ الْفُرْقَةَ مِنْ قِبَلِهَا وَالْمَهْرُ لَمْ يَتَاَكَّدْ فَاَشْبَهَ الرِّدَّةَ وَالْمُطَاوَعَةَ.**

---

ترجمہ...... اور جب عورت مسلمان ہوئی حالانکہ اس کا شوہر کافر ہے تو قاضی اس کے شوہر پر اسلام پیش کرے گا۔ پس اگر وہ مسلمان ہو گیا تو وہ عورت اس کی بیوی ہے اور اگر انکار کر دیا تو (قاضی) دونوں میں تفریق کر دے گا۔ اور یہ تفریق طرفینؒ کے نزدیک طلاق ہوگی۔ اور اگر شوہر مسلمان ہو گیا اور اس کے تحت مجوسیہ ہے تو (قاضی) اس پر اسلام پیش کرے۔ پس اگر وہ اسلام لائی تو وہ اپنے شوہر کی بیوی ہے اور اگر انکار کر دیا تو قاضی دونوں کے درمیان تفریق کر دے گا اور (یہ) فرقت ان دونوں میں طلاق نہیں ہے۔ اور ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ فرقت دونوں صورتوں میں طلاق نہیں ہے۔ رہا اسلام پیش کرنا تو (یہ) ہمارا مذہب ہے۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اسلام پیش نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ اسلام پیش کرنے میں ذمیوں سے تعرض کرنا ہے۔ حالانکہ عقد ذمہ کے ذریعہ ہم نے اس بات کی ضمانت دی ہے کہ ہم ان سے تعرض نہیں کریں گے مگر یہ کہ ملک نکاح دخول سے پہلے

غیر مؤکد ہے۔اس لئے اسلام لاتے ہی نکاح منقطع ہو جائے گا۔اور دخول کے بعد مؤکد ہے۔اسوجہ سے تین حیض گذرنے تک مہلت دی جائے گی۔جیسا کہ طلاق میں۔اور ہماری دلیل یہ ہے کہ مقاصدِ نکاح تو فوت ہو گئے۔پس ایسے سبب کا ہونا ضروری ہے جس پر فرقت کی بنیاد قائم ہو۔اور اسلام لانا تو فرمانبرداری ہے وہ فرقت کا سبب نہیں ہو سکتا۔تو اب اسلام پیش کرے تاکہ اسلام لانے کی وجہ سے مقاصد نکاح حاصل ہوں یا انکار کی وجہ سے فرقت ثابت ہو۔اور ابو یوسفؒ کے قول کی وجہ یہ ہے کہ فرقت (کا وقوع) ایسے سبب سے ہوا جس میں مرد اور عورت دونوں شریک ہیں۔پس (یہ) فرقت طلاق نہیں ہوگی۔جیسے وہ فرقت جو مالک ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے۔اور طرفینؒ کی دلیل یہ ہے کہ (شوہر) اباءعن الاسلام کی وجہ سے امساک بالمعروف سے رک گیا حالانکہ شوہر اسلام لاکر امساک بالمعروف پر قادر تھا۔پس قاضی تسریح بالاحسان میں اس کا قائم مقام ہوگا جیسا کہ مقطوع الذکر اور عنین میں۔بہر حال عورت تو وہ طلاق کی اہل نہیں ہے۔لہٰذا قاضی عورت کے اباءعن الاسلام کے وقت اس عورت کا قائم مقام نہیں ہوگا۔پھر جب قاضی نے عورت کے انکار کی وجہ سے دونوں میں تفریق کر دی تو عورت کے لئے مہر ہوگا اگر اس کے ساتھ دخول کیا تھا۔دخول کے ذریعہ مہر کے مؤکد ہونے کی وجہ سے اور اگر اس کے ساتھ دخول نہیں کیا تھا تو اس عورت کے لئے مہر نہیں ہوگا۔اس لئے کہ فرقت عورت ہی کی جانب سے آئی اور مہر مؤکد نہیں ہوا۔پس ردت اور مطاوعت ابن زوج کے مشابہ ہو گیا۔

تشریح......صورت مسئلہ یہ ہے کہ عورت مسلمان ہو گئی اور اس کا شوہر کافر ہے کتابی یا غیر کتابی۔تو اب قاضی شوہر پر اسلام پیش کرے گا۔اگر قاضی کے اسلام پیش کرنے پر شوہر مسلمان ہو گیا تو وہ عورت اس کی بیوی ہے اور نکاح بدستور رہے گا اور اگر شوہر نے اسلام لانے سے انکار کر دیا تو قاضی دونوں میں تفریق کر دے گا۔اور یہ تفریق طرفینؒ کے نزدیک طلاق ہے۔فسخ نکاح نہیں۔دوسری صورت یہ ہے کہ شوہر مسلمان ہو گیا اور اس کے تحت مجوسیہ ہے تو قاضی مجوسیہ عورت پر اسلام پیش کرے گا اگر وہ اسلام لائی تو یہ اس کی بیوی ہے۔نکاح بدستور باقی ہے اور اگر اسلام لانے سے انکار کر دیا تو قاضی دونوں میں تفریق کر دیگا۔اور یہ فرقت طلاق نہیں ہوگی بلکہ فسخ نکاح ہوگا۔امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ دونوں صورتوں میں تفریق طلاق نہیں ہوگی۔برابر ہے کہ شوہر اسلام لانے سے انکار کرے یا عورت انکار کرے بلکہ فسخ نکاح ہوگا۔

اس تفریق کو فسخ ماننے کا فائدہ یہ ہے کہ تفریق کے بعد بھی عدد طلاق میں کمی نہیں آئے گی۔حتیٰ کہ اگر آخر کے مسلمان ہونے کے بعد دوسری مرتبہ نکاح کر لیا تو شوہر تین طلاقوں کا مالک ہوگا۔اور جن کے نزدیک فرقت طلاق ہے ان کے نزدیک دوسری مرتبہ نکاح کرنے کے بعد شوہر دو طلاقوں کا مالک ہوگا فرقت کی وجہ سے ایک کم ہو گئی۔حاصل یہ کہ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک شوہر انکار کرے یا عورت دونوں صورتوں میں تفریق فسخ ہے اور طرفینؒ کے نزدیک شوہر کے انکار کرنے سے جو تفریق ہوگی وہ طلاق ہے فسخ نہیں اور عورت کے انکار کرنے سے جو تفریق ہے وہ فسخ ہوگی طلاق نہیں۔

صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ آخر پر اسلام پیش کرنا ہمارا مذہب ہے۔ورنہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ آخر پر اسلام پیش نہیں کیا جائے گا۔امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ اسلام پیش کرنے میں ذمیوں کے ساتھ تعرض کرنا ہے۔حالانکہ عقد ذمہ کے ذریعہ ہم نے اس بات کی ضمانت دی ہے کہ ہم ان کے ساتھ کوئی تعرض نہیں کریں گے۔مگر چونکہ ملک نکاح دخول سے پہلے غیر مؤکد ہے اس لئے اسلام لاتے ہیں نکاح منقطع ہو جائے گا۔اور دخول کے بعد ملکِ نکاح مؤکد ہو جاتی ہے اس لئے وقوع فرقت تین حیض کے گذرنے تک مؤخر ہو جائے گا۔جیسا کہ طلاق میں یعنی دخول سے پہلے نفس طلاق نکاح کو منقطع کر دیتی ہے اور دخول کے بعد نکاح انقضاء عدت کے بعد منقطع ہوگا۔

صاحب ہدایہؒ کی عبارت فیتاجل الی انقضاء ثلث حیض میں ثلث حیض غلط ہے کیونکہ امام شافعیؒ کے نزدیک عدت میں طہر معتبر ہے نہ کہ حیض۔مگر تصحیح عبارت کے طور پر یوں کہا جا سکتا ہے کہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اے حنفیو! تمہارے نزدیک مناسب ہے کہ وقوع فرقت تین حیض گذرنے تک مؤخر کر دیا جائے اس صورت میں عبارت بے غبار ہو جائے گی۔

ہماری دلیل......یہ ہے کہ عورت کے مسلمان ہونے یا مجوسیہ کے شوہر کے مسلمان ہونے سے مقاصدِ نکاح فوت ہو گئے اور افوات امر حادث

ہے اس لئے اس کے واسطے ایسے سبب کا ہونا ضروری ہے جس پر اس کی بنیاد قائم ہو سکے۔ اب دو ہی صورتیں ہیں۔ مقاصد نکاح کے فوات کا سبب اسلام کو قرار دیں یا اس شخص کے کفر کو جو ابھی تک کفر پر باقی ہے۔ صورتِ اول تو ممکن نہیں۔ کیونکہ اسلام طاعت اور فرمانبرداری ہے۔ مقاصد نکاح جیسی نعمتوں کے فوت ہونے کا سبب نہیں ہو سکتا۔ اور صورتِ ثانیہ بھی ممکن نہیں۔ کیونکہ من بقی علی کفرہ کا کفر پہلے سے موجود ہے اور اس کفر نے نہ تو ابتداءً نکاح کو منع کیا اور نہ بقاءً مقاصدِ نکاح (نعمتوں) کو فوت کیا۔ پس ان دونوں کے علاوہ کسی تیسری چیز کا ہونا ضروری ہے۔ جس کو سبب قرار دیا جا سکے اس وجہ سے قاضی من بقی علی کفرہ پر اسلام پیش کرے۔ پس اگر وہ مسلمان ہو گیا تو الحمد للہ مقاصد نکاح ہی حاصل ہو جائیں گے فرقت کی ضرورت ہی نہیں۔ اور اگر اسلام لانے سے انکار کر دیا تو فرقت ثابت ہو جائے گی۔ پس یہ اباءعن الاسلام مقاصدِ نکاح کے فوت ہونے کا سبب ہوگا۔ کیونکہ اباءعن الاسلام سلبِ نعمت کا سبب بننے کی صلاحیت رکھتا ہے اور چونکہ فوات مقاصد نکاح کے لئے فرقت لازم ہے لہٰذا جو سبب ہوگا فوات کا وہی سبب ہوگا اس کے لازم یعنی فرقت کا۔ اس لئے احناف کہتے ہیں کہ من بقی علی کفرہ پر اسلام پیش کیا جائے گا۔ تاکہ اس کے اباءعن الاسلام کو تفریق کا سبب بنایا جا سکے۔ رہا امام شافعیؒ کا یہ کہنا کہ ذمیوں کیساتھ تعرض ممتنع ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ جبری تعرض ممتنع ہے۔ لیکن اس کے ساتھ اختیاری طور پر نفس بات چیت کرنا ممتنع نہیں ہے۔ ہمارے مذہب کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جو مؤطا میں ابن شہاب الزہری سے روایت ہے:

حدیث: ان ابنة الولید بن المغیرة کَانَتْ تحت صفوان بن امیة فاسلمت یوم الفتح و هرب زوجها صفوان بن امیة من الاسلام فلم یفرق رسول اللّٰہ ﷺ بینه و بین امرأته حتّٰی اسلم صفوان و استقرت عِندہ امرأته بذٰلِكَ النِّكَاحُ.

ترجمہ...... ولید بن مغیرہ کی بیٹی صفوان ابن امیہ کے تحت (نکاح) میں تھی۔ فتح کے دن وہ مسلمان ہو گئی اور اس کا شوہر صفوان ابن امیہ اسلام سے بھاگ گیا۔ تو حضور ﷺ نے اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان تفریق نہیں کی۔ یہاں تک کہ صفوان مسلمان ہو گیا اور اس کے پاس اس کی بیوی اسی نکاح سے باقی رہی۔

اور طحاوی اور ابن العربی نے ذکر کیا ان عمر ؓ فرق بین نصرانی و بین نصرانیة بابائه عن الاسلام یعنی حضرت عمر ؓ نے نصرانی اور نصرانیہ کے درمیان تفریق کی نصرانی کے اسلام سے انکار کر دینے کی وجہ سے۔ وذکر اصحابنا ان رجلا من تغلب اسلمت امرأته و هی نصرانیة فرفعت الی عمرؓ بن الخطاب فقال له اسلم والافرقت بینکما فابی ففرق بَیْنَهُمَا ۔ یعنی ہمارے اصحاب نے ذکر کیا کہ تغلب کا ایک آدمی اس کی بیوی مسلمان ہو گئی حالانکہ وہ نصرانیہ تھی۔ اس نے حضرت عمر ؓ کی عدالت میں معاملہ پیش کیا آپ نے فرمایا اس سے تو اسلام لا ورنہ تم دونوں میں تفریق کر دی جائے گی اس نے (اسلام لانے سے) انکار کر دیا تو آپ نے ان دونوں میں تفریق کر دی۔ ان احادیث سے اسلام کا پیش کرنا ثابت ہے۔ (الکفایہ - فتح القدیر)

امام شافعیؒ کے ساتھ بحث و مباحثہ سے فراغت پا کر وجہ قول ابی یوسفؒ سے امام ابو یوسفؒ کے ساتھ بات چیت کرنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ انہوں نے فرمایا کہ تفریق دونوں صورتوں میں طلاق نہیں بلکہ فسخ ہے۔ ابو یوسفؒ کے قول کی وجہ یہ ہے کہ فرقت ایسے سبب سے واقع ہوئی جس میں زوجین دونوں شریک ہیں۔ یعنی ان دونوں میں سے ہر ایک کی طرف سے متحقق ہے۔ مطلب یہ کہ ایک مسلمان ہوا اور دوسرے نے اسلام لانے سے انکار کیا تب فرقت واقع ہوئی اور ہر وہ فرقت جو ایسے سبب سے ہو جس میں عورت و مرد دونوں شریک ہوں طلاق نہیں ہوگی۔ مثلاً احد الزوجین دوسرے کا مالک ہو گیا تو اس کی وجہ سے جو فرقت ہوگی وہ طلاق نہیں ہوگی بلکہ فسخ نکاح ہوگا۔

**طرفینؒ کی دلیل**...... اور دونوں صورتوں میں وجہ فرق یہ ہے کہ اباءعن الاسلام کی وجہ سے شوہر امساک بالمعروف سے رک گیا۔ حالانکہ وہ اسلام قبول

کر کے امساک بالمعروف پر قادر تھا اور شریعت کا اصول ہے کہ اگر شوہر امساک بالمعروف سے رک جائے تو قاضی تسریح بالاحسان میں شوہر کے قائم مقام ہوگا اور تسریح نام ہے طلاق کا لہٰذا قاضی کی یہ تفریق طلاق کہلائے گی۔ جیسا کہ مقطوع الذکر اور عنین کی صورت میں عورت کے مطالبہ پر قاضی تفریق کر دے گا۔ اور یہ تفریق طلاق ہوگی۔ اسی طرح یہاں مرد کی جانب سے تفریق طلاق ہے۔ اور بہر حال عورت تو وہ طلاق کی اہلیت ہی نہیں رکھتی لہٰذا اس کے انکار عن الاسلام کے وقت قاضی تسریح بالاحسان میں اس کا قائم مقام نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ تسریح (طلاق) عورت کی طرف سے متصور ہی نہیں ہے۔ پھر عورت کے اسلام لانے سے انکار کر دینے کی وجہ سے جب قاضی نے تفریق کر دی تو اب دیکھنا یہ ہے کہ اس کے شوہر نے اس عورت کے ساتھ دخول کر لیا تھا یا نہیں اگر دخول کر لیا گیا تو عورت کے لئے کامل مہر واجب ہوگا۔ کیونکہ دخول کی وجہ سے مہر مؤکد ہو گیا ہے اور اگر دخول نہیں کیا تو عورت کے لئے مہر نہیں ہوگا۔ کیونکہ فرقت عورت کی جانب سے واقع ہوئی۔ اور عدم دخول کی وجہ سے مہر مؤکد بھی نہیں ہوا ہے۔ پس یہ ردت اور مطاوعت ابن زوج کے مشابہ ہو گیا یعنی عورت مرتدہ ہو گئی۔ العیاذ باللہ! یا اپنے شوہر کے بیٹے کو اپنے اوپر قدرت دی۔ پس اگر یہ بعد الدخول ہے تو عورت کے لئے کامل مہر ہوگا اس لئے کہ دخول کی وجہ سے مہر مؤکد ہو گیا۔ اور اگر قبل الدخول ہے تو اس کے لئے مہر نہیں ہوگا۔ واللہ اعلم۔

## عورت دار الحرب میں مسلمان ہوگئی اور شوہر کافر ہے یا حربی مسلمان ہو گیا اور اس کی بیوی مجوسیہ ہے فرقت ہوگی یا نہیں

**وَ اِذَا اَسْلَمَتِ الْمَرْأَةُ فِیْ دَارِ الْحَرْبِ وَ زَوْجُهَا كَافِرٌ اَوْ اَسْلَمَ الْحَرْبِیُّ وَ تَحْتَهٗ مَجُوْسِيَّةٌ لَمْ يَقَعِ الْفُرْقَةُ عَلَيْهَا حَتّٰى تَحِيْضَ ثَلٰثَ حِيَضٍ ثُمَّ تَبِيْنُ مِنْ زَوْجِهَا وَ هٰذَا لِاَنَّ الْاِسْلَامَ لَيْسَ سَبَبٌ لِلْفُرْقَةِ وَ الْعَرْضُ عَلَى الْاِسْلَامِ مُتَعَذِّرٌ لِقُصُوْرِ الْوِلَايَةِ وَ لَا بُدَّ مِنَ الْفُرْقَةِ رَفْعًا لِلْفَسَادِ فَاَقَمْنَا شَرْطَهَا وَ هُوَ مُضِيُّ الْحَيْضِ مَقَامَ السَّبَبِ كَمَا فِیْ حُفْرِ الْبِيْرِ وَ لَا فَرْقَ بَيْنَ الْمَدْخُوْلِ بِهَا وَ غَيْرِ الْمَدْخُوْلِ بِهَا وَ الشَّافِعِیُّ يَفْصِلُ كَمَا مَرَّ لَهٗ فِیْ دَارِ الْاِسْلَامِ .**

---

ترجمہ...... اور اگر کوئی عورت دار الحرب میں اسلام لائی حالانکہ اس کا شوہر کافر ہے یا کوئی مرد حربی مسلمان ہو گیا اور اس کے تحت مجوسیہ عورت ہے۔ تو اس عورت پر فرقت واقع نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ اس کو تین حیض آجاویں۔ پھر وہ اپنے شوہر سے بائنہ ہو جائے گی۔ اور یہ اس لئے کہ اسلام فرقت کا سبب نہیں ہے۔ اور کافر کو اسلام پر پیش کرنا محال ہے حاکم کی قصور ولایت کی وجہ سے اور فساد دور کرنے کے لئے فرقت ضروری ہے۔ پس ہم نے فرقت کی شرط اور وہ حیض کا گذرنا ہے سبب کے قائم مقام کر دیا۔ جیسا کہ کنواں کھودنے میں۔ اور مدخول بہا اور غیر مدخول بہا کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔ اور امام شافعیؒ ویسی ہی تفصیل کرتے ہیں جیسا انکا قول دار الاسلام میں گذرا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ دار الحرب میں ایک عورت مسلمان ہوئی اور اس کا شوہر کافر ہے یا حربی مرد مسلمان ہوا اور اس کے نکاح میں مجوسیہ عورت ہے تو دونوں صورتوں میں زوجین کے درمیان تفریق نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ وہ عورت تین حیض گزار لے اور اگر ذوات الحیض میں سے نہ ہو تو تین ماہ گذارے۔ پھر تین حیض یا تین ماہ گذارنے کے بعد فرقت واقع ہوگی۔ اور یہ عورت اپنے شوہر سے بائنہ ہو جائے گی۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ فرقت واقع ہونے کے بعد پھر عدت کے لئے دوسرے تین حیض یا تین ماہ گذارے۔ (عینی شرح ہدایہ)

دلیل سے پہلے یہ سمجھ لیجئے کہ عبارت العرض علی الاسلام متعذر میں قلب ہے۔ اصل میں ہے عرض الاسلام علی الکافر متعذر۔ کیونکہ اسلام پر کافر کو نہیں پیش کیا جاتا بلکہ کافر پر اسلام پیش کیا جاتا ہے اور یہ جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ عرضت الناقة علی الحوض اور ادخلت الخاتم فی الاصبع اصل میں عرضت الحوض علی الناقة اور ادخلت الاصبع فی الخاتم ہے۔

اب دلیل کا حاصل یہ ہے کہ اسلام لانا فرقت کا سبب نہیں ہو سکتا جیسا کہ پہلے مسئلہ میں معلوم ہو گیا اور چونکہ دار الحرب میں اہل اسلام کو ولایت بھی حاصل نہیں ہے اس لئے دار الحرب میں کافر پر اسلام پیش کرنا بھی محال ہے۔ اور فساد دور کرنے کے لئے فرقت کا ہونا بھی ضروری ہے (فساد مسلمان کا کافر کے تحت ہونا) پس جب سبب فرقت یعنی اباءعن الاسلام کا مقدر ماننا متعذر رہو گیا تو ہم نے فرقت کی شرط (تین حیض کا گذرنا اگر ذوات الحیض میں سے ہے یا تین ماہ کا گذرنا اگر ذوات الحیض میں سے نہیں ہے) کو سبب فرقت کے قائم مقام بنادیا جیسا کہ کنواں کھودنے میں صورت یہ ہے کہ ایک آدمی نے عام راستہ یا ملک غیر میں کنواں کھود دیا۔ پھر اس میں آدمی یا جانور گر کر مر گیا تو کھودنے والا ضامن ہے اس لئے کہ کنویں میں گرنے کی علت گرنے والے کا ثقل اور بوجھ ہے لیکن ثقل گرنے کا سبب نہیں بن سکتا۔ کیونکہ یہ امر طبعی ہے اس میں کوئی تعدی نہیں۔ اور گرنے کا سبب مشی (چلنا) ہے۔ مگر مشی کو بھی سبب بنانا محال ہے۔ کیونکہ راستہ میں چلنا مباح ہے۔ لہٰذا گرنے کی شرط (کنواں کھودنا) کو سبب کے قائم مقام بنا کر صاحب شرط یعنی کنواں کھودنے والے کو ضامن قرار دے دیا۔ اسی طرح یہاں بھی فرقت کی شرط سبب فرقت کے قائم مقام ہے۔

ہمارے نزدیک مدخول بہا اور غیر مدخول بہا میں کوئی فرق نہیں دونوں کی فرقت کے لئے تین حیض گذارنا شرط ہے۔ البتہ امام شافعیؒ ویسی ہی تفصیل کرتے ہیں جیسے ان کا [illegible] دار الاسلام میں گذر یعنی دار الحرب میں اگر احد الزوجین کا اسلام دخول سے پہلے ہے تو فرقت فی الحال واقع ہو جائے گی اور اگر دخول کے بعد ہے تو تین حیض گذرنے کے بعد فرقت واقع ہوگی۔ لیکن ہم امام شافعیؒ سے دست بستہ عرض کرتے ہیں کہ حضرت یہ تین حیض عدت کے لئے نہیں ہیں۔ بلکہ فرقت کے لئے ہیں۔ لہٰذا اس میں مدخول بہا اور غیر مدخول بہا دونوں برابر ہیں۔ واللہ اعلم (عینی شرح ہدایہ)

## فرقت واقع ہوگئی اور عورت حربیہ ہے اس پر عدت نہیں، مسلمان عورت کا بھی یہی حکم ہے...... اقوال فقہاء

**وَاِذَا وَقَعَتِ الْفُرْقَةُ وَالْمَرْأَةُ حَرْبِيَّةٌ فَلَا عِدَّةَ عَلَيْهَا وَاِنْ كَانَتْ هِيَ الْمُسْلِمَةُ فَكَذٰلِكَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ خِلَافًا لَهُمَا وَسَيَأْتِيْكَ اِنْشَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِذَا اَسْلَمَ زَوْجُ الْكِتَابِيَّةِ فَهُمَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا لِاَنَّهٗ يَصِحُّ النِّكَاحُ بَيْنَهُمَا اِبْتِدَاءً فَلَاَنْ يَبْقٰى اَوْلٰى.**

---

ترجمہ...... اور جب فرقت واقع ہوئی اور حال یہ ہے کہ عورت حربیہ ہے تو (بالاجماع) عورت پر عدت نہیں۔ اور اگر وہ (حربیہ) مسلمان ہوئی تو ایسا ہی ابوحنیفہؒ کے نزدیک خلاف ہے صاحبینؒ کا اور عنقریب آئے گا انشاء اللہ اور جب کتابیہ کا شوہر مسلمان ہو گیا تو وہ دونوں اپنے نکاح پر (باقی) رہیں گے۔ کیونکہ ان دونوں میں ابتداء نکاح صحیح ہے۔ پس بدرجہ اولیٰ باقی رہے گا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ جب تین حیض گذرنے کے بعد فرقت واقع ہوئی اور عورت حربیہ ہے اسلام نہیں لائی صرف اسکا شوہر مسلمان ہوا ہے تو بالاجماع حربیہ عورت پر عدت واجب نہیں ہے۔ اس لئے کہ حکم شرع اس کے حق میں ثابت ہی نہیں ہے اور اگر حربیہ مسلمان ہوگئی اور اس کا شوہر حربی کافر ہی رہا تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس پر بھی عدت واجب نہیں ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک اس پر عدت واجب ہوگی۔ شمس الائمہؒ نے ایسا ہی ذکر کیا۔ اور یہ اختلاف انشاء اللہ عنقریب آجائے گا۔ اور اگر کتابیہ کا شوہر مسلمان ہو گیا تو وہ دونوں اپنے سابقہ نکاح پر باقی رہیں گے۔ کیونکہ مسلمان مرد اور کتابیہ عورت کے درمیان ابتداءً نکاح صحیح ہے۔ لہٰذا بقاءً بدرجہ اولیٰ صحیح رہے گا۔ اس لئے کہ بقاء ابتداء سے آسان ہے۔

## زوجین میں سے ایک دار الحرب سے مسلمان ہو کر دار السلام آ گیا دونوں کے درمیان تفریق کی جائے گی، امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

**قَالَ وَاِذَا خَرَجَ اَحَدُ الزَّوْجَيْنِ اِلَيْنَا مِنْ دَارِ الْحَرْبِ مُسْلِمًا وَقَعَتِ الْبَيْنُوْنَةُ بَيْنَهُمَا وَقَالَ الشَّافِعِيُّؒ لَا تَقَعُ وَلَوْ**

سُبِیَ اَحَدُ الزَّوْجَیْنِ وَقَعَتِ الْبَیْنُوْنَۃُ بَیْنَھُمَا بِغَیْرِ طَلَاقٍ وَاِنْ سُبِیَا مَعًا لَمْ یَقَعِ الْبَیْنُوْنَۃُ وَ قَالَ الشَّافِعِیُّ وَقَعَتْ فَالْحَاصِلُ اَنَّ السَّبَبَ ھُوَ التَّبَایُنُ دُوْنَ السَّبْیِ عِنْدَنَا وَ ھُوَ یَقُوْلُ بِعَکْسِہٖ لَہٗ اَنَّ التَّبَایُنَ اَثَرُہٗ فِیْ اِنْقِطَاعِ الْوِلَایَۃِ وَ ذٰلِکَ لَا یُؤَثِّرُ فِی الْفُرْقَۃِ کَالْحَرْبِیِّ الْمُسْتَاْمِنِ وَالْمُسْلِمِ الْمُسْتَاْمِنِ اَمَّا السَّبْیُ فَیَقْتَضِی الصَّفَا لِلسَّابِیْ وَلَا یَتَحَقَّقُ اِلَّا بِاِنْقِطَاعِ النِّکَاحِ وَ لِھٰذَا یَسْقُطُ الدَّیْنُ عَنْ ذِمَّۃِ السَّبِیِّ وَلَنَا اَنَّ مَعَ التَّبَایُنِ حَقِیْقَۃً وَ حُکْمًا لَا یَنْتَظِمُ الْمَصَالِحُ فَشَابَہَ الْمَحْرَمِیَّۃَ وَالسَّبْیُ یُوْجِبُ مِلْکَ الرَّقَبَۃِ وَ ھُوَ لَا یُنَافِی النِّکَاحَ اِبْتِدَاءً فَکَذٰلِکَ بَقَاءً فَصَارَ کَالشِّرَاءِ ثُمَّ ھُوَ یَقْتَضِی الصَّفَاءَ فِیْ مَحَلِّ عَمَلِہٖ وَ ھُوَ الْمَالُ لَا فِیْ مَحَلِّ النِّکَاحِ وَ فِی الْمُسْتَاْمِنِ لَمْ تَتَبَایَنِ الدَّارُ حُکْمًا لِقَصْدِہِ الرُّجُوْعَ.

---

ترجمہ...... فرمایا اور جب احد الزوجین مسلمان ہوکر ہماری طرف دار الحرب سے نکل آیا تو ان دونوں کے درمیان بینونت واقع ہوگئی۔ اور فرمایا امام شافعیؒ نے کہ (بینونت) واقع نہیں ہوئی اور اگر احد الزوجین گرفتار کرلیا گیا تو ان دونوں میں بغیر طلاق کے بینونت واقع ہوجائے گی اور اگر دونوں ساتھ ساتھ گرفتار کئے گئے تو بینونت واقع نہیں ہوگی۔ اور امام شافعیؒ نے کہا کہ (دونوں میں) بینونت واقع ہوجائے گی۔ پس حاصل یہ کہ ہمارے نزدیک بینونت کا سبب تباین ہے نہ کہ گرفتاری اور امام شافعیؒ اس کے برعکس فرماتے ہیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ تباین دارین ایسی چیز ہے کہ اس کا اثر ولایت کے منقطع ہونے میں ہے۔ اور یہ (انقطاع ولایت) فرقت میں مؤثر نہیں ہے۔ جیسا کہ حربی امان لیکر (دارالاسلام میں داخل ہونے والا ہے) اور مسلمان امان لے کر (دار الحرب میں داخل ہونے والا ہے) رہا گرفتار ہوجانا تو وہ تقاضا کرتا ہے کہ گرفتار کرنے والے کے لئے خالص ہوجائے۔ اور یہ متحقق نہیں ہوگا مگر انقطاعِ نکاح سے۔ اور اسی وجہ سے گرفتار شدہ کے ذمہ سے قرضہ ساقط ہوجاتا ہے۔

اور ہماری دلیل...... یہ ہے کہ تباین دارین کے ساتھ حقیقۃً اور حکماً مصالح حاصل نہیں ہوسکتے ہیں۔ پس محرمیت کے مشابہ ہوگیا۔ اور گرفتاری تو (صرف) ملک رقبہ کو واجب کرتی ہے۔ اور وہ ملک رقبہ ابتداءً نکاح کے منافی نہیں۔ پس ایسے ہی بقاءً (بھی منافی نہیں ہوگی) پس (گرفتار) ہونا خریدنے کے مانند ہوگیا۔ پھر گرفتاری اپنے عمل کے محل میں صفائی چاہتی ہے۔ اور وہ مال ہے نہ کہ محل نکاح میں۔ اور امان لیکر آنے والے میں حکماً تباین دار نہیں ہوا اس کے واپس ہونے کا ارادہ رکھنے کی وجہ سے۔

تشریح...... اس عبارت میں تین صورتیں ہیں ایک متفق علیہ اور دو مختلف فیہ۔ متفق علیہ تو یہ ہے کہ احد الزوجین کو گرفتار کرلیا گیا تو اس صورت میں بالاتفاق بینونت واقع ہوجائے گی۔ مختلف فیہ کی پہلی صورت یہ ہے کہ اگر احد الزوجین مسلمان ہوکر دار الحرب سے دارالاسلام میں آ گیا تو احنافؒ کے نزدیک ان دونوں میں بینونت واقع ہوجائے گی۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک واقع نہیں ہوگی۔ دوسری صورت یہ ہے کہ زوجین دونوں گرفتار کرلئے گئے تو اس صورت میں احنافؒ کے نزدیک بینونت واقع نہیں ہوگی۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک واقع ہوجائے گی۔

حاصل کلام یہ ہے کہ بینونت کا سبب ہمارے نزدیک زوجین کے درمیان حقیقۃً اور حکماً تباین دارین ہے نہ کہ گرفتاری اور امام شافعیؒ کے نزدیک بینونت کا سبب گرفتاری ہے نہ کہ تباین دارین اسی کے قائل امام مالکؒ اور امام احمدؒ ہیں۔

امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ تباینِ دارین کا اثر یہ ہے کہ تباینِ دارین کی وجہ سے ولایت منقطع ہوجاتی ہے۔ اور انقطاع ولایت فرقت میں اثر انداز نہیں ہے۔ جیسے ایک حربی امان لے کر دارالاسلام میں داخل ہوگیا۔ پس تباین دارین کی وجہ سے اس حربی مستامن کی ولایت تو منقطع ہوگئی۔ لیکن اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان فرقت واقع نہیں ہوئی۔ اسی طرح کوئی مسلمان امان لے کر دار الحرب میں چلا گیا پس اس کی ولایت تو منقطع ہوگئی لیکن اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان فرقت واقع نہیں ہوئی۔ پس ثابت ہوگیا کہ تباین دارین کو انقطاعِ ولایت میں تو دخل ہے لیکن فرقت

میں کوئی دخل نہیں۔

رہا قید ہوجانا تو وہ تقاضا کرتا ہے کہ قید کرنے والے کے لئے خالص ہوجائے۔ اور یہ خالص ہونا اسی وقت ممکن ہے جبکہ نکاح منقطع ہوجائے۔ پس معلوم ہوا کہ قید ہونا انقطاع ولایت اور فرقت دونوں کا سبب ہے۔ خواہ دونوں ساتھ قید ہوں یا ایک اور چونکہ گرفتار شدہ خالص گرفتار کرنے والے کا ہوجاتا ہے۔ اسی وجہ سے گرفتار شدہ کے ذمہ سے کفار کا قرضہ ساقط ہوجاتا ہے۔

**ہماری دلیل** ...... یہ ہے کہ تباین دارین حقیقۃً اور حکماً انتظام مصالح کے منافی ہے اور جو چیز انتظام مصالح کے منافی ہو وہ نکاح کو قطع کر دیتی ہے جیسے محرمیت پس تباین دارین نکاح کو قطع کر دے گا۔ حقیقۃً تباینِ دارین یہ ہے کہ ان دونوں میں شخصی تباعد پایا جائے۔ یعنی ایک دار الحرب میں ہو اور ایک دار الاسلام میں۔ اور تباین حکمی سے مراد یہ ہے کہ جس دار میں داخل ہوا وہاں سے واپس ہونے کا ارادہ نہ ہو۔ بلکہ رہنے اور ٹھہرنے کا ارادہ ہو۔ یہاں تک تو مذہب کا اثبات ہے۔ اور **والسبي يوجب ملك الرقبة** سے امام شافعیؒ کی دلیل کا رد ہے۔ حاصل رد یہ ہے کہ گرفتاری موجب ملک رقبہ ہے اور ملک رقبہ ابتداءً نکاح کے منافی نہیں ہے۔ مثلاً ایک شخص نے اپنی باندی کا کسی دوسرے سے نکاح کر دیا تو یہ نکاح جائز ہے۔ حالانکہ مولیٰ کے لئے ملک رقبہ ثابت ہے پس ایسے ہی ملک رقبہ بقاءً نکاح کے منافی نہیں ہے مثلاً ایک شخص نے منکوحۃ الغیر کو خریدا تو مشتری کے لئے ملک رقبہ ثابت ہوگئی۔ لیکن اس کے باوجود غیر کا نکاح باقی ہے۔ پس گرفتاری خریدنے کے مانند ہے یعنی جس طرح شراء سے نکاح فاسد نہیں ہوتا اسی طرح گرفتاری سے نکاح فاسد نہیں ہوگا عدم منافات کی وجہ سے۔

پھر امام شافعیؒ کا یہ کہنا کہ گرفتاری تقاضا کرتی ہے کہ گرفتار شدہ خالص ہوجائے گرفتار کرنے والے کے لئے سو یہ بات ہمیں تسلیم ہے لیکن گرفتاری تو اسی محل میں خالص ہونے کا تقاضا کرتی ہے جہاں اس کا عمل ہو یعنی مال میں نہ کہ محلِ نکاح میں۔ چنانچہ گرفتار کرنے والے کے لئے گرفتار شدہ کی ذات میں علی الخصوص ملک ثابت ہوگی نہ کہ محل نکاح یعنی منافع بضع میں۔ اس لئے کہ یہ اس کے عمل کا محل نہیں ہے۔ کیونکہ نکاح آدمیت کے خصائص میں سے ہے نہ کہ مالیت کے۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ گرفتاری فرقت کا سبب نہیں ہے۔

**وفی المستامن** سے امام شافعیؒ کے قیاس کا جواب ہے ...... حاصل جواب یہ ہے کہ ہمارے نزدیک مطلقاً تباین دارین سبب بینونت نہیں بلکہ وہ تباین سبب ہے جو حقیقۃً اور حکماً دونوں طرح ہو اور حربی مستامن اور مسلم مستامن میں اگرچہ حقیقۃً تباین ہے۔ لیکن حکماً تباین نہیں ہے کیونکہ حربی مستامن کا دار الاسلام سے اور مسلمان مستامن کا دار الحرب سے لوٹنے کا ارادہ ہے۔ لہٰذا ان دونوں پر قیاس درست نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## عورت دار السلام ہجرت کر کے آگئی اس سے بغیر عدت کے نکاح جائز ہے یا نہیں ...... اقوال فقہاء

**وَاِذَا خَرَجَتِ الْمَرْأَةُ اِلَيْنَا مُهَاجِرَةً جَازَاَنْ تتزوَّجَ وَلَا عِدَّةَ عَلَيْهَا عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَ قَالَا عَلَيْهَا الْعِدَّةُ لِاَنَّ الْفُرْقَةَ وَقَعَتْ بَعْدَ الدُّخُوْلِ فِىْ دَارِ الْاِسْلَامِ فَيَلْزَمُهَا حُكْمُ الْاِسْلَامِ وَلِاَبِىْ حَنِيْفَةَ اَنَّهَا اَثَرُ النِّكَاحِ الْمُتَقَدِّمِ وَجَبَتْ اِظْهَارًا لِخَطَرِهٖ وَلَا خَطَرَ لِمِلْكِ الْحَرْبِيِّ وَلِهٰذَا لَا تَجِبُ الْعِدَّةُ عَلَى الْمَسْبِيَّةِ وَاِنْ كَانَتْ حَامِلًا لَمْ تَتَزَوَّجْ حَتّٰى تَضَعَ حَمْلَهَا وَ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ اَنَّهٗ يَصِحُّ النِّكَاحُ وَلَا يَقْرُبُهَا زَوْجُهَا حَتّٰى تَضَعَ حَمْلَهَا كَمَا فِى الْحُبْلٰى مِنَ الزِّنَاءِ وَجْهُ الْاَوَّلِ اَنَّهٗ ثَابِتُ النَّسَبِ فَاِذَا ظَهَرَ الْفِرَاشُ فِىْ حَقِّ النَّسَبِ يَظْهَرُ فِىْ حَقِّ الْمَنْعِ مِنَ النِّكَاحِ اِحْتِيَاطًا.**

---

ترجمہ ...... اور جب عورت ہمارے (دار الاسلام) کی طرف ہجرت کر کے نکل آئی تو جائز ہے کہ وہ عورت نکاح کر لے اور اس پر عدت واجب

نہیں ہے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ اس پر عدت واجب ہے۔ کیونکہ فرقت دارالاسلام میں داخل ہونے کے بعد واقع ہوئی۔ لہٰذا اس عورت پر اسلام کا حکم لازم ہوگا۔ اور امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ عدت تو نکاح سابق کا اثر ہے۔ وہ اس کے احترام کو ظاہر کرنے کے لئے واجب ہوتی ہے اور حال یہ کہ حربی مرد کی ملک (نکاح) کا کوئی احترام نہیں ہے۔ اسی وجہ سے گرفتار شدہ عورت پر عدت واجب نہیں ہوتی۔ اور اگر وہ عورت حاملہ ہے تو نکاح نہ کرے یہاں تک کہ اس کا حمل وضع ہو جائے۔ اور ابوحنیفہؒ سے روایت ہے کہ نکاح صحیح ہے اور اس کا شوہر اس کے قریب نہ جائے یہاں تک کہ اس کو وضع حمل ہو جائے۔ جیسا کہ حاملہ من الزناء میں اور اول کی وجہ یہ ہے کہ حمل ثابت النسب ہے (غیر سے) پس جب نسب کے حق میں فراش ہونا ظاہر ہو گیا تو نکاح سے منع کے حق میں (بھی) احتیاطاً ظاہر ہوگا۔

**تشریح**...... صورت مسئلہ، ایک عورت دارالحرب سے دارالاسلام کی طرف ہجرت کر کے آئی۔ برابر ہے کہ وہ عورت مسلمان ہو یا ذمیہ۔ اور واپس ہونے کا ارادہ بھی نہیں رکھتی ہے۔ تو اس مہاجرہ عورت سے امام صاحبؒ کے نزدیک نکاح کرنا جائز ہے۔ اور اس پر عدت واجب نہیں ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک اس پر عدت واجب ہے۔

صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ دارالاسلام میں داخل ہونے کے بعد فرقت واقع ہوئی ہے۔ اور ہر وہ فرقت جو دارالاسلام میں واقع ہو اس پر اسلام کے احکام لازم ہوتے ہیں۔ اور عدت بھی احکام اسلام میں سے ہے۔ لہٰذا اس مہاجرہ عورت پر عدت واجب ہوگی۔ ہاں البتہ اگر حربی نے دارالحرب میں اپنی بیوی کو طلاق دی پھر اس عورت نے دارالاسلام کی طرف ہجرت کی تو بالاتفاق اس پر عدت واجب نہیں ہوگی۔

**امام صاحبؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ عدت نکاح سابق کا اثر ہے۔ جو ملک نکاح کے احترام کو ظاہر کرنے کے لئے واجب ہوتی ہے۔ اور حال یہ ہے کہ حربی مرد کی ملک نکاح کا کوئی احترام نہیں ہے۔ لہٰذا اس مہاجرہ پر بھی عدت واجب نہیں ہوگی۔ اور چونکہ حربی کی ملک نکاح کا کوئی احترام نہیں ہے۔ اسی لئے بالاتفاق اس عورت پر عدت واجب نہیں ہوتی جو گرفتار کی گئی ہے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ اگر وہ مہاجرہ عورت حاملہ ہے تو وضع حمل سے پہلے نکاح نہ کرے۔ اس قول کو امام محمدؒ نے امام ابوحنیفہؒ سے روایت کیا ہے۔ اور دوسرا قول جس کو امام ابو یوسفؒ اور حسنؒ بن زیاد نے امام صاحبؒ سے روایت کیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس مہاجرہ حاملہ کے ساتھ نکاح کرنا تو درست ہے۔ البتہ وضع حمل سے پہلے وطی نہ کرے۔ قول اول کی وجہ یہ ہے کہ حمل غیر سے ثابت النسب ہے۔ پس جب نسب کے حق میں فراش ہونا ظاہر ہو گیا تو نکاح سے منع کے حق میں بھی احتیاطاً فراش ہونا ظاہر ہوگا۔ یعنی یہ مہاجرہ حاملہ اپنے کافر شوہر کی فراش صحیح ہے لہٰذا اس سے وطی نہیں کر سکتا۔ اور چونکہ احتیاطاً نکاح سے منع کے حق میں بھی فراش ہونا ظاہر ہو گیا۔ لہٰذا اس سے نکاح بھی نہیں کر سکتا۔

صاحب عنایہؒ نے قول ثانی کی دلیل بیان کی ہے فرمایا کہ حربی مرد کا کوئی احترام نہیں۔ لہٰذا اس کے جز یعنی حمل کا احترام بدرجہ اولیٰ نہیں ہوگا۔ اس وجہ سے مہاجرہ حاملہ کے ساتھ نکاح درست قرار دیا گیا ہے۔ جیسا کہ حاملہ من الزنا میں۔ کیونکہ زانی کے پانی کا کوئی احترام نہیں ہے۔ اور وطی کی اجازت اس لئے نہیں دی گئی تاکہ اپنے پانی سے غیر کی کھیتی کو سیراب کرنا لازم نہ آئے (قول اول اصح ہے)۔

حاصل یہ ہے کہ حمل من الغیر مطلقاً وطی کرنے کو منع کرتا ہے اور چونکہ حمل ثابت النسب محترم ہے۔ اس لئے وہ نکاح کو بھی منع کر دے گا۔

## زوجین میں سے کوئی ایک مرتد ہو گیا تو بغیر طلاق کے فرقت واقع ہوگی...... اقوال فقہاء

**قَالَ وَ اِذَا ارْتَدَّ اَحَدُ الزَّوْجَيْنِ عَنِ الْاِسْلَامِ وَقَعَتِ الْفُرْقَةُ بِغَيْرِ طَلَاقٍ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَ اَبِىْ يُوْسُفَ وَ قَالَ مُحَمَّدٌ اِنْ كَانَتِ الرِّدَّةُ مِنَ الزَّوْجِ فَهِىَ فُرْقَةٌ بِطَلَاقٍ هُوَ يَعْتَبِرُ بِالْاِبَاءِ وَالْجَامِعُ مَا بَيَّنَّاهُ وَ اَبُوْيُوْسُفَ مَرَّ عَلٰى مَا اَصَّلْنَا لَهٗ فِى الْاِبَاءِ وَ اَبُوْحَنِيْفَةَ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَوَجْهُهٗ اَنَّ الرِّدَّةَ مُنَافِيَةٌ لِلنِّكَاحِ لِكَوْنِهَا مُنَافِيَةً لِلْعِصْمَةِ**

وَالطَّلَاقِ رَافِعٌ فَتَعَذَّرَ اَنْ تُجْعَلَ طَلَاقاً بِخِلَافِ الْاِبَاءِ لِاَنَّهٗ يَفُوْتُ الْاِمْسَاكُ بِالْمَعْرُوْفِ فَيَجِبُ التَّسْرِيْحُ بِالْاِحْسَانِ عَلٰى مَامَرَّ وَلِهٰذَا تَتَوَقَّفُ الْفُرْقَةُ بِالْاِبَاءِ عَلَى الْقَضَاءِ وَلَا تَتَوَقَّفُ بِالرِّدَّةِ ثُمَّ اِنْ كَانَ الزَّوْجُ هُوَ الْمُرْتَدُّ فَلَهَا كُلُّ الْمَهْرِ اِنْ دَخَلَ بِهَا وَ نِصْفُ الْمَهْرِ اِنْ لَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَ اِنْ كَانَتْ هِيَ الْمُرْتَدَّةُ فَلَهَا كُلُّ الْمَهْرِ اِنْ دَخَلَ بِهَا وَ اِنْ لَمْ يَدْخُلْ بِهَا فَلَا مَهْرَ لَهَا وَلَا نَفَقَةَ لِاَنَّ الْفُرْقَةَ مِنْ قِبَلِهَا.

---

ترجمہ...... اور جب احد الزوجین اسلام سے مرتد ہو گیا تو (دونوں میں) بغیر طلاق کے فرقت واقع ہو گئی۔ اور یہ ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک ہے۔ اور فرمایا امام محمدؒ نے اگر مرتد ہونا شوہر کی طرف سے ہے تو یہ فرقت طلاق ہے۔ امام محمدؒ قیاس کرتے ہیں اباء (عن الاسلام) پر اور جامع وہ ہے جس کو ہم نے بیان کیا۔ اور ابو یوسفؒ اپنی اسی اصل پر چلے جو ہم نے انکار میں ان کے واسطے سے بیان کی۔ اور ابوحنیفہؒ نے دونوں میں فرق کیا۔ اور وجہ فرق یہ ہے کہ ردت منافی نکاح ہے۔ کیونکہ منافی عصمت ہے۔ اور طلاق (نکاح) کو اٹھانے والی ہے۔ پس محال ہے یہ کہ ردت کو طلاق قرار دیا جائے۔ بخلاف اباء (عن الاسلام) کے کیونکہ اباء امساک بالمعروف کو فوت کر دیتا ہے۔ پس تسریح بالاحسان واجب ہوگی۔ چنانچہ اوپر گذرا اور اسی وجہ سے فرقت اباء (عن الاسلام) کی وجہ سے قضاء قاضی پر موقوف ہوتی ہے۔ اور ردت کی وجہ سے (جو فرقت ہے وہ قضاء قاضی پر) موقوف نہیں ہوتی پھر اگر شوہر مرتد ہوا ہے تو عورت کے لئے کل مہر ہوگا اگر اس کے ساتھ دخول ہو چکا اور نصف مہر ہے اگر اس کے ساتھ دخول نہیں ہوا اور اگر عورت مرتدہ ہوئی ہے تو عورت کے لئے کل مہر ہے اگر اس کے ساتھ دخول ہو چکا اور اگر اس کے ساتھ دخول نہیں ہوا تو اس عورت کے لئے مہر نہیں ہے۔ اور نہ نفقہ ہے اس لئے کہ فرقت عورت کی جانب سے آئی ہے۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر احد الزوجین اسلام سے مرتد ہو گیا العیاذ باللہ تو دونوں میں فی الحال فرقت واقع ہو جائے گی۔ برابر ہے کہ شوہر نے بیوی کے ساتھ دخول کیا یا نہیں۔ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر ارتداد دخول سے پہلے ہے تو فی الحال فرقت واقع ہو جائیگی اور اگر دخول کے بعد ہے تو تین حیض گذارنے کے بعد فرقت واقع ہوگی۔ جیسا کہ امام شافعیؒ نے احد الزوجین کے اسلام لانے کی صورت میں کہا۔ ابن ابی لیلیٰ نے کہا احد الزوجین کے مرتد ہونے سے فرقت واقع نہیں ہوگی نہ قبل الدخول اور نہ بعد الدخول۔ بلکہ مرتد سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا اگر توبہ کی تو الحمدللہ یہ اس کی بیوی ہے سابقہ نکاح باقی رہے گا اور اگر بحالتِ ردّت مر گیا یا قتل ہو گیا تو اس کی بیوی اس کی وارث ہوگی۔

بہر حال ردت کی وجہ سے جو فرقت ہوئی شیخینؒ کے نزدیک یہ فرقت طلاق نہیں ہے بلکہ فسخ ہے۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک اگر ردت شوہر کی جانب سے ہے تو یہ فرقت طلاق ہے ورنہ نہیں۔ امام محمدؒ مرتد ہونے کو شوہر کے اباء عن الاسلام پر قیاس کرتے ہیں۔ یعنی اگر عورت مسلمان ہوگئی اور شوہر نے اسلام لانے سے انکار کر دیا تو یہ شوہر کی طرف سے طلاق ہے۔ اسی طرح شوہر کا مرتد ہونا شوہر کی طرف سے طلاق ہے۔ اور مقیس اور مقیس علیہ کے درمیان جامع وہی ہے جس کو ہم نے بیان کیا۔ یعنی جس طرح شوہر اسلام لانے سے انکار کر دینے کی وجہ سے امساک بالمعروف سے رک گیا حالانکہ وہ اس پر قادر تھا تو قاضی تسریح بالاحسان میں اس کے قائم مقام ہو کر تفریق کر دے گا۔ اور یہ تفریق طلاق ہوگی۔ اسی طرح ردت کی وجہ سے شوہر امساک بالمعروف سے رک گیا پس قاضی تسریح بالاحسان میں اس کے قائم مقام ہوگا۔

امام ابو یوسفؒ کی دلیل وہ ہے جو اباء عن الاسلام میں گذر چکی یعنی فرقت ایسے سبب سے واقع ہوئی جس میں زوجین شریک ہیں۔ اور طلاق صرف شوہر کی طرف سے ہوتی ہے۔ بیوی کا اس میں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ لہٰذا ارتداد کی وجہ سے جو تفریق ہوگی وہ طلاق نہیں ہوگی بلکہ فسخ نکاح ہوگا۔

امام ابوحنیفہؒ نے اباء عن الاسلام میں اور ارتداد میں فرق کیا ہے۔ چنانچہ شوہر کے اباء عن الاسلام کی وجہ سے جو فرقت ہے اس کو طلاق قرار دیا گیا۔ اور ارتداد کی وجہ سے جو فرقت ہے اس کو طلاق قرار نہیں دیا۔ ان دونوں میں وجہ فرق یہ ہے کہ ردت نکاح کے منافی ہے کیونکہ ردت عصمت

نفس اور عصمت مال کے منافی ہے۔ چنانچہ مرتد کی جان اور مال مباح ہیں اس کو اگر کوئی قتل کر دے تو قاتل پر قصاص یا دیت واجب نہیں ہوتی اور مرتد کی ملک اور نکاح باطل ہو جاتے ہیں۔ اور رہی طلاق سو وہ نکاح کے منافی نہیں ہے۔ کیونکہ طلاق تحقق نکاح کے بعد نکاح کو اٹھانیوالی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر شوہر طلاق کے بعد نکاح کرنا چاہے تو نکاح کر سکتا ہے پس حاصل یہ کہ طلاق منافی نکاح نہیں ہے اور مرتد ہونا منافی نکاح ہے لہٰذا ردت کو طلاق قرار دینا محال ہے۔

اس کے برخلاف اسلام لانے سے انکار کرنا تو وہ اپنی اصلی حالت کفر پر رہنا چاہتا ہے اس لئے ذمی بنا رہا۔ لہٰذا اس کا خون مباح نہیں ہوا۔ اس وجہ سے اباء عن الاسلام منافی نکاح نہیں ہے۔ اور ردت منافی نکاح ہے۔ پس ردت کو اباء عن الاسلام پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔

صاحب ہدایہؒ نے فرمایا کہ اباء عن الاسلام کی وجہ سے شوہر امساک بالمعروف سے رک گیا پس تسریح بالاحسان واجب ہوگا۔ اور تسریح بالاحسان نام ہے طلاق کا اس وجہ سے اباء عن الاسلام کی وجہ سے تفریق کو طلاق قرار دیا گیا۔ اور چونکہ ردت منافی نکاح ہے اور اباء عن الاسلام منافی نکاح نہیں ہے۔ اسی وجہ سے اباء عن الاسلام کی وجہ سے فرقت قضاء قاضی پر موقوف رہے گی۔ کیونکہ اباء عن الاسلام منافی نہیں ہے اور ارتداد کی وجہ سے فرقت قضاء قاضی پر موقوف نہیں رہے گی۔ کیونکہ منافی کا حکم قضاء پر موقوف نہیں رہتا جیسے محرمیت کی وجہ سے فرقت قضاء پر موقوف نہیں ہوتی۔

ثم ان کان الزّوج سے فرماتے ہیں کہ اگر شوہر مرتد ہوا ہے اور عورت کے ساتھ دخول ہو چکا تو عورت کے لئے کل مہر واجب ہوگا۔ اور عدت کا نفقہ بھی۔ اور اگر دخول نہیں ہوا تو عورت کے لئے نصف مہر ہوگا۔ اور اگر عورت مرتدہ ہوئی اور اس کے ساتھ دخول ہو چکا تو عورت کے لئے کل مہر واجب ہوگا۔ البتہ عدت کا نفقہ واجب نہیں ہوگا۔ کیونکہ فرقت عورت کی جانب سے آئی تو عورت ناشزہ کہلائے گی اور ناشزہ کے لئے نفقہ نہیں ہوتا اور اگر اس کے ساتھ دخول نہیں ہوا تو عورت کے لئے نہ مہر ہوگا اور نہ نفقہ۔

## زوجین دونوں اکٹھے مرتد ہوئے پھر اکٹھے مسلمان ہوئے نکاح برقرار رہے گا...... امام زفرؒ کا نقطۂ نظر

**قَالَ وَاِذَا ارْتَدَّا مَعًا ثُمَّ اَسْلَمَا مَعًا فَهُمَا عَلٰى نِكَاحِهِمَا اِسْتِحْسَانًا وَ قَالَ زُفَرُؒ يَبْطُلُ لِاَنَّ رِدَّةَ اَحَدِهِمَا مُنَافِيَةٌ وَ فِيْ رِدَّتِهِمَا رِدَّةُ اَحَدِهِمَا وَ لَنَا مَا رُوِىَ اَنَّ بَنِىْ حَنِيْفَةَ اِرْتَدُّوْا ثُمَّ اَسْلَمُوْا وَلَمْ يَاْمُرْهُمَا الصَّحَابَةُ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِتَجْدِيْدِ الْاَنْكِحَةِ وَالْاِرْتِدَادُ مِنْهُمْ وَاقِعٌ مَعًا لِجَهَالَةِ التَّارِيْخِ وَلَوْ اَسْلَمَ اَحَدُهُمَا بَعْدَ الْاِرْتِدَادِ فَسَدَ النِّكَاحُ بَيْنَهُمَا لِاِصْرَارِ الْاٰخَرِ عَلَى الرِّدَّةِ لِاَنَّهٗ مُنَافٍ كَابْتِدَائِهَا.**

---

ترجمہ...... اور جب دونوں ساتھ ساتھ مرتد ہوئے پھر ایک ساتھ دونوں مسلمان ہو گئے تو وہ دونوں اپنے نکاح پر ہیں استحسانًا۔ اور فرمایا امام زفرؒ نے کہ باطل ہو جائے گا۔ کیونکہ ان دونوں میں سے ایک کی ردت منافی نکاح ہے۔ اور ان دونوں کی ردت میں ان دونوں میں سے ایک کی ردت ہے اور ہماری دلیل وہ حدیث ہے جو مروی ہے کہ بنی حنیفہ مرتد ہو گئے پھر مسلمان ہو گئے اور صحابہؓ نے ان کو تجدید نکاح کا حکم نہیں دیا۔ اور ارتداد ان سے ایک ساتھ واقع ہوا تاریخ کے مجہول ہونے کی وجہ سے اور اگر ارتداد کے بعد ان دونوں میں سے ایک مسلمان ہو گیا تو ان دونوں میں نکاح فاسد ہو گیا دوسرے کے ردت پر اصرار کرنے کی وجہ سے۔ اس لئے کہ (اس کا اصرار علی الردت) منافی (نکاح) ہے جیسا کہ ابتداءً ردت۔

تشریح...... زوجین ایک ساتھ مرتد ہوئے۔ پھر ایک ساتھ دونوں مسلمان ہو گئے تو یہ دونوں اپنے نکاح پر رہیں گے۔ تجدید نکاح کی ضرورت نہیں۔ یہ قول استحسانًا ہے۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ اس صورت میں نکاح باطل ہو جائے گا یہی قیاس ہے اسی کے قائل امام شافعیؒ، امام مالکؒ اور امام احمدؒ ہیں۔

امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ جب ایک کا مرتد ہونا منافی نکاح ہے تو دونوں کا مرتد ہونا بدرجہ اولیٰ منافی نکاح ہوگا۔ کیونکہ دو کے ارتداد کے ضمن میں ایک کا مرتد ہونا بھی پایا گیا۔

ہماری دلیل (اور یہی وجہ استحسان ہے) حدیث ہے حاصل یہ کہ بنو حنیفہ جو مسیلمہ کذاب کی قوم میں ایک چھوٹا سا قبیلہ ہے۔ یہ لوگ زکوۃ کا انکار کرنے کی وجہ سے مرتد ہو گئے۔ پھر خلیفۃ المسلمین حضرت ابوبکرؓ نے ان کی طرف صحابہ کا لشکر بھیجا تو یہ سب مسلمان ہو گئے۔ لیکن صحابہ نے ان کو تجدید نکاح کا حکم نہیں دیا۔ اس پر سب ہی صحابہ کا اتفاق تھا۔ لہٰذا صحابہ کا اجماع ہو گیا۔ اور اجماع کی وجہ سے قیاس ترک کر دیا جاتا ہے۔

لیکن اگر کوئی اشکال کرے کہ ان کا ارتداد بیک وقت نہیں تھا لہٰذا اس واقعہ سے استدلال کیسے درست ہوگا۔ تو جواب یہ ہے کہ جب تقدم اور تاخر کے بارے میں تاریخ مجہول ہوگئی تو یہی کہا جائے گا سب بیک وقت مرتد ہوئے ہیں۔

اور اگر ارتداد کے بعد ان دونوں میں سے ایک مسلمان ہو گیا تو دونوں میں نکاح فاسد ہو جائے گا یعنی دونوں میں فرقت واقع ہو جائے گی دوسرے کے ردت پر اصرار کرنے کی وجہ سے کیونکہ ردت پر اصرار اسی طرح منافی نکاح ہے جس طرح ابتداء ردت منافی نکاح ہے۔

فائدہ..... پھر جو اسلام کی طرف لوٹا ہے اگر شوہر ہے اور عورت کے ساتھ دخول نہیں ہوا تو عورت کے لئے کچھ مہر وغیرہ نہیں ہوگا۔ اور اگر دخول ہو چکا تو عورت کے لئے کل مہر ہوگا۔ اور اگر عورت اسلام کی طرف واپس ہوئی۔ اور اس کے ساتھ دخول نہیں ہوا تو اس کے لئے نصف مہر ہوگا۔ اور اگر دخول ہو چکا تو اس کے لئے کل مہر ہوگا۔ کیونکہ دخول کی وجہ سے مہر شوہر کے ذمہ میں دین ہو جاتا ہے۔ اور دیون ردت کی وجہ سے ساقط نہیں ہوتے (فتح القدیر)۔

# بَـــابُ الْـقَسْــمِ

مصنف ہدایہؒ نے جب تعدد نساء کے جواز کو بیان فرمایا تو ضروری ہے کہ ان کے حق میں اس عدل کو ذکر کیا جائے جو شارع کی طرف سے وارد ہے۔ اس لئے ''باب القسم'' منعقد کیا گیا۔ القسم بفتح القاف مصدر ہے قسمٌ سے مراد منکوحات میں برابری کرنا۔ عدل بین النساء کا نام بھی قسم ہے اور قسم بکسر القاف حصہ کے معنی میں ہے اور قسم قاف اور سین کے فتحہ کے ساتھ یمین کے معنی میں ہے اور قسمت نام ہے مقاسمت اور انقسام کا۔

مطلقاً حقیقتِ عدل ممتنع ہے جیسا کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے فرمایا:

**ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء ولو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروھا کالمعلقة**

ترجمہ..... اور تم سے یہ تو کبھی نہ ہو سکے گا کہ سب بیبیوں میں برابری رکھو۔ گو تمہارا کتنا ہی جی چاہے تو تم بالکل تو ایک ہی طرف نہ ڈھل جاؤ جس سے اس کو ایسا کر دو جیسے کوئی ادھر مین لٹکی ہو۔ (بیان القرآن)

تعدد نساء کے وقت وجوب عدل قرآن وحدیث دونوں سے ثابت ہے۔ قرآن پاک کی آیت سے **فَاِنْ خفتم ان لا تعدلوا فواحدة او ما ملکت ایمانکم** چار عورتوں کے ساتھ جواز نکاح کے بعد خداوند قدوس نے فرمایا پس اگر تم کو احتمال اس بات کا ہو کہ عدل نہ رکھو گے تو پھر ایک ہی بی بی پر بس کر دیا جو لونڈی تمہاری ملک میں ہو وہی سہی۔ مطلب یہ ہے کہ اگر عدل نہ ہو سکنے کا غالب احتمال ہو تو کئی عورتوں سے نکاح کرنا بایں معنی ممنوع ہے کہ یہ شخص گنہگار ہوگا۔ نہ بایں معنی کہ نکاح صحیح نہ ہوگا۔ نکاح یقیناً صحیح ہو جائے گا۔ (بیان القرآن)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ تعدد ازواج کی صورت میں عدل ومساوات ضروری ہے۔ اصحاب سنن اربعہ نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہے

**قالت کان رسول اللہ ﷺ یقسم فیعدل و یقول اللھم ھذا قسمی فِیمَا املک فلا تلمنی فِیمَا تملک ولا املک یعنی القلب ای زِیَادَۃِ المحبة۔**

حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ بیبیوں کی باری کی حفاظت فرماتے تھے اور عدل فرماتے تھے۔ اور فرماتے کہ اے اللہ یہ میری قسم ہے اس چیز میں جس کا میں مالک ہوں۔ سو مجھ کو ملامت نہ فرما اس چیز میں جس کے آپ مالک ہیں اور میں مالک نہیں ہوں۔ یعنی دل یعنی زیادتی محبت۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ محبت کے علاوہ تمام چیزیں آدمی کی ملک اور قدرت میں ہے۔ حدیث ابی ہریرہؓ ہے انه قال من كانت له امرأتان فمال الىٰ احدا هما جاء يوم القيامة وشقه مائل اى مفلوج ۔ حضور ﷺ نے فرمایا جس کی دو بیبیاں ہوں پھر وہ ان دونوں میں سے ایک کی طرف مائل ہوا تو قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا ایک پہلو مفلوج ہوگا۔ (فتح القدیر۔ الکفایہ)

## ایک آدمی کی دو آزاد عورتیں ہوں تو اس پر دونوں کے درمیان باری میں برابری کرنا لازم ہے خواہ دونوں باکرہ ہوں یا ثیبہ یا ایک باکرہ ہو دوسری ثیبہ

وَاِذَا كَانَ لِرَجُلٍ اِمْرَأَتَانِ حُرَّتَانِ فَعَلَيْهِ اَنْ يَعْدِلَ بَيْنَهُمَا فِي الْقَسْمِ بِكْرَيْنِ كَانَتَا اَوْ ثَيِّبَيْنِ اَوْ اِحْدٰهُمَا بِكْرًا وَالْاُخْرٰى ثَيِّبًا لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ كَانَتْ لَهٗ اِمْرَأَتَانِ وَمَالَ اِلٰى اِحْدٰهُمَا فِي الْقَسْمِ جَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ شِقُّهٗ مَائِلٌ وَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يَعْدِلُ فِي الْقَسْمِ بَيْنَ نِسَائِهٖ وَ كَانَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَسْمِيْ فِيْمَا اَمْلِكُ فَلَا تُؤَاخِذْنِيْ فِيْمَا لَا اَمْلِكُ يَعْنِيْ زِيَادَةَ الْمَحَبَّةِ وَ لَا فَصْلَ فِيْمَا رَوَيْنَا.

---

ترجمہ...... اور ایک مرد کی منکوحہ دو عورتیں آزاد ہوں تو اس پر واجب ہے کہ دونوں کے درمیان بانٹنے میں برابری کرے۔ دونوں باکرہ ہوں یا ثیبہ یا ان دونوں میں سے ایک باکرہ ہو اور دوسری ثیبہ۔ حضور ﷺ کے قول کی وجہ سے۔ جس شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان دونوں میں سے ایک کی طرف جھک گیا بانٹنے میں تو قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا آدھا دھڑ مفلوج ہوگا۔ اور عائشہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ اپنی عورتوں کے درمیان بانٹنے میں عدل فرماتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ الٰہی یہ میرا بٹوارہ ایسے امور میں ہے جس کا میں مالک ہوں۔ پس مجھ سے مؤاخذہ نہ فرمایئے ایسے امور میں جن کا میں مالک نہیں ہوں۔ یعنی محبت کی زیادتی اور جو ہم نے روایت کی اس میں کوئی تفصیل نہیں ہے۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ، اگر ایک مرد کی دو یا زیادہ آزاد عورتیں ہیں خواہ دونوں باکرہ ہوں یا دونوں ثیبہ یا ایک باکرہ اور دوسری ثیبہ تو ان میں انصاف کے ساتھ بانٹنا واجب ہے۔ دلیل میں صاحبِ ہدایہؒ نے دو حدیثیں پیش کی ہیں۔ دونوں حدیثوں کا مضمون عنوان کے تحت گذر چکا ملاحظہ کر لیا جائے۔ زیادۃ المحبۃ کے الفاظ حدیث کے الفاظ نہیں ہیں۔ بلکہ رواۃ کی طرف سے تفسیر ہے اور چونکہ حدیث میں باکرہ اور ثیبہ میں کوئی تفصیل نہیں ہے اسلئے انکے حکم میں کوئی فرق نہیں کیا گیا۔

## قدیمہ اور جدیدہ باری میں برابر ہیں

وَالْقَدِيْمَةُ وَالْجَدِيْدَةُ سَوَاءٌ لِاِطْلَاقِ مَا رَوَيْنَا وَلِاَنَّ الْقَسْمَ مِنْ حُقُوْقِ النِّكَاحِ وَلَا تَفَاوُتَ بَيْنَهُنَّ فِيْ ذٰلِكَ وَالْاِخْتِيَارُ فِيْ مِقْدَارِ الدَّوْرِ اِلَى الزَّوْجِ لِاَنَّ الْمُسْتَحَقَّ هُوَ التَّسْوِيَةُ دُوْنَ طَرِيْقِهَا وَالتَّسْوِيَةُ فِي الْبَيْتُوْتَةِ لَا فِي الْمُجَامَعَةِ لِاَنَّهَا تَبْتَنِيْ عَلَى النَّشَاطِ.

---

ترجمہ...... اور پرانی عورت اور نئی عورت برابر ہیں اس حدیث کے مطلق ہونے کی وجہ سے جو ہم نے روایت کی ہے۔ اور اس لئے کہ بٹوارہ نکاح کے حقوق میں سے ہے۔ اور اس حق میں عورتوں کے درمیان کوئی تفاوت نہیں ہے۔ اور چکر لگانے کی مقدار میں اختیار شوہر کو ہے۔ کیونکہ واجب

برابری ہے نہ کہ برابری کا طریقہ اور برابری رات گذارنے میں ہے نہ کہ جماع کرنے میں۔ اس لئے کہ مجامعت نشاط پر موقوف ہے۔

تشریح...... جس طرح باکرہ اور ثیبہ کے درمیان بٹوارہ میں عدل واجب ہے اسی طرح ہمارے نزدیک نئی اور پرانی کے درمیان بھی برابری رکھنا ضروری ہے۔ امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ نے فرمایا کہ اگر نئی عورت باکرہ ہے تو عقدِ نکاح کے بعد اس کے پاس سات یوم قیام کرے۔ اور اگر ثیبہ ہے تو اس کے پاس تین یوم قیام کرے۔ ان حضرات کی دلیل حدیث انسؓ ہے۔ عن انس ؓ ان النبی ﷺ جعل للبکر سبعا وللثیب ثلاثا حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے باکرہ کے لئے سات یوم اور ثیبہ کے لئے تین یوم مقرر کئے وعنه قال من السنة اذا تَزَوَّجَ البکر علی الثیب اقام عندها سبعا ثم قسم واذا تَزَوَّجَ الثیب اقام عندها ثلاثا ثم قسم اور کہا کہ سنت ہے کہ جب ثیبہ پر باکرہ سے نکاح کیا تو اس کے پاس سات روز قیام کرے پھر باری مقرر کرے۔ اور جب ثیبہ سے نکاح کیا تو اس کے پاس تین روز قیام کرے پھر باری مقرر کرے (صحیحین)

ہماری دلیل وہ حدیثیں ہیں جن کو صاحب ہدایہؒ نے اوپر کے مسئلہ میں بیان کیا ہے۔ یعنی یہ دونوں حدیثیں مطلق ہیں۔ لہٰذا نئی اور پرانی کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوگا۔ اور دلیل عقلی یہ ہے کہ باری مقرر کرنا نکاح کے حقوق میں سے ہے جیسے نفقہ حقوقِ نکاح میں سے ہے اور اس حق میں باکرہ اور ثیبہ، جدیدہ اور قدیمہ کے درمیان کوئی تفاوت نہیں۔ جیسے مسلمہ اور کتابیہ، بالغہ اور مراہقہ، مجنونہ اور عاقلہ، مریضہ اور صحیحہ کے درمیان کوئی تفاوت نہیں۔ کیونکہ ان عورتوں کے درمیان اس حق کے سبب میں مساوات ہے اور سبب وہ حلت ہے جو نکاح سے ثابت ہوئی ہے اور باری کی مقدار مقرر کرنے میں شوہر کو اختیار ہے۔ جی چاہے ایک ایک دن کی باری مقرر کرے۔ جی چاہے دو دو دن کی یا تین تین دن کی یا چار چار دن کی۔ اور چونکہ اس بٹوارہ کا وجوب مانوس بنانے کے لئے اور وحشت کو دور کرنے کے لئے ہے اس لئے ضروری ہے کہ مدت قریبہ کا اعتبار کیا جائے۔ اور میرے خیال میں ایک ہفتہ سے زیادہ کی باری تکلیف دہ ہے۔ لہٰذا ایک ہفتہ سے زیادہ مقرر کرنے سے احتراز کرنا ہی مناسب ہے۔ ہاں البتہ اگر وہ عورتیں زیادہ پر راضی ہو جائیں تو زیادہ میں بھی کوئی مضائقہ نہیں لیکن مناسب یہ ہے کہ یہ مقدار مدت ایلاء (چار ماہ) کو نہ پہنچے۔ شوہر کو اختیار دینے کی وجہ یہ ہے کہ شوہر پر برابری تو واجب ہے۔ لیکن برابری کا طریقہ واجب نہیں ہے۔ اور برابری صرف رات گذارنے میں ہے جماع کرنے میں نہیں۔ یعنی تمام عورتوں کے پاس برابر برابر راتیں گذارے۔ ان راتوں میں جماع کرنا شرط نہیں ہے۔ کیونکہ جماع نشاط اور طبیعت کی شگفتگی پر موقوف ہے اور یہ اس کے اختیار میں نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ایک آزاد دوسری باندی ہو تو قسم کا طریقہ

**وَاِنْ كَانَتْ اِحْدٰهُمَا حُرَّةً وَالْاُخْرٰى اَمَةً فَلِلْحُرَّةِ الثُّلُثَانِ مِنَ الْقَسْمِ وَلِلْاَمَةِ الثُّلُثُ بِذٰلِكَ وَرَدَ الْاَثَرُ وَ لِاَنَّ حِلَّ الْاَمَةِ اَنْقَصُ مِنْ حِلِّ الْحُرَّةِ فَلَا بُدَّ مِنْ اِظْهَارِ النُّقْصَانِ فِي الْحُقُوْقِ وَالْمُكَاتَبَةُ وَالْمُدَبَّرَةُ وَاُمُّ الْوَلَدِ بِمَنْزِلَةِ الْاَمَةِ لِاَنَّ الرِّقَّ فِيْهِنَّ قَائِمٌ.**

---

ترجمہ...... اور اگر ان دونوں میں سے ایک آزاد اور دوسری باندی ہو، تو آزاد کے لئے باری میں سے دو تہائی اور باندی کے لئے ایک تہائی ہے۔ اسی پر اثر وارد ہوا ہے اور اس لئے کہ باندی کی حلت آزاد کی حلت سے کم ہے لہٰذا حقوق میں نقصان کا اظہار ضروری ہوا اور مکاتبہ اور مدبرہ اور ام ولد باندی کے مرتبہ میں ہے۔ کیونکہ رقیت ان میں موجود ہے۔

تشریح...... اگر کسی کے نکاح میں ایک آزاد عورت ہے اور ایک باندی تو بٹوارہ میں سے دو تہائی آزاد کا ہوگا۔ اور ایک تہائی باندی کا۔ دلیل میں اثر پیش کیا گیا ہے۔ علامہ ابن الہمامؒ نے الکفایہ میں لکھا کہ یہی فیصلہ صدیق اکبرؓ اور حضرت علیؓ نے کیا ہے۔ دلیل عقلی یہ ہے کہ چونکہ باندی

کی حلت آزاد عورت کی حلت سے کم ہے لہٰذا حقوق میں نقصان ظاہر کرنا ضروری ہے۔ اور اگر باندی کسی آدمی کی مکاتبہ یا مدبرہ یا ام ولد ہے تو وہ بھی باندی کے مرتبہ میں ہے۔ کیونکہ ان میں رقیت موجود ہے۔

## حالتِ سفر میں قسم نہیں

**قَالَ وَلَا حَقَّ لَهُنَّ فِي الْقَسْمِ حَالَةَ السَّفَرِ فَيُسَافِرُ الزَّوْجُ بِمَنْ شَاءَ مِنْهُنَّ وَالْاَوْلٰى اَنْ يُقْرِعَ بَيْنَهُنَّ فَيُسَافِرُ بِمَنْ خَرَجَتْ قُرْعَتُهَا وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ اَلْقُرْعَةُ مُسْتَحِقَّةٌ لِمَارُوِيَ اَنَّ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ اِذَا اَرَادَ سَفَرًا اَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهٖ اِلَّا اَنَّا نَقُوْلُ اِنَّ الْقُرْعَةَ لِتَطْيِيْبِ قُلُوْبِهِنَّ فَيَكُوْنُ مِنْ بَابِ الْاِسْتِحْبَابِ وَهٰذَا لِاَنَّهٗ لَاحَقَّ لِلْمَرْاَةِ عِنْدَ مُسَافَرَةِ الزَّوْجِ اَلَايُرٰى اَنَّ لَهٗ اَنْ لَا يَسْتَصْحِبَ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ فَكَذَا لَهٗ اَنْ يُسَافِرَ بِوَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ وَلَا يُحْتَسَبُ عَلَيْهِ بِتِلْكَ الْمُدَّةِ وَاِنْ رَضِيَتْ اِحْدَى الزَّوْجَاتِ بِتَرْكِ قَسْمِهَا لِصَاحِبَتِهَا جَازَ لِاَنَّ سَوْدَةَ بِنْتَ زَمْعَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سَأَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنْ يُرَاجِعَهَا وَ تَجْعَلُ يَوْمَ نَوْبَتِهَا لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَلَهَا اَنْ تَرْجِعَ فِيْ ذٰلِكَ لِاَنَّهَا اَسْقَطَتْ حَقًّا لَمْ يَجِبْ بَعْدُ فَلَا يَسْقُطُ.**

---

ترجمہ...... قدوریؒ نے کہا کہ سفر کی حالت میں منکوحات کا قسم میں کوئی حق نہیں ہے۔ پس شوہر ان میں سے جس کے ساتھ چاہے سفر کرے۔ اور بہتر یہ ہے کہ ان میں قرعہ ڈالے۔ پھر جس کا قرعہ نکلے اس کے ساتھ سفر کرے۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ قرعہ حق واجب ہے۔ کیونکہ مروی ہے کہ نبی عَلَيْهِ السَّلَام جب سفر کا ارادہ کرتے تو اپنی عورتوں میں قرعہ ڈالتے مگر ہم کہتے ہیں کہ قرعہ عورتوں کی دلجوئی کے لئے تھا لہٰذا وہ استحباب کے قبیلہ سے ہوگا یہ اسلئے کہ شوہر کے سفر کرنے کے وقت عورت کا کوئی حق نہیں ہے۔ کیا نہیں دیکھتا کہ شوہر کے لئے جائز ہے کہ ان میں سے کسی کو ساتھ نہ لے۔ پس ایسے ہی اس کے لئے جائز ہے کہ ان میں سے کسی ایک کے ساتھ سفر کرے اور یہ مدت اس پر محسوب نہیں ہوگی اور اگر منکوحات میں سے کوئی اپنی باری اپنی سوکن کے لئے چھوڑنے پر راضی ہوگئی تو جائز ہے۔

کیونکہ سودہ بنت زمعہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے درخواست کی تھی کہ سودہ سے مراجعت فرماویں۔ اور سودہ اپنی باری کا دن عائشہؓ کے لئے مقرر کردے گی۔ اور اس عورت کو یہ اختیار ہے کہ اپنی باری میں رجوع کرلے۔ کیونکہ اس عورت نے ایسا حق ساقط کیا جو ابھی تک واجب نہیں ہوا تھا۔ لہٰذا ساقط نہیں ہوگا۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص کی متعدد بیویاں ہیں تو سفر کی حالت میں ان کے لئے بٹوارہ میں کوئی حق نہیں ہے ان میں سے جس کے ساتھ چاہے سفر کرے۔ بہتر یہ ہے کہ ان میں قرعہ اندازی کرے جس کے نام کا قرعہ نکلے اسی کے ساتھ سفر کرے۔ یہ احنافؒ کا مذہب ہے، امام شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ قرعہ ڈالنا واجب ہے۔ حتیٰ کہ اگر بغیر قرعہ کے کسی ایک کے ساتھ سفر کیا تو یہ مدت سفر محسوب ہوگی یعنی اتنی ہی مدت اس عورت کے ساتھ قیام کرے جس کے ساتھ سفر نہیں کیا ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل حدیث عائشہؓ ہے کہ حضور ﷺ جب سفر کا ارادہ فرماتے تھے تو اپنی عورتوں میں قرعہ اندازی فرماتے تھے۔ پس جس کا نام نکل آتا اسی کے ساتھ آپ سفر کرتے۔ امام شافعیؒ اس فعل نبی ﷺ سے وجوب قرعہ پر استدلال کرتے ہیں لیکن ہماری طرف سے جواب یہ ہے کہ آپ ﷺ کا اپنی عورتوں میں قرعہ اندازی کرنا صرف ان کے دل خوش کرنے کے لئے تھا۔ لہٰذا یہ قرعہ اندازی استحباباً ہوگا نہ کہ وجوباً، دوسری بات یہ کہ حضور ﷺ پر قسم (باری مقرر کرنا) واجب ہی نہیں تھا۔ چنانچہ اللہ رب العزت کا ارشاد ہے **ترجی من تشاء منهن و تؤی الیك من تشاء** یعنی ان میں سے آپ جس کو چاہیں اپنے سے دور رکھیں اور جس کو چاہیں اپنے نزدیک رکھیں۔ (بیان القرآن) اس آیت سے معلوم ہوتا ہے حضور ﷺ

قسم (باری) کے پابند نہیں ہیں۔ چنانچہ حافظ عبدالعظیم منذریؒ نے ذکر کیا کہ آپ نے سودہ، جویریہ، ام حبیبہ، صفیہ اور میمونہ رضی اللہ عنہن کو دور رکھا اور عائشہ رضی اللہ عنہا اور باقی ازواج مطہرات کو اپنے نزدیک رکھا۔ پس جب آپ ﷺ پر قسم ہی واجب نہیں ہے تو قرعہ اندازی کیونکر واجب ہوگی۔ اور قرعہ کا باب استحباب سے ہونا اس لئے بھی ہے کہ شوہر کے سفر کرنے کے وقت عورت کا کوئی حق ہی نہیں ہے۔ چنانچہ اگر شوہر ان میں سے کسی کو اپنے ساتھ سفر میں نہ لے جائے تو اس کو اس کا اختیار ہے۔ اسی طرح یہ بھی اختیار ہے کہ ان میں سے کسی ایک کے ساتھ سفر کرے اور یہ مدت محسوب نہیں ہوگی۔ اگر منکوحات میں سے کسی ایک نے اپنی باری کسی سوکن کو دیدی تو یہ شرعاً جائز ہے۔

دلیل...... حضرت عروہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سودہؓ بنت زمعہ کو طلاق دی جب آپ نماز کے لئے نکلے تو حضرت سودہؓ نے آپ کا کپڑا پکڑ لیا اور کہنے لگیں کہ بخدا مجھ کو مردوں کی کوئی حاجت نہیں رہی لیکن میری مراد یہ ہے کہ میرا حشر آپ کی ازواج میں ہو اور درخواست کی کہ اللہ کے رسول ﷺ آپ سودہؓ سے رجعت فرمالیں۔ اور سودہ اپنی باری کا دن عائشہؓ کے لئے مقرر کردے گی۔ اور جس عورت نے اپنی باری کا دن دوسری اپنی سوکن کو دے دیا اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنے اس حق کو واپس لے لے۔ کیونکہ اس نے ایسا حق ساقط کیا جو ابھی تک واجب نہیں ہوا لہٰذا وہ ساقط ہی نہیں ہوگا، پس یہ رجوع اپنی باری دینے سے رکنا ہوگا نہ کہ کسی ساقط شدہ چیز کو واپس لینا۔ واللہ اعلم۔ جمیل احمد سکروڈھوی۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعیٰ فیہ

# کِتَابُ الرَّضَاعِ

ترجمہ...... (یہ) کتاب دودھ پینے پلانے کے (بیان میں ہے)

تشریح...... رضاع بفتح الراء اصل ہے اور کسر راء کے ساتھ بھی ایک لغت ہے فصیح لغت میں سمع سے ہے۔ اور اہل نجد نے کہا کہ ضرب سے ہے۔ لغت میں رضاعت چھاتی سے دودھ چوسنے کو کہتے ہیں اور شریعت میں رضیع کا آدمیہ کی چھاتی سے دودھ چوسنا وقت مخصوص میں۔ آدمیہ کی چھاتی کی قید لگا کر احتراز ہے۔ حیوان کی چھاتی سے، چنانچہ اگر بکری وغیرہ کا دودھ پی لیا تو اس سے رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ اور وقت مخصوص سے مراد مدت رضاعت ہے اور اس کی تحدید میں اختلاف ہے جس کو آگے بیان کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## دودھ کتنی مقدار کے ساتھ حرمت رضاعت متعلق ہوتی ہے

قَالَ قَلِيْلُ الرَّضَاعِ وَ كَثِيْرُهُ سَوَاءٌ إِذَا حَصَلَ فِي مُدَّةِ الرَّضَاعِ يَتَعَلَّقُ بِهِ التَّحْرِيْمُ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ لَا يَثْبُتُ التَّحرِيم إِلَّا بِخَمْسِ رَضَعَاتٍ لِقَوْلِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَان وَلَا الْإِمْلَاجَةُ وَلَا الْإِمْلَاجَتَانِ وَلَنَا قَوْلُهُ تَعَالٰى وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ الْآيَةُ وَ قَوْلُهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ مِنْ غَيْرِ فَصْلٍ وَلِأَنَّ الْحُرْمَةَ وَإِنْ كَانَتْ لِشُبْهَةِ الْبَعْضِيَّةِ الثَّابِتَةِ بِنُشُوْرِ الْعَظْمِ وَإِنْبَاتِ اللَّحْمِ لٰكِنَّهُ أَمْرٌ مُبْطِنٌ فَتَعَلَّقَ الْحُكْمُ بِفِعْلِ الْإِرْضَاعِ وَمَا رَوَاهُ مَرْدُوْدٌ بِالْكِتَابِ أَوْ مَنْسُوْخٌ بِهِ وَ يَنْبَغِي أَنْ يَكُوْنَ فِي مُدَّةِ الرَّضَاعِ لِمَا نُبَيِّنُ.

---

ترجمہ...... فرمایا کہ رضاعت کا قلیل وکثیر برابر ہے۔ جب (یہ رضاعت) مدت رضاعت میں پائی جائے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق ہوگی۔ اور کہا امام شافعیؒ نے کہ تحریم نہیں ثابت ہوتی مگر پانچ گھونٹ سے حضور ﷺ کے فرمان لا تحرم المصة الحديث کی وجہ سے۔ نہیں حرام کرتا ایک چوسنا اور دو چوسنے اور نہ ایک بار چوسانا اور نہ دو بار چوسانا۔ اور ہماری دلیل باری تعالیٰ کا قول ہے (اور تم پر حرام کی گئیں) تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا اور نبی علیہ السلام کا قول ''حرام ہو جاتا ہے رضاعت سے جو حرام ہو جاتا ہے نسب سے بغیر تفصیل کے'' اور اس لئے کہ حرمت اگر چہ اس شبہ بعضیت کی وجہ سے ہے جو ثابت ہے ہڈی بڑھ جانے اور گوشت اگانے سے۔ لیکن یہ امر باطن ہے۔ پس حکم متعلق ہوا دودھ پلانے کے فعل کے ساتھ اور وہ حدیث جس کو امام شافعیؒ نے روایت کیا کتاب اللہ سے مردود ہے یا اس سے منسوخ ہے اور مناسب ہے کہ رضاع (دودھ پینا) مدت رضاعت میں ہو۔

تشریح...... دودھ کی مقدار (جس سے حرمت رضاعت ثابت ہو جائے گی) میں اختلاف ہے احنافؒ کا مذہب یہ ہے کہ مطلقاً دودھ پینا یا پلانا حرمت رضاعت ثابت کرتا ہے۔ بشرطیکہ مدت رضاعت میں ہو۔ اسی کے قائل حسن بصریؒ، سعید بن المسیبؒ، وکیعؒ، عبداللہ بن المبارکؒ اور اکثر جمہور فقہاء ہیں۔ حضرت امام شافعیؒ وہ فرماتے ہیں کہ پانچ مرتبہ دودھ پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوگی۔ بایں معنیٰ کہ بچہ ان میں سے ہر ایک مرتبہ پر اکتفا کرے اور ظاہر الروایۃ میں امام احمدؒ اسی کے قائل ہیں۔ اور امام احمدؒ سے دوسری روایت تین مرتبہ پینے کی ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل...... میں صاحب ہدایہؒ نے حضور ﷺ کا ارشاد پیش کیا ہے۔ حدیث میں لفظ المصة اور الاملاجة مذکور ہے۔ ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ مصہ رضیع کا فعل ہے۔ یعنی بچہ کا دودھ چوسنا، پینا، اور املاجہ مرضعہ کا فعل ہے، یعنی بچہ کو دودھ چوسانا، پلانا اب حدیث کا مطلب یہ ہوگا ایک مرتبہ چوسنا اور دو مرتبہ چوسنا ایک مرتبہ چوسنا محرم نہیں ہے۔ یہ حدیث امام شافعیؒ کا مستدل بایں طور ہوگی کہ یہ حدیث قلیل الرضاع کے غیر محرم ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ لہٰذا احنافؒ کا مذہب منتفی ہو گیا۔ اور جب مذہب احنافؒ کی نفی ہو گئی تو امام شافعیؒ کا مذہب خود بخود ثابت ہو جائے گا۔

کیونکہ دونوں مذاہب کے درمیان فصل کا کوئی قائل نہیں ہے۔

اس استدلال پر اشکال ہے وہ یہ کہ اصحاب ظواہر اس بات کے قائل ہیں کہ تین گھونٹ سے حرمت رضاعت ثابت ہو جاتی ہے۔لہٰذا یہ کہنا کہ فصل کا کوئی قائل نہیں ہے درست نہیں ہوگا۔اگر امام شافعیؒ حدیث عائشہؓ (قالت انزل فی القران عشر رضعات معلومات فنسخ من ذلک خمس رضعات) حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ قرآن میں دس گھونٹ معلوم اتارے گئے پھر ان میں سے پانچ منسوخ ہوئے) سے استدلال کرتے تو مطلوب پر زیادہ دلالت ہوتی۔

ہماری دلیل باری تعالیٰ کا قول وامھاتکم اللاتی الآیہ اور قول نبی ﷺ یحرم من الرَّضَاع الحدیث ہے۔آیت کا ترجمہ (اور حرام کی گئیں تم پر) تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے۔حدیث کا ترجمہ یہ ہے۔حرام ہو جاتا ہے رضاعت سے جو حرام ہو جاتا ہے نسب سے۔ آیت اور روایت دونوں مطلق ہیں۔ان میں قلیل وکثیر کی کوئی تفصیل نہیں۔لہٰذا مطلقا رضاع (دودھ پینا) حرمت کا سبب ہوگا۔

• صاحب ہدایہؒ کی بیان کردہ عقلی دلیل ایک سوال مقدر کا جواب ہے۔سوال یہ ہے کہ دودھ کی مقدار قلیل سے رضاعت ثابت نہ ہونی چاہئے۔کیونکہ تحریم رضاعت اس وجہ سے ہے کہ رضاعت کی وجہ سے بچہ کے گوشت اور اس کی ہڈیوں میں اضافہ ہوگا۔جیسا کہ حدیث میں ہے قال علیہ السلام الرَّضَاع انشر العظم وانبت اللحم (حضور ﷺ نے فرمایا کہ رضاع نے (دودھ پینا) ہڈی کو بڑھایا اور گوشت اگایا) (عینی شرح ہدایہ)

اور دودھ کی مقدار قلیل میں یہ بات ثابت نہیں ہوتی لہٰذا دودھ کی مقدار قلیل سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔جواب دودھ پینے سے ہڈیوں کا بڑھنا اور گوشت کا اُگنا امر باطن ہے اور حکم کا تعلق امر ظاہر سے ہوتا ہے نہ کہ امر باطن سے لہٰذا ارضاع (دودھ پلانا) جو سبب ظاہر ہے حرمت کا حکم اس کے ساتھ متعلق ہوگا۔اس لئے ہم نے کہا کہ مطلقاً فعل ارضاع حرمت کا سبب ہے۔

امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث کا جواب یہ ہے کہ اگر کتاب اللہ کی آیت مقدم اور حدیث مؤخر ہے تو کتاب اللہ کی وجہ سے حدیث مردود ہوگی۔ اس لئے کہ کتاب اللہ پر عمل کرنا اقویٰ ہے حدیث پر عمل کرنے کے مقابلے میں۔اور اگر حدیث مقدم اور کتاب اللہ کی یہ آیت مؤخر ہے تو یہ حدیث کتاب اللہ سے منسوخ ہوگی۔حدیث عائشہؓ عشر رضعات الحدیث کے بارے میں ابن بطالؒ نے کہا کہ احادیث عائشہؓ مضطرب ہیں۔اس لئے ان کا ترک کرنا اور کتاب اللہ کی طرف رجوع کرنا واجب ہے۔صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ رضاعت کا حکم اس وقت ثابت ہوگا جبکہ رضاعت مدت رضاعت میں پائی جائے جس کی تفصیل آئندہ مسئلہ میں بیان کریں گے۔

## مدت رضاعت، اقوالِ فقہاء

**ثُمَّ مُدَّةُ الرَّضَاعِ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا عِنْدَ اَبِیْ حَنِیْفَةَؒ وَقَالَاسِنَّتَانِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّؒ وَقَالَ زُفَرُؒ ثَلٰثَةُ اَحْوَالٍ لِاَنَّ الْحَوْلَ حَسَنٌ لِلتَّحَوُّلِ مِنْ حَالٍ اِلٰی حَالٍ وَلَابُدَّ مِنَ الزِّیَادَةِ عَلَی الْحَوْلَیْنِ لِمَا نُبَیِّنُ فَتُقَدَّرُ بِهٖ وَلَهُمَا قَوْلُهٗ تَعَالٰی وَحَمْلُهٗ وَفِصَالُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا وَمُدَّةُ الْحَمْلِ اَدْنَاهَا سِتَّةُ اَشْهُرٍ فَبَقِیَ لِلْفِصَالِ حَوْلَانِ وَقَالَ النَّبِیُّ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَارِضَاعَ بَعْدَ حَوْلَیْنِ وَلَهٗ هٰذِهِ الْاٰیَةُ وَوَجْهُهٗ اَنَّهٗ تَعَالٰی ذَکَرَ شَیْئَیْنِ وَضَرَبَ لَهُمَا مُدَّةً فَکَانَتْ لِکُلٍّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِکَمَالِهَا کَالْاَجَلِ الْمَضْرُوْبِ لِلدَّیْنَیْنِ اِلَّا اَنَّهٗ قَامَ الْمُنْقِصُ فِیْ اِحْدٰهُمَا فَبَقِیَ الثَّانِیْ عَلٰی ظَاهِرِهٖ وَلِاَنَّهٗ لَا بُدَّ مِنْ تَغَیُّرِ الْغِذَاءِ لِیَنْقَطِعَ الْاِنْبَاتُ بِاللَّبَنِ وَذٰلِكَ بِزِیَادَةِ مُدَّةٍ یَتَعَوَّدُ الصَّبِیُّ فِیْهَا غَیْرَهٗ فَقُدِّرَتْ بِاَدْنٰی مُدَّةِ الْحَمْلِ لِاَنَّهَا مُغَیِّرَةٌ فَاِنَّ غِذَاءَ الْجَنِیْنِ یُغَایِرُ غِذَاءَ الرَّضِیْعِ کَمَا یُغَایِرُ غِذَاءَ الْفَطِیْمِ وَالْحَدِیْثُ مَحْمُوْلٌ عَلٰی مُدَّةِ الْاِسْتِحْقَاقِ وَعَلَیْهِ یُحْمَلُ النَّصُّ الْمُقَیَّدُ بِحَوْلَیْنِ فِی الْکِتَابِ.**

ترجمہ..... پھر مدتِ رضاعت ابوحنیفہؒ کے نزدیک تیس ماہ ہیں۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ دو سال ہیں اور یہی قول (امام) شافعیؒ کا ہے۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ تین سال ہیں۔ کیونکہ (مدت) سال صلاحیت رکھتی ہے ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدل جانے کی اور دو سال پر زیادتی ضروری ہے۔ اس دلیل کی وجہ سے جس کو ہم بیان کریں گے۔ پس اندازہ لگایا جائے گا (زیادتی کا) ایک سال کے ساتھ اور صاحبینؒ کی دلیل باری تعالیٰ کا قول وحملہ الآیۃ ہے اور حمل میں رہنا اس کا دودھ چھوڑنا تیس ماہ میں ہے (ترجمہ شاہ عبدالقادر)

اور مدتِ حمل اس کی ادنیٰ مدت چھ ماہ ہے۔ پس دودھ چھڑانے کے لئے دو سال باقی رہے۔ اور حضور ﷺ نے فرمایا کہ دو سال کے بعد رضاعت نہیں ہے۔ اور امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہی آیت ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دو چیزیں ذکر فرمائیں اور دونوں کے لئے ایک مدت بیان فرمائی پس (یہ مدت) ان دونوں میں سے ہر ایک کے لئے پوری پوری ہوگی۔ جیسا کہ دو قرضوں کے لئے ایک مدت بیان کی گئی ہو۔ مگر یہ کہ ان دونوں میں سے ایک کی (مدت میں) کم کر دینے والی (دلیل) قائم ہوگئی۔ لہٰذا دوسری (چیز کی مدت) اپنے ظاہر پر رہ گئی۔ اور اس لئے کہ غذا کا بدلنا ضروری ہے تاکہ دودھ کے ذریعہ بڑھنا منقطع ہو۔ اور یہ تغیر ایسی مدت کی زیادتی سے (ہوگا) جس میں بچہ دودھ کے علاوہ (دوسری غذا کا) عادی ہوجائے۔ پس ادنیٰ مدت حمل کے ساتھ (اس زیادتی کا) اندازہ لگایا گیا۔ کیونکہ یہ مدت تغیر دینے والی ہے۔ اس لئے کہ پیٹ کے بچہ کی غذا مغایر ہے دودھ پیتے بچہ کی غذا کے جیسا کہ (دودھ پیتے کی غذاء) مغایر ہے دودھ چھوڑے ہوئے بچہ کی غذاء کے اور حدیث محمول ہے مدتِ استحقاق پر اور اسی پر محمول کیا جائے گا اس نص کو جو کتاب اللہ میں حولین کے ساتھ مقید ہے۔

تشریح..... مدتِ رضاعت میں ائمہ کا اختلاف ہے۔ چنانچہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مدتِ رضاعت ڈھائی سال ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک دو سال ہیں۔ یہی قول ہے امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ مدتِ رضاعت تین سال ہیں۔ اور امام مالکؒ سے دو سال ایک ماہ کی مدت بھی منقول ہے۔ اور دو سال دو ماہ کی مدت بھی مروی ہے۔ اور امام مالکؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ بچہ جب تک دودھ پینے کا محتاج ہے اس سے مستغنی نہیں ہوگا۔ اور بعض کی رائے یہ ہے کہ مدتِ رضاعت کی کوئی حد نہیں ہے۔ پوری زندگی میں جب بھی دودھ پئے گا حرمتِ رضاعت ثابت ہوجائے گی۔ بعض نے مدتِ رضاعت پندرہ سال بیان کی ہے۔ اور بعض نے چالیس بیان کی۔ لیکن ان اقوال کا اعتبار نہیں کیا گیا ہے۔

امام زفرؒ کی دلیل..... کا حاصل یہ ہے کہ دو سال کے بعد ایسی مدت کا ہونا ضروری ہے جس میں بچہ دودھ کے علاوہ دوسری غذاء کا عادی بن جائے تاکہ دودھ کے ذریعہ جو نشو ونما ہو رہی تھی وہ منقطع ہوجائے اور ایک سال کی مدت ایسی ہے جس میں بچہ کا ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہونا ممکن ہے کیونکہ سال بھر کی مدت چاروں فصلوں پر مشتمل ہے اس وجہ سے مدتِ رضاعت تین سال مقرر کی گئی ہے۔

صاحبینؒ کی دلیل..... باری تعالیٰ کا قول وحملہ و فصالہ..... الآیہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ باری تعالیٰ نے حمل اور دودھ چھڑانے کی مدت تیس ماہ بیان فرمائی ہے اور ادنیٰ مدتِ حمل چھ ماہ ہیں۔ لہٰذا مدت فصال دو سال باقی رہی اس لئے ہم کہتے ہیں کہ دو سال تک رضاعت ہے اس کے بعد دودھ چھڑا دیا جائے۔

دوسری دلیل..... حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دو سال کے بعد رضاعت نہیں۔ اور ایک روایت میں ہے۔ لا رضاع الا ما کان فی الحولین یعنی رضاعت معتبر نہیں مگر جو دو سال میں ہو، اور ابن عدی کی روایت میں ہے لا یحرم من الرَّضَاعِ الا ما کان فی الحولین یعنی رضاعت محرم نہیں مگر جو دو سال میں ہو۔

صاحبینؒ کے قول کی تائید باری تعالیٰ کے قول وفصالہ فی عامین سے بھی ہوتی ہے۔ (ترجمہ) اور دودھ چھڑانا ہے اس کا دو برس میں (سورہ لقمان: ۱۴) اور آیت والوالدات یرضعن اولادھن حولین کاملین لمن اراد ان یتم الرَّضَاعِۃَ سے بھی تائید ہوتی ہے۔ (ترجمہ) اور لڑکے والیاں دودھ پلادیں اپنے لڑکوں کو دو برس پورے جو کوئی چاہے کہ پوری کرے دودھ کی مدت (سورۂ بقرہ: ۲۳۳) اس آیت میں تمام

رضاع کے دوسال بیان کئے گئے ہیں۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مدتِ رضاعت دوسال ہیں۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... وہی آیت ہے جس کو صاحبینؒ نے پیش کیا ہے۔ اور اس آیت سے وجہ استدلال یہ ہے کہ اللہ رب العزت نے دو چیزوں (حمل اور فصال) کو ذکر فرما کر ان دونوں کے لئے ایک مدت بیان کی ہے۔ پس یہ مدت دونوں میں سے ہر ایک کے لئے پوری پوری ہوگی نہ یہ کہ دونوں پر تقسیم کی جائے گی اور اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص کا ایک قرضہ زید پر ہے اور ایک بکر پر۔ قرض خواہ نے ان دونوں سے کہا کہ میں نے تم کو ایک سال کی مہلت دی تو یہ ایک سال کی مہلت دونوں میں سے ہر ایک کے لئے پوری پوری ہوگی نہ یہ کہ ایک سال کو دونوں پر تقسیم کر کے چھ چھ ماہ کی مدت شمار کی جائے یا مثلاً ایک شخص کا زید پر ایک ہزار روپیہ ہے اور دس من گندم۔ قرضخواہ نے کہا کہ میں نے زید کو دونوں قرضوں میں ایک سال کی مہلت دی۔ تو یہ ایک سال کی مہلت دونوں قرضوں میں سے ہر ایک کے لئے پوری پوری ہوگی نہ یہ کہ اس ایک سال کی مدت کو دونوں قرضوں پر تقسیم کیا جائے گا۔ پس اسی طرح آیت میں بھی حمل اور فصال دونوں میں سے ہر ایک کے لئے تیس تیس ماہ کی مدت ہوگی نہ یہ کہ اس مدت کو دونوں پر تقسیم کیا جائے۔ البتہ ان دونوں میں ایک (مدت حمل) میں کم کر دینے والی دلیل موجود ہے۔ اور وہ دلیل منقص عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا قول الولد لا یبقی فی بطن امه اکثر من سنتین ولو بقدر فلكة مغزل ہے۔ یعنی بچہ اپنی ماں کے پیٹ میں دوسال سے زیادہ باقی نہیں رہتا اگرچہ وہ تکلے کے دمڑ کے کی مقدار ہی کیوں نہ ہو۔ (فتح القدیر، الکفایہ)

پس یہ باری تعالیٰ کا قول ثانی (فصال) میں اپنے ظاہر پر باقی رہے گا اور وہ تیس ماہ ہے۔ لہٰذا ثابت ہو گیا کہ دودھ چھڑانے کی مدت ڈھائی سال ہے۔ ڈھائی سال تک دودھ پلایا جا سکتا ہے۔

**دوسری دلیل عقلی**...... یہ ہے کہ رضیع کے لئے تغییر غذا ضروری ہے تاکہ دودھ کے ذریعہ نشوونما منقطع ہو کر دوسری چیز سے حاصل ہو سکے۔ پس اس تغییر غذا کے لئے اتنی مدت درکار ہوگی جس میں بچہ دودھ کے علاوہ دوسری چیز کا عادی ہو جائے۔ کیونکہ یک بیک دودھ چھڑانا بچہ کے لئے مہلک ہو سکتا ہے اور امام ابوحنیفہؒ نے اس کو ادنیٰ مدتِ حمل کے ساتھ مقدر کیا ہے۔ اس لئے کہ یہ مدتِ غذا کو بدل دینے والی ہے۔ کیونکہ جنین کی غذاء رضیع کی غذاء کے مغایر ہے اس لئے کہ جنین کی غذاء وہ تھی جو اس کی ماں کی غذاء ہے۔ پھر پیدا ہونے کے بعد اس کی غذاء خالص دودھ ہو گئی۔ اسی طرح رضیع کی غذا فطیم کی غذاء کے مغایر ہے۔ کیونکہ رضیع کی غذاء صرف دودھ ہے اور فطیم کی غذاء کبھی دودھ اور کبھی طعام ہوتا ہے۔ حاصل یہ کہ تغییر غذاء ضروری ہے۔ اور تغییر غذا ہو جاتا ہے چھ ماہ میں اس لئے بچہ کو دوسری غذا کا عادی بنانے کے لئے مزید چھ ماہ ہونا ضروری ہے۔

صاحب ہدایہؒ صاحبینؒ کی طرف سے پیش کردہ حدیث لا رضاع بعد حولین کا جواب دے رہے ہیں۔ جواب یہ ہے کہ حدیث میں دوسال کے بعد دودھ پینے کی نفی نہیں کی گئی ہے۔ بلکہ استحقاق اجرت کی نفی کی گئی ہے۔ یعنی اگر مطلقہ اپنے بچہ کو اجرت پر دودھ پلا رہی ہے تو بچہ کے باپ پر صرف دوسال کی اجرت کا استحقاق ہوگا۔ بالاتفاق مطلقہ دوسال کے بعد اجرت کی مستحق نہیں ہوگی۔ اور اسی استحقاقِ اجرت پر وہ نص محمول ہوگی جو حولین کی قید سے مقید ہے۔ یعنی والوالدات یرضعن...... الآیۃ دلیل یہ ہے کہ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا فان ارادا فصالا عن تراض منهما (اگر دونوں چاہیں دودھ چھڑانا آپس کی رضا سے) اس آیت میں دودھ چھڑانے کو رضامندی پر معلق کیا گیا ہے اگر دوسال کے بعد دودھ پینا حرام ہوتا تو رضامندی پر معلق نہ کیا جاتا۔ پس ثابت ہو گیا کہ آیت میں مدتِ رضاعت بیان نہیں کی گئی ہے۔ بلکہ استحقاق اجرت علی الاب کی مدت بیان کی گئی ہے۔ پس صاحبینؒ کا اس آیت اور روایت کو اپنے مسلک کی تائید میں پیش کرنا درست نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## مدت رضاعت کے بعد حرمت رضاعت متعلق نہیں ہوتی

**قَالَ وَاِذَا مَضَتْ مُدَّةُ الرَّضَاعِ لَمْ يَتَعَلَّقْ بِالرَّضَاعِ تَحْرِيْمٌ لِقَوْلِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا رِضَاعَ بَعْدَ الْفِصَالِ وَلِاَنَّ**

الْحُرْمَةَ بِاعْتِبَارِ النُّشُوْرِ وَذٰلِكَ فِي الْمُدَّةِ اِذِ الْكَبِيْرُ لَا يَتَرَبّٰى بِهٖ وَلَا يُعْتَبَرُ الْفِطَامُ قَبْلَ الْمُدَّةِ اِلَّا فِيْ رِوَايَةٍ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اِذَا اسْتَغْنٰى عَنْهُ وَوَجْهُهٗ اِنْقِطَاعُ النُّشُوْرِ بِتَغَيُّرِ الْغِذَاءِ وَ هَلْ يُبَاحُ الْاِرْضَاعُ بَعْدَ الْمُدَّةِ قَدْ قِيْلَ لَا يُبَاحُ لِاَنَّ اِبَاحَتَهٗ ضَرُوْرِيَّةٌ لِكَوْنِهٖ جُزْءُ الْاٰدَمِيِّ.

---

ترجمہ...... کہا اور جب مدت رضاعت گذر گئی تو رضاعت کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی حضور ﷺ کے فرمان لارضاع بعد الفصال کی وجہ سے (دودھ چھڑانے کے بعد رضاعت نہیں ہے) اور اس لئے کہ حرمت نشو کے اعتبار سے ہے اور نشو مدت میں (ہوتا ہے) اس وجہ سے کہ بڑا بچہ دودھ سے پرورش نہیں پاتا ہے۔ اور مدت سے پہلے دودھ چھڑانا معتبر نہیں ہے۔ مگر ابوحنیفہؒ سے ایک روایت میں جب (بچہ) دودھ سے مستغنی ہو جائے اور اس کی وجہ غذا بدل جانے سے نشور کا منقطع ہونا ہے اور کیا مدت کے بعد دودھ پلانا مباح ہے کہا گیا کہ مباح نہیں ہے کیونکہ اس کی اباحت ضرورۃً ہے۔ اس لیئے کہ دودھ آدمی کا جز ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ مدت رضاعت گذر جانے کے بعد اگر بچہ کو دودھ پلایا تو اس کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی۔ یعنی حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ دلیل حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ دودھ چھڑانے کے بعد رضاعت نہیں ہے۔ لیکن حدیث عائشہؓ اس حدیث کے مخالف ہے عن عائشۃؓ فکانت اذا ارادت ان یدخل علیھا احد من الرجال امرت اختھا ام کلثوم او بعض بنات اختھا ان ترضعه خمسا۔ حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ آپ جب چاہتی تھیں کہ کسی مرد کو (جس سے پردہ واجب ہو) اپنے سامنے آنے کی اجازت دیں تو اپنی بہن ام کلثوم یا اپنی کسی بھانجی کو حکم فرماتیں کہ وہ اس مرد کو پانچ گھونٹ دودھ پلادے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مدت رضاعت کے بعد بھی دودھ پلانے کی وجہ سے رضاعت کا حکم ثابت ہو جائے گا۔ علامہ ابن ہمام نے جواب دیا کہ حدیث عائشہؓ حضور ﷺ کی دوسری احادیث اور آثار صحابہؓ سے منسوخ ہے۔ مثلاً ماقبل میں حضور ﷺ کا قول لا رضاع الا ما کان من حولین گذر چکا۔ اور سنن ابی داؤد میں ابن مسعودؓ کی حدیث ہے لایحرم من الرضاع الاماانبت اللحم وانشر العظم یعنی رضاعت محرّم نہیں مگر جو گوشت اگائے اور ہڈی بڑھائے۔ ان احادیث سے مدت کے بعد رضاعت کا غیر محرّم ہونا ثابت ہوتا ہے۔

دلیل عقلی...... حرمت رضاعت اس لیئے ہے کہ دودھ کے ذریعہ نشو ونما ہوتی ہے اور یہ نشو ونما مدت رضاعت میں ہوگی۔ مدت کے بعد نہیں۔ کیوں کہ بڑا بچہ دودھ کے ذریعہ پرورش نہیں پاتا ہے بلکہ اس کی پرورش کا ذریعہ دوسری غذائیں ہیں۔ پس جب حرمت کا حکم نشو ونما کے اعتبار سے تھا اور مدت کے بعد دودھ سے نشو ونما نہیں ہوا تو مدت کے بعد حرمت کا حکم بھی متحقق نہیں ہوگا۔

صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ اگر مدت رضاعت پوری ہونے سے پہلے بچہ کا دودھ چھڑا دیا تو یہ دودھ چھڑانا معتبر نہیں ہوگا۔ چنانچہ دودھ چھڑانے کے بعد اگر مدت رضاعت گذرنے سے پہلے پہلے کسی عورت نے اس بچہ کو دودھ پلا دیا تو حرمتِ رضاعت ثابت ہو جائے گی۔ (ظاہر الروایۃ)

البتہ امام ابوحنیفہؒ سے حسن بن زیادؒ نے روایت کی ہے کہ اگر بچہ کا دودھ اس طرح چھڑا دیا کہ اب وہ دودھ سے بالکل مستغنی ہو گیا تو اس صورت میں مدت پوری ہونے سے پہلے بھی دودھ چھڑانے کا اعتبار کیا جائے گا۔ حتیٰ کہ اگر کسی عورت نے اس بچہ کو دودھ پلا دیا تو حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ اور اس روایتِ حسنؒ کی وجہ یہ ہے کہ غذاء بدل جانے سے دودھ کے ذریعہ نشو ونما منقطع ہوگئی اور حرمت نشو ونما ہی کے اعتبار سے تھی۔ لہٰذا اس صورت میں دودھ پلانے کی وجہ سے حرمت ثابت نہیں ہوگی۔ اسی وجہ سے حضور ﷺ نے حدیث ابی ہریرہؓ میں فرمایا الرضاع ما فتق الا معاء یعنی رضاعت وہی ہے جو آنتوں کو کھولے اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے لا یحرم من الرَّضَاعِ الا ما فتق الا معاء فی الثدی. (ترمذی، فتح القدیر)

صاحب ہدایہؒ سوالیہ انداز میں فرماتے ہیں کہ مدتِ رضاعت گذر جانے کے بعد دودھ پلانا مباح ہے یا نہیں۔ اس بارے میں کہا گیا کہ مباح نہیں ہے۔ کیونکہ مدتِ رضاعت میں دودھ کی اباحت ضرورۃً ثابت تھی اور قاعدہ ہے الثابت بالضرورة يتقدر بقدر الضرورة اور چونکہ مدت

کے بعد ضرورت ختم ہوگئی اس لئے اباحت نہیں رہے گی۔ اور دودھ کی اباحت ضرورۃ اس لیئے تھی کہ دودھ آدمی کا جز ہے۔ اور آدمی کے جزء سے انتفاع حرام ہے۔ اس وجہ سے بلا ضرورت آدمی کا دودھ مباح نہیں ہوگا۔

## جو رشتے نسب سے حرام ہوتے ہیں وہ رضاعت سے بھی حرام ہوتے ہیں

قَالَ وَيَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ لِلْحَدِيْثِ الَّذِىْ رَوَيْنَا اِلَّا اُمَّ اُخْتِهٖ مِنَ الرَّضَاعِ فَاِنَّهٗ يَجُوْزُ اَنْ يَتَزَوَّجَهَا وَلَا يَجُوْزُ اَنْ يَتَزَوَّجَ اُمَّ اُخْتِهٖ مِنَ النَّسَبِ لِاَنَّهَا تَكُوْنُ اُمَّهٗ اَوْمَوْطُوْءَ ةَ اَبِيْهِ بِخِلَافِ الرَّضَاعِ ..

---

ترجمہ...... قدوری نے کہا کہ رضاعت سے وہ تمام رشتے حرام ہوجاتے ہیں جو نسب سے حرام ہوتے ہیں۔ اس حدیث کی وجہ سے جو ہم نے روایت کی، مگر اس کی رضاعی بہن کی ماں، اس لئے کہ جائز ہے کہ اس کے ساتھ نکاح کرے اور نہیں جائز ہے یہ کہ نکاح کرے اپنی نسبی بہن کی ماں سے۔ کیونکہ وہ اس کی ماں ہوگی یا اس کے باپ کی موطوءہ بخلاف رضاعت کے۔

تشریح...... صاحبِ قدوریؒ نے اس عبارت میں ایک ضابطہ بیان فرمایا ہے وہ یہ کہ جو عورتیں نسب کی وجہ سے حرام ہیں وہ تمام عورتیں رضاعت کی وجہ سے بھی حرام ہوں گی۔ دلیل میں وہ حدیث بیان کی ہے جو اوائل کتاب النکاح میں گذر چکی۔ لیکن اس ضابطہ سے دو صورتوں کا استثناء فرمایا ہے یعنی دو صورتیں ایسی ہیں کہ جہاں رضاعت کی وجہ سے حرمت ثابت نہیں ہوگی لیکن نسب کی وجہ سے حرمت ثابت ہوجائے گی۔ پہلی صورت الا ام اختہ من الرَّضَاعِ سے ذکر فرمائی لیکن یہ عبارت تین صورتوں کو شامل ہے کیونکہ من الرَّضَاعِ کا تعلق اخت اور ام دونوں سے ہوگا۔ یا صرف اخت سے یا صرف ام سے۔ پہلی صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ رضاعی بہن کی رضاعی ماں سے نکاح کرنا جائز ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ خالد اور زینب دونوں نے ہندہ کا دودھ پیا اور فقط زینب نے ام سلمہ کا دودھ پیا تو اب خالد کا نکاح ام سلمہ سے جائز ہے حالانکہ ام سلمہ خالد کی رضاعی بہن زینب کی رضاعی ماں ہے۔ اور دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ رضاعی بہن کی نسبی ماں سے نکاح جائز ہے۔ اس کی صورت یہ ہوگی کہ زید اور ساجدہ نے ایک اجنبی عورت کا دودھ پیا۔ مگر زید نے ساجدہ کی نسبی ماں کا دودھ نہیں پیا تو زید کے لئے اس کی رضاعی بہن ساجدہ کی نسبی ماں حلال ہے۔ اور تیسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ نسبی بہن کی رضاعی ماں کے ساتھ نکاح جائز ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ زید کی نسبی بہن ہے اور بہن کی رضاعی ماں ہے جس نے زید کو دودھ نہیں پلایا ہے تو اس نسبی بہن کی رضاعی ماں سے نکاح کر سکتا ہے۔

البتہ اپنی نسبی بہن کی نسبی ماں سے نکاح جائز نہیں ہے کیونکہ نسبی بہن کی نسبی ماں یا تو اس کی بھی ماں ہوگی اگر دونوں حقیقی بھائی بہن ہیں اور یا اس کے باپ کی موطوءہ ہوگی اگر دونوں کا باپ ایک اور ماں الگ الگ ہے اور ان دونوں صورتوں (ماں اور باپ کی موطوءہ) میں نکاح ناجائز ہے۔ اس لئے اس نسبی رشتہ کی صورت میں نکاح ناجائز قرار دیا گیا اور رضاعت کی صورت میں ان میں سے کوئی قباحت نہیں۔ اس لئے رضاعت کی صورت میں نکاح جائز رکھا گیا ہے۔

## رضاعی بیٹے کی بہن سے نکاح جائز ہے

وَيَجُوْزُ تَزَوُّجُ اُخْتِ اِبْنِهٖ مِنَ الرَّضَاعِ وَلَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ لِاَنَّهٗ لَمَّا وَطِئَ اُمَّهَا حَرُمَتْ عَلَيْهِ وَلَمْ يُوْجَدْ هٰذَا الْمَعْنٰى فِى الرَّضَاعِ.

---

ترجمہ...... اور جائز ہے اپنے رضاعی بیٹے کی بہن سے نکاح کرنا۔ اور یہ نسب سے جائز نہیں کیونکہ جب اس کی ماں سے وطی کی تو (بیٹی) اس پر حرام ہوگئی اور یہ معنی رضاعت میں موجود نہیں ہیں۔

تشریح...... دوسری صورت جس کا مذکورہ ضابطہ سے استثناء فرمایا ہے۔ مصنف علیہ الرحمۃ اس کو ذکر فرما رہے ہیں۔ اس دوسری صورت میں بھی تین

احتمال ہیں۔ (۱) رضاعی بیٹے کی رضاعی بہن۔ (۲) رضاعی بیٹے کی نسبی بہن۔ (۳) نسبی بیٹے کی رضاعی بہن۔

ان تینوں احتمالات میں نکاح درست ہے۔ مذکورہ امثلہ پر قیاس کرکے ان کی مثالوں کا نکالنا دشوار نہیں ہے۔

لیکن اگر ان دونوں میں نسبی رشتہ ہے یعنی نسبی بیٹے کی نسبی بہن ہے تو اس نسبی بیٹے کی نسبی بہن سے نکاح کرنا جائز نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے نسبی بیٹے کی بہن اگر اسی کے نطفہ سے ہے تو وہ اس کی بیٹی ہوگی۔ اور اگر اس کے نطفہ سے نہیں ہے اور اس کے بیٹے کی صرف ماں شریکی بہن ہے تو یہ ربیبہ ہوگی اور ربیبہ کی ماں کے ساتھ اگر دخول کرلیا جائے تو ربیبہ حرام ہوجاتی ہے۔ اسی کو صاحب ہدایہ نے بیان فرمایا کہ جب بیٹے کی بہن کی ماں کے ساتھ وطی کرچکا تو وہ بہن اس باپ پر حرام ہوگئی بہرحال کچھ بھی ہو دونوں صورتوں (بیٹی ہو ربیلبہ) میں اس نسبی بیٹے کی نسبی بہن کے ساتھ نکاح جائز نہیں ہے اور رضاعت میں ان دونوں وجہوں میں سے کوئی موجود نہیں اس لئے رضاعت کی صورت میں نکاح جائز قرار دیا گیا۔

## رضاعی باپ کی بیوی اور رضاعی بیٹے کی بیوی سے نکاح ناجائز ہے

**وَامْرَأَةُ اَبِيهِ اَوِامْرَأَةُ اِبْنِهٖ مِنَ الرَّضَاعِ لَا يَجُوْزُاَنْ يَتَزَوَّجَهَا كَمَا لَا يَجُوْزُ ذَالِكَ مِنَ النَّسَبِ لِمَا رَوَيْنَا وَ ذِكْرُ الْاَصْلَابِ فِي النَّصِّ لِاِسْقَاطِ اِعْتِبَارِ التَّبَنِّيْ عَلٰى مَا بَيَّنَّاهُ.**

---

ترجمہ ..... اور اپنے رضاعی باپ کی بیوی یا رضاعی بیٹے کی بیوی کے ساتھ نکاح کرنا جائز نہیں ہے جیسا کہ یہ نسب سے جائز نہیں ہے۔ اس حدیث کی وجہ سے جو ہم نے روایت کی ہے۔ اور آیت میں اصلاب کا ذکر متبنیٰ کے اعتبار کو ساقط کرنے کے لئے ہے اسی تفصیل پر جس کو ہم بیان کرچکے ہیں۔

تشریح ..... وامرأۃ ابیہ کی صورت یہ ہے کہ مرضعہ (دودھ پلانے والی) کے شوہر نے دوسری شادی ہندہ کے ساتھ کی ہے پھر ہندہ کو طلاق دیدی تو اس مرضعہ کا رضاعی بیٹا ہندہ کے ساتھ نکاح نہ کرے۔ کیونکہ ہندہ اس کے رضاعی باپ کی بیوی ہے۔ اسی طرح رضاعی بیٹے کی بیوی کے ساتھ نکاح حرام ہے۔ دلیل حدیث رسول اللہ ﷺ **یحرم من الرَّضاع ما یحرم من النسب** ہے۔

و ذکر الاصلاب سے صاحب ہدایہ نے ایک سوال کا جواب دیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کلام پاک میں محرمات نساء کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا وحلائل ابنائکم الذین من اصلابکم اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف صلبی بیٹے کی بیوی حرام ہے۔ رضاعی بیٹے کی بیوی حرام نہیں ہے حالانکہ حکم اس کے خلاف ہے۔

جواب: آیت میں اصلاب کی قید متبنیٰ کی بیوی کو خارج کرنے کے لئے ہے نہ کہ رضاعی بیٹے کی بیوی کو۔ حاصل یہ کہ متبنیٰ کی بیوی حلال ہے اور صلبی بیٹے کی بیوی کے ساتھ نکاح کی حرمت کتاب اللہ سے ثابت ہے اور رضاعی بیٹے کی بیوی کی حرمت مشہور حدیث **یحرم من الرَّضاع ما یحرم من النسب** سے ثابت ہے۔

## لبن الفحل سے حرمت متعلق ہوتی ہے، لبن الفحل کا مطلب

**وَلَبَنُ الْفَحْلِ يَتَعَلَّقُ بِهِ التَّحْرِيْمُ وَ هُوَ اَنْ تُرْضِعَ الْمَرْأَةُ صَبِيَّةً فَتَحْرُمُ هٰذِهِ الصَّبِيَّةُ عَلٰى زَوْجِهَا وَ عَلٰى اٰبَائِهٖ وَ اَبْنَائِهٖ وَ يَصِيْرُ الزَّوْجُ الَّذِيْ نَزَلَ لَهَا مِنْهُ اللَّبَنُ اَبًا لِلْمُرْضَعَةِ وَ فِيْ اَحَدِ قَوْلَيِ الشَّافِعِيِّ لَبَنُ الْفَحْلِ لَا يُحَرِّمُ لِاَنَّ الْحُرْمَةَ لِشُبْهَةِ الْبَعْضِيَّةِ وَاللَّبَنُ بَعْضُهَا لَا بَعْضُهٗ وَلَنَا مَارَوَيْنَا وَالْحُرْمَةُ بِالنَّسَبِ مِنَ الْجَانِبَيْنِ فَكَذَا بِالرِّضَاعِ وَ قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لِيَلِجْ عَلَيْكِ اَفْلَحُ فَاِنَّهٗ عَمُّكِ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَلِاَنَّهٗ سَبَبٌ لِنُزُوْلِ اللَّبَنِ مِنْهَا فَيُضَافُ اِلَيْهِ فِيْ مَوْضِعِ الْحُرْمَةِ اِحْتِيَاطاً.**

---

ترجمہ...... اور مرد کے دودھ کے ساتھ تحریم متعلق ہوتی ہے اور وہ یہ ہے کہ عورت ایک بچی کو دودھ پلائے۔ پس یہ بچی مرضعہ (دودھ پلانے والی) کے شوہر پر حرام ہوگی۔ اور اس کے آباء اور اس کے ابناء پر اور وہ شوہر جس سے اس مرضعہ (عورت) کا دودھ اترا مرضَعہ (جس کو دودھ پلایا گیا) کا باپ ہو جائے گا اور امام شافعیؒ کے دو قولوں میں سے ایک میں مرد کا دودھ محرِّم نہیں ہے کیونکہ حرمت جزئیت کے شبہ کی وجہ سے ہوتی ہے اور دودھ مرضعہ (دودھ پلانے والی) کا جز ہے نہ کہ شوہر کا جز اور ہماری دلیل وہ حدیث ہے جو ہم روایت کر چکے ہیں۔ اور حرمت نسب کی وجہ سے دونوں جانب سے ہوتی ہے پس ایسے ہی رضاعت کی وجہ سے (دونوں جانب سے حرمت ثابت ہوگی) اور حضور ﷺ کا ارشاد (حضرت) عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ افلح تیرے سامنے آیا کرے کہ وہ تیرا رضاعی چچا ہے اور اس لئے کہ شوہر مرضعہ سے دودھ اترنے کا سبب ہے۔ لہٰذا موضع حرمت میں احتیاطاً دودھ شوہر کی طرف منسوب کیا جائے گا۔

تشریح...... لبن الفحل میں اضافت الشئ الی سببہ ہے کیونکہ دودھ کا سبب مرد ہی ہوتا ہے اور لبن فحل سے تحریم کی صورت یہ ہے کہ ایک عورت نے ایک بچی کو دودھ پلایا تو یہ بچی...... مرضعہ کے شوہر پر حرام ہوگئی اور اس کے شوہر کے باپ اور دادا پر اور اس کے بیٹے اور پوتے پر۔ اور مرضعہ کا یہ شوہر جس سے اس دودھ پلانے والی عورت کا دودھ اترا ہے اس دودھ پلائی ہوئی بچی کا باپ ہوگا۔ یہی عام اصحاب شافعیؒ کا قول ہے اور اسی کے قائل امام مالکؒ اور امام احمدؒ ہیں لیکن امام شافعیؒ کا ایک قول یہ ہے کہ لبن فحل محرم نہیں ہے اس قول کو امام شافعیؒ کے نواسہ عبدالرحمٰن نے روایت کیا ہے۔ اور دلیل یہ بیان کی ہے کہ آیت وامھاتکم اللاتی ارضعنکم میں حرمت رضاعت عورتوں کی جانب میں ذکر کی ہے نہ کہ مردوں کی جانب میں۔ پس اس سے معلوم ہوتا ہے کہ لبن فحل کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوتی۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ اگر کسی مرد کی چھاتی سے دودھ نکلا پھر وہ دودھ کسی بچہ کو پلا دیا تو اس سے بالاجماع حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔ پس اس کی بیوی کے دودھ پلانے سے اس شوہر کے ساتھ بدرجہ اولیٰ حرمت ثابت نہیں ہوگی۔ تیسری دلیل جو صاحبِ ہدایہؒ نے بیان کی ہے وہ یہ ہے کہ حرمتِ رضاعت شبہ بعضیت اور جزئیت کی وجہ سے ہے کیونکہ دودھ پینے کی وجہ سے بچہ کی نشو ونما ہوگی۔ اور اس کے گوشت اور ہڈیوں میں اضافہ ہوگا۔ اور یہ بات آپ کو معلوم ہے کہ دودھ عورت کا جزو ہے نہ کہ مرد کا۔ لہٰذا حرمت رضاعت کا تعلق عورت کے ساتھ ہوگا نہ کہ مرد کے ساتھ۔ مگر ہماری طرف سے جواب یہ ہے کہ غالباً امام شافعیؒ نے اس دودھ کو بیان فرمایا جو مرد کی چھاتی سے نکلے اور یہ بالاتفاق محرم نہیں ہے کیونکہ مرد کے عورت کے ساتھ وطی کرنے میں جو دودھ اترا ہے وہ احنافؒ مالکیہؒ اور حنابلہؒ سب کے نزدیک مرد کے واسطے حرمتِ رضاعت ثابت کرتا ہے اور یہی شوافعؒ کی کتابوں میں مذکور ہے اور یہی عام اصحابِ شافعیؒ کا قول ہے۔ علاوہ نواسہ (عبدالرحمٰن) کے اس وجہ سے ساری دنیا کے خلاف یہ قول معتبر نہیں ہوگا۔

ہماری دلیل...... حدیث مذکور یحرم من الرَّضَاعِ ما یحرم من النسب ہے اور نسب کی وجہ سے حرمت مرد اور عورت دونوں کی جانب سے ثابت ہوتی ہے۔ پس ایسے ہی رضاعت کی وجہ سے دونوں جانب سے حرمت ثابت ہوگی۔ لیکن اگر کوئی اعتراض کرے کہ یہاں حرمت ثابت ہوتی ہے دودھ کی وجہ سے اور دودھ عورت کا ہوتا ہے نہ کہ مرد کا تو ہم جواب دیں گے کہ دودھ مرد سے بھی ہوتا ہے کیونکہ دودھ اترنے کا سبب ولادت ہے اور ولادت عادۃً مرد کی وطی کے بغیر نہیں ہو سکتی ہے۔ لہٰذا مرد و عورت دونوں کے ساتھ تحریم متعلق ہوگی۔ جیسا کہ نسب میں اور رہا بغیر مرد کے وطی کئے دودھ اترنا سو یہ نادر ہے جس کا کوئی اعتبار نہیں۔ کیونکہ فرمایا گیا کہ النادر کالمعدوم۔

دوسری حدیث عائشہؓ ہے۔ پوری حدیث ہدایہ کے حاشیہ اور عینی شرح ہدایہ اور فتح القدیر وغیرہ میں مذکور ہے۔ ترجمہ حدیث ملاحظہ ہو۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ میرے پاس افلح بن ابی قعیس آئے۔ میں نے ان سے پردہ کیا تو افلح نے کہا کہ تو مجھ سے پردہ کرتی ہے حالانکہ میں تیرا چچا ہوں۔ عائشہؓ کہتی ہیں کہ میں نے کہا کہاں سے۔ تو افلح نے کہا کہ تجھ کو میرے بھائی کی بیوی نے دودھ پلایا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ مجھ کو عورت نے دودھ پلایا ہے اور مرد نے دودھ نہیں پلایا ہے۔ پس حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں نے آپ کے سامنے سارا حال بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ تیرے چچا ہیں۔ افلح تیرے پاس بغیر پردہ کے آیا کرے گا۔ اس حدیث میں حضور ﷺ نے افلح کو حضرت عائشہؓ کا رضاعی چچا

کہا ہے۔ اور رضاعی چچا اس کے بغیر نہیں ہو سکتا ہے کہ مرضعہ (دودھ پلانے والی) کا شوہر حضرت عائشہؓ کا رضاعی باپ ہو۔ پس جب رضاعی چچا کے ساتھ تحریم متعلق ہے تو رضاعی باپ کے ساتھ بدرجہ اولیٰ تحریم متعلق ہوگی۔

دلیل عقلی...... یہ ہے کہ شوہر عورت سے دودھ اترنے کا سبب ہے۔ لہٰذا احتیاطاً موضع حرمت میں دودھ کو شوہر کی طرف منسوب کیا جائے گا۔

فوائد...... حدیث عائشہؓ میں افلح بفتح الھمزہ و سکون الفاء و الخاء ہے۔ افلح ابو قعیس کے بیٹے ہیں جیسا کہ مسلم کی روایت ہے اور اکثر روایات میں ایسا ہی ہے اور نسائی میں مالک کے طریق سے ان افلح اخا ابی القعیس ہے۔ یعنی افلح ابو قعیس کے بھائی ہیں نہ کہ بیٹے۔ علامہ عینیؒ شارح ہدایہ نے اسی کو درست لکھا ہے۔ اور علامہ قرطبیؒ نے بھی کہا کہ یہی صحیح ہے۔ صاحبؒ فتح القدیر اور صاحب کفایہ نے جو حدیث ذکر فرمائی ہے اس میں بھی افلح کو ابو قعیس کا بھائی ہونا ذکر کیا ہے۔

(لیلج)...... امر غائب ولوج (بمعنی دخول) سے ہے۔ اصل میں تھا لیولج واو یا اور کسرہ کے درمیان واقع ہونیکی وجہ سے گر گیا۔ افلح رفع کے ساتھ لیلجنّ کا فاعل ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## رضاعی بھائی کی بہن سے نکاح جائز ہے

**وَيَجُوْزُ اَنْ يَّتَزَوَّجَ الرَّجُلُ بِاُخْتِ اَخِيْهِ مِنَ الرَّضَاعِ لِاَنَّهٗ يَجُوْزُ اَنْ يَّتَزَوَّجَ بِاُخْتِ اَخِيْهِ مِنَ النَّسَبِ وَ ذٰلِكَ مِثْلُ الْاَخِ مِنَ الْاَبِ اِذَا كَانَتْ لَهٗ اُخْتٌ مِنْ اُمِّهٖ جَازَ لِاَخِيْهِ مِنْ اَبِيْهِ اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا.**

---

ترجمہ...... اور جائز ہے کہ مرد نکاح کرے اپنے رضاعی بھائی کی بہن کے ساتھ۔ کیونکہ اپنے نسبی بھائی کی بہن کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے اور یہ مثلاً باپ شریک بھائی جب کی اس کی ماں شریک بہن ہو تو اس کے باپ شریک بھائی کے لئے جائز ہے کہ اس سے نکاح کرے۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ خالد نے ماجد کی ماں کا دودھ پیا تو ماجد خالد کی نسبی بہن کے ساتھ نکاح کر سکتا ہے۔ حالانکہ یہ لڑکی ماجد کے رضاعی بھائی خالد کی نسبی بہن ہے۔ دلیل یہ ہے کہ نسبی بھائی کی نسبی بہن کے ساتھ نکاح جائز ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ شاہد کے دو بیٹے ہیں اور ماں دونوں کی الگ الگ ہے۔ تو یہ دونوں علاتی بھائی ہوئے (باپ شریک) شاہد نے ان دونوں میں سے ایک کو طلاق دیدی۔ اس مطلقہ نے عدت گذارنے کے بعد کسی دوسرے خاوند سے نکاح کر لیا اور اس سے ایک لڑکی پیدا ہوگئی تو یہ لڑکی شاہد کے دونوں بیٹوں میں سے ایک کی ماں شریکی بہن ہے۔ اور دوسرے کے حق میں اجنبیہ ہے۔ پس یہ دوسرا بیٹا اس لڑکی سے نکاح کر سکتا ہے۔ حالانکہ یہ لڑکی اپنے شوہر کے نسبی بھائی کی نسبی بہن ہے۔ لیکن چونکہ یہ لڑکی اس کے حق میں اجنبیہ عورت تھی جس سے اس کی شادی ہوئی ہے۔ اس لئے یہ نکاح درست ہے۔

## دو لڑکا لڑکی جو ایک عورت کے پستان پر جمع ہوئے ان کا آپس میں نکاح کرنا ناجائز ہے

**وَكُلُّ صَبِيَّيْنِ اِجْتَمَعَا عَلٰى ثَدْيِ امْرَاَةٍ وَاحِدَةٍ لَمْ يَجُزْ لِاَحَدِهِمَا اَنْ يَّتَزَوَّجَ بِالْاُخْرٰى هٰذَا هُوَ الْاَصْلُ لِاَنَّ اُمَّهُمَا وَاحِدَةٌ فَهُمَا اَخٌ وَّ اُخْتٌ.**

---

ترجمہ...... اور ہر وہ دو بچے (لڑکا اور لڑکی) جو ایک عورت کے پستان پر جمع ہو گئے تو ان دونوں میں ایک کے لئے جائز نہیں کہ وہ دوسرے کے ساتھ نکاح کرے۔ اور یہی (باب حرمت) میں اصل ہے۔ کیونکہ ان دونوں کی ماں ایک ہے۔ پس وہ دونوں بھائی بہن ہوئے۔

تشریح...... دونوں بچوں یعنی لڑکا اور لڑکی نے کسی عورت کا دودھ پیا ایک ساتھ یا آگے پیچھے تو یہ دونوں رضاعی بھائی بہن ہوں گے اور ان کا نکاح

آپس میں درست نہیں ہوگا۔ جیسا کہ نسبی بھائی بہن آپس میں نکاح نہیں کرسکتے ہیں۔ باب حرمت میں یہی ضابطہ ہے۔

## مرضعہ کے لئے مرضعہ کے بیٹوں سے نکاح ناجائز ہے

**وَلَا يَتَزَوَّجُ الْمُرْضَعَةُ اَحَدًا مِنْ وُلْدِ الَّتِي اَرْضَعَتْ لِاَنَّهُ اَخُوْهَا وَلَا وَلَدِ وَلَدِهَا لِاَنَّهُ وَلَدُاخِيْهَا وَلَا يَتَزَوَّجُ الصَّبِيُّ الْمَرْضَعُ اُخْتَ زَوْجِ الْمُرْضِعَةِ لِاَنَّهَا عَمَّتُهُ مِنَ الرَّضَاعِ.**

---

ترجمہ......اور نہ نکاح کرے مرضعہ (جس کو دودھ پلایا گیا) کسی سے اس عورت کے لڑکوں میں سے جس نے (اس کو) دودھ پلایا ہے۔ کیونکہ یہ لڑکا اس کا بھائی ہے۔ اور نہ اس دودھ پلانے والی کی اولاد سے کیونکہ یہ اس کا بھتیجا ہے اور نہ نکاح کرے وہ بچہ جس کو دودھ پلایا گیا ہے دودھ پلانے والی کے شوہر کی بہن سے کیونکہ وہ اس کی رضاعی پھوپھی ہے۔

تشریح......المرضعہ میں ترکیب کے اعتبار سے دو احتمال ہیں۔ اول یہ کہ مرضعہ بفتح الضاد اسم مفعول ہے اور یتزوج کا فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور احدا منصوب ہے مفعولیت کی بناء پر اس صورت میں ترجمہ ہوگا کہ صبیہ مرضعہ دودھ پلانے والی کے لڑکوں میں سے کسی کے ساتھ نکاح نہ کرے۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ مرضعہ بصیغہ اسم مفعول منصوب ہو مفعولیت کی بناء پر اور احد مرفوع ہو فاعلیت کی بناء پر۔ اس صورت میں ترجمہ ہوگا کہ دودھ پلانے والی عورت کے لڑکوں میں سے کوئی صبیہ مرضعہ کے ساتھ نکاح نہ کرے۔ حاصل دونوں کا ایک ہے مسئلہ کی صورت اور اس کی دلیل دونوں واضح ہیں۔ محتاج بیان نہیں ہے۔

## دودھ کے ساتھ پانی مل جائے تو غالب کا اعتبار ہے

**وَاِذَا اخْتَلَطَ اللَّبَنُ بِالْمَاءِ وَاللَّبَنُ هُوَ الْغَالِبُ تَعَلَّقَ بِهِ التَّحْرِيْمُ وَاِنْ غَلَبَ الْمَاءُ لَمْ يَتَعَلَّقْ بِهِ التَّحْرِيْمُ خِلَافًا لِلشَّافِعِيِّ هُوَ يَقُوْلُ اِنَّهُ مَوْجُوْدٌ فِيْهِ حَقِيْقَةً وَ نَحْنُ نَقُوْلُ الْمَغْلُوْبُ غَيْرُ مَوْجُوْدٍ حُكْمًا حَتّٰى لَا يَظْهَرَ بِمُقَابَلَةِ الْغَالِبِ كَمَا فِي الْيَمِيْنِ.**

---

ترجمہ......اور اگر دودھ پانی کے ساتھ مخلوط ہو گیا اور حال یہ کہ دودھ غالب ہے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق ہوگی۔ اور اگر پانی غالب ہے تو تحریم اس کے ساتھ متعلق نہیں ہوگی خلاف ہے شافعیؒ کا وہ فرماتے ہیں کہ دودھ اس میں حقیقۃً موجود ہے اور ہم کہیں گے کہ مغلوب حکماً غیر موجود ہے حتیٰ کہ غالب کے مقابلہ میں ظاہر نہیں ہوگا۔ جیسا کہ یمین میں۔

تشریح......صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر دودھ میں پانی ملا دیا گیا اور دودھ غالب اور پانی مغلوب ہے۔ پھر کسی بچہ نے اس کو پی لیا تو اس سے حرمت رضاعت ثابت ہو جائے گی۔ اور اگر پانی غالب اور دودھ مغلوب ہے تو احنافؒ کے نزدیک اس سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی اور امام شافعیؒ کے نزدیک اگر پانی کیبارگھونٹ کی مقدار دودھ اس پانی میں موجود تھا جس کو اس بچہ نے پیا ہے تو حرمتِ رضاعت ثابت ہو جائے گی اگر چہ پانی غالب ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل......یہ ہے کہ اس میں دودھ حساً اور حقیقۃً موجود ہے۔ لہٰذا دودھ کا پینا معتبر ہوگا۔ کیونکہ محسوس چیز کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔ امام شافعیؒ کی دلیل پر زیادہ سے زیادہ یہ اعتراض کیا جاسکتا ہے کہ غلبہ ماء کی وجہ سے دودھ معدوم ہو گیا۔ لہٰذا اس پر تحریم کا حکم مرتب نہ ہونا چاہئے۔ لیکن امام شافعیؒ کی جانب سے جواب یہ ہوگا کہ اس صورت میں حرمت ثبوت اور عدم ثبوت کے درمیان دائر ہے۔ پس احتیاطاً حرمت کو عدم حرمت پر ترجیح دی جائے گی۔

ہماری دلیل......اور امام شافعیؒ کی پیش کردہ دلیل کا جواب یہ ہے کہ مغلوب حکماً غیر موجود ہوتا ہے۔ چنانچہ مغلوب غالب کے مقابلہ میں ظاہر نہیں

ہوتا۔ مثلاً کسی نے قسم کھائی کہ میں دودھ نہیں پیوں گا پھر اس نے پانی میں ملا ہوا دودھ پیا در آں حالیکہ پانی غالب اور دودھ مغلوب ہے تو یہ شخص حانث نہ ہوگا۔ گویا احنافؒ نے اس مسئلہ کو مسئلہ یمین پر قیاس کیا ہے۔ لیکن احنافؒ کی یہ دلیل کمزور ہے کیونکہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایمان کا دارومدار عرف پر ہے اور عرف میں مغلوب کو لبن نہیں کہتے اس وجہ سے حانث نہیں ہوا۔ اور حرمت رضاعت موقوف ہے وجود لبن پر سو وہ موجود ہے۔ لہٰذا حرمتِ رضاعت ثابت ہونی چاہئے۔ الحاصل یہ قیاس قیاس مع الفارق ہے۔ اس سے قوی دلیل یہ ہے کہ حرمت کا تعلق صورتِ ارضاع (دودھ پلانا) کے ساتھ نہیں ہے۔ جیسا کہ کبیر میں دودھ پلانے کی وجہ سے بالا جماع حرمت ثابت نہیں ہوتی بلکہ حرمت کا تعلق اس سے ہے کہ دودھ پلانے کی وجہ سے ہڈی اور گوشت میں اضافہ ہوتا ہے اور چونکہ مغلوب دودھ سے تغذی حاصل نہیں ہوتی ہے اس لئے اس سے ہڈی اور گوشت میں اضافہ بھی نہیں ہوگا۔ پس جب ہڈی اور گوشت میں اضافہ نہیں ہوا تو اس سے حرمتِ رضاعت بھی ثابت نہیں ہوگی (عینی شرح ہدایہ)۔

## اگر دودھ کھانے کے ساتھ مل جائے تو حرمت متعلق نہیں ہوتی

**وَاِنِ اخْتَلَطَ بِالطَّعَامِ لَمْ يَتَعَلَّقْ بِهِ التَّحْرِيْمُ وَاِنْ كَانَ اللَّبَنُ غَالِباً عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ قَالَا اِذَا كَانَ اللَّبَنُ غَالِبًا يَتَعَلَّقُ بِهِ التَّحْرِيْمُ قَالَ قَوْلُهُمَا فِيْمَا اِذَا لَمْ تَمَسَّهُ النَّارُ حَتّٰى لَوْ طُبِخَ بِهَا لَا يَتَعَلَّقُ بِهِ التَّحْرِيْمُ فِيْ قَوْلِهِمْ جَمِيْعًا لَهُمَا اَنَّ الْعِبْرَةَ لِلْغَالِبِ كَمَا فِي الْمَاءِ اِذَا لَمْ يُغَيِّرْهُ شَيْءٌ عَنْ حَالِهٖ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّ الطَّعَامَ اَصْلٌ وَاللَّبَنُ تَابِعٌ لَهٗ فِيْ حَقِّ الْمَقْصُوْدِ فَصَارَ كَالْمَغْلُوْبِ وَلَا مُعْتَبَرَ بِتَقَاطُرِ اللَّبَنِ مِنَ الطَّعَامِ عِنْدَهٗ هُوَ الصَّحِيْحُ لِاَنَّ التَّغَذِّيْ بِالطَّعَامِ اِذْ هُوَ الْاَصْلُ.**

---

ترجمہ..... اور اگر دودھ مخلوط ہو گیا طعام کے ساتھ تو اس کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی۔ اگرچہ دودھ غالب ہو (امام) ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ اگر دودھ غالب ہے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق ہو جائے گی۔ مصنفؒ نے فرمایا کہ صاحبینؒ کا قول اس صورت میں ہے جب کہ اس کو آگ نے مس (چھونا) نہ کیا ہو۔ حتیٰ کہ اگر (مخلوط دودھ بطعام) کو آگ سے پکا لیا گیا ہو تو بالاتفاق اس کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ اعتبار غالب کا ہے۔ جیسا کہ پانی میں جبکہ اس دودھ کو کسی چیز نے اپنے حال سے متغیر نہ کیا ہو اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ طعام اصل ہے اور دودھ حق مقصود (تغذی) میں اس کے تابع ہے۔ پس (دودھ) مغلوب ہو گیا اور امام صاحبؒ کے نزدیک طعام سے دودھ کے قطرے ٹپکنے کا اعتبار نہیں کیا گیا یہی صحیح ہے کیونکہ تغذی طعام سے ہوتی ہے اس لئے کہ طعام ہی اصل ہے۔

تشریح..... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر دودھ کھانے میں مخلوط ہو گیا اور اس مخلوط دودھ کو آگ نے مس نہیں کیا۔ یعنی آگ پر پکایا نہیں گیا تو امام صاحبؒ کے نزدیک اسی سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اگر دودھ غالب ہے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق ہو جائے گی ورنہ نہیں۔ دودھ غالب رہا ہو یا مغلوب اس لئے کہ اگر دودھ مغلوب ہے تب تو حرمت کا ثابت نہ ہونا ظاہر ہے اور اگر دودھ غالب ہے تو اس لئے حرمت ثابت نہیں ہوگی کہ جب دودھ کھانے میں ملا کر پکا لیا گیا تو دودھ کھانے کے تابع ہو گیا۔ لہٰذا اب اس دودھ کو لبن مطلق نہیں کہہ سکتے ہیں۔

اصل مسئلہ میں صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ اعتبار غالب کا ہے جیسا کہ پانی میں غالب کا اعتبار کیا گیا ہے بشرطیکہ دودھ کو کسی چیز نے اپنی حالت سے متغیر نہ کیا ہو۔

امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ مقصود یعنی غذا حاصل کرنے میں کھانا اصل ہے اور دودھ اس کے تابع ہے۔ لہٰذا حصولِ مقصود یعنی غذا میں دودھ مغلوب ہو گیا اگرچہ حقیقت میں غالب تھا۔ اس وجہ سے اس کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی۔ صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ اگر دودھ کھانے میں ملا ہوا ہے۔ اور لقمہ اٹھاتے وقت کھانے سے دودھ کے قطرے ٹپکتے ہیں تو اس صورت میں حرمت رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں؟ تو فرمایا کہ امام صاحبؒ کے نزدیک صحیح

یہ ہے کہ حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ اور تقاطر لبن کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ دلیل یہ ہے کہ اس صورت میں بھی غذا کھانے سے حاصل کی گئی ہے نہ کہ دودھ سے۔ کیونکہ غذا حاصل کرنے میں کھانا ہی اصل ہے۔ امام صاحبؒ کا غیر اصح قول یہ ہے کہ اس صورت میں حرمت ثابت ہو جائے گی۔ کیونکہ دودھ کا ایک قطرہ جب بچہ کے حلق میں داخل ہو گیا تو اثباتِ حرمت کے لئے کافی ہے۔ لیکن صحیح یہ ہے کہ ہر حال میں عدم ثبوت حرمت ہے

**فوائد**...... فصار کالمغلوب میں کاف زائدہ ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## دودھ دوائی ساتھ ملایا گیا اور دودھ غالب ہے تو حرمت متعلق ہوگی

**وَاِنِ اخْتَلَطَ بِالدَّوَاءِ وَاللَّبَنُ غَالِبٌ تَعَلَّقَ بِهِ التَّحْرِيْمُ لِاَنَّ اللَّبَنَ يَبْقَى مَقْصُوْدًا فِيْهِ اِذِالدَّوَاءُ لِتَقْوِيَتِهٖ عَلَى الْوُصُوْلِ.**

---

ترجمہ...... اور اگر ملا دیا (دودھ) دوا کے ساتھ اور دودھ غالب ہے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق ہوگی۔ کیونکہ اس خلط میں دودھ ہی مقصود رہا۔ اس لئے کہ دواء تو دودھ کو پہنچانے میں تقویت دینے کے لئے ہے۔

تشریح...... اگر دودھ دوا کے ساتھ ملا دیا گیا اور دودھ غالب ہے تو اس سے حرمت رضاعت ثابت ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ غذاء حاصل کرنے میں دودھ ہی مقصود ہے۔ دواء تو صرف دودھ پہنچانے میں تقویت کے لئے ہے۔ اور اگر دودھ مغلوب اور دواء غالب ہے تو تحریم ثابت نہیں ہوگی۔

اس پر اشکال ہے وہ یہ کہ اگر دواء کا کام صرف تقویت دینا ہے اور کچھ نہیں تو دودھ غالب ہو یا مغلوب۔ دونوں صورتوں میں حرمت رضاعت ثابت ہونی چاہئے۔ کیونکہ دودھ کے مغلوب ہونے کی صورت میں کم از کم ایک قطرہ بچہ کے حلق میں ضرور پہنچے گا۔ اور احنافؒ کے نزدیک ایک قطرہ بھی محرم ہے۔

جواب...... اس جگہ نظر مقصود پر ہے۔ چنانچہ اگر دودھ غالب ہے تو اس سے غذا حاصل کرنا مقصود ہوگا۔ اور دوا صرف تقویت کے لئے ہوگی۔ اور اگر دودھ مغلوب ہے تو مقصد تداوی ہے۔ اور دودھ دواء کو تقویت دینے کے لئے ہے۔ پس اس فرق کے واضح ہو جانے کے بعد کوئی اشکال باقی نہیں رہا۔

## عورت کا دودھ بکری کے دودھ کے ساتھ مل گیا اور غالب عورت کا دودھ ہے تو حرمت متعلق ہوگی

**وَاِذَا اخْتَلَطَ اللَّبَنُ بِلَبَنِ الشَّاةِ وَ هُوَ الْغَالِبُ تَعَلَّقَ بِهِ التَّحْرِيْمُ وَاِنْ غَلَبَ لَبَنُ الشَّاةِ لَمْ يَتَعَلَّقْ بِهِ التَّحْرِيْمُ اِعْتِبَارًا لِلْغَالِبِ كَمَا فِي الْمَاءِ.**

---

ترجمہ...... اور جب (آدمیہ) کا دودھ بکری کے دودھ کے ساتھ مل گیا اور (آدمیہ) کا دودھ غالب ہے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق ہوگی۔ اور اگر بکری کا دودھ غالب ہے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی۔ غالب کا اعتبار کرتے ہوئے جیسا کہ پانی میں۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ اور دلیل دونوں واضح ہیں۔

## دو عورتوں کا دودھ مل گیا جس کا غالب ہے اسی سے حرمت متعلق ہوگی......اقوال فقہاء

**وَاِذَا اخْتَلَطَ لَبَنُ امْرَاَتَيْنِ تَعَلَّقَ التَّحْرِيْمُ بِاَغْلَبِهِمَا عِنْدَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ لِاَنَّ الْكُلَّ صَارَ شَيْئًا وَاحِدًا فَيُجْعَلُ الْاَقَلُّ تَابِعًا لِلْاَكْثَرِ فِيْ بِنَاءِ الْحُكْمِ عَلَيْهِ وَ قَالَ مُحَمَّدٌؒ وَ زُفَرُؒ يَتَعَلَّقُ التَّحْرِيْمُ بِهِمَا لِاَنَّ الْجِنْسَ لَا يَغْلِبُ الْجِنْسَ فَاِنَّ الشَّيْءَ لَا يَصِيْرُ مُسْتَهْلَكًا فِيْ جِنْسِهٖ لِاِتِّحَادِ الْمَقْصُوْدِ وَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ فِيْ هٰذَا رِوَايَتَانِ وَاَصْلُ الْمَسْاَلَةِ فِي الْاَيْمَانِ.**

ترجمہ......اور جب دو عورتوں کا دودھ مل گیا تو ان دونوں میں سے اغلب کے ساتھ تحریم متعلق ہوگی ابو یوسفؒ کے نزدیک۔ کیونکہ کل ملکر ایک چیز ہوگیا لہذا اقل کو اکثر کے تابع بنادیا جائے گا۔ اس پر حکم (رضاعت) مبنی کرنے میں۔ اور امام محمدؒ اور زفرؒ نے فرمایا کہ دونوں کے ساتھ تحریم متعلق ہوگی۔ اس لئے کہ جنس (اپنی) جنس پر غالب نہیں ہوتی۔ کیونکہ شی اپنی جنس میں مل کر معدوم نہیں ہوجاتی۔ مقصود کے متحد ہونے کی وجہ سے اور ابو حنیفہؒ سے اس بارے میں دو روایتیں ہیں۔ اور اصل مسئلہ باب قسم میں ہے۔

تشریح......صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر دو عورتوں کا دودھ مخلوط ہوگیا پھر کسی بچہ نے اس کو پی لیا تو حرمت رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں۔ اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ جس کا دودھ غالب ہے اس کے ساتھ حرمت رضاعت ثابت ہوجائے گی۔ اسی کے قائل امام شافعیؒ ہیں اور امام محمدؒ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ دونوں کے ساتھ حرمت رضاعت ثابت ہوجائے گی۔ امام ابو حنیفہؒ سے دو روایتیں ہیں۔ ایک روایت میں ابو یوسفؒ کے ساتھ ہیں۔ اور دوسری راویت میں امام محمدؒ، وزفرؒ کے ساتھ ہیں۔ امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ دونوں عورتوں کا دودھ مل کر ایک چیز بن گئی ہے۔ لہٰذا اس پر رضاعت کا حکم مبنی کرنے میں اقل کو اکثر کے تابع بنادیا گیا۔

امام محمدؒ وزفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ جنس اپنی جنس پر غالب نہیں آتی ہے۔ کیونکہ غلبہ اس وقت متحقق ہوتا ہے جبکہ شیٔ مغلوب معدوم ہوجائے۔ اور شیٔ اپنی جنس میں مل کر معدوم نہیں ہوتی بلکہ اس میں اضافہ ہی ہوگا۔ اس لئے کہ دونوں کا مقصود متحد ہے۔ پس جب ایک شی اپنی جنس میں مل کر معدوم نہیں ہوئی تو ان میں سے کوئی کسی کے تابع نہیں ہوگا۔ اور جب ایک دوسرے کے تابع نہیں تو تحریم دونوں کے ساتھ مستقلاً متعلق ہوگی نہ کہ ایک کے ساتھ۔ اور اصل مسئلہ باب قسم میں ہے۔ صورت یہ ہے کہ ایک شخص نے قسم کھائی کہ میں اس بکری کا دودھ نہیں پیونگا پھر اس بکری کا دودھ دوسری بکری کے ساتھ مل گیا۔ اور اس دوسری بکری کا دودھ غالب ہے اور محلوف علیہا بکری کا دودھ مغلوب ہے تو اسی اختلاف پر ہے یعنی ابو یوسفؒ کے نزدیک حانث نہیں ہوگا کیونکہ مغلوب کالمعدوم ہوتا ہے اور امام محمدؒ کے نزدیک حانث ہوجائے گا۔ کیونکہ شی اپنی جنس کے ساتھ مل کر زیادہ ہوتی ہے معدوم نہیں ہوتی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## باکرہ کا دودھ اتر آیا اس نے بچہ کو پلایا تو حرمت متعلق ہوگی

وَإِذَا نَزَلَ لِلْبِكْرِ لَبَنٌ فَأَرْضَعَتْ صَبِيًّا تَعَلَّقَ بِهِ التَّحْرِيْمُ لِإِطْلَاقِ النَّصِّ وَلِأَنَّهُ سَبَبُ النُّشُوْءِ فَيَثْبُتُ بِهِ شُبْهَةُ الْبَعْضِيَّةِ.

---

ترجمہ......اور جب باکرہ سے دودھ اترا پھر کسی بچہ کو پلادیا تو اس کے ساتھ تحریم متعلق ہوجائے گی نص کے مطلق ہونے کی وجہ سے۔ اور اس لئے کہ دودھ نشو و نما کا سبب ہے۔ پس اس سے شبہ بعضیت ثابت ہوگا۔

تشریح......اگر باکرہ عورت کے پستان سے دودھ نکلا پھر وہ دودھ باکرہ نے کسی بچہ کو پلادیا تو باتفاق ائمہ اربعہؒ اس دودھ سے حرمتِ رضاعت ثابت ہوجائے گی۔ کیونکہ نص و امہاتکم اللاتی ارضعنکم مطلق ہے باکرہ اور ثیبہ کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔

دوسری دلیل یہ کہ باکرہ کا دودھ بھی نشو و نما کا سبب ہے۔ لہٰذا اس سے شبہ بعضیت ثابت ہوجائے گا۔ اور اس شبہ جزئیت و بعضیت کی وجہ سے احتیاطاً حرمتِ رضاعت ثابت کردی جائے گی۔ البتہ امام شافعیؒ اور امام محمدؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ باکرہ کے دودھ سے حرمت ثابت نہیں ہوگی۔ کیونکہ باکرہ کا دودھ نادر ہے پس مرد کے دودھ کے مشابہ ہوگیا۔

## عورت کے مرنے کے بعد اس کا دودھ دوہا گیا پھر بچہ کو پلادیا حرمت متعلق ہوگی

وَإِذَا حُلِبَ لَبَنُ الْمَرْأَةِ بَعْدَ مَوْتِهَا فَأُوْجِرَ الصَّبِيُّ تَعَلَّقَ بِهِ التَّحْرِيْمُ خِلَافًا لِلشَّافِعِيِّ هُوَ يَقُوْلُ الْأَصْلُ فِي ثُبُوْتِ

الْحُرْمَةِ إِنَّمَا هُوَ الْمَرْأَةُ ثُمَّ تَتَعَدّٰى إِلٰى غَيْرِهَا بِوَاسِطَتِهَا وَبِالْمَوْتِ لَمْ تَبْقَ مَحَلًّا لَهَا وَلِهٰذَا لَايُوْجِبُ وَطْيُهَا حُرْمَةُ الْمُصَاهَرَةِ وَلَنَا اَنَّ السَّبَبَ هُوَ شُبْهَةُ الْجُزْئِيَّةِ وَذٰلِكَ فِي اللَّبَنِ لِمَعْنَى الْإِنْشَاءِ وَالْإِنْبَاتِ وَهُوَ قَائِمٌ بِاللَّبَنِ وَ هٰذِهِ الْحُرْمَةُ تَظْهَرُ فِي حَقِّ الْمَيْتَةِ دَفْنًا وَ تَيْمِيْمًا اَمَّا الْحُرْمَةُ فِي الْوَطْيِ لِكَوْنِهٖ مُلَاقِيًا لِمَحَلِّ الْحَرْثِ وَ قَدْ زَالَ بِالْمَوْتِ فَافْتَرَقَا.

---

ترجمہ...... اور اگر عورت کا دودھ اس کے مرنے کے بعد دوہا گیا۔ پھر وہ دودھ بچہ (کے منہ میں) ٹپکایا گیا۔ تو اس کے ساتھ حرمتِ (رضاعت) متعلق ہوجائے گی۔ خلاف ہے امام شافعیؒ کا وہ فرماتے ہیں کہ ثبوتِ حرمت میں اصل تو عورت ہی ہے۔ پھر (حرمت) اس کے واسطے سے اس کے غیر کی طرف متعدی ہوتی ہے۔ اور موت کی وجہ سے (عورت) حرمت کا محل نہیں رہی۔ اور اسی وجہ سے اس مردہ عورت سے وطی کرنا حرمتِ مصاہرت کا موجب نہیں ہے۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ (حرمتِ رضاعت کا) سبب جزئیت کا شبہ ہے۔ اور یہ بات دودھ میں موجود ہے۔ کیونکہ (گوشت) بڑھانے اور (ہڈی) اگانے کے معنیٰ (دودھ میں موجود ہیں) اور یہ معنیٰ دودھ کے ساتھ قائم ہیں۔ اور یہ حرمت (اس) مردہ عورت کے حق میں دفن کرنے اور تیمم کرانے کے اعتبار سے ظاہر ہوگی۔ بہر حال وطی میں جزء ہونا کیونکہ وہ ملاقی ہے محل حرث کو اور (محل حرث) موت کی وجہ سے زائل ہوگیا۔ پس فرق (ظاہر) ہوگیا۔

تشریح...... اُوجر ماضی مجہول۔ وجر سے مشتق ہے۔ وجر اور وجور، وہ دواء جس کو وسط منہ میں ڈالا جائے۔ اوجر منہ میں دواء ڈالنا۔ متعدی بدو مفعول ہے۔ مفعول اول ضمیر جو راجع ہے لبن المرأۃ کی طرف اور قائم مقام فاعل کے ہے دوسرا مفعول الصبی۔ (عینی شرح ہدایہ)۔

صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ عورت کے مرجانے کے بعد اس کا دودھ دوہا گیا۔ پھر وہ دودھ بچہ کے منہ میں ڈال دیا گیا ہے تو احنافؒ کے نزدیک اس سے حرمتِ رضاعت ثابت ہوجائے گی۔ اسی کے قائل امام مالکؒ اور امام احمدؒ ہیں۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ ماتن نے بعد الموت کے ساتھ اس لئے مقید کیا کہ اگر قبل الموت عورت کا دودھ دوہ لیا گیا اور بعد الموت بچہ کے منہ میں داخل کیا گیا تو اس صورت میں امام شافعیؒ کے نزدیک بھی حرمت مصاہرت ثابت ہوجائے گی۔ بہر حال مختلف فیہ صورت میں امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ حرمتِ رضاعت کے ثبوت میں اصل تو عورت ہے۔ یعنی اولاً اس دودھ پلانے والی عورت اور دودھ پینے والے بچے کے درمیان حرمت ثابت ہوگی۔ پھر اس عورت کے واسطے سے اس کے غیر کی طرف حرمت متعدی ہوگی۔ لیکن چونکہ یہ عورت موت کی وجہ سے محل حرمت نہیں رہی اس لئے غیر کی طرف بھی حرمت متعدی نہیں ہوگی اور چونکہ یہ عورت محل حرمت نہیں رہی اسی وجہ سے اگر اس میتہ عورت سے وطی کرلی گئی تو حرمتِ مصاہرت ثابت نہیں ہوگی۔

**ہماری دلیل**...... یہ ہے کہ حرمتِ رضاعت کا سبب جزئیت کا شبہ ہے اور چونکہ دودھ پینے کی وجہ سے بچہ کے گوشت اور ہڈیوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ دودھ پینے کی صورت میں یہ شبہ جزئیت موجود ہے۔ اور جب حرمت رضاعت کا سبب یعنی شبہ جزئیت موجود ہے تو اس مُردہ عورت کا دودھ پینے کی وجہ سے بھی حرمت ثابت ہوجائے گی۔

**وھٰذہ الحرمۃ** سے امام شافعی کا رد ہے۔ یعنی امام شافعیؒ نے یہ فرمایا کہ موت کی وجہ سے عورت محل حرمت نہیں رہتی غلط ہے۔ کیونکہ یہ حرمت مُردہ عورت کے حق میں جواز دفن اور جواز تیمم کے اعتبار سے ظاہر ہوگی۔ صورت اس کی یہ ہے کہ ایک بچی جس نے مُردہ عورت کا دودھ پیا ہے۔ وہ شوہر والی ہے تو اس بچی کا شوہر اس مردہ عورت کے لئے محرم ہوگا۔ کیونکہ یہ مردہ عورت اس بچی کے شوہر کی ساس ہوگئی اور ظاہر ہے کہ داماد ساس کے لئے محرم ہوتا ہے۔ اب اگر اس مردہ عورت کا کوئی محرم نہیں اور بغیر غسل کے اس کو تیمم کرانے کی ضرورت ہے تو اس بچی کا شوہر اس کو تیمم کرادے اور دفن کرے۔ کیونکہ یہ مردہ عورت اس کی رضاعی ساس ہے۔

**امــا الجزئیۃ** سے امام شافعیؒ کے قیاس کا جواب ہے۔ حاصل جواب یہ ہے کہ حرمتِ رضاعت کو حرمت مصاہرت پر قیاس کرنا درست نہیں۔

کیونکہ دونوں میں فارق موجود ہے۔ فارق یہ ہے کہ رضاعت میں حرمت کا سبب تغذی کے واسطے سے گوشت اور ہڈی کا بڑھنا ہے جس سے جزئیت ثابت ہوگی اور حرمتِ مصاہرت کا سبب وہ جزئیت ہے جو ولد کے واسطے سے حاصل ہوگی۔ اور ولد اس وقت متصور ہوگا جبکہ وطی محل حرث میں کی گئی ہو۔ اور موت کی وجہ سے محل حرث زائل ہوگیا۔ لہٰذا موت کے بعد ولد بھی متصور نہیں ہوگا۔ اور جب موت کے بعد ولد متصور نہیں ہوگا تو جزئیت بھی متصور نہیں ہوگی حاصل یہ کہ موت کے بعد عورت کا دودھ دوہ کر اگر بچہ کو پلا دیا گیا تو جزئیت ثابت ہوگی اور مُردہ عورت کے ساتھ اگر وطی کی گئی تو محل حرث نہ ہونے کی وجہ سے ولد متصور نہیں ہوگا۔ اور ولد متصور نہ ہونے کی وجہ سے جزئیت ثابت نہیں ہوگی۔ لہٰذا رضاعت کو بعد الموت وطی پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ واللہ اعلم بالصواب (الکفایہ)۔

## بچہ کا دودھ سے حقنہ کیا گیا حرمت متعلق نہیں ہوگی

**وَاِذَا احْتُقِنَ الصَّبِیُّ بِاللَّبَنِ لَمْ یَتَعَلَّقْ بِهِ التَّحْرِیْمُ وَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَنَّهٗ تَثْبُتُ بِهِ الْحُرْمَةُ کَمَا یَفْسُدُ بِهِ الصَّوْمُ وَوَجْهُ الْفَرْقِ عَلَی الظَّاهِرِ اَنَّ الْمُفْسِدَ فِی الصَّوْمِ اِصْلَاحُ الْبَدَنِ وَیُوْجَدُ ذَالِكَ فِی الدَّوَاءِ فَاَمَّا الْمُحَرِّمُ فِی الرَّضَاعِ مَعْنَی النُّشُوْءِ وَلَا یُوْجَدُ ذٰلِكَ فِی الْاِحْتِقَانِ لِاَنَّ الْمُغَذِّیْ وُصُوْلُهٗ مِنَ الْاَعْلٰی.**

---

ترجمہ ..... اور اگر بچہ کو (کسی عورت کے) دودھ سے حقنہ کیا گیا تو اس سے حرمتِ رضاعت متعلق نہ ہوگی۔ (یہی ظاہر الروایہ ہے) اور امام محمدؒ سے مروی ہے کہ حرمت ثابت ہو جائے گی۔ جیسا کہ اس سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے۔ اور وجہ فرق ظاہر الروایہ پر یہ ہے کہ روزہ میں مفسد بدن کی اصلاح کرنا ہے۔ اور یہ بات دوا میں پائی جاتی ہے۔ رہی رضاعت میں حرام کرنے والی چیز تو وہ بڑھنے کے معنی ہیں۔ اور حقنہ کرنے میں یہ معنی نہیں پائے جاتے ہیں کیونکہ غذا دینے والی چیز تو وہ ہے جس کا پہنچنا اوپر سے ہو۔

تشریح ..... احتقان حقنہ کرنا۔ مریض کو اعضاء سفلیٰ کی جانب سے دوا دینا۔ مغرب (لغت کی کتاب) میں ہے کہ اُحْتُقِنَ درست نہیں ہے۔ بلکہ حُقِنَ زیادہ صحیح ہے۔ کیونکہ صاحب مغرب نے احتقان کو لازم مانا ہے لیکن تاج المصادر میں مذکور ہے کہ احتقان کے معنی حقنہ کرنا ہے۔ پس صاحب تاج المصادر نے احتقان کو متعدی مانا ہے۔ لہٰذا اس بنا پر بصیغہ مجہول استعمال کرنا درست ہے۔

صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی بچے کے پیٹ میں حقنہ کے ذریعہ کسی عورت کا دودھ پہنچایا گیا تو اس کے ساتھ حرمتِ رضاعت متعلق نہیں ہوگی۔ ظاہر الروایہ میں اسی طرح ہے۔ البتہ نوادر میں امام محمدؒ سے مروی ہے کہ اس سے بھی حرمت ثابت ہو جائے گی۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ جس طرح حقنہ کرنے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے۔ اسی طرح حقنہ کے ذریعہ بچہ کے پیٹ میں دودھ پہنچانے سے بھی حرمت رضاعت ثابت ہو جائے گی۔

ظاہر الروایہ کے بیان کے مطابق باب احتقان میں فساد صوم اور تحریم رضاعت کے درمیان وجہ فرق یہ ہے کہ روزہ میں مفسد بدن کی اصلاح ہے اور حقنہ کے ذریعہ دوا پہنچانے میں اصلاح بدن موجود ہے اس لئے روزہ فاسد ہو جائے گا اور محرم رضاعت میں نشو ونما کے معنی ہیں اور حقنہ کرنے میں یہ معنی پائے نہیں جاتے۔ کیونکہ غذاء دینے والی تو وہ چیز ہے جس کا پہنچنا اوپر کی جانب (منہ) سے ہو نہ کہ نیچے سے۔ بہر حال جب حقنہ کے ذریعہ دودھ پہنچانے میں نشو ونما نہیں ہوتی جو رضاعت میں محرم ہے تو اس کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی۔

## مرد کا دودھ اتر آیا اس نے بچے کو دودھ پلایا حرمت متعلق نہیں ہوگی

**وَاِذَا نَزَلَ لِلرَّجُلِ لَبَنٌ فَاَرْضَعَ صَبِیًّا لَمْ یَتَعَلَّقْ بِهِ التَّحْرِیْمُ لِاَنَّهٗ لَیْسَ بِلَبَنٍ عَلَی التَّحْقِیْقِ فَلَا یَتَعَلَّقُ بِهِ النُّشُوْءُ وَالنُّمُوُّ وَهٰذَا لِاَنَّ اللَّبَنَ اِنَّمَا یُتَصَوَّرُ مِمَّا یُتَصَوَّرُ مِنْهُ الْوِلَادَةُ.**

ترجمہ ...... اور اگر کسی مرد کے دودھ اتر آیا۔ پھر اس نے کسی بچہ کو پلا دیا تو اس کی وجہ سے تحریم متعلق نہیں ہوگی۔ کیونکہ یہ درحقیقت دودھ ہی نہیں ہے لہٰذا اس کے ساتھ نشو ونما متعلق نہیں ہوگا۔ اور یہ اس لئے کہ دودھ اس شخص سے متصور ہوتا ہے جس سے ولادت متصور ہوتی ہے۔

تشریح ...... اگر کسی مرد کے پستان سے دودھ نکلا۔ اس نے وہ دودھ کسی بچہ کو پلا دیا تو اس سے حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوگی (اس پر ائمہ اربعہ متفق ہیں) دلیل یہ ہے کہ مرد کا دودھ درحقیقت دودھ نہیں ہے۔ جیسا کہ مچھلی کا خون درحقیقت خون نہیں۔ لہٰذا اس سے نشو ونما بھی نہیں ہوگا۔ اور مرد کے دودھ کا درحقیقت دودھ نہ ہونا اس وجہ سے ہے کہ دودھ اس شخص سے متصور ہوگا جس سے ولادت متصور ہوتی ہے۔ اور چونکہ مرد سے ولادت متصور نہیں اس وجہ سے دودھ بھی متصور نہیں ہوگا اور جب مرد سے دودھ متصور نہیں تو اس کے ساتھ تحریم بھی متعلق نہ ہوگی۔

اسی طرح اگر باکرہ کے پستان سے زرد پانی سا نکل آیا اور وہ کسی بچہ کو پلا دیا تو اس کی وجہ سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔ مُغنی میں ہے کہ خنثیٰ کا دودھ مرد کے دودھ کے حکم میں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## دو بچوں نے بکری کا دودھ پیا حرمت متعلق نہیں ہوگی

**وَاِذَا شَرِبَ صَبِيَّانِ مِنْ لَبَنِ شَاةٍ لَمْ يَتَعَلَّقْ بِهِ التَّحْرِيْمُ لِاَنَّهُ لَا جُزْئِيَّةَ بَيْنَ الْاٰدَمِيِّ وَالْبَهَائِمِ وَالْحُرْمَةُ بِاعْتِبَارِهَا.**

ترجمہ ...... اور جب دو بچوں (لڑکا اور لڑکی) نے ایک بکری کا دودھ پیا تو اس کے ساتھ تحریم متعلق نہیں ہوگی۔ کیونکہ آدمی اور چوپائے کے درمیان کوئی جزئیت نہیں ہے۔ اور حرمت جزئیت ہی کے اعتبار سے ہوتی ہے۔

تشریح ...... صورت مسئلہ اور دلیل واضح ہیں۔ البتہ ایک واقعہ ملاحظہ ہو۔

محمد ابن اسماعیل بخاریؒ فرماتے تھے کہ اس سے حرمتِ رضاعت ثابت ہو جائے گی۔ حضرت امام بخاریؒ شیخ ابوحفصؒ الکبیر کے زمانہ میں بخارا تشریف لائے اور فتاویٰ دینے لگے۔ شیخ نے امام بخاریؒ سے فرمایا کہ یہ کام مت کرو لیکن امام بخاریؒ نے شیخ کی نصیحت قبول کرنے سے گریز کیا حتیٰ کہ ایک مرتبہ ان سے استفتاء لیا کہ اگر دو بچوں نے ایک بکری کا دودھ پی لیا تو کیا حکم ہے؟ حضرت امامؒ نے ثبوت حرمت کا فتویٰ دیا۔ اس کے بعد لوگ جمع ہو گئے اور امام بخاریؒ کو اس فتویٰ کی وجہ سے بخارا سے نکال دیا گیا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ایک آدمی نے صغیرہ اور کبیرہ سے نکاح کیا کبیرہ نے صغیرہ کو دودھ پلایا، دونوں حرام ہو جائیں گی

**وَاِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ صَغِيْرَةً وَ كَبِيْرَةً فَاَرْضَعَتِ الْكَبِيْرَةُ الصَّغِيْرَةَ حَرُمَتَا عَلَى الزَّوْجِ لِاَنَّهُ يَصِيْرُ جَامِعًا بَيْنَ الْاُمِّ وَالْبِنْتِ رِضَاعًا وَذٰلِكَ حَرَامٌ كَالْجَمْعِ بَيْنَهُمَا نَسَبًا ثُمَّ اِنْ لَمْ يَدْخُلْ بِالْكَبِيْرَةِ فَلَا مَهْرَ لَهَا لِاَنَّ الْفُرْقَةَ جَاءَتْ مِنْ قِبَلِهَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا وَلِلصَّغِيْرَةِ نِصْفُ الْمَهْرِ لِاَنَّ الْفُرْقَةَ وَقَعَتْ لَا مِنْ جِهَتِهَا وَالْاِرْتِضَاعُ وَاِنْ كَانَ فِعْلًا مِنْهَا لٰكِنَّ فِعْلَهَا غَيْرُ مُعْتَبَرٍ فِيْ اِسْقَاطِ حَقِّهَا كَمَا اِذَا قَتَلَتْ مُوَرِّثَهَا وَ يَرْجِعُ بِهِ الزَّوْجُ عَلَى الْكَبِيْرَةِ اِنْ كَانَتْ تَعَمَّدَتْ بِهِ الْفَسَادَ وَاِنْ لَمْ تَتَعَمَّدْ فَلَا شَيْءَ عَلَيْهَا وَاِنْ عَلِمَتْ بِاَنَّ الصَّغِيْرَةَ اِمْرَاَتُهُ وَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَنَّهُ يَرْجِعُ فِي الْوَجْهَيْنِ وَالصَّحِيْحُ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ لِاَنَّهَا وَاِنْ اَكَّدَتْ مَا كَانَ عَلٰى شَرَفِ السُّقُوْطِ وَ هُوَ نِصْفُ الْمَهْرِ وَذٰلِكَ يَجْرِيْ مَجْرَى الْاِتْلَافِ لٰكِنَّهَا مُسَبِّبَةٌ فِيْهِ اِمَّا لِاَنَّ الْاِرْضَاعَ لَيْسَ بِاِفْسَادِ النِّكَاحِ وَضْعًا وَاِنَّمَا يَثْبُتُ ذٰلِكَ بِاتِّفَاقِ الْحَالِ اَوْ لِاَنَّ فَسَادَ النِّكَاحِ لَيْسَ بِسَبَبٍ لِاِلْزَامِ الْمَهْرِ بَلْ هُوَ سَبَبٌ لِسُقُوْطِهِ اِلَّا اَنَّ نِصْفَ الْمَهْرِ**

يَجِبُ بِطَرِيْقِ الْمُتْعَةِ عَلٰى مَا عُرِفَ لٰكِنْ مِنْ شَرْطِهٖ اِبْطَالُ النِّكَاحِ وَاِذَا كَانَتْ مُسَبِّبَةً يُشْتَرَطُ فِيْهِ التَّعَدِّيْ كَحُفْرِ الْبِيْرِ ثُمَّ اِنَّمَا تَكُوْنُ مُتَعَدِّيَةً اِذَا عَلِمَتْ بِالنِّكَاحِ وَ قَصَدَتْ بِالْاِرْضَاعِ الْفَسَادَ اَمَّا اِذَا لَمْ تَعْلَمْ بِالنِّكَاحِ اَوْ عَلِمَتْ بِالنِّكَاحِ وَلٰكِنَّهَا قَصَدَتْ دَفْعَ الْجُوْعِ وَالْهَلَاكِ مِنَ الصَّغِيْرَةِ دُوْنَ الْاِفْسَادِ لَاتَكُوْنُ مُتَعَدِّيَةً لِاَنَّهَا مَاْمُوْرَةٌ بِذٰلِكَ وَلَوْ عَلِمَتْ بِالنِّكَاحِ وَلَمْ تَعْلَمْ بِالْفَسَادِ لَا تَكُوْنُ مُتَعَدِّيَةً اَيْضًا وَهٰذَا مِنَّا اِعْتِبَارُ الْجَهْلِ لِدَفْعِ قَصْدِ الْفَسَادِ لَا لِدَفْعِ الْحُكْمِ.

---

ترجمہ......اور جب کسی مرد نے ایک صغیرہ (دودھ پیتی بچی) اور ایک کبیرہ سے نکاح کرلیا۔ پھر اس کبیرہ نے صغیرہ کو (مدتِ رضاعت میں) دودھ پلادیا تو شوہر پر دونوں حرام ہو جائیں گی۔ کیونکہ یہ (مرد) رضاعی ماں اور بیٹی کو جمع کرنے والا ہوگا۔ اور یہ حرام ہے۔ جیسا کہ نسبی ماں اور بیٹی کو جمع کرنا (حرام) ہے۔ پھر اگر کبیرہ کے ساتھ دخول نہیں ہوا تو اس کے لئے مہر نہیں ہوگا کیونکہ فرقت اسی کی جانب سے آئی ہے اس کے ساتھ دخول کرنے سے پہلے۔ اور صغیرہ کے لئے نصف مہر ہوگا۔ کیونکہ فرقت اس کی جانب سے واقع نہیں ہوئی اور دودھ چوسنا اگرچہ اس کا فعل ہے لیکن اس کا فعل اس کا حق ساقط کرنے میں معتبر نہیں ہے۔ جیسا کہ جب صغیرہ نے اپنے مورث کو قتل کر ڈالا اور شوہر کبیرہ سے نصف مہر رجوع کرلے گا اگر کبیرہ نے اس سے فسادِ (نکاح) کا ارادہ کیا ہو۔ اور اگر ارادہ نہیں کیا (فسادِ نکاح کا) تو کبیرہ پر کچھ واجب نہیں ہے۔ اگرچہ وہ جانتی ہے کہ صغیرہ اس کی بیوی ہے (یہی ظاہر الروایۃ ہے)۔

اور (نوادر میں) امام محمدؒ سے روایت ہے کہ (شوہر) دونوں صورتوں میں رجوع کرے گا۔ (فساد کا ارادہ ہو یا نہ ہو) اور صحیح ظاہر الروایۃ ہے۔ کیونکہ کبیرہ نے گرچہ (ایسا مال) مؤکد کردیا جو ساقط ہونے کے قریب تھا اور وہ نصف مہر ہے۔ اور یہ (تاکیدِ مہر) تلف کرنے کے قائم مقام ہے۔ لیکن کبیرہ اس فعل میں مسببہ ہے یا تو اس لئے کہ دودھ پلانا فسادِ نکاح کے لئے موضوع نہیں ہے۔ اور یہ (فسادِ نکاح) اتفاقاً ثابت ہوگیا۔ یا اس لئے کہ فسادِ نکاح التزامِ مہر کا سبب نہیں ہے بلکہ وہ سقوطِ مہر کا سبب ہے۔ مگر یہ کہ نصف مہر بطور متعہ کے واجب ہوتا ہے۔ چنانچہ معلوم ہوا۔ لیکن اس کے وجوب کی شرط نکاح کا باطل ہونا ہے۔ اور جب (کبیرہ) مسببہ ہے تو اس میں تعدی کی شرط ہوگی۔ جیسے کنواں کھودنا۔ پھر (کبیرہ) متعدیہ اس وقت ہوگی جبکہ (اس کو) نکاح کا علم ہو اور دودھ پلانے سے فسادِ (نکاح) کا ارادہ کیا ہو۔ بہر حال جب (اس کو) نکاح کا علم نہیں ہے یا نکاح تو معلوم ہے۔ لیکن اس نے صغیرہ سے بھوک اور ہلاکت درفع کرنے کا ارادہ کیا ہے نہ کہ (نکاح) فاسد کرنے کا۔ تو (یہ کبیرہ) متعدیہ نہیں ہوگی۔ کیونکہ (کبیرہ) ایسا (کرنے کی شرعاً) مامور ہے اور اگر نکاح کا علم ہے اور فسادِ (نکاح) نہیں جانتی تب بھی متعدیہ نہیں ہوگی۔ اور یہ جہل کا اعتبار ہماری طرف سے فساد کے ارادہ کو دفع کرنے کے لئے ہے نہ کہ حکم (شرع) کو دفع کرنے کے لئے۔

تشریح......صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص کے نکاح میں ایک کبیرہ ہے اور ایک دودھ پیتی بچی۔ کبیرہ عورت نے اس صغیرہ رضیعہ کو اپنا دودھ پلادیا تو اس شوہر پر یہ دونوں حرام ہو جائیں گی۔ اسی کے قائل امام شافعیؒ اور امام احمدؒ ہیں۔ کبیرہ کی حرمتِ مؤبدہ تو اس لئے ہے کہ وہ اپنے شوہر کی رضاعی ساس ہوگئی اور صغیرہ کے بارے میں قدرے تفصیل ہے وہ یہ کہ اگر اس شوہر نے کبیرہ کے ساتھ وطی کی تھی اس کے نتیجہ میں اس کبیرہ سے بچہ پیدا ہوا اور دودھ اتر آیا پھر کبیرہ نے یہ دودھ اس کی صغیرہ رضیعہ بیوی کو پلادیا تو اس صغیرہ کے ساتھ بھی حرمت مؤبدہ ثابت ہو جائے گی۔ اس لئے کہ یہ صغیرہ اس کی رضاعی بیٹی ہوگئی اور یہ شوہر اس کا رضاعی باپ ہوگیا اور اگر اس کبیرہ کا دودھ پہلے شوہر سے اترا اور اس شخص نے پہلے شوہر کے طلاق دینے کے بعد اس سے نکاح کیا درآنحالیکہ یہ کبیرہ دودھ والی ہے۔ پھر اس کبیرہ نے اس کی صغیرہ بیوی کو دودھ پلادیا تو اب دیکھنا ہے کہ یہ شوہر ثانی اس کبیرہ کے ساتھ دخول کرچکا یا نہیں۔ اگر دخول کرچکا ہے تب بھی صغیرہ کے ساتھ حرمت ثابت ہو جائے گی اور اگر کبیرہ کے ساتھ دخول نہیں ہوا تو صغیرہ اس شوہر پر حرام نہیں ہوگی۔ کیونکہ یہ صغیرہ ربیبہ ہے۔ اور ربیبہ کا یہی حکم ہے کہ اگر اس کی ماں کے ساتھ دخول ہو چکا تو ربیبہ سے نکاح حرام ہے اور اس کی

ماں سے دخول نہیں ہوا تو نکاح حلال ہے (فتح القدیر، الکفایہ)

بہر حال کبیرہ اور صغیرہ دونوں کے حرام ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں رضاعی ماں بیٹی ہوگئی ہیں اور رضاعی ماں بیٹی کا نکاح میں جمع کرنا اسی طرح حرام ہے جیسا کہ نسبی ماں بیٹی کا جمع کرنا حرام ہے۔

ثم ان لم یدخل بالکبیرۃ سے مہر کا حکم بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ اگر شوہر نے کبیرہ کے ساتھ دخول نہیں کیا ہے تو شوہر پر کبیرہ کے لئے مہر واجب نہیں ہوگا۔ دودھ پلانے سے فسادِ نکاح کا ارادہ کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ دلیل یہ ہے کہ کبیرہ کے دودھ پلانے کی وجہ سے فرقت قبل الدخول اسی کی جانب سے آئی ہے۔ اور قبل الدخول عورت کی جانب سے فرقت کا واقع ہونا نصف مہر کو ساقط کر دیتا ہے۔ اس وجہ سے کبیرہ کے لئے مہر واجب نہیں ہوگا۔ چونکہ سقوطِ مہر کی علت کبیرہ کی جانب فرقت کو منسوب کرنا ہے اس لئے ہم کہتے ہیں کہ اگر دودھ پلانے کے لئے کبیرہ پر جبر کیا گیا یا وہ سوئی ہوئی تھی صغیرہ نے خود بخود منہ لگا کر دودھ پی لیا یا کسی شخص نے کبیرہ کا دودھ لیکر اس صغیرہ کے منہ میں ڈال دیا یا کبیرہ نے دیوانگی کی حالت میں دودھ پلا دیا تو ان تمام صورتوں میں کبیرہ کے لئے نصف مہر ہوگا۔ کیونکہ ان صورتوں میں کبیرہ کی جانب فرقت کو منسوب نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر شوہر اس کبیرہ کے ساتھ دخول کر چکا تو اس کے لئے پورا مہر واجب ہوگا۔ البتہ شوہر پر عدت کا نفقہ واجب نہیں ہوگا۔ کیونکہ جنایت کبیرہ ہی کی طرف سے ہے۔

رہی یہ بات کہ صغیرہ کے لئے مہر ہوگا یا نہیں۔ سو اس بارے میں احنافؒ کا مذہب یہ ہے کہ صغیرہ کے لئے نصف مہر واجب ہوگا۔ اور امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ واجب نہیں ہوگا۔ امام مالکؒ کی دلیل یہ ہے کہ فرقت صغیرہ کی جانب سے بھی واقع ہوئی ہے۔ بایں طور کہ وہ کبیرہ کی بیٹی بن گئی۔ پس جس طرح کبیرہ کا مہر ساقط ہو گیا اسی طرح اس کا بھی ساقط ہو جائے گا۔

احنافؒ کی دلیل یہ ہے کہ صغیرہ کی جانب سے فرقت واقع نہیں ہوئی لیکن اگر آپ اشکال کریں کہ دودھ پینا تو صغیرہ کا فعل ہے۔ لہٰذا اس سے ثابت ہوا کہ صغیرہ کی جانب سے فرقت پائی گئی تو ہم جواب دیں گے کہ دودھ پینا اگرچہ صغیرہ کا فعل ہے اور فسادِ نکاح اسی سے واقع ہوا ہے لیکن صغیرہ کا فعل اس کے حق کو ساقط کرنے میں شرعاً معتبر نہیں ہے۔ کیونکہ صغیرہ احکام شرع کی مخاطب نہیں۔ اس وجہ سے اس کے کسی فعل پر شریعت کا حکم مرتب نہیں ہوگا۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ صغیرہ نے اپنے کسی مُورث کو قتل کر ڈالا تو یہ صغیرہ مقتول کی وارث ہوگی۔ اور اس کا قتل شرعاً حرمانِ وراثت کا موجب نہیں ہوگا۔ درآنحالیکہ قاتل اپنے مورث مقتول کی وراثت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شریعت نے صغیرہ کے فعلِ قتل کا اعتبار نہیں کیا ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ صغیرہ طبعاً دودھ پینے پر مجبور ہے۔ اور کبیرہ اپنا پستان اس کے منہ میں ڈالنے کے سلسلہ میں مختار ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ افعال مختار کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں نہ کہ مجبور کی طرف۔ (صغیرہ کے قتل کرنے کی صورت یہ ہوگی کہ صغیرہ چھت پر ہے اور ماں نیچے سو رہی ہے۔ پس صغیرہ نے ایک پتھر اوپر سے نیچے اپنی ماں پر گرا دیا جس کے نتیجہ میں موت واقع ہوگئی) (الکفایہ)

مصنفؒ ویرجع الزوج سے یہ حکم بیان فرما رہے ہیں کہ جو نصف مہر صغیرہ کو دیا ہے شوہر اس کو کبیرہ سے واپس لینے کا مجاز ہے یا نہیں۔ سو اس بارے میں اختلاف ہے۔ ظاہر الروایۃ میں ہے کہ اگر دودھ پلانے سے کبیرہ نے فسادِ نکاح کا ارادہ کیا ہے تو شوہر کو کبیرہ سے نصف مہر واپس لینے کا اختیار ہوگا۔ اور اگر فسادِ نکاح کا ارادہ نہیں کیا بلکہ بھوک اور ہلاکت دور کرنے کا ارادہ ہے تو اس صورت میں کبیرہ سے نصف مہر رجوع کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔ اگرچہ کبیرہ کو یہ علم ہے کہ صغیرہ اس کی بیوی ہے۔ اور امام محمدؒ سے نوادر کی روایت ہے کہ شوہر دونوں صورتوں میں کبیرہ سے نصف مہر رجوع کرے گا۔ کبیرہ نے فسادِ نکاح کا ارادہ کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ یہی قول ہے امام زفرؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا۔ البتہ صحیح وہ ہے جو ظاہر الروایۃ میں ہے۔

امام احمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ کبیرہ فسادِ نکاح میں مسببہ (سبب فراہم کرنے والی) ہے اور قاعدہ ہے کہ وجوبِ ضمان میں مسبب مباشر (مرتکب) کے مانند ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کسی شخص نے کسی دوسرے کے پنجرے کا دروازہ کھول دیا اور پرندہ اڑ گیا یا اصطبل کا دروازہ کھول دیا اور گھوڑا بھاگ

گیا یا قیدی کے پیر کی بیڑی کھولدی اور وہ بھاگ گیا تو اس دروازہ کھولنے والے اور بیڑی کھولنے والے پر ضمان واجب ہوگا۔ حالانکہ یہ صرف مسبب ہے مباشر نہیں۔ لیکن مسبب کو مباشر کے مانند قرار دے کر مسبب پر وہی حکم لگا دیا گیا جو مباشر پر لگایا جاتا ہے۔ اور چونکہ مباشرت میں متعدی (تعدی اور ظلم کرنے والا) اور غیر متعدی دونوں برابر ہیں۔ پس ایسے ہی تسبیب (سبب فراہم کرنے) میں بھی متعدی اور غیر متعدی دونوں برابر ہوں گے۔ اس لئے امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ کبیرہ نے دودھ پلا کر تعدی کی ہو۔ (فسادِ نکاح کا ارادہ کیا ہو) یا تعدی نہ کی ہو۔ یعنی فسادِ نکاح کا ارادہ نہ کیا ہو۔ دونوں صورتوں میں شوہر کبیرہ سے نصف مہر رجوع کرے گا۔ (عنایہ)

ظاہر الروایۃ کی وجہ یہ ہے کہ صغیرہ کا نصف مہر ساقط ہونے کے قریب تھا۔ کیونکہ ممکن تھا کہ بالغ ہو کر قبل الدخول یہ ابن الزوج کو بوسہ دیدیتی یا مرتد ہو جاتی اور اس کی وجہ سے اس کا مہر بالکلیہ ساقط ہو جاتا۔ الحاصل صغیرہ کا نصف مہر جو ساقط ہونے کے قریب تھا کبیرہ نے دودھ پلا کر اس نصف مہر کو مؤکد کر دیا۔ اور یہ تاکید مہر ضمان واجب کرنے کے حق میں اتلاف کے قائم مقام ہے۔ گویا کبیرہ نے صغیرہ کو دودھ پلا کر شوہر کا نصف مہر تلف کر دیا ہے۔ لیکن یہ ذہن نشین رہے کہ یہ کبیرہ اتلاف مہر میں صرف مسببہ ہے نہ کہ مباشرہ۔ یعنی صاحبِ سبب ہے نہ کہ صاحبِ علت اور مسببہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ دودھ پلانا نکاح فاسد کرنے کے لئے وضع نہیں کیا گیا ہے۔ بلکہ وہ بچہ کی تربیت اور پرورش کے لئے موضوع ہے۔ اور یہاں اتفاقی طور پر فسادِ نکاح اس لئے ثابت ہو گیا کہ وہ دونوں صغیرہ اور کبیرہ ماں بیٹی ہو کر ایک آدمی کے نکاح میں جمع ہو گئیں۔ ورنہ اگر یہ کبیرہ کسی دوسرے کی دودھ پیتی بیوی کو دودھ پلا دیتی تو ان دونوں میں سے کسی کا نکاح فاسد نہ ہوتا۔ پس معلوم ہوا کہ دودھ پلانے سے فسادِ نکاح اتفاقی امر ہے۔ اور مسببہ ہونے کی یا یہ وجہ ہے کہ فسادِ نکاح شرعاً الزام مہر کا سبب نہیں ہے۔ بلکہ درحقیقت سقوطِ مہر کا سبب ہے۔ کیونکہ جس چیز کی وجہ سے مبدل (منافع بضع) فوت ہو جاتا ہے۔ اس وجہ سے بدل (مہر) بھی فوت ہو جائے گا۔

مگر یہ سوال ہوگا کہ آپ نے کیسے کہا کہ فسادِ نکاح شرعاً الزامِ مہر کا سبب نہیں۔ حالانکہ شوہر پر صغیرہ کے لئے نصف مہر واجب ہوتا ہے۔ صاحب ہدایہؒ نے **الا ان نصف المهر** سے اسی سوال کا جواب دیا ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ یہ نصف مہر صغیرہ کے لئے بطور متعہ کے واجب ہے۔ جیسا کہ سابق میں معلوم ہوا۔ (باب مہر)

لیکن اگر کوئی اشکال کرے کہ نصف مہر کا بطور متعہ واجب ہونا تسلیم نہیں۔ کیونکہ متعہ طلاق قبل الدخول کی صورت میں واجب ہوتا ہے بشرطیکہ تسمیۂ مہر نہ پایا جائے۔ اور یہاں تسمیہ موجود ہے اسی وجہ سے نصف مہر واجب ہوا۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر بطور متعہ واجب ہونا مان لیا جائے تو معترض کہہ سکتا ہے کہ تین کپڑے واجب ہونے چاہئیں نہ کہ نصف مہر۔ ہم اس کا جواب دیں گے کہ مصنفؒ کی یہ مراد نہیں ہے کہ یہ نصف مہر متعہ ہے۔ جیسا کہ معترض نے سمجھا۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ نص کی وجہ سے خلاف قیاس ہونے میں نصف مہر کا وجوب، وجوب متعہ کے مانند ہے (متعہ کے بارے میں نص **ومتعوهن على الموسع** ......الایۃ ہے اور نصف مہر کے بارے میں **اذا طلقتم النساء مالم تمسوهن او تفرضوا لهن فريضة فنصف ما فرضتم** ......الآیۃ ہے)۔

خلاصہ یہ ہے کہ یہ نصف مہر بطور متعہ کے واجب ہے۔ لیکن وجوب متعہ کی شرط بطلان نکاح ہے۔ اور وہ یہاں پائی گئی۔ اس لئے کہ کبیرہ کے دودھ پلانے کی وجہ سے صغیرہ کا نکاح بھی باطل ہو گیا اس وجہ سے صغیرہ کے لئے نصف مہر واجب کیا گیا ہے۔

بہر حال بالدلیل یہ ثابت ہو گیا کہ کبیرہ دودھ پلانے میں مسببہ ہے نہ کہ مباشرہ۔ اور شیخینؒ کے نزدیک ضمان واجب کرنے کے حق میں مسبب مباشر کے مانند نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ دونوں میں فرق ہے وہ یہ کہ مسبب پر ضمان واجب کرنے کے لئے تعدی شرط ہے۔ مثلاً کسی نے شارع عام پر یا دوسرے کی زمین میں کنواں کھودا۔ ایک شخص اس میں گر کر مر گیا تو اس صورت میں کنواں کھودنے والے پر ضمان واجب ہوگا۔ کیونکہ کنواں کھودنا گرنے کا سبب ہے۔ اور کھودنے والے کی طرف سے تعدی بھی پائی گئی۔ ہاں البتہ اگر اس شخص نے اپنی مملوکہ زمین میں کنواں کھودا اور کوئی چیز اس

میں گر کر تلف ہوگئی تو اس پر ضمان واجب نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس کنواں کھودنے والے کی طرف سے تعدی نہیں پائی گئی۔ اور مباشر پر ضمان واجب کرنے کے لئے تعدی شرط نہیں ہے بلکہ تعدی ہو یا نہ ہو۔ دونوں صورتوں میں مباشر پر ضمان واجب ہوگا۔ حاصل یہ کہ کبیرہ مسبب ہے اور مسببہ پر ضمان واجب کرنے کے لئے تعدی شرط ہے۔ اور تعدی اس وقت متحقق ہوگی جبکہ کبیرہ کو صغیرہ کے ساتھ نکاح کا علم ہے اور یہ بھی علم ہے کہ صغیرہ کو دودھ پلانا مفسدِ نکاح ہے اور دودھ پلانے سے فسادِ نکاح کا ارادہ کیا ہے۔ اور اگر کبیرہ کو صغیرہ کے ساتھ نکاح کا علم نہیں ہے یا علم بالنکاح تو ہے لیکن دودھ پلانے سے افسادِ نکاح مقصود نہیں بلکہ بھوک اور ہلاکت کو دور کرنا مقصود ہے تو یہ کبیرہ دودھ پلانے کی وجہ سے متعدیہ نہیں کہلائے گی۔ کیونکہ یہ ہلاکت اور بھوک دور کرنے کے لئے دودھ پلانے کی شرعاً مامور اور مستحق اجر ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا **افضل الاعمال اشباع کبد جائع** ۔ کسی بھوکے کو پیٹ بھر کھانا کھلانا بہترین عمل ہے۔ اور اگر کبیرہ کو یہ علم تو ہے کہ صغیرہ بھی میرے شوہر کی منکوحہ ہے مگر یہ مسئلہ معلوم نہیں کہ میرا اس کے دودھ پلانے سے نکاح فاسد ہوجائے گا۔ اس صورت میں بھی یہ کبیرہ متعدیہ نہیں ہوگی۔

**وھذا منا اعتبار الجھل** سے ایک سوال کا جواب ہے۔ سوال کا حاصل یہ ہے کہ دارالاسلام میں حکم شرع سے جاہل رہنا عذر شمار نہیں ہوتا۔ لہٰذا کبیرہ عورت کا دودھ پلانے کی وجہ سے فسادِ نکاح کے حکم سے جاہل رہنا کیسے عذر شمار کرلیا گیا۔ درآنحالیکہ اس کے جہل کا اعتبار کرتے ہوئے اس پر ضمان واجب نہیں کیا گیا ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ حکم شرعی یعنی کبیرہ پر نصف مہر کا وجوب ضمان اس کی طرف سے تعدی پر موقوف ہے۔ اور تعدی اس وقت حاصل ہوگی جبکہ کبیرہ نے دودھ پلانے سے فسادِ نکاح کا ارادہ کیا ہو۔ اور فسادِ نکاح کا ارادہ اس وقت متحقق ہوگا جبکہ دودھ پلانے کی وجہ سے فسادِ نکاح کا علم بھی ہو۔ پس جب علم بالفساد منتفی ہوگیا تو فسادِ نکاح کا قصد بھی منتفی ہوگیا۔

لہٰذا جہل کا اعتبار قصد فساد کو دفع کرنے کے لئے ہے نہ کہ حکم شرع کو دفع کرنے کے لئے۔ مگر اس پر یہ اشکال ہوگا کہ قصدِ فساد کو دفع کرنا مستلزم ہے حکم شرع دفع کرنے کو۔ پس جہل کا اعتبار حکم شرع دفع کرنے کے لئے ہوگیا۔ لہٰذا اعتراض علیٰ حالہ باقی رہا۔ جواب یہ بات ضمناً لازم آتی ہے سو اس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ (عنایہ) (فتح القدیر) واللہ اعلم بالصواب۔

## رضاعت میں تنہا عورتوں کی گواہی قابلِ قبول نہیں

**وَلَا تُقْبَلُ فِي الرَّضَاعِ شَهَادَةُ النِّسَاءِ مُنْفَرِدَاتٍ وَاِنَّمَا يَثْبُتُ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ اَوْ رَجُلٍ وَامْرَأَتَيْنِ وَقَالَ مَالِكٌ يَثْبُتُ بِشَهَادَةِ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ اِذَا كَانَتْ مَوْصُوْفَةً بِالْعَدَالَةِ لِاَنَّ الْحُرْمَةَ حَقٌّ مِنْ حُقُوْقِ الشَّرْعِ فَيَثْبُتُ بِخَبَرِ الْوَاحِدِ كَمَنِ اشْتَرٰى لَحْمًا فَاَخْبَرَهُ وَاحِدٌ اَنَّهُ ذَبِيْحَةُ الْمَجُوْسِيِّ وَلَنَا اَنَّ ثُبُوْتَ الْحُرْمَةِ لَا يُقْبَلُ الْفَصْلُ عَنْ زَوَالِ الْمِلْكِ فِيْ بَابِ النِّكَاحِ وَاِبْطَالُ الْمِلْكِ لَا يَثْبُتُ اِلَّا بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ اَوْ رَجُلٍ وَامْرَأَتَيْنِ بِخِلَافِ اللَّحْمِ لِاَنَّ حُرْمَةَ التَّنَاوُلِ يَنْفَكُّ عَنْ زَوَالِ الْمِلْكِ فَاعْتُبِرَ اَمْرًا دِيْنِيًّا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.**

---

ترجمہ ...... اور رضاعت میں تنہا عورتوں کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔ اور (رضاعت) دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی سے ثابت ہوگی۔ اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ ایک عورت کی گواہی سے ثابت ہوجائے گی۔ جبکہ وہ عورت متصف بالعدالت ہو۔ کیونکہ حرمت حقوقِ شرع میں سے ایک حق ہے۔ پس ایک کی خبر سے ثابت ہوجائے گا۔ جیسا کہ وہ شخص جس نے گوشت خریدا پھر اس کو کسی نے خبر دی کہ وہ مجوسی کا ذبیحہ ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ بابِ نکاح میں ثبوتِ حرمت زوالِ ملک سے جدائی کو قبول نہیں کرتا ہے اور (کسی کی) ملک زائل کرنا نہیں ثابت ہوگا مگر دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی سے۔ بخلاف گوشت کے کیونکہ حرمت تناول زوالِ ملک سے جدا ہوجاتی ہے۔ تو (حرمتِ تناول) کا امر دینی ہونا معتبر مانا جائے گا۔ اور اللہ زیادہ جاننے والا ہے۔

تشریح......صورت مسئلہ یہ ہے کہ رضاعت ثابت کرنے کے لئے کن لوگوں کی شہادت ضروری ہے سو اس بارے میں اختلاف ہے۔احناف کا مذہب یہ ہے کہ دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت سے رضاعت ثابت ہو جائے گی۔صرف عورتوں کی شہادت کافی نہیں ہوگی امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ چار عورتوں کی شہادت رضاعت میں قبول کر لی جائے گی۔اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ ایک عورت کی شہادت سے رضاعت ثابت ہو جائے گی۔بشرطیکہ وہ عورت متصف بالعدالت ہو۔

امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ رضاعت (دودھ پینا) کا تعلق عورت کے پستان کے ساتھ ہے اور چونکہ عورت کے پستان کی طرف دیکھنا حرام ہے اس لئے رضاعت پر کوئی مرد مطلع نہیں ہو سکتا۔اور جن چیزوں پر مرد مطلع نہیں ہو سکتا ہے ان چیزوں میں امام شافعیؒ کے نزدیک چار عورتوں کی گواہی شرط ہے تاکہ دو عورتیں ایک مرد کے قائم مقام ہو جائیں۔امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ رضاعت ان چیزوں میں سے نہیں ہے جن پر مرد مطلع نہیں ہو سکتا ہے۔بلکہ حقیقت یہ ہے کہ رضاعت پر مرد مطلع ہو سکتے ہیں۔مثلاً ذوی الارحام کا اس کے پستان کی طرف دیکھنا حلال ہے۔لہٰذا یہ دلیل قابلِ قبول نہ ہوگی۔

امام مالکؒ کی دلیل یہ ہے کہ حرمت حقوق شرع میں سے ایک حق ہے اور حقوق شرع امور دینیہ ہوتے ہیں۔لہٰذا حرمت بھی امر دینی ہوا۔اور امر دینی ایک آدمی کی شہادت سے ثابت ہو جاتا ہے۔(وہ ایک آدمی مرد ہو یا عورت بشرطیکہ عادل ہو) مثلاً ایک شخص نے گوشت خریدا پھر ایک آدمی نے مشتری کو خبر دی کہ یہ گوشت آتش پرست کا ذبیحہ ہے تو اس مشتری پر یہ گوشت حرام ہو گیا۔نہ کھا سکتا ہے اور نہ دوسروں کو کھلا سکتا ہے۔پس معلوم ہوا کہ امور دینیہ کو ثابت کرنے کے لئے ایک آدمی کی شہادت کافی ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے کہ بابِ نکاح میں ثبوتِ حرمت زوالِ ملک سے جدا نہیں ہوتی۔یعنی یہ نہیں ہو سکتا کہ رضاعت کی وجہ سے حرمتِ نکاح ثابت ہو جائے اور ملکِ نکاح باقی رہے۔کیونکہ حرمتِ مؤبدہ کے ساتھ بقاء نکاح ممکن نہیں ہے۔پس جب رضاعت کی وجہ سے حرمت ثابت ہوگی تو نکاح بھی باطل ہوگا اور بطلان نکاح کو ثابت کرنے کے لئے شہادتِ کاملہ یعنی شہادتِ شاہدین ضروری ہے۔اس لئے ہم نے کہا کہ دو مرد گواہی دیں یا ایک مرد اور دو عورتیں گواہی دیں۔اس کے برخلاف گوشت کیونکہ کسی چیز کے کھانے کی حرمت زوالِ ملک سے جدا ہو سکتی ہے۔یعنی یہ ہو سکتا ہے کہ ایک چیز کا کھانا حرام ہو لیکن اس کی ملک زائل نہ ہو۔بلکہ باقی رہے۔حاصل یہ کہ حرمتِ تناول اور ملک دونوں جمع ہو سکتے ہیں۔مثلاً ایک کافر شراب کا مالک ہے۔پھر یہ کافر مسلمان ہو گیا تو اس مسلمان کے لئے اس شراب کا پینا حرام ہے حالانکہ اس کی ملک باقی ہے۔اسی طرح ایک شخص مٹی کا مالک ہے تو اس شخص کے لئے مٹی کا کھانا حرام ہے اور ملک اس کی باقی ہے۔پس ایسے ہی یہ گوشت مشتری کے لئے حرام ہے لیکن اس کی ملک زائل نہیں ہوئی تو اس صورت میں شہادت صرف گوشت کی حرمت پر ہوئی نہ کہ زوال ملک پر اور حرمت امر دینی ہے اور سابق میں معلوم ہو چکا کہ امر دینی کے لئے ایک آدمی کی شہادت کافی ہے۔اس لئے ایک آدمی کی خبر سے یہ گوشت حرام ہو گیا۔واللہ اعلم بالصواب۔جمیل احمد سکرودوی۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِكَاتِبِهٖ وَلِوَالِدَيْهِ وَلِمَنْ سَعٰى فِيْهِ

# كِتَابُ الطَّلَاقِ

ترجمہ...... یہ کتاب طلاق کے بیان میں ہے

## بَـــابُ طَلَاقِ السُّـــنَّةِ

یہ باب طلاقِ سنت کے بیان میں ہے

مصنف علیہ الرحمۃ احکامِ نکاح سے فراغت کے بعد طلاق اور اس کے اقسام واحکام کو بیان فرمارہے ہیں چونکہ نکاح وجود میں سابق ہے اور طلاق لاحق اس لئے تعلیم میں بھی مصنفؒ نے نکاح کے احکام پہلے بیان فرمائے اور طلاق کے احکام بعد میں۔ طلاق کو رضاعت کے بعد ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں موجب حرمت ہیں۔ مگر رضاعت سے حرمت مؤبدہ ثابت ہوتی ہے۔ اور طلاق سے غیر مؤبدہ۔ پس صاحبِ ہدایہؒ نے حکم اشد (رضاعت کے احکام) کو پہلے ذکر کیا اور حکم اخف (طلاق کے احکام) کو بعد میں۔ مُغرب میں ہے کہ طلاق مصدر ہے تطلیق کے معنی میں۔ جیسے سلام تسلیم کے معنی اور کلام تکلیم کے معنی میں۔ لغت میں طلاق کہتے ہیں مطلقاً قید اٹھانا اور شریعت کی اصطلاح میں کہتے ہیں قید نکاحی کو مخصوص الفاظ کے ذریعہ اٹھانا۔ پھر طلاق کی دو قسمیں ہیں۔ طلاق سنی اور طلاق بدعی۔ پھر سنی کی دو قسمیں ہیں۔ سنی من حیث العدد اور سنی من حیث الوقت۔ پھر سنی من حیث العدد کی دو قسمیں ہیں۔ حسن اور احسن۔ اور بدعی کی بھی دو قسمیں ہیں بدعی من حیث العدد اور بدعی من حیث الوقت۔ صاحبِ ہدایہؒ نے متفرق طریقہ سے ان تمام انواع واقسام کو ذکر فرمایا ہے۔

### طلاق کی تین قسمیں

**قَالَ الطَّلَاقُ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَوْجُهٍ حَسَنٌ وَاَحْسَنُ وَبِدْعِيٌّ فَالْاَحْسَنُ اَنْ يُّطَلِّقَ الرَّجُلُ اِمْرَأَتَهٗ تَطْلِيْقَةً وَاحِدَةً فِيْ طُهْرٍ لَمْ يُجَامِعْهَا فِيْهِ وَيَتْرُكُهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا لِاَنَّ الصَّحَابَةَؓ كَانُوْا يَسْتَحِبُّوْنَ اَنْ لَايَزِيْدُوْا فِي الطَّلَاقِ عَلٰى وَاحِدَةٍ حَتّٰى تَنْقَضِيَ الْعِدَّةُ وَاِنَّ هٰذَا اَفْضَلُ عِنْدَهُمْ مِنْ اَنْ يُطَلِّقَ الرَّجُلُ ثَلٰثًا عِنْدَ كُلِّ طُهْرٍ وَاحِدَةٍ وَلِاَنَّهٗ اَبْعَدُ مِنَ النَّدَامَةِ وَاَقَلُّ ضَرَرًا بِالْمَرْاَةِ وَلَا خِلَافَ لِاَحَدٍ فِي الْكَرَاهَةِ.**

---

ترجمہ...... فرمایا کہ طلاق تین طرح کی ہے، ۱) حسن۔ ۲) احسن ۳) بدعی۔

پس احسن یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی کو ایک طلاق دے ایسے طہر میں جس میں جماع نہیں کیا اور عورت کو چھوڑے یہاں تک کہ اس کی عدت گذر جائے۔ کیونکہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین پسند کرتے تھے کہ طلاق میں ایک پر زیادہ نہ کریں یہاں تک کہ عدت گذر جائے۔ اور یہ بات ان کے نزدیک افضل تھی بمقابلہ اس کے کہ مرد تین طلاق دے ہر طہر پر ایک۔ اور اس لئے کہ یہ طلاق ندامت سے بہت دور ہے اور عورت کے حق میں ضرر میں بہت کم ہے۔ اور کراہت کے بارے میں کسی کا اختلاف نہیں (کراہت کا قائل کوئی نہیں)۔

تشریح...... صاحبِ قدوریؒ نے طلاق کی تین قسمیں بیان فرما کر طلاق احسن کی تعریف کی ہے چنانچہ فرمایا کہ طلاق احسن یہ ہے کہ مرد اپنی منکوحہ کو ایک طلاق ایسے طہر میں دے جس میں اس کے ساتھ جماع نہیں کیا ہے۔ اور اس کو چھوڑے رکھے یہاں تک کہ اس کی عدت گذر جائے۔ دلیل یہ

ہے کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اس بات کو پسند فرماتے تھے کہ ایک طلاق سے زائد نہ دیں یہاں تک کہ عدت گذر جائے اور یہ ان کے نزدیک اس سے زیادہ بہتر تھا کہ تین طہر میں تین طلاق دیں۔ اور دوسری دلیل عقلی یہ ہے کہ ایک طلاق واقع کرنا ندامت سے بھی بہت دور ہے اور عورت کو ضرر بھی بہت کم پہنچے گا۔ ندامت سے بُعد تو اس لئے ہے کہ شوہر کے لئے تدارک کا امکان ہے کہ وہ عدت میں رجعت کر سکتا ہے۔ اور عدت کے بعد بغیر حلالہ کے تجدید نکاح کر سکتا ہے۔ اور ایسا کام کرنا جس میں تدارک کی گنجائش باقی رہے اللہ رب العزت کے نزدیک مستحسن ہے چنانچہ ارشاد ہے: لعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا۔ اور ضرر اس لئے کم ہے کہ ایک طلاق پر اکتفاء کرنے کی صورت میں عورت پر عدت طویل نہیں ہوگی۔ اور ایک سے زیادہ کی صورت میں بسا اوقات عدت طویل ہو جاتی ہے۔ مثلاً طلاق دی اور رجعت کر لی پھر طلاق دی اور رجعت کر لی۔ ھکذا۔

طلاق احسن کی عدم کراہت پر سب کا اتفاق ہے۔ اس کی کراہت کا کوئی قائل نہیں ہے بخلاف طلاق حسن کے اس لئے کہ اس میں امام مالکؒ کا اختلاف ہے۔

## طلاق حسن، امام مالکؒ کا نقطۂ نظر

وَالْحَسَنُ هُوَ طَلَاقُ السُّنَّةِ وَهُوَ اَنْ يُطَلِّقَ الْمَدْخُوْلَ بِهَا ثَلَاثاً فِيْ ثَلٰثَةِ اَطْهَارٍ وَ قَالَ مَالِكٌ اَنَّهٗ بِدْعَةٌ وَلَا يُبَاحُ اِلَّا وَاحِدَةٌ لِاَنَّ الْاَصْلَ فِي الطَّلَاقِ هُوَ الْحَظْرُ وَالْاِبَاحَةُ لِحَاجَةِ الْخَلَاصِ وَ قَدْ اِنْدَفَعَتْ بِالْوَاحِدَةِ وَلَنَا قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَؓ اَنَّ السُّنَّةَ اَنْ يَسْتَقْبِلَ الطُّهْرَ اِسْتِقْبَالًا فَيُطَلِّقُهَا لِكُلِّ قُرْءٍ تَطْلِيْقَةً وَلِاَنَّ الْحُكْمَ يُدَارُ عَلٰى دَلِيْلِ الْحَاجَةِ وَ هُوَ الْاِقْدَامُ عَلَى الطَّلَاقِ فِيْ زَمَانِ تَجَدُّدِ الرَّغْبَةِ وَهُوَ الطُّهْرُ فَالْحَاجَةُ كَالْمُتَكَرِّرَةِ نَظْراً اِلٰى دَلِيْلِهَا ثُمَّ قِيْلَ الْاَوْلٰى اَنْ يُؤَخِّرَ الْاِيْقَاعَ اِلٰى اٰخِرِ الطُّهْرِ اِحْتِرَازاً عَنْ تَطْوِيْلِ الْعِدَّةِ وَ الْاَظْهَرُ اَنْ يُطَلِّقَهَا كَمَا طَهُرَتْ لِاَنَّهٗ لَوْ اَخَّرَ رُبَمَا يُجَامِعُهَا وَ مِنْ قَصْدِهِ التَّطْلِيْقُ فَيُبْتَلٰى بِالْاِيْقَاعِ عَقِيْبَ الْوِقَاعِ.

---

ترجمہ ...... اور حسن وہ طلاق سنت ہے اور وہ یہ ہے کہ طلاق دے مدخول بہا کو تین، تین طہر میں۔ اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ یہ بدعت ہے۔ اور نہیں مباح ہے مگر ایک کیونکہ اصل طلاق میں ممانعت ہے۔ اور اباحت چھٹکارا پانے کی حاجت کی وجہ سے ہے۔ اور حاجت دفع ہوگئی ایک سے۔ اور ہماری دلیل حضور ﷺ کا قول ہے حدیث ابن عمرؓ میں کہ سنت یہ ہے کہ طہر کا انتظار کرے۔ پھر اس کو ہر طہر میں ایک طلاق دے۔ اور اسلئے کہ حکم دائر ہوتا ہے حاجتِ طلاق کی دلیل پر۔ اور وہ (دلیل) اقدام علی الطلاق ہے تجدد رغبت کے زمانہ میں اور وہ (تجدد رغبت کا زمانہ) طہر ہے۔ پس حاجت متکررہ کے مانند ہوگئی دلیل حاجت کی طرف نظر کرتے ہوئے۔ پھر کہا گیا کہ ایقاع طلاق کو مؤخر کیا جائے طہر کے آخر تک تطویل عدت سے بچتے ہوئے اور اظہر یہ ہے کہ اس کو طلاق دے۔ جیسے ہی طہر (شروع) ہوا۔ اس لئے کہ اگر مؤخر کرے گا تو بسا اوقات اس سے جماع کر لیگا۔ حالانکہ اس کا ارادہ طلاق دینے کا ہے۔ پس وہ مبتلا ہو جائے گا جماع کے بعد (طلاق) واقع کرنے کے ساتھ۔

تشریح ...... مصنفؒ نے طلاق حسن کا نام طلاق سنت امام مالکؒ پر رد کرنے کے لئے رکھا ورنہ طلاق احسن بالاتفاق سنت ہے اور یہاں سنت سے مراد مباح ہے۔ کیونکہ طلاق فی نفسہٖ ایسی عبادت نہیں جس پر ثواب مرتب ہو۔ پس اب طلاق مسنون کے معنیٰ یہ ہوں گے کہ ایسی طلاق جس کا ثبوت سنت سے ہے اور اس کا مرتکب مستحق عتاب نہیں۔

طلاق حسن (طلاق سنت) کی تعریف یہ ہے کہ شوہر اپنی منکوحہ مدخول بہا کو تین طہر میں تین طلاق دے۔ حضرت امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ یہ طلاق بدعت ہے اور مباح صرف ایک طلاق ہے۔

**امام مالکؒ کی دلیل......** یہ ہے کہ طلاق میں ممانعت اصل ہے حضور ﷺ کے ارشاد **تزوجوا ولا تطلقوا** (رواہ ابوداؤد) کی وجہ سے یعنی نکاح کرو اور طلاق مت دو اور اباحتِ طلاق عورت سے چھٹکارا پانے کی حاجت کی وجہ سے ہے اور حاجت ایک طلاق سے پوری ہو جاتی ہے لہٰذا دوسری طلاق مباح نہیں ہوگی۔

**اور ہماری دلیل......** حدیث ابن عمرؓ ہے۔ حاصلِ حدیث یہ ہے کہ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ نے حالتِ حیض میں اپنی بیوی کو طلاق دیدی۔ پھر ارادہ کیا کہ دوسری دو طلاقیں دو طہر میں دے دیں۔ حضور ﷺ کو اس واقعہ کی خبر ہوگئی۔ آپ نے فرمایا کہ اے ابن عمرؓ ایسا کرنے کا تجھے اللہ نے حکم نہیں دیا تو سنت کو چوک گیا۔ سنت یہ ہے کہ تو انتظار کرے طہر کا۔ پھر ہر طہر میں طلاق دے۔ پھر مجھے حکم دیا تو میں نے اپنی بیوی سے رجعت کرلی۔ پھر آپ نے فرمایا کہ جب وہ پاک ہو جائے تو تو اس وقت طلاق دے یا روک لے میں نے کہا اے اللہ کے رسول بتلایئے اگر میں اس کو تین طلاقیں دے دوں تو کیا میرے لئے اس سے مراجعت کرنا حلال ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں وہ تو بائنہ ہوگئی اور گناہ ہوگیا یہ حدیث دارقطنی کی روایت کردہ ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ متفرق طور پر تین طہر میں تین طلاقیں واقع کرنا سنت ہے۔

**عقلی دلیل......** کا حاصل یہ ہے کہ حاجت طلاق امر باطن ہے۔ اس پر مطلع ہونا ناممکن ہے۔ لہٰذا حکم اس کی دلیل پر دائر کیا جائے گا۔ اور حاجت طلاق کی دلیل تجدد رغبت یعنی طہر کے زمانہ میں طلاق دینے کا اقدام کرنا ہے اور جب بھی دلیل حاجت میں تکرار ہوگا تو گویا حاجت الی الطلاق میں تکرار ہوا۔ اور جب حاجت الی الطلاق میں تکرار ہے تو پھر تکرار طلاق بھی مباح ہوگا۔ اس لئے ہماری رائے یہ ہے کہ متفرق طریقہ پر تین طہر میں تین طلاقیں واقع کرنا مباح ہے بدعت نہیں۔

طلاق سنی میں مشائخؒ کا اختلاف ہے کہ اول طہر میں طلاق دینا اولیٰ ہے یا آخر طہر میں۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ آخر طہر میں طلاق دینا اولیٰ ہے۔ کیونکہ اس صورت میں عورت تطویل عدت سے بچ جائے گی۔ بایں طور کہ اگر ابتدائے طہر میں طلاق واقع کی تو عورت کی عدت تین طہر اور تین حیض ہو جائیں گے۔ اور اگر آخر طہر میں طلاق واقع کی تو اس عورت کی عدت دو طہر اور تین حیض ہوں گے۔ ظاہر ہے کہ پہلی صورت میں تطویل عدت ہے۔ اور دوسری میں تطویل عدت نہیں ہے اور بعض مشائخ کی رائے جس کو صاحبِ ہدایہ نے اظہر کہا ہے یہ ہے کہ جوں ہی عورت حیض سے پاک ہوئی اس کو طلاق دیدے۔ کیونکہ اگر اس کی طلاق کو مؤخر کیا گیا تو ممکن ہے کہ اس سے جماع کر بیٹھے اس لئے کہ یہ رغبت کا زمانہ ہے۔ اور حال یہ ہے کہ شوہر نے اس کو طلاق دینے کا ارادہ کر رکھا ہے۔ تو ایسی صورت میں یہ ایقاع طلاق جماع کے بعد ہوگا۔ اور ایسے طہر میں طلاق دینا جس میں جماع کیا گیا ہے سنت کے خلاف ہے اس لئے زیادہ بہتر یہی ہے کہ اول طہر میں طلاق دے دی جائے۔ واللہ اعلم۔

## طلاق بدعت...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

**وَطَلَاقُ الْبِدْعَةِ اَنْ يُّطَلِّقَهَا ثَلَاثاً بِكَلِمَةٍ وَّاحِدَةٍ اَوْ ثَلٰثاً فِيْ طُهْرٍ وَّاحِدٍ فَاِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ وَقَعَ الطَّلَاقُ وَكَانَ عَاصِياً وَقَالَ الشَّافِعِيُّ كُلُّ طَلَاقٍ مُبَاحٌ لِاَنَّهٗ تَصَرُّفٌ مَشْرُوْعٌ حَتّٰى يُسْتَفَادَ بِهِ الْحُكْمُ وَالْمَشْرُوْعِيَّةُ لَا تُجَامِعُ الْحَظْرَ بِخِلَافِ الطَّلَاقِ فِيْ حَالَةِ الْحَيْضِ لِاَنَّ الْمُحَرَّمَ تَطْوِيْلُ الْعِدَّةِ عَلَيْهَا لَا الطَّلَاقُ وَلَنَا اَنَّ الْاَصْلَ فِي الطَّلَاقِ هُوَ الْحَظْرُ لِمَا فِيْهِ مِنْ قَطْعِ النِّكَاحِ الَّذِيْ تَعَلَّقَتْ بِهِ الْمَصَالِحُ الدِّيْنِيَّةُ وَالدُّنْيَاوِيَّةُ وَالْاِبَاحَةُ لِلْحَاجَةِ اِلَى الْخَلَاصِ وَلَا حَاجَةَ اِلَى الْجَمْعِ بَيْنَ الثَّلٰثِ وَهِيَ فِي الْمُفَرَّقِ عَلَى الْاَطْهَارِ ثَابِتَةٌ نَظْراً اِلٰى دَلِيْلِهَا وَالْحَاجَةُ فِيْ نَفْسِهَا بَاقِيَةٌ فَاَمْكَنَ تَصْوِيْرُ الدَّلِيْلِ عَلَيْهَا وَالْمَشْرُوْعِيَّةُ فِيْ ذَاتِهٖ مِنْ حَيْثُ اَنَّهٗ اِزَالَةُ الرِّقِّ لَا تُنَافِي الْحَظْرَ لِمَعْنًى فِيْ غَيْرِهٖ وَهُوَ مَاذَكَرْنَاهُ وَكَذَا اِيْقَاعُ الثِّنْتَيْنِ فِي الطُّهْرِ الْوَاحِدِ بِدْعَةٌ لِمَا قُلْنَا وَاخْتَلَفَتِ الرِّوَايَةُ فِي الْوَاحِدَةِ**

الْبَائِنَةِ قَالَ فِي الْاَصْلِ اَنَّهُ اَخْطَأَ السُّنَّةَ لِاَنَّهُ لَا حَاجَةَ اِلَى اِثْبَاتِ صِفَةٍ زَائِدَةٍ فِي الْخَلَاصِ وَ هِيَ الْبَيْنُوْنَةُ وَ فِي رِوَايَةِ الزِّيَادَاتِ اَنَّهُ لَا يَكْرَهُ لِلْحَاجَةِ اِلَى الْخَلَاصِ نَاجِزاً۔

---

ترجمہ......اور طلاق بدعت یہ ہے کہ (مرد) اس کو ایک کلمہ سے تین طلاق دے یا ایک طہر میں تین (طلاق دے) پس جب یہ کر لیا تو طلاق واقع ہوگئی۔ اور (وہ) گنہگار ہے۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ ہر طلاق مباح ہے۔ کیونکہ وہ تصرف مشروع ہے حتیٰ کہ طلاق سے حکم مستفاد ہوتا ہے اور مشروعیت ممانعت کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتی۔ بخلاف حالتِ حیض میں طلاق کے، کیونکہ محرم اس پر عدت کو طول دینا ہے نہ کہ طلاق۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ طلاق میں اصل ممانعت ہے کیونکہ طلاق میں اس نکاح کو قطع کرنا ہے جس کے ساتھ دینی اور دنیوی مصلحتیں متعلق ہیں اور اباحت چھٹکارا پانے کی ضرورت کی وجہ سے ہے اور تین کو جمع کرنیکی کوئی ضرورت نہیں۔ اور حاجت ان طہروں پر متفرق کرنے میں ثابت ہے دلیل حاجت کی طرف نظر کرتے ہوئے اور حاجت بذاتِ خود باقی ہے۔ لہٰذا دلیل کو حاجت پر تصور کرنا ممکن ہے۔ اور (طلاق بدعی کا) مشروع ہونا اس حیثیت سے کہ وہ رقیت کا ازالہ ہے منافی نہیں ممانعت کے ایسے معنیٰ کی وجہ سے جو اس کے غیر میں ہے۔ اور وہ معنیٰ وہ ہے جو ہم نے ذکر کیا۔ اور ایسے ہی دو (طلاق) کا واقع کرنا ایک طہر میں بدعت ہے۔ اس کی وجہ سے جو ہم نے کہا۔ اور ایک بائنہ میں روایت مختلف ہوگئی۔ امام محمدؒ نے مبسوط میں کہا کہ یہ سنت سے تجاوز ہے۔ اس لئے کہ چھٹکارا پانے میں صفت زائدہ ثابت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اور وہ بینونت ہے اور زیادات کی راویت میں مکروہ نہیں فوری چھٹکارا پانے کی ضرورت کی وجہ سے۔

تشریح......طلاق بدعت یہ ہے کہ شوہر اپنی منکوحہ کو ایک کلمہ سے تین طلاق دے۔ یا ایک طہر میں تین طلاق واقع کرے۔ یہ ہمارے نزدیک حرام ہے لیکن اگر ایسا کر دیا تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ اور عورت کے لئے حرمت غلیظہ ثابت ہوگی اور طلاق دینے والا گنہگار ہوگا۔ امام شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ ہر طلاق مباح ہے۔

**امام شافعیؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ طلاق تصرف مشروع ہے۔ چنانچہ طلاق سے حکم طلاق مستفاد ہوتا ہے اور حکم طلاق، وقوع طلاق ہے، حاصل یہ کہ طلاق پر اثر شرعی یعنی وقوع طلاق مرتب ہوتا ہے۔ اور جس چیز پر اثر شرعی مرتب ہو جائے وہ امر مشروع کہلائے گا۔ لہٰذا طلاق امر مشروع ہوئی اور جو چیز مشروع ہے وہ ممنوع نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ مشروعیت ممانعت کیساتھ جمع نہیں ہوسکتی ہے۔

**بخلاف الطلاق** سے اعتراض کا جواب ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ امام شافعیؒ کہ یہ کہنا کا مشروعیت ممانعت کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتی غلط ہے۔ اس لئے کہ حالت حیض میں طلاق دینا حرام ہے۔ حالانکہ اس پر حکم شرعی یعنی وقوع طلاق مرتب ہوتا ہے۔ پس اس صورت میں مشروعیت اور ممانعت دونوں جمع ہو گئے ہیں۔ امام شافعیؒ کی طرف سے جواب یہ ہوگا کہ حالت حیض میں نفس طلاق حرام نہیں بلکہ عورت پر عدت کو طول دینا حرام ہے۔ کیونکہ جب حالت حیض میں طلاق دی تو یہ حیض بالا جماع عدت میں شمار نہیں ہوگا۔ اسی طرح اگر ایسے طہر میں طلاق واقع کی جس میں عورت کے ساتھ جماع کر چکا ہے تو اس طہر میں نفس طلاق حرام نہیں بلکہ حرام عدت کے معاملہ کا مشتبہ ہونا ہے۔ کیونکہ ہمیں معلوم نہیں کہ وہ حاملہ ہے تاکہ وضع حمل کے ساتھ عدت گذارے یا غیر حاملہ ہے تاکہ ہمارے نزدیک حیض کے ساتھ اور شوافع کے نزدیک طہر کے ساتھ عدت گذارے۔ اس جواب کے بعد شوافع پر اعتراض واقع نہیں ہوگا۔

**ہماری دلیل**...... یہ ہے کہ طلاق میں اصل ممانعت ہے۔ کیونکہ طلاق کی وجہ سے وہ نکاح منقطع ہو جائے گا۔ جس کے ساتھ مصالح دینیہ اور مصالح دنیاویہ وابستہ ہیں۔ مصالح دینی تو یہ ہیں کہ نکاح کے ذریعہ شرمگاہ اس زنا سے محفوظ ہو جاتی ہے جو تمام ادیان میں حرام ہے اور مصالح دنیاوی یہ ہیں کہ نکاح کے بعد عورت کے لئے نفقہ اور سکنیٰ ہوگا۔ اور مرد کے لئے اکتساب ولد ہوگا۔ وغیر ذلک۔ اور جس چیز سے دینی اور دنیاوی مصالح فوت ہو جائیں شریعت میں اس کا وقوع جائز نہ ہونا چاہئے۔ اس لئے عقل کا تقاضا تو یہ ہے کہ طلاق مطلقاً ناجائز ہو مگر ہم نے عوت سے چھٹکارا پانے کی

ضرورت کی وجہ سے طلاق کو مباح کر دیا۔ اور تین طلاقوں کو جمع کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اس لئے کہ تین سے کم کے ذریعہ بھی مقصود حاصل ہو جاتا ہے۔ اس وجہ سے ہمارے نزدیک تین طلاق جمع کرنا حرام ہے۔

**وهي فالمفرق على الاطهار** سے ایک سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ جس طرح تین طلاقیں جمع کرنے کی ضرورت نہیں۔ اسی طرح تین طہروں میں متفرق طور پر تین طلاق دینے کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ لہٰذا یہ بھی حرام ہونا چاہئے۔ حالانکہ احناف نے اس کو طلاق سنت کہا ہے۔

جواب...... کا حاصل یہ ہے کہ متفرق طریقہ پر تین طہر میں تین طلاق واقع کرنے کی ضرورت ثابت ہے۔ دلیل حاجت کی طرف نظر کرتے ہوئے اور وہ دلیل تجدد رغبت کے زمانہ میں اقدام علی الطلاق ہے۔

**والحاجة في نفسها باقية** سے بھی اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ دلیلِ حاجت، حاجت کے قائم مقام اس صورت میں ہوگی جبکہ حاجت کا وجود متصور ہو اور یہاں حاجت کا وجود متصور نہیں ہے۔ کیونکہ جب طہر اول میں ایک طلاق واقع کر دی گئی اور اس کی وجہ سے نکاح مرتفع ہو گیا تو اب نکاح کی ذمہ داری سے چھٹکارا پانے کی کیا حاجت رہ گئی۔ اور جب حاجتِ طلاق نہ رہی تو دلیل حاجت بھی اس کے قائم مقام نہ ہوگی۔

جواب...... حاجتِ طلاق بذات خود باقی ہے لہٰذا دلیل کو حاجت پر تصور کرنا ممکن ہے۔ حاجت طلاق کے باقی رہنے کی وجہ یہ ہے کہ بسا اوقات عورت بداخلاق اور بدزبان ہوتی ہے اور مرد رجعت یا تجدید نکاح کے ذریعہ تدارک کے امکان کے دروازہ کو بند کرنا چاہتا ہے۔ اس حاجت کی وجہ سے شریعت نے اس کو دوسرے اور تیسرے طہر میں ایک ایک طلاق دینے کی اجازت دیدی تاکہ عورت کے لئے حرمتِ غلیظہ ثابت ہو جائے اور ندامت کے وقت تدارک کا امکان باقی نہ رہے۔

لیکن اس پر اشکال ہوگا کہ اس دلیل کا تقاضا تو یہ ہے کہ ایک کلمہ سے تین طلاق جائز ہونی چاہئیں حالانکہ آپ اس کو حرام کہتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ دلیل متعارض ہو گئی نص کے ساتھ نص سے مراد حدیث ابن عمرؓ ہے یا آیت الطلاق مرتان جو طلاق مفرق پر دلالت کرتی ہے اور ظاہر ہے کہ دلیل کو نص پر ترجیح نہیں ہوگی۔

**والمشروعية في ذاته** سے امام شافعیؒ کی بیان کردہ دلیل **المشروعية لاتجامع الحظر** کا جواب ہے جواب کا حاصل یہ ہے کہ مشروع لذاتہ ممنوع لذاتہ کے ساتھ بلاشبہ جمع نہیں ہو سکتا لیکن مشروع لذاتہ ممنوع لغیرہ کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے۔ جیسے ارضِ مغصوبہ میں نماز ادا کرنا اور بیع اذان جمعہ کے وقت کہ نفس نماز اور نفس بیع مشروع ہے لیکن ارض مغصوبہ اور ترک سعی الی الجمعہ کی وجہ سے ممنوع لغیرہ ہے۔ اسی طرح مسئلہ مذکورہ میں نفس طلاق مشروع ہے۔ اور مصالح نکاح فوت ہونے کی وجہ سے ممنوع لغیرہ ہے۔ صاحبؒ ہدایہ فرماتے ہیں کہ دو طلاق کا ایک طہر میں واقع کرنا بھی بدعت ہے۔ دلیل حاجت الی الجمع کی وجہ سے۔ اگر کسی نے اپنی بیوی کو ایک طلاق بائن ایسے طہر میں دی جس میں اس کیساتھ جماع نہیں کیا گیا تو اس بارے میں ہمارے علماء سے روایات مختلف ہیں چنانچہ امام محمدؒ نے مبسوط میں فرمایا کہ یہ خلاف سنت ہے۔ اس لئے کہ عورت سے چھٹکارا پانے میں بینونت جو صفت زائدہ ہے اس کو ثابت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اور زیادات میں روایت یہ ہے کہ ایک طلاق بائنہ میں کوئی کراہت نہیں ہے۔ کیونکہ کبھی فوری چھٹکارے کی ضرورت پیش آجاتی ہے۔ اور فوری چھٹکارا صفت بینونت کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ اس لئے اس صفت کو زیادہ کرنے میں کوئی کراہت نہیں۔ (عینی شرح ہدایہ)

سوال...... صاحبؒ ہدایہ کے لئے مناسب یہ تھا کہ فرماتے فی زیادات الزیادات۔ اس لئے کہ امام محمدؒ نے اس مسئلہ کو زیادات الزیادات میں ذکر کیا ہے نہ کہ زیادات میں۔ لیکن جواب میں کہا جا سکتا ہے کہ کاتب سے سہو ہو گیا۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ مصنفؒ ہدایہ نے یہی کہا ہو۔ کیونکہ زیادات الزیادات زیادات کا ہی تتمہ ہے۔ پس زیادات الزیادات کا مسئلہ زیادات ہی کا مسئلہ شمار ہوگا۔ (عینی شرح ہدایہ)

فوائد...... طلاق سنت میں مذاہب کا حاصل یہ ہے کہ ہمارے نزدیک طلاق سنت میں تفریق اور وقت دونوں معتبر ہیں اور امام مالکؒ کے نزدیک

ایک طلاق اور وقت معتبر ہے اور امام شافعیؒ کے نزدیک صرف وقت معتبر ہے عدد کا اعتبار نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## طلاق سنت

وَالسُّنَّةُ فِي الطَّلَاقِ مِنْ وَجْهَيْنِ سُنَّةٌ فِي الْوَقْتِ وَ سُنَّةٌ فِي الْعَدَدِ فَالسُّنَّةُ فِي الْعَدَدِ يَسْتَوِي فِيهَا الْمَدْخُولُ بِهَا وَغَيْرُ الْمَدْخُولِ بِهَا وَ قَدْ ذَكَرْنَاهَا وَالسُّنَّةُ فِي الْوَقْتِ يَثْبُتُ فِي الْمَدْخُولِ بِهَا خَاصَّةً وَ هُوَ اَنْ يُطَلِّقَهَا فِي طُهْرٍ لَمْ يُجَامِعْهَا فِيهِ لِاَنَّ الْمُرَاعٰى دَلِيلُ الْحَاجَةِ وَ هُوَ الْاِقْدَامُ عَلَى الطَّلَاقِ فِي زَمَانِ تَجَدُّدِ الرَّغْبَةِ وَ هُوَ الطُّهْرُ الْخَالِي عَنِ الْجِمَاعِ اَمَّا زَمَانُ الْحَيْضِ فَزَمَانُ النَّفْرَةِ وَ بِالْجِمَاعِ مَرَّةً فِي الطُّهْرِ تَفْتُرُ الرَّغْبَةُ وَ غَيْرُ الْمَدْخُولِ بِهَا يُطَلِّقُهَا فِي حَالَةِ الطُّهْرِ وَالْحَيْضِ خِلَافًا لِزُفَرَؒ وَ هُوَ يَقِيسُهَا عَلَى الْمَدْخُولِ بِهَا وَلَنَا اَنَّ الرَّغْبَةَ فِي غَيْرِ الْمَدْخُولِ بِهَا صَادِقَةٌ لَا تَقِلُّ بِالْحَيْضِ مَالَمْ يَحْصِلْ مَقْصُودُهُ مِنْهَا وَ فِي الْمَدْخُولِ بِهَا تَتَجَدَّدُ بِالطُّهْرِ.

---

ترجمہ......اور طلاق میں سنت دو طریقے سے ہے۔ سنت فی الوقت اور سنت فی العدد۔ پس سنت فی العدد اس میں مدخول بہا اور غیر مدخول بہا دونوں برابر ہیں اور ہم نے اس کو ذکر کیا۔ اور سنت فی الوقت خاص طور سے مدخول بہا میں ثابت ہوگی اور وہ یہ ہے کہ عورت کو ایسے طہر میں طلاق دے جس میں اس کے ساتھ جماع نہیں کیا۔ کیونکہ ملحوظ دلیل حاجت ہے اور وہ (دلیل) طلاق دینے پر اقدام کرنا ہے ایسے زمانہ میں کہ رغبت نئی ہوتی ہے اور وہ طہر ہے جو جماع سے خالی ہے۔ بہر حال حیض کا زمانہ تو وہ نفرت کا زمانہ ہے۔ اور یک مرتبہ طہر میں جماع کرنے سے رغبت سست ہو جاتی ہے اور غیر مدخول بہا طلاق دے اس کو طہر کے زمانہ میں۔ اور حیض کے زمانہ میں خلاف ہے امام زفرؒ کا۔ وہ اس کو قیاس کرتے ہیں مدخول بہا پر۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ غیر مدخول بہا میں رغبت پوری ہے حیض کی وجہ سے کم نہیں ہوتی۔ جب تک کہ اس سے اس کا مقصود حاصل نہ ہو جائے اور مدخول بہا میں طہر کی وجہ سے (رغبت) نئی ہوتی رہتی ہے۔

تشریح......مصنفؒ نے سنت فی الطلاق کی تقسیم کی ہے۔ چنانچہ فرمایا کہ سنت فی الطلاق کی دو قسمیں ہیں۔ ایک سنت فی الوقت اور ایک سنت فی العدد۔ سنت فی العدد یہ ہے کہ عورت کو ایک طہر میں صرف ایک طلاق دی جائے۔ جیسا کہ اول باب میں گذر چکا۔ اور اس میں مدخول بہا اور غیر مدخول بہا دونوں برابر ہیں۔ اور سنت فی الوقت خاص طور پر مدخول بہا میں ثابت ہوگی اور سنت فی الوقت یہ ہے کہ مرد عورت کو ایسے طہر میں طلاق دے جو جماع سے خالی ہے۔ دلیل یہ ہے کہ مشروعیت طلاق حاجت کی وجہ سے ہے اور ملحوظ دلیل حاجت ہے۔ اور دلیلِ حاجت تجدد رغبت کے زمانہ میں اقدام علی الطلاق ہے اور تجدد رغبت کا زمانہ وہ طہر ہے جو خالی عن الجماع ہو اور رہا حیض کا زمانہ سو وہ نفرت کا زمانہ ہے۔ اور طہر میں ایک مرتبہ جماع کر لینے سے رغبت کم ہو جاتی ہے۔ پس حالت حیض اور اس طہر میں جس میں جماع پایا گیا ہے دلیل حاجت موجود نہیں تا کہ اس کو حاجت کے قائم مقام بنا کر طلاق کو مشروع کیا جا سکے اس لئے ہم نے کہا کہ سنت فی الوقت صرف یہ ہے کہ طہر میں طلاق دی جائے نہ کہ حالت حیض میں اور وہ طہر خالی عن الجماع ہو۔

اور رہا غیر مدخول بہا کا معاملہ سو اس کو طہر اور حیض دونوں میں طلاق دی جا سکتی ہے۔ امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ غیر مدخول بہا کو حالت حیض میں طلاق دینا مکروہ تحریمی ہے۔ حضرت امام زفرؒ غیر مدخول بہا کو قیاس کرتے ہیں مدخول بہا پر۔ ہماری دلیل یہ ہے کہ غیر مدخول بہا میں رغبت بھر پور رہتی ہے۔ حیض کی وجہ سے کم نہیں ہوتی۔ جب تک کہ اس غیر مدخول بہا سے اس کا مقصود حاصل نہ ہو جائے۔ لہٰذا شوہر کا حالتِ حیض میں غیر مدخول بہا کو طلاق دینے کا اقدام حاجت کی وجہ سے ہوگا نہ کہ اس سے نفرت کی وجہ سے اور مدخول بہا میں طہر کی وجہ سے چونکہ رغبت نئی ہو جاتی ہے اس لئے وہ

طہر جو جماع سے خالی ہو اس میں مدخول بہا کو طلاق دینا مباح ہوگا۔

**فوائد**...... یہاں ایک اشکال ہے وہ یہ کہ مصنفؒ نے فرمایا کہ غیر مدخول بہا کو حالتِ حیض میں طلاق دینا درست ہے۔ حالانکہ حدیث ابن عمرؓ میں فرمایا گیا **انما السنة ان تستقبل الطهر** یعنی سنت یہ ہے کہ طہر کا انتظار کرے۔ اور یہ حدیث اپنے اطلاق کی وجہ سے مدخول بہا اور غیر مدخول بہا دونوں کو عام ہے۔ جواب یہ ہے کہ اسی حدیث میں ایک روایت ہے **فتلك العدة التي امر الله تعالىٰ ان يطلق لها النساء** یعنی یہ وہ عدت ہے جس کا اللہ نے حکم فرمایا کہ اس وقت پر عورتیں طلاق دی جائیں اور عدت صرف مدخول بہا کے لئے ہوتی ہے نہ کہ غیر مدخول بہا کے لئے۔ پس معلوم ہوا کہ حدیث ابن عمرؓ مدخول بہا کے ساتھ خاص ہے۔ لہٰذا اس حدیث کو لے کر اعتراض نہ کیا جائے۔

## عورت کو حیض صغر یا کبر کی وجہ سے نہ آتا ہو اس کے لئے طلاق کا سنت طریقہ

**قَالَ وَاِذَا كَانَتِ الْمَرْأَةُ لَا تَحِيْضُ مِنْ صِغَرٍ اَوْ كِبَرٍ فَاَرَادَ اَنْ يُطَلِّقَهَا ثَلٰثًا لِلسُّنَّةِ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً فَاِذَا مَضٰى شَهْرٌ طَلَّقَهَا اُخْرٰى لِاَنَّ الشَّهْرَ فِيْ حَقِّهَا قَائِمٌ مَقَامَ الْحَيْضِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاللَّائِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ اِلٰى اَنْ قَالَ وَاللَّائِيْ لَمْ يَحِضْنَ وَالْاِقَامَةُ فِي الْحَيْضِ خَاصَّةً حَتّٰى يُقَدَّرَ الْاِسْتِبْرَاءُ فِيْ حَقِّهِمَا بِالشَّهْرِ وَهُوَ بِالْحَيْضِ لَا بِالطُّهْرِ ثُمَّ اِنْ كَانَ الطَّلَاقُ فِيْ اَوَّلِ الشَّهْرِ يُعْتَبَرُ الشُّهُوْرُ بِالْاَهِلَّةِ وَاِنْ كَانَ فِيْ وَسْطِهٖ فَبِالْاَيَّامِ فِيْ حَقِّ التَّفْرِيْقِ وَفِيْ حَقِّ الْعِدَّةِ كَذٰلِكَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَعِنْدَهُمَا يُكَمَّلُ الْاَوَّلُ بِالْاٰخِرِ وَالْمُتَوَسِّطَانِ بِالْاَهِلَّةِ وَهِيَ مَسْاَلَةُ الْاِجَارَاتِ.**

---

**ترجمہ**...... قدوریؒ نے کہا اور جب عورت کو حیض نہ آتا ہو بچپن کی وجہ سے یا بڑھاپے کی وجہ سے پھر ارادہ کیا کہ اس کو تین طلاق دیدے سنت کے (وقت میں) تو اس کو ایک طلاق دیدے پس جب ایک ماہ گذر گیا تو اس کو دوسری طلاق دیدے اس لئے کہ مہینہ ان دونوں کے حق میں حیض کے قائم مقام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور وہ عورتیں جو حیض سے مایوس ہو گئیں یہاں تک کہ کہا اور وہ عورتیں جن کو حیض نہیں آتا اور قائم کرنا خاصکر حیض میں ہے حتیٰ کہ ان دونوں کے حق میں استبراء کا اندازہ لگایا جائے گا مہینہ کے ساتھ حالانکہ استبراء حیض کے ذریعہ ہوتا ہے نہ کہ طہر کے ذریعہ۔ پھر اگر طلاق اول ماہ میں ہے تو مہینوں کا اعتبار چاندوں کے ذریعہ ہوگا اور اگر وسط ماہ میں ہے تو تفریق کے حق میں ایام کے ذریعہ ہوگا اور ایسا ہی عدت کے حق میں۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبینؒ کے نزدیک اول مکمل ہوگا آخر ماہ سے اور درمیان کے دو ماہ چاندوں سے اور یہ مسئلہ اجارات کا ہے۔

**تشریح**...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی عورت کو حیض نہ آتا ہو بچپنے کی وجہ سے یا بڑھاپے کی وجہ سے۔ اور اس کا شوہر چاہتا ہے کہ اس کو سنت طریقہ پر تین طلاق دیدے تو اس کا حکم یہ ہے کہ تین ماہ میں متفرق طور پر تین طلاق دیدے۔ دلیل یہ ہے کہ مہینہ صغیرہ اور کبیرہ دونوں کے حق میں حیض کے قائم مقام ہے۔ کیونکہ خداوند قدوس نے فرمایا **واللائی یئسن من المحیض من نسائکم ان ارتبتم فعدتهن ثلاثة اشهر واللائی لم یحضن** مطلب یہ ہے کہ اگر تم پر ان دونوں قسم کی عورتوں کی عدت کا حکم مشتبہ ہو جائے تو ان کا حکم یہ ہے کہ تین ماہ عدت گذاریں۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر ان عورتوں کو حیض آتا ہوتا تو ان کی عدت تین حیض ہوتے۔ مگر چونکہ ان کو حیض نہیں آرہا ہے اس لئے ان کی عدت تین ماہ ہوگی۔ پس ثابت ہو گیا کہ مہینہ حیض کے قائم مقام ہے۔

**والاقامة فی الحیض** سے احنافؒ کے مذہب مختار کو ذکر کیا ہے کہ مہینہ خاص طور سے حیض کے قائم مقام ہے نہ کہ حیض اور طہر دونوں کے قائم مقام جیسا کہ دوسرے بعض کی رائے ہے۔ اور شمس الائمہؒ نے کہا کہ بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ غیر ذوات الحیض کے حق میں مہینہ حیض کے مرتبہ میں ہے اور ذوات الحیض کے حق میں طہر کے مرتبہ میں حالانکہ ایسا نہیں بلکہ اس کے حق میں بھی مہینہ حیض ہی کے مرتبہ میں ہے۔ مذہب مختار کی دلیل

یہ ہے باندی جس کو صغر یا کبر کی وجہ سے حیض نہیں آتا اگر انتقال ملک وغیرہ کی وجہ سے اس سے استبراء کرانا ہے تو وہ استبراء اس باندی کے حق میں مہینہ کے ساتھ مقدر کیا جاتا ہے۔ حالانکہ استبراء حیض کے ذریعہ ہوتا ہے۔ نہ کہ طہر کے ذریعہ۔ پس اس سے بھی یہ ثابت ہوا کہ مہینہ صرف حیض کے قائم مقام ہوتا ہے نہ کہ حیض اور طہر دونوں کے۔ اس تقریر پر اشکال ہوگا۔ وہ یہ کہ جب مہینہ حیض کے قائم مقام ہے تو جب بھی ان مہینوں میں سے کسی مہینہ میں طلاق دے گا تو وہ طلاق حیض میں ہوگی اور یہ حرام ہے جیسا کہ حالت حیض میں۔ دوسرا اشکال یہ ہے کہ جب مہینہ حیض کے قائم مقام ہے تو تین حیض کی جگہ تین ماہ کی کیا ضرورت ہے۔ اس لئے کہ حیض کی اکثر مدت دس دن ہے اور تین حیض کی مدت ایک ماہ میں حاصل ہو جائے گی۔ پس تین حیض کے قائم مقام ایک ماہ ہونا چاہئے نہ کہ تین ماہ۔

**پہلے اشکال کے جواب**..... کا حاصل یہ ہے کہ یہ مدت (شہر) حقیقۃً طہر ہے لیکن حیض کے قائم مقام ہے اور جو چیز کسی شیٔ کے قائم مقام ہو ممکن نہیں کہ وہ من کل وجہ اس کے معنی میں ہو ورنہ تو وہ عین شیٔ ہوگی نہ کہ قائم مقام۔ پس مہینہ کا قائم مقام ہونا صرف عدت گذارنے اور استبراء کے لئے ہے نہ کہ کسی اور اعتبار سے۔ لہٰذا اب یہ اشکال واقع نہیں ہوگا کہ جب مہینہ حیض کے قائم مقام ہے تو مہینہ میں طلاق واقع کرنا حیض میں واقع کرنا ہے۔ کیونکہ طلاق واقع کرنے میں مہینہ حیض کے قائم مقام نہیں ہے۔

**دوسرے اشکال کا جواب**..... یہ ہے کہ شریعت نے مہینوں کو حیض کے قائم مقام اس لئے بنایا تاکہ ان کے ذریعہ عورت عدت گذار سکے۔ اور عدت بالعموم تین ماہ میں پوری ہوتی ہے۔ اس وجہ سے مہینوں کو ان حیض کے قائم مقام کیا گیا جن میں عدت پائی جاتی تھی۔ اور مدتِ حیض کے قائم مقام نہیں کیا گیا یہاں تک کہ ایک ماہ پر اکتفاء کیا جاتا۔

پس جب یہ ثابت ہو گیا کہ مہینہ حیض کے قائم مقام ہے تو اب اگر ایقاع طلاق مہینہ کے شروع میں ہے تو وہ مہینے جو حیض کے قائم مقام ہیں ان کا اعتبار چاندوں کے ذریعہ ہوگا یعنی پورے تین ماہ عدت گذارے۔ چاند ۲۹ کا ہو یا ۳۰ کا۔ اور اگر ایقاعِ طلاق مہینہ کے درمیان میں ہے تو تین طلاق متفرق طور سے دینے میں مہینوں کا اعتبار ایام کے ذریعہ ہوگا نہ کہ چاند کے ذریعہ (یہ مسئلہ متفق علیہ ہے) تفصیل یہ ہے کہ طلاق سنت کی صورت میں دوسری طلاق ۳۰ دن پورے ہونے کے بعد اکتیسویں دن میں واقع کرے۔ اس لئے کہ ہر ماہ تیس دن کا معتبر ہے۔ چنانچہ جس روز ۳۰ دن پورے ہو رہے ہیں اگر اس روز طلاق واقع کی تو ایک ماہ میں دو طلاق جمع کرنے والا ہوگا۔

اور عدت کے حق میں بھی امام صاحبؒ کے نزدیک ایام ہی معتبر ہیں۔ لہٰذا عورت کی عدت نوے دن گذرنے سے پوری ہوگی اور صاحبینؒ کے نزدیک جس ماہ کے وسط میں طلاق دی گئی اس کو پورا کیا جائے آخر ماہ کے ساتھ اور درمیان کے دو ماہ میں چاند معتبر ہے۔ مثلاً ایک شخص نے اپنی بیوی کو چاند کی ۱۵ تاریخ میں طلاق دی اور یہ مہینہ ۲۹ کا ہوا تو ۱۴ دن اس ماہ کے اور ۱۶ دن آخری ماہ کے اور درمیان کے دو ماہ چاند کے حساب سے معتبر ہوں گے مہینہ ۲۹ کا ہو یا ۳۰ کا۔ یہ مسئلہ اصل میں اجارات کا ہے۔ یعنی اگر تین ماہ کے لئے مہینہ کے بالکل شروع میں مکان کرایہ پر لیا تو بالاتفاق تین ماہ چاندوں کے ذریعہ معتبر ہوں گے۔ چاند ۲۹ کا ہو یا ۳۰ کا اور اگر درمیان ماہ میں کرایہ پر لیا ہے تو امام صاحبؒ کے نزدیک تین ماہ کا اعتبار ایام کے ذریعہ ہوگا۔ یعنی نوے دن۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک اول ماہ پورا کیا جائے آخر ماہ کے ساتھ بذریعہ ایام کے اور درمیان کے دو ماہ چاند کے ذریعہ پورے کئے جائیں۔ کہا گیا کہ فتویٰ صاحبینؒ کے قول پر ہے۔

**فوائد**..... عورت کا سنِ حیض مختار مذہب کی بناء پر ۹ سال ہے اور بعض کے نزدیک ۸ سال اور بعض کے نزدیک ۷ سال ہے اور سن ایاس قول اظہر کی بناء پر ۵۵ سال ہے (فتح القدیر مع الکفایہ) واللہ اعلم بالصواب۔

## وطی اور طلاق کے درمیان زمانہ کے فصل کا حکم

قَالَ وَ يَجُوْزُ اَنْ يُّطَلِّقَهَا وَلَا يَفْصِلُ بَيْنَ وَطْيِهَا وَطَلَاقِهَا بِزَمَانٍ وَقَالَ زُفَرٌ يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا بِشَهْرٍ لِقِيَامِهٖ مَقَامَ الْحَيْضِ وَلِاَنَّ بِالْجِمَاعِ تَفْتُرُ الرَّغْبَةُ وَاِنَّمَا تَتَجَدَّدُ بِزَمَانٍ وَ هُوَ الشَّهْرُ وَلَنَا اَنَّهٗ لَا يُتَوَهَّمُ الْحَبَلُ فِيْهِمَا وَالْكَرَاهِيَةُ فِيْ ذَوَاتِ الْحَيْضِ بِاعْتِبَارِهٖ لِاَنَّ عِنْدَ ذٰلِكَ يَشْتَبِهُ وَجْهُ الْعِدَّةِ وَالرَّغْبَةُ وَاِنْ كَانَتْ تَفْتُرُ مِنَ الْوَجْهِ الَّذِيْ ذَكَرَ لٰكِنَّ تَكْثُرُ مِنْ وَجْهٍ اٰخَرَ لِاَنَّهٗ يَرْغَبُ فِيْ وَطْيٍ غَيْرِ مُعْلِقٍ فِرَاراً عَنْ مُؤَنِ الْوَلَدِ فَكَانَ الزَّمَانُ زَمَانَ الرَّغْبَةِ فَصَارَ كَزَمَانِ الْحَبْلِ.

---

ترجمہ..... قدوری نے کہا کہ جائز ہے کہ اس کو طلاق دے اور اس کی وطی اور طلاق میں کسی زمانہ کا فصل نہ کرے۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ ایک ماہ کا فصل کرے کیونکہ ماہ حیض کے قائم مقام ہے اور اس لئے کہ جماع کی وجہ سے رغبت کم ہو جاتی ہے اور نئی ہو گی ایک زمانہ سے اور وہ ماہ ہے۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ صغیرہ اور آئسہ کے حق میں حمل متوہم نہیں ہے اور ذوات الحیض میں کراہت اسی اعتبار سے تھی۔ کیونکہ اس وقت عدت کا طریقہ مشتبہ ہو جائے گا۔ اور رغبت اگرچہ کم ہو جاتی ہے اس وجہ سے جو امام زفرؒ نے ذکر فرمائی۔ لیکن دوسری وجہ سے زیادہ ہو جائے گی کیونکہ مرد رغبت کرتا ہے ایسی وطی میں جو حمل رکھنے والی نہ ہو۔ بچہ کے بار سے بھاگتے ہوئے۔ پس یہ زمانہ رغبت کا زمانہ ہے۔ اور ایسا ہو گیا جیسے حمل کا زمانہ۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ آئسہ اور صغیرہ کو طلاق دینا درآنحالیکہ اس کی طلاق اور وطی کے درمیان زمانے کے ساتھ فصل نہ کیا جائے جائز ہے۔ یہی قول امام مالکؒ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا ہے اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ اس کی وطی اور طلاق میں ایک ماہ کا فصل ضروری ہے۔

امام زفرؒ کی دلیل..... یہ ہے کہ ماہ حیض کے قائم مقام ہے اور ذوات الحیض میں وطی اور طلاق کے درمیان ایک حیض کا فصل ضروری تھا۔ لہٰذا غیر ذوات الحیض میں بھی ایک ماہ کا فصل ضروری ہوگا۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ جماع کی وجہ سے رغبت کم ہو جاتی ہے۔ (عادۃً) جیسے کہ ذوات الحیض میں جب طہر میں وطی کر لی گئی تو رغبت کم ہو جاتی ہے۔ اور تجدد رغبت کے لئے ایک مدت درکار ہے۔ لہٰذا وطی اور اس کی طلاق کے درمیان اس قدر مدت کا فصل ضروری ہے۔ جس سے تجدد رغبت ہو جائے اور وہ مدت ایک ماہ ہے۔ اس وجہ سے امام زفرؒ کی رائے یہ ہے کہ آئسہ اور صغیرہ کی وطی اور طلاق میں ایک ماہ کا فصل ضروری ہے جیسا کہ ذوات الحیض میں ایک حیض کا فصل ضروری تھا۔

ہماری دلیل..... یہ ہے کہ ذوات الحیض میں طلاق بعد الجماع کی کراہت توہم حمل کی وجہ سے تھی۔ کیونکہ توہم حمل کے وقت عدت مشتبہ ہو جاتی ہے۔ معلوم نہیں ہو سکے گا کہ وہ حاملہ ہے تاکہ عدت وضع حمل ہو یا غیر حاملہ کہ اس کی عدت تین حیض ہوں۔ بہر حال جب ذوات الحیض میں طلاق بعد الجماع کی کراہت توہم حمل کی وجہ سے تھی۔ اور آئسہ اور صغیرہ میں توہم حمل کی کوئی گنجائش نہیں لہٰذا ان دونوں کے حق میں طلاق بعد الجماع بھی بلا کراہت مباح ہوگی۔ وطی اور طلاق کے درمیان فصل کی چنداں ضرورت نہیں رہی۔

اور رہا امام زفرؒ کا یہ کہنا کہ جماع سے رغبت کم ہو جاتی ہے تسلیم ہے۔ لیکن امام زفرؒ کی بیان کردہ وجہ کے اعتبار سے اگرچہ رغبت کم ہو جاتی ہے مگر دوسرے اعتبار سے رغبت زیادہ ہو جاتی ہے۔ کیونکہ آئسہ اور صغیرہ سے جو وطی کی جائے گی اس سے عُلوق نہیں ہوگا۔ یعنی حاملہ نہیں ہوگی۔ اور اولاد کے خرچ سے بچنے کے لئے انسان ایسی وطی میں رغبت کرتا ہے جو غیر مُعلق ہو یعنی حاملہ بنانے والی نہ ہو۔ پس معلوم ہو گیا کہ آئسہ اور صغیرہ کے حق میں جماع کے فوراً بعد کا زمانہ بھی رغبت کا زمانہ ہے۔ پس حاملہ کے زمانے کے مشابہ ہو گیا کیونکہ حاملہ عورت کو بھی جماع کے بعد بلا فصل طلاق دینا جائز ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ جمیل احمد سکروڈوی۔

## حاملہ کی طلاق

**وَطَلَاقُ الْحَامِلِ يَجُوْزُ عَقِيْبَ الْجِمَاعِ لِاَنَّهٗ لَا يُؤَدِّيْ اِلٰى اِشْتِبَاهِ وَجْهِ الْعِدَّةِ وَ زَمَانُ الْحَبْلِ زَمَانُ الرَّغْبَةِ فِي الْوَطْيِ لِكَوْنِهٖ غَيْرَ مُعْلِقٍ يَرْغَبُ اَوْفِيْهَا لِمَكَانِ وَلَدِهٖ مِنْهَا فَلَا يَقِلُّ الرَّغْبَةُ بِالْجِمَاعِ.**

---

ترجمہ...... جماع کے بعد حاملہ (عورت) کو طلاق دینا جائز ہے۔ کیونکہ یہ عدت کے طریقہ کے مشتبہ ہونے کا سبب نہیں ہوگا۔ اور حمل کا زمانہ وطی میں رغبت کا زمانہ ہے اس لئے کہ یہ وطی غیر معلق ہے یا حاملہ عورت میں (اس لئے رغبت ہے) کہ اس حاملہ سے اس کا ولد ممکن الوجود ہے۔ پس جماع کی وجہ سے رغبت کم نہیں ہوگی۔

تشریح...... (مسئلہ) حاملہ عورت کے ساتھ وطی اور طلاق کے درمیان بھی فصل ضروری نہیں ہے۔ بلکہ حاملہ عورت کو جماع کے بعد بھی طلاق دینا جائز ہے۔ وجہ یہ ہے کہ حاملہ عورت کے ساتھ وطی کرنے سے عدت مشتبہ نہیں ہوتی ہے۔ کیونکہ حاملہ میں عدت کا طریقہ وضع حمل متعین ہے۔ اور حمل کا زمانہ بھی وطی میں رغبت کا زمانہ ہے دو وجہوں سے ایک تو یہ کہ حاملہ کے ساتھ وطی غیر معلق ہوگی یعنی ایسا نہیں کہ حاملہ کے ساتھ وطی کرنے سے ایک دوسرا بچہ پیدا ہو جائے۔ اور دوسری وطی کرنے سے تیسرا بچہ پیدا ہو جائے۔ پس جب یہ سمجھے گا کہ حاملہ کے ساتھ وطی برائے تفریح ہے۔ مزید کسی بوجھ کا باعث نہیں۔ تو وطی کی رغبت میں اضافہ ہی ہوگا کمی نہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ حاملہ عورت اس کے بچہ کو اپنے پیٹ میں محفوظ کئے ہوئے ہے اور اپنی اولاد کے ساتھ انسان کو فطری محبت ہوتی ہے۔ لہٰذا اس بچہ کی وجہ سے حاملہ کے ساتھ محبت میں اضافہ ہوگا۔ اور زیادتی محبت داعی الی الوطی ہوتی ہے نہ کہ مانع عن الوطی۔ پس اس سے بھی ثابت ہوا کہ جماع کی وجہ سے حاملہ کی وطی میں رغبت کم نہیں ہوگی۔

## حاملہ کی طلاق سنت

**وَيُطَلِّقُهَا لِلسُّنَّةِ ثَلٰثًا يَفْصِلُ بَيْنَ كُلِّ تَطْلِيْقَتَيْنِ بِشَهْرٍ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ وَقَالَ مُحَمَّدٌؒ لَا يُطَلِّقُهَا لِلسُّنَّةِ اِلَّا وَاحِدَةً لِاَنَّ الْاَصْلَ فِي الطَّلَاقِ الْحَظْرُ وَ قَدْ وَرَدَ الشَّرْعُ بِالتَّفْرِيْقِ عَلٰى فُصُوْلِ الْعِدَّةِ وَالشَّهْرُ فِيْ حَقِّ الْحَامِلِ لَيْسَ مِنْ فُصُوْلِهَا فَصَارَ كَالْمُمْتَدَّةِ طُهْرُهَا وَلَهُمَا اَنَّ الْاِبَاحَةَ لِعِلَّةِ الْحَاجَةِ وَالشَّهْرُ دَلِيْلُهَا كَمَا فِيْ حَقِّ الْاٰئِسَةِ وَالصَّغِيْرَةِ وَ هٰذَا لِاَنَّهٗ زَمَانُ تَجَدُّدِ الرَّغْبَةِ عَلٰى مَا عَلَيْهِ الْجِبِلَّةُ السَّلِيْمَةُ فَصَلُحَ عَلَمًا وَ دَلِيْلًا بِخِلَافِ الْمُمْتَدَّةِ طُهْرُهَا لِاَنَّ الْعَلَمَ فِيْ حَقِّهَا اِنَّمَا هُوَ الطُّهْرُ وَ هُوَ مَرْجُوٌّ فِيْهَا فِيْ كُلِّ زَمَانٍ وَلَا يُرْجٰى مَعَ الْحَبْلِ.**

---

ترجمہ...... اور حاملہ کو سنت کے وقت میں تین طلاق دے۔ ہر دو طلاقوں کے درمیان ایک ماہ کا فصل کرے ابو حنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ اس کو طلاق نہ دے سنت کے (طریقہ پر) مگر ایک۔ اس لئے کہ اصل طلاق میں ممانعت ہے۔ اور شریعت وارد ہوئی ہے (کہ طلاق کو) عدت کی فصلوں پر متفرق کرے۔ اور مہینہ حاملہ کے حق میں فصولِ عدت میں سے نہیں ہے۔ پس ایسا ہو گیا جیسا کہ وہ عورت جس کا طہر دراز ہو گیا اور شیخینؒ کی دلیل یہ ہے کہ اباحت (طلاق) علتِ حاجت کی وجہ سے ہے اور مہینہ دلیل حاجت ہے۔ جیسا کہ آئسہ اور صغیرہ کے حق میں اور یہ (مہینہ کا دلیل حاجت ہونا) اس لئے ہے کہ مہینہ تجدد رغبت کا زمانہ ہے اس بناء پر جس پر طبیعت سلیمہ (واقع ہوئی) پس مہینہ علامت اور دلیل (حاجت) بننے کی صلاحیت رکھے گا۔ بخلاف اس عورت کے جس کا طہر دراز ہو گیا کیونکہ اس کے حق میں علامت طہر ہے اور وہ ہر زمانہ میں متوقع ہے اور حمل کے ساتھ امید نہیں کی جا سکتی۔

تشریح ...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر حاملہ کو تین طلاق مسنون طریقہ پر دینے کا ارادہ ہو تو ہر دو طلاقوں کے درمیان ایک ماہ کا فصل کرے۔ شیخین کے نزدیک امام محمدؒ نے فرمایا کہ حاملہ عورت کے لئے طلاق سنت صرف ایک طلاق ہے۔ یہی قول امام زفرؒ، امام مالکؒ، امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا ہے۔

امام محمدؒ کی دلیل ...... یہ ہے کہ طلاق میں اصل ممانعت ہے اور شریعت اس پر وارد ہوئی کہ طلاق کو فصول عدت پر متفرق کیا جائے۔ یعنی ذوات الحیض میں تین طلاق تین طہروں پر متفرق کر کے واقع کی جائیں۔ اور چونکہ شریعت اس پر بھی وارد ہوئی ہے کہ مہینہ حیض کے قائم مقام ہے آئسہ اور صغیرہ کے حق میں۔ لہٰذا طلاقوں کو مہینوں پر متفرق کرنے میں آئسہ اور صغیرہ کو ذوات الحیض کے ساتھ لاحق کر دیا جائے گا۔ اور حاملہ کے حق میں مہینہ فصول عدت میں سے نہیں ہے۔ پس حاملہ عورت ممتدہ طہر کے مانند ہوگئی۔ یعنی اگر کسی عورت کا طہر دراز ہو گیا تو اس کی طلاق کو مہینوں پر متفرق نہیں کیا جائے گا بلکہ پوری مدتِ طہر میں سنت طریقہ پر ایک ہی طلاق دی جا سکتی ہے۔ اسی طرح حاملہ عورت کو اگر طلاقِ سنت دینا چاہے تو اس کی طلاقوں کو مہینوں پر متفرق نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ مسنون طریقہ پر پوری مدت حمل میں صرف ایک طلاق دے سکتا ہے۔

شیخینؒ کی دلیل ...... یہ ہے کہ اباحتِ طلاق حاجت کی وجہ سے ہے اور مہینہ دلیل حاجت ہے جیسا کہ آئسہ اور صغیرہ کے حق میں اور حاملہ کے حق میں مہینہ کا دلیل حاجت ہونا اس لئے ہے کہ مہینہ فطرت سلیمہ کے مطابق تجدد رغبت کا زمانہ ہے۔ پس ثابت ہو گیا کہ مہینہ حاملہ کے حق میں بھی دلیل حاجت ہے اور پہلے گذر چکا کہ حکم دلیلِ حاجت پر دائر ہوتا ہے۔ نہ کہ حقیقی حاجت پر اور چونکہ حاملہ عورت کے حق میں دلیل حاجت (مہینہ) موجود ہے۔ لہٰذا اس کے حق میں بھی متفرق طور پر تین ماہ میں تین طلاق دینے کا حکم مرتب کر دیا جائے گا۔

بخلاف الممتدة طهرها سے امام محمدؒ کے قیاس کا جواب ہے۔ حاصل جواب یہ ہے کہ حاملہ عورت کو ممتدۃ الطہر پر قیاس کرنا درست نہیں۔ کیونکہ ان دونوں میں فرق ہے۔ فرق یہ ہے کہ ممتدۃ الطہر کے حق میں دلیل حاجت طہر یعنی تجدد طہر ہے۔ اور اس کے بارے میں ہر زمانہ میں امید کی جا سکتی ہے۔ اس لئے کہ ممکن ہے کہ اس کو حیض کا خون آنے لگے پھر اس کے بعد طہر پایا جائے اور حمل کے ساتھ تجدد طہر کی امید نہیں کی جا سکتی۔ کیونکہ حاملہ عورت کو وضع حمل سے پہلے حیض کا خون نہیں آتا ہے۔ پس جب دونوں میں اس قدر فرق ہے تو ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔

## حالت حیض میں دی ہوئی طلاق واقع ہو جاتی ہے

وَاِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَأَتَهُ فِيْ حَالَةِ الْحَيْضِ وَقَعَ الطَّلَاقُ لِاَنَّ النَّهْيَ عَنْهُ لِمَعْنًى فِيْ غَيْرِهٖ وَ هُوَ مَا ذَكَرْنَا فَلَا يَنْعَدِمُ مَشْرُوْعِيَّتُهُ وَ يَسْتَحِبُّ لَهُ اَنْ يُرَاجِعَهَا لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِعُمَرَ مُرِ ابْنَكَ فَلْيُرَاجِعْهَا وَ قَدْ طَلَّقَهَا فِيْ حَالَةِ الْحَيْضِ وَ هٰذَا يُفِيْدُ الْوُقُوْعَ وَالْحَثَّ عَلَى الرَّجْعَةِ ثُمَّ الْاِسْتِحْبَابُ قَوْلُ بَعْضِ الْمَشَائِخِ وَالْاَصَحُّ اَنَّهُ وَاجِبٌ عَمَلًا بِحَقِيْقَةِ الْاَمْرِ وَ رَفْعًا لِلْمَعْصِيَةِ بِالْقَدْرِ الْمُمْكِنِ بِرَفْعِ اَثَرِهٖ وَ هِيَ الْعِدَّةُ وَ دَفْعًا لِضَرَرِ تَطْوِيْلِ الْعِدَّةِ.

---

ترجمہ ...... اور جب مرد نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دی تو طلاق واقع ہوگئی۔ کیونکہ نہی (حالت حیض میں) طلاق سے معنی فی غیرہ کی وجہ سے ہے اور وہ معنی وہ ہیں جو ہم نے ذکر کئے۔ پس اس کی مشروعیت معدوم نہیں ہوگی۔ اور مرد کے لئے مستحب ہے کہ عورت سے مراجعت کر لے۔ حضرت عمرؓ سے حضور ﷺ کے فرمان کی وجہ سے کہ اپنے بیٹے کو حکم دو۔ وہ (اپنی بیوی) سے مراجعت کر لے۔ حال یہ کہ اس نے اس کو حالتِ حیض میں طلاق دی ہے۔ اور یہ (قول نبی ﷺ) فائدہ دیتا ہے (حالتِ حیض میں) وقوع طلاق کا۔ اور رجعت پر آمادہ کرنے کا پھر استحباب بعض مشائخؒ کا قول ہے اور اصح یہ ہے کہ واجب ہے حقیقت امر پر عمل کرتے ہوئے۔ اور بقدر امکان معصیت کے اثر کو اٹھاتے ہوئے طلاق کے اثر کو اٹھا کر اور وہ

عدت ہے اور تطویلِ عدت کے ضرر کو دفع کرنے کے لئے۔

تشریح...... (مسئلہ) اگر کسی مرد نے حالتِ حیض میں اپنی منکوحہ کو طلاق دیدی تو طلاق واقع ہوگئی اور بالا جماع طلاق دینے والا گنہگار ہوگا۔ وقوع طلاق کی دلیل یہ ہے کہ حالت حیض میں طلاق سے نہی معنی لغیرہ کی وجہ سے ہے اور وہ معنی لغیرہ تطویل عدت ہے یعنی حالت حیض میں طلاق دینے کی صورت میں عورت کی عدت طویل ہوجائے گی۔ کیونکہ جس حیض میں طلاق دی گئی وہ عدت میں شمار نہیں ہوگا۔ اور اسی طرح اس کے بعد والا طہر شمار نہیں ہوگا۔ حاصل یہ کہ حالت حیض میں طلاق سے نہی، نہی لغیرہ ہے نہ کہ نہی لذاتہٖ اور نہی لغیرہ سے مشروع لذاتہٖ باقی رہتا ہے۔ اس وجہ سے ہم نے کہا کہ حالتِ حیض میں طلاق کی نفس مشروعیت منعدم نہیں ہوئی۔

صاحب قدوریؒ فرماتے ہیں کہ اس مرد کے لئے اپنی اس بیوی سے مراجعت کرنا مستحب ہے۔ دلیل یہ ہے کہ جب عبداللہ ابن عمرؓ نے حالتِ حیض میں طلاق دیدی تو حضرت عمرؓ نے حضور ﷺ سے اس کے بارے میں دریافت فرمایا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اپنے بیٹے عبداللہؓ کو حکم کرو کہ وہ اس سے رجعت کرے۔ اس حدیث سے دو باتیں مستفاد ہوئیں۔ ایک تو یہ کہ حالتِ حیض میں طلاق دینے سے طلاق واقع ہوجائے گی۔ کیونکہ اگر حالت حیض میں طلاق واقع نہ ہوتی تو ابن عمرؓ کو رجعت کا حکم دینے کے کیا معنی ہیں۔ دوسری بات یہ کہ اس حدیث میں مراجعت پر آمادہ کیا گیا ہے۔

صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ رجعت کے استحباب کے قائل بعض مشائخؒ ہیں اور صحیح قول یہ ہے کہ رجعت واجب ہے۔ دلیل استحباب یہ ہے کہ حدیث میں **فلیراجعھا** صیغہ امر ہے اور امر کا ادنیٰ مرتبہ استحباب ہے۔ اور یہاں استحباب پر قرینہ بھی موجود ہے۔ قرینہ یہ ہے کہ رجعت خالص شوہر کا حق ہے۔ اور انسان پر اپنے حق میں کوئی وجوب نہیں ہوتا۔ وجوب کی دلیل یہ ہے کہ مطلق امر وجوب کے لئے ہوتا ہے۔ لہٰذا حدیث میں بھی صیغہ امر وجوب کے لئے ہوگا پس وجوب مراد لینے کی صورت میں حقیقت امر پر عمل ہوگیا۔ اور رجعت اس لئے بھی واجب ہے کہ حالت حیض میں طلاق دینا معصیت ہے۔ اور معصیت کا اٹھانا واجب ہے۔ تفصیل یہ ہے کہ حالتِ حیض میں طلاق واقع کرنا معصیت ہے۔ پس مناسب تو یہ تھا کہ نفس طلاق اور عین طلاق کو اٹھالیا جاتا۔ لیکن چونکہ نفس طلاق کو اٹھانا ممکن نہیں اس لئے ہم کہتے ہیں کہ کم از کم اس کے اثر ہی کو اٹھالیا جائے۔ اور طلاق کا اثر عدت ہے پس حاصل یہ کہ رجعت کر کے عدت کو مرتفع کردیا جائے تاکہ بقدر امکان معصیت کا رفع ہو سکے اور رجعت اس لئے بھی واجب ہے کہ رجعت کی وجہ سے عورت سے تطویل عدت کا ضرر ختم ہوجاتا ہے۔

## عورت حیض سے پاک ہوگئی پھر حائضہ ہوئی، پھر طاہرہ ہوگئی طلاق دینے یا روک لینے کا حکم

**قَالَ فَاِذَا طَهُرَتْ وَ حَاضَتْ ثُمَّ طَهُرَتْ فَاِنْ شَاءَ طَلَّقَهَا وَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَهَا قَالَ وَ هٰكَذَا ذُكِرَ فِي الْاَصْلِ وَ ذَكَرَ الطَّحَاوِيُّ اَنَّهٗ يُطَلِّقُهَا فِي الطُّهْرِ الَّذِيْ يَلِي الْحَيْضَةَ الْاُوْلٰى قَالَ اَبُو الْحَسَنِ الْكَرْخِيُّ مَاذَكَرَ الطَّحَاوِيُّ قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ مَاذُكِرَ فِي الْاَصْلِ قَوْلُهُمَا وَوَجْهُ الْمَذْكُوْرِ فِي الْاَصْلِ اَنَّ السُّنَّةَ اَنْ يَفْصِلَ بَيْنَ كُلِّ طَلَاقَيْنِ بِحَيْضَةٍ وَالْفَاصِلُ هٰهُنَا بَعْضُ الْحَيْضَةِ فَتُكَمَّلُ بِالثَّانِيَةِ وَلَا تَتَجَزّٰى فَتَتَكَامَلُ وَاِذَا تَكَامَلَتِ الْحَيْضَةُ الثَّانِيَةُ فَالطُّهْرُ الَّذِيْ يَلِيْهِ زَمَانُ السُّنَّةِ فَاَمْكَنَ تَطْلِيْقُهَا عَلٰى وَجْهِ السُّنَّةِ وَجْهُ الْقَوْلِ الْاٰخَرِ اَنَّ اَثَرَ الطَّلَاقِ قَدِ انْعَدَمَ بِالْمُرَاجَعَةِ فَصَارَ كَاَنَّهٗ لَمْ يُطَلِّقْهَا فِي الْحَيْضِ فَيُسَنُّ تَطْلِيْقُهَا فِي الطُّهْرِ الَّذِيْ يَلِيْهِ**

---

ترجمہ...... پھر جب وہ (حیض سے) پاک ہوجائے اور حائضہ ہو پھر پاک ہوجاوے تو جی چاہے اس کو طلاق دے اور جی چاہے اس کو روک لے۔ مصنف ہدایہؒ نے فرمایا کہ ایسا ہی امام محمدؒ نے مبسوط میں ذکر فرمایا ہے اور طحاویؒ نے ذکر کیا کہ اس کو طلاق دے اس طہر میں جو حیضِ اول کے بعد ہے۔ ابوالحسن الکرخیؒ نے کہا کہ جو کچھ طحاویؒ نے ذکر کیا ابوحنیفہؒ کا قول ہے اور جو مبسوط میں مذکور ہے صاحبینؒ کا قول ہے اور اس کی وجہ جو مبسوط میں مذکور ہے

یہ ہے کہ ہر دو طلاقوں کے درمیان حیض (کامل) کا فصل کرنا سنت ہے۔ اور یہاں فاصل بعض حیض ہے۔ لہٰذا حیض اول مکمل کیا جائے گا حیض ثانی کے ساتھ (اور حیض ثانی) متجزی نہیں ہوتا۔ پس (حیض ثانی) مکمل ہوگا اور جب حیض ثانی مکمل ہو گیا تو وہ طہر جو (متصلاً) اس کے بعد ہے سنت کا زمانہ ہے۔ پس مسنون طریقہ پر اس کو طلاق دینا ممکن ہے۔ اور قول آخر کی وجہ یہ ہے کہ مراجعت کی وجہ سے طلاق کا اثر معدوم ہو گیا پس ایسا ہو گیا گویا اس کو حیض میں طلاق نہیں دی ہے تو اس کو اس طہر میں طلاق دینا مسنون ہوگا۔ جو متصلاً اس کے بعد ہے۔

تشریح ..... صورت مسئلہ یہ ہے کہ حالتِ حیض میں جو طلاق دی تھی اس سے مراجعت کے بعد جب وہ عورت اس حیض سے پاک ہو گئی جس میں طلاق دی گئی تھی۔ اور پھر حائضہ ہو گئی۔ پھر اس حیض ثانی کے بعد پاک ہو گئی تو اب شوہر کو اختیار ہے کہ وہ طہر ثانی میں اپنی اس بیوی کو طلاق دے یا روکے رکھے اور طلاق نہ دے۔ صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ امام محمدؒ نے مبسوط میں یہی صورت ذکر فرمائی ہے۔ اور امام طحاویؒ نے ذکر کیا کہ جس حیض میں طلاق واقع کی گئی تھی اس کے بعد والے طہر میں طلاق دے سکتا ہے۔ یعنی طہر اول میں طلاق واقع کرنے کا اختیار ہے جی چاہے طلاق واقع کرے اور جی چاہے واقع نہ کرے۔ امام ابوالحسن کرخیؒ نے ان دونوں روایتوں میں تطبیق دیتے ہوئے فرمایا کہ امام طحاویؒ کی ذکر کردہ روایت امام ابوحنیفہؒ کا قول ہے اور مبسوط کی ذکر کردہ روایت صاحبینؒ کا قول ہے۔ مصنف ہدایہؒ نے ان دونوں روایتوں میں سے ہر ایک کی وجہ ذکر فرمائی ہے لیکن ان دونوں اقوال کی تائید میں جو احادیث مروی ہیں ان کی طرف رجوع نہیں کیا۔ سو پہلے وہ احادیث ملاحظہ کیجئے۔ امام بخاریؒ نے روایت کیا:

**عن نافع عن عبداللّٰہ بن عمر ؓ ان رسول اللّٰہ ﷺ قال لعمر مرہ فلیراجعھا ثم لیمسکھا حتیٰ تطھر ثم تحیض ثم تطھر ثم ان شاء امسک بعد و ان شاء طلق قبل ان یمسّ**

اس حدیث سے مبسوط میں مذکورہ روایت کی تائید ہوتی ہے۔ (ترجمہ حدیث آسان ہے) دوسری حدیث امام ترمذیؒ نے روایت کی ہے۔ **عن سالم عن ابن عمرؓ انہ علیہ السلام قال لعمر مرہ فلیراجعھا ثم لیطلقھا اذا طھرت** ۔ یہ حدیث امام طحاویؒ کی ذکر کردہ روایت کے لئے مؤید ہے۔ یہ دونوں حدیثیں چونکہ متعارض ہیں۔ اس لئے مصنفؒ نے ان دونوں روایتوں کی عقلی وجہ کے بیان پر اکتفاء کیا ہے۔ سو مبسوط میں ذکر کردہ روایت کی عقلی وجہ یہ ہے کہ دو طلاقوں کے درمیان حیض کامل کا فصل کرنا مسنون ہے اور یہاں چونکہ حیض میں طلاق واقع کی گئی تھی۔ پھر اس سے رجعت کی گئی۔ اب اگر اس حیض کے بعد والے طہر میں طلاق دی گئی تو ان دونوں طلاقوں کے درمیان حیض کامل کا فصل نہیں ہوگا۔ بلکہ فاصل حیض کا کچھ حصہ ہوگا۔ لہٰذا اس حیض اول کو حیضِ ثانی کے ساتھ مکمل کریں گے۔ اور چونکہ حیض میں تجزی نہیں ہوتی اس لئے دوسرا حیض بھی یہ عورت مکمل کرے۔ پس جب دوسرا حیض مکمل ہو گیا تو اس کے بعد والا طہر طلاق سنت کا زمانہ ہے اور اس طہر میں مسنون طریقہ پر طلاق دینا ممکن ہے۔

اور دوسرے قول یعنی امام طحاویؒ کے ذکر کردہ قول کی وجہ یہ ہے کہ وہ طلاق جس کو حیض میں واقع کیا گیا تھا مراجعت کی وجہ سے اس کا اثر ختم ہو گیا۔ پس یہ ایسا ہو گیا گویا کہ اس عورت کو حیض میں طلاق دی ہی نہیں گئی۔ لہٰذا اس عورت کو متصلاً بعد والے طہر میں طلاق دینا مسنون ہے۔

## انت طالق ثلاثا للسنۃ سے طلاق دینے کا حکم

**وَمَنْ قَالَ لِامْرَأَتِہٖ وَ ھِیَ مِنْ ذَوَاتِ الْحَیْضِ وَ قَدْ دَخَلَ بِھَا اَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثًا لِلسُّنَّۃِ وَ لَا نِیَّۃَ لَہٗ فَھِیَ طَالِقٌ عِنْدَ کُلِّ طُھْرٍ تَطْلِیْقَۃً لِاَنَّ اللَّامَ فِیْہِ لِلْوَقْتِ وَ وَقْتُ السُّنَّۃِ طُھْرٌ لَا جِمَاعَ فِیْہِ وَ اِنْ نَوٰی اَنْ تَقَعَ الثَّلٰثُ السَّاعَۃَ اَوْ عِنْدَ رَأْسِ کُلِّ شَھْرٍ وَاحِدَۃً فَھُوَ عَلٰی مَا نَوٰی سَوَاءٌ کَانَتْ فِیْ حَالَۃِ الْحَیْضِ اَوْ فِیْ حَالَۃِ الطُّھْرِ وَ قَالَ زُفَرُؒ لَا تَصِحُّ نِیَّۃُ الْجَمْعِ لِاَنَّہٗ بِدْعَۃٌ وَ ھِیَ ضِدُّ السُّنَّۃِ وَلَنَا اَنَّہٗ مُحْتَمَلُ لَفْظِہٖ لِاَنَّہٗ سُنِّیٌّ وُقُوْعاً مِنْ حَیْثُ اَنَّہٗ وُقُوْعُہٗ بِالسُّنَّۃِ لَا اِیْقَاعاً فَلَمْ یَتَنَاوَلْہُ مُطْلَقُ کَلَامِہٖ وَ یَنْتَظِمُہٗ عِنْدَ نِیَّتِہٖ.**

ترجمہ......اور اگر کسی مرد نے اپنی بیوی سے کہا اور وہ ذوات الحیض میں سے ہے اور حال یہ کہ اس کے ساتھ دخول کر چکا انت طالق ثلاثاً للسنۃ درآنحالیکہ اس کی کوئی نیت نہیں ہے تو یہ عورت ایک طلاق کے ساتھ طالقہ ہوگی۔ کیونکہ لام اس میں وقت کے لئے ہے۔ اور سنت کا وقت ایسا طہر ہے جس میں جماع نہ ہو۔ اور اگر نیت کی کہ تین ابھی واقع ہو جائیں یا ہر ماہ کے شروع میں ایک۔ تو یہ کلام اس کی نیت پر ہوگا۔ برابر ہے کہ حالت حیض میں ہو یا حالتِ طہر میں۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ نیت جمع درست نہیں ہے۔ کیونکہ یہ بدعت ہے اور بدعت سنت کی ضد ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ نیت جمع اس کے کلام کا محتمل ہے اس لئے کہ وہ سنی وقوع ہے۔ اس حیثیت سے کہ اس کا وقوع سنت سے ہے نہ کہ (سنی) واقع کرنے کے اعتبار سے۔ پس نہیں شامل ہوگا اس کو اس کا مطلق کلام اور شامل ہوگا اس کو اس کی نیت کے وقت۔

تشریح......صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص نے اپنی مدخول بہا بیوی سے کہا انت طالق ثلاثا للسنۃ۔ وہ عورت ذوات الحیض میں سے ہوگی یا ذوات الاشہر میں سے۔ پھر ان میں سے ہر ایک کی دو صورتیں ہیں۔ یا تو اس کو ذکر کرے گا اور اس کی کوئی نیت نہیں ہوگی یا کسی چیز کی نیت کی ہوگی۔ پس اگر وہ عورت ذوات الحیض میں سے ہے اور کوئی نیت نہیں کی تو اس کو ہر طہر میں ایک طلاق واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ للسنۃ میں لام وقت کے لئے ہے اور سنت کا وقت ایسا طہر ہے جس میں جماع نہ کیا گیا ہو۔ اور اگر اس کی نیت کی کہ تین طلاق یکبارگی یا ہر ماہ کے شروع میں ایک طلاق واقع ہو جائے تو یہ کلام اس کی نیت پر ہوگا۔ یعنی اگر یہ نیت کی کہ تین طلاق دفعۃً اسی وقت واقع ہو جائیں تو تینوں طلاق اسی وقت واقع ہو جائیں گی۔ برابر ہے کہ یہ وقت حالتِ حیض کا ہو یا حالتِ طہر کا۔ اسی طرح اگر نیت کی کہ ہر ماہ کے شروع میں ایک واقع ہو جائے تو ہر ماہ کے شروع میں ایک واقع ہو جائے گی۔ برابر ہے کہ ہر ماہ کا شروع حالتِ حیض میں پڑے یا حالتِ طہر میں۔ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ نیتِ جمع درست نہیں کیونکہ بیک وقت تین طلاق واقع کرنا بدعت ہے اور بدعت سنت کی ضد ہے اور قاعدہ ہے کہ شی سے ضدِ شی کا ارادہ نہیں کیا جاتا۔ لہٰذا لفظ سنت سے بدعت کا ارادہ کرنا صحیح نہیں ہوگا۔

ہماری دلیل......یہ ہے کہ تین طلاقوں کا دفعۃً واقع ہونا یا حالتِ حیض میں واقع ہونا اس کے کلام انت طالق للسنۃ کا محتمل ہے۔ کیونکہ سنت کی دو صورتیں ہیں ایک سنی وقوع اور ایک سنی ایقاع۔ سنی وقوع کا مطلب یہ ہے کہ تین طلاقوں کا یکبارگی واقع ہونا سنت سے ثابت ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا من طلق امرأته الفا بانت منه بثلاث والباقی رد علیه۔ یعنی جس نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دیں تو وہ تین سے بائنہ ہو جائیگی اور باقی اس پر لوٹا دی جائیں گی یا سنی وقوع کا مطلب یہ ہے کہ بیک وقت تین طلاقوں کا واقع ہونا اہل سنت کا مذہب ہے اور سنی ایقاع کا مطلب یہ ہے کہ تین طلاقوں کو سنت کے طریقہ پر واقع کیا جائے۔ یعنی تین طہر میں تین طلاقیں دی جائیں بشرطیکہ وہ طہر جماع سے خالی ہو۔ بہر حال انت طالق للسنۃ میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ سنت کاملہ ہو، سنتِ کاملہ یہ ہے کہ ایقاعاً اور وقوعاً دونوں اعتبار سے سنت ہو دوسرا احتمال یہ کہ سنت قاصرہ ہو یعنی وقوعاً تو سنت ہے لیکن ایقاعاً سنت نہیں۔ پس جب شوہر نے انت طالق للسنۃ کہا اور کوئی نیت نہیں کی تو لفظ سنت چونکہ مطلق ہے۔ اس لئے سنت کاملہ کی طرف لوٹے گا۔ یعنی ایقاعاً اور وقوعاً دونوں اعتبار سے سنت ہو۔ اس وجہ سے اس صورت میں ہر طہر جس میں جماع نہ کیا گیا ہو ایک طلاق واقع ہوگی اور جب اس نے دفعۃً تین طلاقوں کی نیت کی تو اس کے کلام کو سنی وقوع کی طرف پھیر دیا جائے گا اور بیک وقت تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ کیونکہ اس کا کلام سنی وقوع کا بھی احتمال رکھتا ہے پس اس شخص نے اپنے کلام کے محتمل کی نیت کی ہے نہ کہ غیر محتمل کی۔

## آئسہ یا ذوات الاشہر والی کو انت طالق ثلاثا للسنۃ سے طلاق دینے کا حکم

**وَاِنْ كَانَتْ اٰئِسَةً اَوْمِنْ ذَوَاتِ الْاَشْهُرِ وَقَعَتِ السَّاعَةَ وَاحِدَةٌ وَ بَعْدَ شَهْرٍ اُخْرٰى وَبَعْدَ شَهْرٍ اُخْرٰى لِاَنَّ الشَّهْرَ فِيْ حَقِّهَا دَلِيْلُ الْحَاجَةِ كَالطُّهْرِ فِيْ حَقِّ ذَوَاتِ الْاَقْرَاءِ عَلٰى مَا بَيَّنَّا وَ اِنْ نَوٰى اَنْ يَقَعَ الثَّلٰثُ السَّاعَةَ وَقَعْنَ عِنْدَنَا لِمَا قُلْنَا بِخِلَافِ مَا اِذَا قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ لِلسُّنَّةِ وَ لَمْ يَنُصَّ عَلَى الثَّلٰثِ حَيْثُ لَا تَصِحُّ نِيَّةُ الْجَمْعِ**

فِيْهِ لِاَنَّ نِيَّةَ الثَّلٰثِ اِنَّمَا صَحَّتْ فِيْهِ مِنْ حَيْثُ اَنَّ اللَّامَ فِيْهِ لِلْوَقْتِ فَيُفِيْدُ تَعْمِيْمَ الْوَقْتِ وَمِنْ ضُرُوْرَتِهٖ تَعْمِيْمُ الْوَاقِعِ فِيْهِ فَاِذَا نَوَى الْجَمْعَ بَطَلَ تَعْمِيْمُ الْوَقْتِ فَلَا تَصِحُّ نِيَّةُ الثَّلٰثِ.

---

ترجمہ......اور اگر وہ (عورت) حیض سے مایوس ہوگئی یا ذوات الاشہر میں سے ہے تو ایک طلاق اسی وقت واقع ہوجائے گی اور ایک ماہ بعد دوسری اور ایک ماہ بعد تیسری۔ کیونکہ ماہ اس کے حق میں دلیل حاجت ہے، جیسا کہ طہر ذوات الحیض کے حق میں اسی تفصیل پر جو ہم نے بیان کیا ہے اور اگر یہ نیت کی کہ اسی وقت تین واقع ہوجائیں تو ہمارے نزدیک واقع ہوجائیں گی اس وجہ سے جو ہم نے بیان کیا۔ بخلاف اس صورت کے جب اس نے کہا انت طالق للسنۃ اور (لفظ) ثلاث کی تصریح نہیں کی ہے تو اس میں نیت جمع صحیح نہیں ہوگی۔ اس لئے کہ نیت ثلاث اس میں صحیح ہوتی اس حیثیت سے کہ لام اس میں وقت کے لئے ہے پس فائدہ دے گا تعمیم وقت کا اور تعمیم وقت کے لوازم میں اس چیز کی تعمیم ہے جو اس میں واقع ہوگی۔ پس جب جمع کی نیت کی تو تعمیم وقت باطل ہوگیا پس تین کی نیت صحیح نہیں ہوگی۔

تشریح......صورت مسئلہ یہ ہے کہ مدخول بہا بیوی جس سے انت طالق للسنۃ کہا اگر وہ ذوات الحیض میں سے نہ ہو بلکہ ذوات الاشہر میں سے ہو یعنی آئسہ ہو یا صغیرہ مدخول بہا تو اس پر فوری طور سے ایک طلاق واقع ہوجائے گی۔ اور ایک ماہ بعد دوسری اور دوسرے ایک ماہ بعد تیسری واقع ہوجائے گی۔ کیونکہ شہر اس کے حق میں دلیل حاجت ہے جیسا کہ ذوات الحیض کے حق میں طہر دلیل حاجت ہے۔ دلیل اس کی ماقبل میں گذر چکی کہ غیر ذوات الحیض کے حق میں مہینہ حیض کے قائم مقام ہے اور اگر شوہر نے یہ نیت کی کہ بیک وقت تین طلاقیں واقع ہوجائیں تو ہمارے نزدیک تین طلاقیں اسی وقت واقع ہوجائیں گی۔ امام زفرؒ کا اس مسئلہ میں بھی اختلاف رہے گا۔ دونوں کی دلیل اس سے پہلے مسئلہ میں گذر چکی ملاحظہ کرلیا جائے۔

بخلاف اس کے کہ اگر شوہر نے اپنی مدخول بہا بیوی سے کہا انت طالق للسنۃ اور لفظ ثلاث ذکر نہیں کیا تو بیک وقت تین طلاق واقع کرنے کی نیت کرنا صحیح نہیں۔ کیونکہ تین طلاقوں کی نیت کرنا اس وقت صحیح ہوگا جبکہ للسنۃ میں لام وقت کے لئے مانا جائے اور طلاق سنت کا وقت متعدد ہے لہٰذا لام تعمیم وقت کے لئے مفید ہوگا۔ اور تعمیم وقت کے لوازم میں سے تعمیم واقع فی الوقت ہے۔ اس لئے کہ وقت ظرف ہوگا۔ اور جو اس میں واقع ہے وہ مظروف ہوگا۔ اور تکرار ظرف مستلزم ہے تکرار مظروف کو پس جب تین طلاقوں کو جمع کرنے کی نیت کی تو تعمیم وقت باطل ہوگئی اور تعمیم وقت کے باطل ہونے سے تعمیم واقع فی الوقت بھی باطل ہوجائے گی۔ کیونکہ بطلان مقتضی موجب ہے بطلانِ مقتضیٰ کا لہٰذا تین طلاقوں کو جمع کرنے کی نیت کرنا صحیح نہیں ہے۔

## عاقل بالغ کی طلاق واقع ہوجاتی ہے اور بچے، مجنون اور سونے والے کی طلاق واقع نہیں ہوتی

فَصْلٌ وَيَقَعُ طَلَاقُ كُلِّ زَوْجٍ اِذَا كَانَ عَاقِلًا بَالِغًا وَلَا يَقَعُ طَلَاقُ الصَّبِيِّ وَالْمَجْنُوْنِ وَالنَّائِمِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ اِلَّا طَلَاقَ الصَّبِيِّ وَالْمَجْنُوْنِ وَلِاَنَّ الْاَهْلِيَّةَ بِالْعَقْلِ الْمُمَيِّزِ وَهُمَا عَدِيْمَا الْعَقْلِ وَالنَّائِمُ عَدِيْمُ الْاِخْتِيَارِ.

---

ترجمہ......فصل: اور واقع ہوجائے گی ہر شوہر کی طلاق جبکہ وہ عاقل بالغ ہو اور نہیں واقع ہوگی بچے کی طلاق اور دیوانے کی اور سوئے ہوئے کی۔ کیونکہ حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ ہر طلاق نافذ ہے مگر بچے اور دیوانے کی طلاق اور اس لئے کہ اہلیت عقل ممیز سے ہے۔ اور وہ دونوں عدیم العقل ہیں اور سویا ہوا عدیم الاختیار ہے۔

تشریح......اس فصل میں اس مسئلہ کو بیان کیا گیا ہے کہ کس کی طلاق واقع ہوگی اور کس کی واقع نہیں ہوگی۔ چنانچہ فرمایا کہ شوہر اگر عاقل بالغ ہے اور اس نے اپنی منکوحہ کو طلاق دی تو طلاق واقع ہوجائے گی اور اگر بچہ یا دیوانہ یا سویا ہوا طلاق دے تو واقع نہیں ہوگی کیونکہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ہر

طلاق نافذ ہو جاتی ہے سوائے بچے اور دیوانہ کی طلاق کے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ تصرف کی اہلیت عقل ممیز سے ہوتی ہے۔ اور بچہ اور دیوانہ دونوں عدیم العقل ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ ان دونوں میں تصرف طلاق کی اہلیت نہیں ہے اور جب اہلیت نہیں ہے تو ان کی دی ہوئی طلاق بھی واقع نہیں ہوگی۔ اور سویا ہوا تو وہ عدیم الاختیار ہے۔ حالانکہ تصرف کی شرط اختیار فی الحکم ہے۔

## مکرہ کی طلاق واقع ہو جاتی ہے...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

**وَطَلَاقُ الْمُكْرَهِ وَاقِعٌ خِلَافاً لِلشَّافِعِيِّ هُوَ يَقُوْلُ اِنَّ الْاِكْرَاهَ لَا يُجَامِعُ الْاِخْتِيَارَ وَ بِهٖ يُعْتَبَرُ التَّصَرُّفُ الشَّرْعِيُّ بِخِلَافِ الْهَازِلِ لِاَنَّهٗ مُخْتَارٌ فِي التَّكَلُّمِ بِالطَّلَاقِ وَلَنَا اَنَّهٗ قَصَدَ اِيْقَاعَ الطَّلَاقِ فِيْ مَنْكُوْحَةٍ فِيْ حَالِ اَهْلِيَّتِهٖ فَلَا يَعْرٰى عَنْ قَضِيَّتِهٖ دَفْعًا لِحَاجَتِهٖ اِعْتِبَاراً بِالطَّائِعِ وَ هٰذَا لِاَنَّهٗ عَرَفَ الشَّرَّيْنِ وَاخْتَارَ اَهْوَنَهُمَا وَ هٰذَا اٰيَةُ الْقَصْدِ وَ الْاِخْتِيَارِ اِلَّا اَنَّهٗ غَيْرُ رَاضٍ بِحُكْمِهٖ وَ ذٰلِكَ غَيْرُ مُخِلٍّ بِهٖ كَالْهَازِلِ.**

---

**ترجمہ**...... اور مکرہ کی طلاق واقع ہو جاتی ہے خلاف ہے امام شافعیؒ کا وہ فرماتے ہیں کہ اکراہ اختیار کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا ہے اور اختیار ہی کے ساتھ تصرف شرعی معتبر ہوتا ہے۔ بخلاف ٹھٹھا کرنے والے کے اس لئے کہ وہ تکلم بالطلاق میں مختار ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ مکرہ نے طلاق واقع کرنے کا قصد کیا اپنی منکوحہ میں، درآنحالیکہ اس کی لیاقت بھی رکھتا ہے تو یہ قصد اپنے مقتضیٰ سے خالی نہ جائے گا۔ اس کی حاجت کو دفع کرتے ہوئے قیاس کرتے ہوئے طائع پر اور یہ (قصد کرنا) اس دلیل سے معلوم ہوا کہ اس نے دو برائیوں کو پہچانا اور ان دونوں میں سے آسان کو اختیار کیا اور یہ علامت ہے قصد اور اختیار کی۔ مگر یہ کہ مکرہ اس کے حکم پر راضی نہیں اور یہ غیر مخل ہے (وقوع طلاق) میں ہازل (ٹھٹھا کرنے والے) کی طرح)۔

**تشریح**...... مکرہ بفتح الراء وہ شخص ہے جس کو جان یا عضو کا ضرر پہنچانے کی بادشاہ نے دھمکی دی ہو یا اس شخص نے جس کی طرف سے ایسا کرنا متصور ہے۔

پس مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی کو مجبور کیا گیا کہ وہ اپنی منکوحہ کو طلاق دے اور اس نے مجبور ہو کر طلاق دیدی تو ہمارے نزدیک طلاق واقع ہو جائے گی امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ واقع نہیں ہوگی۔ اسی کے قائل امام مالکؒ اور امام احمدؒ ہیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ اکراہ اور اختیار دونوں جمع نہیں ہو سکتے اور تصرفات شرعی اختیار ہی کے ساتھ معتبر ہوتے ہیں۔ پس اختیار نہ ہونے کی وجہ سے مکرہ کی طلاق بھی واقع نہیں ہوگی۔ بخلاف ہازل (ٹھٹھا کرنے والے کے) کیونکہ اگر کوئی شخص ہنسی مذاق میں اپنی بیوی کو طلاق دیدے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ اس لئے کہ ہازل طلاق کا تکلم کرنے میں مختار ہے۔ حضرت امام شافعیؒ حضور ﷺ کے ارشاد **رُفعَ عن امتی الخطاء و النسیان وما استکرھوا علیه** سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ یعنی میری امت سے خطا اور نسیان اور جس پر مجبور کیا گیا ہے اس کو اٹھا لیا گیا۔ لیکن اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں آخرت میں رفع حکم مراد ہے نہ کہ دنیا میں۔ یعنی خطا اور نسیان کی وجہ سے آخرت میں مواخذہ نہیں ہوگا۔ البتہ دنیا میں خطا و نسیان وغیرہ پر احکام مرتب ہوں گے مثلاً قتل خطاء میں اگرچہ آخرت میں مواخذہ نہیں ہوگا لیکن دنیا میں دیت واجب ہوتی ہے۔ اسی طرح نماز میں اگر نسیاناً واجب ترک ہو گیا تو گو آخرت میں اس پر مواخذہ نہیں ہوگا لیکن دنیا میں سجدہ سہو واجب ہوتا ہے بہر حال اس حدیث کو استدلال میں پیش کرنا درست نہیں۔

**ہماری دلیل**...... یہ ہے کہ مکرہ نے اپنی منکوحہ پر طلاق واقع کرنے کا ارادہ کیا ہے درآنحالیکہ اس کو طلاق واقع کرنے کی لیاقت بھی ہے۔ پس یہ قصدِ طلاق اپنے مقتضیٰ اور حکم سے خالی نہ جائے گا تاکہ **تخلف حکم عن العلت** لازم نہ آئے اور تاکہ مکرہ کی حاجت دفع ہو جائے۔ مکرہ کی حاجت یہ ہے کہ جس چیز سے اس کو ڈرایا گیا ہے اس سے چھٹکارا پا جائے۔ اور اس مکرہ کو قیاس کیا گیا ہے طائع پر۔ یعنی جس طرح اپنی رضا اور اختیار سے طلاق دینے کی صورت میں طلاق واقع ہو جاتی ہے اسی طرح مکرہ کے طلاق دینے پر بھی طلاق واقع ہو جائے گی۔ اور یہ قصدِ طلاق اس سے معلوم ہوا کہ مکرہ کے سامنے دو برائیاں تھیں۔ ایک جان کا ضائع ہونا دوسری بیوی کا ضائع ہونا۔ یعنی اگر طلاق دے تو بیوی گئی اور اگر طلاق نہ دے تو

جان گئی اس شخص نے ان دونوں برائیوں میں سے آسان (وقوع طلاق) کو اختیار کر لیا۔ اور دو برائیوں کو پہچاننا اور اہون کو اختیار کرنا یہی قصد اور اختیار کی علامت ہے۔ پس ثابت ہو گیا کہ مکرہ نے اپنے اختیار سے طلاق دی ہے نہ کہ بلا اختیار ہاں زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ مکرہ ایقاع طلاق کے حکم (وقوع طلاق) پر راضی نہیں تھا مگر ہم کہتے ہیں کہ ایقاع طلاق کے حکم پر عدم رضا وقوع طلاق میں مخل نہیں۔ مطلب یہ ہے کہ بغیر رضامندی کے بھی طلاق واقع ہو سکتی ہے۔ جیسے ہازل کی طلاق وقوع طلاق پر عدم رضا کے باوجود واقع ہو جاتی ہے۔

## نشے والے کی طلاق واقع ہو جاتی ہے یا نہیں؟

**وَطَلَاقُ السَّكْرَانِ وَاقِعٌ وَاخْتِيَارُ الْكَرْخِيِّ وَالطَّحَاوِيِّ اَنَّهُ لَا يَقَعُ وَ هُوَ اَحَدُ قَوْلَيِ الشَّافِعِيِّ لِاَنَّ صِحَّةَ الْقَصْدِ بِالْعَقْلِ وَهُوَ زَائِلُ الْعَقْلِ فَصَارَ كَزَوَالِهِ بِالْبَنْجِ وَالدَّوَاءِ وَلَنَا اَنَّهُ زَالَ بِسَبَبٍ هُوَ مَعْصِيَةٌ فَجُعِلَ بَاقِيًا حُكْمًا زَجْرًا لَهُ حَتّٰى لَوْ شَرِبَ فَصُدِعَ وَزَالَ عَقْلُهُ بِالصُّدَاعِ نَقُوْلُ اَنَّهُ لَا يَقَعُ طَلَاقُهُ.**

---

ترجمہ..... اور نشہ سے مست آدمی کی طلاق واقع ہے۔ اور امام کرخیؒ اور امام طحاویؒ کا پسندیدہ (مذہب) یہ ہے کہ واقع نہیں ہوگی۔ اور یہ امام شافعیؒ کے دو قولوں میں سے ایک ہے۔ اس لئے کہ ارادہ کا صحیح ہونا عقل کے ساتھ ہے اور وہ (شخص) زائل العقل ہے۔ پس ایسا ہو گیا جیسا کہ اس کا زائل ہونا بنگ (بھنگ) یا دوا سے۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ اس کی عقل ایسے سبب سے زائل ہوئی جو معصیت ہے پس اس کو زجر کرنے کے لئے حکماً باقی قرار دیا گیا۔ حتیٰ کہ اگر اس نے (شراب) پی لی پھر درد سر ہو گیا اور درد سر کی وجہ سے اس کی عقل زائل ہو گئی تو ہم کہتے ہیں کہ اس کی طلاق واقع نہیں ہوگی۔

تشریح..... عبارت میں سکران سے مراد وہ شخص ہے جو انتہائی نشہ کی حالت میں ہو حتیٰ کہ زمین و آسمان میں امتیاز نہ کر سکے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص انتہائی نشہ کی حالت میں اپنی بیوی کو طلاق دیدے تو ہمارے نزدیک طلاق واقع ہو جائے گی اور امام کرخیؒ اور امام طحاویؒ کا پسندیدہ مذہب یہ ہے کہ طلاق واقع نہیں ہوگی۔ یہی امام شافعیؒ کا ایک قول ہے۔ دلیل یہ ہے کہ قصد اور ارادہ کا صحیح ہونا عقل کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ شخص زائل العقل ہے پس ایسا ہو گیا جیسا کہ عقل کا بھنگ یا دواء سے زائل ہو جانا اور ان دونوں میں بالاتفاق طلاق واقع نہیں ہوتی۔ پس اسی طرح نشہ کی حالت میں اگر طلاق دی تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔

ہماری دلیل..... یہ ہے کہ اس شخص کی عقل ایسے سبب سے زائل ہوئی ہے جو معصیت اور گناہ ہے یعنی شربِ خمر وغیرہ سے لہٰذا اس شخص کو زجر و توبیخ کرنے کے لئے اس کی عقل کو حکماً باقی قرار دیا گیا ہے۔ پس جب حکماً اس کی عقل باقی ہے تو اس کا طلاق کا ارادہ کرنا بھی صحیح ہوگا۔ اور جب ارادہ طلاق صحیح ہے تو طلاق واقع بھی ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کسی شخص نے شراب پی لی پھر اس کی وجہ سے درد سر ہو گیا اور درد سر کی وجہ سے اسکی عقل زائل ہو گئی تو اس صورت میں ہم بھی کہتے ہیں کہ اس کی دی ہوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ اس صورت میں زوالِ عقل معصیت کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ درد سر کی وجہ سے ہے۔

فوائد..... مصنفؒ ہدایہ کی عبارت میں تسامح ہے وہ یہ کہ مصنفؒ نے نشہ کی وجہ سے اس کو زائل العقل قرار دیا ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں کیونکہ وہ شریعت کے احکام کا مخاطب ہے اور خطاب بلا عقل نہیں ہوتا۔ زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مغلوب العقل ہے۔

جواب..... چونکہ مغلوب کالمعدوم ہوتا ہے اس وجہ سے اس پر زوال کا اطلاق کیا گیا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## گونگے کی اشارہ سے طلاق واقع ہو جاتی ہے

**وَطَلَاقُ الْاَخْرَسِ وَاقِعٌ بِالْاِشَارَةِ لِاَنَّهَا صَارَتْ مَعْهُوْدَةً فَاُقِيْمَتْ مَقَامَ الْعِبَارَةِ دَفْعًا لِلْحَاجَةِ وَسَتَاْتِيْكَ وُجُوْهُهٗ**

فِیْ آخِرِ الْکِتَابِ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی.

ترجمہ......اور گونگے کی طلاق اشارے سے واقع ہوگی۔ کیونکہ اشارہ معہود ومعین ہے۔ اس وجہ سے اشارہ عبارت کے قائم مقام ہوگا حاجت کو دفع کرنے کے لئے اور عنقریب اس کی وجوہ آخر کتاب میں آ جائیں گی انشاء اللہ۔

تشریح......مسئلہ یہ ہے کہ گونگے کی طلاق اشارے سے واقع ہوجائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ گونگے کا اشارہ معہود ومعروف ہے۔ لہٰذا وہ دلالت میں عبارت کے مانند ہوگا۔ پس اس کے اشارے سے اس کا نکاح طلاق، عتاق، بیع اور شراء سب صحیح ہوں گے۔ خواہ وہ گونگا کتابت پر قادر ہو یا کتابت پر قادر نہ ہو۔ اور بعض شوافع کہتے ہیں کہ اگر وہ کتابت پر قادر ہے تو اشارے سے اس کی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ کتابت جو اشارے کے مقابلہ میں اولیٰ ہے اس سے ضرورت پوری ہوگئی۔

## باندی اور آزاد عورت کی تعدادِ طلاق

**وَطَلَاقُ الْاَمَةِ ثِنْتَانِ حُرًّا کَانَ زَوْجُھَا اَوْ عَبْدًا وَطَلَاقُ الْحُرَّةِ ثَلَاثٌ حُرًّا کَانَ زَوْجُھَا اَوْ عَبْدًا وَ قَالَ الشَّافِعِیؒ عَدَدُ الطَّلَاقِ مُعْتَبَرٌ بِحَالِ الرِّجَالِ لِقَوْلِهٖ عَلَیْهِ السَّلَامُ الطَّلَاقُ بِالرِّجَالِ وَالْعِدَّةُ بِالنِّسَاءِ وَلِاَنَّ صِفَةَ الْمَالِکِیَّةِ کَرَامَةٌ وَالْاٰدَمِیَّةُ مُسْتَدْعِیَةٌ لَھَا وَ مَعْنَی الْاٰدَمِیَّةِ فِی الْحُرِّ اَکْمَلُ فَکَانَتْ مَالِکِیَّتُهٗ اَبْلَغَ وَاَکْثَرَ وَلَنَا قَوْلُهٗ عَلَیْهِ السَّلَامُ طَلَاقُ الْاَمَةِ ثِنْتَانِ وَ عِدَّتُھَا حَیْضَتَانِ وَلِاَنَّ حِلَّ الْمَحَلِّیَّةِ نِعْمَةٌ فِیْ حَقِّھَا وَلِلرِّقِّ اَثَرٌ فِیْ تَنْصِیْفِ النِّعَمِ اِلَّا اَنَّ الْعُقْدَةَ لَا تَتَجَزّٰی فَتَکَامَلُ عُقْدَتَانِ وَتَاوِیْلُ مَارَوٰی اَنَّ الْاِیْقَاعَ بِالرِّجَالِ.**

ترجمہ......اور باندی کی طلاقیں دو ہیں۔ اس کا شوہر آزاد ہو یا غلام۔ اور آزاد عورت کی طلاقیں تین ہیں۔ اس کا شوہر آزاد ہو یا غلام اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ طلاق کا عدد معتبر ہے مردوں کے حال پر۔ کیونکہ حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ طلاق مردوں کے ساتھ ہے اور عدت عورتوں کے ساتھ ہے اور اس لئے کہ مالک ہونے کی صفت کرامت ہے اور آدمیت اس کی مقتضی ہے اور آدمیت کے معنی آزاد میں زیادہ کامل ہیں تو آزاد کا مالک ہونا (بھی مملوک سے) زیادہ بڑھ کر ہوگا۔ اور ہماری دلیل حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ باندی کی طلاق دو ہیں اور اس کی عدت دو حیض ہیں اور اس وجہ سے کہ محلیت کا حلال ہونا عورت کے حق میں نعمت ہے اور رقیت کو دخل ہے نعمتوں کو آدھا کرنے میں مگر یہ کہ عقدہ (طلاق) متجزی نہیں ہوتا۔ لہٰذا دو عقدے کامل ہوں گے اور اس حدیث کی تاویل جو روایت کی گئی یہ ہے کہ طلاق واقع کرنا مردوں کے (اختیار) میں ہے۔

تشریح......عدد طلاق کے سلسلہ میں ائمہ کا اختلاف ہے۔ چنانچہ احنافؒ کا مذہب یہ ہے کہ طلاق کے عدد میں عورتوں کا اعتبار ہے یعنی باندی کی دو طلاقیں ہیں اس کا شوہر آزاد ہو یا غلام۔ اور آزاد عورت کی تین طلاقیں ہیں اس کا شوہر آزاد ہو یا غلام۔ حاصل یہ کہ باندی دو طلاقوں سے مغلظہ ہوجائے گی اور آزاد عورت تین طلاقوں سے مغلظہ ہوگی۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ طلاق کے عدد میں مردوں کا حال معتبر ہے۔ یعنی مرد اگر آزاد ہے تو وہ اپنی بیوی کو تین طلاق دینے کا مجاز ہے اس کی بیوی آزاد ہو یا باندی اور اگر مرد غلام ہے تو وہ اپنی منکوحہ کو دو طلاق دینے کا مجاز ہے اس کی منکوحہ آزاد ہو یا باندی۔ یہی مذہب امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا ہے۔ ثمرہ اختلاف دو صورتوں میں ظاہر ہوگا۔ ایک یہ کہ آزاد عورت غلام کے نکاح میں ہو، دوم یہ کہ باندی آزاد مرد کے نکاح میں ہو۔ چنانچہ پہلی صورت میں احنافؒ کے نزدیک تین طلاق واقع کی جا سکتی ہیں اور دوسری صورت میں دو طلاق دی جا سکتی ہیں۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک اس کا برعکس ہے۔ یعنی پہلی صورت میں دو طلاقیں اور دوسری صورت میں تین طلاقیں واقع کرنے کا اختیار ہے۔

امام شافعیؒ کی دلیل......حضور ﷺ کا ارشاد الطلاق بالرجال و العدة بالنساء ہے وجہ استدلال یہ ہے کہ حدیث میں طلاق اور عدت کے

درمیان مقابلہ کیا گیا ہے اور عدت میں من حیث العدد بالاتفاق عورتوں کا اعتبار ہے چنانچہ اگر باندی ہے تو اس کی عدت دو حیض ہوں گے۔ جیسا کہ احناف کہتے ہیں یا دو طہر ہوں گے جیسا کہ شوافع کا مذہب ہے اور اگر آزاد ہے تو اس کی عدت تین حیض یا تین طہر ہوں گے لہٰذا مقابلہ کو ثابت کرنے کے لئے طلاق میں مردوں کا اعتبار کیا جائے گا یعنی آزاد مرد تین طلاقوں کا مالک ہوگا۔ بیوی آزاد ہو یا باندی اور اگر مرد غلام ہے تو دو طلاقوں کا مالک ہوگا بیوی آزاد ہو یا باندی۔

دلیل عقلی...... یہ ہے کہ مالک ہونے کی صفت کرامت ہے۔ اور ہر وہ چیز جو کرامت ہو آدمیت اس کا تقاضا کرتی ہے۔ کیونکہ آدمی اللہ تعالیٰ کے مکرم کر دینے سے مکرم ہے۔ فرمایا ولقد کرمنا بنی ادم اور آدمیت کے معنی آزاد مرد میں زیادہ کامل ہیں۔ کیونکہ آزاد مرد ان چیزوں کی صلاحیت رکھتا ہے جن کی غلام صلاحیت نہیں رکھتا۔ مثلاً قضا، ولایت، شہادت پس جب آدمیت آزاد مرد میں زیادہ کامل ہے تو اس کا مالک ہونا بھی مملوک کے مقابلہ میں زیادہ ابلغ ہوگا اس وجہ سے امام شافعیؒ نے فرمایا کہ آزاد مرد تین طلاق کا مالک ہے اور غلام دو کا۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا طلاق الامۃ ثنتان وعدتہا حیضتان۔ حدیث میں الامۃ کا الف لام جنس کے لئے ہے پس معنی ہوں گے کہ جنس امۃ کی طلاق دو ہیں اور اس کی عدت دو حیض ہیں۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ عدد طلاق میں عورتیں معتبر ہیں نہ کہ مرد۔

احنافؒ کی دلیل عقلی...... یہ ہے کہ عورت کا محلِ نکاح ہو کر حلال ہونا اس کے حق میں نعمت ہے کیونکہ اس کی وجہ سے وہ نفقہ، کسوہ اور سکنیٰ وغیرہ کی مستحق ہوگی اور نعمتوں کو آدھا کرنے میں رقیت کو دخل ہے پس قیاس کا تقاضا تو یہ تھا کہ باندی کو صرف ڈیڑھ طلاق دینا کافی ہوتا جو آزاد عورت کی طلاق کا نصف ہے۔ مگر چونکہ طلاق میں تجزی اور تقسیم نہیں ہوتی اس لئے اس آدھی طلاق کو پورا کر کے مکمل دو طلاقیں کر دی گئیں۔

صاحبِ ہدایہؒ نے امام شافعیؒ کی ذکر کردہ حدیث کا جواب دیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ الطلاق بالرجال کے معنی ہیں ایقاع الطلاق بالرجال۔ یعنی طلاق واقع کرنا مردوں کے اختیار میں ہے۔ اس تاویل کے بعد یہ حدیث شوافع کا مستدل نہ ہو سکے گی۔

علامہ عینیؒ نے فرمایا کہ ابن ابی شیبہ نے اپنے مصنف میں اس روایت کو ابن عباس ﷺ پر موقوف کیا ہے۔ اور طبرانی نے اپنے معجم میں ابن مسعود ﷺ پر موقوف کرتے ہوئے روایت کیا ہے۔ اور عبدالرزاق نے اپنے مصنف میں عثمان ﷺ، زید بن ثابت ﷺ اور ابن عباس ﷺ پر موقوف کرتے ہوئے روایت کیا ہے۔ حاصل یہ کہ یہ حدیث مرفوع نہیں بلکہ موقوف ہے اور شوافع کے نزدیک حدیث موقوف قابلِ استدلال نہیں ہوتی ہے۔ لہٰذا اس حدیث سے امام شافعیؒ کا اپنے مذہب پر استدلال کرنا درست نہیں ہوگا۔

## غلام نے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کیا اور طلاق دی تو واقع ہو جائے گی

**وَاِذَاتَزَوَّجَ الْعَبْدُ اِمْرَأَةً بِاِذْنِ مَوْلَاهُ وَ طَلَّقَهَا وَ قَعَ طَلَاقُهُ وَلَا يَقَعُ طَلَاقُ مَوْلَاهُ عَلٰى اِمْرَأَتِهٖ لِاَنَّ مِلْكَ النِّكَاحِ حَقُّ الْعَبْدِ فَيَكُوْنُ الْاِسْقَاطُ اِلَيْهِ دُوْنَ الْمَوْلٰى۔**

---

ترجمہ......اور جب غلام نے کسی عورت سے نکاح کیا اپنے مولیٰ کی اجازت سے اور اس کو طلاق دے دی تو اس کی طلاق واقع ہو جائے گی اور اس کے مولیٰ کی طلاق اس کی بیوی پر واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ ملک نکاح حق العبد ہے پس اس کا ساقط کرنا بھی اسی کا حق ہوگا نہ کہ مولیٰ کا۔

تشریح......صورت مسئلہ اور اس کی دلیل واضح ہے۔

جمیل احمد سکروڈوی

# بَابُ اِيْقَاعِ الطَّلَاقِ

ترجمہ ...... یہ باب طلاق واقع کرنے کے (بیان میں) ہے

تشریح ...... چونکہ گذشتہ باب میں مصنفؒ نے اصل طلاق اور سنی اور بدعی ہونے کے اعتبار سے وصفِ طلاق کو بیان کیا ہے۔ اس لئے اب اس باب مِن حیث الایقاع طلاق کے انواع واقسام کو بیان فرمائیں گے۔

## طلاق کی دو قسمیں، طلاق صریح وکنایہ

اَلطَّلَاقُ عَلٰی ضَرْبَیْنِ صَرِیْحٌ وَ كِنَايَةٌ فَالصَّرِيْحُ قَوْلُهُ اَنْتِ طَالِقٌ وَ مُطَلَّقَةٌ وَ طَلَّقْتُكِ فَهٰذَا يَقَعُ بِهِ الطَّلَاقُ الرَّجعِيُّ لِاَنَّ هٰذِهِ الْاَلْفَاظَ تُسْتَعْمَلُ فِي الطَّلَاقِ وَ لَا تُسْتَعْمَلُ فِيْ غَيْرِهٖ فَكَانَ صَرِيْحاً وَ اَنَّهٗ يُعْقِبُ الرَّجْعَةَ بِالنَّصِّ وَلَا يَفْتَقِرُ اِلَى النِّيَّةِ لِاَنَّهٗ صَرِيْحٌ فِيْهِ لِغَلَبَةِ الْاِسْتِعْمَالِ وَ كَذَا اِذَا نَوَى الْاِبَانَةَ لِاَنَّهٗ قَصَدَ تَنْجِيْزَ مَا عَلَّقَهُ الشَّرْعُ بِانْقِضَاءِ الْعِدَّةِ فَيُرَدُّ عَلَيْهِ وَلَوْ نَوَى الطَّلَاقَ عَنْ وَثَاقٍ لَمْ يُدَيَّنْ فِي الْقَضَاءِ لِاَنَّهٗ خِلَافُ الظَّاهِرِ وَ يُدَيَّنُ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ اللهِ تَعَالٰى لِاَنَّهٗ يَحْتَمِلُهٗ وَلَوْ نَوٰى بِهِ الطَّلَاقَ عَنِ الْعَمَلِ لَمْ يُدَيَّنْ فِي الْقَضَاءِ وَلَا فِيْمَا بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ اللهِ تَعَالٰى لِاَنَّ الطَّلَاقَ لِرَفْعِ الْقَيْدِ وَ هُوَ غَيْرُ مُقَيَّدٍ بِالْعَمَلِ وَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّهٗ يُدَيَّنُ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ اللهِ تَعَالٰى لِاَنَّهٗ يُسْتَعْمَلُ لِلتَّخْلِيْصِ.

---

ترجمہ ...... طلاق دو قسم پر ہے صریح اور کنایہ۔ پس صریح اس کا قول انت طالق اور مطلقۃ اور طلقتک پس یہ (ایسے الفاظ ہیں) جن کے ساتھ طلاق رجعی واقع ہوگی۔ کیونکہ یہ الفاظ طلاق میں مستعمل ہوتے ہیں اور غیر طلاق میں مستعمل نہیں ہوتے تو طلاق صریح ٹھہری اور صریح (طلاق کے) بعد رجعت ہوتی ہے۔ بدلیل نص اور (طلاق صریح) محتاج نیت نہیں ہے۔ کیونکہ وہ طلاق میں صریح ہے۔ غلبہ استعمال کی وجہ سے اور ایسے ہی جب اس نے بائنہ کرنے کی نیت کی۔ کیونکہ اس نے اس چیز کو بالفعل کر دینے کا ارادہ کیا ہے جس کو شریعت نے عدت گذرنے پر معلق کیا ہے۔ لہٰذا اس کا ارادہ اسی پر لوٹا دیا جائے گا۔ اور اگر اس نے بیڑی سے رہائی کا ارادہ کیا تو قضاءً تصدیق نہیں کی جائے گی۔ اس لئے کہ وہ خلاف ظاہر ہے اور فیما بینہ وبین اللہ تصدیق کر لی جائے گی۔ اس لئے کہ لفظ اس کا احتمال رکھتا ہے۔ اور اگر عمل سے رہائی کی نیت کی تو نہ قضاءً تصدیق کی جائے گی اور نہ دیانۃً فیما بینہ وبین اللہ۔ اس لئے کہ طلاق رفع قید کے لئے ہوتی ہے اور وہ عورت کے عمل کے ساتھ مقید نہیں۔ اور ابو حنیفہؒ سے روایت ہے کہ فیما بینہ و بین اللہ تصدیق کی جائے گی۔ کیونکہ یہ کلام چھٹکارا دینے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

تشریح ...... عبارت میں طلاق بمعنی تطلیق ہے۔ بہر حال طلاق کی دو قسمیں ہیں۔ صریحی اور کنایہ۔ صریح اس کو کہتے ہیں جس کی مراد بغیر بیان کئے ظاہر ہو جائے۔ اور کنایہ وہ ہے جس کی مراد بغیر بیان کئے ظاہر نہ ہو سکے۔ صریحی طلاق یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی سے کہے انت طالق، انت مطلقه یا طلقتك۔ ان الفاظ سے طلاق رجعی واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ یہ الفاظ طلاق کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔ اور غیر طلاق میں استعمال نہیں ہوتے۔ لہٰذا یہ الفاظ طلاق کے معنی میں صریحی ہوں گے۔ اور طلاق صریحی کے بعد آیت و بعولتهن احق بردهن سے رجعت ثابت ہے۔ اور طلاق صریحی محتاج نیت بھی نہیں ہے۔ کیونکہ طلاق کے معنی میں یہ الفاظ غلبہ استعمال کی وجہ سے صریحی ہیں۔ حاصل یہ کہ نیت ہوتی ہے مبہم کو متعین کرنے میں اور ان الفاظ کی دلالت میں کوئی ابہام نہیں ہے۔ لہٰذا یہ الفاظ اپنے معنی پر دلالت میں نیت کے محتاج نہیں ہوں گے۔

اسی طرح طلاق رجعی واقع ہوگی اگر شوہر نے الفاظ صریحی سے بائنہ کرنے کی نیت کی ہو دلیل یہ ہے کہ اس شخص نے اس چیز کو بالفعل کرنے کا

ارادہ کیا جس کو شریعت نے عدت گذرنے پر معلق کیا تھا۔ یعنی شریعت نے طلاق صریحی میں بینونت کا اعتبار عدت گذرنے کے بعد کیا تھا اور اس نے اعتبار کیا ہے کہ فی الحال بینونت حاصل ہو جائے۔ پس اس کے قصد اور اعتبار کو شریعت کے خلاف ہونے کی وجہ سے الٹا اس کے منہ پر پھینک دیا جائے گا۔ اور اگر اس نے انت طالق بول کر بیڑی سے رہائی کی نیت کی تو حکم یہ ہے کہ قضاءً تصدیق نہیں کی جائے گی البتہ دیانۃً تصدیق کر لی جائے گی اس بارے میں اصل یہ ہے کہ اگر کلام کسی معنی کا احتمال رکھتا ہے لیکن وہ معنی خلاف ظاہر ہے پس اگر متکلم اپنے اس کلام سے اس معنی کی نیت کرے تو خلاف ظاہر ہونے کی وجہ سے قضاءً تصدیق نہیں کی جائے گی۔ مگر چونکہ کلام اس معنی کا احتمال رکھتا ہے اس وجہ سے دیانۃً فیما بینہ وبین اللہ تصدیق کر لی جائے گی۔

اور اگر انت طالق سے طلاق عن العمل (عمل سے رہائی) کی نیت کی ہے تو نہ قضاءً تصدیق کی جائے گی اور نہ دیانۃً۔ کیونکہ اس کا کلام انت طالق، طلاق عن العمل کا احتمال ہی نہیں رکھتا ہے پس کلام جس معنیٰ کا احتمال نہیں رکھتا اس معنیٰ کی نیت معتبر نہیں ہوگی۔ جیسے کوئی انت طالق کہہ کر انت آکلۃ مراد لے تو اس کی نیت معتبر نہیں ہوتی۔ اور رہی یہ بات کہ انت طالق طلاق عن العمل کا احتمال کیوں نہیں رکھتا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ طلاق قید نکاحی کو اٹھانے کے لئے ہوتی ہے اور قید نکاحی غیر مقید بالعمل ہے لہٰذا طلاق قید بالعمل کو اٹھانے کے لئے نہیں ہوگی۔

امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ دیانۃً طلاق عن العمل کے معنی کی تصدیق کی جائے گی دلیل یہ ہے کہ طلاق کا لفظ چھٹکارا دینے کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ لہٰذا انت طالق کے معنی انت مخلصۃ عن العمل کے ہوں گے۔

## مطلقہ کہنے سے طلاق کا حکم

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ مُطْلَقَةٌ بِتَسْكِيْنِ الطَّاءِ لَا يَكُوْنُ طَلَاقًا اِلَّا بِالنِّيَةِ لِاَنَّهَا غَيْرُ مُسْتَعْمَلَةٍ فِيْهِ عُرْفاً فَلَمْ يَكُنْ صَرِيْحاً.

---

ترجمہ......اور اگر کہا انت مطلقۃ طاء کو سکون دے کر تو (یہ) طلاق نہیں ہوگی۔ مگر نیت کے ساتھ۔ کیونکہ یہ لفظ معنی طلاق میں عرفاً مستعمل نہیں ہے۔ پس (یہ لفظ طلاق میں) صریحی نہ ہوا۔

تشریح......مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے اپنی منکوحہ بیوی سے انت مطلقۃ کہا یعنی طاء کا سکون اور لام کا فتحہ تو اس سے بلا نیت طلاق واقع نہیں ہوگی۔ البتہ بہ نیت طلاق طلاق واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ یہ لفظ طلاق کے معنی میں عرفاً مستعمل نہیں لہٰذا یہ لفظ صریحی طلاق نہیں ہوگا مگر چونکہ اس لفظ سے مقصود طلاق ادا ہو جاتا ہے۔ اس لئے اگر طلاق کی نیت پائی گئی تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

## مذکورہ لفظ سے ایک طلاق واقع ہوگئی اگرچہ زیادہ کی نیت بھی ہو، امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

قَالَ وَلَايَقَعُ بِهٖ اِلَّا وَاحِدَةٌ وَاِنْ نَوىٰ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ يَقَعُ مَا نَوىٰ لِاَنَّهٗ مُحْتَمَلُ لَفْظِهٖ فَاِنَّ ذِكْرَ الطَّالِقِ ذِكْرٌ لِلطَّلَاقِ لُغَةً كَذِكْرِ الْعَالِمِ ذِكْرٌ لِلْعِلْمِ وَلِهٰذَا يَصِحُّ قِرَانُ الْعَدَدِ بِهٖ فَيَكُوْنُ نَصباً عَلَى التَّفْسِيْرِ وَلَنَا اَنَّهٗ نَعْتُ فَرْدٍ حَتّٰى قِيْلَ لِلْمُثَنّٰى طَالِقَانِ وَلِلثَّلَاثِ طَوَالِقُ فَلَا يَحْتَمِلُ الْعَدَدَ لِاَنَّهٗ ضِدُّهٗ وَ ذِكْرُ الطَّالِقِ ذِكْرٌ لِطَلَاقٍ هُوَ صِفَةٌ لِلْمَرْاَةِ لَا لِطَلَاقٍ هُوَ تَطْلِيْقٌ وَالْعَدَدُ الَّذِيْ يَقْتَرِنُ بِهٖ نَعْتٌ لِمَصْدَرٍ مَحْذُوْفٍ مَعْنَاهُ طَلَاقاً ثَلٰثاً كَقَوْلِكَ اَعْطَيْتُهٗ جَزِيْلًا اَيْ اِعْطَاءً جَزِيْلًا.

---

ترجمہ......اور نہیں واقع ہوگی ان (مذکورہ تین لفظوں میں سے ہر ایک) کے ساتھ مگر ایک (طلاق) اگرچہ اس سے زائد کی نیت کی ہو۔ اور فرمایا امام

شافعیؒ نے کہ جس کی نیت کی ہے وہ واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ منوی اس کے لفظ کا محتمل ہے۔ اس لئے کہ طالق کا ذکر لغۃً طلاق کا ذکر ہے جیسا کہ عالم کا ذکر کرنا علم کا ذکر کرنا ہے۔ اور اسی وجہ سے اس کے ساتھ عدد کا متصل کرنا صحیح ہے پس ہوگا (لفظ ثلاثا) منصوب تمیز کی بناء پر۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ (لفظ طالق) نعت فرد ہے حتیٰ کہ دو کے لئے طالقان اور تین کے لئے طوالق کہا جاتا ہے۔ پس عدد کا احتمال نہیں ہوگا۔ کیونکہ (فرد) اس کی ضد ہے اور طالق کا ذکر کرنا ایسی طلاق کا ذکر کرنا ہے جو عورت کی صفت ہے نہ کہ اس طلاق کا جو تطلیق (کے معنی میں ہے) اور وہ عدد جو اس کے ساتھ مقترن ہے مصدر محذوف کی صفت ہے۔ اس کے معنی ہیں طلاقاً ثلاثاً جیسے تیرا قول اعطیتہ جزیلاً یعنی اعطاء جزیلا۔

تشریح ...... لا یقع به الا واحدة کا تعلق سابقہ عبارت فهٰذا یقع به الطلاق الرجعی کے ساتھ ہے۔ اب حاصل مسئلہ یہ ہوگا کہ الفاظِ طلاق انت طالق مطلقۃ طلقتک کے ذریعہ طلاق رجعی واقع ہوگی۔ اور ان الفاظ ثلاثہ میں ہر ایک کے ساتھ صرف ایک طلاق واقع ہوگی اگرچہ ایک سے زائد کی نیت کی ہو۔ یہ تو ہمارا مذہب ہے۔ اور امام شافعیؒ کا مذہب یہ ہے کہ جس قدر طلاقوں کی نیت کرے گا دو کی یا تین کی۔ اسی کے مطابق واقع ہوں گی۔ یہی قول ہے امام مالکؒ امام زفرؒ اور ایک روایت میں امام احمدؒ کا۔

**امام شافعیؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ یہ شخص ایک یا دو یا تین کی جو بھی نیت کرے گا وہ اس کے لفظ کا محتمل ہوگا کیونکہ صیغہ صفت طالق کا ذکر کرنا طلاق مصدر کا ذکر کرنا ہے۔ اس لئے کہ صیغہ صفت بغیر مشتق منہ کے متحقق نہیں ہوتا۔ جیسے کہ لفظ عالم کو بولنا علم کا ذکر کرنا ہے۔ حاصل یہ کہ لفظ طالق مصدر پر مشتمل ہے اور مصدر بالاتفاق ایک اور ایک سے زائد کا احتمال رکھتا ہے اور چونکہ طالق کا ذکر اس طلاق کا ذکر ہے جو قلیل و کثیر دونوں کا احتمال رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے لفظ طالق ...... کے ساتھ عدد کا ملانا درست ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے انت طالق ثلاثا اور یہ لفظ ثلاثا تمیز کی بناء پر منصوب ہے اور تمیز کا حاصل ہے لفظ کے محتملات میں سے ایک کو متعین کرنا۔ پس خلاصہ یہ ہوا کہ لفظ طالق قلیل و کثیر کا احتمال رکھتا ہے۔ لہٰذا دو یا تین طلاق میں سے جو بھی نیت کرے گا اس کے کلام کے محتمل کی نیت ہوگی۔ اور کلام کے محتمل کی نیت کرنا شرعاً معتبر ہے۔

**اور ہماری دلیل** ...... یہ ہے کہ لفظ طالق نعت فرد ہے کیونکہ یہ ایک عورت کی صفت ہے حتیٰ کہ دو کے لئے طالقان اور تین کے لئے طوالق کہا جاتا ہے اور ہر وہ لفظ جو نعت فرد ہو عدد کا احتمال نہیں رکھتا کیونکہ عدد فرد کی ضد ہے اور شی اپنی ضد کا احتمال نہیں رکھتی ہے لہٰذا انت طالق سے دو یا تین طلاق کی نیت کرنا درست نہیں۔

امام شافعیؒ کی دلیل ...... کا جواب یہ ہے کہ طالق صیغہ صفت بلاشبہ طلاق مصدر پر دلالت کرتا ہے لیکن یہ وہ طلاق ہے جو عورت کی صفت ہے (یعنی وقوع طلاق) نہ کہ وہ طلاق جو تطلیق کے معنی میں ہے۔ اور زوج کا فعل ہے اور عدد کا احتمال اس لفظ طلاق میں ہے جو تطلیق کے معنی میں ہے نہ کہ اس میں جو عورت کی صفت ہے۔ لہٰذا ذکر الطالق ذکر الطلاق سے استدلال صحیح نہیں۔ اور امام شافعیؒ کا یہ کہنا کہ لفظ طالق کے ساتھ عدد مقترن ہوتا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ انت طالق ثلاثا میں عدد مصدر محذوف کی صفت ہے نہ کہ تمیز تقدیری عبارت ہوگی انت طالق ثلاثا اور یہ ایسا ہے جیسے کسی نے کہا اعطیتہ جزیلا یعنی اعطاءً جزیلاً۔

## انت الطلاق یا انت طالق الطلاق یا انت طالق طلاقا کے الفاظ سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ الطَّلَاقُ اَوْ اَنْتِ طَالِقُ الطَّلَاقِ اَوْ اَنْتِ طَالِقٌ طَلَاقًا فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ لَهٗ نِيَّةٌ اَوْ نَوٰى وَاحِدَةً اَوْ ثِنْتَيْنِ فَهِيَ وَاحِدَةٌ رَجْعِيَّةٌ وَ اِنْ نَوٰى ثَلٰثًا فَثَلٰثٌ وَوُقُوْعُ الطَّلَاقِ بِاللَّفْظَةِ الثَّانِيَةِ وَالثَّالِثَةِ ظَاهِرٌ لِاَنَّهٗ لَوْ ذَكَرَ النَّعْتَ وَحْدَهٗ يَقَعُ بِهِ الطَّلَاقُ فَاِذَا ذَكَرَهٗ وَذَكَرَ الْمَصْدَرَ مَعَهٗ وَاَنَّهٗ يَزِيْدُهٗ وَكَادَةً اَوْلٰى وَ اَمَّا وُقُوْعُهٗ بِاللَّفْظَةِ الْاُوْلٰى فَاِنَّ الْمَصْدَرَ يُذْكَرُ وَ يُرَادُ بِهِ الْاِسْمُ يُقَالُ رَجُلٌ عَدْلٌ اَىْ عَادِلٌ فَصَارَ بِمَنْزِلَةِ قَوْلِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ وَ عَلٰى هٰذَا

لَوْقَالَ اَنْتِ طَلَاقٌ يَقَعُ الطَّلَاقُ بِهٖ اَيْضاً وَلَا يَحْتَاجُ فِيْهِ اِلَى النِّيَّةِ وَ يَكُوْنُ رَجْعِياًلِمَا بَيَّنَّا اَنَّهٗ صَرِيْحُ الطَّلَاقِ لِغَلَبَةِ الْاِسْتِعْمَالِ فِيْهِ وَ تَصِحُّ نِيَّةُ الثَّلٰثِ لِاَنَّ الْمَصْدَرَ يَحْتَمِلُ الْعُمُوْمَ وَالْكَثْرَةَ لِاَنَّهٗ اِسْمُ جِنْسٍ فَيُعْتَبَرُ بِسَائِرِ الْاَجْنَاسِ فَتَتَنَاوَلُ الْاَدْنٰى مَعَ اِحْتِمَالِ الْكُلِّ وَلَا تَصِحُّ نِيَّةُ الثِّنْتَيْنِ فِيْهَا خِلَافاً لِزُفَرَ هُوَ يَقُوْلُ اِنَّ الثِّنْتَيْنِ بَعْضُ الثَّلٰثِ فَلَمَّا صَحَّتْ نِيَّةُ الثَّلٰثِ صَحَّتْ نِيَّةُ بَعْضِهَا ضُرُوْرَةً وَ نَحْنُ نَقُوْلُ نِيَّةُ الثَّلٰثِ اِنَّمَا صَحَّتْ لِكَوْنِهَا جِنْساً حَتّٰى لَوْ كَانَتِ الْمَرْأَةُ اَمَةً تَصِحُّ نِيَّةُ الثِّنْتَيْنِ بِاِعْتِبَارِ مَعْنَى الْجِنْسِيَةِ اَمَّا الثِّنْتَانِ فِيْ حَقِّ الْحُرَّةِ عَدَدٌ وَاللَّفْظُ لَا يَحْتَمِلُ الْعَدَدَ وَ هٰذَا لِاَنَّ مَعْنَى التَّوَحُّدِ مُرَاعًا فِيْ اَلْفَاظِ الْوُحْدَانِ وَ ذٰلِكَ بِالْفَرْدِيَّةِ وَالْجِنْسِيَّةِ وَالْمُثَنّٰى بِمَعْزَلٍ مِّنْهُمَا.

---

ترجمہ.....اور اگر کہا انت الطلاق یا انتِ طالق الطلاق یا انت طالق طلاقاً۔ پس اگر اس کی کوئی نیت نہ ہو یا ایک کی نیت کی یا دو کی تو یہ ایک رجعی ہے اور تین کی نیت کی تو تین ہیں۔ اور طلاق کا واقع ہونا دوسرے اور تیسرے لفظ کے ساتھ ظاہر ہے۔ اس لئے کہ اگر یہ صرف نعت ذکر کرتا تو اس سے طلاق واقع ہو جاتی۔ پس جب اس کو ذکر کیا اور اس کے ساتھ مصدر کو ذکر کیا حال یہ کہ مصدر اس میں قوت کا اضافہ کرتا ہے تو بدرجہ اولیٰ (واقع ہوگی) اور بہر حال طلاق کا واقع ہونا پہلے لفظ کے ساتھ سو اس لئے کہ مصدر ذکر کیا جاتا ہے اور اس سے مراد اسم ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے رجل عدل یعنی عادل۔ پس (یہ) انت طالق کے مرتبہ میں ہو گیا۔ اور اسی بنیاد پر اگر انت طلاق کہا تو اس کے ساتھ بھی طلاق واقع ہو جائے گی۔ اور اس میں نیت کا محتاج نہیں ہوگا۔ اور (طلاق) رجعی ہوگی اس کی وجہ سے جو ہم نے بیان کیا کہ یہ صریح الطلاق ہے (طلاق کے معنی میں) غلبہ استعمال کی وجہ سے اور تین (طلاقوں) کی نیت کرنا صحیح ہوگا۔ اس لئے کہ مصدر عموم اور کثرت کا احتمال رکھتا ہے۔ کیونکہ (مصدر) اسم جنس ہے۔ لہٰذا تمام اسماءِ اجناس پر قیاس کیا جائے گا۔ پس ادنیٰ کو شامل ہوگا کل کے احتمال کے ساتھ۔ اور ان (الفاظ مذکورہ میں) دو (طلاقوں) کی نیت صحیح نہیں ہوگی۔ خلاف ہے امام زفرؒ کا۔ وہ فرماتے ہیں کہ دو، تین کا بعض ہے۔ پس جب تین کی نیت صحیح ہے تو اس کے بعض کی نیت بالضرور صحیح ہوگی۔ اور ہم جواب دیں گے کہ نیتِ ثلاث اس لئے صحیح ہے کہ وہ (کل) جنس ہے۔ حتیٰ کہ اگر عورت باندی ہوتی تو دو کی نیت معنیٰ جنسیت کا اعتبار کرتے ہوئے صحیح ہوتی۔ بہر حال دو آزاد کے حق میں عدد ہے۔ اور لفظ عدد کا احتمال نہیں رکھتا ہے۔ اور یہ اس لئے کہ الفاظ وحدان میں توحد کے معنیٰ ملحوظ ہیں۔ اور یہ (توحد حاصل ہوگا) فردیت یا جنسیت کے ساتھ۔ اور مثنیٰ ان دونوں سے الگ ہے۔

تشریح.....عبارت میں طلاق کے تین الفاظ ذکر کئے گئے ہیں۔ ان تینوں صورتوں میں اگر کوئی نیت نہیں ہے یا ایک طلاق کی ہے یا دو کی تو ایک طلاق رجعی ہوگی اور اگر تین کی نیت کی گئی ہے تو تین واقع ہو جائیں گی۔ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ دوسرے لفظ یعنی انت طالق الطلاق اور تیسرے لفظ یعنی انت طالق طلاقاً کے ساتھ طلاق کا واقع ہونا ظاہر ہے۔ کیونکہ اگر یہ شخص صرف صیغہ صفت (طالق) کا ذکر کرتا تو طلاق واقع ہو جاتی۔ پس جب اس نے صیغہ صفت کے ساتھ مصدر بھی ذکر کر دیا درآنحالیکہ مصدر تاکید کا اضافہ کرتا ہے تو طلاق بدرجہ اولیٰ واقع ہوگی۔ اور پہلے لفظ یعنی انت الطلاق سے طلاق کا وقوع اس لئے ہے کہ بسا اوقات مصدر بول کر اسم مراد لیا جاتا ہے جیسے رجل عدل سے رجل عادل مراد لیا گیا ہے۔ اسی طرح یہاں الطلاق مصدر سے طالق مراد لیا جائے گا۔ پس انت الطلاق انت طالق کے مرتبہ میں ہو گیا۔ اور چونکہ انت طالق سے طلاق واقع ہو جاتی ہے لہٰذا انت الطلاق سے بھی طلاق ہو جائے گی اور ایسے ہی انت طالق سے بھی طلاق واقع ہو جائے گی۔

اس موقع پر ایک اشکال ہوگا، وہ یہ کہ اگر انت الطلاق انت طالق کے مرتبہ میں ہے تو اس صورت میں تین طلاقوں کی نیت صحیح نہ ہونی چاہئے جیسا کہ انت طالق میں صحیح نہیں ہے۔ جواب طالق میں تین کی نیت کرنا اس کے نعتِ فرد ہونے کی وجہ سے نہیں ہے اور رہا لفظ الطلاق سو وہ اصل میں

مصدر ہے۔ پس لفظ الطلاق من کل وجہ طالق کے مرتبہ میں نہیں ہے اور انت الطلاق وقوع طلاق میں محتاج نیت بھی نہیں ہوگا اور یہاں جو طلاق واقع ہوگی وہ طلاق رجعی ہوگی کیونکہ طلاق کے معنی میں غلبہ استعمال کی وجہ سے یہ طلاق صریحی ہے۔ اور طلاق صریحی سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے اور محتاجِ نیت نہیں ہوتی۔

صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ شوہر نے اگر تین طلاقوں کی نیت کی ہے تو ان الفاظ مذکورہ میں سے ہر ایک کے ساتھ تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ دلیل یہ ہے کہ تینوں الفاظ میں مصدر مذکور ہے اور مصدر عموم اور کثرت کا احتمال رکھتا ہے کیونکہ مصدر اسم جنس ہے لہٰذا اس کو تمام اسماء اجناس پر قیاس کیا جائے گا۔ پس مصدر ادنیٰ (ایک) کو شامل ہوگا کل کے احتمال کے ساتھ۔ البتہ ان الفاظ میں اگر دو طلاقوں کی نیت کی ہے تو ہمارے نزدیک صحیح نہیں۔ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ دو کی نیت بھی صحیح ہے۔ امام زفرؒ دلیل میں فرماتے ہیں کہ دو طلاقیں تین کا جز ہیں۔ پس جب تین (کل) کی نیت درست ہے تو اس کے جزء اور بعض کی نیت بھی درست ہوگی۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ مصدر اسم جنس ہے۔ اور اسم جنس کے دو فرد ہوتے ہیں ایک فرد حقیقی، دوم فرد حکمی۔ فرد حقیقی ایک طلاق ہے اور فرد حکمی کل کا مجموعہ یعنی تین طلاقیں ہیں اور دو کا عدد طلاق کا نہ فرد حقیقی ہے اور نہ فرد حکمی۔ پس اگر شوہر نے تین طلاقوں کی نیت کی ہے تو یہ مصدر کا فردِ حکمی ہونے کی وجہ سے صحیح ہے۔ چنانچہ عورت اگر باندی ہے تو اس کے حق میں دُو طلاقوں کی نیت کرنا بھی صحیح ہے کیونکہ دو طلاق باندی کے حق میں کل جنس یعنی فرد حکمی ہے۔ اور آزاد عورت کے حق میں دو طلاق عدد محض ہے اور مصدر عدد کا احتمال نہیں رکھتا ہے۔ کیونکہ مصدر الفاظ وحدان میں سے ہے۔ اور الفاظ وحدان میں توحد کے معنی کی رعایت کی جاتی ہے۔ اور توحد کے معنیٰ فرد حقیقی کے ساتھ متحقق ہوں گے یا فرد حکمی یعنی کل جنس کے ساتھ۔ اور دو کا عدد ان دونوں سے الگ ہے کیونکہ وہ نہ فرد حقیقی ہے اور نہ فرد حکمی۔

## انت طالق الطلاق سے طلاق دینے کا حکم

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقُ الطَّلَاقِ وَ قَالَ اَرَدْتُّ بِقَوْلِیْ طَالِقٌ وَاحِدَةً وَ بِقَوْلِیْ الطَّلَاقُ اُخْرٰی یُصَدَّقُ لِاَنَّ کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا صَالِحٌ لِلْاِیْقَاعِ فَکَاَنَّهٗ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ وَ طَالِقٌ فَتَقَعُ رَجْعِیَّتَانِ اِذَا کَانَتْ مَدْخُوْلًا بِهَا.**

---

ترجمہ...... اور اگر کسی نے کہا انت طالق الطلاق اور کہا کہ میں نے اپنے قول طالق سے ایک طلاق کا ارادہ کیا ہے اور اپنے قول الطلاق سے دوسری کا تو تصدیق کی جائے گی۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک (لفظ طلاق) واقع کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ پس گویا اس نے کہا انت طالق و طالق۔ پس دو رجعی واقع ہوں گی جبکہ وہ (عورت) مدخول بہا ہو۔

تشریح...... صورت مسئلہ ظاہر ہے۔ دلیل یہ ہے کہ لفظ طالق اور طلاق دونوں میں سے ہر ایک لفظ طلاق واقع کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے پس اگر وہ عورت غیر مدخول بہا ہے تو پہلے لفظ طلاق سے بائنہ ہو جائے گی۔ اور دوسرا لفظ لغو ہوگا۔ اور اگر مدخول بہا ہے تو دو طلاق رجعی واقع ہوں گی ایک لفظ طالق سے اور دوسری لفظ الطلاق سے۔ بتقدیر مبتدا تقدیری عبارت ہوگی انت طالق انت الطلاق جیسے انت طالق و طالق کی تقدیری عبارت ہے انت طالق و انت طالق۔

## عورت کے کل کو طلاق یا ایسے جزء کی طرف طلاق کو منسوب کرنا جس سے کل کو تعبیر کیا جاتا ہو طلاق ہوگی یا نہیں

**وَاِذَا اَضَافَ الطَّلَاقَ اِلٰی جُمْلَتِهَا اَوْ اِلٰی مَا یُعَبَّرُ بِهٖ عَنِ الْجُمْلَةِ وَقَعَ الطَّلَاقُ لِاَنَّهٗ اُضِیْفَ اِلٰی مَحَلِّهٖ وَ ذٰلِكَ مِثْلُ اَنْ یَّقُوْلَ اَنْتِ طَالِقٌ لِاَنَّ التَّاءَ ضَمِیْرُ الْمَرْاَةِ اَوْ یَقُوْلُ رَقَبَتُكِ طَالِقٌ اَوْ عُنُقُكِ طَالِقٌ اَوْ رَاْسُكِ طَالِقٌ اَوْ رُوْحُكِ**

اَوْ بَدَنُكَ اَوْ جَسَدُكِ اَوْ فَرْجُكِ اَوْ وَجْهُكِ لِاَنَّهُ يُعَبَّرُبِهَا عَنْ جَمِيْعِ الْبَدَنِ اَمَّا الْجَسَدُ وَالْبَدَنُ فَظَاهِرٌ وَ كَذَا غَيْرُهُمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ وَ قَالَ فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ وَ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَعَنَ اللّٰهُ الْفُرُوْجَ عَلَى السُّرُوْجِ وَ يُقَالُ فُلَانٌ رَأْسُ الْقَوْمِ وَوَجْهُ الْعَرَبِ وَهَلَكَ رُوْحُهُ بِمَعْنٰى نَفْسُهُ وَ مِنْ هٰذَا الْقَبِيْلِ الدَّمُ فِيْ رِوَايَةٍ يُقَالُ دَمُهُ هَدَرٌ وَ مِنْهُ النَّفْسُ وَ هُوَ ظَاهِرٌ.

---

ترجمہ......اور جب (مردنے) طلاق کو منسوب کیا کل عورت کی طرف یا اس جزء کی طرف جس سے کل کو تعبیر کیا جاتا ہے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ طلاق اپنے محل کی طرف منسوب کی گئی ہے اور یہ مثلاً کہے انت طالق اس لئے کہ تا عورت کی ضمیر ہے یا کہے تیری گردن طلاق والی ہے یا تیرا عنق طلاق والا ہے یا تیرا سر اطلاق والا ہے یا تیری روح یا تیرا بدن یا تیرا جسد یا تیری شرمگاہ یا تیرا چہرہ۔ کیونکہ ان الفاظ کے ذریعہ تمام بدن کو تعبیر کیا جاتا ہے۔ بہر حال جسد اور بدن تو ظاہر ہے اور ایسے ہی ان دونوں کے علاوہ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا **فتحریر رقبة** یعنی آزاد کرنا ایک گردن اور فرمایا **فظلت اعناقهم** یعنی خاضعین وہ لوگ ہیں جو خضوع کرنے والے ہیں۔ اور آنحضرت ﷺ نے فرمایا لعنت کرے اللہ شرمگاہوں پر جو زینوں پر ہوں۔ اور کہا جاتا ہے فلاں شخص رأس القوم ہے۔ اور وجہ العرب۔ اور اس کی ذات ہلاک ہوگئی۔ اور اسی قبیل سے ایک روایت میں دم ہے کہا جاتا ہے اس کا خون رائیگاں ہے اور اسی قبیل سے (لفظ) نفس ہے۔ اور وہ ظاہر ہے۔

تشریح......صاحبِ قدوریؒ نے ایک ضابطہ بیان کیا ہے وہ یہ کہ اگر طلاق کل عورت کی طرف منسوب کی گئی یا ایسے جز کی طرف جس سے کل عورت کو تعبیر کیا جاتا ہے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ اس صورت میں طلاق اپنے محل یعنی عورت کی طرف منسوب کی گئی ہے۔ کل عورت کی طرف منسوب کرنے کی مثال انت طالق ہے کیونکہ تا عورت کی ضمیر ہے جس سے کل عورت مراد ہوگی۔ اور جز کی طرف منسوب کرنے کی مثالیں رقبتک طالق الی آخرہ ہیں۔

صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ ان مذکورہ الفاظ سے جمیع بدن کو تعبیر کیا جاتا ہے۔ بدن اور جسد سے جمیع بدن کا تعبیر ہونا تو ظاہر ہے۔ اور ایسے ہی ان دونوں کے علاوہ دوسرے مذکورہ الفاظ سے بھی جمیع بدن کو تعبیر کیا جاتا ہے۔ مثلاً کلام پاک میں ہے **فتحریر رقبة** آیت میں نفس رقبہ مراد نہیں بلکہ ذات مراد ہے۔ اور فرمایا **فظلت اعناقهم** آیت میں نفس اعناق مراد نہیں بلکہ ذوات اور اشخاص مراد ہیں۔ کیونکہ اگر نفس اعناق مراد ہوتا تو لہا خاضعین کے بجائے لہا خاضعة ہوتا۔ اور حضور ﷺ نے فرمایا **لعن الله الفروج على السروج**۔ اس حدیث میں نفس فروج مراد نہیں۔ بلکہ صاحبۂ فروج یعنی عورتوں کی ذات مراد ہے۔ کیونکہ لعنت فرج پر نہیں ہوتی بلکہ ذات پر ہوتی ہے۔ یہ حدیث غریب ہے۔ البتہ اس کے ہم معنی ایک دوسری حدیث ہے۔ **عن ابن عباس** ؓ **قال نهى رسول الله** ﷺ **ذوات الفرج ان يركبن السروج**۔ اور کہا جاتا ہے **فلان رأس القوم** یعنی اکبرہم اور وجہ العرب یعنی او جھھم۔ ان دونوں مقولوں میں نفس رأس اور نفس وجہ مراد نہیں بلکہ ذات اور شخص مراد ہے اور ان دونوں مقولوں سے زیادہ واضح استدلال یہ ہے کہ دعاء کے موقع پر کہا جاتا ہے **يعيش رأسك**۔ ظاہر ہے کہ زندہ رہنے کی دعا کسی ایک جز کے لئے نہیں ہوتی۔ بلکہ پوری ذات کے لئے ہوتی ہے اور وجہ سے ذات مراد لینے کے واسطے قول باری تعالیٰ ویبقیٰ وجہ ربک سے استدلال کیا جائے۔ اور ہلک روحہ میں روح سے نفس روح مراد نہیں بلکہ پوری ذات مراد ہے اور ایک روایت میں دم بھی اسی قبیل سے ہے۔ یعنی دم سے پورے بدن کو تعبیر کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے دمہ ہدر۔ لہٰذا اگر دم کی طرف طلاق منسوب کی جائے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ اور ایک روایت یہ ہے کہ دم کی طرف طلاق منسوب کرنے سے طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور لفظ نفس بھی اسی قبیل سے ہے کہ اس کی طرف طلاق منسوب کرنے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ یہ ظاہر ہے کیونکہ نفس سے مراد ہی ذات ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## جزءِ شائع کو طلاق دینے کا حکم

وَ كَذٰلِكَ اِنْ طَلَّقَ جُزْءً شَائِعًا مِثْلُ اَنْ يَقُوْلَ نِصْفُكِ اَوْ ثُلُثُكِ طَالِقٌ لِاَنَّ الْجُزْءَ الشَّائِعَ مَحَلٌّ لِسَائِرِ التَّصَرُّفَاتِ كَالْبَيْعِ وَغَيْرِهٖ فَكَذَا يَكُوْنُ مَحَلًّا لِلطَّلَاقِ اِلَّا اَنَّهٗ لَا يَتَجَزّٰى فِيْ حَقِّ الطَّلَاقِ فَيَثْبُتُ فِي الْكُلِّ ضَرُوْرَةً.

---

ترجمہ...... اور ایسے ہی (اس پر طلاق واقع ہوگی) اگر جز شائع کو طلاق دی جیسے کہے نصفك یا ثلثك طالق ۔ کیونکہ جزء شائع تمام تصرفات کا محل ہے ۔ جیسے بیع وغیرہ پس ایسے ہی طلاق کا محل ہے مگر یہ کہ (جزء شائع) طلاق کے حق میں متجزی نہیں ہوتا ۔ پس طلاق کل بدن میں بالضرورۃ ثابت ہو جائے گی ۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر جزء شائع کی طرف طلاق منسوب کی گئی تو عورت پر طلاق واقع ہو جائے گی ۔ مثلاً کہا نصفك طالق یا ثلثك طالق یا ربعك یا سدسك طالق ۔

دلیل سے پہلے جزء شائع کے معنی ذہن نشین کر لیجئے ۔ جزء شائع کہتے ہیں اس جزء غیر معین کو جو بدن کے ہر ہر حصہ پر صادق آئے ۔ دوسری بات یہ کہ جز شائع کل کے حکم میں ہوتا ہے ۔

اب دلیل ملاحظہ کیجئے ۔ دلیل یہ ہے کہ جزء شائع تمام تصرفات (بیع وغیرہ) کا محل ہے اور چونکہ طلاق بھی ایک تصرف ہے لہٰذا، اس کا بھی محل ہوگا ۔ مگر چونکہ طلاق تقسیم و تجزی کو قبول نہیں کرتی یعنی یہ نہیں ہو سکتا کہ طلاق بدن کے کچھ حصہ پر واقع ہو جائے اور کچھ پر واقع نہ ہو اس لئے کل بدن میں ضرورۃً ثابت ہو جائے گی ۔

## یدك طالق یا رجلك طالق سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں، اقوال فقہاء

وَلَوْ قَالَ يَدُكِ طَالِقٌ اَوْ رِجْلُكِ طَالِقٌ لَمْ يَقَعِ الطَّلَاقُ وَ قَالَ زُفَرُ وَالشَّافِعِيُّ يَقَعُ وَ كَذَا الْخِلَافُ فِيْ كُلِّ جُزْءٍ مُعَيَّنٍ لَا يُعَبَّرُ بِهٖ عَنْ جَمِيْعِ الْبَدَنِ لَهُمَا اَنَّهٗ جُزْءٌ مُتَمَتَّعٌ بِعَقْدِ النِّكَاحِ وَمَا هٰذَا حَالُهٗ يَكُوْنُ مَحَلًّا لِحُكْمِ النِّكَاحِ فَيَكُوْنُ مَحَلًّا لِلطَّلَاقِ فَيَثْبُتُ الْحُكْمُ فِيْهِ قَضِيَّةً لِلْاِضَافَةِ ثُمَّ يَسْرِيْ اِلَى الْكُلِّ كَمَا فِي الْجُزْءِ الشَّائِعِ بِخِلَافِ مَا اِذَا اُضِيْفَ اِلَيْهِ النِّكَاحُ لِاَنَّ التَّعَدِّيَ مُمْتَنِعٌ اِذِ الْحُرْمَةُ فِيْ سَائِرِ الْاَجْزَاءِ تَغْلِبُ الْحِلَّ فِيْ هٰذَا الْجُزْءِ وَ فِي الطَّلَاقِ الْاَمْرُ عَلَى الْقَلْبِ وَلَنَا اَنَّهٗ اَضَافَ الطَّلَاقَ اِلٰى غَيْرِ مَحَلِّهٖ فَيَلْغُوْ كَمَا اِذَا اَضَافَهٗ اِلٰى رِيْقِهَا اَوْ ظُفْرِهَا وَ هٰذَا لِاَنَّ مَحَلَّ الطَّلَاقِ مَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْقَيْدُ لِاَنَّهٗ يُنْبِئُ عَنْ رَفْعِ الْقَيْدِ وَلَا قَيْدَ فِي الْيَدِ وَ لِهٰذَا لَا تَصِحُّ اِضَافَةُ النِّكَاحِ اِلَيْهِ بِخِلَافِ الْجُزْءِ الشَّائِعِ لِاَنَّهٗ مَحَلٌّ لِلنِّكَاحِ عِنْدَنَا حَتّٰى تَصِحَّ اِضَافَتُهٗ اِلَيْهِ فَكَذَا يَكُوْنُ مَحَلًّا لِلطَّلَاقِ وَاخْتَلَفُوْا فِي الظَّهْرِ وَالْبَطْنِ وَالْاَظْهَرُ اَنَّهٗ لَا يَصِحُّ لِاَنَّهٗ لَا يُعَبَّرُ بِهِمَا عَنْ جَمِيْعِ الْبَدَنِ.

---

ترجمہ...... اور اگر کہا یدک طالق یا رجلک طالق تو طلاق واقع نہیں ہوگی ۔ اور امام زفرؒ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ طلاق واقع ہو جائے گی ۔ اور یہی اختلاف ہر اس جزء معین میں ہے جس سے جمیع بدن کو تعبیر نہ کیا جاتا ہو ۔ ان دونوں کی دلیل یہ ہے کہ یہ جزء عقد نکاح کی وجہ سے قابلِ انتفاع ہے ۔ اور جس کا حال یہ ہو وہ حکم نکاح کا محل ہوگا ۔ پس محلِ طلاق ہوگا ۔ پھر اس میں حکم مقتضی اضافت کی وجہ سے ثابت ہو جائے گا ۔ پھر کل (بدن) کی طرف

سرایت کرے گا۔ جیسا کہ جزء شائع میں۔ بخلاف اس صورت کے جبکہ اس کی طرف نکاح کی اضافت کی گئی ہو۔ کیونکہ تعدی ممتنع ہے۔ اس لئے کہ تمام اجزاء میں حریت اس جزء میں حلت پر غالب آئے گی اور طلاق میں معاملہ برعکس ہے۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ (اس شخص) نے طلاق کی اضافت کی ہے غیر محل طلاق کی طرف پس لغو ہوگا۔ جیسا کہ جب طلاق کو اس کے تھوک یا اس کے ناخن کی طرف منسوب کیا ہو، اور یہ اسلئے کہ محل طلاق وہ ہوتا ہے جس میں قید (نکاحی) ہو، کیونکہ طلاق خبر دیتی ہے رفع قید کی اور ہاتھ میں کوئی قید نہیں اور اسی وجہ سے اس کی طرف نکاح کو منسوب کرنا صحیح نہیں ہے بخلاف جزء شائع کے اس لئے کہ وہ ہمارے نزدیک محل نکاح ہے حتیٰ کہ جزء شائع کی طرف نکاح کی اضافت صحیح ہے۔ پس ایسے ہی محل طلاق ہوگا۔ اور (علماء نے) اختلاف کیا ظہر اور بطن میں۔ اور اظہر یہ ہے کہ صحیح نہیں۔ کیونکہ ان دونوں کے ساتھ جمیع بدن کو تعبیر نہیں کیا جاتا ہے۔

تشریح ..... مسئلہ یہ ہے کہ اگر طلاق اس جزء معین کی طرف منسوب کی گئی جس سے عورت کے پورے بدن کو تعبیر نہیں کیا جاتا تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں۔ اس بارے میں احناف میں سے ائمہ ثلاثہ کا مذہب یہ ہے کہ طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور امام زفرؒ، امام شافعیؒ، امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا مذہب یہ ہے کہ طلاق واقع ہوجائے گی۔ جزء معین جس سے تمام بدن کو تعبیر نہیں کیا جاتا مثلاً ہاتھ، پاؤں، انگلی، بال، دانت، ناخن۔

امام زفرؒ اور امام شافعیؒ وغیرہ کی دلیل قیاس مرکب ہے۔ قیاس مرکب اس کو کہتے ہیں جو دو قیاس سے ترکیب پائے اور دوسرے قیاس کا صغریٰ پہلے قیاس کا نتیجہ ہو۔

اب حاصل یہ ہوگا جزء معین (ید وغیرہ) عقد نکاح کی وجہ سے قابل انتفاع ہے اور ہر وہ جز جو عقد نکاح کی وجہ سے قابل انتفاع ہو حکم نکاح کا محل ہوگا اور جو جز حکم نکاح کا محل ہے وہ طلاق کا محل ہوگا۔ پس نتیجہ نکلا کہ جزء معین (ید وغیرہ) طلاق کا محل ہے۔ پس جب ایک جزء میں حکم طلاق ثابت ہوگیا تو وہ کل بدن کی طرف سرایت کر جائے گا۔

اور قیاس فقہی کی صورت یہ ہوگی کہ وہ جز جس سے جمیع بدن کو تعبیر نہیں کیا جاتا وہ حکم نکاح کا محل ہے لہٰذا محل طلاق ہوگا جیسا کہ جزء شائع۔

**بخلاف ما اذا اضیف الیه النکاح** سے ایک سوال کا جواب ہے سوال یہ ہے کہ بقول آپ کے جب جزء معین حکم نکاح کا محل ہے تو اس جزء معین کی طرف نکاح کی اضافت کرنے کی صورت میں نکاح منعقد ہوجانا چاہئے۔ حالانکہ آپ اس صورت میں انعقاد نکاح کے قائل نہیں ہیں۔ امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کی طرف سے جواب یہ ہے کہ جب جزء معین کی طرف نکاح کی اضافت کی گئی تو صرف اس جزء میں حلت ثابت ہوگی اور باقی تمام اجزاء میں حرمت ہوگی۔ اور حلت کا باقی تمام اجزاء کی طرف سرایت کرنا ممکن نہیں۔ کیونکہ تمام اجزاء کی حرمت اس جزء کی حلت پر غالب رہے گی۔ اور طلاق میں معاملہ برعکس ہے کیونکہ جب ایک جزء کی طرف طلاق منسوب کی گئی تو یہ جزء حرام ہوگا اور باقی حلال اور جب حرام وحلال جمع ہوجائیں تو حرام کو ترجیح ہوگی۔ اس لئے ہم نے کہا کہ ہاتھ وغیرہ کی طرف طلاق منسوب کرنے سے کل بدن پر طلاق واقع ہوجائے گی اور نکاح منعقد نہیں ہوگا۔

**ہماری دلیل** ...... یہ ہے کہ ان صورتوں میں طلاق غیر محل کی طرف منسوب کی گئی ہے لہٰذا طلاق لغو ہوگی۔ جیسے کسی نے اپنی بیوی کے تھوک یا ناخن کی طرف طلاق کو منسوب کر دیا اور ہاتھ وغیرہ کا محل طلاق نہ ہونا اس لئے ہے کہ محل طلاق وہ ہوگا جس میں قید نکاحی موجود ہو۔ کیونکہ طلاق کے معنی ہی رفع قید کے ہیں۔ اور رفع قید اس وقت ہوگا جبکہ پہلے قید ہو۔ اور ہاتھ وغیرہ میں کوئی قید نہیں۔ لہٰذا ہاتھ وغیرہ کی طرف طلاق منسوب کر دینے سے طلاق واقع نہیں ہوگی، یہی وجہ ہے کہ جزء معین ہاتھ وغیرہ کی طرف نکاح کی اضافت کر دینے سے نکاح منعقد نہیں ہوتا بخلاف جزء شائع کے۔ کیونکہ جزء شائع محل نکاح ہے حتیٰ کہ جزء شائع کی طرف نکاح کی اضافت درست ہے۔ لہٰذا جزء شائع محل طلاق بھی ہوگا۔

دلیل احنافؒ کی تقریر یہ بھی ہوسکتی ہے کہ ہاتھ پاؤں وغیرہ اطراف انسان ہیں اور اطراف تابع ہوتے ہیں اور قاعدہ ہے کہ اصل کے ذکر سے

تابع کا ذکر ہو جاتا ہے۔ لیکن تابع کے ذکر سے اصل کا ذکر نہیں ہوتا۔

لیکن اگر کوئی اشکال کرے کہ ید سے جمیع بدن کو تعبیر کیا جاتا ہے مثلاً کلام پاک میں ہے تبت یدا ابی لھب اس آیت میں ید سے مراد ذات ہے۔ پس ید کی طرف طلاق منسوب کرنے سے طلاق واقع ہو جانی چاہئے۔ حالانکہ احناف وقوع طلاق کے قائل نہیں۔ جواب یہ ہوگا کہ آیت میں ید سے مراد صاحبِ ید ہے۔ ہاں اگر کسی قوم کے عرف میں یہ بات ہے کہ ید سے تمام بدن کو تعبیر کیا جاتا ہے تو ید کی طرف طلاق منسوب کرنے سے طلاق واقع ہو جائے گی اس لئے کہ طلاق عرف پر مبنی ہے اور اگر کسی جگہ کے عرف میں یہ بات نہ ہو تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔

صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے اپنی منکوحہ سے کہا ظهرك طالق یا بطنك طالق تو اس میں مشائخ کا اختلاف ہے بعض کی رائے ہے کہ طلاق واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ ظہر اور بطن اصل کے معنی میں ہے۔ اس لئے کہ بغیر ان دونوں کے نکاح ممکن نہیں ہے اور لفظ ظہر سے جمیع بدن کو بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ حضور ﷺ کا فرمان ہے لا صدقة الا عن ظهر غنى (عینی شرح ہدایہ) اور بعض کی رائے یہ ہے کہ ان دونوں اجزاء کی طرف طلاق منسوب کرنے سے طلاق واقع نہیں ہوگی۔ یہی قول اظہر ہے اس لئے کہ ان دونوں سے جمیع بدن کو تعبیر نہیں کیا جاتا۔ اسی وجہ سے اگر کسی نے اپنی منکوحہ سے کہا ظہرک یا بطنک علی کظہر امی تو یہ ظہار کرنے والا نہیں ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## نصف تطليقة اور ثلث تطليقة سے طلاق دینے کا حکم

**وَاِنْ طَلَّقَهَا نِصْفَ تَطْلِيْقَةٍ اَوْ ثُلُثَ تَطْلِيْقَةٍ كَانَتْ طَالِقًا تَطْلِيْقَةً وَاحِدَةً لِاَنَّ الطَّلَاقَ لَا يَتَجَزّٰى وَذِكْرُ بَعْضِ مَالَا يَتَجَزّٰى كَذِكْرِ الْكُلِّ وَ كَذَا الْجَوَابُ فِيْ كُلِّ جُزْءٍ سَمَّاهُ لِمَا بَيَّنَّا.**

---

ترجمہ...... اور اگر طلاق دی (عورت) کو ایک طلاق کا نصف یا ایک طلاق کا ایک تہائی تو وہ ایک طلاق والی ہوگی۔ کیونکہ طلاق متجزی نہیں ہوتی۔ اور بعض مالا یتجزی کا ذکر کل کے ذکر کے مانند ہے۔ اور یہی حکم ہر ایسے جزء میں ہے جس کو بیان کیا ہو۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی مرد نے اپنی منکوحہ کو نصف طلاق دیدی یا ثلث طلاق تو اس کو پوری ایک طلاق شمار کیا جائے گا۔ اور وہ عورت ایک طلاق کے ساتھ مطلقہ ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ طلاق متجزی نہیں ہوتی۔ یعنی منقسم ہو کر ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہوتی۔ اور قاعدہ ہے کہ بعض مالا یتجزی کا ذکر کل کے ذکر کے مانند ہوتا ہے۔ تو گویا نصف طلاق یا ثلث طلاق کا ذکر کرنا کل کا ذکر کرنا ہے۔ اس لئے ان الفاظ کے ساتھ پوری ایک طلاق واقع ہوگی۔ رہی یہ بات کہ مالا یتجزی کے بعض کا ذکر کل کے ذکر کے مانند کیوں ہوتا ہے۔ تو وجہ اس کی یہ ہے کہ عاقل بالغ کا کلام لغو ہونے سے محفوظ ہو جائے گا اور اس صورت میں محرم کو مبیح پر غلبہ بھی حاصل ہو جائے گا۔ اور یہی حکم ہر اس جزء میں ہے جس کو بیان کیا ہو۔ مثلاً طلاق کا چوتھائی یا ہزارواں حصہ دیا تو ایک طلاق واقع ہوگی سابقہ دلیل کی وجہ سے۔

## انت طالق انصاف تطليقتين سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

**وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثَةَ اَنْصَافِ تَطْلِيْقَتَيْنِ فَهِيَ طَالِقٌ ثَلٰثًا لِاَنَّ نِصْفَ التَّطْلِيْقَتَيْنِ تَطْلِيْقَةٌ فَاِذَا جَمَعَ بَيْنَ ثَلٰثَةِ اَنْصَافٍ تَكُوْنُ ثَلٰثَةَ تَطْلِيْقَاتٍ ضَرُوْرَةً وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثَةَ اَنْصَافِ تَطْلِيْقَةٍ قِيْلَ يَقَعُ تَطْلِيْقَتَانِ لِاَنَّهَا طَلْقَةٌ وَ نِصْفٌ فَتَكَامَلُ وَ قِيْلَ يَقَعُ ثَلٰثُ تَطْلِيْقَاتٍ لِاَنَّ كُلَّ نِصْفٍ يَتَكَامَلُ فِيْ نَفْسِهَا فَيَصِيْرُ ثَلٰثًا.**

---

ترجمہ...... اور اگر عورت سے کہا کہ تو دو طلاقوں کے تین نصف والی ہے تو یہ عورت تین طلاقوں کے ساتھ مطلقہ ہوگی۔ کیونکہ دو طلاقوں کا نصف ایک

طلاق ہے پس جب تین نصف جمع کئے گئے تو تین طلاقیں ہوں گی۔اور اگر کہا کہ تو ایک طلاق کے تین نصف والی ہے تو کہا گیا کہ دو طلاق واقع ہوں گی۔ کیونکہ وہ ایک طلاق اور نصف ہے۔ پس (نصف) کامل (طلاق) ہوجائے گی۔اور کہا گیا کہ تین طلاقیں واقع ہوں گی۔اس لئے کہ ہر نصف اپنی ذات میں مکمل ہوگا۔ پس تین ہوجائیں گی۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق ثلاثۃ انصاف تطلیقتین تو عورت پر تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔ دلیل یہ ہے کہ دو طلاقوں کا ایک نصف ایک طلاق ہے۔اور دوسرا نصف دوسری طلاق اور تیسرا نصف تیسری طلاق۔اس طرح تین طلاقیں واقع ہوں گی۔

اور اگر انت طالق ثلاثۃ انصاف تطلیقۃ کہا تو بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ دو طلاقیں واقع ہوں گی۔ دلیل یہ ہے کہ جب ایک طلاق کے تین نصف جمع کریں گے تو وہ ایک طلاق اور نصف ہوگی۔اور چونکہ طلاق تجزی کو قبول نہیں کرتی اس لئے اس نصف کو بھی مکمل مان لیا جائے گا۔ تو اب پوری دو طلاقیں ہوگئیں۔اور بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہوں گی۔اس لئے کہ ہر نصف اپنی ذات میں مکمل ہوگا اور چونکہ تین نصف ہیں اس لئے تین طلاقیں ہوجائیں گی۔

## انت طالق من واحدۃ الی ثنتین اور من واحدۃ الی ثلاث یا ما بین واحدۃ الی ثلاث کے الفاظ سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ مِنْ وَاحِدَةٍ اِلٰى ثِنْتَيْنِ اَوْمَابَيْنَ وَاحِدَةٍ اِلٰى ثِنْتَيْنِ فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَ اِنْ قَالَ مِنْ وَاحِدَةٍ اِلٰى ثَلٰثٍ اَوْ مَا بَيْنَ وَاحِدَةٍ اِلٰى ثَلٰثٍ فَهِيَ ثِنْتَانِ وَ هٰذَا عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَقَالَا فِي الْاُوْلٰى هِيَ ثِنْتَانِ وَ فِي الثَّانِيَةِ ثَلٰثٌ وَ قَالَ زُفَرُ فِي الْاُوْلٰى لَا يَقَعُ شَيْئٌ وَ فِي الثَّانِيَةِ تَقَعُ وَاحِدَةٌ وَ هُوَ الْقِيَاسُ لِاَنَّ الْغَايَةَ لَا تَدْخُلُ تَحْتَ الْمَضْرُوْبِ لَهُ الْغَايَةُ كَمَا لَوْ قَالَ بِعْتُ مِنْكَ مِنْ هٰذَا الْحَائِطِ اِلٰى هٰذَا الْحَائِطِ وَجْهُ قَوْلِهِمَا وَ هُوَ الْاِسْتِحْسَانُ اَنَّ مِثْلَ هٰذَا الْكَلَامِ مَتٰى ذُكِرَ فِي الْعُرْفِ يُرَادُ بِهِ الْكُلُّ كَمَا تَقُوْلُ لِغَيْرِكَ خُذْ مِنْ مَالِىْ مِنْ دِرْهَمٍ اِلٰى مِائَةٍ وَلِاَبِىْ حَنِيْفَةَ اَنَّ الْمُرَادَ بِهِ الْاَكْثَرُ مِنَ الْاَقَلِّ وَالْاَقَلُّ مِنَ الْاَكْثَرِ فَاِنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ سِنِّىْ مِنْ سِتِّيْنَ اِلٰى سَبْعِيْنَ وَمَا بَيْنَ سِتِّيْنَ اِلٰى سَبْعِيْنَ وَ يُرِيْدُوْنَ بِهِ مَا ذَكَرْنَاهُ وَاِرَادَةُ الْكُلِّ فِيْمَا طَرِيْقُهُ طَرِيْقُ الْاِبَاحَةِ كَمَا ذَكَرْنَا وَالْاَصْلُ فِي الطَّلَاقِ هُوَ الْحَظْرُ ثُمَّ الْغَايَةُ الْاُوْلٰى لَابُدَّ اَنْ تَكُوْنَ مَوْجُوْدَةً لِتُرَتَّبَ عَلَيْهَا الثَّانِيَةُ وَوَجُوْدُهَا بِوُقُوْعِهَا بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِاَنَّ الْغَايَةَ فِيْهِ مَوْجُوْدَةٌ قَبْلَ الْبَيْعِ وَلَوْ نَوٰى وَاحِدَةً يُدَيَّنُ دِيَانَةً لَا قَضَاءً لِاَنَّهُ مُحْتَمَلُ كَلَامِهِ لٰكِنَّهُ خِلَافُ الظَّاهِرِ

ترجمہ......اور اگر کہا تو ایک سے دو تک طلاق والی ہے یا مابین ایک کے دو تک تو ایک (واقع) ہوگی۔اور اگر کہا ایک سے تین تک یا مابین ایک کے تین تک تو یہ دو ہوں گی اور یہ ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ پہلی (صورت) میں دو اور دوسری (صورت) میں تین ہوں گی۔اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ پہلی (صورت) میں کچھ واقع نہیں ہوگی۔اور دوسری (صورت) میں ایک واقع ہوگی۔اور یہی قیاس ہے۔ کیونکہ غایت مضروب لہ الغایت (مغیا) کے تحت داخل نہیں ہوتی۔ جیسا کہ اگر کہا کہ فروخت کیا میں نے تیرے ہاتھ اس دیوار سے اس دیوار تک۔اور صاحبینؒ کے قول کی وجہ اور یہی استحسان ہے یہ ہے کہ اس کلام کے مثل جب عرف میں ذکر کیا جائے تو اس سے کل مراد ہوتا ہے جیسا کہ کہے تو اپنے علاوہ سے۔ لے تو میرے مال سے ایک درہم سے سو تک۔اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اس جیسے کلام سے مراد الاکثر من الاقل اور الاقل من الاکثر ہے۔ کیونکہ وہ کہتے ہیں میری عمر ساٹھ (سال) سے ستر تک ہے۔اور ساٹھ اور ستر کے درمیان ہے۔اور مراد اس سے وہ ہے جو ہم نے ذکر کیا۔اور کل کا

ارادہ اس میں ہے جس کا طریق اباحت کا طریق ہے۔ جیسا کہ صاحبینؒ نے ذکر کیا ہے اور طلاق میں اصل ممانعت ہے پھر غایت اولیٰ ضروری ہے کہ وہ موجود ہوتا کہ اس پر غایت ثانیہ مرتب ہو سکے اور غایت اولیٰ کا وجود اس کے وقوع سے ہوگا۔ بخلاف بیع کے کیونکہ غایت اس میں پہلے سے موجود ہے۔ اور اگر ایک کی نیت کی تو دیانۃً تصدیق کی جائے گی۔ اس لئے کہ یہ اس کے کلام کا محتمل ہے لیکن وہ خلاف ظاہر ہے۔

**تشریح**..... عبارت میں مصنفؒ نے دو مسئلے ذکر فرمائے ہیں۔ ابوحنیفہؒ کے نزدیک پہلی صورت (انت طالق من واحدة الی ثنتین یا مابین واحدة الی ثنتین) میں ایک طلاق واقع ہوگی۔ اور دوسری صورت (من واحدة الی ثلث یا ما بین واحدة الی ثلث) میں دو واقع ہوں گی۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک پہلی صورت میں دو اور دوسری صورت میں تین واقع ہوں گی۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ پہلی صورت میں کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور دوسری صورت میں ایک واقع ہوگی۔

منشاء اختلاف یہ ہے کہ یہاں مرد کا کلام دو غایتوں (غایت ابتداء اور غایت انتہاء) پر مشتمل ہے۔ پس یا تو مغیا میں دونوں غایتیں داخل ہوں گی یا دونوں داخل نہیں ہوں گی یا غایت ابتداء داخل ہو گی نہ کہ غایت انتہاء اور یا غایت انتہاء داخل ہوگی نہ کہ غایت ابتداء۔ اول کے قائل صاحبینؒ ہیں۔ دوسری صورت کے امام زفرؒ قائل ہیں۔ اور تیسری صورت کے قائل حضرت امام صاحبؒ ہیں۔ اور چوتھی صورت کا قائل کوئی نہیں۔

**امام زفرؒ کے قول کی وجہ**..... یہ ہے کہ غایت الشئی اس کے تحت داخل نہیں ہوتی جس کے لئے غایت بیان کی گئی ہے۔ یعنی مغیا میں غایت داخل نہیں ہوتی۔ کیونکہ اگر غایت مغیا میں داخل ہو تو غایت غایت ہی نہ رہے گی۔ جیسا کہ محسوسات میں مثلاً کسی نے کہا بعتُ منك من هذا الحائط الیٰ هذا الحائط۔ اس صورت میں دونوں دیواریں بیع میں داخل نہیں ہونگی۔ ایک روایت منقول ہے کہ امام زفرؒ کے اس قول کے بارے میں امام ابوحنیفہؒ نے امام زفرؒ سے محاجہ کیا آپ نے فرمایا کہ تمہاری عمر کیا ہے۔ امام زفرؒ نے جواب میں کہا مابین ستین الی سبعین۔ امام صاحب نے فرمایا کہ اس وقت تو ۹ سال کا ہے۔ یہ سن کر امام زفرؒ ہکے بکے رہ گئے۔ امام صاحبؒ کا منشاء یہ تھا کہ جب غایتین خارج ہوتی ہیں تو غایت ابتداء ستین (ساٹھ) ہے۔ اور غایت انتہاء ستر واں عدد ہے ان دونوں کو خارج کرنے کے بعد ۹ باقی رہے۔ امام صاحبؒ نے اس واقع میں امام زفرؒ کو ان کی غلطی پر متنبہ کیا ہے۔

علامہ عینی شارح ہدایہ نے امام صاحبؒ کی جگہ ابوجعفر کا نام ذکر کیا ہے اور فخر الاسلام نے روایت کیا کہ یہ محاجہ رشید کے دربار میں اصمعی نے امام زفر سے کیا تھا۔ واللہ اعلم۔

**صاحبینؒ کے قول کی وجہ**..... یہ ہے کہ عرف عام میں اس قسم کے کلام سے کل مراد ہوتا ہے۔ مثلاً کسی نے کسی دوسرے سے کہا خذ من مالی من درهم الی مائة۔ تو یہاں اس شخص کو سو کے سو لینے کا اختیار ہے۔ ایسا نہیں کہ دونوں غایتیں خارج کر کے ۹۸ درہم لینے کا اختیار ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں غایتیں مغیا میں داخل ہیں۔

**ابوحنیفہؒ کے قول کی وجہ**..... یہ ہے کہ اگر غایتیں دو عدد ذکر کی جائیں تو اس کی دو صورتیں ہیں اس لئے کہ ان دونوں کے درمیان کوئی عدد ہوگا یا نہیں۔ اگر درمیان میں کوئی عدد ہے تو اس سے مراد الاکثر من الاقل ہوگا۔ یعنی اقل عدد سے اوپر والا عدد مراد ہوگا۔ مثلاً من واحدة الیٰ ثلث میں غایتین کے درمیان ایک کا عدد ہے اور اس مثال میں اقل عدد واحدة ہے اور اس سے اکثر یعنی اس سے اوپر ثنتین (دو) ہے تو یہ ثنتین الاکثر من الاقل ہوا۔ لہٰذا اس صورت میں دو طلاقیں واقع ہو جائیں گی اور اگر درمیان میں کوئی عدد نہیں تو مراد الاقل من الاکثر ہوگا۔ یعنی اکثر سے کم مراد ہوگا۔ مثلاً من واحدة الیٰ ثنتین میں دونوں غایتوں کے درمیان کوئی عدد نہیں تو اس صورت میں الاقل من الاکثر مراد ہوگا اور اکثر ثنتین کا عدد ہے اور اس سے کم ایک ہے۔ لہٰذا ایک کا عدد مراد ہوگا۔

صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ لوگ اپنی عمر بتلاتے وقت کہتے ہیں سنی من ستین الی سبعین یا مابین ستین الی سبعین اور اس سے مراد ان دونوں کے درمیان کا عدد ہوتا ہے۔

**وارادة الکل سے صاحبینؒ کی دلیل کا جواب**...... ہے حاصل جواب یہ کہ دو غایتیں ذکر کی جائیں تو کل کا ارادہ اباحت کے موقع پر کیا جاتا ہے جیسے مثال مذکور خذ من مالی من درہم الی مائۃ میں۔ اس لئے کہ اس مثال میں سو درہم مخاطب کے لئے مباح کیا گیا ہے۔ جس قدر چاہے لے لے۔ اور طلاق میں اصل ممانعت ہے۔ لہٰذا مسئلہ طلاق کو اس پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔

ثم الغاية الاولىٰ سے امام زفرؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ جواب کا حاصل ہے چونکہ غایت ثانیہ غایت اولیٰ پر مرتب ہوتی ہے۔ اس لئے غایت اولیٰ کا موجود رہنا ضروری ہے۔ اور غایتِ اولیٰ کا وجود اس کے وقوع سے ہوگا۔ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ غایت اولیٰ داخل ہوگی۔ امام زفرؒ نے بعت منك من هذا الحائط الى هذا الحائط پر قیاس کیا تھا۔ سو ہم کہتے ہیں کہ یہ قیاس فاسد ہے۔ کیونکہ غایت مقیس علیہ میں اس کو غایت بنانے سے پہلے موجود ہے لہٰذا اس کو داخل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور مختلف فیہ مسئلہ میں غایت پہلے سے موجود نہیں۔ حالانکہ اس کا موجود ہونا ضروری ہے تاکہ اس پر غایتِ ثانیہ مرتب ہو سکے اور اس کا وجود اس کے وقوع سے ہوگا۔ اس لئے غایتِ اولیٰ داخل ہوگی۔ اور اگر من واحدة الیٰ ثلاث میں ایک طلاق کی نیت کی ہے تو دیانۃً تصدیق کی جائے گی نہ کہ قضاءً۔ کیونکہ ایک طلاق اس کے کلام کا محتمل تو ہے لیکن خلاف ظاہر ہے۔ اور یہ پہلے گذر چکا کہ جو احتمال خلاف ظاہر ہوتا ہے اس کا دیانۃً تو اعتبار ہوتا ہے مگر قضاءً نہیں۔ واللہ اعلم۔

## انت واحدة فی ثنتین کے الفاظ سے طلاق دی خواہ ضرب وحساب کی نیت ہو یا نہیں کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةٌ فِي ثِنْتَيْنِ وَنَوىٰ الضَّرْبَ وَالْحِسَابَ اَوْلَمْ تَكُنْ لَهُ نِيَّةٌ فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَ قَالَ زُفَرُ تَقَعُ ثِنْتَانِ لِعُرْفِ الْحِسَابِ وَهُوَ قَوْلُ حَسَنِ بْنِ زِيَادٍ وَلَنَا اَنَّ عَمَلَ الضَّرْبِ فِي تَكْثِيْرِ الْاَجْزَاءِ لَا فِي زِيَادَةِ الْمَضْرُوْبِ وَتَكْثِيْرُ اَجْزَاءِ التَّطْلِيْقَةِ لَا يُوْجِبُ تَعَدُّدَهَا فَاِنْ نَوىٰ وَاحِدَةً وَ ثِنْتَيْنِ فَهِيَ ثَلٰثٌ لِاَنَّهُ يَحْتَمِلُهُ فَاِنَّ حَرْفَ الْوَاوِ لِلْجَمْعِ وَالظَّرْفُ يَجْمَعُ اِلَى الْمَظْرُوْفِ وَلَوْ كَانَتْ غَيْرَ مَدْخُوْلٍ بِهَا تَقَعُ وَاحِدَةٌ كَمَا فِي قَوْلِهٖ وَاحِدَةٌ وَ ثِنْتَيْنِ وَاِنْ نَوىٰ وَاحِدَةً مَعَ ثِنْتَيْنِ يَقَعُ الثَّلٰثُ لِاَنَّ كَلِمَةَ فِيْ تَاتِيْ بِمَعْنَى مَعَ كَمَا فِي قَوْلِهٖ تَعَالىٰ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبَادِيْ اَيْ مَعَ عِبَادِيْ وَلَوْ نَوىٰ الظَّرْفَ تَقَعُ وَاحِدَةٌ لِاَنَّ الطَّلَاقَ لَا يَصْلُحُ ظَرْفًا فَيَلْغُوْ ذِكْرُ الثَّانِيْ وَلَوْ قَالَ اِثْنَتَيْنِ فِيْ اِثْنَتَيْنِ وَ نَوىٰ الضَّرْبَ وَالْحِسَابَ فَهِيَ ثِنْتَانِ وَ عِنْدَ زُفَرَ ثَلٰثٌ لِاَنَّ قَضِيَّتَهُ اَنْ يَّكُوْنَ اَرْبَعًا لٰكِنْ لَا مَزِيْدَ لِلطَّلَاقِ عَلَى الثَّلَاثِ وَ عِنْدَنَا الْاِعْتِبَارُ لِلْمَذْكُوْرِ الْاَوَّلِ عَلٰى مَابَيَّنَّاهُ.**

---

ترجمہ...... اور اگر کہا انت طالق واحدة فی ثنتین اور ضرب وحساب کی نیت کی۔ یا اس کی کوئی نیت نہیں ہے۔ تو یہ ایک ہے۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ دو واقع ہوں گی حساب کرنے والوں کے عرف کی وجہ سے۔ اور یہ قول حسنؒ بن زیاد کا ہے اور ہماری دلیل یہ ہے کہ ضرب کا عمل تکثیر اجزاء میں ہوتا ہے نہ کہ زیادتی مضروب میں اور ایک طلاق کے اجزاء کی تکثیر تعدد طلاق کا موجب نہیں ہے۔ پس اگر نیت کی ایک اور دو کی تو یہ تین (طلاق) ہوں گی۔ اس لئے کہ لفظ اس کا احتمال رکھتا ہے کیونکہ حرف واو جمع کے لئے ہے۔ اور ظرف مظروف کو جامع ہے۔ اور اگر (وہ عورت) غیر مدخول بہا ہے تو ایک (طلاق) واقع ہوگی۔ جیسا کہ اس کے قول واحدة وثنتین میں۔ اور اگر نیت کی ایک کی دو کے ساتھ تو تین (طلاق) واقع

ہوں گی۔ کیونکہ کلمہ فی مع کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے باری تعالیٰ کا قول فادخلی فی عبادی یعنی مع عبادی۔ اور اگر ظرف کی نیت کی تو ایک واقع ہوگی۔ کیونکہ طلاق ظرف بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی ہے۔ پس ثانی کا ذکر لغو ہوگا۔ اور اگر کہا دو، دو میں اور ضرب وحساب کی نیت کی تو یہ دو، ہیں اور امام زفرؒ کے نزدیک تین ہیں۔ کیونکہ ضرب کا تقاضا تو یہ تھا کہ چار ہوتیں۔ لیکن طلاق تین سے زائد نہیں۔ اور ہمارے نزدیک اعتبار مذکور اول کا ہے اسی دلیل پر جو ہم نے بیان کیا ہے۔

**تشریح** ........ لِعُرْفِ الْحُسَّابِ میں حساب جمع کا صیغہ ہے اور ضرب کہتے ہیں احد العددین کو دوگنا کرنا عدد آخر کی مقدار کے مطابق۔ مثلاً آپ نے اربعۃ فی الخمسہ کہا تو بیس ہوں گے۔ کیونکہ اربعۃ کو پانچ مرتبہ دوگنا کیا گیا یا پانچ کو چار مرتبہ دوگنا کیا ہے۔

صورت مسئلہ یہ ہے کہ مرد نے اپنی منکوحہ سے انت طالق واحدة فی ثنتین کہا۔ اور ضرب وحساب کی نیت کی یا کوئی نیت نہیں کی ہے تو اس صورت میں ایک طلاق واقع ہوگی۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ دو واقع ہوں گی اور یہ حسنؒ بن زیاد کا قول ہے امام زفرؒ کی دلیل حساب لگانے والوں کا عرف ہے۔ کیونکہ اس قسم کے کلام سے بالعموم ضرب ہی کا ارادہ کیا جاتا ہے اور ایک کو دو میں ضرب دینے سے دو طلاق ہوں گی۔

**ہماری دلیل** ...... یہ ہے کہ اشیاء کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جس کے لئے طول، عرض اور عمق تینوں ہوں۔ جیسے اجسام اور دوسری وہ جس کے لئے یہ تینوں چیزیں نہ ہوں۔ جیسے غیر محسوسات۔ پس قسم اول میں ضرب دینے سے مضروب میں تکثیر ہوتی ہے اور قسم ثانی میں ضرب دینے سے اجزاء میں تکثیر ہوتی ہے نہ کہ مضروب میں۔ اور طلاق قسم ثانی سے ہے۔ لہٰذا انت طالق واحدة فی ثنتین کا مطلب ہوگا ایک طلاق دو جزوں والی۔ اور طلاق کے اجزاء کی تکثیر تعدد طلاق کا موجب نہیں ہے پس اگر ایک طلاق کے متعدد اجزاء کر کے طلاق دی جائے تو ایک ہی واقع ہوگی۔ جیسے کسی نے کہا انت طالق طلقة و نصفها و ثلثها و ربعها و سدسها و ثمنها۔ اس صورت میں ایک ہی واقع ہوگی نہ کہ متعدد۔

اور اگر واحدة فی ثنتین سے واحدة و ثنتین کی نیت کی تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ کیونکہ کلام اس کا احتمال رکھتا ہے۔ کیونکہ جس طرح واو جمعیت کے لئے آتا ہے۔ اسی طرح ظرف بھی مظروف کے لئے جامع ہے۔ پس واو اور فی میں ایک گونہ اتصال پایا گیا۔ اس وجہ سے فی بول کر واو مراد لینے میں کوئی حرج نہیں۔ یہ حکم مدخول بہا عورت کا ہے۔ ورنہ اگر غیر مدخول بہا ہو تو صرف ایک واقع ہوگی۔ جیسا کہ بصراحت واحدة اور ثنتین کہنے کی صورت میں ایک طلاق واقع ہوتی ہے۔

اور اگر واحدة فی ثنتین سے مع ثنتین کی نیت کی ہے تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ کیونکہ لفظ فی مع کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے فادخلی فی عبادی یعنی مع عبادی۔

اور اگر واحدة فی ثنتین سے ظرف کی نیت کی ہے تو صرف ایک طلاق واقع ہوگی۔ کیونکہ طلاق غیر کے لئے ظرف بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی ہے۔ لہٰذا لفظ ثانی یعنی فی اثنتین کا ذکر لغو ہوگا۔ اور واحدة سے ایک طلاق واقع ہوگی۔

اور اگر کہا اثنتین فی اثنتین اور ضرب وحساب کی نیت کی ہے تو دو واقع ہوں گی اور امام زفرؒ کے نزدیک تین واقع ہوں گی۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ ضرب کا تقاضا تو یہ تھا کہ چار طلاق واقع ہوتیں۔ لیکن چونکہ تین سے زائد طلاق نہیں اس لئے تین واقع ہو جائیں گی۔ اور ہمارے نزدیک سابقہ دلیل کی وجہ سے مذکور اول معتبر ہے۔

## انت طالق من ھٰھنا الی الشام کہنے سے طلاق کا حکم

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ مِنْ ھٰهُنَا اِلَى الشَّامِ فَهِيَ وَاحِدَةٌ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ وَ قَالَ زُفَرُ هِيَ بَائِنَةٌ لِاَنَّهُ وَصَفَ الطَّلَاقَ بِالطُّوْلِ قُلْنَا لَابَلْ وَصَفَهُ بِالْقَصْرِ لِاَنَّهُ مَتٰى وَقَعَ وَقَعَ فِي الْاَمَاكِنِ كُلِّهَا.**

ترجمہ......اور اگر کہا کہ تو طلاق والی ہے یہاں سے (ملک) شام تک تو یہ ایک ہے رجعت کا مالک ہوگا۔ اور کہا امام زفرؒ نے کہ یہ بائنہ ہے۔ کیونکہ طلاق کو وصفِ طول کے ساتھ متصف کیا ہے۔ ہم جواب دیں گے کہ نہیں بلکہ اس کو متصف کیا ہے قصر (کوتاہ کرنے کے) ساتھ اس لئے کہ جب واقع ہوگی تو تمام مکانوں میں واقع ہوگی۔

تشریح......مسئلہ یہ ہے کہ اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے انت طالق من ھٰھنا الی الشام کہا تو ہمارے نزدیک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک طلاق بائن واقع ہوگی۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ طلاق کو وصفِ طول کے ساتھ متصف کیا گیا ہے اور طول کا استعمال قوت کے معنی میں ہوتا ہے اور قوت کا اظہار طلاق بائن میں ہوگا نہ کہ رجعی میں۔ اس لئے طلاق بائن واقع ہوگی۔ ہماری طرف سے کہا گیا کہ ایسا نہیں جیسا کہ امام زفرؒ نے فرمایا بلکہ ملک شام کی قید لگا کر اس شخص نے طلاق کو کوتاہ کر دیا۔ کیونکہ اگر یہ شخص انت طالق کہتا اور الی الشام ذکر نہ کرتا تو دنیا اور آسمان ہر جگہ میں طلاق واقع ہوتی۔ پس جب الی الشام ذکر کیا تو گویا اس نے ایک محدود مکان میں طلاق خاص کر دیا۔ لہٰذا یہ کہنا کہ طلاق کو وصفِ طول کے ساتھ متصف کر دیا ہے درست نہیں۔

## انت طالق بمكة يا فی مكة کہنے سے فی الحال طلاق واقع ہو جاتی ہے

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ بِمَكَّةَ اَوْ فِیْ مَكَّةَ فَهِیَ طَالِقٌ فِی الْحَالِ فِیْ كُلِّ الْبِلَادِ وَ كَذٰلِكَ لَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ فِی الدَّارِ لِاَنَّ الطَّلَاقَ لَا يَتَخَصَّصُ بِمَكَانٍ دُوْنَ مَكَانٍ وَ اِنْ عَنٰی بِهٖ اِذَا اَتَيْتُ مَكَّةَ يُصَدَّقُ دِيَانَةً لَا قَضَاءً لِاَنَّهٗ نَوَی الْاِضْمَارَ وَ هُوَ خِلَافُ الظَّاهِرِ.**

ترجمہ......اور اگر کہا تو طلاق والی ہے مکہ کے ساتھ یا مکہ میں تو یہ فی الحال تمام شہروں میں طلاق والی ہوگی۔ اور ایسے ہی اگر کہا انت طالق فی الدار۔ کیونکہ طلاق ایسی نہیں کہ ایک مکان کے ساتھ خاص ہو نہ کہ دوسرے کے۔ اور اگر مراد لیا اس سے اذا اتیت مكة تو دیانۃً تصدیق کی جائے گی نہ کہ قضاءً۔ کیونکہ اس شخص نے مخفی بات کی نیت کی ہے اور وہ خلافِ ظاہر ہے۔

تشریح.........مسئلہ: ایک مرد نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق بمكة یا فی مكة یا انت طالق فی الدار تو طلاق فی الحال واقع ہوگی۔ اور یہ عورت دنیا بھر کے تمام شہروں اور روئے زمین میں مطلقہ کہلائے گی۔ کیونکہ طلاق کسی ایک مکان کے ساتھ خاص ہو نہ کہ دوسرے کے ایسا نہیں ہے۔ بلکہ جب واقع ہوگی تو ہر جگہ پر واقع ہوگی۔ اور اگر اس مرد نے بمكة او فی مكة سے اذا اتيت مكة کا ارادہ کیا یعنی وقوعِ طلاق کے لئے اتیانِ مکہ کو شرط قرار دینے کا ارادہ کر لیا تو اس کی دیانۃً تصدیق کی جائے گی قضاءً نہیں۔ کیونکہ اتیانِ مکہ کا ارادہ مخفی چیز کا ارادہ ہے جو خلافِ ظاہر ہے۔ اور ماقبل میں گذر چکا کہ خلافِ ظاہر کی دیانۃً تصدیق کی جاتی ہے قضاءً نہیں۔

## انت طلاق اذا دخلت مكة سے کب طلاق واقع ہوگی

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ اِذَا دَخَلْتِ مَكَّةَ لَمْ تُطَلَّقْ حتیٰ تَدْخُلَ مَكَّةَ لِاَنَّهٗ عَلَّقَهٗ بِالدُّخُوْلِ وَلَوْ قَالَ فِیْ دُخُوْلِكَ الدَّارَ يَتَعَلَّقُ بِالْفِعْلِ لِمُقَارَبَةِ بَيْنَ الشَّرْطِ وَالظَّرْفِ فَحُمِلَ عَلَيْهِ عِنْدَ تَعَذُّرِ الظَّرْفِيَّةِ.**

ترجمہ......اور اگر کہا انت طالق اذا دخلت مكة تو طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ مکہ میں داخل ہو جائے۔ کیونکہ طلاق کو دخول (مکہ) پر معلق کیا ہے اور اگر کہا فی دخولک الدار تو فعل کے ساتھ متعلق ہوگی۔ شرط اور ظرف کے درمیان مقارنت کی وجہ سے۔ پس (ظرف) کو شرط پر محمول کیا

جائے گا ظرفیت متعذر ہونے کے وقت۔

تشریح...... مسئلہ: اگر مرد نے کہا انت طالق اذا دخلت مکۃ تو طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ مکہ میں داخل ہو جائے۔ کیونکہ طلاق کو دخول (مکہ) پر معلق کیا ہے اور طلاق غد کے اول جز میں واقع ہو اور فی دخولک الدار کہا تو فعل کے ساتھ معلق ہوگی۔ ظرف اور شرط کے ساتھ مقارنت کی وجہ سے پس ظرف کو شرط پر محمول کریں گے ظرفیت کے متعذر ہونے کے وقت

## فصل فِیْ اِضَافَةِ الطَّلَاقِ اِلَی الزَّمَانِ

ترجمہ...... یہ فصل طلاق کو زمانے کی طرف ضمانت کرنے کے بیان میں ہے

### انت طالق غدا سے کب طلاق واقع ہوگی

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ غَدًا وَقَعَ عَلَيْهَا الطَّلَاقُ بِطُلُوْعِ الْفَجْرِ لِاَنَّهُ وَصَفَهَا بِالطَّلَاقِ فِيْ جَمِيْعِ الْغَدِ وَ ذٰلِكَ بِوُقُوْعِهٖ فِيْ اَوَّلِ جُزْءٍ مِنْهُ وَلَوْ نَوٰى بِهٖ اٰخِرَ النَّهَارِ صُدِّقَ دِيَانَةً لَاقَضَاءً لِاَنَّهُ نَوَى التَّخْصِيْصَ فِي الْعُمُوْمِ وَ هُوَ يَحْتَمِلُهُ وَكَانَ مُخَالِفًا لِلظَّاهِرِ.**

---

ترجمہ...... اور اس نے کہا کہ تو کل آئندہ طلاق شدہ ہے تو کل فجر طلوع ہوتے ہی اس پر طلاق واقع ہوگی۔ کیونکہ اس (مرد) نے اسے تمام ''کل'' کے دن میں مطلقہ ہونے سے متصف کیا ہے۔ اس (طلاق) کا وقوع ''کل'' کے پہلے جزو میں ہونے کے مترادف ہوگا اور گر اس (مرد) نے اس (کلام) سے کل آخر دن (مراد لیا) از روئے دیانت تصدیق ہوگی نہ کہ قضاءً اس لئے کہ اس نے عموم میں تخصیص کی نیت کی درانحالیکہ وہ اس کا محتمل ہے اور وہ ظاہر کا مخالف ہوا۔

تشریح...... دنیا کی ہر زبان میں ''دن'' کے لئے مختلف الفاظ مستعمل ہوتے ہیں۔ چنانچہ دنیا کی زبانوں میں سے ایک زبان ''عربی'' ہے جو کہ دیگر تمام زبانوں کے مقابلے میں وسعت کی حامل ہے۔ عربی زبان میں ''دن'' کے لئے یوم، نہار کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً القیامۃ (قیامت کا دن) یوم العید (عید کا دن) ی وم کی جمع ایام ہے یہ لفظ (یوم) قرآن مجید کی بہت سی آیات میں مذکور ہوا ہے جب دن کا لفظ زبان پر آتا ہے تو ذہن میں ''دن'' کے بارے میں اول سے آخر تک کے تمام اجزاء کا تصور ابھرتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ ''دن'' سے مراد کوئی مخصوص لمحہ یا وت (گھنٹہ، منٹ، سیکنڈ وغیرہ) مراد نہیں ہوتا۔ دن (یوم نہار) کا اطلاق طلوع فجر سے غروب آفتاب تک کے تمام اجزاء و لمحات پر متحقق (ثابت ہوتا ہے جیسا کہ ایام بیض، ایام تشریق، ایام صیام سے واضح ہے۔ سورۃ القدر میں مطلع الفجر سے ''دن'' کا ابتدائی جزو اور لمحہ اور اتموا الصیام الی اللیل سے ''دن'' آخری جزو اور لمحہ مراد ہے جاننا چاہئے کہ لفظ امس۔ گذشتہ ''کل'' کے لئے اور لفظ غداً آئندہ ''کل'' کے ئے مستعمل ہوتا ہے۔ لفظ غداً قرآن مجید میں بھی مذکور ہے۔ مثال کے طور پر ''نفس ماقدمت لغس اور ماذاتکسب غداً'' چنانچہ ہر دو آیات میں آئندہ والی ''کل'' مذکورہ ہے۔ یعنی اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے یوں کہا کہ آئندہ آنے والی کل (غداً) میں تجھ پر طلاق واقع ہو تو جس وقت ''آنے والی کل'' متحقق (ثابت) ہوگی اس ''غداً'' کا تحقق (ثبوت) طلوع فجر کے پہلے جزو اور لمحے سے ہوگا یعنی جونہی اگلے دن کی طلوع فجر وجود میں آئے گی جونہی غداً (آئندہ کل) متحقق (ثابت) ہوگا لہٰذا طلوع فجر ہوتے ہی متکل کا کلام (انت طالق غداً) اس کی بیوی پر مستحق (ثابت) ہو کر طلاق کو واقع کر دے گا۔ کیونکہ ''غداً'' کا لفظ آئندہ کل کے لئے موصوف ہے متکلم کی بیوی پر طلاق کا وقوع بھی اسی وصف کے ساتھ متصف ہے اگر متکلم نے اپنی بیوی کے متعلقہ ہونے کو دن کے کسی مخصوص جزو و لمحہ کے ساتھ متصف کرنے کی نیت کی تو دریں صورت دیانتاً متکلم کے کلام کا اعتبار کیا جائے گا لیکن قاضی کے ہاں دن کے

مخصوص لمحے پر مبنی کلام معتبر نہ ہوگا کیونکہ اس (متکلم) نے دن کی عمومیت کو مخصوص کر دیا۔ دریں صورت ظاہر کے خلاف کا احتمال مراد ہے بایں وجہ کہ کل کے دن کسی وقت بھی متکلم کی بیوی مطلقہ ہو سکتی ہے لہٰذا دیانتاً متکلم کے کلام (انت طالق غداً) کی تصدیق ہوگی لیکن قاضی اس کلام کی تصدیق نہیں کرے گا کیونکہ انسان عموماً طلاق کے معاملے میں بے ہودہ کلام اختیار کرتا ہے اور اس میں اپنے فائدے کی بات تلاش کرتا ہے۔ لہٰذا یہ ظاہر کے خلاف ہوا۔

(تشریح از محمد ابو بکر قاسمی ولد مولانا محمد عبد القادر قاسمیؒ)

## انت طالق الیوم غداً یا غداً الیوم کہنے سے طلاق کا حکم

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ اَلْيَوْمَ غَدًا اَوْ غَدًا اَلْيَوْمَ فَاِنَّهُ يُوْخَذُ بِاَوَّلِ الْوَقْتَيْنِ الَّذِىْ تَفَوَّهَ بِهٖ فَيَقَعُ فِى الْاَوَّلِ فِى الْيَوْمِ وَ فِى الثَّانِىْ فِى الْغَدِ لِاَنَّهٗ لَمَّا قَالَ اَلْيَوْمَ كَانَ تَنْجِيْزًا وَالْمُنَجَّزُ لَا يَحْتَمِلُ الْاِضَافَةَ وَلَوْ قَالَ غَدًا كَانَ اِضَافَةً وَالْمُضَافُ لَا يَتَنَجَّزُ لِمَا فِيْهِ مِنْ اِبْطَالِ الْاِضَافَةِ فَلَغَا اللَّفْظُ الثَّانِىْ فِى الْفَصْلَيْنِ.

---

ترجمہ ...... اور اگر کہا انت طالق الیوم غداً یا کہا (انت طالق) غداً الیوم تو ان دو وقتوں میں سے اس کو لیا جائے گا جس کے ساتھ پہلے تکلم کیا ہے۔ چنانچہ پہلی (صورت) میں یوم میں واقع ہوگی۔ اور دوسری (صورت) میں غد میں واقع ہوگی۔ کیونکہ جب کہا الیوم تو (طلاق) فی الحال ہوگئی۔ اور منجز اضافت (الی الغد) کا احتمال نہیں رکھتی ہے۔ اور اگر کہا غداً تو ہوگی اضافت اور مضاف منجز نہیں ہوتی ہے۔ کیونکہ اس میں اضافت کو باطل کرنا ہے۔ پس دونوں صورتوں میں (لفظ) ثانی لغو ہو گیا۔

تشریح ...... (مسئلہ): ...... اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق الیوم غداً یا انت طالق غداً الیوم تو دونوں وقتوں میں سے اس کو لیا جائے گا جس کا تکلم اولاً کیا ہے۔ چنانچہ پہلی صورت (انت طالق الیوم غداً) میں طلاق غد (کل آئندہ) میں واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ جب الیوم کہا تو یہ طلاق منجز ہوگئی (فی الحال) اور منجز اضافت الی الغد کا احتمال نہیں رکھتی۔ لہٰذا اس صورت میں لفظ غد لغو ہوگا۔ اور اگر پہلے غداً کہا تو طلاق مضاف الی الغد ہوگئی اور مضاف الی الغد منجز نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ مضاف الی الغد کو منجز ماننے میں اضافت کا باطل کرنا لازم آتا ہے جو درست نہیں۔ لہٰذا اس صورت میں لفظ الیوم لغو ہوگا۔

## انت طالق فی غدٍ سے طلاق دینے کا حکم

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ فِىْ غَدٍ وَقَالَ نَوَيْتُ آخِرَ النَّهَارِ دُيِّنَ فِى الْقَضَاءِ عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَؒ وَقَالَا لَا يُدَيَّنُ فِى الْقَضَاءِ خَاصَّةً لِاَنَّهٗ وَصَفَهَا بِالطَّلَاقِ فِىْ جَمِيْعِ الْغَدِ فَصَارَ بِمَنْزِلَةِ قَوْلِهٖ غَدًا عَلٰى مَا بَيَّنَّا وَلِهٰذَا يَقَعُ فِىْ اَوَّلِ جُزْءٍ مِنْهُ عِنْدَ عَدَمِ النِّيَّةِ وَ هٰذَا لِاَنَّ حَذْفَ فِىْ وَ اِثْبَاتَهٗ سَوَاءٌ لِاَنَّهٗ ظَرْفٌ فِى الْحَالَيْنِ وَلِاَبِىْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّهٗ نَوٰى حَقِيْقَةَ كَلَامِهٖ لِاَنَّ كَلِمَةَ فِىْ لِلظَّرْفِ وَ الظَّرْفِيَّةُ لَا تَقْتَضِى الْاِسْتِيْعَابَ وَ تَعَيَّنَ الْجُزْءُ الْاَوَّلُ ضَرُوْرَةَ عَدَمِ الْمُزَاحِمِ فَاِذَا عَيَّنَ آخِرَ النَّهَارِ كَانَ التَّعَيُّنُ الْقَصْدِىُّ اَوْلٰى بِالْاِعْتِبَارِ مِنَ الضَّرُوْرِىْ بِخِلَافِ قَوْلِهٖ غَدًا لِاَنَّهٗ يَقْتَضِى الْاِسْتِيْعَابَ حَيْثُ وَصَفَهَا بِهٰذِهِ الصِّفَةِ مُضَافًا اِلٰى جَمِيْعِ الْغَدِ نَظِيْرُهٗ اِذَا قَالَ وَاللّٰهِ لَاَصُوْمَنَّ عُمْرِىْ وَ نَظِيْرُ الْاَوَّلِ وَاللّٰهِ لَاَصُوْمَنَّ فِىْ عُمْرِىْ وَ عَلٰى هٰذَا الدَّهْرُ وَ فِى الدَّهْرِ.

---

ترجمہ ...... اور اگر کہا انت طالق فی غد اور کہا اس نے کہ میں نے آخر نہار کی نیت کی ہے تو قضاءً تصدیق کی جائے گی امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اور

صاحبینؒ نے فرمایا نہیں تصدیق کی جائے گی قضاءً خاص طور پر۔ کیونکہ اس نے عورت کو طلاق کے ساتھ متصف کیا ہے جمیع غد میں پس ہو گیا بمنزلہ اس کے قول غدا کے اسی دلیل پر جو ہم نے بیان کی ہے اور اسی وجہ سے غد کے اول جزء میں طلاق واقع ہوگی عدم نیت کے وقت اور یہ اس لئے ہے کہ فی کا حذف کرنا اور اس کو باقی رکھنا دونوں برابر ہیں۔ کیونکہ غد دونوں صورتوں میں ظرف ہے۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اس نے اپنے کلام کی حقیقت کی نیت کی ہے۔ کیونکہ کلمہ فی ظرف کے لئے ہے۔ اور ظرفیت استیعاب کا تقاضا نہیں کرتی ہے۔ اور جزء اول کا متعین ہونا عدم مزاحم کی وجہ سے ہے پس جب متعین کر دیا آخر نہار کو تو تعیین قصدی اولیٰ ہے اعتبار ضروری کے مقابلہ میں بخلاف اس کے قول غدا کے کیونکہ لفظ غدا استیعاب کا تقاضا کرتا ہے اس لئے کہ عورت کو اس صفت کے ساتھ متصف کیا ہے جمیع غد کی طرف منسوب کرتے ہوئے۔ اس کی نظیر جبکہ کہا بخدا میں اپنی زندگی بھر روزہ رکھوں گا اور اول کی نظیر بخدا میں اپنی زندگی میں روزہ رکھوں گا اور اسی بنیاد پر الدھر اور فی الدھر ہے۔

تشریح ......(مسئلہ):...... اگر کسی نے انت طالق فی غد کہا اور آخر نہار کی نیت کی تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک قضاءً تصدیق کی جائے گی اور صاحبین کے نزدیک صرف قضاءً تصدیق نہیں کی جائے گی۔ البتہ دیانۃً تصدیق کر لی جائے گی۔

صاحبینؒ کی دلیل ...... یہ ہے کہ اس شخص نے عورت کو جمیع غد میں وصف طلاق کے ساتھ متصف کیا ہے لہٰذا فی غد، بمنزلہ غد کے ہو گیا۔ یعنی اس نے عموم میں تخصیص کی نیت کی ہے اور تخصیص عموم خلاف ظاہر ہے، اس وجہ سے قضاءً تصدیق نہیں کی جائے گی۔ البتہ دیانۃً تصدیق کر لی جائے گی۔ اور چونکہ فی غد۔ غداً کے مرتبہ میں ہے اسی وجہ سے اگر کسی جز کی نیت نہیں کی ہے تو غد کے اول جز میں طلاق واقع ہوگی۔ اور یہ (عدم نیت کے وقت غد کے اول جز میں طلاق کا واقع ہونا) اس لئے ہے کہ فی کا ذکر کرنا اور حذف کرنا دونوں برابر ہیں۔ کیونکہ دونوں صورتوں میں کلمہ فی ظرف ہے۔

امام ابوحنیفہؒ کی دلیل ...... یہ ہے کہ اس شخص نے آخر نہار کی نیت اپنے کلام کی حقیقت کی نیت کی ہے۔ کیونکہ کلمہ فی ظرف کے لئے ہے۔ اور ظرفیت استیعاب مظروف کا تقاضا نہیں کرتا ہے۔ بلکہ مظروف کبھی ظرف کے اجزاء میں سے ایک جز میں پایا جاتا ہے۔ اور کبھی ظرف مظروف سے بھر جاتا ہے۔ اور مظروف کا استیعاب بھی کر لیتا ہے۔ پس اس کا کلام دونوں صورتوں میں احتمال رکھتا ہے۔ لہٰذا جب اس شخص نے ایک احتمال کی نیت کی تو گویا اپنے کلام کے حقیقی معنی کی نیت کی۔ اس وجہ سے امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ قضاءً تصدیق کی جائے گی۔

اور صاحبینؒ کا یہ کہنا کہ عدم نیت کی صورت میں جزء اول متعین ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ عدم نیت کی صورت میں جزء اول کا متعین ہونا عدم مزاحم کی وجہ سے ہے۔ مگر جب آخر نہار کو متعین کر دیا تو آخر نہار کی تعیین قصدی ہوئی۔ اور عدم نیت کی صورت میں جزء اول کی تعیین کا ضرورۃً اعتبار کیا گیا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ جزء اول کا ضرورۃً اعتبار کرنے کے مقابلہ میں تعیین قصدی اولیٰ ہے۔

صاحب ہدایہؒ بخلاف غدا سے فرماتے ہیں کہ فی غد کو غداً پر قیاس کرنا صحیح نہیں۔ کیونکہ غداً استیعاب کا تقاضا کرتا ہے۔ یعنی عورت کو صفت طلاق کے ساتھ متصف کیا ہے جمیع غد کی طرف نسبت کرتے ہوئے۔

غد بلا ذکر فی کی نظیر واللہ لا صومن عمری اور بذکر فی کی نظیر واللہ لا صومن فی عمری، پہلی صورت میں پوری زندگی روزے رکھے گا علاوہ ایام منہی عنہا کے۔ اور دوسری صورت میں پوری زندگی میں تھوڑی دیر کا روزہ بھی کافی ہوگا۔ ایسے ہی الدھر اور فی الدھر میں فرق ہے۔ یعنی واللہ لا صومن الدھر بغیر فی کے۔ اور واللہ لا صومن فی الدھر۔ پہلی صورت میں اپنی یمین سے اس وقت بری ہوگا جب پورے زمانے کے روزے رکھے اور دوسرے صورت میں تھوڑی دیر کے روزے سے بھی بری ہو جائے گا۔ واللہ اعلم۔

## انت طالق امس سے طلاق دی حالانکہ آج نکاح کیا طلاق واقع نہیں ہوگی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ اَمْسِ وَقَدْ تَزَوَّجَهَا الْيَوْمَ لَمْ يَقَعْ شَيْءٌ لِاَنَّهٗ اَسْنَدَهٗ اِلٰى حَالَةٍ مَعْهُوْدَةٍ مُنَافِيَةٍ لِمَالِكِيَّةِ الطَّلَاقِ

فَيَلْغُو كَمَا اِذَا قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ قَبْلَ اَنْ اُخْلَقَ وَلِاَنَّهُ يُمْكِنُ تَصْحِيْحُهُ اِخْبَارًا عَنْ عَدَمِ النِّكَاحِ اَوْ عَنْ كَوْنِهَا مُطَلَّقَةً بِتَطْلِيْقِ غَيْرِهٖ مِنَ الْاَزْوَاجِ وَلَوْ تَزَوَّجَهَا اَوَّلَ مِنْ اَمْسِ وَقَعَ السَّاعَةَ لِاَنَّهُ مَا اَسْنَدَهُ اِلٰى حَالَةٍ مُنَافِيَةٍ وَلَا يُمْكِنُ تَصْحِيْحُهُ اِخْبَارًا اَيْضًا فَكَانَ اِنْشَاءً وَالْاِنْشَاءُ فِى الْمَاضِىْ اِنْشَاءٌ فِى الْحَالِ فَيَقَعُ السَّاعَةَ.

---

ترجمہ......اور اگر کہا تو کل گذشتہ طلاق والی ہے حال یہ کہ اس سے آج نکاح ہوا ہے تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ اس نے طلاق کو ایسی حالت معہودہ کی طرف منسوب کیا ہے جو مالکیت طلاق کے منافی ہے۔ پس لغو ہوگا۔ جیسا کہ جب کہا تو طلاق والی ہے قبل اس کے کہ میں پیدا کیا جاؤں اور اس لئے کہ ممکن ہے اس کو صحیح قرار دینا عدم نکاح کی خبر دیتے ہوئے یا اس بات کی کہ وہ عورت کسی دوسرے شوہر کے طلاق دینے سے مطلقہ ہے اور اگر اس سے نکاح کیا کل گذشتہ سے پہلے تو اسی وقت واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ حالتِ منافیہ کی طرف طلاق کو منسوب نہیں کیا ہے اور اس کو خبر بنانا بھی صحیح نہیں ہے۔ پس انشاء ہوگا اور انشاء فی الماضی انشاء فی الحال ہوتا ہے۔ لہذا اسی وقت واقع ہوگی۔

تشریح......(مسئلہ): اگر مرد نے انت طالق امس کہا در آنحالیکہ اس عورت سے نکاح آج کیا ہے تو بالاتفاق طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ اس شخص نے اپنا کلام ایسی حالت معلومہ کی طرف منسوب کیا ہے۔۔۔۔ جو مالکیت طلاق کے منافی ہے یعنی ایسے وقت کی طرف منسوب کیا ہے جبکہ وہ عورت اس کی منکوحہ نہیں تھی۔ لہٰذا اس کا کلام لغو ہوگا۔ اور کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی جیسے کسی نے کہا انت طالق قبل ان اخلق۔

اس دلیل پر ایک اشکال ہے وہ یہ کہ انت طالق امس میں لفظ امس مذکور ہے اور امسیت مالکیت طلاق کے منافی نہیں۔ بلکہ مالکیت طلاق کے منافی طلاق کا قبل التزوج ہونا ہے اور طلاق کا قبل التزوج ہونا کلام میں مذکور نہیں۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ اس کلام کو صحیح بنانا ممکن ہے۔ بایں طور کہ اس شخص نے انت طالق امس کہہ کر اس بات کی خبر دی ہے کہ یہ عورت کل گذشتہ غیر منکوحہ تھی اور یہ بالکل صحیح ہے۔ یا اس بات کی خبر دی ہے کہ وہ کل گذشتہ اپنے سابق شوہر کی مطلقہ تھی یہ بھی درست ہے ان دونوں صورتوں میں طلاق بھی واقع نہیں ہوگی اور کلام بھی لغو ہونے سے بچ جائے گا۔

اور اگر یہ شخص اس عورت سے کل گذشتہ سے پہلے نکاح کر چکا اور اس سے انت طالق امس کہا تو اسی وقت طلاق واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ کہ اس شخص نے طلاق ایسی حالت کی طرف منسوب نہیں کی ہے جو مالکیتِ طلاق کے منافی ہو۔ کیونکہ کل گذشتہ یہ عورت اس کی ملک میں تھی اور اس کے کلام کو اخبار بنا کر صحیح قرار دینا بھی ممکن نہیں۔ پس یہ کلام (انت طالق امس) انشاء ہوگا۔ اور فقہاء کا اصول ہے کہ انشاء فی الماضی انشاء فی الحال ہوتا ہے یعنی موجودہ زمانے میں رہتے ہوئے اگر کوئی حکم ماضی میں ثابت کیا جائے تو وہ حکم زمانہ حال میں ثابت ہوگا۔ کیونکہ اثبات فی الماضی پر کوئی انسان قادر نہیں ہے۔

## انت طالق قبل ان اتزوجك سے طلاق دینے کا حکم

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ قَبْلَ اَنْ اَتَزَوَّجَكِ لَمْ يَقَعْ شَىْءٌ لِاَنَّهُ اَسْنَدَهُ اِلٰى حَالَةٍ مُنَافِيَةٍ فَصَارَ كَمَا اِذَا قَالَ طَلَّقْتُكِ وَاَنَا صَبِىٌّ اَوْ نَائِمٌ اَوْ يَصِحُّ اِخْبَارًا عَلٰى مَا ذَكَرْنَا.

---

ترجمہ......اور اگر کہا تجھ کو طلاق ہے قبل اس کے کہ میں تجھ سے نکاح کروں تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ طلاق کو ایسی حالت کی طرف منسوب کیا ہے جو منافی طلاق ہے۔ پس ایسا ہو گیا جیسا کہ جب کہا کہ میں نے تجھ کو طلاق دی حالانکہ میں بچہ تھا۔ یا سویا ہوا تھا یا صحیح ہے خبر دینا اس تفصیل پر جو ہم نے ذکر کی ہے۔

تشریح ..... (مسئلہ): اگر مرد نے کہا انتِ طالق قبل ان اتزوجك تو ان الفاظ کے ساتھ طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ طلاق ایسے زمانہ کی طرف منسوب کی گئی جو زمانہ طلاق کے منافی ہے۔ کیونکہ قبل النکاح طلاق کا کوئی وجود نہیں ہوتا۔ لہٰذا اس صورت میں طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور اس کا حکم طلقتك و انا صبی یا نائم کے مانند ہے یا یہ کہ انت طالق کو عدم نکاح کی خبر قرار دے دیا جائے یا پہلے شوہر کی مطلقہ ہونے کی خبر بنا دیا جائے۔

## انت طالق ما لم اطلقك او متیٰ لم اطلقك او متیٰ ما لم اطلقك کے الفاظ کہہ کر خاموش رہا طلاق واقع ہوگی یا نہیں

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ مَالَمْ اُطَلِّقْكِ اَوْ مَتیٰ لَمْ اُطَلِّقْكِ اَوْ مَتیٰ مَالَمْ اُطَلِّقْكِ وَسَكَتَ طُلِّقَتْ لِاَنَّهٗ اَضَافَ الطَّلَاقَ اِلیٰ زَمَانٍ خَالٍ عَنِ التَّطْلِيْقِ وَ قَدْ وُجِدَ حَيْثُ سَكَتَ وَهٰذَا لِاَنَّ كَلِمَةَ مَتیٰ وَ مَتیٰ مَاصَرِيْحٌ فِي الْوَقْتِ لِاَنَّهُمَا مِنْ ظُرُوْفِ الزَّمَانِ وَكَذَا كَلِمَةُ مَالِلْوَقْتِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ مَادُمْتُ حَيًّا اَیْ وَقْتَ الْحَيٰوةِ.

---

ترجمہ ..... اور اگر کہا کہ تو طلاق والی ہے اس وقت کہ میں تجھ کو طلاق نہ دوں یا جب تک کہ میں تجھ کو طلاق نہ دیدوں۔ اور شوہر خاموش ہو گیا تو (عورت) طلاق والی ہوگئی۔ کیونکہ طلاق کو ایسے زمانہ کی طرف منسوب کیا ہے جو طلاق دینے سے خالی ہے اور (وہ زمانہ) پایا گیا جوں ہی وہ خاموش ہوا۔ اور یہ اس لئے کہ کلمہ متیٰ اور متیٰ ما وقت کے معنی میں صریح ہے کیونکہ وہ دونوں ظروف زمان میں سے ہیں اور ایسے ہی کلمہ ''ما'' وقت کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''جب تک کہ میں زندہ رہوں یعنی زندگی کے وقت تک''۔

تشریح ..... (مسئلہ): اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق مالم اطلقك یا کہا انت طالق متی لم اطلقك یا کہا انت طالق متیٰ مالم اطلقك۔ اور کہنے کے بعد سکوت اختیار کیا۔ تو فوراً طلاق واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ ان تینوں صورتوں میں طلاق ایسے زمانے کی طرف منسوب کی گئی ہے، جو خالی عن التطليق ہو۔ اور جیسے ہی وہ خاموش ہوا ایسا زمانہ پایا گیا اس وجہ سے طلاق سکوت کے فوراً بعد واقع ہوگئی۔

صاحبِ ہدایہؒ وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ لفظ متیٰ اور متیٰ ما چونکہ ظروف زمان میں سے ہیں اس لئے یہ دونوں وقت کے معنیٰ میں صریح ہیں۔ اور اسی طرح لفظ ما بھی وقت کے لئے آتا ہے جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے حکایت کرتے ہوئے اللہ رب العزت نے فرمایا'' واوصانی بالصلوة والزكواة مادمت حيا''۔ یعنی مجھکو حکم دیا نماز اور زکوۃ کا جب تک کہ میں زندہ رہوں۔

فوائد ..... لفظ ما جس طرح وقت کے لئے آتا ہے اسی طرح شرط کے لئے بھی آتا ہے۔ مثلاً خداوند قدوس نے فرمایا مایفتح الله للناس من رحمة فلا ممسك لها وما یمسك فلا مرسل له من بعده۔ یعنی اگر اللہ لوگوں کے واسطے رحمت (کا دروازہ) کھولدے تو اس کو کوئی روکنے والا نہیں۔ اور اگر روک لے تو اس کو کوئی اس کے بعد چھوڑنے والا نہیں۔ اس آیت میں لفظ ما شرط کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔ پس لفظ ما اگر صرف وقت کے معنی میں استعمال کیا گیا نہ کہ شرط کے معنی میں تو طلاق واقع ہونی چاہئے۔ ورنہ اس کا حکم وہ نہیں ہوگا جو تشریح میں گذر چکا

## انت طالق ان لم اطلقك سے طلاق واقع نہیں ہوگی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ اِنْ لَمْ اُطَلِّقْكِ لَمْ تُطَلَّقْ حَتّٰى يَمُوْتَ لِاَنَّ الْعَدَمَ لَا يَتَحَقَّقُ اِلَّا بِالْيَاسِ عَنِ الْحَيٰوةِ وَهُوَ الشَّرْطُ كَمَا فِيْ قَوْلِهٖ اِنْ لَّمْ اٰتِ الْبَصْرَةَ وَمَوْتُهَا بِمَنْزِلَةِ مَوْتِهٖ هُوَ الصَّحِيْحُ.

---

ترجمہ ..... اور اگر کہا تو طلاق والی ہے اگر میں تجھ کو طلاق نہ دوں تو طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ مر جائے۔ کیونکہ عدم (طلاق) نہیں متحقق ہوگا

مگر زندگی سے مایوسی (کے وقت) اور یہی شرط ہے جیسا کہ اس کے قول ان لم آت البصرة میں اور عورت کی موت مرد کی موت کے مرتبہ میں ہے یہی صحیح ہے۔

تشریح.....(مسئلہ): اگر مرد نے کہا انت طالق ان لم اطلقك تو اس صورت میں موت کے وقت طلاق ہوگی یعنی اس وقت واقع ہوگی جب کہ شوہر زندگی سے مایوس ہو گیا ہو اور اتنا وقت بھی باقی نہیں رہا جس میں لفظ انت طالق کہہ سکے۔ دلیل یہ ہے کہ اس مسئلہ میں وقوع طلاق کو معلق کیا گیا ہے عدم تطلیق پر۔ اور عدم تطلیق کا تحقق اس وقت ہوگا جبکہ یہ زندگی سے بالکل مایوس ہو جائے۔ کیونکہ یاس کے وقت سے پہلے پہلے ہر وقت طلاق دینے کا امکان ہے۔ پس یاس کے وقت جب عدم تطلیق کی شرط متحقق ہوگئی تو اس وقت طلاق کا وقوع ہوگا اور یہ ایسا ہے جیسا کہ کسی نے کہا ان لم آت البصرة فانت طالق اس صورت میں بھی طلاق اس وقت واقع ہوگی جب کہ اتیان بصرہ سے بالکل مایوس ہو گیا ہو۔

صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ عورت کی موت مرد کی موت کے مرتبہ میں ہے یعنی جس طرح مرد کی موت سے کچھ پہلے طلاق ہو جائے گی اسی طرح عورت کی موت سے کچھ پہلے بھی طلاق واقع ہو جائے گی یہی صحیح قول ہے اگرچہ نوادر میں اس کے خلاف بھی روایت موجود ہے۔

## انت طالق اذا ما لم اطلقك کے الفاظ سے طلاق واقع نہیں ہوگی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ اِذَالَمْ اُطَلِّقْكِ اَوْ اِذَا مَالَمْ اُطَلِّقْكِ لَمْ تُطَلَّقْ حَتّٰى يَمُوْتَ عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَؒ وَقَالَا تُطَلَّقُ حِيْنَ سَكَتَ لِاَنَّ كَلِمَةَ اِذَا لِلْوَقْتِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِذَاالشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَ قَالَ قَائِلُهُمْ شِعْرٌ وَاِذَا تَكُوْنُ كَرِيْهَةٌ اُدْعٰى لَهَا وَ اِذَا يُحَاسُ الْحَيْسُ يُدْعٰى جُنْدُبُ. فَصَارَ بِمَنْزِلَةِ مَتٰى وَمَتٰى مَا وَلِهٰذَا لَوْ قَالَ لِاِمْرَأَتِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ اِذَا شِئْتِ لَا يَخْرُجُ الْاَمْرُ مِنْ يَدِهَا بِالْقِيَامِ مِنَ الْمَجْلِسِ كَمَا فِىْ قَوْلِهٖ مَتٰى شِئْتِ وَلِاَبِىْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّهٗ يُسْتَعْمَلُ فِى الشَّرْطِ اَيْضًا قَالَ قَائِلُهُمْ شِعْرٌ وَاسْتَغْنِ مَااَغْنَاكَ رَبُّكَ بِالْغِنٰى وَاِذَا تُصِبْكَ خَصَاصَةٌ فَتَجَمَّلِ. فَاِنَّهٗ اُرِيْدَ بِهِ الشَّرْطُ لَمْ تُطَلَّقْ فِى الْحَالِ وَ اِنْ اُرِيْدَ بِهِ الْوَقْتُ تُطَلَّقُ فَلَا تُطَلَّقُ بِالشَّكِّ وَالْاِحْتِمَالِ بِخِلَافِ مَسْاَلَةِ الْمَشِيَّةِ لِاَنَّهٗ عَلٰى اِعْتِبَارِ اَنَّهٗ لِلْوَقْتِ لَا يَخْرُجُ الْاَمْرُ مِنْ يَدِهَا وَ عَلٰى اِعْتِبَارِ اَنَّهٗ لِلشَّرْطِ يَخْرُجُ وَالْاَمْرُ صَارَ فِىْ يَدِهَا فَلَا يَخْرُجُ بِالشَّكِّ وَالْاِحْتِمَالِ وَهٰذَا الْخِلَافُ فِيْمَا اِذَالَمْ تَكُنْ لَهٗ نِيَّةٌ اَمَّا اِذَا نَوَى الْوَقْتَ يَقَعُ فِى الْحَالِ وَلَوْنَوَى الشَّرْطَ يَقَعُ فِىْ اٰخِرِ الْعُمْرِ لِاَنَّ اللَّفْظَ يَحْتَمِلُهُمَا.

---

ترجمہ.....اور اگر کہا تو طلاق والی ہے۔ جب میں تجھے طلاق نہ دوں تو طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ (شوہر) مر جائے ابوحنیفہؒ کے نزدیک اور صاحبین نے فرمایا کہ مطلقہ ہو جائے گی جس وقت (شوہر نے) سکوت اختیار کیا۔ کیونکہ کلمہ اذا وقت کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب آفتاب بے نور ہو جائے گا۔ اور قائل نے کہا جب کوئی ناگوار چیز پائی جائے تو اس کے واسطے میں بلایا جاتا ہوں اور جب حلوا مانڈا تیار کیا جائے تو جندب کو بلایا جاتا ہے پس متیٰ اور متیٰ ما کے مرتبہ میں ہو گیا اور اسی وجہ سے اگر اپنی بیوی سے کہا انت طالق اذ اشئت تو عورت کے ہاتھ سے مجلس سے کھڑا ہونے کی وجہ سے اختیار نہیں نکلے گا۔ جیسا کہ اس کے قول متیٰ شئت میں۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ لفظ اذا شرط میں بھی استعمال کیا جاتا ہے کسی نے کہا۔ بے پرواہی رکھ جب تک غنی رکھے تجھ کو تیرا رب مالداری کے ساتھ۔ اور اگر تجھ کو تنگدستی پہنچے تو صبر جمیل اختیار کر۔ پس اگر اس سے.....شرط کا ارادہ کیا گیا ہے تو فی الحال طلاق (واقع) نہیں ہوگی۔ اور اگر اس سے وقت کا ارادہ کیا گیا ہے تو طلاق (واقع) ہو جائے گی۔ پس شک اور احتمال کی وجہ سے طلاق نہیں پڑے گی۔ بخلاف مسئلہ مشیت کے۔ کیونکہ یہ اعتبار کرتے ہوئے کہ (لفظ اذا) وقت کے لئے ہے۔ عورت کے ہاتھ سے اختیار نہیں نکلے گا۔ اور اس اعتبار پر کہ شرط کے لئے ہے اختیار (عورت کے ہاتھ سے نکل جائے گا) اور طلاق کا معاملہ عورت کے ہاتھ میں

(یقیناً) ہے۔ پس شک اور احتمال کی وجہ سے نہیں نکلے گا۔ اور خلاف اس صورت میں ہے جبکہ شوہر کی کوئی نیت نہ ہو۔ بہرحال جب نیت کی وقت کی تو فی الحال (طلاق) واقع ہو جائے گی۔ اور اگر شرط کی نیت کی تو آخری عمر میں واقع ہوگی کیونکہ لفظ دونوں کا احتمال رکھتا ہے۔

**تشریح**......(مسئلہ): اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق اذا لم اطلقك یا اذا ما لم اطلقك تو ان الفاظ کے ساتھ وقوع طلاق کے وقت میں اختلاف ہے چنانچہ امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ موت کے کچھ پہلے یا اس کے وقت طلاق واقع ہوگی۔ اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ خاموش ہوتے ہی طلاق واقع ہو جائے گی صاحبینؒ کی دلیل کا حاصل یہ ہے کہ لفظ اذا وقت کے معنی میں مستعمل ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد اذا الشمس کورت میں......لفظ اذا وقت کے لئے ہے۔ ترجمہ ہوگا۔ جس وقت آفتاب بے نور ہو جائے گا اور ایسے ہی ایک شاعر کا شعر ہے

واذا تکون کریھة اُدعی لھا واذا یحاس الحیس یدعی جندب

''اور جس وقت کوئی ناگوار چیز پائی جائے تو اس کے لئے میں بلایا جاتا ہوں اور جب حلوا مانڈا تیار کیا جائے تو جندب کو بلایا جاتا ہے''

اس شعر میں لفظ اذا دو جگہ ہے اور دونوں جگہ وقت کے لئے ہے نہ کہ شرط کے لئے کیونکہ اگر شرط کے لئے ہوتا تو تکون اور یحاس دونوں شرط کی وجہ سے مجزوم ہوتے یعنی لکن اور یُحس ہوتے مگر شاعر نے دونوں افعال کو غیر مجزوم استعمال کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اذا دونوں جگہ شرط کے لئے نہیں بلکہ وقت کے لئے ہے۔ پس جب لفظ اذا وقت کے لئے ہے تو یہ لفظ اذا متیٰ اور متیٰ ما کے مرتبہ میں ہو گیا اور چونکہ لفظ اذا متیٰ کے معنی میں ہے اسی وجہ سے اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق اذا شئت تو اس صورت میں عورت کا اختیار قیام عن المجلس کی وجہ سے نہیں نکلے گا جس طرح کہ حتیٰ شئت کہنے کی وجہ سے عورت کا اختیار قیام عن المجلس کی وجہ سے ختم نہیں ہوتا۔ پس اس سے بھی معلوم ہوا کہ لفظ اذا، متیٰ کے معنیٰ میں ہے۔ لہٰذا جو حکم متیٰ کا ہے وہی لفظ اذا کا ہوگا اور متیٰ کا حکم پہلے مسئلہ میں گذر چکا کہ سکوت کے فوراً بعد طلاق واقع ہو جائے گی لہٰذا اذا کی صورت میں بھی سکوت کے فوراً بعد طلاق واقع ہوگی نہ کہ عمر کے آخری لمحہ میں۔

اور امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے......کہ لفظ اذا وقت کے علاوہ شرط کے معنی میں بھی مستعمل ہے صاحب ہدایہؒ نے استدلال میں شعر پیش کیا ہے:

واستغن ما اغناك ربك بالغنی واذا تصبك خصاصة فتجمل

ترجمہ......بے پرواہی رکھ جب تک کہ تجھ کو تیرے رب نے غنی بنایا ہے مالداری کے ساتھ اور اگر تجھ کو تنگدستی لاحق ہو تو صبر جمیل اختیار کر۔

اس شعر میں اذا شرط کے لئے ہے اس لئے کہ تصبك مجزوم ہے اگر اذا شرطیہ نہ ہوتا تو تصبك یا اور ب کے ساتھ ہونا چاہئے تھا۔

حاصل یہ کہ امام صاحبؒ کے نزدیک اذا شرط کے لئے بھی آتا ہے جیسا کہ ابھی معلوم ہوا۔ اور ظرف اور وقت کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسا کہ صاحبینؒ کی دلیل کے ذیل میں معلوم ہوا۔ پس اب اگر انت طالق اذا لم اطلقك یا اذا مالم اطلقك میں اذا سے شرط کے معنی مراد لئے جائیں تو فی الحال طلاق واقع نہیں ہوگی۔ جیسا کہ لفظ ان کی صورت میں اور اگر اذا کو وقت کے لئے مانا جائے تو فی الحال طلاق واقع ہونی چاہئے۔ جیسا کہ لفظ متیٰ کی صورت میں۔ خلاصہ یہ کہ وقوع طلاق میں شک ہو گیا اور شک کی وجہ سے طلاق واقع نہیں ہوتی ہے اس لئے ہم کہتے ہیں کہ یہاں فی الحال طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور مسئلہ مشیت اس کے برعکس ہے کیونکہ انت طالق اذا شئت میں اگر اذا کو وقت کے لئے مانا گیا تو عورت کا اختیار ختم نہیں ہوگا۔ بلکہ باقی رہے گا۔ جیسا کہ انت طالق متی شئت میں قیام عن المجلس کے باوجود عورت کا اختیار باقی رہتا ہے۔ اور اگر لفظ اذا کو شرط کے لئے مانا جائے تو عورت کا اختیار قیام عن المجلس سے ختم ہو جائے گا۔

حاصل یہ کہ ایک احتمال کی وجہ سے اختیار عورت کے ہاتھ سے نکل جائے گا اور ایک احتمال کی وجہ سے نہیں نکلے گا اور اختیار عورت کے ہاتھ میں بالیقین ہے۔ لہٰذا شک اور احتمال کی وجہ سے نہیں نکلے گا مطلب یہ کہ اختیار کا عورت کے ہاتھ سے نہ نکلنا اس لئے نہیں کہ اذا متیٰ کے معنیٰ میں ہے

جیسا کہ صاحبینؒ نے کہا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اذا کے معنیٰ میں چونکہ شک واقع ہو گیا اور شک کی وجہ سے یقینی چیز زائل نہیں ہوتی۔ اس لئے اختیار جو عورت کے ہاتھ میں بالیقین ہے شک کی وجہ سے نہیں نکلے گا۔

صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ امام صاحب اور صاحبینؒ کے درمیان یہ اختلاف اس وقت ہے جبکہ شوہر نے اپنے کلام سے کوئی نیت نہیں کی ہے۔ لیکن اگر اس نے لفظ اذا سے وقت کی نیت کی ہے تو طلاق فی الحال واقع ہو جائے گی اور اگر شرط کی نیت کی ہے تو آخر عمر میں واقع ہو گی کیونکہ لفظ اذ دونوں کا احتمال رکھتا ہے۔

**فوائد**..... لفظ اذا کے بارے میں اصل اختلاف اہل لغت اور اہل نحو کا ہے۔ اہل کوفہ کا مذہب یہ ہے کہ اذا شرط کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور وقت کے لئے بھی دونوں برابر ہیں اور اہلِ بصرہ کا مذہب یہ ہے کہ وقت کے لئے حقیقت ہے اور شرط کے لئے مجاز۔ امام صاحبؒ نے اہلِ کوفہ کے مذہب کو اختیار کیا ہے۔ اور صاحبینؒ نے اہلِ بصرہ کے مذہب کو ترجیح دی ہے۔ واللہ اعلم۔

## انت طالق مالم اطلقك انت طالق کے الفاظ سے طلاق کا حکم

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ مَالَمْ اُطَلِّقْكِ اَنْتِ طَالِقٌ فَهِيَ طَالِقٌ بِهٰذِهِ التَّطْلِيْقَةِ مَعْنَاهُ قَالَ ذٰلِكَ مَوْصُوْلاً بِهٖ وَالْقِيَاسُ اَنْ يَقَعَ الْمُضَافُ فَيَقَعَانِ اِنْ كَانَتْ مَدْخُوْلاً بِهَا وَ هُوَ قَوْلُ زُفَرَؒ لِاَنَّهٗ وُجِدَ زَمَانٌ لَمْ يُطَلِّقْهَا فِيْهِ وَ اِنْ قَلَّ وَهُوَ زَمَانُ قَوْلِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ قَبْلَ اَنْ يَفْرُغَ مِنْهَا وَجْهُ الْاِسْتِحْسَانِ اَنَّ زَمَانَ الْبِرِّ مُسْتَثْنًى عَنِ الْيَمِيْنِ بِدَلَالَةِ الْحَالِ لِاَنَّ الْبِرَّ هُوَ الْمَقْصُوْدُ وَلَا يُمْكِنُهٗ تَحَقُّقُ الْبِرِّ اِلَّا اَنْ يَّجْعَلَ هٰذَا الْقَدْرَ مُسْتَثْنًى وَاَصْلُهٗ مَنْ حَلَفَ لَا يَسْكُنُ هٰذِهِ الدَّارَ فَاشْتَغَلَ بِالنُّقْلَةِ مِنْ سَاعَتِهٖ وَاَخَوَاتُهٗ عَلٰى مَا يَاْتِيْكَ فِي الْاَيْمَانِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى.**

---

ترجمہ..... اور اگر کہا کہ تو طلاق والی ہے جس وقت میں تجھ کو طلاق نہ دوں تو طلاق والی ہے تو یہ عورت اس طلاق دینے سے طالقہ ہو گی اس مسئلہ کی مراد یہ ہے کہ اس نے (انت طالق) اس کے ساتھ ملا کر کہا اور قیاس یہ ہے کہ جو طلاق (زمانہ کی) طرف مضاف ہے وہ بھی واقع ہو جائے گی پس دونوں واقع ہوں گی اگر (وہ عورت) مدخول بہا ہے اور یہی قول ہے امام زفرؒ کا۔ کیونکہ ایسا زمانہ پایا گیا جس میں اس نے اس عورت کو طلاق نہیں دی ہے اگر چہ کم ہے اور وہ زمانہ ہے اس کا قول انت طالق قبل اس کے کہ اس سے فارغ ہو اور وجہ استحسان یہ ہے کہ قسم پوری کرنے کا زمانہ دلالت حال کی وجہ سے یمین سے مستثنیٰ ہے کیونکہ قسم پورا کرنا ہی مقصود یمین ہے اور اس کے لئے قسم پوری کرنے کا متحقق ہونا ممکن نہیں۔ مگر یہ کہ اتنی مقدار کو مستثنیٰ قرار دیدیا جائے۔ اور اس اختلاف کی اصل وہ شخص ہے جس نے قسم کھائی کہ اس مکان میں نہیں رہے گا پھر اسی وقت سامان منتقل کرنے میں لگ گیا۔ اور اس کے نظائر اسی تفصیل پر جو کتاب الایمان میں ان شاء اللہ آئے گا۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق مالم اطلقك انت طالق اور یہ بعد والا انت طالق کلام سابق کے ساتھ ملا کر کہا درمیان میں کوئی فصل نہیں کیا تو اس آخر والے انت طالق سے ایک طلاق واقع ہو جائے گی اور قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ جو طلاق مالم اطلقك کی جانب منسوب کی گئی ہے وہ بھی واقع ہو جائے تو اب اس صورت میں دو طلاق واقع ہوں گی ایک وہ طلاق جو منسوب کی گئی ہے اور ایک اس سے جو بعد میں انت طالق ہے۔ مگر یہ دو طلاقیں اس وقت واقع ہوں گی جبکہ عورت مدخول بہا ہو۔ امام زفرؒ کا یہی قول ہے۔ امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ انت طالق کو معلق کیا گیا ہے ایسے زمانے پر جو خالی عن التطلیق ہو اور وہ پایا گیا اگر چہ بہت کم ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ انت طالق میں سات حروف ہیں جب تک مرد قاف تک تکلم نہیں کرے گا طلاق واقع نہیں ہو گی چنانچہ اگر کسی نے لام تک تکلم کیا اور خاموش ہو گیا تو طلاق واقع نہیں ہو گی اب اس مسئلہ میں جب مرد نے بعد والے انت طالق کا تلفظ کیا تو چھ حروف کے تلفظ تک یعنی لام کے تلفظ تک اتنا وقت پایا گیا کہ وہ خالی عن التطلیق ہے پس،

شرط کے پائے جانے کی وجہ سے طلاق مضاف بھی واقع ہو جائے گی اور بعد والا انت طالق تو غیر معلق ہے لہٰذا ایک اس سے واقع ہو جائے گی اسی طرح امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ میں دو طلاقیں واقع ہوں گی۔

وجہ استحسان...... یہ ہے کہ قسم کھانے کے بعد اس کو اتنا وقت ضرور ملنا چاہئے۔ جس میں حالف اپنی قسم کو پورا کر سکے۔ کیونکہ یمین سے قسم پورا کرنا ہی مقصود ہے اور یہ اس وقت ممکن نہیں جب تک کہ اتنا وقت مستثنیٰ قرار نہ دیا جائے پس انت طالق مالم اطلقک کے بعد اتنا وقت ملنا چاہئے جس میں انت طالق کے سات حروف کا تلفظ کر سکے۔ لام تک چھ حروف کے تلفظ کا وقت معتبر نہیں۔ کیونکہ یہ وقت قسم پوری کرنے کے لئے ناکافی ہے۔

اور اس اختلاف کی اصل کتاب الایمان کا ایک مسئلہ ہے مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص نے قسم کھائی میں اس مکان میں نہیں رہوں گا پھر اسی وقت اپنا سامان اس مکان سے منتقل کرنے میں مشغول ہو گیا تو اس صورت میں استحساناً حانث نہیں ہوگا اور امام زفرؒ کے نزدیک قیاساً حانث ہو جائے گا اس مسئلہ کی اور بہت سی نظیریں ہیں جو کتاب الایمان میں بیان کی جائیں گی۔ انشاء اللہ۔ واللہ اعلم۔

## یوم اتزوجك فانت طالق سے طلاق دینے کا حکم

**وَمَنْ قَالَ لِامْرَأَةٍ يَوْمَ اَتَزَوَّجُكِ فَاَنْتِ طَالِقٌ فَتَزَوَّجَهَا لَيْلًا طُلِّقَتْ لِاَنَّ الْيَوْمَ يُذْكَرُ وَيُرَادُ بِهٖ بَيَاضُ النَّهَارِ فَيُحْمَلُ عَلَيْهِ اِذَا قُرِنَ بِفِعْلٍ يَمْتَدُّ كَالصَّوْمِ وَالْاَمْرِ بِالْيَدِ لِاَنَّهٗ يُرَادُ بِهِ الْمِعْيَارُ وَ هٰذَا اَلْيَقُ بِهٖ وَيُذْكَرُ وَ يُرَادُ بِهٖ مُطْلَقُ الْوَقْتِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ مَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗ وَالْمُرَادُ بِهٖ مُطْلَقُ الْوَقْتِ فَيُحْمَلُ عَلَيْهِ اِذَا قُرِنَ بِفِعْلٍ لَا يَمْتَدُّ وَالطَّلَاقُ مِنْ هٰذَا الْقَبِيْلِ فَيَنْتَظِمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَلَوْ قَالَ عَنَيْتُ بِهٖ بَيَاضَ النَّهَارِ خَاصَّةً دُيِّنَ فِي الْقَضَاءِ لِاَنَّهٗ نَوٰى حَقِيْقَةَ كَلَامِهٖ وَاللَّيْلُ لَا يَتَنَاوَلُ اِلَّا السَّوَادَ وَالنَّهَارُ لَا يَتَنَاوَلُ اِلَّا الْبَيَاضَ خَاصَّةً وَ هُوَ اللُّغَةُ.**

---

ترجمہ...... جس شخص نے ایک عورت سے کہا جس دن میں تجھ سے نکاح کروں تو طلاق والی ہے۔ پھر اس سے رات میں نکاح کر لیا تو طلاق پڑ جائے گی۔ کیونکہ یوم مذکور ہوتا ہے اور اس سے مراد بیاض نہار ہوتا ہے۔ لہٰذا (یوم) کو بیاضِ نہار پر محمول کیا جائے گا۔ جبکہ (لفظ یوم) فعل ممتد کے ساتھ مقارن ہو۔ جیسے روزہ اور عورت کا اختیار۔ کیونکہ اس سے مراد معیار ہے اور (بیاضِ نہار) اس کے زیادہ لائق ہے۔ اور (لفظ یوم) ذکر کیا جاتا ہے اور مراد اس سے مطلق وقت ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو کوئی (مسلمان) اس دن ان سے پیٹھ دے کر بھاگے اور مراد اس سے مطلق وقت ہے۔ پس (یوم) کو مطلق وقت پر محمول کیا جائے گا۔ جبکہ (لفظ یوم) فعل غیر ممتد کے ساتھ مقارن ہو۔ اور طلاق اسی قبیل سے ہے۔ پس رات و دن کو شامل ہوگا اور اگر کہا کہ میں نے یوم سے بیاض نہار کا ارادہ کیا خاص طور سے تو قضاءً تصدیق کی جائے گی۔ کیونکہ اس نے اپنے حقیقتِ کلام کی نیت کی ہے اور رات شامل نہیں مگر سیاہی کو اور نہار شامل نہیں ہوگا مگر سفیدی کو بالخصوص اور یہی لغت ہے۔

تشریح...... مسئلہ: ایک شخص نے کسی عورت سے یوم اتزوجک فانت طالق کہا۔ پھر اس عورت سے رات میں نکاح کیا تو اس کو طلاق پڑ جائے گی۔ اس مسئلہ کی دلیل کا تعلق ایک اصولی بحث سے ہے اولاً یہ ذہن نشین فرما لیجئے کہ یہاں تین لفظ مذکور ہیں۔ نہار، لیل، یوم۔ نہار کا اطلاق خاص طور سے طلوع آفتاب سے غروب تک ہوتا ہے اور لیل کا اطلاق سیاہی کے لئے یعنی غروب آفتاب سے صبح تک کے لئے ہوتا ہے اور لفظ یوم کے بارے میں بعض کی رائے تو یہ ہے کہ لفظ یوم بیاض نہار اور مطلق وقت کے درمیان مشترک ہے۔ اور اکثر کی رائے یہ ہے کہ لفظ یوم بیاض نہار کے لئے حقیقت اور مطلق وقت کے لئے مجاز ہے۔ بہر حال دونوں صورتوں میں لفظ یوم ظرف ہوگا۔ اور دونوں احتمالات میں سے ایک کو ترجیح دی جائے گی قرینہ کی وجہ سے اور قرینہ ایک ضابطہ ہے۔ ضابطہ یہ ہے کہ لفظ یوم فعل ممتد کے ساتھ مقارن ہوگا یا فعل غیر ممتد کے ساتھ اگر فعل ممتد کے ساتھ مقارن ہے تو یوم سے مراد بیاضِ نہار ہوگا۔ فعل ممتد سے مراد یہ ہے کہ اس فعل کے کرنے میں کچھ مدت لگتی ہو۔ مثلاً روزہ، عورت کا طلاق میں اختیار، پہننا، سواری کرنا،

سکونت کرنا وغیرہ۔

بہر حال اس صورت میں یوم سے مراد بیاض نہار اس لئے ہوگا کہ یوم سے مراد معیار ہے اور بیاض نہار معیار بننے کے زیادہ لائق ہے اور معیار سے مراد یہ ہے کہ وہ بقدر فعل مقدر ہو۔ مثلاً یوم میں روزہ تو یوم روزہ کے لئے معیار ہوگا۔

اور اگر لفظ یوم فعل غیر ممتد کے ساتھ مقارن ہو تو یوم سے مراد مطلق وقت ہوگا۔ جیسا کہ آیت میں یومئذ سے مراد مطلق وقت ہے۔ فعل غیر ممتد سے مراد یہ ہے کہ اس فعل میں وقت مدید کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ مطلق وقت اس کے لئے کافی ہے اور طلاق بھی فعل غیر ممتد کے قبیلہ سے ہے۔ لہٰذا یوم اتزوجک فانت طالق میں لفظ یوم رات و دن دونوں کو شامل ہوگا۔ رات و دن میں جب بھی نکاح کرے گا طلاق ہو جائے گی۔ البتہ اس کلام میں اگر مرد نے بالخصوص بیاض نہار کی نیت کی ہے تو قضاءً تصدیق کی جائے گی۔ کیونکہ اس شخص نے حقیقت کلام کی نیت کی ہے۔

زیادہ تفصیل اصول فقہ کی کتابوں میں ہے اس کا مطالعہ کر لیا جائے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## انا منك طالق میں نیت سے طلاق سے بھی طلاق واقع نہیں ہوتی

**فَصْلٌ وَمَنْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ اَنَا مِنْكِ طَالِقٌ فَلَيْسَ بِشَيْءٍ وَاِنْ نَوىٰ طَلَاقًا وَلَوْ قَالَ اَنَا مِنْكِ بَائِنٌ اَوْ عَلَيْكِ حَرَامٌ يَنْوِي الطَّلَاقَ فَهِيَ طَالِقٌ وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ يَقَعُ الطَّلَاقُ فِي الْوَجْهِ الْاَوَّلِ اَيْضاً اِذَا نَوىٰ لِاَنَّ مِلْكَ النِّكَاحِ مُشْتَرَكٌ بَيْنَ الزَّوْجَيْنِ حَتّٰى مَلَكَتِ الْمُطَالَبَةَ بِالْوَطْيِ كَمَا يَمْلِكُ هُوَ الْمُطَالَبَةَ بِالتَّمْكِيْنِ وَكَذَا الْحِلُّ مُشْتَرَكٌ بَيْنَهُمَا وَالطَّلَاقُ وُضِعَ لِاِزَالَتِهِمَا فَيَصِحُّ مُضَافًا اِلَيْهِ كَمَا يَصِحُّ مُضَافًا اِلَيْهَا كَمَا فِي الْاِبَانَةِ وَالتَّحْرِيْمِ وَلَنَا اَنَّ الطَّلَاقَ لِاِزَالَةِ الْقَيْدِ وَهُوَ فِيْهَا دُوْنَ الزَّوْجِ اَلَا تَرىٰ اَنَّهَا هِيَ الْمَمْنُوْعَةُ عَنِ التَّزَوُّجِ بِزَوْجٍ اٰخَرَ وَالْخُرُوْجِ وَلَوْ كَانَ لِاِزَالَةِ الْمِلْكِ فَهُوَ عَلَيْهَا لِاَنَّهَا مَمْلُوْكَةٌ وَالزَّوْجُ مَالِكٌ وَلِهٰذَا سُمِّيَتْ مَنْكُوْحَةً بِخِلَافِ الْاِبَانَةِ لِاَنَّهَا لِاِزَالَةِ الْوُصْلَةِ وَهِيَ مُشْتَرَكَةٌ وَبِخِلَافِ التَّحْرِيْمِ لِاَنَّهُ لِاِزَالَةِ الْحِلِّ وَهُوَ مُشْتَرَكٌ فَصَحَّتْ اِضَافَتُهُمَا اِلَيْهِمَا وَلَا تَصِحُّ اِضَافَةُ الطَّلَاقِ اِلَّا اِلَيْهَا.**

---

ترجمہ..... (یہ) فصل ہے۔ کسی نے اپنی بیوی سے کہا میں تجھ سے طالق ہوں تو یہ کچھ نہیں ہے اگر چہ طلاق کی نیت کی ہو۔ اور اگر کہا میں تجھ سے بائن ہوں یا تجھ پر حرام ہوں طلاق کی نیت کرتا ہے تو یہ طلاق والی ہوگی۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ طلاق واقع ہوگی پہلی صورت میں بھی جب کہ نیت کی ہو۔ کیونکہ ملک مشترک ہے میاں بیوی کے درمیان حتیٰ کہ وہ عورت وطی کے مطالبہ کی مالک ہے جیسا کہ شوہر قدرت علی الوطی پر مطالبہ کا مالک ہے اور ایسے ہی حلت ان دونوں کے درمیان مشترک ہے اور طلاق ان دونوں کو زائل کرنے کے لئے وضع کی گئی ہے۔ پس طلاق (شوہر) کی طرف منسوب ہو کر صحیح ہوگی۔ جیسا کہ عورت کی جانب منسوب ہو کر صحیح ہے جس طرح ابانت اور تحریم میں اور ہماری دلیل یہ ہے کہ طلاق قید کو زائل کرنے کے لئے ہے اور وہ (قید) عورت میں ہے نہ کہ شوہر میں۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ عورت کو زوج آخر کے ساتھ نکاح کرنے سے روکا جاتا ہے اور نکلنے سے۔ اور اگر طلاق ملک زائل کرنے کے لئے رہے تو ملک عورت پر ہے۔ کیونکہ عورت مملوکہ ہے اور شوہر مالک۔ اور اسی وجہ سے منکوحہ نام رکھا گیا بخلاف ابانت کے اس لئے کہ ابانت تعلق کو زائل کرنے کے لئے ہے اور تعلق مشترک ہے اور بخلاف تحریم کے۔ کیونکہ تحریم حلت کو زائل کرنے کے لئے ہے اور حلت مشترک ہے۔ لہٰذا ان دونوں کی نسبت زوجین کی طرف درست ہوگی۔ اور طلاق کی نسبت صحیح نہیں ہے مگر عورت کی طرف۔

تشریح..... یہ فصل عورتوں کی جانب طلاق منسوب کرنے کے بیان میں ہے۔ اور چونکہ اضافت طلاق الی النساء مخالف ہے اضافت طلاق الی

الرجال کے اس وجہ سے اس کو علیحدہ فصل میں بیان کیا ہے۔

صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ ایک مرد نے اپنی بیوی سے کہا انا منک طالق اور طلاق کی نیت بھی کی ہے تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور اگر انا منك بائن یا انا علیك حرام کہا اور طلاق کی نیت بھی ہے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر نیت کی ہے تو انا منک طالق سے بھی طلاق واقع ہو جائے گی۔

**امام شافعیؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ ملک نکاح زوجین کے درمیان مشترک ہے۔ چنانچہ عورت کو اپنے شوہر سے وطی کے مطالبہ کا اختیار ہے۔ جس طرح شوہر کو عورت سے قدرت علی الوطی کے مطالبہ کا اختیار ہے۔ اور اسی طرح دونوں کے درمیان حلت مشترک ہے۔ چنانچہ ان دونوں میں سے ہر ایک دوسرے کے لئے محل استمتاع ہے۔ اور ان دونوں میں سے ہر ایک کی موت سے نکاح منتہی ہو جاتا ہے۔ اور دونوں میں سے ہر ایک ناکح ہے۔ اور طلاق ملک نکاح اور حلت دونوں کو زائل کرنے کے لئے وضع کی گئی ہے۔ لہٰذا طلاق کو جس طرح عورت کی جانب منسوب کرنا درست ہے۔ اسی طرح شوہر کی جانب بھی منسوب کرنا درست ہے جیسا کہ ابانت اور تحریم دونوں کو زوجین میں سے ہر ایک کی طرف منسوب کرنا درست ہے۔

**ہماری دلیل** ...... یہ ہے کہ طلاق قیدِ نکاحی کو زائل کرنے کے لئے ہوتی ہے۔ اور قیدِ نکاحی عورت پر مرد کے لئے ہوتی ہے نہ کہ عورت کے لئے مرد پر۔ چنانچہ آپ دیکھئے کہ پابندی عورت پر ہے کہ وہ کسی دوسرے کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتی۔ اور گھر سے باہر نہیں جا سکتی۔ پس چونکہ قیدِ نکاحی صرف عورت پر ہے اس لئے اس کو زائل کرنے کے لئے طلاق عورت ہی کی جانب منسوب کی جا سکتی ہے نہ کہ مرد کی جانب۔ لہٰذا انا منک طالق کے ذریعہ مرد کی جانب طلاق کو منسوب کرنا درست نہیں ہوگا۔ اگرچہ نیت بھی پائی جائے۔ اور اگر یہ بھی تسلیم کر لیں کہ طلاق ازالہ ملک کے لئے ہے جیسا کہ امام شافعیؒ نے کہا ہے تب بھی امام شافعیؒ کا مذہب ثابت نہیں ہوگا۔ کیونکہ طلاق ملک نکاح زائل کرنے کے لئے ہے اور ملک صرف عورت پر ہوتی ہے نہ کہ مرد پر۔ چنانچہ مملوکہ عورت کو کہا جاتا ہے اور شوہر کو مالک کہا جاتا ہے اسی وجہ سے عورت کا نام منکوحہ رکھا گیا۔ نہ کہ ناکح۔ پس جب ملک عورت پر ہے تو طلاق بھی عورت پر واقع ہوگی نہ کہ عورت کی جانب سے مرد پر۔ زیادہ سے زیادہ امام شافعیؒ کی جانب سے یہ کہا جاتا ہے کہ جب ملک صرف عورت پر ہے نہ کہ مرد پر تو پھر عورت کو وطی کے مطالبہ کا حق کیوں دیا گیا ہے۔ ہم جواب دیں گے کہ عورت کے لئے حق مطالبہ صرف اس کا تقاضا کرتا ہے کہ شوہر مدیون ہے لیکن مدیون کے واسطے مملوک ہونا لازم نہیں آتا۔

بخلاف الابانة سے امام شافعیؒ کے قیاس کا جواب ہے جواب کا حاصل یہ ہے کہ ابانت کی نسبت جس طرح عورت کی طرف صحیح ہے اسی طرح مرد کی طرف بھی درست ہے کیونکہ ابانت کا لفظ تعلق اور جوڑ کو زائل کرنے کے لئے آتا ہے اور تعلق عورت و مرد دونوں کے درمیان مشترک ہے لہٰذا ابانت کو دونوں میں سے ہر ایک کی طرف منسوب کرنا درست ہے اور بخلاف انا علیک حرام کے۔ کیونکہ تحریم حلت کو زائل کرنے کے لئے آتا ہے۔ اور حلت دونوں کے درمیان مشترک ہے لہٰذا تحریم کو بھی دونوں جانب منسوب کرنا صحیح ہے۔ اور رہی طلاق سو وہ زوالِ قید کے لئے ہے اور قید صرف عورت پر ہوتی ہے نہ کہ مرد پر۔ اس وجہ سے طلاق کو صرف عورت کی جانب منسوب کیا جا سکتا ہے نہ کہ مرد کی جانب۔

## انت طالق واحدة او لا سے کچھ بھی واقع نہیں ہوگا

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً اَوْلَا فَلَيْسَ بِشَيْءٍ قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰكَذَا ذَكَرَ فِي الْجَامِعِ الصَّغِيْرِ مِنْ غَيْرِ خِلَافٍ وَ هٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ اَبِيْ يُوْسُفَ اٰخِرًا وَّ عَلٰى قَوْلِ مُحَمَّدٍ وَ هُوَ قَوْلُ اَبِيْ يُوْسُفَ اَوَّلًا تُطَلَّقُ وَاحِدَةً رَجْعِيَّةً ذِكْرُ قَوْلِ مُحَمَّدٍ فِيْ كِتَابِ الطَّلَاقِ فِيْمَا اِذَا قَالَ لِاِمْرَاَتِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً اَوْلَا شَيْءَ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ الْمَسْاَلَتَيْنِ وَلَوْ كَانَ الْمَذْكُوْرُ هٰهُنَا قَوْلَ الْكُلِّ فَعَنْ مُحَمَّدٍ رِوَايَتَانِ لَهٗ اَنَّهٗ اَدْخَلَ الشَّكَّ فِي الْوَاحِدَةِ لِدُخُوْلِ كَلِمَةِ**

اَوْ بَيْنَهَا وَ بَيْنَ النَّفْيِ فَيَسْقُطُ اِعْتِبَارُ الْوَاحِدَةِ وَيَبْقٰى قَوْلُهٗ اَنْتِ طَالِقٌ بِخِلَافِ قَوْلِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ اَوْلَا لِاَنَّهٗ اَدْخَلَ الشَّكَّ فِيْ اَصْلِ الْاِيْقَاعِ فَلَا يَقَعُ وَلَهُمَا اَنَّ الْوَصْفَ مَتٰى قُرِنَ بِالْعَدَدِ كَانَ الْوُقُوْعُ بِذِكْرِ الْعَدَدِ اَلَا تَرٰى اَنَّهٗ لَوْ قَالَ لِغَيْرِ الْمَدْخُوْلِ بِهَا اَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثًا تُطَلَّقُ ثَلٰثًا وَلَوْ كَانَ الْوُقُوْعُ بِالْوَصْفِ لَلَغٰى ذِكْرُ الثَّلٰثِ وَ هٰذَا لِاَنَّ الْوَاقِعَ فِي الْحَقِيْقَةِ اِنَّمَا هُوَ الْمَنْعُوْتُ الْمَحْذُوْفُ مَعْنَاهُ اَنْتِ طَالِقٌ تَطْلِيْقَةً وَاحِدَةً عَلٰى مَا مَرَّ وَاِذَا كَانَ الْوَاقِعُ مَا كَانَ الْعَدَدُ نَعْتًا لَهٗ كَانَ الشَّكُّ دَاخِلًا فِيْ اَصْلِ الْاِيْقَاعِ فَلَا يَقَعُ شَيْءٌ.

---

ترجمہ ..... اور اگر کہا انت طالق واحدة اولا تو کچھ نہیں۔ صاحب ہدایہؒ نے فرمایا کہ یوں ہی جامع صغیر میں بغیر اختلاف کے مذکور ہے۔ حالانکہ یہ قول ابوحنیفہؒ کا ہے اور ابو یوسفؒ کا دوسرا اور امام محمدؒ کا قول اور ابو یوسفؒ کا پہلا قول یہ ہے کہ ایک طلاق رجعی واقع ہو جائے گی۔ امام محمدؒ کا یہ قول (مبسوط) کی کتاب الطلاق میں اس صورت میں مذکور ہے کہ جب کسی نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق واحدة او لا شیء اور دونوں مسئلوں کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے اور یہاں مذکور کل کا قول ہے۔ تو امام محمدؒ سے دو روایتیں ہیں۔ امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ شک واحدة میں داخل کیا ہے۔ کیونکہ کلمہ ''او'' واحدة اور نفی کے درمیان داخل ہے لہٰذا واحدة کا اعتبار ساقط ہو جائے گا۔ اور اس کا قول انت طالق باقی رہ جائے گا۔ بخلاف اس کے قول انت طالق اولاً کے۔ کیونکہ شک اصل ایقاع میں داخل کیا ہے پس (طلاق) واقع نہیں ہوگی۔ اور شیخینؒ کی دلیل یہ ہے کہ وصف (طالق) جب عدد کے ساتھ ملا کر ذکر کیا جائے تو وقوع طلاق عدد سے ہوگا۔ کیا نہیں دیکھتا تو کہ اگر غیر مدخول بہا سے کہا انت طالق ثلاثا تو تین طلاق واقع ہوں گی۔ اور اگر وقوع وصف کے ساتھ ہوتا تو ثلاث کا ذکر لغو ہوتا اور یہ اس لئے کہ واقع درحقیقت وہ موصوف محذوف ہے۔ اس کے معنی ہیں انت طالق تطلیقة واحدة۔ چنانچہ بالتحقیق گذر چکا۔ اور جب واقع وہ ہے جس کی عدد نعت ہے تو شک اصل ایقاع میں داخل ہوا۔ پس کوئی (طلاق) واقع نہیں ہوگی۔

تشریح ..... (مسئلہ): اگر کسی نے اپنی منکوحہ سے انت طالق واحدة اولا کہا تو اس کلام کے ساتھ طلاق واقع نہیں ہوگی۔ صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ جامع صغیر میں یہ حکم بغیر اختلاف کے مذکور ہے حالانکہ ایسا نہیں بلکہ اختلاف ہے۔ کیونکہ یہ امام ابوحنیفہؒ کا قول ہے اور ابو یوسفؒ کا دوسرا قول ہے اور ابو یوسفؒ کا قول اول اور امام محمدؒ کا قول یہ ہے کہ اس کلام سے ایک طلاق رجعی واقع ہوگی اور اس پر دلیل کہ امام محمدؒ کے نزدیک ایک رجعی واقع ہو جائے گی۔ یہ ہے کہ مبسوط کی کتاب الطلاق میں امام محمدؒ کا قول اس صورت میں مذکور ہے کہ جب کسی نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق واحدة او لا شیء۔ تو اس صورت میں امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ایک طلاق رجعی واقع ہو جائے گی۔ پس جب اس مسئلہ میں امام محمدؒ کے نزدیک ایک رجعی واقع ہوگی۔ تو انت طالق واحدة او لا کی صورت میں بھی ایک رجعی واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ ان دونوں مسئلوں یعنی انت طالق واحدة او لا اور انت طالق واحدة او لا شیء میں کوئی فرق نہیں ہے اور اگر تسلیم کر لیا جائے کہ جامع صغیر میں جو مذکور ہے وہ کل کا قول ہے تو اس صورت میں ہم کہیں گے کہ امام محمدؒ سے دو روایتیں ہیں ایک یہ کہ مذکورہ مسئلہ انت طالق واحدة او لا میں کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دوسری روایت یہ کہ ایک رجعی واقع ہو جائے گی۔ پہلی روایت جامع صغیر میں ہے اور دوسری روایت مبسوط کی کتاب الطلاق میں مذکور ہے۔

**امام محمدؒ کی دلیل** ..... یہ ہے کہ انت طالق واحدة او لا میں واحدة اور نفی کے درمیان شک ہو گیا۔ پس شک کی وجہ سے واحدة کا اعتبار تو ساقط ہو گیا ہے اور انت طالق بسلامت باقی رہا۔ اور چونکہ انت طالق سے ایک طلاق رجعی واقع ہو جاتی ہے اس وجہ سے ایک طلاق رجعی واقع ہو جائے گی۔ برخلاف انت طالق او لا کے۔ کیونکہ یہاں اصل طلاق ہی میں شک ہے اور ایقاع طلاق میں اگر شک ہو جائے تو طلاق واقع نہیں ہوتی۔ لہٰذا اس صورت میں طلاق واقع نہیں ہوگی۔

شیخین کی دلیل...... یہ ہے کہ وصف یعنی طالق کو جب عدد کے ساتھ ملا کر ذکر کیا جائے (مثلاً کہا جائے انت طالق واحدۃ یا اثنتین یا ثلاثا) تو وقوع طلاق عدد کے ساتھ ہوگا نہ کہ صیغہ صفت کے ساتھ۔ چنانچہ اگر کسی نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی سے انت طالق ثلاثا کہا تو اس پر تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ اگر طلاق کا وقوع صیغہ صفت کے ساتھ ہوتا تو ثلاثا کا ذکر لغو ہوتا اور وقوع طلاق عدد کے ساتھ اس وجہ سے ہے کہ واقع ہونے والا درحقیقت وہ موصوف ہے جو محذوف ہے پس انت طالق واحدۃ کے معنیٰ ہیں انت طالق تطلیقۃً واحدۃً اور جب واقع ہونے والا وہ موصوف ہے جس کے لئے عدد صفت ہے تو اس صورت میں اصل ایقاع طلاق میں شک پیدا ہو گیا۔ اور اصل ایقاع میں شک پیدا ہونے سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔ اس وجہ سے یہاں طلاق واقع نہیں ہوگی۔

## انت طالق مع موتی یا انت طالق مع موتك سے بالاتفاق طلاق واقع نہیں ہوتی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ مَعَ مَوْتِیْ اَوْ مَعَ مَوْتِكِ فَلَیْسَ بِشَیْءٍ لِاَنَّهٗ اَضَافَ الطَّلَاقَ اِلیٰ حَالَةٍ مُنَافِیَةٍ لَهٗ لِاَنَّ مَوْتَهٗ یُنَافِی الْاَهْلِیَّةَ وَ مَوْتُهَا یُنَافِی الْمَحَلِّیَّةَ وَلَا بُدَّ مِنْهُمَا.

---

ترجمہ...... اور اگر کہا تو طلاق والی ہے میری موت کے بعد یا تیری موت کے بعد تو کچھ نہیں۔ کیونکہ طلاق کو ایسی حالت کی طرف منسوب کیا ہے جو منافی ہے طلاق کے۔ کیونکہ مرد کی موت اہلیت کے منافی ہے اور عورت کی موت محلیت طلاق کے منافی ہے حالانکہ ان دونوں کا ہونا ضروری ہے۔

تشریح...... (مسئلہ): اگر کسی نے انت طالق مع موتی یا انت طالق مع موتک کہا تو بالاتفاق طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل سے پہلے یہ ذہن نشین کر لیجئے کہ کلمہ مع اگر مصدر کے ساتھ ذکر کیا جائے تو وہ بعد کے معنیٰ میں ہوگا۔ جیسے انت طالق مع نکاحک یعنی بعد نکاحک۔

یہاں بھی موت مصدر ہے لہٰذا لفظ مع بعد کے معنیٰ میں ہوگا۔ یعنی انت طالق بعد موتی یا بعد موتک پس اب دلیل یہ ہوگی کہ طلاق ایسی حالت کی طرف منسوب کی گئی ہے جو حالت طلاق کے منافی ہے کیونکہ مرد کی موت اہلیتِ طلاق کے منافی ہے اور عورت کی موت محلیت طلاق کے منافی ہے۔ حالانکہ وقوع طلاق کے لئے اہلیت اور محلیت دونوں کا ہونا ضروری ہے۔

## شوہر بیوی کا یا کسی حصے کا مالک ہو جائے یا عورت شوہر کی مالک یا کسی حصے کی مالک ہو جائے فرقت واقع ہو جائے گی

وَاِذَا مَلَكَ الزَّوْجُ اِمْرَأَتَهٗ اَوْ شِقْصاً مِنْهَا اَوْ مَلَكَتِ الْمَرْأَةُ زَوْجَهَا اَوْ شِقْصاً مِنْهُ وَقَعَتِ الْفُرْقَةُ لِمُنَافَاةٍ بَیْنَ الْمِلْكَیْنِ اَمَّا مِلْكُهَا اِیَّاهُ فَلِاجْتِمَاعٍ بَیْنَ الْمَالِكِیَّةِ وَالْمَمْلُوْكِیَّةِ وَاَمَّا مِلْكُهٗ اِیَّاهَا فَلِاَنَّ مِلْكَ النِّكَاحِ ضُرُوْرِیٌّ وَلَا ضُرُوْرَةَ مَعَ قِیَامِ مِلْكِ الْیَمِیْنِ فَیَنْتَفِیْ وَلَوِ اشْتَرَاهَا ثُمَّ طَلَّقَهَا لَمْ یَقَعْ شَیْءٌ لِاَنَّ الطَّلَاقَ یَسْتَدْعِیْ قِیَامَ النِّكَاحِ وَلَابَقَاءَ لَهٗ مَعَ الْمُنَافِیْ لَامِنْ وَجْهٍ وَلَامِنْ كُلِّ وَجْهٍ وَكَذَا اِذَا مَلَكَتْهُ اَوْ شِقْصاً مِنْهُ لَا یَقَعُ الطَّلَاقُ لِمَا قُلْنَا مِنَ الْمُنَافَاةِ وَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَنَّهٗ یَقَعُ لِاَنَّ الْعِدَّةَ وَاجِبَةٌ بِخِلَافِ الْفَصْلِ الْاَوَّلِ لِاَنَّهٗ لَاعِدَّةَ هُنَالِكَ حَتّٰی حَلَّ وَطْیُهَا لَهٗ.

---

ترجمہ...... اور جب شوہر اپنی بیوی کا مالک ہو گیا یا اس کے ایک حصہ کا یا عورت اپنے شوہر کی مالک ہو گئی یا اس کے ایک حصہ کی تو فرقت واقع ہو جائے گی دونوں ملکوں کے درمیان منافات کی وجہ سے۔ بہرحال عورت کی ملک (اپنے) شوہر (پر) تو مالکیت اور مملوکیت کے درمیان اجتماع کی وجہ سے اور شوہر کی ملک (اپنی) بیوی (پر) تو اس لئے ہے کہ ملک نکاح ضرورۃً (ثابت) ہے اور ملک یمین کے موجود ہوتے ہوئے کوئی ضرورت

نہیں۔ پس (ملک نکاح) منتفی ہو جائے گی۔ اور اگر (شوہر) نے (اپنی بیوی باندی) کو خریدا پھر اس کو طلاق دی تو کچھ واقع نہیں ہوگا۔ کیونکہ طلاق تقاضا کرتی ہے قیام نکاح کا۔ اور منافی کے ہوتے ہوئے نکاح کے لئے کوئی بقاء نہیں ہے۔ نہ من وجہٍ اور نہ من کل وجہٍ۔ اور ایسے ہی جب عورت (اپنے شوہر) کی مالک ہوگئی یا اس کے ایک حصہ کی تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے کہا یعنی منافات۔ اور امام محمدؒ سے مروی ہے کہ واقع ہو جائے گی کیونکہ عدت واجب ہے بخلاف پہلی صورت کے۔ اس لئے کہ یہاں عدت نہیں ہے حتی کہ اس کے ساتھ شوہر کے لئے وطی کرنا حلال ہے۔

تشریح ..... (مسئلہ): اگر شوہر اپنی منکوحہ کا مالک ہو گیا خریدنے کی وجہ سے یا وراثت کی وجہ سے یا ہبہ اور صدقہ وغیرہ سے۔ یا اس کے کسی ایک حصہ کا مالک ہو گیا یا عورت اپنے شوہر کی مالک ہوگئی مذکورہ وجہوں میں سے کسی وجہ کے ذریعہ تو ان دونوں صورتوں میں دونوں کے درمیان فرقت واقع ہو جائے گی۔ یعنی دونوں کے درمیان نکاح مرتفع ہو جائے گا۔ کیونکہ ملک نکاح اور ملک یمین کے درمیان منافات ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ اگر عورت اپنے شوہر کی مالک ہوگئی تو مالکیت اور مملوکیت کا اجتماع ہو گیا۔ کیونکہ ملکِ نکاح تقاضا کرتا ہے کہ عورت مملوکہ ہو۔ اور ملک یمین کا تقاضا ہے کہ عورت مالک ہو اور ملکین کا اجتماع محال ہے۔ اس وجہ سے فرقت واقع ہو جائے گی۔ اور اگر شوہر اپنی بیوی کا مالک ہو گیا تو وجہ فرقت یہ ہے کہ ملکِ نکاح ضرورۃً ثابت ہے۔ کیونکہ ملکِ نکاح، اثباتِ ملک علی الحرۃ ہے اور اثباتِ ملک علی الحرۃ خلاف قیاس ہے اور جو چیز خلافِ قیاس ہوتی ہے وہ ضرورۃً ثابت ہوگی۔ پس معلوم ہوا کہ ملکِ نکاح کا ثبوت ضرورۃً ہے۔ اور ملک یمین کے ہوتے ہوئے کوئی ضرورت نہیں رہی۔ لہٰذا ملک یمین حاصل ہوتے ہی ملکِ نکاح زائل ہو جائے گی۔

اور اگر شوہر نے اپنی منکوحہ باندی کو خریدا پھر طلاق دی تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ طلاق تقاضا کرتی ہے بقاء نکاح کا اور منافی (ملک یمین) کے رہتے ہوئے نکاح کے لئے کوئی بقاء نہیں نہ من وجہ اور نہ من کل وجہ۔ من وجہ تو اس لئے نہیں کہ اس مشتراۃ باندی پر عدت واجب نہیں۔ اگر عدت واجب ہوتی تو نکاح من وجہٍ باقی رہتا اور من کل وجہ اس لئے نہیں کہ ملکِ نکاح زائل ہوگئی اور ایسے ہی طلاق واقع نہیں ہوگی جبکہ آزاد عورت اپنے شوہر کی مالک ہوگئی درآنحالیکہ وہ غلام ہے یا اس کے ایک حصہ کی مالک ہوگئی دلیلِ سابق کی وجہ سے یعنی مالکیت اور مملوکیت کے درمیان منافات کی وجہ سے۔

اور امام محمدؒ سے روایت ہے کہ صورتِ ثانیہ (جب عورت شوہر کی مالک ہوئی) میں اگر شوہر نے طلاق دیدی تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ اس صورت میں عورت پر عدت واجب ہے۔ اور چونکہ عدت میں نکاح من وجہ باقی رہتا ہے اس لئے اس پر طلاق واقع ہو جائے گی بخلاف مسئلہ اولیٰ کے، یعنی جب مرد نے اپنی منکوحہ باندی کو خریدا پھر اس کو طلاق دیدی تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ اس صورت میں اس پر عدت واجب نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس مالک شوہر کے لئے اس سے وطی کرنا حلال ہے۔ پس جب عدت واجب نہیں ہے تو نکاح من وجہٍ بھی باقی نہ رہا۔ واللہ اعلم۔

## اپنی بیوی، باندی سے کہا کہ تو دو طلاق والی ہے تیرے مولیٰ کے تجھ کو آزاد کرنے کے بعد آقا نے آزاد کر دیا تو زوج رجعت کا مالک ہوگا

وَاِنْ قَالَ لَهَا وَ هِیَ اَمَةٌ لِغَيْرِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ ثِنْتَيْنِ مَعَ عِتْقِ مَوْلَاكِ اِيَّاكِ فَاَعْتَقَهَا مَلَكَ الزَّوْجُ الرَّجْعَةَ لِاَنَّهٗ عَلَّقَ التَّطْلِيْقَ بِالْاِعْتَاقِ اَوِ الْعِتْقِ لِاَنَّ اللَّفْظَ يَنْتَظِمُهَا وَالشَّرْطُ مَايَكُوْنُ مَعْدُوْماً عَلٰى خَطَرِ الْوُجُوْدِ وَلِلْحُكْمِ تَعَلُّقٌ بِهٖ وَالْمَذْكُوْرُ بِهٰذِهِ الصِّفَةِ وَالْمُعَلَّقُ بِهِ التَّطْلِيْقُ لِاَنَّ فِی التَّعْلِيْقَاتِ يَصِيْرُ التَّصَرُّفُ تَطْلِيْقاً عِنْدَ الشَّرْطِ عِنْدَنَا وَاِذَا كَانَ التَّطْلِيْقُ مُعَلَّقًا بِالْاِعْتَاقِ اَوِ الْعِتْقِ يُوْجَدُ بَعْدَهٗ ثُمَّ الطَّلَاقُ يُوْجَدُ بَعْدَ التَّطْلِيْقِ فَيَكُوْنُ الطَّلَاقُ مُتَاخِراً عَنِ الْعِتْقِ فَيُصَادِفُهَا وَ هِیَ حُرَّةٌ فَلَا تَحْرُمُ حُرْمَةً غَلِيْظَةً بِالثِّنْتَيْنِ يَبْقٰى شَیْءٌ وَ هُوَ اَنَّ كَلِمَةَ مَعَ لِلْقِرَانِ قُلْنَا

قَدْ يُذْكَرُ لِلتَّاخُّرِ كَمَا فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالىٰ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا فَيُحْمَلُ عَلَيْهِ بِدَلِيْلِ مَا ذَكَرْنَا مِنْ مَعْنَى الشَّرْطِ.

---

ترجمہ......اور اگر (اپنی) بیوی سے کہا درآنحالیکہ وہ غیر کی باندی ہے تو دو طلاق والی ہے تیرے مولیٰ کے تجھ کو آزاد کرنے کے بعد پھر اس کو آزاد کر دیا تو زوج رجعت کا مالک ہوگا۔ کیونکہ تطلیق (طلاق دینا) کو آزاد کرنے یا آزاد ہونے پر معلق کیا ہے۔ اس لئے کہ لفظ دونوں کو شامل ہے۔ اور شرط وہ ہوتی ہے جو بالفعل معدوم ہو امکانِ وجود کے ساتھ اور حکم اس کے ساتھ متعلق ہو اور جو مذکور ہے وہ اسی صفت کے ساتھ ہے اور جس کو معلق کیا گیا ہے وہ تطلیق ہے۔ اس لئے کہ تعلیقات میں (قولی) تصرف شرط کے وقت تطلیق ہو جائے گا۔ ہمارے نزدیک اور جبکہ تطلیق معلق ہے اعتاق یا عتق پر تو تطلیق عتق کے بعد پائی جائے گی۔ پھر تطلیق کے بعد طلاق پائی جائے گی۔ پس طلاق عتق سے مؤخر ہوگی۔ لہٰذا طلاق عورت کو اس حال میں پائے گی کہ وہ حرۃ ہے۔ پس وہ دو طلاق سے بحرمت غلیظہ حرام نہ ہوگی۔ کچھ باقی رہ گیا۔ وہ یہ کہ کلمہ مع اتصال کے لئے ہے۔ ہم جواب دیں گے کہ کبھی تاخر کے لئے ذکر کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ باری تعالیٰ کے قول ان مع العسر یسرا ...... الآیۃ میں۔ بلاشبہ تنگی کے بعد آسانی ہے بلاشبہ تنگی کے بعد آسانی ہے۔ پس (لفظ مع کو) بعد پر محمول کیا جائے گا۔ دلیل ماذکرنا کی وجہ سے یعنی معنی شرط۔

تشریح......صورت مسئلہ: ایک شخص نے اپنی منکوحہ سے جو غیر کی باندی ہے کہا انت طالق ثنتین مع عتق مولاک ایاک۔ پھر مولیٰ نے اس کو آزاد کر دیا تو اس صورت میں اس عورت پر دو طلاق رجعی واقع ہوں گی۔ حرمت غلیظہ ثابت نہیں ہوگی۔

یہاں چند چیزیں قابلِ ذکر ہیں:

۱) تعلیق کے معنی، ۲) تعلیق تطلیق نہ کہ تعلیق طلاق، ۳) تعلیق اعتاق یا عتق پر ہے۔

مصنفؒ نے اول کو والشرط ما یکون سے بیان فرمایا ہے۔ حاصل یہ کہ تعلیق کہتے ہیں ایک شئی کو دوسری شئی پر معلق کرنا جس کو معلق کیا گیا ہے وہ مشروط کہلائے گا۔ اور جس پر معلق کیا جائے اس کو شرط کہتے ہیں۔ اور شرط اس کو کہتے ہیں جو بالفعل معدوم ہو اور وجود کا امکان ہو اور حکم اس کے ساتھ متعلق ہو سکتا ہو۔ اور یہاں مع عتق مولاك ایاك میں یہ معنی پائے جاتے ہیں۔ کیونکہ اعتاقِ مولیٰ بالفعل معدوم ہے۔ البتہ وجود کا امکان ہے۔ اور حکم یعنی طلاق اس کے ساتھ متعلق بھی ہو سکتا ہے۔ پس یہاں عتق شرط ہوگا۔ اور وقوعِ طلاق مشروط۔ دوسری چیز کہ عتق پر تطلیق کو معلق کیا گیا ہے نہ کہ طلاق کو۔ کیونکہ انسان کا تصرف اسی چیز میں نافذ کیا جاتا ہے جس کا وہ مالک ہو اور جس کا مالک نہ ہو اس میں اس کا تصرف نافذ نہیں کیا جاتا۔ اور انسان تطلیق (طلاق دینا) کا مالک ہے۔ نہ کہ طلاق کا۔ اس لئے کہ وقوعِ طلاق امر شرعی ہے جو اس کی قدرت میں نہیں۔ لہٰذا شوہر کی طرف سے تطلیق معلق ہوگی۔ جس کا وہ مالک ہے نہ کہ طلاق۔ اسی کو صاحب ہدایہؒ نے بیان فرمایا کہ عتق پر جس کو معلق کیا گیا ہے وہ تطلیق ہے نہ کہ طلاق۔ کیونکہ تعلیقات میں قولی تصرف ہمارے نزدیک تطلیق ہو جائے گا۔ وجودِ شرط کے وقت تفصیل اس کی یہ ہے کہ جب کسی نے شرط پر معلق کیا تو یہ طلاق وجودِ شرط کے وقت تطلیق ہو جائے گی۔ کیونکہ ہمارے نزدیک شرط مانع علت اور مانع حکم دونوں ہے۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک شرط صرف مانع حکم ہے یعنی وجودِ شرط کے وقت۔ گویا شوہر نے طلاق دی اور اس کا تکلم کیا پھر طلاق واقع ہوئی۔ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ طلاق دینا تو تکلم کے وقت پایا گیا۔ اب وجودِ شرط کے وقت صرف حکم یعنی وقوعِ طلاق موجود ہے۔ اور مالہٗ ماعلیہ کے ساتھ یہ مسئلہ اصول فقہ کی کتابوں میں مذکور ہے وہاں دیکھ لیا جائے۔

تیسری چیز یعنی تطلیق کو اعتاق یا عتق پر معلق کرنا۔ اس لئے ہے کہ لفظ مع عتق مولاک دونوں کو شامل ہے۔

اس تفصیل کے بعد دلیل کا خلاصہ یہ ہوگا کہ شوہر نے تطلیق کو معلق کیا ہے عتق پر تو عتق شرط اور تطلیق جزاء ہوئی۔ اور چونکہ جزاء شرط کے بعد

پائی جاتی ہے۔اس لئے عتق پہلے ہوگا اور تطلیق اس کے بعد اور طلاق تطلیق کے بعد ہوگی۔ کیونکہ طلاق حکم ہے تطلیق کا اور حکم شئی شئی کے بعد ہوا کرتا ہے۔ پس نتیجہ یہ نکلا کہ طلاق آزادی کے بعد واقع ہوئی ہے۔اور چونکہ آزاد عورت دو طلاقوں سے حرام بحرمتِ غلیظہ نہیں ہوتی۔اس لئے یہاں بھی شوہر کو دو طلاقوں کے بعد رجعت کا اختیار حاصل ہوگا۔

**یبقی شیٔ** ...... سے ایک اشکال ہے وہ یہ کہ ابھی کچھ بات باقی ہے۔بات یہ ہے کہ عبارت میں کلمہ مع ذکر کیا گیا ہے۔اور کلمہ مع اتصال کے لئے آتا ہے۔تو مطلب یہ ہوا کہ طلاق اور عتق دونوں ساتھ ساتھ ہیں نہ کہ یکے بعد دیگرے۔

**جواب:** ......ماقبل میں یہ قاعدہ گذر چکا ہے کہ کلمہ مع اگر مصدر کے ساتھ ملا کر ذکر کیا جائے تو لفظ مع تاخر اور بعد کے معنی میں آتا ہے جیسے ان مع العسر یسراً میں عسر مصدر ہے اس کے ساتھ کلمہ مع کے معنی بعد کے ہوں گے۔یعنی عسر کے بعد یسر ہے۔یہ معنی صحیح ہیں ورنہ عسر ویسر ضدین کا جمع ہونا لازم آئے گا۔ جو محال ہے۔پس عبارت میں بھی چونکہ عتق مصدر کے ساتھ مذکور ہے۔اس لئے بعد کے معنی پر محمول کیا جائے گا۔

## کسی نے اپنی بیوی باندی سے کہا تو کل دو طلاق والی ہے اور اس کے آقا نے کہا تو کل آزاد ہے کل آگئی تو باندی پر دو طلاقیں مغلظہ واقع ہوں گی بغیر حلالہ نکاح درست نہیں

**وَلَوْ قَالَ اِذَاجَاءَ غَدٌ فَاَنْتِ طَالِقٌ ثِنْتَيْنِ وَقَالَ الْمَوْلٰى اِذَا جَاءَ غَدٌ فَاَنْتِ حُرَّةٌ فَجَاءَ الْغَدُ لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَعِدَّتُهَا ثَلٰثُ حِيَضٍ وَ هٰذَا عند ابي حَنِيْفَةَ وَابي يوسفَ وَ قَالَ مُحَمَّدٌ زَوْجُهَا يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ لِاَنَّ الزَّوْجَ قَرَنَ الْاِيْقَاعَ بِاِعْتَاقِ الْمَوْلٰى حَيْثُ عَلَّقَهُ بِالشَّرْطِ الَّذِىْ عَلَّقَ بِهِ الْمَوْلَى الْعِتْقَ وَاِنَّمَا يَنْعَقِدُ الْمُعَلَّقُ سَبَبًا عِنْدَ الشَّرْطِ وَالْعِتْقُ يُقَارِنُ الْاِعْتَاقَ لِاَنَّهُ عِلَّتُهُ اَصْلُهُ الْاِسْتِطَاعَةُ مَعَ الْفِعْلِ فَيَكُوْنُ التَّطْلِيْقُ مُقَارِناً لِلْعِتْقِ ضَرُوْرَةً فَتَطْلُقُ بَعْدَ الْعِتْقِ فَصَارَ كَالْمَسْاَلَةِ الْاُوْلٰى وَلِهٰذَا يُقَدَّرُ عِدَّتُهَا بِثَلٰثِ حِيَضٍ وَ لَهُمَا اَنَّهُ عَلَّقَ الطَّلَاقَ بِمَا عَلَّقَ بِهِ الْمَوْلَى الْعِتْقَ ثُمَّ الْعِتْقُ يُصَادِفُهَا وَ هِىَ اَمَةٌ فَكَذَا الطَّلَاقُ وَ الطَّلْقَتَانِ تُحَرِّمَانِ الْاَمَةَ حُرْمَةً غَلِيْظَةً بِخِلَافِ الْمَسْاَلَةِ الْاُوْلٰى لِاَنَّهُ عَلَّقَ التَّطْلِيْقَ بِاِعْتَاقِ الْمَوْلٰى فَيَقَعُ الطَّلَاقُ بَعْدَ الْعِتْقِ عَلٰى مَا قَرَّرْنَاهُ وَبِخِلَافِ الْعِدَّةِ لِاَنَّهُ يُوْخَذُ فِيْهَا بِالْاِحْتِيَاطِ وَ كَذَا الْحُرْمَةُ الْغَلِيْظَةُ يُوْخَذُ فِيْهَا بِالْاِحْتِيَاطِ. وَلَا وَجْهَ اِلٰى مَا قَالَ لِاَنَّ الْعِتْقَ لَوْ كَانَ يُقَارِنُ الْاِعْتَاقَ لِاَنَّهُ عِلَّتُهُ فَالطَّلَاقُ يُقَارِنُ التَّطْلِيْقَ لِاَنَّهُ عِلَّتُهُ فَيَقْتَرِنَانِ.**

---

ترجمہ......اور اگر (شوہر نے اپنی بیوی سے جو غیر کی باندی ہے) کہا جب کل کا روز آئے تو تو دو طلاق والی ہے۔اور مولیٰ نے کہا جب کل کا دن آئے تو تو آزاد ہے۔ پس کل کا دن آ گیا تو وہ اس شوہر کو حلال نہیں، یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے۔اور اس کی عدت تین حیض ہیں۔ اور یہ ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک ہے۔اور امام محمدؒ نے کہا کہ اس کا شوہر رجعت کا مالک ہوگا۔ کیونکہ شوہر نے (طلاق) واقع کرنے کو مولیٰ کے آزاد کرنے کے ساتھ ملا دیا۔اس لئے کہ ایقاع کو اس شرط پر معلق کیا ہے۔جس پر مولیٰ نے آزادی کو معلق کیا۔اور معلق شرط کے وقت سبب ہو کر منعقد ہوگا۔اور آزاد ہونا مقارن ہے آزاد کرنیکے۔ کیونکہ آزاد کرنا آزاد ہونے کی علت ہے اور اس کی اصل یہ ہے کہ استطاعت مع الفعل ہوتی ہے پس طلاق دینا عتق کے مقارن ہوگا۔لہٰذا عتق کے بعد طلاق واقع ہوگی۔ پس مسئلہ اولیٰ کے مانند ہو گیا۔اور اسی وجہ سے اس کی عدت کا اندازہ لگایا جائے گا۔ تین حیض کے ساتھ اور شیخینؒ کی دلیل یہ ہے کہ طلاق کو اس چیز پر معلق کیا ہے جس پر مولیٰ نے عتق کو معلق کیا ہے۔ پھر عتق اس عورت کو پالے گا۔ درآنحالیکہ وہ باندی ہے پس ایسے ہی طلاق اور دو طلاقیں باندی کو بحرمتِ غلیظہ حرام کر دیتی ہیں۔ بخلاف پہلے مسئلہ کے۔ کیونکہ تطلیق کو

اعتاق مولیٰ پر معلق کیا ہے۔ پس طلاق عتق کے بعد واقع ہوگی۔ اسی تفصیل پر جو ہم ثابت کر چکے ہیں۔ بخلاف عدت کے، کیونکہ عدت میں احتیاط کو لیا جاتا ہے۔ اور حرمتِ غلیظہ اس میں بھی احتیاط کو اختیار کیا جائے گا۔ اور اس کی کوئی وجہ نہیں جو امام محمدؒ نے کہا۔ اس لئے کہ عتق اگر مقارن ہے اعتاق کے کیونکہ اعتاق عتق کی علت ہے تو طلاق مقارن ہے تطلیق کے۔ کیونکہ تطلیق طلاق کی علت ہے۔ لہٰذا دونوں مقترن ہوں گے۔

**تشریح** ...... صورت مسئلہ! اگر شوہر نے اپنی بیوی سے جو باندی ہے کسی دوسرے کی کہا اذا جاء غد فانت طالق ثنتین اور مولیٰ نے کہا اذا جاء غد فانت حرۃ۔ پھر کل کا دن آ گیا تو اس باندی پر دو طلاقیں مغلظہ واقع ہوں گی۔ بغیر حلالہ کے اس کے ساتھ دوسری مرتبہ نکاح درست نہیں ہوگا۔ اور اس کی عدت تین حیض ہوں گے۔ یہ مذہب ہے شیخینؒ کا۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا دو طلاقیں رجعی ہوں گی۔ شوہر کو رجعت کا اختیار ہوگا۔ کتاب میں امام محمدؒ کی جانب سے جو دلیل بیان کی گئی ہے وہ صحیح نہیں۔ جیسا کہ ابھی معلوم ہو جائے گا۔ لیکن خادم بھی مصنفؒ کی اتباع میں اس کی توضیح کر رہا ہے۔

دلیل کا حاصل یہ ہے کہ شوہر نے ایقاع طلاق کو اعتاقِ مولیٰ کے ساتھ ملا کر ذکر کیا ہے چنانچہ ایقاعِ طلاق کو اس شرط پر معلق کیا ہے جس پر مولیٰ نے اعتاق کو معلق کیا ہے۔ یعنی مجی غد۔ اور جس کو معلق کیا گیا ہے وہ شرط کے وقت سبب ہو کر منعقد ہوتا ہے۔ اور عتق مقارن ہے اعتاق کے۔ کیونکہ اعتاق عتق کی علت ہے۔ اور علت کی اصل قدرت مع الفعل ہے۔ یعنی بندہ سے فعل کا صدور اسی وقت ہوگا جبکہ اس کی قدرت ہو۔ پس معلوم ہوا کہ اس فعل کی قدرت تھی۔ اور قدرت ہی فعل کی علت ہے تو ثابت ہو گیا کہ علت فعل سے جدا نہیں ہوتی بلکہ فعل کے ساتھ ہوتی ہے۔ صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ چونکہ تطلیق اور اعتاق دونوں کے لئے ایک شرط ہے۔ اس وجہ سے تطلیق مقارن ہوگی اعتاق کے اور اعتاق مقارن ہے عتق کے اور مقارن کا مقارن، مقارن ہوتا ہے۔ لہٰذا تطلیق مقارن ہوگی عتق کے۔ اور طلاق چونکہ تطلیق کا حکم ہے۔ اس وجہ سے طلاق تطلیق کے بعد ہوگی۔ اور تطلیق اور عتق دونوں مقارن ہیں اس وجہ سے طلاق عتق کے بھی بعد واقع ہوگی۔ پس یہ مسئلہ پہلے مسئلہ کے مانند ہو گیا کہ جس طرح وہاں دو طلاقیں آزاد ہونے کی حالت میں واقع ہوئی تھیں۔ اسی طرح یہاں بھی دو طلاقیں آزاد ہونے کے بعد واقع ہوں گی۔ اور آزاد عورت دو طلاقوں سے مغلظہ بائنہ نہیں ہوتی۔ لہٰذا یہ بھی نہیں ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ شیخینؒ بھی اس عورت کی عدت تین حیض قرار دیتے ہیں۔

**امام محمدؒ کی دلیل** ...... میں فتطلق بعد العتق غلط ہے کیونکہ جس طرح اعتاق علت ہے عتق کی اسی طرح تطلیق علت ہے طلاق کی۔ پس جب تطلیق عتق کے مقارن ہے تو طلاق بھی عتق کے مقارن ہوگی۔ لہٰذا وقوع طلاق اور وقوع عتق دونوں ...... ساتھ ساتھ ہیں۔ اور وقوع عتق باندی ہونے کی حالت میں ہوا ہے۔ لہٰذا وقوع طلاق بھی باندی ہونے کی حالت میں ہوگا اور باندی کے لئے دو طلاقیں حرمتِ غلیظہ ثابت کر دیتی ہیں۔ پس امام محمدؒ کا اس دلیل کی روشنی میں طلاق رجعی کا قائل ہونا درست نہیں ہے۔

صاحبِ فتح القدیر نے امام محمدؒ کی دلیل یہ ذکر کی ہے کہ مولیٰ کا قول انت حرۃ اور شوہر کا قول انت طالق ثنتین دونوں مجی غد پر معلق ہیں۔ لہٰذا اعتاق اور تطلیق دونوں ..... ایک زمانے میں پائے جائیں گے اور چونکہ انت حرۃ اوجز ہے (مختصر) انت طالق ثنتین کے مقابلہ میں۔ لہٰذا وجود میں اوجز مقدم ہوگا یعنی انت حرۃ اور انت طالق ثنتین مؤخر ہوگا۔ تو گویا دو طلاقیں آزاد ہونے کے بعد واقع ہوئیں۔ اور آزاد ہونے کے بعد دو طلاق سے حرمت غلیظہ ثابت نہیں ہوتی ہے۔ اس وجہ سے امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ اس صورت میں دو طلاق رجعی ہوں گی۔

**شیخینؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ جس پر مولیٰ نے عتق کو معلق کیا ہے اسی پر شوہر نے طلاق کو معلق کیا ہے اور عتق باندی ہونے کی حالت میں واقع ہوتا ہے لہٰذا طلاق بھی باندی ہونے کی حالت میں واقع ہوگی۔ اور دو طلاقیں باندی پر حرمت غلیظہ ثابت کر دیتی ہیں۔ اس وجہ سے اس مسئلہ میں اس باندی کے لئے دو طلاقیں حرمتِ غلیظہ ثابت کر دیں گی۔

برخلاف پہلے مسئلہ کے کیونکہ اس میں تطلیق کو اعتاقِ مولیٰ پر معلق کیا گیا ہے۔ تو گویا اعتاق شرط اور تطلیق جزاء ہے۔ اور جزاء شرط کے بعد واقع ہوتی ہے۔ لہٰذا یہاں طلاق عتق کے بعد واقع ہوگی۔ اور برخلاف عدت کے کیونکہ عدت میں احتیاط پر عمل کیا جاتا ہے اور احتیاط تین حیض واجب

کرنے میں ہے نہ کہ دو حیض۔ اور حرمت غلیظہ میں بھی احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ یہ عورت دو طلاقوں سے حرام بحرمت غلیظہ ہو جائے۔

**اور امام محمدؒ کی دلیل کا جواب**...... دیتے ہوئے فرمایا کہ اگر عتق مقارن ہے اعتاق کے کیونکہ اعتاق عتق کی علت ہے تو طلاق مقارن ہے تطلیق کے۔ اس لئے کہ تطلیق طلاق کی علت ہے۔ لہٰذا طلاق اور عتق دونوں میں اتصال ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

# فصل فی تشبیه الطلاق ووصفه

(یہ) فصل طلاق کو تشبیہ دینے اور اس کا وصف بیان کرنے کے (بیان) میں ہے

## انت طالق هكذا کہہ کر انگوٹھے، سبابہ اور وسطی سے اشارہ کیا تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی

وَمَنْ قَالَ لِإِمْرَأَتِهِ اَنْتِ طَالِقٌ هٰكَذَا يُشِيْرُ بِالْإِبْهَامِ وَالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى فَهِيَ ثَلٰثٌ لِاَنَّ الْإِشَارَةَ بِالْاَصَابِعِ تُفِيْدُ الْعِلْمَ بِالْعَدَدِ فِيْ مَجْرَى الْعَادَةِ اِذَا اقْتَرَنَتْ بِالْعَدَدِ الْمُبْهَمِ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَلشَّهْرُ هٰكَذَا وَ هٰكَذَا وَ هٰكَذَا اَلْحَدِيْثُ وَ اِنْ اَشَارَ بِوَاحِدَةٍ فَهِيَ وَاحِدَةٌ وَاِنْ اَشَارَ بِالثِّنْتَيْنِ فَهِيَ ثِنْتَانِ لِمَا قُلْنَا وَالْإِشَارَةُ تَقَعُ بِالْمَنْشُوْرَةِ مِنْهَا وَ قِيْلَ اِذَا اَشَارَ بِظُهُوْرِهَا فَبِالْمَضْمُوْمَةِ مِنْهَا وَاِذَا كَانَ تَقَعُ الْإِشَارَةُ بِالْمَنْشُوْرَةِ مِنْهَا فَلَوْ نَوَى الْإِشَارَةَ بِالْمَضْمُوْمَتَيْنِ يُصَدَّقُ دِيَانَةً لَاقَضَاءً وَكَذَا اِذَا نَوَى الْإِشَارَةَ بِالْكَفِّ حَتّٰى يَقَعَ فِي الْاُوْلٰى ثِنْتَانِ دِيَانَةً وَ فِي الثَّانِيَةِ وَاحِدَةٌ لِاَنَّهُ يَحْتَمِلُهُ لٰكِنَّهُ خِلَافُ الظَّاهِرِ وَلَوْ لَمْ يَقُلْ هٰكَذَا يَقَعُ وَاحِدَةٌ لِاَنَّهُ لَمْ تَقْتَرِنْ بِالْعَدَدِ الْمُبْهَمِ فَبَقِيَ الْاِعْتِبَارُ لِقَوْلِهِ اَنْتِ طَالِقٌ.

ترجمہ......اور جس شخص نے اپنی منکوحہ سے کہا تو اتنی طلاق والی ہے اشارہ کرتا ہے انگوٹھے، شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی سے تو یہ تین (طلاق) ہیں۔ کیونکہ انگلیوں سے اشارہ عادۃً عدد کے جاننے کا فائدہ دیتا ہے۔ جبکہ اشارہ عدد مبہم کے ساتھ متصل ہو۔ حضور ﷺ نے فرمایا مہینہ اتنا ہے اور اتنا ہے اور اتنا ہے۔ الحدیث۔ اور اگر اشارہ کیا ایک (انگلی) سے تو ایک (طلاق) ہے اور اگر اشارہ کیا دو (انگلیوں) سے تو دو (طلاق) ہیں۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے کہا۔ اور اشارہ کھلی ہوئی انگلیوں سے واقع ہوتا ہے۔ اور کہا گیا کہ جب اشارہ کیا انگلیوں کی پشت کے ساتھ تو بند انگلیوں سے (اشارہ واقع ہوگا) اور جب اشارہ کھلی ہوئی انگلیوں سے واقع ہو۔ پس اگر نیت کی اشارہ کی دو بند (انگلیوں) سے تو دیانۃً تصدیق کی جائے گی، نہ کہ قضاءً اور ایسے ہی (تصدیق کی جائے گی) جب نیت کی ہو اشارہ کی ہتھیلی سے۔ یہاں تک کہ پہلی (صورت) میں دو (واقع ہوں گی) اور دوسری (صورت) میں ایک (واقع ہوگی) کیونکہ وہ اس کا احتمال رکھتا ہے لیکن خلاف ظاہر ہے۔ اور اگر نہیں کہا ھکذا (اتنا) تو ایک واقع ہوگی کیونکہ عدد مبہم کے ساتھ متصل نہیں۔ پس اس کے قول انت طالق کا اعتبار باقی رہ گیا۔

تشریح......اگر کسی نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق ھکذا اور انگوٹھے، شہادت کی انگلی اور درمیان کی انگلی کے ساتھ اشارۃً کرتا ہے تو اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہوں گی، دلیل یہ ہے کہ جب اشارہ عدد مبہم کے ساتھ متصل ہو تو عادۃً انگلیوں سے اشارہ کرنا علم بالعدد کا فائدہ دیتا ہے اور عدد جاننے کے لئے انگلیوں سے اشارہ کافی ہے اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ نے یہ بتلانے کے لئے کہ مہینہ ۲۹ کا بھی ہوتا ہے فرمایا الشھر ھکذا، وھکذا، وھکذا۔ پہلی دو صورتوں میں دونوں ہاتھوں کی تمام انگلیوں سے اشارہ فرمایا۔ اور تیسری مرتبہ میں ایک ہاتھ کے انگوٹھے کو بند کر لیا۔

اور اگر ھٰکذا کہہ کر ایک انگلی سے اشارہ کیا تو ایک واقع ہوگی اور اگر دو سے اشارہ کیا دو واقع ہو جائیں گی۔ سابقہ دلیل کی وجہ سے۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ طلاق کے عدد میں کھلی ہوئی انگلیوں کا اعتبار ہے۔

اور بعض حضرات کی رائے ہے کہ جب انگلیوں کی پشت سے اشارہ کیا تو عددِ طلاق میں بند انگلیوں کا اعتبار ہوگا۔ فرماتے ہیں کہ جس صورت میں کھلی ہوئی تین انگلیوں سے اشارہ واقع ہوگا۔ اگر اس صورت میں دو بند انگلیوں سے اشارہ کی نیت کر لی یا ہتھیلی سے اشارہ کی نیت کر لی تو دیانۃً تصدیق کی جائے گی نہ کہ قضاءً۔ چنانچہ پہلی صورت میں دیانۃً دو واقع ہوں گی۔ اور دوسری صورت میں ایک واقع ہوگی، کیونکہ کلام بند انگلیوں سے اشارہ کا اور ہتھیلی سے اشارہ کا احتمال رکھتا ہے لیکن خلاف ظاہر ہے اور یہ پہلے گذر چکا کہ اگر کلام خلاف ظاہر کا احتمال رکھتا ہو تو دیانۃً معتبر ہوگا قضاءً نہیں۔

اور اگر انت طالق کے بعد ھٰکذا نہیں کہا اور تین انگلیوں سے اشارہ موجود ہے تو ایک ہی واقع ہوگی۔ کیونکہ اشارہ عددِ مبہم کے ساتھ متصل نہیں ہے۔ پس صرف انت طالق کا اعتبار باقی رہ گیا اور اس سے ایک رجعی واقع ہوتی ہے۔ اس لئے ہم نے کہا کہ اس صورت میں ایک واقع ہوگی۔

## طلاق کو شدت یا زیارت کے وصف کے ساتھ متصف کیا تو کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

وَاِذَا وَصَفَ الطَّلَاقَ بِضَرْبٍ مِنَ الزِّيَادَةِ وَالشِّدَّةِ كَانَ بَائِناً مِثْلُ اَنْ يَّقُوْلَ اَنْتِ طَالِقٌ بَائِنٌ اَوْ اَلْبَتَّةَ وَقَالَ الشَّافِعِيُّ يَقَعُ رَجْعِياً اِذَا كَانَ بَعْدَ الدُّخُوْلِ لِاَنَّ الطَّلَاقَ شُرِعَ مُعَقِّباً لِلرَّجْعَةِ فَكَانَ وَصْفُهُ بِالْبَيْنُوْنَةِ خِلَافَ الْمَشْرُوْعِ فَيَلْغُوْ كَمَا اِذَا قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ عَلٰى اَنْ لَا رَجْعَةَ لِيْ عَلَيْكِ وَلَنَا اَنَّهٗ وَصَفَهٗ بِمَا يَحْتَمِلُهٗ لَفْظُهٗ اَلَا تَرٰى اَنَّ الْبَيْنُوْنَةَ قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَ بَعْدَ الْعِدَّةِ تَحْصِلُ بِهٖ فَيَكُوْنُ هٰذَا الْوَصْفُ لِتَعْيِيْنِ اَحَدِ الْمُحْتَمِلَيْنِ وَ مَسْاَلَةُ الرَّجْعَةِ مَمْنُوْعَةٌ فَتَقَعُ وَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ اِذَا لَمْ تَكُنْ لَهٗ نِيَّةٌ اَوْ نَوَى الثِّنْتَيْنِ اَمَّا اِذَا نَوَى الثَّلٰثَ فَثَلٰثٌ لِمَا مَرَّ مِنْ قَبْلُ وَلَوْ عَنٰى بِقَوْلِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً وَ بِقَوْلِهٖ بَائِنٌ اَوْ اَلْبَتَّةَ اُخْرٰى يَقَعُ تَطْلِيْقَتَانِ بَائِنَتَانِ لِاَنَّ هٰذَا الْوَصْفَ يَصْلُحُ لِابْتِدَاءِ الْاِيْقَاعِ.

---

ترجمہ ...... اور جب طلاق کو وصف زیادت اور شدت کے ساتھ متصف کیا تو بائن ہوگی مثلاً کہا انت طالق بائن یا البتۃ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ رجعی واقع ہوگی جبکہ دخول کے بعد ہو۔ کیونکہ طلاق اس حال میں مشروع کی گئی ہے کہ اس کے بعد رجعت ہو۔ پس اس کا وصف بینونت خلافِ مشروع ہوگا۔ لہٰذا لغو ہوگا۔ جیسا کہ جب کہا کہ تجھ کو طلاق ہے اس شرط پر کہ مجھ کو تجھ پر رجعت (کا حق) نہیں۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ طلاق کو موصوف کیا اس وصف کے ساتھ جس کا لفظ طلاق احتمال رکھتا ہے۔ کیا نہیں دیکھتا تو کہ بینونت دخول سے پہلے اور عدت کے بعد لفظ تطلیق سے حاصل ہو جاتی ہے۔ پس یہ وصف دو احتمالات میں سے ایک کو متعین کرنے کے لئے ہوگا۔ اور رجعت کا مسئلہ تسلیم نہیں ہے۔ پس اگر کوئی نیت نہیں کی یا دو کی نیت کی ہے تو ایک بائنہ واقع ہوگی اور جب تین کی نیت کی ہو تو تین واقع ہونگی سابقہ دلیل کی وجہ سے اور اگر انت طالق سے ایک کی نیت کی اور بائن یا البتۃ سے دوسری کی تو دو بائنہ واقع ہوں گی۔ کیونکہ یہ وصف ابتداء (طلاق) واقع کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

تشریح ...... مسئلہ ...... اگر طلاق کو شدت یا زیادت کے وصف کے ساتھ متصف کر دیا۔ مثلاً انت طالق بائن یا انت طالق البتۃ کہا تو اس صورت میں طلاق بائن واقع ہوگی۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر دخول کے بعد ہے تو طلاق رجعی واقع ہوگی۔

امام شافعیؒ کی دلیل ...... یہ ہے کہ صریح الطلاق اس حال میں مشروع کی گئی ہے کہ اس کے بعد رجعت ہوگی۔ لہٰذا طلاق صریحی کو وصفِ بینونت کے ساتھ متصف کرنا خلاف مشروع ہوگا۔ اور جو چیز خلاف مشروع ہوتی ہے وہ لغو قرار دی جائے گی۔ اس لئے امام شافعیؒ کے نزدیک یہ وصف لغو

ہوگا اور یہ ایسا ہے جیسے کسی نے اپنی منکوحہ سے کہا انت طالق علی ان لا رجعة ..... لی علیك۔ پس جس طرح اس صورت میں طلاق رجعی ہوتی ہے اسی طرح انت طالق بائن میں بھی طلاق رجعی ہوگی۔

**ہماری دلیل** ..... یہ ہے کہ طلاق کو ایسی چیز کے ساتھ متصف کیا گیا ہے جس کا لفظ طلاق احتمال رکھتا ہے حاصل یہ کہ انت طالق میں بینونت کا احتمال موجود ہے۔ چنانچہ آپ غور کریں کہ اگر دخول سے پہلے طلاق صریحی دی گئی تو طلاق بائنہ ہوگی۔ اسی طرح اگر دخول کے بعد طلاق دی گئی تو عدت کے بعد اس لفظ سے بینونت حاصل ہو جائے گی۔ اگر لفظ طلاق بینونت کا احتمال نہ رکھتا تو اس سے بینونت حاصل نہ ہوتی۔ پس یہ وصف بائن یا وصف البتۃ دو احتمالوں میں سے ایک کو متعین کرنا ہے۔

**ومسئلة الرجعة سے امام شافعیؒ کا جواب ہے** ..... جواب کا حاصل یہ ہے کہ امام شافعیؒ کا یہ کہنا کہ انت طالق علی ان لا رجعۃ لی علیک سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے۔ تسلیم نہیں بلکہ اگر شوہر نے کوئی نیت نہیں کی یا دو کی نیت کی ہے تو اس کلام سے ایک بائنہ واقع ہوگی اور اگر تین کی نیت کی ہے تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ دلیل باب ایقاع الطلاق کے ذیل میں گذر چکی۔

صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ انت طالق بائن یا البتۃ میں اگر انت طالق سے ایک طلاق کا ارادہ کیا اور بائن یا البتۃ سے دوسری کا تو دو طلاقیں بائن واقع ہوں گی۔ دلیل یہ ہے کہ لفظ بائن اور لفظ البتۃ سے ابتداءً طلاق واقع کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ اگر کسی نے اپنی بیوی سے انت بائن کہا اور طلاق کی نیت کی تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ پس ایسے ہی یہاں بھی بائن سے دوسری طلاق مراد لینا درست ہے۔ اور چونکہ طلاق ثانیہ بائنہ ہے اس لئے اولیٰ بھی بائنہ ہوگی۔ کیونکہ ایک عورت میں رجعی اور بائنہ دونوں جمع نہیں ہو سکتی ہیں۔

## انت طالق افحش الطلاق سے طلاق دینے کا حکم

**وَكَذَا إِذَا قَالَ أَنْتِ طَالِقٌ أَفْحَشَ الطَّلَاقِ لِأَنَّهُ إِنَّمَا يُوصَفُ بِهٰذَا الْوَصْفِ بِاعْتِبَارِ أَثَرِهِ وَ هُوَ الْبَيْنُونَةُ فِي الْحَالِ فَصَارَ كَقَوْلِهِ بَائِنٌ وَكَذَا إِذَا قَالَ أَخْبَثَ الطَّلَاقِ أَوْ أَسْوَأَهُ لِمَا ذَكَرْنَا وَ كَذَا إِذَا قَالَ طَلَاقَ الشَّيْطَانِ أَوْ طَلَاقَ الْبِدْعَةِ لِأَنَّ الرَّجْعِيَّ هُوَ السُّنَّةُ فَيَكُونُ الْبِدْعَةُ وَطَلَاقُ الشَّيْطَانِ بَائِنًا وَ عَنْ أَبِي يُوسُفَ فِي قَوْلِهِ أَنْتِ طَالِقٌ لِلْبِدْعَةِ أَنَّهُ لَا يَكُونُ بَائِنًا إِلَّا بِالنِّيَّةِ لِأَنَّ الْبِدْعَةَ قَدْ تَكُونُ مِنْ حَيْثُ الْإِيقَاعِ فِي حَالَةِ حَيْضٍ فَلَا بُدَّ مِنَ النِّيَّةِ وَ عَنْ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ إِذَا قَالَ أَنْتِ طَالِقٌ لِلْبِدْعَةِ أَوْ طَلَاقَ الشَّيْطَانِ يَكُونُ رَجْعِيًّا لِأَنَّ هٰذَا الْوَصْفَ قَدْ يَتَحَقَّقُ بِالطَّلَاقِ فِي حَالَةِ الْحَيْضِ فَلَا يَثْبُتُ الْبَيْنُونَةُ بِالشَّكِّ.**

---

ترجمہ ..... اور ایسے ہی (طلاق بائن واقع ہوگی) جب کہا انت طالق افحش الطلاق۔ کیونکہ طلاق کو اس وصف کے ساتھ متصف کیا گیا ہے اس کے اثر کے اعتبار سے اور وہ اثر فی الحال بینونت ہے۔ پس ایسا ہو گیا جیسے اس کا قول بائن۔ اور ایسے ہی جب کہا اخبث الطلاق یا اسوء الطلاق۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے ذکر کی ہے اور ایسے ہی جب کہا طلاق الشیطان یا طلاق البدعۃ اس لئے کہ رجعی تو سنت ہے پس بدعت اور طلاق الشیطان بائن ہوگی اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ اس کے قول انت طالق للبدعۃ میں کہ وہ بائن نہیں ہوگی مگر نیت کے ساتھ۔ کیونکہ بدعت کبھی اس حیثیت سے ہوتی ہے کہ اس کو حالت حیض میں واقع کیا گیا ہے۔ لہٰذا نیت ضروری ہے اور امام محمدؒ سے مروی ہے کہ جب کہا انت طالق للبدعۃ یا طلاق الشیطان تو رجعی ہوگی۔ کیونکہ کبھی یہ وصف متحقق ہوتا ہے حالت حیض میں طلاق کے ساتھ لہٰذا شک کی وجہ سے بینونت ثابت نہیں ہوگی۔

تشریح ..... انت طالق افحش الطلاق چاروں احکام میں انت طالق بائن پر معطوف ہے۔ یعنی اگر کوئی نیت نہیں کی یا دو کی نیت کی ہے ایک بائنہ واقع

ہوگی۔ اور اگر تین کی نیت کی ہے تو تین واقع ہوں گی۔ اور اگر انت طالق سے ایک کی نیت کی ہے اور افحش الطلاق سے دوسری ایک کی تو دو بائن واقع ہو جائیں گی۔ یہی حکم ہے اخبث الطلاق اور اسوء الطلاق کا۔ ان اوصاف کی وجہ سے طلاق بائن ہونے کی وجہ یہ ہے کہ طلاق اس وصف کے ساتھ متصف کی گئی ہے اس کے اثر کے اعتبار سے اور وہ اثر فی الحال بینونت کا ہونا ہے۔ لہٰذا یہ انت بائن کے مانند ہو گیا۔

اسی طرح اگر کسی نے اپنی بیوی سے انت طالق طلاق الشیطان یا طلاق البدعۃ کہا تو اس صورت میں بھی ایک طلاق بائن واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ طلاق رجعی تو طلاق سنت ہے لہٰذا طلاق بدعی اور طلاق شیطان، طلاق بائن ہوگی۔ ہدایہ کی عبارت میں تھوڑا سا تساہل ہے وہ یہ کہ رجعی مطلقاً سنی نہیں ہے بلکہ عام ہے اس لئے کہ اگر کسی نے حالتِ حیض میں لفظ صریح سے طلاق دی تو وہ رجعی ہوگی۔ مگر سنی نہیں ہوگی۔ پس معلوم ہوا کہ طلاق رجعی کے لئے سنی ہونا ضروری نہیں ہے۔ امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ اگر کسی نے اپنی بیگم سے کہا انت طالق للبدعۃ تو بغیر بینونت کی نیت کے بائن طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ طلاق بدعت کبھی تو بینونت کی وجہ سے ہوتی ہے اور کبھی حالتِ حیض میں واقع کرنے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس لئے بینونت کو متعین کرنے کے لئے نیت کرنا ضروری ہے۔

اور امام محمدؒ سے روایت ہے کہ اگر بیوی سے انت طالق للبدعۃ یا انت طالق طلاق الشیطان کہا تو اس سے طلاق رجعی واقع ہوگی۔ کیونکہ یہ وصف کبھی حالتِ حیض میں طلاق دینے کی وجہ سے بھی متحقق ہو جاتا ہے۔ پس شک کی وجہ سے بینونت ثابت نہیں ہوگی۔

## انت طالق کالجبل سے طلاق دینے کا حکم

**وَكَذَا اِذَا قَالَ كَالْجَبَلِ لِاَنَّ التَّشْبِيْهَ بِهٖ يُوْجِبُ زِيَادَةً لَا مَحَالَةَ وَذٰلِكَ بِاِثْبَاتِ زِيَادَةِ الْوَصْفِ وَكَذَا اِذَا قَالَ مِثْلَ الْجَبَلِ لِمَا قُلْنَا وَ قَالَ اَبُوْيُوْسُفَ يَكُوْنُ رَجْعِيًّا لِاَنَّ الْجَبَلَ شَيْءٌ وَاحِدٌ فَكَانَ تَشْبِيْهًا بِهٖ فِيْ تَوَحُّدِهٖ۔**

---

ترجمہ ...... اور ایسے ہی (بائن واقع ہوگی) جبکہ کہا (انت طالق) کالجبل۔ کیونکہ پہاڑ کے ساتھ تشبیہ یقیناً موجب زیادت ہے۔ اور یہ زیادتی وصف کو ثابت کرنے سے ہوگا۔ اور ایسے ہی جب کہا مثل الجبل اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے ذکر کی۔ اور ابو یوسفؒ نے فرمایا رجعی ہوگی۔ کیونکہ جبل (پہاڑ) شئ واحد ہے۔ پس پہاڑ کے ساتھ تشبیہ اس کے ایک ہونے میں ہے۔

تشریح ...... (مسئلہ): ایک شخص نے اپنی منکوحہ سے انت طالق کالجبل یا مثل الجبل کہا تو طرفین کے نزدیک ایک طلاق بائن واقع ہوگی۔ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک ایک رجعی ہوتی۔

طرفین کی دلیل ...... یہ ہے کہ پہاڑ کے ساتھ تشبیہ دینا موجبِ زیادت ہے۔ اور زیادت کی دو صورتیں ہیں۔ من حیث العدد اور من حیث الوصف۔ اور پہاڑ من حیث العدد زیادتی کا احتمال نہیں رکھتا کیونکہ پہاڑ اپنی ذات میں واحد ہے۔ پس زیادتی من حیث الوصف مراد ہوگی۔ اور وصف کے اعتبار سے زیادتی بینونت ہے اس لئے طلاق بائن واقع ہوگی۔

امام ابو یوسفؒ کی دلیل ...... یہ ہے کہ پہاڑ شئ واحد ہے۔ لہٰذا پہاڑ کے ساتھ تشبیہ اس کے ایک ہونے میں ہوگی۔ یعنی جس طرح پہاڑ ایک ہے۔ اسی طرح تجھ کو طلاق ایک ہے لہٰذا اس تشبیہ سے طلاق بائن کا ہونا لازم نہیں آتا۔

## انت طالق اشد الطلاق او کالف او ملء البیت سے کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

**وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ اَشَدَّ الطَّلَاقِ اَوْ كَاَلْفٍ اَوْ مِلْءَ الْبَيْتِ فَهِيَ وَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ اِلَّا اَنْ يَنْوِيَ ثَلٰثًا اَمَّا الْاَوَّلُ فَلِاَنَّهٗ وَصَفَهٗ بِالشِّدَّةِ وَ هُوَ الْبَائِنُ لِاَنَّهٗ لَا يَحْتَمِلُ الْاِنْتِقَاضَ وَالْاِرْتِفَاضَ اَمَّا الرَّجْعِيُّ فَيَحْتَمِلُهٗ وَ اِنَّمَا تَصِحُّ**

نِيَّةُ الثَّلٰثِ لِذِكْرِهِ الْمَصْدَرَ وَ اَمَّا الثَّانِيْ فَلِاَنَّهُ قَدْ يُرَادُ بِهٰذَا التَّشْبِيْهِ فِي الْقُوَّةِ تَارَةً وَ فِي الْعَدَدِ اُخْرٰى يُقَالُ هُوَ اَلْفُ رَجُلٍ وَيُرَادُ بِهِ الْقُوَّةُ فَيَصِحُّ نِيَّةُ الْاَمْرَيْنِ وَ عِنْدَ فُقْدَانِهَا يَثْبُتُ اَقَلُّهُمَا وَ عَنْ مُحَمَّدٍؒ اَنَّهُ يَقَعُ الثَّلٰثُ عِنْدَ عَدَمِ النِّيَّةِ لِاَنَّهُ عَدَدٌ فَيُرَادُ بِهِ التَّشْبِيْهُ فِي الْعَدَدِ ظَاهِرًا فَصَارَ كَمَا اِذَا قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ كَعَدَدِ اَلْفٍ وَ اَمَّا الثَّالِثُ فَلِاَنَّ الشَّيْءَ قَدْ يَمْلَأُ الْبَيْتَ لِعَظَمَةٍ فِيْ نَفْسِهِ وَ قَدْ يَمْلَأُ لِكَثْرَتِهِ فَاَيَّ ذٰلِكَ نَوٰى صَحَّتْ نِيَّتُهُ وَ عِنْدَ اِنْعِدَامِ النِّيَّةِ ثَبَتَ الْاَقَلُّ ثُمَّ الْاَصْلُ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ اَنَّهُ مَتٰى شَبَّهَ الطَّلَاقَ بِشَيْءٍ يَقَعُ بَائِنًا اَيَّ شَيْءٍ كَانَ الْمُشَبَّهُ بِهِ ذَكَرَ الْعِظَمَ اَوْ لَمْ يَذْكُرْ لِمَا مَرَّ اَنَّ التَّشْبِيْهَ يَقْتَضِيْ زِيَادَةَ وَصْفٍ وَ عِنْدَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ اَنَّ ذِكْرَ الْعِظَمِ يَكُوْنُ بَائِنًا وَ اِلَّا فَلَا اَيَّ شَيْءٍ كَانَ الْمُشَبَّهُ بِهِ لِاَنَّ التَّشْبِيْهَ قَدْ يَكُوْنُ فِي التَّوَحُّدِ عَلَى التَّجْرِيْدِ اَمَّا ذِكْرُ الْعِظَمِ فَلِلزِّيَادَةِ لَا مَحَالَةَ وَ عِنْدَ زُفَرَؒ اِنْ كَانَ الْمُشَبَّهُ بِهِ مِمَّا يُوْصَفُ بِالْعِظَمِ عِنْدَ النَّاسِ يَقَعُ بَائِنًا وَ اِلَّا فَهُوَ رَجْعِيٌّ وَ قِيْلَ مُحَمَّدٌؒ مَعَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَ قِيْلَ مَعَ اَبِيْ يُوْسُفَؒ وَبَيَانُهُ فِيْ قَوْلِهِ مِثْلَ رَاْسِ الْاِبْرَةِ مِثْلَ عِظَمِ رَاْسِ الْاِبْرَةِ وَ مِثْلَ الْجَبَلِ مِثْلَ عِظَمِ الْجَبَلِ.

---

ترجمہ..... اور اگر عورت سے کہا انت طالق اشد الطلاق یا (انت طالق) کالف یا (انت طالق) ملٔ البیت (گھر بھر) تو ایک بائنہ ہوگی۔ مگر یہ کہ تین کی نیت کرے۔ بہر حال اول سو اس لئے کہ طلاق کو متصف کیا ہے شدت کے ساتھ اور وہ (شدید) بائن ہے۔ کیونکہ بائن ٹوٹنے اور چھوٹنے کا احتمال نہیں رکھتی ہے۔ بہر حال رجعی سو وہ اس کا احتمال رکھتی ہے۔ اور تین کی نیت صحیح ہوگی اس کے مصدر کو ذکر کرنے کی وجہ سے۔ اور بہر حال ثانی تو اس لئے کہ کبھی اس سے قوت میں تشبیہ مراد ہوتی ہے اور کبھی عدد میں۔ کہا جاتا ہے ہو الف رجل اور مراد اس سے قوت ہوتی ہے۔ پس دونوں امروں کی نیت کرنا صحیح ہے۔ اور نیت کے مفقود ہونے کے وقت ان دونوں میں کا اول ثابت ہوگا۔ اور امام محمدؒ سے مروی ہے کہ عدم نیت کے وقت تین واقع ہوں گی۔ کیونکہ الف عدد ہے۔ پس اس سے ظاہراً تشبیہ فی العدد مراد ہوگی۔ پس ہو گیا جیسا کہ جب کہا انت طالق کعدد الف اور بہر حال تیسرا تو اس لئے کہ شیٔ کبھی گھر کو بھر دیتی ہے اپنے بڑا ہونے کی وجہ سے اور کبھی بھر دیتی ہے اپنی کثرت کی وجہ سے پس جو بھی نیت کرے گا اس کی نیت صحیح ہوگی اور نیت کے معدوم ہونے کے وقت اقل ثابت ہوگا۔

پھر ضابطہ ابو حنیفہؒ کے نزدیک یہ ہے کہ جب طلاق کو کسی چیز کے ساتھ تشبیہ دی گئی تو طلاق بائن واقع ہوگی۔ مشبہ بہ کچھ بھی ہو (لفظ) عظم مذکور ہو یا مذکور نہ ہو۔ کیونکہ گذر چکا کہ تشبیہ زیادتی وصف کا تقاضا کرتی ہے۔ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک اگر (لفظ) عظم مذکور ہے تو بائن ہوگی ورنہ نہیں مشبہ بہ کچھ بھی ہو۔ کیونکہ تشبیہ کبھی ایک ہونے میں ہوتی ہے عظمت کے معنیٰ سے خالی کر کے۔ بہر حال عظم کا ذکر تو یقیناً زیادت کے لئے ہے اور امام زفرؒ کے نزدیک اگر مشبہ بہ ان چیزوں میں سے ہے جس کو بڑا ہونے کے ساتھ موصوف کیا جا سکتا ہے لوگوں کے نزدیک تو بائن واقع ہوگی۔ ورنہ تو وہ رجعی ہے۔ اور کہا گیا کہ امام محمدؒ ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں اور کہا گیا کہ ابو یوسفؒ کے ساتھ ہیں۔

اور اس اختلاف کا ظہور اس کے قول مثل راس الابرہ..... الخ میں ہے۔ یعنی سوئی کے ناکے کے مثل سوئی کے ناکے کی بڑائی کے مثل اور اڑ کے مثل، پہاڑ کی بڑائی کے مثل۔

تشریح..... عبارت میں تشبیہ کی تین مثالیں ذکر کی گئی ہیں۔ ان تینوں کا حکم یہ ہے کہ طلاق بائن واقع ہوگی۔ اگر تین کی نیت کی تو تین واقع ہو جائیں صاحب ہدایہؒ تینوں کو مدلل فرما رہے ہیں۔ چنانچہ اول کی دلیل یہ ہے کہ انت طالق اشد الطلاق میں طلاق کو وصف شدت کے ساتھ متصف کیا یہ شدت بینونت کے ذریعہ حاصل ہوگی کیونکہ بینونت کے بعد طلاق ٹوٹنے پھوٹنے کا احتمال نہیں رکھتی ہے۔ اس وجہ سے ہم نے کہا کہ اس لفظ

سے طلاق بائن واقع ہوگی البتہ اگر نیت ثلاث پائی گئی تو تین واقع ہو جائیں گی کیونکہ اس شخص نے مصدر طلاق ذکر کیا ہے تقدیری عبارت ہے انت طالق طلاقا ھواشد الطلاق۔ اور مصدر اسم جنس ہونے کی وجہ سے بغیر وصف شدید کے تین کا احتمال رکھتا ہے۔ پس وصف شدت کے ساتھ تو بدرجہ اولیٰ تین کا احتمال رکھے گا۔

اور دوسری مثال یعنی انت طالق کالف۔ سو اس سے طلاق بائن اس لئے واقع ہوگی کہ کبھی کالف سے قوت میں تشبیہ دینا مراد ہوتا ہے۔ اور کبھی عدد میں جیسے لوگ کہتے ہیں ہوالف رجل وہ ایک ہزار آدمیوں کے برابر ہے۔ یہاں قوت میں تشبیہ دینا مراد ہے۔ بہر حال اس کلام میں جب دو احتمال ہیں تو دونوں کی نیت کرنا درست ہے اور اگر نیت نہ ہو تو ان دونوں میں جو اقل ہے وہ ثابت ہو جائے گا اور ظاہر ہے کہ ایک بائنہ اقل ہے بمقابلہ تین طلاقوں کے اس وجہ سے ایک بائنہ واقع ہوگی۔ امام محمدؒ سے روایت ہے کہ عدم نیت کی صورت میں تین واقع ہوں گی کیونکہ الف عدد ہے پس ظاہر یہ ہے کہ اس سے تشبیہ فی العدد مراد ہو۔ لہٰذا ایسا ہو گیا جیسا کسی نے کہا انت طالق کعدد الف اور اس صورت میں بالاتفاق تین واقع ہوں گی۔ لہٰذا کالف کہنے کی صورت میں بھی تین واقع ہونی چاہئیں۔

اور تیسری مثال یعنی انت طالق ملٔ البیت۔ اس سے طلاق بائن واقع ہونے کی وجہ یہ ہے کہ شیٔ کبھی گھر بھر دیتی ہے فی نفسہٖ عظیم اور بڑا ہونے کی وجہ سے۔ اور کبھی گھر بھر دیتی ہے اپنی کثرت کی وجہ سے۔ پس طلاق میں عظمت ظاہر ہوگی ابانت کے ذریعہ اور کثرت ظاہر ہوگی تین کے ذریعہ۔ لہٰذا ان دونوں احتمالات میں سے جس کی بھی نیت کرے گا درست ہوگی۔ اور عدم نیت کے وقت اقل ثابت ہوگا اور اقل ایک طلاق بائن ہے۔

ثم الاصل سے صاحب ہدایہؒ نے ایک ضابطہ بیان فرمایا ہے جس پر ائمہ ثلثہؒ اور امام زفرؒ کے اقوال مبنی ہیں۔ ضابطہ یہ ہے کہ اگر طلاق کو ایسے وصف کے ساتھ موصوف کیا گیا جس کے ساتھ طلاق کو موصوف نہیں کیا جاتا تو یہ وصف لغو ہوگا۔ اور طلاق رجعی واقع ہوگی۔ مثلاً کہا انت طالق طلاقاً لا یقع علیك اور اگر ایسا وصف ہے جس کے ساتھ طلاق کو متصف کیا جاتا ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں مفید زیادت ہے یا نہیں۔ اگر زیادتی کا فائدہ نہیں دیتا تو اس صورت میں بھی طلاق رجعی واقع ہوگی۔ مثلاً کہا انت طالق احسن الطلاق یا اجمل الطلاق یا اکمل الطلاق یا افضل الطلاق۔ اور اگر مفید زیادت ہے تو حضرت امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ طلاق کو جب کسی چیز کے ساتھ تشبیہ دی جائے تو طلاق بائن واقع ہوگی مشبہ بہ کچھ بھی ہو۔ لفظ عظم تشبیہ میں مذکور ہو یا مذکور نہ ہو، دلیل سابق میں گذر چکی کہ مطلقاً تشبیہ زیادتی وصف کا تقاضا کرتی ہے۔ امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اگر لفظ عظم تشبیہ میں مذکور ہے تو طلاق بائن واقع ہوگی ورنہ نہیں۔ مشبہ بہ کچھ بھی ہو، اس لئے کہ تشبیہ کبھی عظمت کے معنی خالی کر کے صرف ایک ہونے میں ہوتی ہے اور لفظ عظم کا ذکر تو یقیناً زیادتی کے معنی پیدا کرے گا اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ اگر مشبہ بہ ایسی چیز ہے جو لوگوں کے نزدیک عظیم شمار ہوتی ہے تو اس صورت میں طلاق بائن واقع ہوگی ورنہ رجعی ہوگی لفظ عظم مذکور ہو یا مذکور نہ ہو۔ امام محمدؒ کا قول مضطرب ہے۔ ابو حنیفہؒ کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ اور ابو یوسفؒ کے ساتھ بھی۔ اس اختلاف کا ثمرہ مندرجہ ذیل مثالوں میں ظاہر ہوگا۔ انت طالق مثل رأس الابرة۔ اس مثال میں امام صاحب کے نزدیک بائن ہوگی۔ اور امام ابو یوسف اور امام زفرؒ کے نزدیک رجعی ہوگی۔ اور انت طالق مثل عظم رأس الابرة میں امام صاحبؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک بائن ہوگی۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک رجعی اور انت طالق مثل الجبل میں امام صاحبؒ اور امام زفرؒ کے نزدیک بائن ہوگی اور ابو یوسفؒ کے نزدیک رجعی اور انت طالق مثل عظم الجبل میں تینوں کے نزدیک بائن ہوگی۔ امام صاحب کے نزدیک تشبیہ کی وجہ سے اور ابو یوسفؒ کے نزدیک لفظ عظم مذکور ہونے کی وجہ سے۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک اس لئے کہ جبل عام لوگوں کے نزدیک عظیم ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## انت طالق تطليقةشديدة او عريضة او طويلة سے ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ تَطْلِيْقَةً شَدِيْدَةً اَوْ عَرِيْضَةً اَوْ طَوِيْلَةً فَهِيَ وَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ لِاَنَّ مَالَا يُمْكِنُ تَدَارُكُهُ يُشْتَدُّ ... تَدَارُكُهُ يُقَالُ لِهٰذَا الْاَمْرِ طُوْلٌ وَ عَرْضٌ وَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ اَنَّهُ يَقَعُ بِهَا رَجْعِ

هٰذَا الْوَصْفَ لَا يَلِيْقُ بِهٖ فَيَلْغُوْ وَلَوْ نَوَى الثَّلٰثَ فِيْ هٰذِهِ الْفُصُوْلِ صَحَّتْ نِيَّتُهٗ لِتَنَوُّعِ الْبَيْنُوْنَةِ عَلٰى مَا مَرَّ وَالْوَاقِعُ بِهَا بَائِنٌ.

---

ترجمہ......اور اگر کہا انت طالق تطلیقة شدیدة یا تطلیقة عریضة یا تطلیقة طویلة تو یہ ایک بائنہ ہے۔ کیونکہ وہ طلاق جس کا تدارک ممکن نہ ہو شوہر پر سخت ہوگی۔ اور وہ بائن ہے۔ اور وہ جس کا تدارک دشوار ہو اس کو کہا جاتا ہے کہ یہ لمبا چوڑا کام ہے۔ اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ ان الفاظ سے طلاق رجعی واقع ہوگی۔ کیونکہ یہ وصف طلاق کے مناسب نہیں ہے۔ لہٰذا لغو ہوگا۔ اور اگر ان تمام صورتوں میں تین کی نیت کی تو اس کی نیت صحیح ہوگی۔ بینونت کے منقسم ہونے کی وجہ سے اور ان الفاظ سے جو واقع ہوگی وہ بائن ہے۔

تشریح......صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے طلاق کے ساتھ وصف شدید یا طویل یا عریض ذکر کر دیا تو اس سے طلاق بائن واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ شوہر پر وہ طلاق شاق اور سخت ہوگی۔ جس کا تدارک رجعت وغیرہ سے ممکن نہ ہو اور ظاہر ہے کہ یہ بات طلاق بائن سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اس وجہ سے ان کلمات سے بینونت کا حکم لگایا گیا ہے اور دشوار کام جس کا تدارک ممکن نہ ہو اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ کام لمبا چوڑا ہے۔

ابو یوسفؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ ان الفاظ سے طلاق رجعی واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ یہ وصف (شدت وغیرہ) طلاق کے مناسب نہیں۔ کیونکہ یہ اوصاف صفات اجسام میں سے ہے۔ اور طلاق اعراض کے قبیلہ سے ہے۔ لہٰذا یہ وصف لغو ہوگا۔ اور انت طالق سے طلاق رجعی واقع ہو جائے گی اور انت بائن سے لے کر یہاں تک تمام صورتوں میں اگر تین طلاق کی نیت کی تو تین واقع ہو جائیں گی۔ کیونکہ بینونت کی دو قسمیں ہیں بینونت غلیظہ اور بینونت خفیفہ پس جب اس شخص نے تین کی نیت کی تو گویا دو نوع میں سے بینونت غلیظہ کی نیت کی ہے اور اپنے کلام کے محتمل کی نیت کرنا صحیح ہے۔ اس لئے تین طلاقوں کی نیت صحیح ہوگی۔ واللہ اعلم

## دخول سے پہلے طلاق دینے کا بیان......دخول سے پہلے تین طلاقیں دینے کا حکم

فَصْلٌ فِي الطَّلَاقِ قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَإِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ اِمْرَأَتَهٗ ثَلٰثًا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهَا وَقَعْنَ عَلَيْهَا لِاَنَّ الْوَاقِعَ مَصْدَرٌ مَحْذُوْفٌ لِاَنَّ مَعْنَاهُ طَلَاقًا ثَلٰثًا عَلٰى مَابَيَّنَّاهُ فَلَمْ يَكُنْ قَوْلُهٗ اَنْتِ طَالِقٌ اِيْقَاعًا عَلٰى حِدَةٍ فَيَقَعْنَ جُمْلَةً.

---

ترجمہ......(یہ) فصل (عورت کے ساتھ) دخول سے پہلے طلاق دینے کے (بیان) میں ہے اور جب مرد نے اپنی بیوی کو طلاق دی اس کے ساتھ دخول سے پہلے تو اس پر سب واقع ہو جائیں گی۔ کیونکہ واقع ہونے والا تو مصدر محذوف ہے اس لئے کہ اس کے معنی ہیں طلاقاً ثلاثاً ہم اس کو بیان کر چکے ہیں۔ پس اس کا قول انت طالق علیحدہ ایقاع نہیں ہوگا۔ لہٰذا سب طلاقیں یکبارگی واقع ہو گئیں۔

تشریح...... چونکہ نکاح دخول کے لئے ہوتا ہے۔ اس لئے طلاق بعد الدخول اصل ہے اور قبل الدخول خلاف اصل ہے۔ مصنف ہدایہؒ نے اصل کو پہلے بیان فرمایا ہے اور خلاف اصل کو بعد میں۔

مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے اپنی بیوی سے قبل الدخول انت طالق ثلثا کہا تو تینوں طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ دلیل یہ ہے کہ سابق میں گذر چکا کہ جب وصف طلاق عدد کے ساتھ ملا کر ذکر کیا جائے تو طلاق عدد سے واقع ہوگی نہ کہ وصف سے۔ کیونکہ وقوع طلاق درحقیقت مصدر محذوف سے ہوتا ہے۔ اور یہ عدد اس کی صفت واقع ہوگا۔ پس انت طالق ثلاثاً کے معنی ہوں گے انت طالق طلاقاً ثلاثاً۔ پس انت طالق سے علیحدہ طلاق واقع نہیں ہوگی۔ بلکہ طلاقاً ثلاثاً سے یکبارگی تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔

## اگر جدا تین طلاقیں دیں تو پہلی سے بائنہ ہو جائے گی

فَاِنْ فَرَّقَ الطَّلَاقَ بَانَتْ بِالْاُوْلٰى وَلَمْ تَقَعِ الثَّانِيَةُ وَالثَّالِثَةُ وَذٰلِكَ مِثْلُ اَنْ يَقُوْلَ اَنْتِ طَالِقٌ طَالِقٌ طَالِقٌ لِاَنَّ كُلَّ وَاحِدٍ اِيْقَاعٌ عَلٰى حِدَةٍ اِذْلَمْ يَذْكُرْفِيْ آخِرِ كَلَامِهٖ مَايُغَيِّرُ صَدْرَهٗ حَتّٰى يَتَوَقَّفَ عَلَيْهِ فَتَقَعُ الْاُوْلٰى فِي الْحَالِ فَتُصَادِفُهَا الثَّانِيَةُ وَ هِيَ مَبَانَةٌ.

ترجمہ...... پس اگر اس نے طلاق کو متفرق کیا تو پہلی سے بائنہ ہو گئی اور دوسری اور تیسری واقع نہیں ہوئی۔ اور یہ مثلاً کہے انت طالق طالق طالق کیونکہ (ان میں سے) ہر ایک علیحدہ ایقاع ہے۔ کیونکہ اپنے کلام کے آخر میں اس نے ایسا کلمہ ذکر نہیں کیا جو اول کلام کو بدل ڈالے۔ یہاں تک کہ (واقع ہونا) اس امر پر موقوف ہے پس پہلی فی الحال واقع ہو جائے گی۔ پھر دوسری اس کو پہنچے گی درآنحالیکہ وہ بائنہ ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر تین طلاقوں کو متفرق کیا مثلاً کہا انت طالق۔ طالق طالق تو پہلے لفظ طلاق سے عورت بائنہ ہو جائے گی۔ اور دوسری اور تیسری واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ ان دونوں کے وقوع کے لئے عورت محل باقی نہیں رہی لہٰذا یہ دونوں لفظ لغو ہوں گے۔

صاحب ہدایہ کی دلیل سے پہلے بطور مقدمہ کے یہ بات ذہن نشین کر لیجئے کہ اگر تین طلاقوں کو متفرق کیا ہے اور آخر کلام میں شرط یا استثناء وغیرہ ایسی چیز ہے جو اول کلام کو بدل ڈالے تو اس صورت میں غیر مدخول بہا پر بھی تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ مثلاً غیر مدخول بہا بیوی سے کہا انت طالق طالق طالق ان دخلت الدار۔ تو یہاں دخول دار کے بعد تینوں طلاقیں بیک وقت واقع ہو جائیں گی۔

اس مقدمہ کے بعد دلیل کا حاصل یہ ہے کہ انت طالق طالق طالق میں سے ہر ایک علیحدہ ایقاع طلاق ہے۔ کیونکہ آخر کلام میں کوئی چیز اول کلام کو بدل دینے والی نہیں ہے۔ جس پر اول کلام موقوف ہوتا۔ پس اول لفظ طالق سے فی الحال طلاق ہو جائے گی۔ اس کے بعد دوسری اور تیسری ایسے حال میں واقع ہوگی کہ وہ عورت بائنہ ہو چکی ہے۔ اور ایسی بائنہ کہ اس پر عدت بھی واجب نہ ہو وہ محل طلاق نہیں ہوتی ہے۔

## انت طالق واحدة وواحدة سے طلاق دینے کا حکم

وَكَذَا اِذَا قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً وَوَاحِدَةً وَقَعَتْ وَاحِدَةً لِمَا ذَكَرْنَا اَنَّهَا بَانَتْ بِالْاُوْلٰى وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً فَمَاتَتْ قَبْلَ قَوْلِهٖ وَاحِدَةً كَانَ بَاطِلًا لِاَنَّهٗ قَرَنَ الْوَصْفَ بِالْعَدَدِ فَكَانَ الْوَاقِعُ هُوَ الْعَدَدُ فَاِذَا مَاتَتْ قَبْلَ ذِكْرِ الْعَدَدِ فَاتَ الْمَحَلُّ قَبْلَ الْاِيْقَاعِ فَبَطَلَ وَكَذَا اِذَا قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ ثِنْتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا لِمَا بَيَّنَّا وَ هٰذِهٖ تُجَانِسُ مَا قَبْلَهَا مِنْ حَيْثُ الْمَعْنٰى.

ترجمہ...... اور ایسے ہی جب کہا عورت سے انت طالق واحدة وواحدة تو ایک واقع ہوگی اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے ذکر کی ہے کہ وہ عورت پہلی سے بائنہ ہو گئی اور اگر اس سے کہا انت طالق واحدة پھر اس کے قول واحدة سے پہلے مر گئی تو (یہ کلام) رائیگاں گیا۔ کیونکہ (شوہر) نے وصف طلاق کو عدد کے ساتھ ملانا چاہا تو واقع عدد ہوگا۔ پس جب وہ عدد کے ذکر سے پہلے مر گئی تو (طلاق) واقع کرنے سے پہلے محل فوت ہو گیا تو (طلاق) رائیگاں گئی۔

اور ایسے ہی جب کہا انت طالق ثنتین یا ثلاثا۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی۔ اور یہ معنی کے اعتبار سے ماقبل کے ہم جنس ہے۔

تشریح...... مسئلہ...... اگر شوہر نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی سے کہا انت طالق واحدة وواحدة تو اس صورت میں ایک بائن واقع ہوگی۔ ماقبل میں دلیل گذر چکی کہ وہ پہلے واحدة سے بائنہ ہو گئی پس دوسرا واحدة لغو ہوگا۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی سے انت طالق واحدۃ کہا۔ لیکن واحدۃ کہنے سے پہلے مرگئی یا انت طالق ثنتین کہا اور ثنتین کا تلفظ کرنے سے پہلے ہی مرگئی یا انت طالق ثلاثا کہا۔ اور ثلاثا کہنے سے پہلے مرگئی تو ان تینوں صورتوں میں کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور شوہر کا کلام لغو ہو جائے گا۔

دلیل یہ ہے کہ شوہر نے وصف طلاق کو عدد کے ساتھ ملایا ہے۔ اور وقوع طلاق میں عدد معتبر ہوگا نہ کہ وصف۔ لیکن جب وہ عدد ذکر کرنے سے پہلے ہی مرگئی تو ایقاع طلاق سے پہلے ہی محل فوت ہوگیا۔ لہٰذا اس کا کلام باطل ہوگا اور طلاق واقع نہیں ہوگی۔

وھذا تجانس...... الخ سے فرماتے ہیں کہ یہ تینوں مسائل من حیث المعنی ماقبل کے ہم جنس ہیں۔ ماقبل سے مراد یہ مسئلہ ہے کہ شوہر نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی سے انت طالق ثلاثا کہا۔ اس مماثلت کا حاصل یہ ہے کہ ایقاع طلاق میں عدد معتبر ہے نہ کہ وصف۔ لہٰذا یہ مسائل ثلاثہ مسئلہ متقدمہ کے مماثل ہوں گے۔ مگر ان دونوں کے حکم میں تفاوت ہے۔ کیونکہ مسئلہ متقدمہ میں طلاق واقع ہوگی اس لئے کہ عدد نے اس عورت کو منکوحہ ہونے کی حالت میں پالیا ہے اور یہاں واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ عدد نے اس کو مردار ہونے کی حالت میں پایا ہے، جو وقوع طلاق کا محل نہیں۔

## انت طالق واحدۃ قبل واحدۃ او بعدھا واحدۃ سے ایک طلاق واقع ہوگی

**وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً قَبْلَ وَاحِدَةٍ اَوْ بَعْدَهَا وَاحِدَةٌ وَقَعَتْ وَاحِدَةٌ وَالْاَصْلُ اَنَّهُ مَتٰى ذَكَرَ شَيْئَيْنِ وَاَدْخَلَ بَيْنَهُمَا حَرْفَ الظَّرْفِ اِنْ قَرَنَهَا بِهَاءِ الْكِنَايَةِ كَانَ صِفَةً لِلْمَذْكُوْرِ اٰخِراً كَقَوْلِهٖ جَاءَ نِيْ زَيْدٌ قَبْلَهٗ عَمْرٌو وَ اِنْ لَمْ يَقْرِنْهَا بِهَاءِ الْكِنَايَةِ كَانَتْ صِفَةً لِلْمَذْكُوْرِ اَوَّلًا كَقَوْلِهٖ جَاءَنِيْ زَيْدٌ قَبْلَ عَمْرٍو وَاِيْقَاعُ الطَّلَاقِ فِي الْمَاضِيْ اِيْقَاعٌ فِي الْحَالِ لِاَنَّ الْاِسْنَادَ لَيْسَ فِيْ وُسْعِهٖ فَالْقَبْلِيَّةُ فِيْ قَوْلِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً قَبْلَ وَاحِدَةٍ صِفَةٌ لِلْاُوْلٰى فَتَبِيْنُ بِالْاُوْلٰى فَلَا تَقَعُ الثَّانِيَةُ وَالْبَعْدِيَّةُ فِيْ قَوْلِهٖ بَعْدَهَا وَاحِدَةٌ صِفَةٌ لِلْاَخِيْرَةِ فَحَصَلَتِ الْاِ بَانَةُ بِالْاُوْلٰى وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً قَبْلَهَا وَاحِدَةٌ تَقَعُ ثِنْتَانِ لِاَنَّ الْقَبْلِيَّةَ صِفَةٌ لِلثَّانِيَةِ لِاِتِّصَالِهَا بِحَرْفِ الْكِنَايَةِ فَاقْتَضٰى اِيْقَاعُهَا فِي الْمَاضِيْ وَاِيْقَاعُ الْاُوْلٰى فِي الْحَالِ غَيْرَ اَنَّ الْاِيْقَاعَ فِي الْمَاضِيْ اِيْقَاعٌ فِي الْحَالِ اَيْضاً فَتَقْتَرِنَانِ فَتَقَعَانِ وَ كَذَا اِذَا قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً بَعْدَ وَاحِدَةٍ تَقَعُ ثِنْتَانِ لِاَنَّ الْبَعْدِيَّةَ صِفَةٌ لِلْاُوْلٰى فَاقْتَضٰى اِيْقَاعَ الْوَاحِدَةِ فِي الْحَالِ وَاِيْقَاعَ الْاُخْرٰى قَبْلَ هٰذِهٖ فَتَقْتَرِنَانِ.**

---

ترجمہ...... اور اگر (غیر مدخول بہا سے) کہا انت طالق واحدۃ قبل واحدۃ یا بعدہا واحدۃ تو ایک واقع ہوگی۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ جب دو چیزوں کو ذکر کیا اور ان دونوں کے درمیان کلمہ ظرف داخل کیا ہے تو اگر کلمہ ظرف کو ہاء کنایہ (ضمیر) کے ساتھ متصل کیا ہے تو ظرف (اسکی) صفت ہوگا جو آخر میں مذکور ہے جیسے اس کا قول جاء نی زید قبلہ عمر۔ اور اگر ظرف کو ہاء کنایہ کے ساتھ متصل نہیں کیا تو ظرف مذکور اول کی صفت ہوگا۔ جیسے اس کا قول جاء نی زید قبل عمرو۔ اور طلاق کو ماضی میں واقع کرنا فی الحال واقع کرنا ہے۔ کیونکہ (ماضی کی طرف) نسبت اس کی قدرت میں نہیں ہے۔ پس قبلیت اس کے قول انت طالق واحدۃ قبل واحدۃ میں اولیٰ کی صفت ہے۔ پس اولیٰ سے بائنہ ہو جائے گی اور دوسری واقع نہیں ہوگی اور بعدیت اس کے قول بعدہا واحدۃ میں صفت ہے اخیرہ کی۔ لہٰذا ابانت اولیٰ کے ذریعہ حاصل ہوگئی اور اگر کہا انت طالق واحدۃ قبلہا واحدۃ تو دو واقع ہوں گی۔ کیونکہ قبلیت صفت ہے ثانیہ کی اس کے متصل ہونے کی وجہ سے حرف کنایہ (ضمیر) کے ساتھ۔ پس تقاضا کیا ثانیہ کو ماضی میں واقع کرنے کا اور اولیٰ کو فی الحال واقع کرنے کا مگر یہ کہ ایقاع فی الماضی ایقاع فی الحال ہوتا ہے۔ لہٰذا (اولیٰ وثانیہ) دونوں مقترن ہوں گی۔ اور دونوں واقع ہو جائیں گی۔ اور ایسے ہی جب کہا انت طالق واحدۃ بعد واحدۃ تو دو واقع ہوں گی۔ کیونکہ بعدیت اولیٰ کی صفت ہے۔ پس تقاضا کیا واحدۃ اولیٰ کو واقع کرنے کا فی الحال۔ اور

واحدہ ثانیہ کو اس سے پہلے واقع کرنے کا۔ لہٰذا دونوں مقترن ہوں گی۔

تشریح ..... اس عبارت میں طلاق قبل الدخول کی چار صورتیں اور زیر بحث ہیں۔

**(۱) انت طالق واحدة قبل واحدة (۲) انت طالق واحدة بعدها واحدة**

**(۳) انت طالق واحدة قبلها واحدة (٤) انت طالق واحدة بعد واحدة.**

پہلی دو صورتوں میں ایک طلاق واقع ہوگی۔ اور بعد کی دو صورتوں میں دو طلاقیں واقع ہوں گی۔ یہ ذہن نشین رکھا جائے کہ لفظ قبل تقدیم کے لئے آتا ہے اور لفظ بعد تاخیر کے لئے۔

یہ چاروں صورتیں دو اصول پر موقوف ہیں۔ جن کو مصنفؒ نے کتاب میں ذکر فرمایا ہے۔ اول یہ کہ ظرف یعنی لفظ قبل اور بعد جب ہاء کنایہ یعنی ضمیر کے ساتھ مقید کیا جائے تو ظرف بعد کے لئے صفت ہوگا۔ اور اگر ہاء کنایہ کے ساتھ مقید نہ کیا جائے تو اپنے ماقبل کی صفت ہوگا (یہاں صفت سے صفت معنوی مراد ہے نہ کہ صفت نحوی) اس اصول کی وضاحت ان دو مثالوں سے ہو جائے گی۔ جاءنی زید قبلہ عمرو اور جاءنی زید قبل عمرو۔ پہلی مثال میں قبلیت مابعد یعنی عمرو کی صفت ہے۔ مطلب ہوگا کہ عمر پہلے آیا اور زید بعد میں۔ اور دوسری مثال میں قبلیت ماقبل یعنی زید کی صفت ہے۔ یعنی زید پہلے آیا اور عمر بعد میں۔

دوسرا اصول یہ ہے کہ ایقاع فی الماضی ایقاع فی الحال ہوتا ہے یعنی زمانہ ماضی کی جانب منسوب کر کے اگر طلاق واقع کی جائے تو وہ زمانہ حال میں واقع ہوگی نہ کہ ماضی میں۔ کیونکہ ماضی کی طرف نسبت کرتے ہوئے طلاق واقع کرنا انسان کی قدرت سے خارج ہے۔ یعنی یہ ممکن نہیں کہ کوئی شخص آج انت طالق امس کے ذریعہ طلاق دے اور وہ طلاق کل گذشتہ میں واقع بھی ہو جائے۔ ان دو اصول کے علاوہ ایک بات اور یاد رکھئے وہ یہ کہ غیر مدخول بہا عورت ایک طلاق سے بائن ہو جاتی ہے۔ اور اس پر عدت واجب نہیں ہوتی اور نہ ہی ایک کے بعد محل طلاق رہتی ہے۔

اب اگر کسی نے اپنی غیر مدخول بہا بیوی سے کہا انت طالق واحدة قبل واحدة اس صورت میں لفظ قبل ماقبل کی صفت ہوگا اور معنی یہ ہوں گے کہ واحدہ اولیٰ پہلے واقع ہوئی اور واحدہ ثانیہ بعد میں۔ پس جب واحدہ اولیٰ واقع ہوئی تو غیر مدخول بہا بائنہ ہوگئی اور واحدہ ثانیہ کے لئے محل باقی نہ رہنے کی وجہ سے واحدہ ثانیہ لغو ہوگئی۔ پس ثابت ہوا کہ اس صورت میں ایک واقع ہوگی۔ اور اگر کہا انت طالق واحدة بعدها واحدة اس صورت میں لفظ بعد مابعد کی صفت ہوگا۔ معنیٰ یہ ہوں گے کہ تجھ کو ایک طلاق ہے اس کے بعد ایک ہے۔ یعنی واحدہ اولیٰ سے غیر مدخول بہا بائنہ ہوگئی اس کے بعد واحدہ ثانیہ محلِ طلاق فوت ہونے کی وجہ سے لغو ہو جائے گی۔ لہٰذا اس صورت میں بھی ایک ہی واقع ہوگی۔

اور اگر کہا انت طالق واحدة قبلها واحدة ۔ اس صورت میں لفظ قبل مابعد کی صفت ہوگا۔ یعنی تجھ کو ایک طلاق ہے اس سے پہلے ایک۔ یہ کلام تقاضا کرتا ہے ایقاع ثانیہ کا ماضی میں اور ایقاع اولیٰ کا حال میں۔ اور چونکہ ایقاع فی الماضی ایقاع فی الحال ہوتا ہے۔ لہٰذا دونوں طلاقیں زمانہ حال میں ساتھ ساتھ واقع ہوں گی۔ اور غیر مدخول بہا بیوی کو یکبارگی دو طلاقیں دی جا سکتی ہیں۔ اس لئے اس صورت میں دو واقع ہوں گی۔

اور اگر کہا انت طالق واحدة بعد واحدة یعنی تجھ کو ایک طلاق ہے بعد ایک کے اس صورت میں لفظ بعد ماقبل کی صفت ہوگا۔ اور یہ کلام تقاضا کرے گا اولیٰ کو واقع کرنے کا زمانہ حال میں اور ثانیہ کو اولیٰ سے پہلے۔ اور ظاہر ہے کہ اولیٰ کے وقوع سے پہلے کا زمانہ ماضی ہوگا تو گویا کہ ثانیہ کو زمانہ ماضی میں واقع کیا گیا ہے۔ اور چونکہ ایقاع فی الماضی ایقاع فی الحال ہوتا ہے لہٰذا یہ دونوں طلاقیں زمانہ حال میں ساتھ ساتھ واقع ہوں گی۔ اس وجہ سے اس صورت میں بھی غیر مدخول بہا پر دو واقع ہو جائیں گی۔

## انت طالق واحدة مع واحدة او معها واحدة سے دوطلاقیں واقع ہوں گی

وَلَوْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةٌ مَعَ وَاحِدَةٍ اَوْ مَعَهَا وَاحِدَةٌ تَقَعُ ثِنْتَانِ لِاَنَّ كَلِمَةَ مَعَ لِلْقِرَانِ وَعَنْ اَبِيْ يُوْسُفَؒ فِيْ قَوْلِهِ مَعَهَا وَاحِدَةٌ تَقَعُ وَاحِدَةٌ لِاَنَّ الْكِنَايَةَ تَقْتَضِيْ سَبْقَ الْمُكَنّٰى عَنْهُ لَا مَحَالَةَ وَفِي الْمَدْخُوْلِ بِهَا تَقَعُ ثِنْتَانِ فِي الْوُجُوْهِ كُلِّهَا لِقِيَامِ الْمَحَلِّيَةِ بَعْدَ وُقُوْعِ الْاُوْلٰى.

ترجمہ ...... اور اگر کہا تجھ کو ایک طلاق ہے ایک کے ساتھ یا اس کے ساتھ ایک تو دو واقع ہو جائیں گی۔ کیونکہ کلمہ مع اتصال کے لئے آتا ہے اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ شوہر کے قول معها واحدة میں ایک واقع ہوگی۔ کیونکہ کنایہ مقتضی ہے کہ جس سے کنایہ کیا گیا ہے وہ سابق ہو اور مدخول بہا میں تمام صورتوں میں دو واقع ہوں گی۔ پہلی کے واقع ہونے کے بعد محل طلاق موجود ہونے کی وجہ سے۔

تشریح ...... مسئلہ، اگر کسی نے کہا انت طالق واحدة مع واحدة یا انت طالق واحدة معها واحدة تو دو طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ دلیل یہ ہے کہ کلمہ مع اقتران و اتصال کے لئے آتا ہے پس حاصل یہ ہوگا کہ دونوں ساتھ ساتھ واقع ہوئیں۔ امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ معها واحدة کی صورت میں ایک واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ ضمیر سبقت مرجع کا وجوداً تقاضا کرتی ہے اور طلاق میں واحدہؓ جو مرجع ہے، اس کا وجود وقوع سے ہوگا، تو اب صورت یہ ہوگی کہ واحدۂ اولیٰ پہلے واقع ہوئی اور وقوع ثانیہ کے وقت محل طلاق ہونا فوت ہو گیا۔ لہٰذا ثانیہ لغو ہوگی۔ مصنفؒ فرماتے ہیں کہ مذکورہ تمام صورتوں میں مدخول بہا پر دو واقع ہوں گی۔ کیونکہ مدخول بہا ایک کے واقع ہونے کے بعد بھی محل طلاق رہتی ہے۔

## ان دخلت الدار فانت طالق واحدة کے الفاظ سے طلاق دے دی اور عورت گھر میں داخل ہوئی ایک طلاق واقع ہوگی یا دو...... اقوال فقہاء

وَلَوْ قَالَ لَهَا اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَاَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً وَوَاحِدَةً فَدَخَلَتْ وَقَعَتْ عَلَيْهَا وَاحِدَةٌ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَؒ وَقَالَا تَقَعُ ثِنْتَانِ وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً وَوَاحِدَةً اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَدَخَلَتْ طُلِّقَتْ ثِنْتَيْنِ بِالْاِجْمَاعِ لَهُمَا اَنَّ حَرْفَ الْوَاوِ لِلْجَمْعِ الْمُطْلَقِ فَتَعَلَّقْنَ جُمْلَةً كَمَا اِذَا نَصَّ عَلَى الثِّنْتَيْنِ اَوْ اَخَّرَ الشَّرْطَ وَلَهُ اَنَّ الْجَمْعَ الْمُطْلَقَ يَحْتَمِلُ الْقِرَانَ وَالتَّرْتِيْبَ فَعَلٰى اِعْتِبَارِ الْاَوَّلِ تَقَعُ ثِنْتَانِ وَعَلٰى اِعْتِبَارِ الثَّانِيْ لَا تَقَعُ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَمَا اِذَا نَجَزَ بِهٰذِهِ اللَّفْظَةِ فَلَا يَقَعُ الزَّائِدُ عَلَى الْوَاحِدَةِ بِالشَّكِّ بِخِلَافِ مَا اِذَا اَخَّرَ الشَّرْطَ لِاَنَّهُ مُغَيِّرٌ صَدْرَ الْكَلَامِ فَيَتَوَقَّفُ الْاَوَّلُ عَلَيْهِ فَيَقَعْنَ جُمْلَةً وَلَا مُغَيِّرَ فِيْمَا اِذَا قَدَّمَ الشَّرْطَ فَلَمْ يَتَوَقَّفْ وَلَوْ عَطَفَ بِحَرْفِ الْفَاءِ فَهُوَ عَلٰى هٰذَا الْخِلَافِ فِيْمَا ذَكَرَ الْكَرْخِيُّؒ وَذَكَرَ الْفَقِيْهُ اَبُو اللَّيْثِؒ اَنَّهُ يَقَعُ وَاحِدَةٌ بِالْاِتِّفَاقِ لِاَنَّ الْفَاءَ لِلتَّعْقِيْبِ وَهُوَ الْاَصَحُّ.

ترجمہ ...... اور اگر غیر مدخول بہا سے کہا اگر تو مکان میں داخل ہوئی تو تجھ کو ایک طلاق ہے اور ایک، پھر داخل ہوگئی تو اس پر امام صاحبؒ کے نزدیک ایک واقع ہوگی۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ دو واقع ہو جائیں گی۔ اور اگر کہا اس سے تجھ کو ایک طلاق ہے اور ایک اگر تو داخل ہوئی مکان میں۔ پھر داخل ہوگئی تو بالاجماع دو واقع ہوں گی۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ حرف واو مطلق جمع کے لئے ہے۔ پس (دونوں طلاقیں) جمع ہو کر معلق ہوں گی۔ جیسا کہ جب دو کی صراحت کی ہو یا شرط کو مؤخر کیا ہو اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ جمع مطلق قران اور ترتیب کا احتمال رکھتی ہے پس اول کا اعتبار کرتے ہوئے دو واقع ہوں گی اور ثانی کا اعتبار کرتے ہوئے صرف ایک واقع ہوگی۔ جیسا کہ جب اس لفظ کے ساتھ فی الحال دیدے تو شک کی وجہ

سے ایک سے زائد واقع نہیں ہوگی۔ بخلاف اس صورت کے جبکہ شرط کو مؤخر کیا ہو۔ کیونکہ شرط اول کلام کو بدل دینے والی ہے۔ پس اول کلام شرط پر موقوف رہے گا۔ لہٰذا سب یکبارگی واقع ہونگی۔ اور اس صورت میں کوئی مغیر نہیں جبکہ شرط کو مقدم کیا ہو۔ پس موقوف نہیں رہا اور اگر حرف فاء کے ساتھ عطف کیا تو وہ اسی اختلاف پر ہے امام کرخیؒ کے ذکر کے مطابق۔ اور فقیہ ابواللیثؒ نے ذکر کیا کہ بالاتفاق ایک واقع ہوگی۔ کیونکہ فاء تعقیب کے لئے ہے اور یہی اصح ہے۔

**تشریح**......صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر متعدد طلاقیں شرط پر معلق کی گئیں ہیں اور ایک کا دوسری پر واؤ کے ذریعہ عطف کیا گیا ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں شرط مقدم ہوگی یا مؤخر اگر مؤخر ہے مثلاً کہا انت طالق واحدة وواحدة ان دخلت الدار پھر عورت گھر میں داخل ہوگئی تو بالاتفاق دونوں واقع ہوجائیں گی اور اگر شرط مقدم ہے مثلاً کہا ان دخلت الدار فانت طالق واحدة وواحدة۔ اور غیر مدخول بہا گھر میں داخل ہوگئی تو صاحبینؒ کے نزدیک اس صورت میں دو واقع ہوں گی اور امام صاحبؒ کے نزدیک ایک واقع ہوگی۔

**صاحبینؒ کی دلیل** ...... یہ ہے کہ کلمہ واؤ مطلقاً جمع کے لئے آتا ہے۔ لہٰذا دونوں طلاقیں جمع ہوکر معلق ہونگی اور یکبارگی واقع ہوں گی۔ جیسا کہ ان دخلت الدار فانت طالق ثنتین کہنے کی صورت میں دونوں طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔ کیونکہ حرف واو کے ساتھ جمع ایسا ہے جیسا کہ لفظ جمع کے ساتھ اور جس طرح شرط کو مؤخر کرنے کی صورت میں بالاتفاق دو واقع ہوتی ہیں اسی طرح تقدیم کی صورت میں بھی دو واقع ہونگی۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ مطلقاً جمع اتصال اور ترتیب دونوں کا احتمال رکھتی ہے پس اگر اتصال کے معنی کی رعایت لی جائے تو دو واقع ہوں گی اور اگر ترتیب کے معنی کا لحاظ کیا جائے تو ایک واقع ہوگی۔ جیسا کہ انت طالق واحدة وواحدة طلاق منجز میں صرف ایک واقع ہوگی۔ پس معلوم ہوا کہ ایک طلاق سے زائد میں شک ہے اور شک کی وجہ سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔ اس لئے ایک سے زیادہ واقع نہیں ہوگی۔

صاحبینؒ نے تقدم شرط کی صورت کو تاخیر شرط کی صورت پر قیاس کیا ہے ہم کہتے ہیں کہ یہ قیاس صحیح نہیں۔ کیونکہ تاخیر کی صورت میں شرط اول کلام کو بدل دینے والی ہے۔ لہٰذا اول کلام شرط پر موقوف رہے گا پس وجودِ شرط کے بعد دونوں طلاقیں دفعۃً واقع ہوجائیں گی۔ اور تقدیم کی صورت میں اول کلام کو بدل دینے والی کوئی چیز موجود نہیں۔ پس اول کلام آخر کلام پر موقوف بھی نہیں ہوگا۔ اس وجہ سے دونوں طلاقیں علی الترتیب واقع ہوں گی۔ اور عورت چونکہ غیر مدخول بہا ہے اس لئے وہ واحدہ اولیٰ سے بائنہ ہوجائے گی اور ثانیہ واقع نہیں ہوگی۔ اسی طرح انت طالق ثنتین پر قیاس کرنا صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ثنتین کی تصریح کے وقت ترتیب کا احتمال ہی نہیں رہا۔ اور حرف واو کے ساتھ ترتیب کا احتمال ہے۔ پس اس فرق کے ہوتے ہوئے قیاس کرنا، قیاس مع الفارق ہوگا۔

اور اگر حرف فاء کے ساتھ عطف کیا۔ مثلاً کہا انت طالق واحدة فواحدة پس امام کرخیؒ کے بیان کے مطابق یہ بھی مختلف فیہ ہے۔ یعنی امام صاحبؒ کے نزدیک ایک اور صاحبینؒ کے نزدیک دو واقع ہوں گی گویا امام کرخیؒ نے عطف بالواؤ اور عطف بالفاء کو برابر کردیا حالانکہ یہ صحیح نہیں۔

اور فقیہ ابواللیثؒ فرماتے ہیں کہ عطف بالفاء کی صورت میں بالاتفاق ایک طلاق واقع ہوگی اور یہی اصح ہے کیونکہ فاء تعقیب یعنی ترتیب حکم پر دلالت کرنے کے لئے آتا ہے۔

# قسم ثانی ...... کنایات کا بیان

## الفاظ کنائی میں نیت یا دلالت حال سے طلاق واقع ہوتی ہے

**اَمَّا الضَّرْبُ الثَّانِیْ وَھُوَ الْکِنَایَاتُ لَا یَقَعُ بِھَا الطَّلَاقُ اِلَّا بِالنِّیَّةِ اَوْ بِدَلَالَةِ الْحَالِ لِاَنَّھَا غَیْرُ مَوْضُوْعَةٍ لِلطَّلَاقِ**

بَلْ تَحْتَمِلُهُ وَغَيْرَهُ فَلَا بُدَّ مِنَ التَّعْيِيْنِ اَوْ دَلَالَتِهِ.

---

ترجمہ..... اور بہر حال قسم ثانی وہ کنایات ہیں ان کے ذریعہ طلاق واقع نہیں ہوگی مگر نیت کے ساتھ یا دلالت حال کے ساتھ۔ کیونکہ کنایات طلاق کے لئے موضوع نہیں ہیں۔ بلکہ طلاق اور غیر طلاق دونوں کا احتمال رکھتے ہیں۔ پس تعیین یا دلالت تعیین ضروری ہے۔

تشریح..... مصنفؒ جب قسم اول یعنی صریح الطلاق کے بیان سے فارغ ہو گئے تو قسم ثانی یعنی کنایات کو بیان فرمارہے ہیں۔ کنایہ وہ ہے جس کی مراد مستتر اور مخفی ہو۔ اور کنایہ کا حکم یہ ہے کہ اس پر عمل کرنا واجب نہیں ہوگا۔ مگر یہ کہ نیت پائی جائے یا نیت کے قائم مقام دلالتِ حال وغیرہ پائی جائے۔ دلیل یہ ہے کہ الفاظ کنایہ صرف طلاق کے لئے وضع نہیں کئے گئے ہیں بلکہ طلاق اور غیر طلاق دونوں کا احتمال رکھتے ہیں۔ لہٰذا نیت کے ساتھ ایک معنی کو متعین کرنا ضروری ہے یا کم از کم تعیین معنی کے لئے دلالت پائی جائے۔

## طلاق کنائی کی دو قسمیں..... تین الفاظ کنائی سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے

قَالَ وَهِيَ عَلَى ضَرْبَيْنِ مِنْهَا ثَلٰثَةُ اَلْفَاظٍ يَقَعُ بِهَا طَلَاقٌ رَجْعِيٌّ وَلَا تَقَعُ بِهَا اِلَّا وَاحِدَةٌ وَ هِيَ قَوْلُهُ اِعْتَدِّيْ وَاسْتَبْرِئِيْ رِحْمَكِ وَاَنْتِ وَاحِدَةٌ اَمَّا الْاُوْلٰى فَلِاَنَّهَا تَحْتَمِلُ الْاِعْتِدَادَ عَنِ النِّكَاحِ وَ تَحْتَمِلُ اِعْتِدَادَ نِعَمِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاِنْ نَوَى الْاَوَّلَ تَعَيَّنَ بِنِيَّةٍ فَيَقْتَضِيْ طَلَاقًا سَابِقًا وَالطَّلَاقُ يُعْقِبُ الرَّجْعَةَ وَاَمَّا الثَّانِيَةُ فَلِاَنَّهَا تُسْتَعْمَلُ بِمَعْنَى الْاِعْتِدَادِ لِاَنَّهُ تَصْرِيْحٌ بِمَا هُوَ الْمَقْصُوْدُ مِنْهُ فَكَانَ بِمَنْزِلَتِهِ وَ تَحْتَمِلُ الْاِسْتِبْرَاءَ لِيُطَلِّقَهَا وَاَمَّا الثَّالِثَةُ فَلِاَنَّهَا تَحْتَمِلُ اَنْ تَكُوْنَ نَعْتًا لِمَصْدَرٍ مَحْذُوْفٍ مَعْنَاهُ تَطْلِيْقَةً وَاحِدَةً فَاِذَا نَوَاهُ جُعِلَ كَاَنَّهُ قَالَهُ وَالطَّلَاقُ يُعْقِبُ الرَّجْعَةَ وَتَحْتَمِلُ غَيْرَهُ وَ هُوَ اَنْ تَكُوْنَ وَاحِدَةً عِنْدَهُ اَوْ عِنْدَ قَوْمِهِ وَ لَمَّا احْتَمَلَتْ هٰذِهِ الْاَلْفَاظُ الطَّلَاقَ وَغَيْرَهُ يُحْتَاجُ فِيْهِ اِلَى النِّيَّةِ وَلَا تَقَعُ اِلَّا وَاحِدَةٌ لِاَنَّ قَوْلَهُ اَنْتِ طَالِقٌ فِيْهَا مُقْتَضًى اَوْ مُضْمَرٌ وَلَوْ كَانَ مُظْهَرًا لَا تَقَعُ بِهَا اِلَّا وَاحِدَةٌ فَاِذَا كَانَ مُضْمَرًا اَوْلٰى وَفِيْ قَوْلِهِ وَاحِدَةٌ اِنْ صَارَ الْمَصْدَرُ مَذْكُوْرًا لٰكِنَّ التَّنْصِيْصَ عَلَى الْوَاحِدَةِ يُنَافِيْ نِيَّةَ الثَّلٰثِ وَلَا مُعْتَبَرَ بِاِعْرَابِ الْوَاحِدَةِ عِنْدَ عَامَّةِ الْمَشَايِخِ وَ هُوَ الصَّحِيْحُ لِاَنَّ الْعَوَامَّ لَا يُمَيِّزُوْنَ بَيْنَ وُجُوْهِ الْاِعْرَابِ.

---

ترجمہ..... اور کنایات دو قسم پر ہیں۔ ان میں سے تین الفاظ ایسے ہیں جن سے طلاق رجعی واقع ہوگی۔ اور ان میں سے صرف ایک واقع ہوگی۔ اور وہ اس کا قول اعتدی و استبرئی رحمك اور انت واحدة ہے۔ بہر حال (کلمہ) اولیٰ تو اس لئے کہ وہ احتمال رکھتا ہے نکاح سے شمار کرنے کا اور اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنے کا۔ پس اگر اول کی نیت کی تو اس کی نیت سے (یہ معنی) متعین ہو گئے پس تقاضا کرے گا طلاق سابق کا۔ اور طلاق کے بعد رجعت ہوتی ہے۔ اور بہر حال دوسرا (کلمہ) تو اس لئے کہ وہ مستعمل ہے عدت گذرنے کے معنی میں۔ کیونکہ یہ (کلمہ ثانیہ) اس چیز کی صراحت ہے جو عدت سے مقصود ہے۔ پس ہوگا بمنزلہ اعتداد کے۔ اور احتمال رکھتا ہے استبراء کا تاکہ اس کو طلاق دے سکے۔ اور بہر حال (کلمہ) ثالثہ تو وہ احتمال رکھتا ہے یہ کہ مصدر محذوف کی صفت ہو۔ اس کے معنی ہوں تطليقة واحدة، پس جب اس کی نیت کی تو بنا دیا گیا گویا کہ کہا وہ اور طلاق کے بعد رجعت ہوتی ہے۔ اور اس کے غیر کا بھی احتمال رکھتی ہے۔ وہ یہ کہ عورت یکتا ہو اس کے نزدیک یا اس کی قوم کے نزدیک اور جب یہ الفاظ طلاق اور غیر طلاق کا احتمال رکھتے ہیں تو (طلاق کے معنیٰ مراد لینے میں) محتاج نیت ہوگا۔ اور صرف ایک واقع ہوگی۔ اس لئے کہ اس کا قول انت طالق ان الفاظ میں مقتضیٰ ہے یا مضمر ہے۔ اور اگر (اس کا قول انت طالق) ظاہر ہوتا تو اس سے صرف ایک واقع ہوتی۔ پس جب مقدر ہے تو بدرجہ

اولیٰ (ایک واقع ہوگی) اور اس کے قول واحدۃ میں اگر چہ مصدر مذکور ہے لیکن واحدۃ کی تصریح تین کی نیت کے منافی ہے۔ اور عام مشائخؒ کے نزدیک واحدۃ کے اعراب کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اور یہی صحیح ہے۔ کیونکہ عوام وجوہ اعراب کے درمیان امتیاز نہیں کر سکتے۔

تشریح ...... فرماتے ہیں کہ کنایہ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جس سے ایک رجعی واقع ہوگی۔ اور ایک وہ جس سے ایک بائنہ واقع ہوگی۔ قسم اول کے تین الفاظ ہیں:

۱) اعتدی. ۲) استبرئی رحمك. ۳) انت واحدة.

ان تینوں الفاظ میں سے ہر ایک کے لئے دو، دو معنی کا احتمال ضروری ہے تا کہ نیت یا دلالت حال کے ساتھ ایک کو متعین کیا جا سکے۔ چنانچہ کلمہ اولیٰ (اعتدی) میں دو معنی کا احتمال ہے بایں طور کہ ایک معنی ہیں شمار کر تو ایام عدت۔ اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ اللہ کی نعمتوں کو شمار کر۔ پس اگر شوہر نے معنی اول کی نیت کی تو اس کی نیت سے معنی اول متعین ہو جائیں گے اور یہ معنی طلاق کے مقدم ہونے کا تقاضا کرے گا۔ کیونکہ امر بالاعتداد بغیر طلاق کے صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا طلاق کو سابقاً مقدر ماننا ضروری ہے۔

اور دوسرا کلمہ (استبرئی رحمك) سو اس میں بھی دو معنی کا احتمال ہے ایک یہ کہ عدت گذار تو کیونکہ عدت گذرنے سے مقصود ہی رحم کو پاک کرنا ہے تو گویا مقصود عدت کو صراحۃً ذکر کر دیا گیا ہے۔ پس استبرئی رحمك، اعتدی کے مرتبہ میں ہوگا اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ حیض سے رحم کو پاک کرتا کہ مسنون طریقہ پر طلاق دی جا سکے۔ اس صورت میں بھی اگر معنی اول کی نیت کی تو اس کی نیت سے معنیٰ اول متعین ہو جائیں گے اور یہ معنی طلاق سابق کا مقتضی ہوگا۔ اور رہا تیسرا کلمہ یعنی انت واحدة سو اس میں بھی دو معنی کا احتمال ہے اول یہ کہ واحدۃ کو مصدر محذوف کی صفت قرار دیا جائے۔ یعنی تطلیقۃ واحدۃ اور دوسرے معنی یہ کہ شوہر اس کی تعریف کرتا ہوا کہتا ہے کہ تو میرے نزدیک زمانہ میں یکتا ہے۔ یا تو میری قوم میں یکتا ہے یعنی تجھ جیسی کوئی دوسری عورت نہیں ہے۔ پس اس صورت میں بھی اگر معنی اول کی نیت کی تو گویا اس نے انت تطلیقۃ واحدۃ کہا اور اس کلام سے طلاق رجعی واقع ہو جاتی ہے۔ لہٰذا انت واحدة سے بھی ایک رجعی واقع ہوگی۔

خلاصہ یہ کہ جب یہ الفاظ ثلاثہ طلاق اور غیر طلاق دونوں کا احتمال رکھتے ہیں تو معنی طلاق مراد لینے کے لئے نیت کا ہونا ضروری ہے اور ان الفاظ سے ایک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ اول کے دو لفظوں یعنی اعتدی اور استبرئی رحمک میں انت طالق اقتضاء ثابت ہے اور تیسرے کلمہ یعنی انت واحدۃ میں طلاق مقدر ہے اور اس کا قول انت طالق یا تطلیقۃ اگر ظاہر ہوتا تو صرف ایک طلاق واقع ہوتی۔ پس جب لفظ طلاق مقدر ہے تو بدرجہ اولیٰ ایک واقع ہوگی۔

و فی قوله واحدة سے ایک اشکال کا جواب ہے اشکال یہ ہے کہ انت واحدۃ میں مصدر طلاق مذکور ہے۔ پس تین طلاقوں کی نیت کرنا صحیح ہونا چاہئے۔ جواب واحدۃ کی تصریح تین کی نیت کے منافی ہے۔ اس وجہ سے واحدۃ کے ساتھ تین کی نیت کرنا صحیح نہیں ہے۔

صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ انت واحدۃ میں واحدۃ کے اعراب کا اعتبار نہیں کیا گیا ہے واحدۃ منصوب پڑھا جائے یا مرفوع یا سکون کے ساتھ تینوں صورتوں میں طلاق واقع ہو جائے گی عام مشائخؒ کی یہی رائے ہے اور یہی صحیح ہے۔ اور بعض مشائخؒ کی رائے یہ ہے کہ اگر واحدۃ نصب کے ساتھ ہے تو طلاق واقع ہو جائے گی اگر چہ طلاق کی نیت نہ کی ہو۔ اور اگر رفع کے ساتھ ہے تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اگر چہ طلاق کی نیت کی ہو اور اگر سکون کے ساتھ پڑھا ہے تو محتاج نیت ہوگا۔ صحیح اول ہے کیونکہ عوام اعراب کی صورتوں میں امتیاز کرنے پر قادر نہیں ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## بقیہ کنایات سے طلاق کی نیت ہو تو ایک طلاق بائن اور اگر تین طلاق کی نیت ہو تو تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں

قَالَ وَبَقِيَّةُ الْكِنَايَاتِ اِذَا نَوىٰ بِهَا الطَّلَاقَ كَانَتْ وَاحِدَةً بَائِنَةً وَاِنْ نَوىٰ ثَلٰثاً كَانَ ثَلٰثاً وَاِنْ نَوىٰ ثِنْتَيْنِ كَانَتْ

وَاحِدَةً بَائِنَةً وَهٰذَا مِثْلُ قَوْلِهٖ اَنْتِ بَائِنٌ وَبَتَّةٌ وَبَتْلَةٌ وَحَرَامٌ وَحَبْلُكِ عَلٰى غَارِبِكِ وَالْحَقِيْ بِاَهْلِكِ وَخَلِيَّةٌ وَبَرِيَّةٌ وَوَهَبْتُكِ لِاَهْلِكِ وَسَرَّحْتُكِ وَفَارَقْتُكِ وَاَمْرُكِ بِيَدِكِ وَاخْتَارِيْ وَاَنْتِ حُرَّةٌ وَتَقَنَّعِيْ وَتَخَمَّرِيْ وَاسْتَبْرِئِيْ وَاغْرُبِيْ وَاخْرُجِيْ وَاذْهَبِيْ وَ قُوْمِيْ وَابْتَغِي الْاَزْوَاجَ لِاَنَّهَا تَحْتَمِلُ الطَّلَاقَ وَغَيْرَهٗ فَلَا بُدَّ مِنَ النِّيَّةِ.

ترجمہ..... اور باقی کنایات جب ان سے طلاق کی نیت کی تو ایک بائنہ ہوگی۔ اور اگر تین کی نیت کی تو تین ہوں گی۔ اور اگر دو کی نیت کی تو ایک بائنہ ہوگی۔ اور یہ مثلاً اس کا قول تو بائنہ ہے اور تو بتہ اور بتلہ ہے (قطع) اور (تو) حرام ہے اور تیری رسی تیری گردن پر ہے اور تو اپنے گھر والوں کے ساتھ مل جا۔ اور (تو) چھٹی ہوئی ہے اور (تو) بری ہے۔ اور میں نے تجھ کو تیرے گھر والوں کو ہبہ کر دیا۔ اور میں نے تجھ کو چھوڑ دیا۔ اور میں نے تجھ سے مفارقت کی۔ اور تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے اور اختیار کر تو۔ اور تو آزاد ہے۔ تو قناع (چہرہ پر) ڈال لے۔ تو خمار اوڑھ۔ تو پردہ کر۔ تو دور ہو جا۔ تو نکل جا۔ تو چلی جا۔ تو کھڑی ہو جا۔ اور تو اپنی جوڑی تلاش کر۔ کیونکہ یہ الفاظ طلاق اور غیر طلاق کا احتمال رکھتے ہیں لہٰذا نیت ضروری ہے۔

تشریح..... یہاں مصنف علیہ الرحمۃ کنایات کی قسم دوم بیان فرما رہے ہیں یعنی مذکور تین الفاظ کے علاوہ باقی الفاظ کنایہ سے ایک طلاق بائن واقع ہوگی۔ اگر ایک کی نیت کی ہے یا دو کی اور اگر تین کی نیت کی ہے تو تین واقع ہوں گی۔ عبارت میں جس قدر الفاظ کنایہ بیان کئے گئے ہیں تمام میں طلاق اور غیر طلاق دونوں کا احتمال ہے۔ اس وجہ سے معنی طلاق کو متعین کرنے کے لئے نیت ضروری ہے۔ اور ہر لفظ سے دو دو معنی کا نکالنا کوئی دشوار نہیں۔ مثلاً آخری کلمہ وابتغی الازواج ہے۔ اس کے ایک معنی ہیں کہ تو اپنی جوڑ کی عورتیں تلاش کرتا کہ تیرا دل بہلے۔ اور دوسرے معنی یہ ہیں کہ تو شوہروں کو تلاش کر۔ کیونکہ تو مجھ سے بائنہ ہوگئی۔ علیٰ ہٰذا القیاس واللہ اعلم بالصواب۔

## مذکورہ طلاق میں بغیر نیت طلاق، طلاق واقع ہو جاتی ہے

قَالَ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ فِيْ حَالَةِ مُذَاكَرَةِ الطَّلَاقِ فَيَقَعُ بِهَا الطَّلَاقُ فِي الْقَضَاءِ وَلَا يَقَعُ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ اللّٰهِ تَعَالٰى اِلَّا اَنْ يَنْوِيَهٗ قَالَ سَوّٰى بَيْنَ هٰذِهِ الْاَلْفَاظِ وَهٰذَا فِيْمَا لَا يَصْلُحُ رَدًّا وَالْجُمْلَةُ فِيْ ذٰلِكَ اَنَّ الْاَحْوَالَ ثَلٰثَةٌ حَالَةٌ مُطْلَقَةٌ وَ هِيَ حَالَةُ الرِّضَاءِ وَحَالَةُ مُذَاكَرَةِ الطَّلَاقِ وَحَالَةُ الْغَضَبِ وَالْكِنَايَاتُ ثَلٰثَةُ اَقْسَامٍ مَا يَصْلُحُ جَوَابًا وَرَدًّا وَمَا يَصْلُحُ جَوَاباً لَا رَدًّا وَمَا يَصْلُحُ جَوَابًا وَ يَصْلُحُ سَبًّا وَ شَتِيْمَةً فَفِيْ حَالَةِ الرِّضَاءِ لَا يَكُوْنُ شَيْءٌ مِنْهَا طَلَاقًا اِلَّا بِالنِّيَّةِ وَالْقَوْلُ قَوْلُهٗ فِيْ اِنْكَارِ النِّيَّةِ لِمَا قُلْنَا وَ فِيْ حَالَةِ مُذَاكَرَةِ الطَّلَاقِ لَمْ يُصَدَّقْ فِيْمَا يَصْلُحُ جَوَاباً وَلَا يَصْلُحُ رَدًّا فِي الْقَضَاءِ مِثْلُ قَوْلِهٖ خَلِيَّةٌ وَ بَرِيَّةٌ بَائِنٌ بَتَّةٌ حَرَامٌ اِعْتَدِّيْ اَمْرُكِ بِيَدِكِ اِخْتَارِيْ لِاَنَّ الظَّاهِرَ اَنَّ مُرَادَهُ الطَّلَاقُ عِنْدَ سُؤَالِ الطَّلَاقِ يُصَدَّقُ فِيْمَا يَصْلُحُ جَوَاباً وَ رَدًّا مِثْلُ قَوْلِهٖ اِذْهَبِيْ اُخْرُجِيْ قُوْمِيْ تَقَنَّعِيْ تَخَمَّرِيْ وَمَا يَجْرِيْ هٰذَا الْمَجْرٰى لِاَنَّهٗ يَحْتَمِلُ الرَّدَّ وَهُوَ الْاَدْنٰى فَحُمِلَ عَلَيْهِ وَ فِيْ حَالَةِ الْغَضَبِ يُصَدَّقُ فِيْ جَمِيْعِ ذٰلِكَ لِاِحْتِمَالِ الرَّدِّ اَوِ السَّبِّ اِلَّا فِيْمَا يَصْلُحُ لِلطَّلَاقِ وَلَا يَصْلُحُ لِلرَّدِّ وَالشَّتْمِ كَقَوْلِهٖ اِعْتَدِّيْ وَاخْتَارِيْ وَاَمْرُكِ بِيَدِكِ فَاِنَّهٗ لَا يُصَدَّقُ فِيْهَا لِاَنَّ الْغَضَبَ يَدُلُّ عَلٰى اِرَادَةِ الطَّلَاقِ وَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ فِيْ قَوْلِهٖ لَا مِلْكَ لِيْ عَلَيْكِ وَلَا سَبِيْلَ لِيْ عَلَيْكِ وَ خَلَّيْتُ سَبِيْلَكِ وَ فَارَقْتُكِ اَنَّهٗ يُصَدَّقُ فِيْ حَالَةِ الْغَضَبِ لِمَا فِيْهَا مِنِ احْتِمَالِ مَعْنَى السَّبِّ.

ترجمہ ..... کہا مگر یہ کہ مذاکرہ طلاق کی حالت میں ہو تو ان الفاظ سے طلاق واقع ہو جائے گی۔ قضاءً اور فیما بینہ و بین اللہ واقع نہیں ہوگی۔ مگر یہ کہ طلاق کی نیت کرے۔ مصنفؒ نے فرمایا کہ (قدوری) نے ان الفاظ کو برابر کر دیا۔ حالانکہ (یہ حکم جو قدوری نے بیان فرمایا ہے) ان الفاظ میں ہے جو رد کی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں اس بارے میں حاصل یہ ہے کہ حالتیں تین ہیں۔

(۱) مطلقہ اور یہ رضا مندی کی حالت ہے۔ (۲) طلاق کے ذکر واذکار کی حالت (۳) غصہ کی حالت

اور کنایات بھی تین قسم کے ہیں۔

۱) ..... وہ جو جواب اور رد دونوں کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ ۲) ..... جو جواب کی صلاحیت رکھتے ہوں نہ کہ رد کی۔

۳) ..... جو جواب کی صلاحیت رکھتے ہوں اور گالی گلوچ کی۔

پس رضا مندی کی حالت میں ان الفاظ میں سے کوئی لفظ طلاق نہیں ہوگا۔ مگر نیت کے ساتھ۔ اور نیت کے انکار کرنے میں شوہر ہی کا قول (معتبر) ہوگا۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے کہا اور مذاکرہ طلاق کے وقت قضاءً تصدیق نہیں کی جائے گی۔ ان الفاظ میں جو جواب ہو سکتے ہیں اور رد نہیں ہو سکتے۔ مثلاً اس کا قول خلیۃ بریۃ، بائن، بتۃ حرام، اعتدی، امرک بیدک۔ اختاری، کیونکہ ظاہر یہی ہے کہ اس کی مراد طلاق ہے طلاق کے سوال کے وقت۔ اور تصدیق کی جائے گی ان الفاظ میں جو جواب اور رد دونوں کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ مثلاً اس کا قول اذهبی، اخرجی، قومی، تقنعی، تخمری اور جو اس کے قائم مقام ہو۔ کیونکہ یہ رد کا احتمال رکھتا ہے اور رد ادنیٰ ہے لہٰذا اسی پر محمول کیا جائے گا۔ اور غصہ کی حالت میں ان تمام کنایات میں تصدیق کی جائے گی۔ رد کا یا گالی کا احتمال رکھنے کی وجہ سے۔ مگر ان الفاظ میں جو رد اور گالی کی صلاحیت نہ رکھتے ہوں اور طلاق کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ جیسے اس کا قول اعتدی، اختاری، امرك بيدك۔ کیونکہ ان الفاظ میں تصدیق نہیں کی جائے گی۔ کیونکہ غصہ، طلاق مراد لینے پر دلالت کرتا ہے۔ اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ اس کے قول میں کہ میری تجھ پر کوئی ملک نہیں اور نہ میری تجھ پر کوئی راہ ہے اور میں نے تیری راہ چھوڑ دی اور میں نے تجھ کو جدا کر دیا غصہ کی حالت میں تصدیق کی جائے گی۔ کیونکہ ان صورتوں میں گالی کے معنی کا احتمال رکھتا ہے۔

تشریح ..... سابقہ مسئلہ میں گذر چکا کہ الفاظ کنایہ کے ذریعہ بلانیت طلاق، طلاق واقع نہیں ہوگی۔ مگر یہ کہ مذاکرۂ طلاق کی حالت میں ہو۔ قدوریؒ کی اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ الفاظ کنایہ کے ساتھ بلانیت طلاق، طلاق واقع نہیں ہوگی۔ ہاں اگر میاں بیوی کے درمیان طلاق کا مذاکرہ ہو رہا ہے اور اسی حالت میں شوہر نے کسی لفظ کنایہ سے عورت کو مخاطب کیا تو اس حالت میں وقوع طلاق کے لئے نیت کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ بلانیت طلاق قضاءً طلاق واقع ہو جائے گی۔ اگر چہ دیانۃً فیما بینہ و بین اللہ بلانیت کے طلاق واقع نہیں ہوگی۔

صاحبِ ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ قدوری نے مذاکرہ طلاق کی حالت میں بلانیت وقوع طلاق کے بارے میں تمام الفاظ کنایہ کو برابر کر دیا۔ حالانکہ یہ حکم مطلق نہیں۔ بلکہ صرف ان الفاظ میں ہے جو رد کی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں۔ چنانچہ اس کی تفصیل یہ ہے کہ احوال تین ہیں۔

۱) حالت مطلقہ یعنی رضا مندی کی حالت۔

۲) مذاکرہ طلاق کی حالت مثلاً عورت اپنے شوہر سے طلاق کا سوال کر رہی ہے یا کوئی دوسرا آدمی اس کی طلاق کا اس کے شوہر سے سوال کر رہا ہے۔

۳) حالت غضب یعنی دونوں طرف سے غصہ کی باتیں ہو رہی ہیں۔

اسی طرح کنایات کی بھی تین قسمیں ہیں

۱) وہ الفاظ کنایہ جو جواب اور رد دونوں ہو سکتے ہیں۔ یعنی عورت کی جانب سے جو طلاق کا سوال کیا گیا ہے اس کا جواب بھی ہو سکتے ہیں اور اس کے کلام کا رد بھی۔

۲) وہ الفاظ جو جواب تو ہو سکتے ہیں لیکن رد نہیں ہو سکتے ۳) وہ الفاظ جو جواب بھی ہو سکتے ہیں اور گالم گلوچ بھی۔

اسی تفصیل کے بعد ان کے احکام ملاحظہ فرمائیے۔ فرماتے ہیں کہ رضا مندی کی حالت میں ان الفاظ میں سے کوئی لفظ بغیر نیت کے طلاق نہیں ہوگا۔ اور شوہر اگر نیت کا انکار کردے تو انکار نیت میں اس کا قول معتبر ہوگا۔ کیونکہ یہ تمام الفاظ طلاق اور غیر طلاق دونوں کا احتمال رکھتے ہیں۔ لہٰذا ایک احتمال کو متعین کرنے کے لئے نیت ضروری ہے اور مذاکرہ طلاق کی حالت میں شوہر کے قول لم انو الطلاق (میں نے طلاق کی نیت نہیں کی ہے) کی ان الفاظ میں جو جواب ہو سکتے ہیں اور رد نہیں ہو سکتے قضاءً تصدیق نہیں کی جائے گی۔ اور یہ آٹھ الفاظ ہیں خلیة، بریة، بائن، بتة، حرام، اعتدی، امرك بیدك، اختاری۔ دلیل یہ ہے کہ جب عورت نے طلاق کا سوال کیا اور شوہر نے ان الفاظ ثمانیہ میں سے کوئی لفظ جواب میں کہہ دیا تو ظاہر یہی ہے کہ شوہر کی مراد اس سے طلاق ہوگی۔ اور حاکم ظاہر پر عمل کرنے کا پابند ہے نہ کہ باطن پر البتہ وہ الفاظ جو جواب اور رد دونوں ہو سکتے ہیں ان میں شوہر کے قول لم انو الطلاق کی تصدیق کرلی جائے گی۔ اور وہ سات الفاظ ہیں۔ اذهبی، اخرجی، قومی، تقنعی، تخمری، اغربی، استتری۔ دلیل یہ ہے کہ یہ الفاظ طلاق کے علاوہ کا بھی احتمال رکھتے ہیں۔ اور رد ادنیٰ اور اسہل ہے لہٰذا رد پر محمول کیا جائے گا۔

اور حالت غضب میں تمام الفاظ کنایہ میں اس کے قول لم انو الطلاق کی تصدیق کرلی جائے گی کیونکہ ان الفاظ میں رد کا احتمال ہے یا گالی کا۔ مگر جو الفاظ صرف طلاق ہو سکتے ہیں رد اور گالی نہیں ہو سکتے ان میں شوہر کے قول لم انو الطلاق کی تصدیق نہیں کریں گے اور وہ تین لفظ ہیں۔ اعتدی، اختاری، امرك بیدك۔ دلیل یہ ہے کہ غصہ طلاق کے مراد لینے پر دلالت کرتا ہے۔ لہٰذا عدم نیت طلاق میں اس کے قول کی تصدیق نہیں کی جائے گی۔

امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ اگر حالتِ غضب میں شوہر نے کہا لا ملك لی علیك یا لا سبیل لی علیك یا خلیت سبیلك یا فارقتك۔ اور کہا کہ میں نے طلاق کی نیت نہیں کی ہے تو اس کی تصدیق کرلی جائے گی۔ کیونکہ ان الفاظ میں سب وشتم کے معنی کا احتمال بھی موجود ہے گالی کا احتمال بایں معنی ہے کہ:

لا ملك لی علیك کے معنی بیان کئے جائیں کہ تو اس قابل نہیں کہ میں اپنی ملک تیری طرف منسوب کروں اور لا سبیل لی علیك کے معنی بیان کئے جائیں کہ تیری بد خلقی اور انواع شر کی وجہ سے میری تجھ پر کوئی راہ نہیں۔ اور خلیت سبیلك کے معنی لئے جائیں میں نے تیری راہ چھوڑ دی تیری گندگی کی وجہ سے اور فارقتك کے معنی بیان کئے جائیں۔ میں نے تجھ کو جدا کردیا اپنے بستر سے تیری گندہ ذہنی اور عدم نظافت کی وجہ سے۔

## پہلے تین الفاظ کے علاوہ بقیہ کنایات میں طلاق بائن واقع ہوتی ہے...... امام شافعیؒ کا نقطۂ نظر

ثُمَّ وُقُوْعُ الْبَائِنِ بِمَا سِوَى الثَّلٰثَةِ الْاُوَلِ مَذْهَبُنَا وَ قَالَ الشَّافِعِيُّ يَقَعُ بِهَا رَجْعِيٌّ لِاَنَّ الْوَاقِعَ بِهَا طَلَاقٌ لِاَنَّهَا كِنَايَاتٌ عَنِ الطَّلَاقِ وَلِهٰذَا تُشْتَرَطُ النِّيَّةُ وَ يَنْتَقِصُ بِهَا الْعَدَدُ وَالطَّلَاقُ مُعْقِبٌ لِلرَّجْعَةِ كَالصَّرِيْحِ وَلَنَا اَنَّ تَصَرُّفَ الْاِبَانَةِ صَدَرَ مِنْ اَهْلِهٖ مُضَافًا اِلٰى مَحَلِّهٖ عَنْ وِلَايَةٍ شَرْعِيَّةٍ وَلَا خِفَاءَ فِي الْاَهْلِيَّةِ وَالْمَحَلِّيَّةِ وَالدَّلَالَةُ عَلَى الْوِلَايَةِ اَنَّ الْحَاجَةَ مَاسَّةٌ اِلٰى اِثْبَاتِهَا كَيْلَا يَنْسَدَّ عَلَيْهِ بَابُ التَّدَارُكِ وَلَا يَقَعُ فِيْ عُهْدَتِهَا بِالْمُرَاجَعَةِ مِنْ غَيْرِ قَصْدٍ وَ لَيْسَتْ بِكِنَايَاتٍ عَلَى التَّحْقِيْقِ لِاَنَّهَا عَوَامِلُ فِيْ حَقَائِقِهَا وَالشَّرْطُ تَعَيُّنُ اَحَدِ نَوْعَيِ الْبَيْنُوْنَةِ دُوْنَ الطَّلَاقِ وَانْتِقَاصُ الْعَدَدِ لِثُبُوْتِ الطَّلَاقِ بِنَاءً عَلٰى زَوَالِ الْوُصْلَةِ وَاِنَّمَا يَصِحُّ نِيَّةُ الثَّلٰثِ فِيْهَا لِتَنَوُّعِ الْبَيْنُوْنَةِ اِلٰى غَلِيْظَةٍ وَ خَفِيْفَةٍ وَ عِنْدَ اِنْعِدَامِ النِّيَّةِ يَثْبُتُ الْاَدْنٰى وَلَا تَصِحُّ نِيَّةُ الثِّنْتَيْنِ عِنْدَنَا خِلَافًا لِزُفَرَ لِاَنَّهٗ عَدَدٌ وَ قَدْ بَيَّنَّاهُ مِنْ قَبْلُ۔

---

ترجمہ...... پھر اول کے تین الفاظ کے علاوہ سے بائن کا واقع ہونا، ہمارا مذہب ہے اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ ان الفاظ کے ساتھ رجعی واقع ہوگی۔

کیونکہ ان الفاظ سے واقع ہونے والی طلاق ہے۔ اس لئے یہ الفاظ طلاق سے کنایہ ہیں۔ اور اسی وجہ سے نیت کی شرط لگائی گئی ہے اور ان الفاظ سے (طلاق کا) عدد بھی کم ہوجاتا ہے۔ اور طلاق کے بعد رجعت ہوتی ہے۔ جیسا کہ صریح الطلاق میں۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ بائن کرنے کا تصرف اس کے اہل سے صادر ہوا ہے (اور) اس کے محل کی طرف منسوب ہے۔ (اور تصرف کرنے والے کو) شرعی ولایت بھی (حاصل ہے) اور اہلیت اور محلیت میں تو کوئی خفاء ہی نہیں ہے۔ اور ولایت پر دلالت یہ ہے کہ ولایت کو ثابت کرنے کی حاجت موجود ہے۔ تاکہ شوہر پر تدارک کا دروازہ بند نہ ہوجائے۔ اور (تاکہ) شوہر بغیر قصد کے مراجعت کے ساتھ عورت کے ذمہ میں نہ پڑ جائے۔ اور (یہ الفاظ کنایہ) درحقیقت کنایہ عن الطلاق نہیں ہیں۔ کیونکہ یہ الفاظ اپنے حقیقی معانی میں عمل کرنے والے ہیں (مستعمل ہیں) اور شرط بینونت کی دو قسم میں سے ایک کو متعین کرنا ہے نہ کہ طلاق کو اور عدد کا کم ہونا طلاق کے ثابت ہونے کی وجہ سے ہے۔ بناء کرتے ہوئے تعلق کے زائل ہونے پر اور تین کی نیت صحیح ہے اس میں بینونت کے غلیظہ اور خفیفہ کی طرف منقسم ہونے کی وجہ سے اور عدم نیت کے وقت ادنیٰ ثابت ہوجائے گا اور ہمارے نزدیک دو کی نیت صحیح نہیں ہے۔ خلاف ہے امام زفرؒ کا کیونکہ دو عدد ہے اور ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

**تشریح** ...... صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ شروع کے تین الفاظ (اعتدی، استبرئی رحمک اور انت واحدۃ) سے طلاق رجعی کا واقع ہونا متفق علیہ ہے۔ مگر ان کے علاوہ باقی الفاظ کنایات سے طلاق بائن کا واقع ہونا ہمارا مذہب ہے۔ (احناف کا) اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ ان الفاظ کنایہ سے بھی طلاق رجعی واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ الفاظ کنایہ سے واقع ہونے والی شئ بھی طلاق ہے۔ کیونکہ یہ الفاظ کنایہ عن الطلاق ہیں۔ اور کنایہ عن الطلاق طلاق ہوتا ہے لہٰذا ان الفاظ سے جو واقع ہے وہ طلاق ہے اور چونکہ یہ الفاظ کنایہ عن الطلاق ہیں اسی وجہ سے نیت طلاق شرط ہے۔ اور الفاظِ کنایہ سے اگر طلاق دی گئی تو اس سے طلاق کا عدد کم ہوجاتا ہے۔ یعنی تین کے بجائے دو کا مالک رہ جائے گا۔ خلاصہ یہ کہ ان الفاظ کنایہ سے طلاق کا وقوع ہوگا اور طلاق کے بعد رجعت ہوتی ہے۔ جیسا کہ صریح الطلاق کے بعد رجعت ہوتی ہے۔ پس ثابت ہوگیا کہ الفاظ کنایہ سے بھی طلاق رجعی واقع ہوگی نہ کہ بائن۔

اور ہماری دلیل یہ ہے کہ بائن کرنے کا تصرف اس کے اہل سے صادر ہوا ہے اور اس کے محل کی طرف منسوب ہے۔ اور تصرف کرنے والے کو شرعی ولایت بھی حاصل ہے اور جو تصرف ایسا ہو وہ صحیح ہوتا ہے۔ لہٰذا بائن کرنے کا تصرف بھی صحیح ہوگا۔

اور شوہر کی اہلیت میں کوئی خفا نہیں ہے۔ کیونکہ کلام اہل ہی میں ہے اور عورت کا محلِ ابانت ہونا بھی ثابت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عورت بالاتفاق بینونت غلیظہ کا محل ہے۔

اور ایک بائن پر ولایت شرعی حاجت کی وجہ سے ثابت ہے کیونکہ بسا اوقات انسان اپنی بیوی سے انتہائی نفرت کرتا ہے اور اس کو ایسے طریقہ پر جدا کرنا چاہتا ہے کہ اس کے لئے رجوع کرنا بھی حلال نہ رہے اور ندامت کے وقت بغیر حلالہ کے تدارک کا امکان بھی باقی رہے اور یہ مقصد نہ طلاق رجعی سے پورا ہوسکتا ہے اور نہ ہی تین طلاقوں سے۔ طلاق رجعی سے تو اس لئے پورا نہیں ہوگا کہ بسا اوقات بلا ارادہ رجعت ثابت ہوجاتی ہے۔ مثلاً عورت اپنے آپ کو شوہر پر واقع کردے اور پھر شہوت کے ساتھ اس کا بوسہ لے لے تو رجعت ثابت ہوجائے گی حالانکہ شوہر کا ارادہ اس کو جدا رکھنے کا ہے اور تین طلاقوں سے یہ مقصد اس لئے پورا نہیں ہوگا کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدیں۔ اور حلالہ کرنے پر راضی نہیں ہے تو ایسی صورت میں اگر یہ شخص تجدید نکاح کے ذریعہ تدارک کرنا چاہے تو تدارک نہیں کرسکتا۔ کیونکہ اب تدارک کا دروازہ بند ہوگیا ہے۔ پس چونکہ ان صورتوں سے ضرورت پوری نہیں ہوتی۔ اس لئے شریعت نے ایک بائن کرنے کی اجازت دی ہے۔ تاکہ ایسے طریقہ پر جدائی بھی پائی جائے کہ اس کے لئے رجعت کی گنجائش نہ رہے۔ اور تجدید نکاح کے ذریعہ تدارک کا دروازہ بھی کھلا رہے۔ پس ثابت ہوگیا کہ شوہر کو ایک بائن واقع کرنے کی شرعاً ولایت حاصل ہے۔

**ولیست بکنایات** سے امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ ہم تسلیم نہیں کرتے کہ الفاظ کنایہ درحقیقت کنایہ عن الطلاق

ہیں۔ کیونکہ وہ اپنے حقیقی معانی میں مستعمل ہیں۔ اور کنایہ مجازاً کہہ دیا گیا۔ کیونکہ یہ الفاظ جس معنی کے ساتھ متصل ہیں اس میں خفاء ہے لیکن نیت طلاق کے بعد وہ خفا بھی زائل ہو گیا۔ پس یہ الفاظ اپنے حقیقی معنی میں عمل کریں گے اور جو لفظ اپنے حقیقی معنی میں عمل کرتا ہے وہ کنایہ نہیں ہوتا۔

والشرط تعیین سے بھی امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ حاصل جواب یہ ہے کہ نیت کی شرط لگانا اگر طلاق کی وجہ سے ہوتا تو آپ کی دلیل ہو جاتا مگر ایسا نہیں بلکہ وہ بینونت کی دو قسموں غلیظہ اور خفیفہ میں سے ایک متعین کرنے کے لئے ہے نہ کہ طلاق کے لئے۔ یعنی نیت طلاق بائن کے لئے شرط ہے نہ کہ مطلق طلاق کے لئے۔

وانتقاص العدد سے بھی امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب ہے۔ جواب یہ ہے کہ طلاق کے عدد کا کم ہونا بینونت کے ضمن میں طلاق کے ثابت ہونے کی وجہ سے ہے۔ کیونکہ طلاق بائن نکاح کے تعلق کو زائل کرنے کے لئے ہے اور جو چیز تعلق نکاح کو زائل کر دے اس سے عدد طلاق کم ہو جائے گا۔ تحقیق یہ ہے کہ نقص عدد اور طلاق بائن میں کوئی منافات نہیں ہے۔ پس نقص عدد اس کے طلاق بائن کی حیثیت سے ہوگا۔

وانما یصح نیت الثلاث سے سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر یہ الفاظ کنایہ اپنے حقیقی معانی میں عمل کرنے والے ہیں تو انت بائن میں تین طلاقوں کی نیت کرنا صحیح نہ ہونا چاہیے جیسے انت طالق میں تین طلاق کی نیت صحیح نہیں ہے۔ جواب تین طلاقوں کی نیت کا صحیح ہونا اس لئے نہیں کہ وہ فی نفسہ عمل کرنے والا ہے بلکہ اس وجہ سے کہ بینونت منقسم ہے غلیظہ اور خفیفہ کی طرف اور عدم نیت کے وقت ادنیٰ ثابت ہو جائے گا اور وہ ایک بائن ہے البتہ ہمارے نزدیک دو کی نیت کرنا صحیح نہیں ہے امام زفرؒ کا اختلاف ہے کیونکہ دو عدد محض ہے تفصیل ماقبل میں گذر چکی۔

## اعتدی، اعتدی، اعتدی سے پہلے طلاق کی نیت کی اور دوسری اور تیسری میں حیض کی نیت کی تو قضاءً تصدیق کی جائے گی

وَاِنْ قَالَ لَهَا اِعْتَدِّیْ اِعْتَدِّیْ اِعْتَدِّیْ وَ قَالَ نَوَیْتُ بِالْاُوْلٰی طَلَاقًا وَبِالْبَاقِیْ حَیْضاً دُیِّنَ فِی الْقَضَاءِ لِاَنَّهٗ نَوٰی حَقِیْقَةَ کَلَامِهٖ وَلِاَنَّهٗ یَاْمُرُ اِمْرَأَتَهٗ فِی الْعَادَةِ بِالْاِعْتِدَادِ بَعْدَ الطَّلَاقِ فَکَانَ الظَّاهِرُ شَاهِدًا لَهٗ وَاِنْ قَالَ لَمْ اَنْوِ بِالْبَاقِیْ شَیْئاً فَهِیَ ثَلٰثٌ لِاَنَّهٗ لَمَّا نَوٰی بِالْاُوْلٰی الطَّلَاقَ صَارَ الْحَالُ حَالَ مُذَاکَرَةِ الطَّلَاقِ فَتَعَیَّنَ الْبَاقِیَانِ لِلطَّلَاقِ بِهٰذِهِ الدَّلَالَةِ فَلَا یُصَدَّقُ فِیْ نَفْیِ النِّیَّةِ بِخِلَافِ مَا اِذَا قَالَ لَمْ اَنْوِ بِالْکُلِّ الطَّلَاقَ حَیْثُ لَا یَقَعُ شَیْءٌ لِاَنَّهٗ لَا ظَاهِرَ یُکَذِّبُهٗ وَبِخِلَافِ مَا اِذَا قَالَ نَوَیْتُ بِالثَّالِثَةِ الطَّلَاقَ دُوْنَ الْاُوْلَیَیْنِ حَیْثُ لَا یَقَعُ اِلَّا وَاحِدَةٌ لِاَنَّ الْحَالَ عِنْدَ الْاُوْلَیَیْنِ لَمْ تَکُنْ حَالَ مُذَاکَرَةِ الطَّلَاقِ وَ فِیْ کُلِّ مَوْضِعٍ یُصَدَّقُ الزَّوْجُ عَلٰی نَفْیِ النِّیَّةِ اِنَّمَا یُصَدَّقُ مَعَ الْیَمِیْنِ لِاَنَّهٗ اَمِیْنٌ فِی الْاِخْبَارِ عَمَّا فِیْ ضَمِیْرِهٖ وَالْقَوْلُ قَوْلُ الْاَمِیْنِ مَعَ الْیَمِیْنِ.

---

ترجمہ...... اور اگر عورت سے کہا تو عدت گذار، تو عدت گذار، تو عدت گذار اور کہا کہ میں نے پہلے (لفظ) سے طلاق کا ارادہ کیا اور باقی سے حیض کا تو قضاءً تصدیق کی جائے گی۔ کیونکہ اس نے اپنے کلام کی حقیقت کی نیت کی ہے اور اس لئے کہ عادۃً اپنی بیوی کو عدت کا حکم طلاق کے بعد دیتا ہے۔ پس ظاہر بھی اسی کے واسطے شاہد ہوگا اور اگر کہا کہ میں نے باقی سے کچھ نیت نہیں کی ہے تو یہ تین ہوں گی۔ کیونکہ جب پہلی سے طلاق کی نیت کی تو مذاکرہ طلاق کی حالت ہو گئی۔ پس باقی دو بھی اس دلالت سے طلاق کے لئے متعین ہوں گی۔ لہٰذا نیت کی نفی کرنے میں تصدیق نہیں کی جائے گی۔ بخلاف اس صورت کے جب کہا کہ میں نے تمام سے طلاق کی نیت نہیں کی۔ چنانچہ کچھ واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ ظاہر اس کی تکذیب نہیں کرتا ہے۔ اور بخلاف اس صورت کے جب کہا کہ میں نے تیسرے کلمہ سے طلاق کی نیت کی ہے نہ کہ پہلے دو کلموں سے۔ چنانچہ نہیں واقع ہوگی مگر ایک اس لئے کہ اولین کے وقت مذاکرہ طلاق کی حالت نہیں تھی۔ اور ہر وہ جگہ کہ شوہر کی تصدیق کی جائے نیت کی نفی پر تصدیق کی جائے یمین کے ساتھ۔ کیونکہ

شوہر امین ہے اس چیز کی خبر دینے میں جو اس کے دل میں ہے اور امین کا قول مع الیمین معتبر ہوتا ہے۔

تشریح ..... (صورتِ مسئلہ): اگر شوہر نے اپنی منکوحہ کو تین بار اعتدی کہا اور کہا کہ میں نے اول سے طلاق اور دوسرے اور تیسرے لفظ سے حیض کی نیت کی ہے تو قضاءً اس کی تصدیق کی جائے گی۔ یہی قول امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا ہے۔ دلیل یہ ہے کہ اس شخص نے لفظ ثانیہ اور ثالثہ سے اپنے کلام کے حقیقی معنی کی نیت کی ہے اور پہلے لفظ سے اپنے کلام کے محتمل کی۔ اس وجہ سے دونوں نیتیں قضاءً معتبر ہوں گی۔ دلیل ثانی یہ ہے کہ انسان عادۃً اپنی بیوی کو طلاق کے بعد عدت کا حکم دیتا ہے۔ لہٰذا ظاہر بھی اس کا شاہد ہے۔ اس وجہ سے بھی اس کی نیت قضاءً معتبر ہے۔ اور اگر شوہر نے کہا کہ میں نے ثانیہ اور ثالثہ سے کچھ بھی نیت نہیں کی ہے تو اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہوں گی۔ کیونکہ جب اس شخص نے لفظ اولیٰ سے طلاق کی نیت کی ہے تو یہ حالت، مذاکرۃ الطلاق کی حالت ہوگی۔ پس دوسرا اور تیسرا کلمہ اس قرینہ کی وجہ سے طلاق کے لئے متعین ہوگا۔ اور اگر یہ شخص نیت کا انکار کرے اور کہے کہ میں نے دوسرے اور تیسرے لفظ سے کچھ نیت نہیں کی ہے تو اس کے قول کی تصدیق نہیں کی جائے گی۔

اس کے برخلاف اگر کہا کہ میں نے تینوں الفاظ سے طلاق کی نیت نہیں کی ہے تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ ایسا کوئی ظاہر نہیں ہے جو اس کے لئے مکذب بن جائے اور اگر اس نے تیسرے لفظ سے طلاق کی نیت کی ہے مگر پہلے دو لفظوں سے کوئی نیت نہیں کی تو صرف ایک واقع ہوگی کیونکہ اولین کے وقت مذاکرۂ طلاق کی حالت نہیں تھی۔

صاحب ہدایہؒ نے ایک ضابطہ بیان فرمایا ہے وہ یہ کہ جس مقام پر انکار نیت کے سلسلہ میں شوہر کے قول کی تصدیق کی جائے گی تو اس کا قول مع الیمین معتبر ہوگا دلیل یہ ہے کہ وہ شخص مافی الضمیر کی خبر دینے میں امین ہے۔ اور امین کا قول مع الیمین معتبر ہوتا ہے۔

**فوائد** ..... اس مسئلہ میں چند احتمالات ہیں

۱) تینوں الفاظ سے طلاق کی نیت کرے۔ ۲) فقط اولیٰ سے طلاق کی نیت کرے۔ ۳) اولیٰ سے فقط حیض کی نیت کرے۔

۴) پہلے دو لفظوں سے طلاق کی نیت کرے۔ ۵) اولیٰ اور ثالثہ سے طلاق کی نیت کرے۔ ۶) ثانیہ اور ثالثہ سے طلاق کی اور اولیٰ سے حیض کی نیت کرے۔

ان چھ صورتوں میں تین طلاقیں واقع ہوں گی۔

۷) ثانیہ سے طلاق کی نیت کرے۔ ۸) اولیٰ سے طلاق اور ثانیہ سے حیض کی نیت کرے۔ ۹) اولیٰ سے طلاق اور ثالثہ سے حیض کی نیت کرے۔

۱۰) بعد کے دو کلموں سے طلاق کی نیت کرے۔ ۱۱) پہلے دو کلموں سے فقط حیض کی نیت کرے۔ ۱۲) اولیٰ اور ثالثہ سے حیض کی نیت کرے۔

۱۳) اولیٰ اور ثانیہ سے طلاق کی نیت کرے اور ثالثہ سے حیض کی۔ ۱۴) اولیٰ اور ثالثہ سے طلاق کی اور ثانیہ سے حیض کی نیت کرے۔

۱۵) اولیٰ اور ثانیہ سے حیض اور ثالثہ سے طلاق کی نیت کرے۔ ۱۶) اولیٰ اور ثالثہ سے حیض اور ثانیہ سے طلاق کی نیت کرے۔

۱۷) ثانیہ سے فقط حیض کی نیت کرے۔

ان گیارہ صورتوں میں دو طلاقیں واقع ہوں گی۔

۱۸) تینوں کلموں سے حیض کی نیت کرے۔ ۱۹) ثالثہ سے فقط طلاق کی نیت کرے۔ ۲۰) ثالثہ سے فقط حیض کی نیت کرے۔

۲۱) ثانیہ سے طلاق اور ثالثہ سے حیض کی نیت کرے۔ ۲۲) ثانیہ اور ثالثہ سے حیض اور اولیٰ سے طلاق کی نیت کرے۔

۲۳) بعد والے دو کلموں سے فقط حیض کی نیت کرے۔

ان چھ صورتوں میں صرف ایک طلاق واقع ہوگی۔ اور اگر کوئی نیت نہیں کی ہے تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ فتح القدیر۔ واللہ اعلم بالصواب۔

# بابُ تفوِیضِ الطَّلَاقِ

ترجمہ...... یہ باب (غیر کی طرف) طلاق سپرد کرنے کے (بیان میں) ہے

تشریح...... اس باب کے تحت تین فصلیں بیان کی گئیں ہیں۔

۱) فصل فی الاختیار۔ ۲) فصل فی الامر بالید۔ ۳) فصل المشیۃ۔

## فَصْلٌ فِی الْاِخْتِیَارِ

ترجمہ...... (یہ) فصل اختیار کے (بیان میں) ہے

### اختاری ، طلقی نفسك سے عورت کا اختیار دینے کا حکم

وَاِذَاقَالَ لِامْرَأَتِہٖ اِخْتَارِیْ یَنْوِیْ بِذٰلِکَ الطَّلَاقَ اَوْ قَالَ لَھَا طَلِّقِیْ نَفْسَکِ فَلَھَااَنْ تُطَلِّقَ نَفْسَھَا مَا دَامَتْ فِیْ مَجْلِسِھَا ذٰلِکَ فَاِنْ قَامَتْ مِنْہُ اَوْ اَخَذَتْ فِیْ عَمَلٍ اٰخَرَ خَرَجَ الْاَمْرُ مِنْ یَدِھَا لِاَنَّ الْمُخَیَّرَۃَ لَھَا الْمَجْلِسُ بِاِجْمَاعِ الصَّحَابَۃِ عَنْھُمْ اَجْمَعِیْنَ وَلِاَنَّہٗ تَمْلِیْکُ الْفِعْلِ مِنْھَا وَالتَّمْلِیْکَاتُ تَقْتَضِیْ جَوَاباً فِی الْمَجْلِسِ کَمَا فِی الْبَیْعِ لِاَنَّ سَاعَاتِ الْمَجْلِسِ اُعْتُبِرَتْ سَاعَۃً وَاحِدَۃً اِلَّا اَنَّ الْمَجْلِسَ تَارَۃً یَتَبَدَّلُ بِالذِّھَابِ عَنْہُ وَمَرَّۃً بِالْاِشْتِغَالِ بِعَمَلٍ اٰخَرَ اِذْ مَجْلِسُ الْاَکْلِ غَیْرُ مَجْلِسِ الْمُنَاظَرَۃِ وَمَجْلِسُ الْقِتَالِ غَیْرُھُمَا.

---

ترجمہ...... (یہ) فصل اختیار کے (بیان میں) ہے۔ اور جب اپنی بیوی سے کہا اختاری درآنحالیکہ اس سے طلاق کی نیت کرتا ہے یا اس سے کہا طلقی نفسك تو عورت کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنے آپ کو طلاق دے۔ جب تک کہ وہ اپنی اس مجلس میں موجود ہے۔ پس اگر اس مجلس سے کھڑی ہوگئی یا دوسرے کام میں لگ گئی تو اختیار اس کے ہاتھ سے نکل گیا۔ کیونکہ جس جس عورت کو اختیار دیا گیا ہے اس کے واسطے مجلس ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اجماع کی وجہ سے اور اس لئے کہ (تفویض) اس کو فعل کا مالک بنانا ہے اور تملیکات مجلس میں جواب کا تقاضا کرتی ہیں جیسا کہ بیع میں۔ کیونکہ مجلس کی تمام ساعتیں ایک ساعت کے (مانند) شمار ہوتی ہیں۔ مگر یہ کہ مجلس کبھی اس سے چلے جانے سے بدل جاتی ہے اور کبھی دوسرے کام میں مشغول ہوجانے کی وجہ سے۔ کیونکہ مجلس اکل مناظرہ کی مجلس کا غیر ہے اور قتال کی مجلس ان دونوں کا غیر ہے۔

تشریح...... صورتِ مسئلہ واضح ہے اور دلیل منقول کا حاصل یہ ہے کہ قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ اس لفظ اختاری سے نیت کے باوجود طلاق واقع نہ ہو۔ کیونکہ شوہر اس لفظ سے طلاق واقع کرنے کا مالک نہیں ہے۔ چنانچہ اگر اس نے اخترتك من نفسی یا اخترت نفسی منك کہا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور انسان جس چیز کا خود مالک نہیں ہوتا دوسرے کو بھی اس کا مالک نہیں بنا سکتا ہے۔ لیکن اجماع صحابہ کی وجہ سے یہ قیاس ترک کردیا گیا ہے۔ کیونکہ حضرت عمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، ابن مسعودؓ، ابن عمرؓ، جابرؓ، زید بن ثابتؓ اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب مرد نے اپنی بیوی کو خیار دیدیا تو عورت کے لئے خیار ہے۔ جب تک کہ وہ اپنی اس مجلس میں موجود ہے پس جب وہ کھڑی ہوگئی تو اس کے لئے خیار نہیں ہے۔ چونکہ ان کے علاوہ سے خلاف منقول نہیں اس لئے یہ اجماع کے قائم مقام ہوگیا۔ اس اجماع سے عورت کے لئے خیار کا ثبوت بھی ہوگیا اور یہ بھی ثابت ہوگیا کہ یہ خیار مجلس کے ساتھ خاص رہے گا۔

دوسری دلیل عقلی...... یہ ہے کہ طلاق کا عورت کو اختیار دینا در حقیقت اس کو طلاق کا مالک بنانا ہے۔ اور تملیکات تقاضا کرتی ہیں کہ جواب مجلس میں ملنا چاہیے۔ جیسا کہ بیع میں۔ جس مجلس میں ایجاب ہوا سی میں قبول پایا جانا چاہیئے۔ کیونکہ مجلس کی تمام ساعتیں بمنزلہ ایک ساعت کے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر مجلس میں آیت سجدہ مکرر پڑھی گئی تو ایک ہی سجدہ واجب ہوگا۔ حاصل یہ کہ عورت مجلس میں طلاق واقع کر سکتی ہے مجلس بدل جانے کے بعد یہ اختیار باقی نہیں رہے گا۔ البتہ تبدل مجلس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ مجلس سے اٹھ کر چلا جائے۔ دوم یہ کہ اسی مجلس میں رہتے ہوئے دوسرا کام شروع کر دے۔ مثلاً کھانے پینے کی مجلس ہے اگر کھانے سے فراغت کے بعد اسی مجلس میں مناظرہ شروع کر دیا تو یہ بھی مجلس کا بدلنا شمار ہوگا۔

## عورت کا خیار مجلس سے قیام کے وقت ختم ہو جائے گا

**وَيَبْطُلُ خِيَارُهَا بِمُجَرَّدِ الْقِيَامِ لِاَنَّهُ دَلِيْلُ الْاِعْرَاضِ بِخِلَافِ الصَّرْفِ وَالسَّلَمِ لِاَنَّ الْمُفْسِدَ هُنَاكَ الْاِفْتِرَاقُ مِنْ غَيْرِ قَبْضٍ ثُمَّ لَابُدَّ مِنَ النِّيَّةِ فِيْ قَوْلِهِ اِخْتَارِيْ لِاَنَّهُ يَحْتَمِلُ تَخْيِيْرَهَا فِيْ نَفْسِهَا وَ يَحْتَمِلُ تَخْيِيْرَهَا فِيْ تَصَرُّفٍ اٰخَرَ غَيْرِهٖ.**

---

ترجمہ...... اور عورت کا خیار محض کھڑا ہونے سے باطل ہوگا۔ کیونکہ قیام اعراض کی دلیل ہے۔ بخلاف (بیع) صرف اور سلم کے۔ کیونکہ یہاں مفسد بغیر قبضہ کے مجلس سے جدا ہونا ہے۔ پھر نیت ضروری ہے اس کے قول اختاری میں۔ اس لئے کہ وہ احتمال رکھتا ہے عورت کے نفس میں اس کو اختیار دینے کا اور احتمال رکھتا ہے اس کو اختیار دینے کا دوسرے تصرف میں اس کے علاوہ۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ عورت کا خیار محض قیام عن المجلس سے باطل ہو جائے گا۔ دلیل یہ ہے کہ قیام اعراض اور روگردانی کی دلیل ہے اس کے برخلاف بیع صرف اور بیع سلم کہ ان میں بھی مجلس میں قبضہ کرنا ضروری ہے۔ لیکن محض قیام عن المجلس کی وجہ سے بیع صرف اور بیع سلم باطل نہیں ہوں گی۔ کیونکہ بیع صرف اور سلم کو فاسد کرنا بغیر قبضہ کے مجلس سے جدا ہو جانا ہے۔ اور محض قیام سے افتراق عن المجلس پایا نہیں گیا۔ اس وجہ سے بیع صرف اور سلم قیام عن المجلس سے باطل نہیں ہوں گے۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ شوہر کے قول لفظ اختاری میں طلاق کی نیت کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ اس لفظ میں طلاق اور غیر طلاق دونوں کا احتمال ہے۔ لہٰذا غیر طلاق کے احتمال کو زائل کرنے کے لئے طلاق کی نیت کرنا ضروری ہے۔

## اختاری کے جواب میں عورت نے نفس کو اختیار کر لیا تو ایک طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی

**فَاِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فِيْ قَوْلِهٖ اِخْتَارِيْ كَانَتْ وَاحِدَةً بَائِنَةً وَالْقِيَاسُ اَنْ لَّا يَقَعَ بِهٰذَا شَيْئٌ وَاِنْ نَوَى الزَّوْجُ الطَّلَاقَ لِاَنَّهُ لَا يَمْلِكُ الْاِيْقَاعَ بِهٰذَا اللَّفْظِ فَلَا يَمْلِكُ التَّفْوِيْضَ اِلٰى غَيْرِهٖ اِلَّا اَنَّا اِسْتَحْسَنَّاهُ لِاِجْمَاعِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَلِاَنَّهُ بِسَبِيْلٍ مِنْ اَنْ يَسْتَدِيْمَ نِكَاحَهَا اَوْ يُفَارِقَهَا فَيَمْلِكُ اِقَامَتَهَا مَقَامَ نَفْسِهٖ فِيْ حَقِّ هٰذَا الْحُكْمِ ثُمَّ الْوَاقِعُ بِهَا بَائِنٌ لِاَنَّ اِخْتِيَارَهَا نَفْسَهَا بِثُبُوْتِ اِخْتِصَاصِهَا بِهَا وَ ذٰلِكَ فِي الْبَائِنِ وَلَا يَكُوْنُ ثَلٰثًا وَ اِنْ نَوَى الزَّوْجُ ذٰلِكَ لِاَنَّ الْاِخْتِيَارَ لَا يَتَنَوَّعُ بِخِلَافِ الْاِبَانَةِ لِاَنَّ الْبَيْنُوْنَةَ قَدْ تَتَنَوَّعُ.**

---

ترجمہ...... پس اگر (اس عورت) نے اپنے آپ کو اختیار کیا اس کے قول لفظ اختاری کی صورت میں تو ایک بائنہ ہوگی۔ اور قیاس یہ ہے کہ اس سے کچھ واقع نہ ہو۔ اگر چہ شوہر نے طلاق کی نیت کی ہو۔ کیونکہ شوہر اس لفظ سے واقع کرنے کا مالک نہیں ہے۔ پس اپنے علاوہ کی طرف بھی سپرد کرنے کا مالک نہیں ہوگا۔ لیکن ہم نے اس کو استحساناً جائز جانا ہے۔ صحابہ ﷺ کے اجماع کی وجہ سے۔ اور اس لئے کہ شوہر کو یہ اختیار ہے کہ وہ اس کے نکاح کو برابر قائم رکھے یا اس کو جدا کر دے۔ پس شوہر اس عورت کو اپنا قائم مقام بنانے کا مالک ہوگا اس حکم میں۔ پھر اس سے بائنہ ہی واقع ہوگی۔ کیونکہ اس

عورت کا اپنے آپ کو اختیار کرنا نفس کے ساتھ عورت کے اختصاص کو ثابت کرنے کی وجہ سے ہے۔ اور یہ بات بائن میں ہوگی۔ اور تین نہیں ہونگی گرچہ شوہر نے اس کی نیت کی ہو۔ کیونکہ اختیار منقسم نہیں ہوتا ہے۔ بخلاف ابانت کے۔ اس لئے کہ بینونت منقسم ہوتی ہے۔

تشریح ...... (مسئلہ): شوہر کے لفظ اختاری کہنے کے بعد اگر عورت نے اسی مجلس میں اپنے نفس کو اختیار کر لیا تو یہ ایک طلاق سے بائنہ ہوگی۔ یہی قول حضرت علیؓ کا ہے۔ صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ اس لفظ سے کوئی طلاق واقع نہ ہو۔ اگر چہ شوہر نے طلاق کی نیت کی ہو۔ کیونکہ شوہر اس لفظ سے خود طلاق واقع کرنے کا مالک نہیں ہے۔ لہٰذا دوسرے کو مالک بنانے کا کیسے مالک ہوگا۔ مگر صحابہ رضی اللہ عنہم کے اجماع کی وجہ سے اس کو استحساناً جائز قرار دیدیا ہے۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ شوہر کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنی بیوی کے نکاح کو قائم رکھے یا اس کو جدا کردے۔ پس وہ اس اختیار میں اپنی بیوی کو اپنا قائم مقام بھی بنا سکتا ہے۔

صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ اس لفظ اختاری سے ایک بائنہ واقع ہوگی کیونکہ عورت کا اپنے نفس کو اختیار کرنا اسی وقت ثابت ہوگا جبکہ نفس کے ساتھ عورت کا اختصاص ثابت ہو جائے یعنی شوہر کی ملک زائل ہو جائے اور عورت اپنے نفس کی مالک ہو جائے اور ظاہر ہے کہ یہ بات طلاق بائن میں حاصل ہوگی۔

اور اگر شوہر نے تین طلاقوں کی نیت کی تو تین واقع نہیں ہوں گی۔ کیونکہ اختیار منقسم نہیں ہوتا۔ البتہ بینونت غلیظہ اور خفیفہ کی طرف منقسم ہو جاتی ہے۔ اس وجہ سے انت بائن میں تین طلاقوں کی نیت درست ہے۔ مگر اختیار کی صورت میں تین کی نیت صحیح نہیں ہے۔

## لفظ نفس زوجین میں سے کسی ایک کے کلام میں ہونا ضروری ہے

قَالَ وَلَا بُدَّ مِنْ ذِكْرِ النَّفْسِ فِيْ كَلَامِهٖ اَوْ فِيْ كَلَامِهَا حَتّٰى لَوْ قَالَ لَهَا اِخْتَارِيْ فَقَالَتْ قَدْ اِخْتَرْتُ فَهُوَ بَاطِلٌ لِاَنَّهٗ عُرِفَ بِالْاِجْمَاعِ وَ هُوَ فِي الْمُفَسَّرِ مِنْ اَحَدِ الْجَانِبَيْنِ وَلِاَنَّ الْمُبْهَمَ لَا يَصْلُحُ تَفْسِيْرًا لِلْمُبْهَمِ وَلَا تَعَيُّنَ مَعَ الْاِبْهَامِ.

---

ترجمہ ...... قدوریؒ نے کہا اور نفس کا ذکر ضروری ہے شوہر کے کلام میں یا عورت کے کلام میں حتیٰ کہ اگر عورت سے کہا اختاری۔ پھر عورت نے کہا اخترت تو یہ باطل ہے۔ کیونکہ یہ اجماع سے معلوم ہوا ہے اور اجماع اس میں ہے کہ احد الجانبین میں تفسیر کی گئی ہو۔ اور اس لئے کہ مبہم مبہم کی تفسیر بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے۔ اور ابہام کے ساتھ تعیین نہیں ہوتی ہے۔

تشریح ...... مسئلہ یہ ہے کہ لفظ اختیار سے طلاق واقع کرنے کے لئے زوجین میں سے کسی ایک کے کلام میں لفظ نفس یا اس کے قائم مقام کا مذکور ہونا ضروری ہے (نفس کا قائم مقام لفظ اختیارۃ اور تطلیقۃ ہے) چنانچہ اگر شوہر نے اختاری کہا اور عورت نے جواب میں اخترت کہہ دیا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ لفظ اختیار سے طلاق کا واقع ہونا صحابہؓ کے اجماع سے ثابت ہے۔ اور صحابہ کا اجماع اس صورت میں ہے جب کہ زوجین میں سے کسی ایک کے کلام میں لفظ نفس یا اس کا قائم مقام مذکور ہو۔ لہٰذا اجماع جس طرح وارد ہوا اسی طرح رکھا جائے گا کیونکہ یہ اجماع خلاف قیاس ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ یہاں شوہر کا قول اختاری مبہم ہے اور عورت کا قول جو اس کی تفسیر ہے وہ بھی مبہم ہے۔ اور ایک مبہم دوسرے مبہم کی تفسیر واقع نہیں ہوتا۔ اس وجہ سے بھی یہ کلام باطل ہوگا۔ اور اگر آپ اشکال کریں کہ شوہر نے طلاق کی نیت کر کے طلاق کو متعین کر دیا ہے تو جواب یہ ہوگا کہ جانبین میں ابہام رہتے ہوئے طلاق کو متعین نہیں کیا جا سکتا ہے۔

## مرد نے کہا اختاری نفسك عورت نے کہا اخترت تو ایک طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی

وَلَوْ قَالَ اِخْتَارِيْ نَفْسَكِ فَقَالَتْ اِخْتَرْتُ تَقَعُ وَاحِدَةً بَائِنَةً لِاَنَّ كَلَامَهٗ مُفَسَّرٌ وَ كَلَامُهَا خَرَجَ جَوَابًا لَهٗ

فَيَتَضَمَّنُ اِعَادَتَهٗ وَ كَذَا لَوْ قَالَ اِخْتَارِیْ اِخْتِيَارَةً فَقَالَتْ اِخْتَرْتُ لِاَنَّ الْهَاءَ فِي الْاِخْتِيَارَةِ تُنْبِئُ عَنِ الْاِتِّحَادِ وَالْاِنْفِرَادِ وَاِخْتِيَارُهَا نَفْسَهَا هُوَ الَّذِیْ يَتَّحِدُ مَرَّةً وَ يَتَعَدَّدُ اُخْرٰى فَصَارَ مُفَسَّرًا مِنْ جَانِبِهٖ وَلَوْقَالَ اِخْتَارِیْ فَقَالَتْ اِخْتَرْتُ نَفْسِیْ يَقَعُ الطَّلَاقُ اِذَانَوَى الزَّوْجُ لِاَنَّ كَلَامَهَا مُفَسَّرٌ وَ مَا نَوَاهُ الزَّوْجُ مِنْ مُحْتَمَلَاتِ كَلَامِهٖ.

ترجمہ..... اور اگر (شوہر) نے کہا تو اپنے نفس کو اختیار کر۔ عورت نے کہا میں نے اختیار کیا تو ایک بائنہ واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ مرد کا کلام تفسیر کے ساتھ واقع ہوا ہے اور عورت کا کلام اسی کے جواب میں نکلا ہے تو (یہ) مرد کے کلام کے لوٹانے کو متضمن ہوگا۔ اور ایسے ہی اگر کہا اختیار کر تو اختیار کرنا۔ کیونکہ اختیارۃ میں تا متحد اور منفرد ہونے کی خبر دیتی ہے۔ اور عورت کا اپنے نفس کو اختیار کرنا کبھی متحد ہوتا ہے اور کبھی متعدد ہوتا ہے تو مرد کی جانب سے کلام مفسر ہو گیا اور اگر مرد نے کہا اختیار کر تو عورت نے کہا میں نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ بشرطیکہ شوہر نے نیت کی ہو۔ اس لئے کہ عورت کا کلام مفسر واقع ہوا ہے۔ اور شوہر نے جس چیز کی نیت کی ہے وہ شوہر کے کلام کے محتملات میں سے ہے۔

تشریح..... (مسئلہ): مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا اختاری نفسک عورت نے جواب میں اخترت کہا لفظ نفس ذکر نہیں کیا۔ تو ایک طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ مرد کا کلام لفظ نفس مذکور ہونے کی وجہ سے مفسر ہے اور عورت کا کلام شوہر کے کلام کے جواب میں واقع ہوا ہے۔ لہٰذا عورت کا کلام شوہر کے کلام کے اعادہ کو متضمن ہوگا۔ کیونکہ قاعدہ ہے کہ جواب مافی السوال کے اعادہ کو متضمن ہوتا ہے۔ مثلاً کسی نے سوال کیا کہ کیا زید نے مارا۔ آپ نے جواب میں فرمایا جی ہاں، تو یہ لفظ جی ہاں۔ زید نے مارا کو متضمن ہے تو اب عورت کے جواب کا حاصل یہ ہوگا کہ جس چیز کا تو نے مجھ کو حکم دیا ہے اپنے اختیار سے۔ اس کو میں نے اختیار کیا۔ اور مرد نے اختیار دیا تھا نفس کے بارے میں۔ پس عورت کی جانب سے بھی نفس ہی کو اختیار کرنا ہوگا نہ کہ کسی اور چیز کو۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ مرد نے کہا اختاری اختیارۃ۔ عورت نے جواب میں اخترت کہا تو طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ اختیارۃ میں تا وحدت کے لئے ہے۔ اب شوہر کے کلام کا منشاء یہ ہوگا کہ شوہر اپنی عورت کو ایسی چیز کا اختیار دینا چاہتا ہے جس میں وحدت اور تعدد ہوتا ہے اور وحدت اور تعدد صرف اس میں ہے کہ عورت اپنے نفس کو اختیار کرے۔ اس لئے کہ اگر عورت نے ایک طلاق کے ساتھ اپنے نفس کو اختیار کیا ہے۔ تو اس اختیار میں وحدت پائی گئی اور اگر تین طلاقوں کے ساتھ اختیار دیا ہے تو اس اختیار میں تعدد ہوگا۔ پس شوہر کی جانب سے کلام مفسر ہو گیا گویا مرد نے کہا کہ تو اپنے نفس کو اختیار کر۔

تیسرا مسئلہ: اگر مرد نے کہا اختاری۔ عورت نے جواب میں کہا اخترت نفسی اور شوہر نے طلاق کی نیت کی ہے۔ تو اس صورت میں بھی ایک طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ عورت کا کلام تو مفسر ہے۔ اور شوہر نے جس چیز کی نیت کی ہے یعنی طلاق کی وہ اس کے کلام کے محتملات میں سے ہے۔

## شوہر نے اختاری کہا عورت نے انا اختار نفسی کہا تو طلاق واقع ہو جائے گی

وَلَوْ قَالَ اِخْتَارِیْ فَقَالَتْ اَنَا اَخْتَارُ نَفْسِیْ فَهِیَ طَالِقٌ وَالْقِيَاسُ اَنْ لَا تُطَلَّقَ لِاَنَّ هٰذَا مُجَرَّدُ وَعْدٍ اَوْ يَحْتَمِلُهٗ فَصَارَ كَمَا اِذَا قَالَ لَهَا طَلِّقِیْ نَفْسَكِ فَقَالَتْ اَنَا اُطَلِّقُ نَفْسِیْ وَجْهُ الْاِسْتِحْسَانِ حَدِيْثُ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا فَاِنَّهَا قَالَتْ لَا بَلْ اَخْتَارُ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ اعْتَبَرَهُ النَّبِیُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَوَابًا مِنْهَا وَلِاَنَّ هٰذِهِ الصِّيْغَةَ حَقِيْقَةٌ فِی الْحَالِ وَ تَجُوْزُ فِی الْاِسْتِقْبَالِ كَمَا فِیْ كَلِمَةِ الشَّهَادَةِ وَ اَدَاءِ الشَّهَادَةِ بِخِلَافِ قَوْلِهَا اُطَلِّقُ نَفْسِیْ لِاَنَّهٗ تَعَذَّرَ حَمْلُهٗ عَلَى الْحَالِ لِاَنَّهٗ لَيْسَ بِحِكَايَةٍ عَنْ حَالَةٍ قَائِمَةٍ وَلَا كَذٰلِكَ قَوْلُهَا اَنَا اَخْتَارُ نَفْسِیْ لِاَنَّهٗ حِكَايَةٌ عَنْ حَالَةٍ

قَائِمَةٍ وَ هُوَ اِخْتِيَارُهَا نَفْسَهَا.

ترجمہ......اور اگر مرد نے کہا اختیار کر تو، عورت نے کہا میں اختیار کرتی ہوں اپنے نفس کو تو یہ طالقہ ہے اور قیاس یہ ہے کہ طلاق واقع نہ ہو۔ کیونکہ یہ محض وعدہ ہے یا اس کا احتمال رکھتا ہے پس ایسا ہو گیا جیسا کہ عورت سے کہا تو اپنے آپ کو طلاق دیدے۔ اس نے کہا کہ میں اپنے نفس کو طلاق دیتی ہوں۔ وجہ استحسان حدیث عائشہؓ ہے۔ اس لئے کہ حضرت عائشہؓ نے کہا نہیں بلکہ میں اللہ اور اس کے رسول کو اختیار کرتی ہوں اور حضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ کی طرف سے اس کو معتبر جواب مانا ہے اور اس لئے کہ یہ (لفظ اختار) حال میں حقیقت ہے اور استقبال میں مجاز ہے۔ جیسا کہ کلمہ شہادت اور اداء شہادت میں بخلاف اس کے قول اطلق نفسی کے، کیونکہ اس کو حال پر محمول کرنا متعذر ہے۔ کیونکہ وہ حالت موجودہ کی حکایت نہیں ہے۔ اور اس کا قول اختار نفسی ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ وہ حالت قائمہ کی حکایت ہے اور وہ اس کا اپنے نفس کو اختیار کرنا ہے۔

تشریح......(صورت مسئلہ): مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا اختاری، بیوی نے کہا انا اختار نفسی۔ تو اس سے طلاق بائن واقع ہو جائے گی۔ اور قیاس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ طلاق واقع نہ ہو۔ وجہ قیاس یہ ہے کہ عورت نے اختار فعل مضارع استعمال کیا ہے اور فعل مضارع حال اور استقبال دونوں کا احتمال رکھتا ہے۔ پس اگر عورت نے استقبال مراد لیا تو یہ محض وعدہ ہوگا۔ اور محض وعدہ طلاق سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔ اور اگر حال مراد لیا ہے تو کم از کم استقبال کا احتمال ہے۔ پس یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسك اس کی بیوی نے جواب میں انا اطلق نفسی کہا اور اس سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔ لہٰذا انا اختار نفسی سے بھی طلاق واقع نہ ہونی چاہئے۔

وجہ استحسان حدیث عائشہؓ ہے۔ روایت کیا گیا ہے کہ جب آیت یٰایها النبی قل لازواجك ان کنتن تردن الحیٰوة الدنیا و زینتها فتعالین امتعکن و اسرحکن سراحا جمیلا نازل ہوئی تو حضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ میں تجھ کو ایک بات کی خبر دوں گا تو بغیر والدین کے مشورے کے جواب مت دینا۔ پھر آپ نے اس آیت کی خبر دی تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا کیا میں اس بارے میں ماں باپ سے مشورہ کروں نہیں۔ بلکہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور دار آخرت کو پسند کرتی ہوں۔ حضور ﷺ نے عائشہؓ کے اس جواب کا اعتبار کیا ہے۔ حالانکہ عائشہؓ نے صیغہ مضارع استعمال کیا جو استقبال کا احتمال رکھتا ہے، پس حدیث عائشہؓ سے معلوم ہوا کہ صیغہ مضارع سے بھی اختیار ثابت ہو جائے گا۔

دوسری وجہ استحسان......یہ ہے کہ صیغہ مضارع حال کے معنی میں حقیقت ہے اور استقبال میں مجاز ہے۔ اور حقیقت کا مراد لینا بھی ممکن ہے۔ لہٰذا یہاں حال کے معنی مراد ہوں گے جیسا کہ کلمہ شہادت اشهد ان لا الٰه الا الله و اشهد ان محمدًا عبده و رسوله میں ایمان کا اعتبار کیا ہے نہ کہ وعدہ ایمان کا۔ درآنحالیکہ اس میں صیغہ مضارع سے شہادت دی گئی ہے۔ اور ایسے ہی جب کسی گواہ نے کہا اشہد بکذا۔ اس میں حال مراد ہے پس جب یہ ثابت ہو گیا کہ حال حقیقت ہے تو مجاز یعنی استقبال کی طرف رجوع نہیں کیا جائے گا۔

صاحب ہدایہؒ فرماتے ہیں کہ انا اختار نفسی کو انا اطلق نفسی پر قیاس کرنا صحیح نہیں ہے۔ اس لئے کہ اطلق کو حال کے معنی پر محمول کرنا متعذر ہے اور اختار کو حال کے معنی پر محمول کرنا متعذر نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ طلاق دینا زبان کا عمل ہے نہ کہ دل کا۔ اور کسی چیز کو اختیار کرنا قلب کا عمل ہے۔ دوسری بات یہ ذہن نشین کر لیجئے کہ حکایت وجود محکی عنہ کا تقاضا کرتی ہے۔ پس جس کی حکایت کی گئی ہے وہ حکایت کرنے سے پہلے موجود ہونا چاہئے۔ پس لفظ اطلق کو حال پر محمول کرنا ناممکن اس لئے ہے کہ اگر حال کے معنی پر محمول کیا گیا تو یہ حکایت ہوگا۔ حالانکہ یہ کسی حالت موجودہ کی حکایت نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اس لفظ کا تلفظ کرنے سے پہلے کوئی ایسی چیز موجود نہیں جس کو محکی عنہ بنایا جاتا۔ برخلاف انا اختار کے۔ کیونکہ یہ لفظ حالت موجودہ کی حکایت ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اختیار قلب کا عمل ہے۔ پس زبان سے ذکر کرنا دل میں موجود امر کی حکایت ہوگا۔

## شوہر نے اختاری اختاری اختاری کہا اور عورت نے اخترت الاولی والوسطی والاخیرہ کہا تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی

وَلَوْ قَالَ لَهَا اِخْتَارِیْ اِخْتَارِیْ اِخْتَارِیْ فَقَالَتْ اِخْتَرْتُ الْاُوْلٰی وَالْوُسْطٰی وَالْاَخِیْرَةَ طُلِّقَتْ ثَلٰثًا فِیْ قَوْلِ اَبِیْ حَنِیْفَةَ وَلَا یُحْتَاجُ اِلٰی نِیَّةِ الزَّوْجِ وَقَالَا تُطَلَّقُ وَاحِدَةً وَاِنَّمَا لَایُحْتَاجُ اِلٰی نِیَّةِ الزَّوْجِ لِدَلَالَةِ التَّکْرَارِ عَلَیْهِ اِذِ الْاِخْتِیَارُ فِیْ حَقِّ الطَّلَاقِ هُوَالَّذِیْ یَتَکَرَّرُ لَهُمَا اَنَّ ذِکْرَ الْاُوْلٰی وَمَا یَجْرِیْ مَجْرَاهُ اِنْ کَانَ لَا یُفِیْدُ مِنْ حَیْثُ التَّرْتِیْبِ وَلٰکِنْ یُفِیْدُ مِنْ حَیْثُ الْاِفْرَادِ فَیُعْتَبَرُ فِیْمَا یُفِیْدُ وَلَهٗ اَنَّ هٰذَا وَصْفٌ لَغْوٌ لِاَنَّهُ الْمُجْتَمِعُ فِی الْمِلْكِ لَا تَرْتِیْبَ فِیْهِ کَالْمُجْتَمِعِ فِی الْمَکَانِ وَالْکَلَامُ لِلتَّرْتِیْبِ وَالْاِفْرَادُ مِنْ ضُرُوْرَاتِهٖ فَاِذَا لَغَا فِیْ حَقِّ الْاَصْلِ لَغَا فِیْ حَقِّ الْبِنَاءِ وَلَوْ قَالَ اِخْتَرْتُ اِخْتِیَارَةً فَهِیَ ثَلٰثٌ فِیْ قَوْلِهِمْ جَمِیْعاً لِاَنَّهَا لِلْمَرَّةِ فَصَارَتْ کَمَا اِذَا صَرَّحَتْ بِهَا وَلِاَنَّ الْاِخْتِیَارَةَ لِلتَّاکِیْدِ وَبِدُوْنِ التَّاکِیْدِ یَقَعُ الثَّلٰثُ فَمَعَ التَّاکِیْدِ اَوْلٰی وَلَوْ قَالَتْ قَدْ طَلَّقْتُ نَفْسِیْ اَوْ اِخْتَرْتُ نَفْسِیْ بِتَطْلِیْقَةٍ فَهِیَ وَاحِدَةٌ یَمْلِكُ الرَّجْعَةَ لِاَنَّ هٰذَا اللَّفْظَ یُوْجِبُ الْاِنْطِلَاقَ بَعْدَ اِنْقِضَاءِ الْعِدَّةِ فَکَاَنَّهَا اِخْتَارَتْ نَفْسَهَا بَعْدَ الْعِدَّةِ.

---

ترجمہ ...... اور اگر عورت سے کہا اختیار کرتو، اختیار کرتو، اختیار کرتو۔ عورت نے کہا میں نے پہلی کو اختیار کیا اور درمیان والی کو اور آخر والی کو۔ تو امام صاحبؒ کے قول کی بناء پر تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ اور شوہر کی نیت کی حاجت بھی نہیں ہے۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ ایک طلاق واقع ہو گی۔ اور شوہر کی نیت کی حاجت نہیں ہوگی۔ طلاق پر تکرار کے دلالت کرنے کی وجہ سے۔ کیونکہ مکرر وہی اختیار ہوتا ہے جو طلاق کے بارے میں ہو۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ اولیٰ اور اس کے قائم مقام کا ذکر اگرچہ من حیث الترتیب مفید نہیں لیکن مفرد ہونے کی حیثیت سے مفید ہے۔ پس مفید میں معتبر ہوگا۔ اور امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ یہ وصف لغو ہے۔ کیونکہ (وہ تین طلاقیں) جو ملک میں جمع ہیں ان میں کوئی ترتیب نہیں۔ جیسا کہ مجتمع فی المکان میں (کوئی ترتیب نہیں) اور کلام ترتیب کے لئے ہے۔ اور افراد اس کے لوازمات میں سے ہے۔ پس جب اصل کے حق میں لغو ہو گیا تو بناء کے حق میں بھی لغو ہو گیا۔

اور اگر عورت نے کہا اخترت اختیارةً۔ یہ بالاتفاق تین ہوں گی۔ کیونکہ (لفظ اختیارة) مرة کے لئے ہے۔ پس ایسا ہو گیا جیسا کہ جب (لفظ مرة) کی صراحت کی ہو۔ اور اس لئے کہ اختیارة تاکید کے لئے ہے۔ اور بغیر تاکید کے تین واقع ہوتیں۔ پس تاکید کے ساتھ بدرجہ اولیٰ تین واقع ہوں گی۔ اور اگر عورت نے کہا میں نے اپنے اوپر طلاق واقع کی ہے یا اپنے آپ کو اختیار کر لیا ہے۔ ایک طلاق کے ساتھ تو یہ ایک ہے رجعت کا مالک ہوگا۔ کیونکہ یہ لفظ وقوع طلاق کو واجب کرتا ہے عدت گذرنے کے بعد۔ پس گویا کہ اپنے آپ کو عدت کے بعد اختیار کیا۔

تشریح ...... (مسئلہ): اگر مرد نے اپنی بیوی سے تین مرتبہ لفظ اختاری کہا۔ اس کی بیوی نے جواب میں اخترت الاولیٰ والوسطیٰ والاخیرة کہا تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تین طلاقیں واقع ہوں گی۔ اور شوہر نہ نیت کا محتاج ہے اور نہ ہی لفظ نفس ذکر کرنے کی ضرورت ہے اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ ایک طلاق واقع ہوگی اور شوہر کی نیت کی بھی ضرورت نہیں، نیتِ زوج کے محتاج نہ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ یہاں لفظ اختیار کا تکرار، معنی طلاق پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ جو اختیار مکرر ہوتا ہے وہ طلاق کے بارے میں ہوتا ہے۔ پس جب طلاق کے معنی پر قرینہ موجود ہے تو نیتِ زوج کی کوئی ضرورت نہیں۔

صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ اولیٰ، وسطیٰ اور اخیرہ فرد مرتب کا نام ہے۔ کیونکہ اولیٰ اول کا مؤنث ہے اور اول نام ہے فرد سابق کا اور وسطیٰ اوسط کا

مؤنث ہے اور اوسط نام ہے اس فرد کا جس پر اتنا عدد مقدم ہو جتنا کہ مؤخر ہے اور اخیرہ نام ہے فرد لاحق کا۔ اور یہ محل محل ترتیب نہیں ہے۔ لہٰذا ترتیب لغو ہو جائے گی اور افراد باقی رہے گا۔ یعنی اگر چہ یہ کلام مفید ترتیب نہیں لیکن مفید افراد ہے پس جس میں مفید ہے اس کا اعتبار کرلیا جائے گا۔ گویا کہ عورت نے کہا اخترت التطليقة الاولیٰ۔ کیونکہ اس کے قول اخترت الاولیٰ کے معنی ہیں کہ میں نے اس کو اختیار کرلیا جو کلمہ اولیٰ سے میرے سپرد کیا گیا ہے۔ اور کلمہ اولیٰ سے جو سپرد کیا گیا وہ ایک طلاق ہے اس وجہ سے ایک طلاق واقع ہوگی۔

امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ یہ وصف یعنی اولیٰ، وسطیٰ، اخیرہ لغو ہے، کیونکہ تین طلاقیں جو شوہر کی ملک میں جمع ہیں ان میں کوئی ترتیب نہیں ہوتی۔ جیسے مکان میں بہت سے لوگ جمع ہو گئے تو ان میں کوئی ترتیب نہیں ہے۔ چنانچہ ان کے بارے میں اول آخر نہیں کہا جاتا ہے۔ اور قاعدہ ہے کہ ہر وہ چیز جس میں ترتیب نہ ہو اس میں وہ کلام لغو ہو جائے گا جو ترتیب کے لئے ہے اور یہاں ترتیب کے لئے اولیٰ، وسطیٰ اور اخیرہ ہے۔ پس جب لفظ من حیث الترتیب لغو ہو گیا تو من حیث الافراد بھی لغو ہو جائے گا۔ کیونکہ اس میں ترتیب اصل ہے اور افراد اس کے لوازمات میں سے ہے۔ پس جب اصل کے حق میں لغو ہو گیا تو اس پر جو مبنی ہے اس کے حق میں بھی لغو ہو گیا۔ اور جب دونوں کے حق میں لفظ لغو ہو گیا تو عورت کا قول اخترت باقی رہا۔ اور اگر مرد کے قول تین مرتبہ اختاری کے جواب میں یہ عورت اخترت کہہ دیتی تو تین طلاقیں واقع ہوتیں پس ایسے ہی یہاں بھی تین واقع ہوں گی۔

دوسری صورت یہ ہے کہ اگر عورت نے تین بار اختاری کے جواب میں اخترت اختیارۃ کہہ دیا تو بالاتفاق تین طلاقیں واقع ہوں گی۔ دلیل یہ ہے کہ اختیارۃ کی تاکید، مرۃ کے لئے ہے۔ پس یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ یوں کہا اخترت نفسی مرۃً یعنی میں نے ایک ہی مرتبہ اختیار کرلیا اور اس کلام سے تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ لفظ اختیارۃ تاکید کے لئے ہے اور بغیر تاکید کے تین واقع ہو جاتیں۔ پس تاکید کے ساتھ بدرجہ اولیٰ تین واقع ہوں گی۔

تیسری صورت یہ ہے کہ اگر عورت نے تین بار اختاری کہنے کے جواب میں طلقت نفسی یا اخترت نفسی بتطلیقۃ کہا تو ایک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ یہ لفظ عدت گذرنے کے بعد موجب الطلاق یعنی بینونت کا موجب ہے۔ کیونکہ لفظ طلقت اور تطلیقۃ الفاظ صریح میں سے ہیں اور الفاظ صریح انقضاء عدت کے بعد بینونت کا موجب اور وقوع کے وقت طلاق رجعی کا موجب ہیں۔ پس ثابت ہو گیا کہ اس صورت میں طلاق رجعی واقع ہوگی۔

فکانها اختارت سے اعتراض کا جواب ہے۔ اعتراض یہ ہے کہ اس وقت حکم تفویض طلاق کے مطابق نہیں ہوگا۔ کیونکہ عورت کی طرف اختیار سپرد کیا گیا ہے۔ اور لفظ اختیار بینونت کا فائدہ دیتا ہے نہ کہ رجعت کا۔ جواب یہ ہے کہ عورت نے گویا اپنے آپ کو عدت کے بعد اختیار کیا اور عدت کے بعد بینونت ثابت ہو جاتی ہے پس حکم طلاق تفویض کے مطابق ہو گیا۔

شارحینِ ہدایہ نے اس موقع پر فرمایا کہ یملک الرجعۃ عبارت میں غلط ہے۔ کاتب سے نسیان ہوا ہے۔ کیونکہ عورت نے بحکم تفویض تصرف کیا ہے اور تفویض طلاق بائن کے ساتھ ہوتی ہے اس لئے کہ لفظ اختیار کے ساتھ سپرد کرنا الفاظ کنایہ میں سے ہے اور کنایات سے طلاق بائن واقع ہوتی ہے۔ پس عورت اپنے اوپر صرف طلاق بائن واقع کر سکتی ہے۔ صحیح روایت ہے۔ فهي واحدة ولا يملك الرجعة۔ کیونکہ مبسوط، جامع کبیر، زیادات اور جامع صغیر کے عام نسخوں میں اسی طرح ہے۔

## مرد نے امرك بيدك في تطليقة یا اختاري تطليقة کہا اور عورت نے نفس کو اختیار کیا تو ایک طلاق واقع ہو جائے گی اور شوہر رجوع کا مالک ہوگا

وَإِنْ قَالَ لَهَا أَمْرُكِ بِيَدِكِ فِي تَطْلِيقَةٍ أَوْ اِخْتَارِيْ تَطْلِيقَةً فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَهِيَ وَاحِدَةٌ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ لِأَنَّهُ جَعَلَ لَهَا الْاِخْتِيَارَ لٰكِنْ بِتَطْلِيقَةٍ وَهِيَ مُعْقِبَةٌ لِلرَّجْعَةِ بِالنَّصِّ.

ترجمہ..... اگر (مرد نے) اپنی بیوی سے کہا طلاق دینے کے بارے میں تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے۔ یا تو طلاق کو اختیار کر۔ پھر اس نے اپنے نفس کو اختیار کر لیا تو ایک ہے رجعت کا مالک ہوگا۔ کیونکہ اس نے عورت کو اختیار دیا لیکن تطلیقۃ کے ساتھ اور تطلیقۃ کے بعد رجعت ہوتی ہے۔

تشریح..... (مسئلہ): مرد نے اپنی منکوحہ کو امرک بیدک فی تطلیقۃ یا اختاری تطلیقۃ کیساتھ اختیار دیا۔ عورت نے اختیار کر لیا تو طلاق رجعی واقع ہوگی۔ کیونکہ عورت کو لفظ تطلیقۃ کے ساتھ اختیار دیا گیا ہے۔ اور لفظ تطلیقۃ سے اگر طلاق دی جائے تو طلاق رجعی واقع ہوتی ہے۔ لہٰذا یہاں بھی طلاق رجعی واقع ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب

## فَصْلٌ فِی الْاَمْرِ بِالْیَدِ

ترجمہ..... (یہ) فصل امر بالید کے (بیان میں) ہے

### مرد نے امرك بیدك کہا اور تین طلاق کی نیت کی عورت نے اخترت نفسی بواحدة کہا تو تین طلاقیں واقع ہوں گی

وَاِنْ قَالَ لَهَا اَمْرُكِ بِيَدِكِ يَنْوِیْ ثَلٰثاً فَقَالَتْ قَدِ اخْتَرْتُ نَفْسِیْ بِوَاحِدَةٍ فَهِیَ ثَلٰثٌ لِاَنَّ الْاِخْتِيَارَ يَصْلُحُ جَوَاباً لِلْاَمْرِ بِالْيَدِ لِكَوْنِهٖ تَمْلِيْكاً كَالتَّخْيِيْرِ وَالْوَاحِدَةُ صِفَةُ الْاِخْتِيَارَةِ فَصَارَ كَاَنَّهَا قَالَتْ اِخْتَرْتُ نَفْسِیْ بِمَرَّةٍ وَاحِدَةٍ وَبِذٰلِكَ يَقَعُ الثَّلٰثُ.

---

ترجمہ..... اور اگر (مرد) نے عورت سے کہا تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے۔ درآنحالیکہ تین کی نیت کرتا ہے۔ پھر عورت نے کہا میں نے اپنے آپ کو ایک ہی (مرتبہ) کے ساتھ اختیار کر لیا تو وہ تین ہیں۔ کیونکہ اختیار امر بالید کا جواب بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس لئے کہ امر بالید تخییر کی طرح تملیک ہے۔ اور واحدة اختیارة کی صفت ہے۔ پس ہو گیا گویا کہ اس نے کہا اختیار کیا۔ میں نے اپنے آپ کو ایک مرتبہ اور اس سے تین واقع ہو جاتی ہیں۔

تشریح..... (صورت مسئلہ): اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا امرک بیدک اور تین کی نیت کرتا ہے۔ بیوی نے جواب میں کہا: اخترت نفسی بواحدة۔ تو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ اس مسئلہ میں دو باتوں کو ثابت کرنا پیش نظر ہے۔ ایک یہ کہ لفظ اختیار امر بالید کا جواب ہو سکتا ہے۔ دوم یہ کہ تین طلاق پر دلالت کیسے ہوئی مصنفؒ نے پہلی بات کو ثابت کرنے کے لئے فرمایا کہ اختیار امر بالید کا جواب بن سکتا ہے۔ کیونکہ جس طرح لفظ تخییر مالک بنانے کے معنی پر دلالت کرتا ہے اسی طرح امر بالید بھی مالک بنانے کے معنی پر دلالت کرتا ہے۔ پس یہ دونوں لفظ قوت اور ضعف میں برابر ہیں۔ اس لئے لفظ اختیار امر بالید کا جواب ہو سکتا ہے۔

رہی دوسری بات سو اس کی دلیل یہ ہے کہ واحدة اختیارة محذوف کی صفت ہے گویا کہ عورت نے کہا اخترت نفسی باختیارة واحدة یعنی بمرة واحدة اور اس سے تین طلاقیں واقع ہوتی ہیں اس وجہ سے یہاں بھی تین طلاقیں واقع ہوں گی۔

### عورت نے امر بیدک کے جواب میں طلقت نفسی بواحدة یا اخترت نفسی بتطلیقة کہا تو ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی

وَلَوْ قَالَتْ قَدْ طَلَّقْتُ نَفْسِی بِوَاحِدَةٍ اَوْ اِخْتَرْتُ نَفْسِیْ بِتَطْلِيْقَةٍ فَهِیَ وَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ لِاَنَّ الْوَاحِدَةَ نَعْتٌ لِمَصْدَرٍ

مَحْذُوْفٍ وَهُوَ فِي الْاُوْلٰى الْاِخْتِيَارَةُ وَ فِي الثَّانِيَةِ التَّطْلِيْقَةُ اِلَّا اَنَّهَا تَكُوْنُ بَائِنَةً لِاَنَّ التَّفْوِيْضَ فِي الْبَائِنِ ضُرُوْرَةُ مِلْكِهَا اَمْرَهَا وَ كَلَامُهَا خَرَجَ جَوَاباً لَهُ فَتَصِيْرُ الصِّفَةُ الْمَذْكُوْرَةُ فِي التَّفْوِيْضِ مَذْكُوْرَةً فِي الْاِيْقَاعِ وَاِنَّمَا تَصِحُّ نِيَّةُ الثَّلٰثِ فِي قَوْلِكَ اَمْرُكِ بِيَدِكِ لِاَنَّهُ يَحْتَمِلُ الْعُمُوْمَ وَالْخُصُوْصَ وَنِيَّةُ الثَّلٰثِ نِيَّةُ التَّعْمِيْمِ بِخِلَافِ قَوْلِهٖ اِخْتَارِيْ لِاَنَّهُ لَايَحْتَمِلُ الْعُمُوْمَ وَ قَدْ حَقَّقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ.

---

ترجمہ......اور اگر کہا کہ طلاق دی میں نے اپنے آپ کو ایک کے ساتھ یا اختیار کیا میں نے اپنے آپ کو تطلیقۃ کے ساتھ تو یہ ایک بائنہ ہے کیونکہ واحدہ مصدر محذوف کی صفت ہے اور وہ (مصدر) پہلی (صورت) میں اختیارۃ ہے۔ اور دوسری (صورت) میں تطلیقۃ ہے مگر یہ کہ وہ بائنہ ہوگی۔ کیونکہ تفویض بائن ہی میں (حاصل) ہے۔ اس عورت کے اپنے معاملہ کا مالک ہونے کی وجہ سے اور عورت کا کلام مرد کے (کلام) کا جواب ہوکر نکلا ہے۔ پس وہ صفت جو تفویض میں مذکور ہے ایقاع میں بھی مذکور ہوگی۔ اور تیرے قول امرک بیدک میں تین کی نیت صحیح ہے۔ کیونکہ یہ عموم و خصوص کا احتمال رکھتا ہے اور تین کی نیت تعمیم کی نیت ہے۔ بخلاف اس کے قول اختاری کے۔ اس لئے کہ وہ عموم کا احتمال نہیں رکھتا ہے اور ہم اس کو پہلے ثابت کر چکے ہیں۔

تشریح......مسئلہ یہ ہے کہ اگر عورت نے امرك بيدك کے جواب میں طلقت نفسی بواحدۃ یا اخترت نفسی بتطلیقۃ کہا تو اس پر ایک بائنہ واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ واحدۃ مصدر محذوف کی صفت ہے۔ پس فعل سابق کے مطابق مصدر مقدر مانا جائے گا۔ چنانچہ سابق مسئلہ یعنی اخترت نفسی بواحدۃ میں اختیارۃ مقدر مانا جائے گا اور دوسرے مسئلہ یعنی طلقت نفسی بواحدۃ میں تطلیقۃ محذوف ہوگا۔ اب رہی یہ بات کہ ان الفاظ سے طلاق بائن کیوں واقع ہوگی۔ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ امرک بیدک الفاظ کنایہ میں سے ہے اور الفاظ کنایہ کے ساتھ طلاق بائن واقع ہوتی ہے۔ علاوہ ان تین لفظوں کے جو پہلے گذر چکے۔ پس ثابت ہوا کہ شوہر نے طلاق بائن سپرد کی ہے۔ کیونکہ شوہر نے عورت کو اس کے معاملہ کا مالک بنایا ہے اور مالک بنانا بینونت کا تقاضا ہے خلاصہ یہ ہوا کہ عورت کے سپرد طلاق بائن کی گئی ہے اور عورت کا کلام مرد کے کلام کے جواب میں واقع ہوا ہے لہٰذا جو صفت (بینونت) تفویض میں مذکور ہے۔ وہی صفت ایقاع طلاق میں بھی مذکور ہوگی۔ تاکہ عورت کا کلام مرد کے کلام کے مطابق ہو جائے۔

صاحب ہدایہ فرماتے ہیں کہ امرک بیدک میں تین طلاقوں کی نیت کرنا صحیح ہے نہ کہ اختاری میں۔ کیونکہ امر بالید عموم اور خصوص دونوں کا احتمال رکھتا ہے۔ شیخ الاسلام نے کہا کہ امر اسم عام ہے۔ ہر چیز کو شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا والامر یومئذ للہ اور مراد اس سے تمام اشیاء ہیں۔ پس جب اس سے طلاق کی نیت کی تو یہ کنایہ ہوگا۔ طلاقک بیدک سے۔ اور طلاق مصدر ہے عموم اور خصوص کا احتمال رکھتا ہے۔ پس تین کی نیت تعمیم کی نیت ہے۔ بخلاف اختاری کے کیونکہ یہ عموم کا احتمال نہیں رکھتا۔ اس کی تفصیل فصل فی الاختیار میں گذر چکی۔

فوائد......ماقبل میں ذکر کیا گیا تھا کہ اختاری کے جواب میں اگر اخترت نفسی بتطلیقۃ کہا تو مصنفؒ کے بیان کے مطابق طلاق رجعی واقع ہوگی۔ یہ کاتب کا سہو ہے۔ اس کی ایک دلیل یہ ہے کہ مذکورہ بالا مسئلہ میں فرمایا کہ اگر امرک بیدک کے جواب میں اخترت نفسی بتطلیقۃ کہا تو طلاق بائن واقع ہوگی۔ پس اس مسئلہ سے معلوم ہوا کہ پہلے مسئلہ میں بھی طلاق بائن واقع ہوگی۔ کیونکہ ان دونوں مسئلوں میں مصنفؒ کے نزدیک کوئی فرق نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

## مرد نے امرك بيدك اليوم و بعد غد کہا تو رات داخل نہیں ہوگی

وَلَوْ قَالَ لَهَا اَمْرُكِ بِيَدِكِ الْيَوْمَ وَ بَعْدَ غَدٍ لَمْ يَدْخُلْ فِيْهِ اللَّيْلُ وَ اِنْ رَدَّتِ الْاَمْرَ فِيْ يَوْمِهَا بَطَلَ اَمْرُ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَكَانَ بِيَدِهَا اَمْرٌ بَعْدَ غَدٍ لِاَنَّهُ صَرَّحَ بِذِكْرِ وَقْتَيْنِ بَيْنَهُمَا وَقْتٌ مِنْ جِنْسِهِمَا لَمْ يَتَنَاوَلْهُ الْاَمْرُ اِذْ ذِكْرُ الْيَوْمِ

بِعِبَارَةِ الْفَرْدِ لَا يَتَنَاوَلُ اللَّيْلَ فَكَانَا اَمْرَيْنِ فَبِرَدِّ اَحَدِهِمَا لَا يَرْتَدُّ الْاٰخَرُ وَ قَالَ زُفَرُ هُمَا اَمْرٌ وَاحِدٌ بِمَنْزِلَةِ قَوْلِهِ اَنْتِ طَالِقٌ اَلْيَوْمَ وَ بَعْدَ غَدٍ قُلْنَا اَلطَّلَاقُ لَا يَحْتَمِلُ التَّاقِيْتَ وَالْاَمْرُ بِالْيَدِ يَحْتَمِلُهُ فَيُوَقَّتُ الْاَمْرُ بِالْاَوَّلِ وَيُجْعَلُ الثَّانِيْ اَمْراً مُبْتَدأً.

---

ترجمہ...... اور اگر عورت سے کہا تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے آج اور کل آئندہ کے بعد تو اس اختیار میں رات داخل نہیں ہوگی۔ اور اگر یوم میں معاملہ کو رد کر دیا تو اس دن کا معاملہ باطل ہو گیا اور کل آئندہ کے بعد کا معاملہ اس کے ہاتھ میں رہے گا کیونکہ اس شخص نے ایسے دو وقتوں کو صراۃً ذکر کیا ہے جن کے درمیان ان دونوں کا ہم جنس وقت ہے۔ اس کو امر بالید شامل نہیں۔ کیونکہ یوم کا ذکر عبارت فرد کے ساتھ رات کو شامل نہیں ہوگا۔ پس دو امر ہو گئے لہٰذا ان دونوں میں سے ایک کو رد کرنے سے دوسرا رد نہیں ہوگا۔ اور امام زفرؒ نے کہا کہ یہ دونوں امر واحد ہیں۔ اس کے قول انت طالق الیوم وبعد غد کے مرتبہ میں۔ ہم جواب دیں گے کہ طلاق تعیین وقت کا احتمال نہیں رکھتی ہے اور امر بالید اس کا احتمال رکھتا ہے۔ پس متعین کیا جائے گا امر کو اول کے ساتھ اور ثانی کو مستقل امر بنا دیا جائے گا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا امرک بیدک الیوم وبعد غد تو وہ رات جو اس دن کے بعد آئے گی اس اختیار میں داخل نہ ہوگی۔ چنانچہ اگر عورت نے اپنے آپ کو رات میں اختیار کر لیا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور اگر عورت نے آج کے دن کا اختیار رد کر دیا تو صرف اسی آج کے دن کا امر بالید رد ہوگا اور کل آئندہ کے بعد کا اختیار اس کے قبضہ میں رہے گا۔

حاصل یہ کہ عبارت میں دو دعوے ہیں۔ اول یہ کہ ان الفاظ کے ساتھ اختیار دینے میں۔ وہ رات جو یوم کے بعد ہے وہ اس اختیار میں شامل نہیں ہوگی۔ دوسرا دعویٰ یہ کہ عورت کے یوم میں امر بالید کو رد کر دینے سے بعد غد کا امر بالید رد نہیں ہوگا۔ پہلے دعویٰ کی دلیل یہ ہے کہ شوہر نے چونکہ یوم کو لفظ مفرد کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ اس لئے یہ اختیار رات کو شامل نہیں ہوگا۔ دوسرے دعویٰ کی دلیل یہ ہے کہ اس شخص نے بصراحت دو وقتوں کو ذکر کیا ہے۔ یعنی یوم اور بعد غد کو اور ان دونوں کے درمیان ان کا ہم جنس ایک وقت ایسا ہے۔ جس کو امر بالید شامل نہیں یعنی غد پس یہ مستقلاً دو امر ہو گئے ایک آج کے دن کا امر بالید دوم بعد غد کا۔ اور احد الامرین کو رد کرنے سے آخر رد نہیں ہوتا۔ لہٰذا یہاں بھی امر الیوم کو رد کرنے سے بعد غد کا امر رد نہیں ہوگا۔ امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ دونوں امر، امر واحد ہیں۔ لہٰذا اگر آج کے دن کا امر بالید رد کر دیا گیا تو بعد غد کا بھی باقی نہیں رہے گا۔ اور یہ انت طالق الیوم وبعد غد کے مرتبہ میں ہے۔

ہماری طرف سے جواب...... یہ ہے کہ امر بالید کو طلاق پر قیاس کرنا صحیح نہیں۔ کیونکہ طلاق تعیین وقت کا احتمال نہیں رکھتی ہے۔ چنانچہ جو عورت یوم میں مطلقہ ہوگی وہ غد اور بعد غد میں بھی مطلقہ ہوگی۔ اور امر بالید تعیین کا احتمال رکھتا ہے۔ چنانچہ امرک بیدک الیوم وبعد غد میں امر متعین ہے وقت اول یعنی یوم کے ساتھ اور وقت ثانی (بعد غد) کو مستقلاً دوسرا امر قرار دیا جائے گا۔ تقدیری عبارت ہوگی امرک بیدک الیوم وامرک بیدک بعد غد۔

## مرد نے امرک بیدک الیوم غداً کہا تو رات داخل ہوگی

وَلَوْ قَالَ اَمْرُكِ بِيَدِكِ اَلْيَوْمَ وَغَدًا يَدْخُلُ اللَّيْلُ فِيْ ذٰالِكَ وَ اِنْ رَدَّتِ الْاَمْرَ فِيْ يَوْمِهَا لَا يَبْقَى الْاَمْرُ فِيْ يَدِهَا فِي الْغَدِ لِاَنَّ هٰذَا اَمْرٌ وَاحِدٌ لِاَنَّهُ لَمْ يَتَخَلَّلْ بَيْنَ الْوَقْتَيْنِ الْمَذْكُوْرَيْنِ وَقْتٌ مِنْ جِنْسِهِمَا لَمْ يَتَنَاوَلْهُ الْكَلَامُ وَ قَدْ يَهْجُمُ اللَّيْلُ وَ مَجْلِسُ الْمَشْوَرَةِ لَا يَنْقَطِعُ فَصَارَ كَمَا اِذَا قَالَ اَمْرُكِ بِيَدِكِ فِيْ يَوْمَيْنِ وَ عَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّهَا اِذَا رَدَّتِ الْاَمْرَ فِي الْيَوْمِ لَهَا اَنْ تَخْتَارَ نَفْسَهَا غَداً لِاَنَّهَا لَا تَمْلِكُ رَدَّ الْاَمْرِ كَمَا لَا تَمْلِكُ بِرَدِّ الْاِيْقَاعِ وَجْهُ الظَّاهِرِ اَنَّهَا اِذَا اخْتَارَتْ نَفْسَهَا الْيَوْمَ لَا يَبْقٰى لَهَا الْخِيَارُ فِي الْغَدِ فَكَذَا اِذَا اخْتَارَتْ زَوْجَهَا بِرَدِّ الْاَمْرِ لِاَنَّ الْمُخَيَّرَ

بَيْنَ الشَّيْئَايْنِ لَا يَمْلِكُ اِلَّااِخْتِيَارَ اَحَدِهِمَا وَ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ اَنَّهٗ اِذَا قَالَ اَمْرُكِ بِيَدِكِ اَلْيَوْمَ وَ اَمْرُكِ بِيَدِكِ غَدًا اَنَّهُمَا اَمْرَانِ لِمَا اَنَّهٗ ذَكَرَ لِكُلِّ وَقْتٍ خَبَراً عَلٰى حِدَةٍ بِخِلَافِ مَاتَقَدَّمَ.

---

ترجمہ......اور اگر کہا کہ تیرا معاملہ تیرے ہاتھ ہے آج اور کل۔ تو اس میں رات داخل نہیں ہوگی۔ اور اگر عورت نے آج کے دن اپنا امر بالید رد کردیا تو کل کے روز اس کے قبضہ میں امر نہیں رہے گا۔ کیونکہ یہ تو ایک ہی امر ہے اس لئے کہ مذکورہ دو وقتوں کے درمیان ان کی جنس کا ایسا کوئی وقت فاصل نہیں ہوا جس کو کلام (امر بالید) شامل نہ ہو۔ اور حال یہ ہے کہ کبھی رات آجاتی ہے اور مشورہ کا جلسہ منقطع نہیں ہوتا۔ تو یہ ایسا ہوگیا جیسا کہ اس نے کہا کہ تیرا معاملہ تیرے ہاتھ دو روز ہے۔ (نوادر میں) ابوحنیفہؒ سے یہ بھی روایت ہے کہ اگر عورت نے آج کے روز اپنا امر بالید رد کردیا تو اس کو اختیار ہے کہ کل کے روز اپنے آپ کو اختیار کرلے۔ اس لئے کہ عورت امر بالید کو رد کرنے کی مالک نہیں۔ جیسا کہ وہ ایقاع طلاق کو رد کرنے کی مالک نہیں۔ ظاہر الروایت کی وجہ یہ ہے کہ عورت نے جب آج کے روز اپنے نفس کو اختیار کرلیا تو اس کے لئے کل کے روز میں اختیار باقی نہیں رہے گا۔ پس اسی طرح جب اس نے امر بالید کو رد کرنے کے ذریعہ اپنے شوہر کو اختیار کیا۔ کیونکہ جو شخص دو چیزوں کے درمیان مختار کیا جاتا ہے وہ ان دونوں میں سے صرف ایک کو اختیار کرنے کا مالک ہے۔ اور ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ جب کہا امرک بیدک الیوم وامرک بیدک غدا تو یہ دو امر بالید ہیں۔ کیونکہ اس نے ہر وقت کے واسطے علیحدہ خبر ذکر کی۔ بخلاف کلام سابق کے۔

تشریح......(مسئلہ): اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا امرک بیدک الیوم وغدا تو اس امر بالید میں یوم اور غد کے درمیان کی رات بھی داخل ہوگی۔ اور اگر آج کے دن میں امر بالید کو رد کردیا تو کل آئندہ میں بھی امر بالید باقی نہیں رہے گا۔ دلیل یہ ہے کہ یہ ایک امر بالید ہے کیونکہ مذکورہ دو وقتوں کے درمیان ایسا وقت فاصل نہیں ہوا جو ان کا ہم جنس ہو اور امر بالید اس کو شامل نہ ہو۔ حالانکہ کبھی مجلس مشورہ منقطع نہیں ہوتی۔ اور رات آجاتی ہے۔ پس یہ ایسا ہوگیا جیسا کہ اس نے کہا امرک بیدک فی یومین۔ پس ثابت ہوگیا کہ یوم اور غد دونوں میں ایک ہی امر بالید ہے۔ اور ایک امر بالید کے ایک حصہ کو رد کردینے سے دوسرے حصہ میں امر باقی نہیں رہتا۔

امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ آج کے دن میں امر بالید کو رد کرنے سے کل آئندہ میں رد نہیں ہوگا بلکہ کل آئندہ میں اپنے نفس کو اختیار کرسکتی ہے۔ دلیل یہ ہے کہ عورت جس طرح ایقاع طلاق کو رد کرنے کی قدرت نہیں رکھتی۔ اسی طرح امر بالید کو رد کرنے کی قدرت بھی حاصل نہیں ہے۔ یعنی اگر شوہر نے بیوی سے انت طالق کہا تو عورت پر طلاق واقع ہوجائے گی قبول کرے یا نہ کرے۔ اسی طرح امرک بیدک کہنے سے عورت کے لئے امر بالید ثابت ہوجائے گا۔ اگرچہ وہ اس کو قبول نہ کرے۔ پس جب عورت کے رد کرنے سے امر بالید رد نہیں ہوا تو وہ اپنے نفس کو اختیار کرسکتی ہے۔

ظاہر الروایت کی وجہ یہ ہے کہ عورت نے جب آج کے دن اپنے نفس کو اختیار کرلیا تو کل آئندہ میں اس کے لئے خیار باقی نہیں رہے گا۔ اسی طرح جب اس نے آج کے دن امر بالید کو رد کر کے اپنے شوہر کو اختیار کرلیا تو کل آئندہ میں امر بالید باقی نہیں رہے گا۔ دلیل یہ ہے کہ جس شخص کو دو چیزوں میں اختیار دیا گیا ہے وہ ان میں سے صرف ایک کو اختیار کرسکتا ہے نہ کہ دونوں کو۔

امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے کہ اگر مرد نے امرک بیدک الیوم وامرک بیدک غدا کہا تو یہ دو امر بالید ہوں گے۔ کیونکہ ہر وقت کے لئے علیحدہ خبر ہے۔ بخلاف ماقبل کے کیونکہ وہ امر واحد ہے۔ اس لئے اختیار میں تکرار نہیں پایا گیا لہٰذا تجدد امر بھی نہیں ہوگا۔

فوائد......ابو یوسفؒ کی اس روایت کو شمس الائمہ نے صحیح قرار دیا ہے۔ اور قاضی خاں نے اس کو اصل الروایۃ کہا ہے۔ اور کسی کا اختلاف بھی مذکور نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

## مرد نے امرك بيدك يوم يقدم فلان کہا وہ فلاں آ گیا تو عورت کو اس کے آنے کا علم نہ ہوا یہاں تک کہ رات آ گئی عورت کے لیے اختیار نہیں رہا

وَاِنْ قَالَ اَمْرُكِ بِيَدِكِ يَوْمَ يَقْدَمُ فُلَانٌ فَقَدِمَ فُلَانٌ وَلَمْ تَعْلَمْ بِقُدُوْمِهٖ حَتّٰى جَنَّ اللَّيْلُ فَلَا خِيَارَ لَهَا لِاَنَّ الْاَمْرَ بِالْيَدِ مِمَّا يَمْتَدُّ فَيُحْمَلُ الْيَوْمَ الْمَقْرُوْنُ بِهٖ عَلٰى بَيَاضِ النَّهَارِ وَ قَدْ حَقَّقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ فَيَتَوَقَّتُ بِهٖ ثُمَّ يَنْقَضِيْ بِانْقِضَاءِ وَقْتِهٖ.

---

ترجمہ ..... اور اگر کہا کہ تیرا معاملہ تیرے ہاتھ ہے جس دن فلاں آئے۔ پس فلاں آ گیا اور عورت کو اس کی آمد کا علم نہیں ہوا حتیٰ کہ رات کی تاریکی چھا گئی۔ تو اس کے لئے خیار نہیں۔ کیونکہ امر بالید (فعل) ممتد کے قبیلہ سے ہے۔ پس محمول کیا جائے گا اس یوم کو جو امر بالید کے ساتھ مقرون ہے بیاضِ نہار پر اور ہم اس کو پہلے ثابت کر چکے۔ پس (امر بالید) بیاضِ نہار کے ساتھ موقت ہوگا۔ پھر بیاض نہار کے گذرنے سے ختم ہو جائے گا۔

تشریح ..... اگر شوہر نے اپنی بیوی سے امرک بیدک یوم یقدم فلان کہا۔ پھر فلاں کی آمد ہو گئی اور عورت کو اس کی آمد کا علم نہیں ہو سکا حتیٰ کہ رات آ گئی تو اس صورت میں عورت کے لئے خیار نہیں ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ امر بالید فعل ممتد ہے اور سابق میں گذر چکا کہ یوم اگر فعل ممتد کے ساتھ متصل ہے تو یوم سے بیاض نہار مراد ہوگا نہ کہ مطلق وقت۔ پس اس جگہ امر بالید دن ہی دن تک محدود ہوگا۔ اور دن کے گذر جانے سے امر بالید ختم ہو جائے گا۔

## عورت کے معاملہ کو اس کے ہاتھ میں دیا یا اس کو طلاق کا اختیار دیا پھر عورت اسی مجلس میں ایک دن ٹھہری رہی تو معاملہ اس کے ہاتھ میں ہوگا

وَاِذَا جَعَلَ اَمْرَهَا بِيَدِهَا اَوْ خَيَّرَهَا فَمَكَثَتْ يَوْمًا وَلَمْ تَقُمْ فَالْاَمْرُ فِيْ يَدِهَا مَالَمْ تَاخُذْ فِيْ عَمَلٍ اٰخَرَ لِاَنَّ هٰذَا تَمْلِيْكُ التَّطْلِيْقِ مِنْهَا لِاَنَّ الْمَالِكَ مَنْ يَتَصَرَّفُ بِرَاْيِ نَفْسِهٖ وَ هِيَ بِهٰذِهِ الصِّفَةِ وَالتَّمْلِيْكُ يَقْتَصِرُ عَلَى الْمَجْلِسِ وَ قَدْ بَيَّنَّاهُ مِنْ قَبْلُ.

---

ترجمہ ..... اور جب عورت کا معاملہ اس کے ہاتھ میں دیدیا۔ یا اس کو (طلاق) کا اختیار دے دیا پھر وہ ایک دن ٹھہری رہی اور کھڑی نہیں ہوئی تو امر اس کے ہاتھ رہے گا، جب تک کہ وہ دوسرا کام شروع نہ کر دے۔ کیونکہ یہ اس عورت کو تطلیق کا مالک بنانا ہے اس لئے کہ مالک وہ شخص ہے جو اپنی رائے سے تصرف کرے اور یہ عورت اسی صفت کے ساتھ ہے اور تملیک مجلس پر منحصر رہتی ہے اور ہم اس کو پہلے بیان کر چکے ہیں۔

تشریح ..... مسئلہ یہ ہے کہ اگر عورت کا معاملہ اس کے ہاتھ میں دے دیا یعنی امرک بیدک کہا یا اس کو طلاق کا اختیار دیا، مثلاً اختاری نفسک کہا۔ پھر وہ عورت اسی مجلس میں ایک دن ٹھہری رہی مجلس سے اٹھی نہیں تو اس کا معاملہ اس کے ہاتھ میں رہے گا۔ یعنی مجلس میں خیار باقی رہے گا۔ جب تک کہ دوسرا کام نہ شروع کر دے۔ دلیل یہ ہے کہ یہ امر بالید درحقیقت عورت کو طلاق دینے کا مالک بنانا ہے۔ کیونکہ مالک وہ ہے جو اپنی رائے سے تصرف کرے اور یہ عورت اس صفت کے ساتھ متصف ہے اور تملیکات مجلس پر منحصر رہتی ہیں لہٰذا یہاں بھی مجلس ہی کا اعتبار ہوگا۔

## اگر عورت سن رہی تھی تو اس مجلس کا اعتبار ہے اور اگر سن نہیں رہی تو مجلس علم یا مجلس خبر کا اعتبار کیا جائے گا

ثُمَّ اِذَا كَانَتْ تَسْمَعُ يُعْتَبَرُ مَجْلِسُهَا ذٰلِكَ وَاِنْ كَانَتْ لَاتَسْمَعُ فَمَجْلِسُ عِلْمِهَا اَوْ بُلُوْغُ الْخَبَرِ اِلَيْهَا لِاَنَّ هٰذَا

تَمْلِيكٌ فِيهِ مَعْنَى التَّعْلِيقِ فَيَتَوَقَّفُ عَلَى مَا وَرَاءَ الْمَجْلِسِ وَلَا يُعْتَبَرُ مَجْلِسُهُ لِأَنَّ التَّعْلِيقَ لَازِمٌ فِي حَقِّهِ بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِأَنَّهُ تَمْلِيكٌ مَحْضٌ وَلَا يَشُوبُهُ التَّعْلِيقُ وَإِذَا اعْتُبِرَ مَجْلِسُهَا فَالْمَجْلِسُ تَارَةً يَتَبَدَّلُ بِالتَّحَوُّلِ وَمَرَّةً بِالْأَخْذِ فِي عَمَلٍ آخَرَ عَلَى مَا بَيَّنَّاهُ فِي الْخِيَارِ وَيَخْرُجُ الْأَمْرُ مِنْ يَدِهَا بِمُجَرَّدِ الْقِيَامِ لِأَنَّهُ دَلِيلُ الْإِعْرَاضِ إِذِ الْقِيَامُ يُفَرِّقُ الرَّأْيَ بِخِلَافِ مَا إِذَا مَكَثَتْ يَوْمًا لَمْ تَقُمْ وَلَمْ تَأْخُذْ فِي عَمَلٍ آخَرَ لِأَنَّ الْمَجْلِسَ قَدْ يَطُولُ وَقَدْ يَقْصُرُ فَيَبْقَى إِلَى أَنْ يُوجَدَ مَا يَقْطَعُهُ أَوْ يَدُلُّ عَلَى الْإِعْرَاضِ وَقَوْلُهُ مَكَثَتْ يَوْمًا لَيْسَ لِلتَّقْدِيرِ بِهِ وَقَوْلُهُ مَا لَمْ تَأْخُذْ فِي عَمَلٍ آخَرَ يُرَادُ بِهِ عَمَلٌ يُعْرَفُ أَنَّهُ قَطْعٌ لِمَا كَانَتْ فِيهِ لَا مُطْلَقُ الْعَمَلِ.

---

ترجمہ...... پھر اگر وہ (عورت) سن رہی تھی تو اس کی اس مجلس کا اعتبار کیا جائے گا اور اگر نہیں سن رہی تھی تو اس کی مجلس علم یا اس کی طرف خبر پہنچنے کی (مجلس) کا اعتبار کیا جائے گا۔ کیونکہ یہ ایسی تملیک ہے جس میں تعلیق کے معنی ہیں۔ پس ماوراء مجلس پر موقوف رہے گا اور شوہر کی مجلس کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ اس کے حق میں تعلیق لازم ہے بخلاف بیع کے اس لئے کہ وہ تملیک محض ہے اور اس میں تعلیق کا شائبہ بھی نہیں۔ اور جب اعتبار کیا گیا عورت کی مجلس کا۔ پس مجلس کبھی منتقل ہونے سے بدل جاتی ہے اور کبھی دوسرا کام شروع کرنے سے۔ چنانچہ ہم اس کو اختیار کی بحث میں بیان کر چکے ہیں۔ اور عورت کے ہاتھ سے امر بالید نکل جائے گا محض قیام سے اس لئے کہ وہ دلیل اعراض ہے اس لئے کہ قیام رائے کو متفرق کر دیتا ہے۔ بخلاف اس صورت کے جبکہ وہ ایک دن ٹھہری رہی ؟ کھڑی نہیں ہوئی اور نہ دوسرا کام شروع کیا۔ کیونکہ مجلس کبھی طویل ہو جاتی ہے اور کبھی کوتاہ ہوتی ہے۔ پس مجلس باقی رہے گی یہاں تک کہ وہ چیز پائی جائے جو اس کو قطع کر دے۔ یا اعراض پر دلالت کرے اور اس کا قول مکثت یوما تحدید کے لئے نہیں ہے اور اس کا قول مالم تاخذ فی عملٍ آخر۔ اس سے مراد ایسا عمل ہے جس کے بارے میں معلوم ہو کہ یہ اس کام کا قاطع ہے جس میں وہ لگی تھی مطلق عمل (مراد نہیں)۔

تشریح...... (صورت مسئلہ): جس مجلس میں شوہر نے امرک بیدک کہا اگر عورت اس مجلس میں موجود تھی تو اس کی اسی مجلس کا اعتبار کیا جائے گا۔ اور اگر عورت موجود نہیں تھی تو جس مجلس میں عورت کو اس کا علم ہوا یا اس کو خبر پہنچی اس مجلس کا اعتبار ہوگا۔

دلیل یہ ہے کہ امر بالید ایسی تملیک ہے جس میں تملیک کے معنی پائے جاتے ہیں۔ کیونکہ امرك بیدك کے معنیٰ ہیں ان اردت طلاقك فانت طالق۔ اور یہ بات ثابت شدہ ہے کہ تملیکات مجلس کے ساتھ خاص ہوتی ہیں ماوراء مجلس پر موقوف نہیں ہوتیں اور تعلیقات ماوراء مجلس پر موقوف ہوتی ہیں۔ مثلاً ان دخلت الدار فانت طالق ماوراء مجلس پر موقوف ہے۔ پس معنی تملیک کا تقاضا تو یہ ہے کہ امر بالید مجلس کے ساتھ خاص ہو۔ اور تعلیق کے معنیٰ کا تقاضا یہ ہے کہ مجلس کے ساتھ خاص نہ ہو بلکہ ماوراء مجلس پر موقوف رہے۔ پس حتی الامکان ان دونوں دلیلوں پر عمل کرتے ہوئے امر بالید کو عورت کی دو حالتوں پر محمول کر لیا گیا۔ چنانچہ فرمایا کہ اگر عورت شوہر کے امرك بیدك کہنے کی مجلس میں موجود ہے تو تملیک کے معنیٰ کی رعایت کی گئی ہے اور اگر اس مجلس میں موجود نہیں تھی تو تعلیق کے معنی کی رعایت کی گئی ہے۔ اور امر بالید کو ماوراء مجلس پر موقوف رکھا گیا۔

صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ اختیار کے باقی رہنے نہ رہنے میں شوہر کی مجلس معتبر نہیں۔ چنانچہ اگر شوہر کھڑا ہو گیا اور عورت بیٹھی رہی تو اس کا خیار باقی ہے۔ دلیل یہ ہے کہ اس وقت تعلیق شوہر کے حق میں لازم ہے حتیٰ کہ وہ رجوع کرنے پر قادر نہیں۔ اس کے برخلاف بیع کہ اس میں بائع اور مشتری دونوں کی مجلس معتبر ہے دونوں میں سے جو بھی کھڑا ہو گیا آخر کے قبول کرنے سے پہلے بیع باطل ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ بیع تملیک محض ہے اس میں معنی تعلیق کا شائبہ بھی نہیں۔ اسی وجہ سے دونوں میں سے اگر کسی نے آخر کے قبول کرنے سے پہلے اپنے قول سے رجوع کر لیا تو جائز ہے۔

بہر حال عورت کی مجلس معتبر ہے اب رہی یہ بات کہ تبدیل مجلس کی کیا صورت ہے تو مصنفؒ نے اس کی دو صورتیں بیان کی ہیں۔ ایک یہ کہ

ایک مکان سے دوسرے مکان کی طرف منتقل ہو جائے دوم یہ کہ دوسرا کام شروع کر دے۔ یہی دو صورتیں فصل فی الاختیار میں بیان کی گئی ہیں۔

مصنف ہدایہ کہتے ہیں کہ محض قیام عن المجلس سے بھی عورت کا اختیار باطل ہو جائے گا۔ اس لئے کہ مجلس سے کھڑا ہونا اعراض اور روگردانی کی علامت ہے۔ اور اس وجہ سے بھی کہ کھڑا ہونا رائے کو متفرق کر دیتا ہے۔ البتہ اگر عورت پورے ایک دن مجلس میں ٹھہری رہی نہ کھڑی ہوئی اور نہ کوئی دوسرا کام شروع کیا تو اس کا اختیار باطل نہیں ہوگا۔ دلیل یہ ہے کہ مجلس کبھی دراز ہوتی ہے اور کبھی مختصر پس یہ اختیار اس وقت تک باقی رہے گا۔ جب تک کہ کوئی قاطع مجلس یا دلیل اعراض نہ پائی جائے۔

مصنف کے قول مکثت یوماً سے تحدید مراد نہیں بلکہ اگر ایک دن سے زائد بیٹھی رہی اور دلیل اعراض نہ پائی گئی تو خیار باقی رہے گا۔ او رمصنف کے قول مالم تاخذ فی عمل آخر سے مطلق عمل مراد نہیں بلکہ وہ عمل مراد ہے جس کا قاطع مجلس ہونا معلوم و معروف ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## عورت کھڑی تھی بیٹھ گئی تو عورت کو اختیار ہوگا

وَلَوْ كَانَتْ قَائِمَةً فَجَلَسَتْ فَهِيَ عَلٰى خِيَارِهَا لِاَنَّهٗ دَلِيْلُ الْاِقْبَالِ فَاِنَّ الْقُعُوْدَ اَجْمَعُ لِلرَّأْيِ وَ كَذَا اِذَا كَانَتْ قَاعِدَةً فَاتَّكَأَتْ اَوْ مُتَّكِئَةً فَقَعَدَتْ لِاَنَّ هٰذَا اِنْتِقَالٌ مِنْ جِلْسَةٍ اِلٰى جِلْسَةٍ فَلَا يَكُوْنُ اِعْرَاضاً كَمَا اِذَا كَانَتْ مُحْتَبِئَةً فَتَرَبَّعَتْ قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ هٰذَا رِوَايَةُ الْجَامِعِ الصَّغِيْرِ وَ ذُكِرَ فِيْ غَيْرِهٖ اَنَّهَا اِذَا كَانَتْ قَاعِدَةً فَاتَّكَأَتْ لَاخِيَارَ لَهَا لِاَنَّ الْاِتِّكَاءَ اِظْهَارُ التَّهَاوُنِ بِالْاَمْرِ فَكَانَ اِعْرَاضًا وَالْاَوَّلُ هُوَ الْاَصَحُّ وَلَوْ كَانَتْ قَاعِدَةً فَاضْطَجَعَتْ فَفِيْهِ رِوَايَتَانِ عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَؒ وَلَوْ قَالَتْ اُدْعُوْا اَبِيْ اَسْتَشِيْرُ اَوْشُهُوْدًا اُشْهِدُهُمْ فَهِيَ عَلٰى خِيَارِهَا لِاَنَّ الْاِسْتِشَارَةَ لِتَحَرِّي الصَّوَابِ وَالْاِشْهَادُ لِلتَّحَرُّزِ عَنِ الْاِنْكَارِ فَلَا يَكُوْنُ دَلِيْلُ الْاِعْرَاضِ وَاِنْ كَانَتْ تَسِيْرُ عَلٰى دَابَّةٍ اَوْ فِيْ مَحْمَلٍ فَوَقَفَتْ فَهِيَ عَلٰى خِيَارِهَا وَ اِنْ سَارَتْ بَطَلَ خِيَارُهَا لِاَنَّ سَيْرَ الدَّابَّةِ وَوُقُوْفَهَا مُضَافٌ اِلَيْهَا وَالسَّفِيْنَةُ بِمَنْزِلَةِ الْبَيْتِ لِاَنَّ سَيْرَهَا غَيْرُ مُضَافٍ اِلٰى رَاكِبِهَا اَلَا تَرٰى اَنَّهٗ لَا يَقْدِرُ عَلٰى اِيْقَافِهَا وَرَاكِبُ الدَّابَّةِ يَقْدِرُ.

---

ترجمہ...... اور اگر وہ کھڑی تھی پھر بیٹھ گئی تو وہ اپنے خیار پر ہے۔ کیونکہ بیٹھنا متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ بیٹھنا رائے کو خوب جمع کرتا ہے۔ اور ایسے ہی جب بیٹھی تھی پھر تکیہ لگا لیا یا تکیہ لگائے ہوئے بیٹھی تھی پھر بیٹھ گئی۔ اس لئے کہ یہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونا ہے۔ لہٰذا (یہ) اعراض نہیں ہوگا۔ جیسا کہ جب گھٹنے کھڑے کئے بیٹھی تھی پھر چارزانو بیٹھ گئی۔ مصنف نے فرمایا کہ یہ جامع صغیر کی روایت ہے اور اس کے علاوہ میں مذکور ہے کہ وہ (عورت) جب بیٹھی تھی پھر تکیہ لگا لیا تو اس کے لئے خیار نہیں ہے۔ کیونکہ تکیہ لگا لینا اس امر کی بے پروائی کا اظہار ہے۔ پس (یہ) تکیہ لگانا اعراض ہوگا۔ اور اول زیادہ صحیح ہے۔ اور اگر عورت بیٹھی تھی پھر کروٹ سے لیٹ گئی تو اس میں ابو یوسف سے دو روایتیں ہیں۔ اور اگر عورت نے کہا میں اپنے باپ کو بلا کر مشورہ کر لوں یا گواہوں کو بلا کر گواہ بنا لوں تو وہ اپنے اختیار پر ہے۔ کیونکہ مشورہ لینا تو درست بات حاصل ہونے کے لئے ہے۔ اور گواہ بنا لینا انکار سے بچاؤ کے لئے ہے۔ لہٰذا (یہ) بھی دلیل اعراض نہیں ہوگا۔ اور اگر عورت کسی جانور پر چل رہی تھی یا محمل میں تھی پھر سواری ٹھہری تو یہ اپنے اختیار پر ہوگی۔ اور اگر جانور چلتا رہا تو اس کا خیار باطل ہو گیا۔ کیونکہ جانور کا چلنا اور ٹھہرنا عورت ہی کی جانب منسوب ہے اور کشتی بمنزلہ گھر کے ہے۔ کیونکہ کشتی کا چلنا اس کے سوار کی طرف منسوب نہیں کیا نہیں دیکھتے ہو کہ سوار کو کشتی ٹھہرانے پر قدرت نہیں ہے۔ اور جانور کا سوار قادر ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ امر بالید کے وقت کھڑی تھی اس کے بعد بیٹھ گئی تو اس کا خیار باقی ہے۔ دلیل یہ ہے کہ بیٹھنا متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔

کیونکہ بیٹھ کر غور کرنا بہ نسبت کھڑا ہونے کے بہتر ہے۔ اسی طرح اگر وہ بیٹھی تھی پس اختیار ملنے کے بعد تکیہ لگالیا یا تکیہ لگائے ہوئے تھی پھر اختیار کے بعد بیٹھ گئی۔ تو اس صورت میں اس کا اختیار باطل نہیں ہوا بلکہ وہ اپنے اختیار پر باقی ہے۔ دلیل یہ ہے کہ یہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونا ہے۔ اس کو اعراض اور روگردانی نہیں کہا جاسکتا اور یہ ایسا ہے جیسا کہ وہ اختیار ملنے کے وقت دونوں گھٹنے کھڑے کئے بیٹھی تھی۔ پھر چارزانو ہو کر بیٹھ گئی تو اس کا خیار باطل نہیں ہوا مصنفؒ ہدایہ فرماتے ہیں کہ یہ خیار کا باقی رہنا اس صورت میں ہے جبکہ بیٹھی تھی پھر تکیہ لگالیا۔ جامع صغیر کی روایت ہے ورنہ جامع صغیر کے علاوہ مبسوط کی روایت یہ ہے کہ اگر امر بالید کے وقت بیٹھی تھی پھر تکیہ لگالیا تو اس کے لئے خیار باقی نہیں رہے گا۔ کیونکہ تکیہ لگانا امر بالید کی طرف التفات نہ کرنے کی دلیل ہے۔ پس تکیہ لگانا اعراض شمار ہوگا۔ قولِ اول یعنی جامع صغیر کی روایت زیادہ صحیح ہے۔

اور اگر وہ عورت اختیار کے وقت بیٹھی تھی۔ اس کے بعد کروٹ سے لیٹ گئی۔ تو اس بارے میں امام ابو یوسفؒ سے دو روایتیں ہیں۔ حسنؒ بن زیاد کی روایت ہے کہ اس کا خیار باطل نہیں ہوگا۔ اور حسنؒ بن ابی مالک کی روایت ہے کہ باطل ہو جائے گا۔ اور اسی کے قائل امام زفرؒ ہیں۔

ولو قالت ادعو ابی استشیر میں کئی نسخے ہیں۔ ایک تو یہ کہ ادعو واحد متکلم کا صیغہ ہو۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ میں اپنے باپ کو بلالوں تا کہ مشورہ کرسکوں یا گواہوں کو بلالوں تا کہ ان کو گواہ بنا سکوں۔ دوسرا نسخہ یہ ہے کہ ادع بصیغہ امر ہو۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ عورت نے اپنے خادم یا کسی اور آدمی سے کہا کہ میرے باپ کو بلا دو تا کہ میں اس سے مشورہ کرلوں یا کہا کہ گواہوں کو بلا دو تا کہ ان کو گواہ بنا سکوں۔ بہر حال اس صورت میں بھی یہ عورت اپنے خیار پر باقی رہے گی۔ دلیل یہ ہے کہ مشورہ کرنا صحیح رائے معلوم کرنے کے لئے ہے۔ اور گواہ بنانا اس لئے ہے تا کہ شوہر کے انکار سے بچاؤ ہو سکے۔ لہٰذا یہ بھی کوئی دلیلِ اعراض نہیں ہے۔

اور اگر وہ عورت جانور پر رواں تھی یا محمل میں تھی اس وقت شوہر نے اختیار دیا پھر سواری ٹھہر گئی تو یہ عورت اپنے اختیار پر باقی ہے اور اگر وہ جانور چل دیا تو اس کا خیار باطل ہو جائے گا کیونکہ جانور کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا عورت کی جانب منسوب ہوگا۔ اور کشتی بمنزلہ گھر کے ہے یعنی اگر کشتی چلتی رہی تو اس عورت کا خیار باطل نہیں ہوگا۔ کیونکہ کشتی کا چلنا اس کے سوار کی طرف منسوب نہیں ہوگا۔ چنانچہ آپ غور کیجئے کہ کشتی کا سوار کشتی کو ٹھہرانے پر قادر نہیں۔ البتہ جانور کا سوار اس کو ٹھہرانے پر قادر ہے۔

# فَصْلٌ فِی الْمَشِیَّةِ

ترجمہ...... یہ فصل مشیت کے (بیان) میں ہے

## عورت کو طلقی نفسك کہا کوئی نیت نہیں تھی یا ایک کی نیت کی تھی تو عورت نے طلقت نفسی کہا تو ایک طلاق رجعی واقع ہو جائے گی

**وَ مَنْ قَالَ لِاِمْرَاَةٍ طَلِّقِیْ نَفْسَكِ وَلَانِیَّةَ لَهٗ اَوْنَوٰی وَاحِدَةً فَقَالَتْ طَلَّقْتُ نَفْسِیْ فَهِیَ وَاحِدَةٌ رِجْعِیَّةٌ وَاِنْ طَلَّقَتْ نَفْسَهَا ثَلٰثًا وَ قَدْاَرَادَ الزَّوْجُ ذٰلِكَ وَقَعْنَ عَلَیْهَا وَهٰذَا لِاَنَّ قَوْلَهٗ طَلِّقِیْ مَعْنَاهُ اِفْعَلِیْ فِعْلَ الطَّلَاقِ وَ هُوَ اِسْمُ جِنْسٍ فَیَقَعُ عَلَی الْاَدْنٰی مَعَ اِحْتِمَالِ الْكُلِّ كَسَائِرِ اَسْمَاءِ الْاَجْنَاسِ فَلِهٰذَا تَعْمَلُ فِیْهِ نِیَّةُ الثَّلٰثِ وَ یَنْصَرِفُ اِلَی الْوَاحِدَةِ عِنْدَ عَدَمِهَا وَ تَكُوْنُ الْوَاحِدَةُ رَجْعِیَّةً لِاَنَّ الْمُفَوَّضَ اِلَیْهَا صَرِیْحُ الطَّلَاقِ وَهُوَ رَجْعِیٌّ وَلَوْ نَوَی اثْنَتَیْنِ لَا یَصِحُّ لِاَنَّهٗ نِیَّةُ الْعَدَدِ اِلَّا اِذَا كَانَتِ الْمَنْكُوْحَةُ اَمَةً لِاَنَّهٗ جِنْسٌ فِیْ حَقِّهَا.**

ترجمہ......اور جس شخص نے اپنی عورت سے کہا تو اپنے آپ کو طلاق دے۔ اور شوہر کی کوئی نیت نہیں یا اس نے ایک کی نیت کی ہے پس عورت نے کہا میں نے اپنے آپ کو طلاق دی تو یہ ایک رجعی ہوگی اور اگر اس نے اپنے آپ کو تین دی حالانکہ شوہر نے اس کا ارادہ بھی کیا ہے تو اس پر (تینوں) واقع ہو جائیں گی۔ اور یہ اس لئے ہے کہ اس کا قول طلقی اس کے معنی ہیں کہ طلاق کا فعل کر تو اور طلاق اسم جنس ہے پس لفظ طلاق واقع ہوگا ادنیٰ (ایک) پر، کل (تین) کے احتمال کے ساتھ جیسا کہ تمام اسماء اجناس۔ پس اسی وجہ سے طلاق میں تین کی نیت کارآمد ہو جاتی ہے۔ اور عدم نیت کے وقت ایک کی طرف راجع ہوگی۔ اور ایک رجعی ہوگی۔ کیونکہ عورت کی طرف جو سپرد کی گئی ہے صریح الطلاق ہے اور وہ رجعی ہے۔ اور اگر دو کی نیت کی تو صحیح نہیں۔ اس لئے کہ یہ نیت عدد ہے مگر جبکہ منکوحہ باندی ہو، کیونکہ وہ اس کے حق میں جنس ہے۔

تشریح......(مسئلہ): اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے طلقی نفسک کہا اور مرد نے کوئی نیت نہیں کی یا ایک طلاق کی نیت کی ہے۔ پھر عورت نے جواب میں طلقت نفسی کہا تو ایک رجعی واقع ہو جائے گی۔ اور اگر عورت نے اپنے اوپر تین واقع کیں درآنحالیکہ شوہر نے تین کی نیت بھی کی ہے تو عورت پر تین واقع ہو جائیں گی۔ ان دونوں صورتوں کی دلیل یہ ہے کہ طلقی کے معنی ہیں افعلی فعل الطلاق یعنی صیغہ امر مصدر کو متضمن ہے اور مصدر اسم جنس ہے اور اسم جنس ادنیٰ یعنی فرد حقیقی پر صادق آتا ہے۔ کل جنس یعنی فرد حکمی کے احتمال کے ساتھ۔ یہی حکم تمام اسماء اجناس کا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ طلقی میں تین کی نیت کرنا صحیح ہے اور اگر نیت نہیں کی ہے تو فرد حقیقی (ایک) کی طرف راجع ہوگا۔ اور یہ ایک رجعی ہوگی۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ عورت کے سپرد صریح الطلاق ہے اور صریح الطلاق سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے۔

اور اگر دو کی نیت کی تو صحیح نہیں ہے کیونکہ دو عدد ہے اور مصدر سے عدد کی نیت درست نہیں ہوتی البتہ اگر منکوحہ باندی ہو تو پھر دو کی نیت بھی صحیح ہے۔ کیونکہ دو باندی کے حق میں جنس یعنی فرد حکمی ہے۔

## شوہر نے کہا طلقی نفسک عورت نے کہا ابنت نفسی یا اخترت نفسی تو کون سے لفظ سے طلاق واقع ہوگی

**وَاِنْ قَالَ لَهَا طَلِّقِيْ نَفْسَكِ فَقَالَتْ اَبَنْتُ نَفْسِيْ طُلِّقَتْ وَلَوْ قَالَتْ قَدِ اخْتَرْتُ نَفْسِيْ لَمْ تُطَلَّقْ لِاَنَّ الْاِبَانَةَ مِنْ اَلْفَاظِ الطَّلَاقِ اَلَا تَرٰى اَنَّهُ لَوْ قَالَ اَبَنْتُكِ يَنْوِيْ بِهِ الطَّلَاقَ اَوْ قَالَتْ اَبَنْتُ نَفْسِيْ فَقَالَ الزَّوْجُ قَدْ اَجَزْتُ ذٰلِكَ بَانَتْ فَكَانَتْ مُوَافَقَةً لِلتَّفْوِيْضِ فِي الْاَصْلِ اِلَّا اَنَّهَا زَادَتْ فِيْهِ وَصْفًا وَ هُوَ تَعْجِيْلُ الْاِبَانَةِ فَيَلْغُو الْوَصْفُ الزَّائِدُ وَ ثَبَتَ الْاَصْلُ كَمَا اِذَا قَالَتْ طَلَّقْتُ نَفْسِيْ تَطْلِيْقَةً بَائِنَةً وَ يَنْبَغِيْ اَنْ يَقَعَ تَطْلِيْقَةٌ رَجْعِيَّةٌ بِخِلَافِ الْاِخْتِيَارِ لِاَنَّهُ لَيْسَ مِنْ اَلْفَاظِ الطَّلَاقِ اَلَا تَرٰى اَنَّهُ لَوْ قَالَ لِاِمْرَاتِهٖ اِخْتَرْتُكِ اَوْ اِخْتَارِيْ يَنْوِي الطَّلَاقَ لَمْ يَقَعْ وَلَوْ قَالَتْ اِبْتِدَاءً اِخْتَرْتُ نَفْسِيْ فَقَالَ الزَّوْجُ اَجَزْتُ لَا يَقَعُ شَيْءٌ اِلَّا اَنَّهُ عُرِفَ طَلَاقًا بِالْاِجْمَاعِ اِذَا حَصَلَ جَوَابًا لِلتَّخْيِيْرِ وَقَوْلُهٗ طَلِّقِيْ نَفْسَكِ لَيْسَ بِتَخْيِيْرٍ فَيَلْغُوْ وَعَنْ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّهُ لَا يَقَعُ شَيْءٌ بِقَوْلِهَا اَبَنْتُ نَفْسِيْ لِاَنَّهَا اَتَتْ بِغَيْرِ مَا فُوِّضَ اِلَيْهَا اِذِ الْاِبَانَةُ تُغَايِرُ الطَّلَاقَ.**

---

ترجمہ......اور اگر مرد نے عورت سے کہا تو اپنے آپ کو طلاق دے۔ اس نے کہا کہ میں نے اپنے آپ کو بائنہ کر لیا تو طالقہ (رجعیہ) ہو جائے گی۔ اور اگر عورت نے کہا کہ میں نے اپنے آپ کو اختیار کر لیا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ بائنہ کرنا طلاق کے الفاظ میں سے ہے۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ اگر (مرد) نے کہا کہ میں نے تجھ کو بائنہ کر دیا درآنحالیکہ اس سے طلاق کی نیت کرتا ہے یا عورت نے کہا میں نے اپنے آپ کو بائنہ کیا پھر شوہر نے

کہا میں نے اس کی اجازت دیدی تو وہ بائنہ ہوگی۔ پس بائنہ کرنا اصل طلاق میں تفویض کے موافق ہو گیا۔ مگر یہ کہ عورت نے اس میں ایک وصف زیادہ کردیا اور وہ تعجیل ابانت ہے۔ پس وصف زائد لغو ہوگا اور اصل طلاق ثابت ہوگی۔ جیسا کہ جب عورت نے کہا طلقت نفسی تطلیقة بائنة اور مناسب یہ ہے کہ طلاق رجعی واقع ہو۔ بخلاف اختیار کے۔ کیونکہ وہ طلاق کے الفاظ میں سے نہیں ہے۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ اگر اپنی بیوی سے کہا کہ میں نے تجھ کو اختیار کیا یا اختیار کر تو حالانکہ طلاق کی نیت ہے تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور اگر عورت نے ابتداءً کہا میں نے اپنے آپ کو اختیار کرلیا پس شوہر نے کہا میں نے اجازت دی تو کچھ واقع نہیں ہوگی۔ مگر یہ کہ طلاق صحابہ کے اجماع سے معلوم ہوئی جبکہ تخییر کا جواب واقع ہو اور شوہر کا قول طلقی نفسک تخییر نہیں ہے۔ لہٰذا لغو ہوگا۔ اور ابوحنیفہؒ سے روایت ہے کہ اس کے قول ابنت نفسی سے کچھ واقع نہیں ہوگا۔ کیونکہ عورت اس کا غیر لائی جو اس کی طرف سپرد کیا گیا تھا کیونکہ ابانت طلاق کے مغایر ہے۔

تشریح ...... (مسئلہ): اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک عورت نے جواب میں ابنت نفسی کہا تو اس صورت میں طلاق رجعی واقع ہوگی۔ اور اگر جواب میں اخترت نفسی کہا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ ان دونوں کے درمیان وجہ فرق یہ ہے کہ ابانت الفاظ طلاق میں سے ہے۔ چنانچہ شوہر نے اگر اپنی بیوی سے بنیت طلاق ابنتک کہا یا عورت نے ابنت نفسی کہا۔ اور شوہر نے اجزت ذالک کہہ دیا تو عورت مطلقہ بائنہ ہو جائے گی۔ پس اس صورت میں عورت کا کلام ابنت نفسی شوہر کے کلام طلقی نفسک کے اصل طلاق میں موافق ہو گیا مگر عورت نے جواب میں وصف بینونت کا اضافہ کر دیا۔ پس اصل طلاق ثابت ہو جائے گی اور وصف زائد لغو ہو جائے گا۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ طلقی نفسک کے جواب میں عورت نے طلقت نفسی تطلیقة بائنة کہا ہو۔ برخلاف لفظ اختیار کے۔ کیونکہ لفظ اختیار الفاظ طلاق میں سے نہیں ہے۔ چنانچہ اگر مرد نے اپنی بیوی سے بنیت طلاق اخترتک کہا یا اختاری کہا یا عورت نے ابتداءً اخترت نفسی کہا اور مرد نے جواب میں اجزت کہا تو ان تینوں صورتوں میں طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اختیار کا لفظ طلاق ہونا یا جماع صحابہ خلاف قیاس اس وقت ثابت ہے جبکہ تخییر کے جواب میں واقع ہو یعنی مرد اختاری کہے عورت جواب میں اخترت نفسی ذکر کرے۔ اور یہاں چونکہ شوہر کا قول طلقی نفسک تخییر نہیں ہے۔ اس لئے عورت کا کلام (اخترت نفسی) مرد کے کلام (طلقی نفسک) کے موافق نہ ہونے کی وجہ سے لغو ہو جائے گا۔

امام ابوحنیفہؒ سے روایت ہے کہ مرد کے قول طلقی نفسک کے جواب میں اگر عورت نے ابنت نفسی کہا تو اس سے بھی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ اس صورت میں بھی عورت کا کلام مرد کے کلام کے موافق نہیں ہے۔ اس وجہ سے کہ مرد نے سپرد کیا ہے طلاق کو اور عورت نے واقع کیا ہے ابانت کو اور ابانت طلاق کے مغایر ہے۔

## طلقی نفسک کہہ کر شوہر قول سے رجوع نہیں کر سکتا

**وَاِنْ قَالَ طَلِّقِيْ نَفْسَكِ فَلَيْسَ لَهُ اَنْ يَرْجِعَ عَنْهُ لِاَنَّ فِيْهِ مَعْنَى الْيَمِيْنِ لِاَنَّهُ تَعْلِيْقُ الطَّلَاقِ بِتَطْلِيْقِهَا وَالْيَمِيْنُ تَصَرُّفٌ لَازِمٌ وَلَوْ قَامَتْ عَنْ مَجْلِسِهَا بَطَلَ لِاَنَّهُ تَمْلِيْكٌ بِخِلَافِ مَا اِذَا قَالَ لَهَا طَلِّقِيْ ضَرَّتَكِ لِاَنَّهُ تَوْكِيْلٌ وَاِنَابَةٌ فَلَا يَقْتَصِرُ عَلَى الْمَجْلِسِ وَ يَقْبَلُ الرُّجُوْعَ.**

---

ترجمہ ...... اور اگر مرد نے کہا تو اپنے نفس کو طلاق دے تو شوہر کو یہ (اختیار) نہیں کہ اس سے رجوع کرے۔ کیونکہ سپرد کرنے میں یمین (تعلیق) کے معنی ہیں۔ اس لئے کہ یہ عورت کے طلاق دینے پر طلاق کو معلق کرنا ہے۔ اور یمین تصرف لازم ہے اور اگر وہ اپنی مجلس سے کھڑی ہوگئی تو تفویض باطل ہوگئی۔ کیونکہ یہ تملیک ہے۔ بخلاف اس صورت کے جبکہ عورت سے کہا تو اپنی سوکن کو طلاق دیدے۔ کیونکہ یہ وکیل اور نائب بنانا ہے۔ پس مجلس پر منحصر ہوگا۔ اور رجوع کو قبول کرے گا۔

تشریح ..... (صورت مسئلہ): مرد نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک۔ تو اب شوہر کو یہ اختیار نہیں کہ وہ اپنے قول سے رجوع کرے۔

دلیل یہ ہے کہ شوہر کے قول طلقی نفسک میں یمین کے معنی ہیں۔ کیونکہ اس صورت میں طلاق کو عورت کے طلاق دینے پر معلق کرنا ہے اور یمین تصرف لازم ہے۔ اس وجہ سے رجوع کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ اور اگر عورت مجلس سے کھڑی ہو گئی تو اس کا خیار باطل ہو گیا کیونکہ طلقی نفسک کے ذریعہ عورت کو طلاق کا مالک بنانا ہے۔ اور تملیکات مجلس پر منحصر رہتی ہیں۔ اس لئے قیام عن المجلس سے عورت کا اختیار باطل ہو جائے گا۔ اس کے برخلاف یہ کہ شوہر نے کہا طلقی ضرتک۔ کیونکہ یہ بیوی کو اس کی سوکن کی طلاق کا وکیل اور نائب بنانا ہے اور توکیل مجلس پر منحصر نہیں ہوتی اور توکیل رجوع کو بھی قبول کرتی ہے۔ اس وجہ سے اس صورت میں شوہر اپنے قول سے رجوع کر سکتا ہے۔ حاصل یہ کہ اس مسئلہ کے دو حکم ہیں۔ ایک لزوم معنی یمین کی طرف نظر کرتے ہوئے دوم مجلس پر انحصار تملیک کے معنی پر نظر کرتے ہوئے۔

یہاں دو اشکال ہیں۔ اول یہ کہ طلقی نفسک کو یمین کے ساتھ خاص کیا گیا ہے نہ کہ طلقی ضرتک کو درآنحالیکہ جس طرح طلقی نفسک کے معنی ان طلقت نفسک فانت طالق کے ہیں۔ اسی طرح طلقی ضرتک کے معنی ان اردت طلاقها فهي طالق کے ہیں۔ پس اس کی وجہ فرق کیا ہے۔ دوسرا اشکال یہ کہ اول کو تملیک اور دوم کو توکیل کے ساتھ خاص کرنے کی وجہ کیا ہے۔ پہلے اشکال کا جواب یہ ہے کہ یمین کے معنی ایسے امر کے معلق کرنے سے متحقق ہوتے ہیں۔ جس کا وجود متردد ہو اور سوکن کی طلاق اگر بیوی کے سپرد کر دی گئی تو عادۃً اور طبعاً اس کا وجود یقینی ہے۔ لہٰذا وہ شرط بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ دوسرے اشکال کا جواب یہ ہے کہ پہلے گذر چکا کہ مالک وہ ہے جو اپنے لئے عمل کرے۔ اور وکیل اپنے غیر کے لئے عمل کرتا ہے اور عورت اپنی طلاق میں اپنے لئے عمل کرے گی۔ اور اپنی سوکن کی طلاق میں اپنے شوہر کے لئے عمل کرے گی۔ پس عورت اپنی طلاق کی مالک ہو سکتی ہے نہ کہ اپنی سوکن کی طلاق کی۔

## طلقي نفسك متى شئت کہا تو عورت مجلس اور مجلس کے بعد اپنے آپ کو طلاق دے سکتی ہے

وَاِنْ قَالَ لَهَا طَلِّقِيْ نَفْسَكِ مَتٰى شِئْتِ فَلَهَا اَنْ تُطَلِّقَ نَفْسَهَا فِي الْمَجْلِسِ وَ بَعْدَهُ لِاَنَّ كَلِمَةَ مَتٰى عَامَّةٌ فِي الْاَوْقَاتِ كُلِّهَا فَصَارَ كَمَا اِذَا قَالَ فِيْ اَيِّ وَقْتٍ شِئْتِ وَاِذَا قَالَ لِرَجُلٍ طَلِّقْ اِمْرَاَتِيْ فَلَهُ اَنْ يُطَلِّقَهَا فِي الْمَجْلِسِ وَبَعْدَهُ وَلَهُ اَنْ يَرْجِعَ لِاَنَّهُ تَوْكِيْلٌ وَاَنَّهُ اِسْتِعَانَةٌ فَلَا يَلْزَمُ وَلَا يُقْتَصَرُ عَلَى الْمَجْلِسِ بِخِلَافِ قَوْلِهٖ لِاِمْرَاَتِهٖ طَلِّقِيْ نَفْسَكِ لِاَنَّهَا عَامِلَةٌ لِنَفْسِهَا فَكَانَ تَمْلِيْكًا لَا تَوْكِيْلًا وَلَوْ قَالَ لِرَجُلٍ طَلِّقْهَا اِنْ شِئْتَ فَلَهُ اَنْ يُطَلِّقَهَا فِي الْمَجْلِسِ خَاصَّةً وَ لَيْسَ لِلزَّوْجِ اَنْ يَرْجِعَ وَ قَالَ زُفَرُ رَحِمَهُ اللّٰهُ هٰذَا وَالْاَوَّلُ سَوَاءٌ لِاَنَّ التَّصْرِيْحَ بِالْمَشِيَّةِ كَعَدَمِهٖ لِاَنَّهٗ يَتَصَرَّفُ عَنْ مَشِيَّتِهٖ فَصَارَ كَالْوَكِيْلِ بِالْبَيْعِ اِذَا قِيْلَ لَهٗ بِعْ اِنْ شِئْتَ وَلَنَا اَنَّهٗ تَمْلِيْكٌ لِاَنَّهٗ عَلَّقَهٗ بِالْمَشِيَّةِ وَالْمَالِكُ هُوَ الَّذِيْ يَتَصَرَّفُ عَنْ مَشِيَّتِهٖ وَالطَّلَاقُ يَحْتَمِلُ التَّعْلِيْقَ بِخِلَافِ الْبَيْعِ لِاَنَّهٗ لَا يَحْتَمِلُهٗ.

---

ترجمہ ..... اور اگر عورت سے کہا کہ تو اپنے نفس کو طلاق دے جس وقت تو چاہے تو عورت کو اختیار ہے کہ اپنے نفس کو طلاق دے مجلس میں اور مجلس کے بعد۔ کیونکہ کلمہ متیٰ تمام اوقات میں عام ہے۔ پس ایسا ہو گیا جیسا کہ جب کہا فی ای وقت شئت۔ اور جب کہا کسی مرد سے میری بیوی کو طلاق دیدے تو اس کے لئے اختیار ہے کہ وہ اس کو مجلس اور مجلس کے بعد طلاق دے۔ اور (شوہر) کے لئے جائز ہے کہ وہ رجوع کرے۔ کیونکہ یہ توکیل اور استعانت ہے۔ لہٰذا نہ لازم ہوگا اور نہ مجلس پر منحصر رہے گا۔ بخلاف اس کے کہ (اس نے) اپنی بیوی سے کہا تو اپنے نفس کو طلاق دے۔ کیونکہ وہ اپنے واسطے عمل کرنے والی ہے۔ پس یہ تملیک ہوگی نہ کہ توکیل اور اگر مرد نے کسی دوسرے مرد سے کہا کہ تو اس کو (میری بیوی کو) طلاق دیدے اگر تو چاہے تو اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اس کو خاص طور سے مجلس میں طلاق دیدے اور شوہر کو رجوع کرنے کا بھی اختیار نہیں ہے۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا

کہ یہ اور اول دونوں برابر ہیں۔ کیونکہ مشیت کی صراحت عدم صراحت کے مانند ہے۔ اس لئے کہ وہ اپنی مشیت ہی سے تصرف کرتا ہے۔ پس وکیل بالبیع کے مانند ہو گیا جبکہ اس سے کہا جائے اگر تو چاہے تو اس کو فروخت کر۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ یہ تملیک ہے کیونکہ اس کو مشیت پر معلق کیا ہے۔ اور مالک وہی ہے جو اپنی مشیت سے تصرف کرتا ہے۔ اور طلاق، تعلیق کا احتمال رکھتی ہے۔ برخلاف بیع کے، کیونکہ وہ تعلیق کا احتمال نہیں رکھتی۔

تشریح......(مسئلہ): اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک متیٰ شئت تو عورت کو اختیار ہے مجلس میں طلاق واقع کرے یا مجلس کے بعد۔ دلیل یہ ہے کہ کلمہ متیٰ تمام اوقات میں عام ہے۔ لہٰذا یہ ایسا ہو گیا جیسا کہ شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک فی ای وقت شئت۔ پس عموم وقت کی وجہ سے عورت کو ہر وقت اختیار حاصل ہوگا۔ مجلس میں طلاق دے یا مجلس کے بعد۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ایک مرد نے دوسرے سے کہا طلق امرأتی۔ تو اس وکیل کے لئے اختیار ہے کہ وہ اس عورت کو مجلس میں طلاق دے یا مجلس کے بعد۔ اور شوہر کے لئے اپنے قول سے رجوع کرنا بھی جائز ہے۔ دلیل یہ ہے کہ طلق امرأتی کے ذریعہ شوہر نے دوسرے آدمی کو وکیل بنایا ہے۔ اور طلاق واقع کرنے میں اس سے مدد طلب کی ہے۔ اور توکیل نہ لازم ہوتی ہے اور نہ مجلس پر منحصر اس لئے وکیل بالطلاق کو اختیار ہوگا کہ وہ مجلس میں طلاق دے یا مجلس کے بعد۔ اور شوہر کو رجوع کا اختیار ہوگا اس کے برخلاف اگر شوہر نے اپنی بیوی سے طلقی نفسک کہا تو عورت کا یہ اختیار مجلس کے ساتھ خاص ہوگا۔ اور شوہر کو اپنے قول سے رجوع کرنے کا اختیار بھی حاصل نہیں ہوگا۔ وجہ فرق یہ ہے کہ شوہر کا قول طلقی نفسک تملیک ہے۔ کیونکہ عورت اپنے واسطے عمل کرے گی۔ اور وکیل وہ ہے جو اپنے غیر کے لئے عمل کرے۔ اور یہ سابق میں بیان ہو چکا ہے کہ تملیک کی صورت میں شوہر کو رجوع کا اختیار نہیں ہوتا اور مجلس کے ساتھ تملیک خاص ہوتی ہے۔

تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے کسی مرد سے کہا کہ اگر تو چاہے تو اس کو یعنی میری بیوی کو طلاق دیدے تو اس صورت میں اس مرد کو صرف مجلس میں طلاق دینے کا اختیار ہوگا نہ کہ مجلس کے بعد۔ اور شوہر کے لئے اپنے قول سے رجوع کرنے کا اختیار بھی نہیں ہوگا۔ امام زفرؒ نے فرمایا کہ یہ قول یعنی طلقها ان شئت اور قول اول یعنی طلق امرأتی حکم میں دونوں برابر ہیں۔ دلیل یہ ہے کہ مشیت کو صراحۃً ذکر کرنا اور ذکر نہ کرنا دونوں برابر ہیں۔ کیونکہ وہ آدمی جس کو طلق امرأتی سے اختیار دیا ہے وہ اپنی مشیت ہی سے تصرف کرے گا۔ اس لئے کہ طلاق دینا اس اجنبی کا فعل اختیاری ہے۔ اور فعل اختیاری بغیر مشیت کے متحقق نہیں ہوتا۔ پس جب دونوں برابر ہیں تو قول ثانی بھی اول کی طرح توکیل ہوگا۔ جیسا کہ وکیل بالبیع سے کہا بعہ ان شئت۔ اور توکیل مجلس کے ساتھ مقید نہیں ہوتی۔ اور مؤکل کے لئے رجوع کا اختیار ہوتا ہے۔ پس اسی طرح یہاں بھی طلاق دینے کا اختیار مجلس کے ساتھ مقید نہیں ہوگا۔ اور مؤکل یعنی شوہر کے لئے اپنے قول سے رجوع کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

ہماری دلیل...... یہ ہے کہ قول ثانی طلقها ان شئت ایسی تملیک ہے جس میں تعلیق کے معنیٰ پائے جاتے ہیں۔ پس معنی تملیک کا اعتبار کرتے ہوئے یہ اختیار مجلس کے ساتھ مقید ہوگا۔ اور تعلیق (یمین) کے معنی کا اعتبار کرتے ہوئے یہ تصرف لازم ہوگا۔ اور شوہر کو اپنے قول سے رجوع کا اختیار حاصل نہیں ہوگا۔

والطلاق یحتمل التعلیق سے امام زفرؒ کے قیاس کا جواب ہے۔ حاصل جواب یہ ہے کہ طلاق کو بیع پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ اس لئے کہ طلاق تعلیق کا احتمال رکھتی ہے اور بیع تعلیق کا احتمال نہیں رکھتی۔

## طلقی نفسک ثلاثاً کہا عورت نے طلقت واحدۃ کہا تو ایک طلاق واقع ہوگی

**وَلَوْ قَالَ لَهَا طَلِّقِيْ نَفْسَكِ ثَلٰثاً فَطَلَّقَتْ وَاحِدَةً فَهِيَ وَاحِدَةٌ لِاَنَّهَا مَلَكَتْ اِيْقَاعَ الثَّلٰثِ فَتَمْلِكُ اِيْقَاعَ الْوَاحِدِ ضَرُوْرَةً.**

---

ترجمہ......اور اگر (کسی مرد نے) عورت سے کہا تو اپنے نفس کو تین طلاقیں دے۔ پس اس نے ایک طلاق واقع کی۔ تو یہ ایک ہوگی۔ کیونکہ وہ

عورت تین کو واقع کرنے کی مالک ہوگئی۔ لہٰذا ایک کو واقع کرنے کی بھی بدابۃً مالک ہوگی۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی کو تین طلاق واقع کرنے کا اختیار دیا۔ بیوی نے اپنے اوپر ایک واقع کی۔ تو یہ ایک طلاق واقع ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ جب عورت تین طلاقوں کی مالک ہے تو ان کے ضمن میں ایک کی بھی مالک ہوگی۔

## مرد نے طلقي نفسك واحدة کہا عورت نے اپنے نفس کو تین طلاق دیں تو کوئی طلاق واقع ہوگی یا نہیں، اقوال فقہاء

**وَلَوْ قَالَ لَهَا طَلِّقِي نَفْسَكِ وَاحِدَةً فَطَلَّقَتْ نَفْسَهَا ثَلٰثًا لَمْ يَقَعْ شَيْءٌ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَقَالَا يَقَعُ وَاحِدَةً لِاَنَّهَا اَتَتْ بِمَا مَلَّكَتْهُ وَزِيَادَةً فَصَارَ كَمَا اِذَا طَلَّقَهَا الزَّوْجُ اَلْفًا وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّهَا اَتَتْ بِغَيْرِ مَا فُوِّضَ اِلَيْهَا فَكَانَتْ مُبْتَدِأَةً وَهٰذَا لِاَنَّ الزَّوْجَ مَلَّكَهَا الْوَاحِدَةَ وَالثَّلٰثُ غَيْرُ الْوَاحِدَةِ لِاَنَّ الثَّلٰثَ اِسْمٌ لِعَدَدٍ مُرَكَّبٍ مُجْتَمِعٍ وَالْوَاحِدَ فَرْدٌ لَا تَرْكِيْبَ فِيْهِ فَكَانَتْ بَيْنَهُمَا مُغَايَرَةٌ عَلٰى سَبِيْلِ الْمُضَادَةِ بِخِلَافِ الزَّوْجِ لِاَنَّهُ يَتَصَرَّفُ بِحُكْمِ الْمِلْكِ وَكَذَا هِيَ فِي الْمَسْئَلَةِ الْاُوْلٰى لِاَنَّهَا مَلَكَتِ الثَّلٰثَ اَمَّا هٰهُنَا لَمْ تَمْلِكِ الثَّلٰثَ وَمَا اَتَتْ بِمَا فُوِّضَ اِلَيْهَا فَلَغَا.**

---

ترجمہ...... اور اگر (شوہر) نے اپنی بیوی سے کہا تو اپنے نفس کو ایک طلاق دیدے اس نے اپنے نفس پر تین واقع کیں تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کوئی واقع نہیں ہوگی۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ ایک واقع ہو جائے گی۔ اس لئے کہ عورت وہ لائی جس کی وہ مالک ہے اور زائد (لائی) تو ایسا ہو گیا جیسے شوہر نے (خود) اس کو ایک ہزار طلاقیں دیدیں۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ عورت ایسی چیز لائی جو شوہر نے اس کے سپرد نہیں کی تو (عورت) ابتداءً ہی (اپنے آپ کو طلاقیں دینے والی ہوئی) اور یہ اس لئے کہ شوہر نے اس کو ایک طلاق کا مالک بنایا ہے اور تین ایک کا غیر ہے۔ کیونکہ تین تو عدد مرکب مجتمع کا نام ہے اور ایک فرد ہے جس میں ترکیب نہیں ہے۔ پس ایک اور تین کے درمیان تغایر علیٰ سبیل التضاد ہوا۔ برخلاف شوہر کے کہ شوہر بحکم ملک تصرف کرتا ہے اور یوں ہی عورت بھی پہلے مسئلہ میں (مالکہ ہو کر متصرف ہے) کیونکہ وہ تین طلاق کی مالکہ تھی اور یہاں وہ تین طلاقوں کی مالکہ نہیں ہے۔ اور وہ اس کو نہیں لائی جو اس کو سپرد کی گئی تھی تو (شوہر کا سپرد کرنا) لغو ہو گیا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقي نفسك واحدة اس نے اپنے نفس پر تین طلاقیں واقع کیں تو امام صاحب کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ یہی قول امام زفرؒ اور امام مالکؒ کا ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک ایک واقع ہوگی اور اس کے قائل امام شافعیؒ اور امام احمدؒ ہیں۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ شوہر نے عورت کو جس کا مالک بنایا تھا عورت نے اس کو واقع کیا اور زائد کو۔ یہ ایسا ہو گیا جیسے شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقي نفسك پس عورت نے اپنے نفس کو طلاق دی۔ اور اپنی سوکن کو۔ پس جو کچھ عورت کے سپرد کیا گیا ہے وہ واقع ہوگا۔ اور جو اس سے زائد ہے وہ لغو ہوگا۔ اس لئے اس مسئلہ میں ایک واقع ہو جائے گی اور باقی دو لغو ہوں گی۔ اور یہ ایسا ہے جیسا کہ شوہر نے بذات خود اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دیدیں تو تین طلاقیں جن کا وہ شرعاً مالک ہے واقع ہو جائیں گی۔ اور باقی جن کا شرعاً مالک نہیں ہے لغو ہوں گی۔

امام ابوحنیفہؒ کی دلیل...... یہ ہے کہ عورت جس کی مالک تھی اس نے اس کا غیر واقع کیا ہے۔ اس لئے کہ شوہر نے عورت کو ایک طلاق کا مالک بنایا تھا اور تین ایک کا غیر ہے۔ کیونکہ تین عدد مرکب مجتمع کا نام ہے اور واحد فرد ہے اس میں ترکیب نہیں۔ لہٰذا ایک اور تین کے درمیان تضاد ہوا۔ اس وجہ سے کہ ایک غیر مرکب ہے۔ اور تین مرکب اور تین عدد ہے اور ایک غیر عدد۔ پس جب عورت نے سپرد کی ہوئی طلاق کا غیر اپنے اوپر واقع کیا تو وہ از سرنو طلاق دینے والی ہوئی۔ اور عورت جب ابتداءً اپنے اوپر طلاق واقع کرتی ہے تو وہ طلاق واقع نہیں ہوتی الا یہ کہ مرد اجازت دیدے۔ اس کے

برخلاف جب شوہر نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دیدیں تو تین واقع ہو جائیں گی۔ کیونکہ شوہر مالک ہونے کی حیثیت سے طلاق کا تکلم کرتا ہے۔ پس جتنی چاہے واقع کرے مگر نافذ بقدر محل ہوں گی۔ اسی طرح پہلے مسئلہ میں عورت بھی مالک ہونے کی حیثیت سے تکلم کرتی ہے کیونکہ تین کی مالک تھی اور اپنے اوپر ایک واقع کی ہے اور اس مسئلہ میں وہ تین کی مالک نہیں ہے۔ اور جو اس کے سپرد کی گئی تھی یعنی ایک وہ اس نے واقع نہیں کی۔ لہٰذا مرد کے قول اور عورت کے جواب میں موافقت نہ ہونے کی وجہ سے عورت کا قول لغو ہو جائے گا۔

## شوہر نے طلاق رجعی دینے کا کہا اس نے بائنہ دی یا بائنہ دینے کا کہا اس نے رجعی طلاق دی مرد نے جس طلاق کا حکم کیا وہی واقع ہوگی

وَاِنْ اَمَرَهَا بِطَلَاقٍ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ فَطَلَّقَتْ بَائِنَةً اَوْ اَمَرَهَا بِالْبَائِنِ فَطَلَّقَتْ رَجْعِيَّةً وَقَعَ مَا اَمَرَ بِهِ الزَّوْجُ فَمَعْنَى الْاَوَّلِ اَنْ يَقُوْلَ لَهَا الزَّوْجُ طَلِّقِيْ نَفْسَكِ وَاحِدَةً اَمْلِكُ الرَّجْعَةَ فَتَقُوْلُ طَلَّقْتُ نَفْسِيْ وَاحِدَةً بَائِنَةً فَتَقَعُ رَجْعِيَّةً لِاَنَّهَا اَتَتْ بِالْاَصْلِ وَ زِيَادَةِ وَصْفٍ كَمَا ذَكَرْنَا فَيَلْغُو الْوَصْفُ وَ يَبْقَى الْاَصْلُ وَ مَعْنَى الثَّانِيَةِ اَنْ يَقُوْلَ لَهَا طَلِّقِيْ نَفْسَكِ وَاحِدَةً بَائِنَةً فَتَقُوْلُ طَلَّقْتُ نَفْسِي وَاحِدَةً رَجْعِيَّةً فَتَقَعُ بَائِنَةً لِاَنَّ قَوْلَهَا وَاحِدَةً رَجْعِيَّةً لَغْوٌ مِنْهَا لِاَنَّ الزَّوْجَ لَمَّا عَيَّنَ صِفَةَ الْمُفَوَّضِ اِلَيْهَا فَحَاجَتُهَا بَعْدَ ذٰلِكَ اِلٰى اِيْقَاعِ الْاَصْلِ دُوْنَ تَعْيِيْنِ الْوَصْفِ فَصَارَ كَاَنَّهَا اُقْتُصِرَتْ عَلَى الْاَصْلِ فَيَقَعُ بِالصِّفَةِ الَّتِيْ عَيَّنَهَا الزَّوْجُ بَائِناً اَوْ رَجْعِيًّا.

---

ترجمہ ...... اور اگر (مرد نے) عورت کو ایسی طلاق کا حکم دیا (جس میں) رجعت کر سکتا ہے۔ پس عورت نے (اپنے آپ کو) بائنہ طلاق دیدی یا شوہر نے اس کو طلاق بائن کا حکم دیا۔ اور اس نے طلاق رجعی دی تو وہی واقع ہوگی جس کا شوہر نے حکم دیا ہے۔ پس مسئلہ اول کی صورت یہ ہے کہ شوہر عورت سے کہے تو اپنے نفس کو ایسی ایک طلاق دے کہ میں رجعت کا مالک رہوں۔ پس وہ عورت کہتی ہے کہ میں نے اپنے نفس کو ایک بائنہ دی، تو ایک رجعیہ واقع ہوگی۔ کیونکہ عورت اصل کو زیادتی وصف کے ساتھ لائی۔ جیسا کہ ہم نے ذکر کیا۔ پس وصف لغو ہو گیا۔ اور اصل باقی رہے گی۔ اور دوسرے مسئلہ کے معنی یہ ہے کہ (شوہر) عورت سے کہے تو اپنے نفس کو ایک طلاق بائن دیدے۔ پس عورت کہتی کہ میں نے اپنے نفس کو ایک رجعیہ دی تو بائنہ واقع ہوگی۔ کیونکہ عورت کا قول واحدۃ رجعیۃ اس کی طرف سے لغو حرکت ہے۔ کیونکہ شوہر نے جو طلاق عورت کے سپرد کی ہے اس کا وصف متعین کر دیا۔ تو اب اس کے بعد عورت کی حاجت اصل طلاق واقع کرنے میں ہے (اس کا) وصف متعین کرنے میں نہیں۔ تو ایسا ہوا گویا کہ عورت نے اصل طلاق پر اکتفاء کیا۔ پس (طلاق) اسی صفت کے ساتھ واقع ہوگی جس کو شوہر نے متعین کیا ہے بائن ہو یا رجعی۔

تشریح ...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق رجعی کا اختیار دیا اس کی بیوی نے اپنے اوپر طلاق بائن واقع کی یا شوہر نے اس کو طلاق بائن کا حکم دیا۔ اس نے طلاق رجعی واقع کی غرضیکہ عورت نے وصف طلاق میں اپنے شوہر کی مخالفت کی ہے۔ پس ان دونوں صورتوں میں وہی طلاق واقع ہوگی جس کا شوہر نے اسکو حکم دیا ہے۔ پہلے مسئلہ کی صورت یہ ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک واحدۃ املک الرجعۃ ۔ بیوی نے جواب میں کہا طلقت نفسی واحدۃ بائنۃ ۔ تو اس صورت میں ایک رجعی واقع ہوگی دلیل یہ ہے کہ عورت نے اپنے اوپر اصل طلاق کو واقع کیا ہے اور ایک وصف زائد یعنی بینونت کو۔ پس وصف جو شوہر کے کلام میں مذکور نہیں ہے وہ لغو ہو جائے گا۔ اور اصل طلاق باقی رہے گی۔

دوسرے مسئلہ کی صورت یہ ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک واحدۃ بائنۃ ۔ بیوی نے جواب میں کہا طلقت نفسی واحدۃ رجعیۃ ۔ اس صورت میں ایک بائنہ واقع ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ عورت کا قول واحدۃ رجعیۃ عورت کی طرف سے لغو ہے۔ اس لئے کہ شوہر نے جو

طلاق عورت کے سپرد کی ہے اس کی صفت (بائنہ) خود ہی متعین کر دی۔ لہٰذا اس کے بعد عورت کی ضرورت صرف اصل طلاق کو واقع کرنے میں ہے۔ وصف متعین کرنے میں اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ گویا عورت نے جواب میں اصل طلاق پر اکتفاء کیا ہے۔ پس جو صفت شوہر نے متعین کی ہے اسی کے ساتھ واقع ہوگی۔ بائن ہو یا رجعی۔

خلاصہ یہ کہ شوہر نے عورت کے سپرد اصل طلاق کی ہے ایک وصف کے ساتھ۔ اور عورت نے وصف میں شوہر کی مخالفت کی ہے۔ اس وجہ سے اصل طلاق ثابت ہو جائے گی اور وصف ثابت نہیں ہوگا۔

## مرد نے طلقی نفسک ثلثا ان شئت کہا عورت نے ایک طلاق دے دی تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی

وَاِنْ قَالَ لَهَا طَلِّقِیْ نَفْسَكِ ثَلٰثًا اِنْ شِئْتِ فَطَلَّقَتْ وَاحِدَةً لَمْ يَقَعْ شَیْءٌ لِاَنَّ مَعْنَاهُ اِنْ شِئْتِ الثَّلٰثَ وَ هِیَ بِاِيْقَاعِ الْوَاحِدَةِ مَا شَاءَ تِ الثَّلٰثَ فَلَمْ يُوْجَدِ الشَّرْطُ.

---

ترجمہ......اور اگر عورت سے کہا تو اپنے نفس کو تین طلاق دیدے اگر تو چاہے۔ پس عورت نے ایک طلاق دی تو کچھ واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ اس کے معنی ہیں اگر تو تین چاہے اور عورت نے ایک کو چاہنے کی وجہ سے تین کو نہیں چاہا۔ پس شرط نہیں پائی گئی۔

تشریح......(صورت مسئلہ): شوہر نے اپنی بیوی سے طلقی نفسک ثلاثاً ان شئت کہا۔ عورت نے ایک طلاق واقع کی تو اس صورت میں کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ یہی قول امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کا ہے۔ دلیل یہ ہے کہ شوہر کے قول ان شئت کے معنی ہیں ان شئت ثلاثاً پس شوہر نے ایقاع طلاق کے لئے مشیت ثلاث کو شرط بنایا ہے۔ اور چونکہ عورت نے ایک طلاق چاہی اس لئے شرط نہیں پائی گئی اور جب شرط نہیں پائی گئی تو طلاق بھی واقع نہیں ہوگی۔

## طلقی نفسک واحدۃ ان شئت کہا عورت نے تین واقع کیں تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی

وَلَوْ قَالَ لَهَا طَلِّقِیْ نَفْسَكِ وَاحِدَةً اِنْ شِئْتِ فَطَلَّقَتْ ثَلٰثًا فَكَذٰلِكَ عِنْدَ اَبِیْ حَنِيْفَةَؒ لِاَنَّ مَشِيَّةَ الثَّلٰثِ لَيْسَتْ بِمَشِيَّةٍ لِلْوَاحِدَةِ كَاِيْقَاعِهَا وَ قَالَا يَقَعُ وَاحِدَةٌ لِاَنَّ مَشِيَّةَ الثَّلٰثِ مَشِيَّةٌ لِلْوَاحِدَةِ كَمَا اَنَّ اِيْقَاعَهَا اِيْقَاعٌ لِلْوَاحِدَةِ فَوُجِدَ الشَّرْطُ.

---

ترجمہ......اور اگر مرد نے عورت سے کہا تو اپنے نفس کو طلاق دے اگر تو چاہے اس نے تین طلاق دی تو امامؒ صاحب کے نزدیک یہی حکم ہے۔ کیونکہ تین کا چاہنا ایک کا چاہنا نہیں ہے۔ جیسا کہ تین کا واقع کرنا ایک کا واقع کرنا نہیں۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ ایک واقع ہوگی۔ کیونکہ تین کا چاہنا ایک کا چاہنا ہے۔ جیسا کہ تین کا واقع کرنا ایک کا واقع کرنا ہے۔ پس شرط پائی گئی۔

تشریح......اور اگر شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک واحدۃ ان شئت۔ عورت نے تین واقع کی تو امام صاحبؒ کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ ایک واقع ہو جائے گی۔

امام صاحبؒ کی دلیل یہ ہے کہ ماقبل میں بیان ہوا ہے کہ تین اور ایک میں تغایر ہے لہٰذا تین طلاقوں کا چاہنا، ایک طلاق کا چاہنا نہیں ہے۔ کیونکہ احدالضدین کی مشیت آخر کی مشیت کو مستلزم نہیں۔ یعنی شرط یہ تھی کہ عورت ایک طلاق کی خواہش کرے لیکن اس نے تین طلاقوں کی خواہش کی۔ پس شرط نہیں پائی گئی۔ اس وجہ سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور یہ ایسا ہے جیسے کسی نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسک واحدۃ اس نے تین طلاقیں

واقع کیں تو امام صاحبؒ کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ امام صاحبؒ کے نزدیک تین کا واقع کرنا ایک طلاق کا واقع کرنا نہیں ہے۔

اور صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ تین طلاقوں کی خواہش میں ایک طلاق کی خواہش موجود ہے جیسا کہ تین طلاقوں کا واقع کرنا ایک کا واقع کرنا ہوتا ہے۔ پس شرط پائی گئی اس وجہ سے ایک طلاق واقع ہو جائے گی۔

حاصل اختلاف یہ ہے کہ امام صاحبؒ کے نزدیک ایک طلاق کی مشیت تین طلاقوں کی مشیت میں موجود نہیں۔ اسی طرح ایک کا ایقاع تین طلاقوں کے ایقاع میں موجود نہیں ہے اور صاحبینؒ کے نزدیک موجود ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## مرد نے انت طالق اِن شئت کہا عورت نے شئت ان شئت کہا مرد نے شئت کہا تو امر بالید باطل ہو جائے گا

**وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ اِنْ شِئْتِ فَقَالَتْ شِئْتُ اِنْ شِئْتَ فَقَالَ شِئْتُ يَنْوِى الطَّلَاقَ بَطَلَ الْاَمْرُ لِاَنَّه عَلَّقَ طَلَاقَهَا بِالْمَشِيَّةِ الْمُرْسَلَةِ وَ هِيَ اَتَتْ بِالْمُعَلَّقَةِ فَلَمْ يُوْجَدِ الشَّرْطُ وَ هُوَ اِشْتِغَالٌ بِمَا لَا يُعْنِيْهَا فَخَرَجَ الْاَمْرُ مِنْ يَدِهَا وَلَا يَقَعُ الطَّلَاقُ بِقَوْلِهٖ شِئْتَ وَاِنْ نَوَى الطَّلَاقَ لِاَنَّه لَيْسَ فِيْ كَلَامِ الْمَرْاَةِ ذِكْرُ الطَّلَاقِ لِيَصِيْرَ الزَّوْجُ شَائِياً طَلَاقَهَا وَالنِّيَّةُ لَا تَعْمَلُ فِيْ غَيْرِ الْمَذْكُوْرِ حَتّٰى لَوْ قَالَ شِئْتُ طَلَاقَكِ يَقَعُ اِذَا نَوٰى لِاَنَّهٗ اِيْقَاعٌ مُبْتَدَاٌ اِذِ الْمَشِيَّةُ مُنْبِئٌ عَنِ الْوُجُوْدِ بِخِلَافِ قَوْلِهٖ اَرَدْتُ طَلَاقَكِ لِاَنَّهٗ لَا يُنْبِئُ عَنِ الْوُجُوْدِ وَ كَذَا اِذَا قَالَتْ شِئْتُ اِنْ شَاءَ اَبِيْ اَوْ شِئْتُ اِنْ كَانَ كَذَا لِاَمْرٍ لَمْ يَجِئْ بَعْدُ لِمَا ذَكَرْنَا اَنَّ الْمَاتِيَّ بِهٖ مَشِيَّةٌ مُعَلَّقَةٌ فَلَا يَقَعُ الطَّلَاقُ وَ بَطَلَ الْاَمْرُ وَ اِنْ قَالَتْ قَدْ شِئْتُ اِنْ كَانَ كَذَا لِاَمْرٍ قَدْ مَضٰى طُلِّقَتْ لِاَنَّ التَّعْلِيْقَ بِشَرْطٍ كَائِنٍ تَنْجِيْزٌ.**

---

ترجمہ..... اور اگر کہا عورت سے کہ تو طالقہ ہے اگر تو چاہے۔ پھر عورت نے کہا چاہا میں نے اگر تو نے چاہا۔ پھر مرد نے کہا میں نے چاہا درآنحالیکہ طلاق کی نیت کرتا ہے تو امر بالید باطل ہو گیا۔ کیونکہ شوہر نے اس کی طلاق کو مطلقاً چاہنے پر معلق کیا ہے اور وہ لائی مشیت معلقہ تو شرط نہیں پائی گئی اور وہ (مشیت معلقہ) لایعنی کام میں مشغول ہونا ہے۔ پس امر اس کے ہاتھ سے نکل گیا۔ اور مرد کے قول شئت سے طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اگرچہ طلاق کی نیت کی ہو۔ کیونکہ عورت کے کلام میں طلاق کا ذکر نہیں ہے۔ تاکہ شوہر اس کی طلاق کا چاہنے والا ہو جائے۔ اور نیت اس چیز میں عمل نہیں کرتی جو مذکور نہ ہو حتیٰ کہ اگر کہا میں نے تیری طلاق چاہی تو واقع ہو جائے گی۔ جبکہ نیت کی ہو۔ کیونکہ یہ جدید واقع کرنا ہوگا۔ اس وجہ سے کہ مشیت وجود کی خبر دیتی ہے۔ اس کے برخلاف اس کا قول کہ میں نے تیری طلاق کا ارادہ کیا۔ کیونکہ ارادہ وجود کی خبر نہیں دیتا۔ اور یوں ہی (طلاق واقع نہیں ہوگی) جب عورت نے کہا چاہا میں نے اگر میرے باپ نے چاہا۔ یا چاہا میں نے اگر ایسا ہو (مشروط کیا) ایسے امر پر جو ابھی تک موجود نہیں ہوا ہے۔ اس وجہ سے جو ہم نے ذکر کیا ہے کہ وہ جو مشیت لائی ہے وہ مشیت معلقہ ہے۔ پس طلاق واقع نہ ہوگی اور امر بالید باطل ہو گیا۔ اور اگر عورت نے کہا میں نے چاہا اگر ایسا ہوا ہو۔ (مشروط کیا) ایسے امر کے ساتھ جو گذر چکا تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ ایسی چیز پر معلق کرنا جو ہو چکی تنجیز ہے (تعلیق نہیں ہے)۔

تشریح..... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق ان شئت۔ عورت نے کہا شئت ان شئت۔ اور مرد طلاق کی نیت بھی کرتا ہے تو اس صورت میں امر بالید باطل ہو گیا۔ اور عورت کے لئے اختیار باقی نہیں رہا۔ دلیل یہ ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی کی طلاق کو مشیت غیر معلقہ پر معلق کیا ہے۔ اور عورت لائی مشیت معلقہ یعنی اپنے چاہنے کو شوہر کے چاہنے پر معلق کیا ہے۔ پس شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے طلاق

واقع نہیں ہوگی۔ اور چونکہ عورت لایعنی کام میں مشغول ہوگئی جو دلیل اعراض ہے۔ اس وجہ سے اس کے ہاتھ سے امر بھی نکل گیا۔ اور اختیار باقی نہیں رہا۔ (لایعنی کام یہ ہے کہ عورت نے اپنی مشیت کو شوہر کی مشیت پر معلق کیا ہے۔

صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ اگر عورت کے قول شئتُ ان شئتَ کے جواب میں مرد نے شئتُ کہہ دیا تو اس لفظ شئتُ سے طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اگرچہ شوہر نے طلاق کی نیت کی ہو۔ دلیل یہ ہے کہ عورت کے کلام شئتُ ان شئتَ میں طلاق کا ذکر نہیں ہے تا کہ شوہر اس کی طلاق کو چاہنے والا ہوتا اور اگر آپ کہیں کہ شوہر نے طلاق کی نیت کی ہے تو ہم جواب دیں گے کہ نیت کا عمل مذکور میں ہوتا ہے نہ کہ غیر مذکور میں۔ اور یہاں نہ عورت کے کلام میں طلاق مذکور ہے اور نہ مرد کے کلام میں۔ اس لئے نیت کے باوجود طلاق واقع نہیں ہوگی۔ چنانچہ اگر شوہر نے شئتُ طلاقك کہا اور طلاق کی نیت بھی کی ہے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ لیکن یہ طلاق کا واقع ہونا اس لئے نہیں کہ جواب ہے بلکہ اس لئے ہے کہ ابتداءً طلاق واقع کی گئی۔

مصنفؒ فرماتے ہیں کہ شئتُ طلاقك سے طلاق واقع ہو جائے گی۔ لیکن اردت طلاقک سے طلاق واقع نہیں ہوگی۔ وجہ فرق یہ ہے کہ شئتُ ماخوذ ہے شئ سے اور شئ کے معنی ہیں موجود کے پس شئتُ، اوجدتُ کے معنی میں ہوگا۔ اور ایجاد طلاق بغیر ایقاع کے نہیں ہوتا۔ اس لئے اس لفظ شئتُ طلاقك سے طلاق واقع ہو جائے گی اور ارادہ کے معنی ہیں طلب کے۔ جیسا کہ حدیث میں فرمایا گیا الحمّی رائد الموت۔ پس اب اردت طلاقک کے معنی ہوں گے طلبتُ طلاقك۔ اور یہ بات مسلم ہے کہ طلب طلاق سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔ اس وجہ سے اس لفظ سے طلاق واقع نہیں ہوگی۔

اور اگر عورت نے انت طالق ان شئت کے جواب میں شئتُ ان شاء ابی کہہ دیا یا شئتُ ان کان کذا کہا۔ یعنی ایسے امر پر معلق کر دیا جو ابھی تک نہیں ہوا، تو اس صورت میں بھی طلاق واقع نہ ہوگی۔ دلیل سابق میں گذر چکی کہ عورت مشیت معلقہ لائی۔ حالانکہ طلاق مشیت مرسلہ (غیر معلقہ) پر معلق ہے۔ اور لایعنی کام میں مشغول ہونے کی وجہ سے عورت کا اختیار بھی باطل ہوگیا۔ اور اگر عورت نے مرد کے کلام کے جواب میں کہا شئتُ ان کان کذا۔ یعنی ایسے امر پر معلق کیا جو زمانہ ماضی میں ہو چکا تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ طلاق کو ایسی شرط پر معلق کرنا جو شرط پہلے سے موجود ہے۔ طلاق منجز کہلائے گی۔ جیسے کسی نے کہا انت طالق ان کان السماء فوقنا۔ اس صورت میں طلاق منجز یعنی فی الحال واقع ہوگی۔

**فوائد**..... ایک اشکال ہے وہ یہ کہ شئت طلاقک میں لفظ طلاق صراۃً موجود ہے۔ لہٰذا احتیاج نیت نہ ہونا چاہئے۔ جواب: شئت طلاقک میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ وجود طلاق مطلقاً مراد ہو۔ دوم یہ کہ وجود طلاق وقوعاً مراد ہو۔ پس وجود طلاق وقوعاً کو متعین کرنے کے لئے نیت کا ہونا ضروری ہے۔

## اور اگر مرد نے انت طالق اذا شئت او اذا ما شئت او فی شئت او فی ما شئت کہا عورت نے اس امر کو رد کر دیا تو یہ رد ہوگا یا نہیں

**وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ اِذَا شِئْتِ اَوْ اِذَا مَاشِئْتِ اَوْ مَتٰى شِئْتِ اَوْ مَتٰى مَا شِئْتِ فَرَدَّتِ الْاَمْرَ لَمْ يَكُنْ رَدًّا وَلَا يَقْتَصِرُ عَلَى الْمَجْلِسِ اَمَّا كَلِمَةُ مَتٰى وَ مَتٰى مَا فَلِاَنَّهَا لِلْوَقْتِ وَ هِيَ عَامَّةٌ فِي الْاَوْقَاتِ كُلِّهَا كَاَنَّهٗ قَالَ فِيْ اَيِّ وَقْتٍ شِئْتِ فَلَا يَقْتَصِرُ عَلَى الْمَجْلِسِ بِالْاِجْمَاعِ وَلَوْ رَدَّتِ الْاَمْرَ لَمْ يَكُنْ رَدًّا لِاَنَّهٗ مَلَّكَهَا الطَّلَاقَ فِي الْوَقْتِ الَّذِيْ شَاءَتْ فَلَمْ يَكُنْ تَمْلِيْكًا قَبْلَ الْمَشِيَّةِ حَتّٰى يَرْتَدَّ بِالرَّدِّ وَلَا تُطَلِّقُ نَفْسَهَا اِلَّا وَاحِدَةً لِاَنَّهَا تَعُمُّ الْاَزْمَانَ دُوْنَ الْاَفْعَالِ فَتَمْلِكُ التَّطْلِيْقَ فِيْ كُلِّ زَمَانٍ وَلَا تَمْلِكُ تَطْلِيْقًا بَعْدَ تَطْلِيْقٍ وَاَمَّا كَلِمَةُ اِذَا وَ اِذَا مَا فَهِيَ وَ مَتٰى سَوَاءٌ عِنْدَهُمَا وَ عِنْدَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ اِنْ كَانَ يُسْتَعْمَلُ لِلشَّرْطِ كَمَا يُسْتَعْمَلُ لِلْوَقْتِ لٰكِنَّ الْاَمْرَ صَارَ بِيَدِهَا فَلَا يَخْرُجُ بِالشَّكِّ وَ قَدْ مَرَّ مِنْ قَبْلُ.**

ترجمہ..... اور اگر کہا عورت سے انتِ طالق اذا شئتِ یا انت طالق اذا ما شئتِ یا انت طالق متیٰ شئتِ یاانت طالق متیٰ ما شئت۔ پھر عورت نے امرِ (تفویض) کو رد کر دیا تو یہ رد نہیں ہوگا۔ اور نہ مجلس پر منحصر ہوگا۔ بہر حال کلمہ متیٰ اور متیٰ ما تو اس لئے کہ وہ وقت کے لئے ہے اور وہ تمام اوقات کے لئے عام ہے۔ گویا کہ کہافی ای وقت شئت۔ پس بالاتفاق مجلس پر منحصر نہیں ہوگا۔ اور اگر (عورت نے) رد کر دیا تو رد نہیں ہوگا۔ کیونکہ شوہر نے اس کو طلاق کا مالک ایسے وقت میں بنایا ہے۔ جس میں وہ چاہے۔ پس مشیت سے پہلے تملیکِ طلاق نہیں ہوئی۔ یہاں تک کہ رد کرنے سے رد ہو جائے۔ اور عورت اپنے نفس کو طلاق نہیں دے سکتی مگر ایک کیونکہ کلمہ متیٰ زمانوں کے واسطے عام ہے نہ کہ افعال کے واسطے پس عورت ہر زمانے میں طلاق دے لینے کی مالک ہوگی۔ اور ایک طلاق کے بعد دوسری طلاق دے لینے کی مالک نہیں ہوگی۔ اور رہا کلمہ اذا اور اذا ما تو وہ اور متیٰ دونوں برابر ہیں صاحبینؒ کے نزدیک اور ابوحنیفہؒ کے نزدیک اگر چہ شرط کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسا کہ وقت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ لیکن امر بالید اس کے ہاتھ میں ہو گیا۔ لہٰذا شک کی وجہ سے نہیں نکلے گا۔ اور (یہ بحث) سابق میں گذر چکی ہے۔

تشریح..... (صورت مسئلہ): اگر شوہر نے اپنی بیوی سے انت طالق اذا شئتِ کہا یا اذا کی جگہ اذا ما یا متیٰ یا متیٰ ما کا استعمال کیا۔ پھر عورت نے اس امر بالید کو رد کر دیا تو یہ رد نہیں ہوگا۔ بلکہ اس کے بعد بھی عورت اپنے آپ کو ایک طلاق دے سکتی ہے۔ اور بالاجماع یہ امر مجلس کے ساتھ خاص نہیں ہوگا۔ بلکہ اگر عورت مجلس سے کھڑی ہوگئی یا دوسرا کام یا دوسری بات شروع کر دی تب بھی عورت اپنے آپ کو ایک طلاق دے سکتی ہے۔

صاحبِ ہدایہؒ ان مذکورہ صورتوں میں امر بالید کی کیفیت بیان کر رہے ہیں۔ چنانچہ فرمایا کہ کلمہ متیٰ اور متیٰ ما وقت کے لئے آتا ہے۔ اور وہ تمام اوقات میں عام ہے۔ گویا مرد نے انت طالق فی ای وقت شئت کہا۔ پس عموم وقت کی وجہ سے مجلس پر منحصر نہیں ہوگا۔ اور اگر عورت نے اپنا یہ اختیار رد کر دیا تو رد نہیں ہوگا۔ کیونکہ شوہر نے عورت کو اسی وقت میں طلاق کا مالک بنایا ہے جس وقت میں وہ چاہے پس چاہنے سے پہلے طلاق کا مالک بنانا متحقق ہی نہیں ہوگا۔ یہاں تک کہ عورت کے رد کرنے سے رد ہو جائے۔

اور اس صورت میں عورت اپنے آپ کو ایک طلاق دے سکتی ہے۔ دلیل یہ کہ کلمہ متیٰ اور متیٰ ما عموم زمانہ کے لئے آتا ہے نہ کہ عموم افعال کے لئے۔ پس اس عورت کو عمومِ زمانہ کی وجہ سے ایک کے بعد دوسری طلاق دینے کا اختیار نہیں ہے۔

رہا کلمہ اذا اور اذا ما تو یہ اور متیٰ صاحبینؒ کے نزدیک دونوں برابر ہیں، لہٰذا جو حکم متیٰ کا ہے وہی اذا اور اذا ما کو ہوگا۔ اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اذا اور اذا ما جس طرح وقت کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ اسی طرح شرط کے لئے بھی استعمال ہوتے ہیں۔ پس شرط کے لئے استعمال ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ اس صورت میں اختیار مجلس کے ساتھ خاص رہے اور وقت کے لئے استعمال ہونے کا مقتضیٰ یہ ہے کہ مجلس برخواست ہوتے ہی اختیار عورت کے ہاتھ سے نکل جائے اور چونکہ امر عورت کے ہاتھ میں بالیقین ہے۔ لہٰذا شک کی وجہ سے نہیں نکلے گا۔

## مرد نے انت طالق کلما شئت کہا تو عورت اپنے آپ کو کتنی طلاقیں دے سکتی ہے

وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ كُلَّمَا شِئْتِ فَلَهَا اَنْ تُطَلِّقَ نَفْسَهَا وَاحِدَةً بَعْدَ وَاحِدَةٍ حَتّٰى تُطَلِّقَ نَفْسَهَا ثَلٰثًا لِاَنَّ كَلِمَةَ كُلَّمَا تُوْجِبُ تَكْرَارَ الْاَفْعَالِ اِلَّا اَنَّ التَّعْلِيْقَ يَنْصَرِفُ اِلَى الْمِلْكِ الْقَائِمِ حَتّٰى لَوْ عَادَتْ اِلَيْهِ بَعْدَ زَوْجٍ اٰخَرَ وَ طَلَّقَتْ نَفْسَهَا لَمْ يَقَعْ شَيْءٌ لِاَنَّهٗ مِلْكٌ مُسْتَحْدَثٌ وَ لَيْسَ لَهَا اَنْ تُطَلِّقَ نَفْسَهَا ثَلٰثًا فِيْ كَلِمَةٍ وَاحِدَةٍ لِاَنَّهَا تُوْجِبُ عُمُوْمَ الْاِنْفِرَادِ لَا عُمُوْمَ الْاِجْتِمَاعِ فَلَا تَمْلِكُ الْاِيْقَاعَ جُمْلَةً وَ جَمْعًا.

---

ترجمہ..... اور اگر (مرد نے) عورت سے کہا تو طالقہ ہے جب، جب تو چاہے تو عورت کے لئے جائز ہے کہ اپنے آپ کو ایک کے بعد ایک (طلاق) دیئے جائے۔ حتیٰ کہ اپنے آپ کو تین طلاقیں دے لے۔ کیونکہ کلمہ کلما تکرار افعال کا موجب ہے، مگر یہ کہ تعلیق ملک موجود کی طرف لوٹے

گی۔ یہاں تک کہ اگر (عورت) زوج اول کے پاس لوٹ آئی زوجِ آخر کے بعد۔ اور اس نے اپنے آپ کو طلاق دی تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ یہ ملکِ جدید ہے۔ اور عورت کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے آپ کو کلمہ واحدہ میں تین طلاقیں دیدے۔ کیونکہ لفظ کلما عموم افراد کا موجب ہے نہ کہ عموم اجتماع کا۔ پس وہ یکبارگی اور جمع کر کے واقع کرنے کی مالک نہیں ہے۔

تشریح ...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق کلما شئت تو عورت کو اختیار ہوگا کہ وہ یکے بعد دیگرے اپنے آپ کو طلاق دیتی رہے۔ یہاں تک کہ تین طلاقیں دے لے۔ دلیل یہ ہے کہ کلمہ کلما تکرار افعال کا موجب ہے۔ اور اس پر دلیل آیت "کلما نضجت جلودہم" ہے۔ پس جب ایسا ہے تو عورت کو یکے بعد دیگرے طلاق واقع کرنے کا اختیار ہوگا۔

**الا ان التعلیق** ...... سے سوال مقدر کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب کلمہ کلما کا موجب تکرار افعال ہے تو اس عورت نے اگر تین طلاقیں واقع کیں پھر زوج ثانی سے نکاح کیا زوج ثانی کے طلاق دینے کے بعد پھر زوج اول کے پاس لوٹ آئی تو اس عورت کو پھر طلاق واقع کرنے کا اختیار ہونا چاہیئے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ جواب تعلیق ملک موجود کی طرف لوٹے گی یعنی شوہر نے وہی طلاقیں عورت کے سپرد کی ہیں جو اسکی ملک میں اسوقت موجود ہیں۔ اور زوجِ ثانی کے بعد جب وہ لوٹ کر زوجِ اول کے پاس آئی اور پھر اپنے آپ کو طلاق دی تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ یہ ملک تو جدید نکاح سے پیدا ہوئی ہے۔ اور عورت کو یہ اختیار نہیں کہ ایک ہی کلمہ کے ساتھ اپنے اوپر تین طلاقیں واقع کر لے۔ دلیل یہ ہے کہ کلمہ کلما عموم افراد کا موجب ہے نہ کہ عموم اجتماع کا۔ لہٰذا عورت کو یکبارگی اور جمع کر کے واقع کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔ بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ جملۃ اور جمعاً دونوں کے معنی ایک ہیں۔ اور بعض کی رائے ہے کہ جملۃ یہ ہے کہ عورت کہے طلقت نفسی ثلاثاً اور جمع یہ ہے کہ عورت کہے طلقت نفسی واحدۃ وواحدۃ وواحدۃ۔ یہ قول ظاہر ہے (عنایہ)

## مرد نے انت طالق حیث شئت او این شئت کہا طلاق نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ عورت چاہے اگر مجلس میں کھڑی ہوگئی عورت کے لیے مشیت نہیں ہے

**وَلَوْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ حَيْثُ شِئْتِ اَوْ اَيْنَ شِئْتِ لَمْ تُطَلَّقْ حَتّٰى تَشَاءَ وَاِنْ قَامَتْ مِنْ مَجْلِسِهَا فَلَامَشِيَّةَ لَهَا لِاَنَّ كَلِمَةَ حَيْثُ وَ اَيْنَ مِنْ اَسْمَاءِ الْمَكَانِ وَالطَّلَاقُ لَا تَعَلُّقَ لَهُ بِالْمَكَانِ فَيَلْغُوْ وَ يَبْقٰى ذِكْرُ مُطْلَقِ الْمَشِيَّةِ فَيُقْتَصَرُ عَلَى الْمَجْلِسِ بِخِلَافِ الزَّمَانِ لِاَنَّ لَهُ تَعَلُّقاً بِهٖ حَتّٰى يَقَعَ فِيْ زَمَانٍ دُوْنَ زَمَانٍ فَوَجَبَ اِعْتِبَارُهٗ خُصُوْصاً وَ عُمُوْماً.**

---

ترجمہ ...... اور اگر عورت سے کہا تو طالقہ ہے جہاں تو چاہے یا جس جگہ تو چاہے تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ وہ (عورت) چاہے۔ اور اگر وہ عورت اس مجلس سے کھڑی ہوگئی تو اس کے واسطے مشیت نہیں ہے۔ کیونکہ حیث اور این اسمائے مکان میں سے ہیں اور طلاق کا کوئی تعلق کسی مکان سے نہیں۔ لہٰذا (مکان کا ذکر) لغو ہوگا۔ اور مطلق مشیت کا ذکر باقی رہے گا پس مشیت مجلس پر منحصر ہوگی۔ بخلاف زمانہ کے، کیونکہ زمانہ کے ساتھ طلاق کا تعلق ہے چنانچہ ایک زمانہ میں واقع ہوگی نہ کہ دوسرے زمانہ میں۔ پس خصوص وعموم کے اعتبار سے زمانہ کا اعتبار واجب ہے۔

تشریح ...... (صورت مسئلہ): یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی سے انت طالق حیث شئت یا انت طالق این شئت کہا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ وہ عورت اپنی طلاق چاہے۔ اور اگر وہ مجلس سے کھڑی ہوگئی تو اس کا خیار باقی نہیں رہے گا۔ دلیل یہ ہے کہ کلمہ حیث اور این اسم مکان ہے اور طلاق کسی مکان کے ساتھ متعلق نہیں ہوتی۔ چنانچہ اگر کسی مکان کے ساتھ مقید کر کے طلاق دی گئی تو وہ تمام مکانوں میں واقع ہوگی۔ نہ

کہ اس مخصوص مکان میں پس مکان کا ذکر لغو ہو گیا اور مطلق مشیت باقی رہی۔ گویا شوہر نے اپنی بیوی سے انت طالق ان شئت کہا اور قیام عن المجلس کے بعد اس عورت کا خیار باقی نہیں رہے گا۔ جیسا کہ انت طالق ان شئت میں مجلس سے کھڑا ہونے کے بعد خیار باقی نہیں رہتا۔

یہاں ایک سوال ہے وہ یہ کہ جب مسئلہ مذکورہ میں مکان کا ذکر لغو ہو گیا تو انت طالق شئت باقی رہا۔ پس جس طرح انت طالق ان دخلت الدار میں فی الحال طلاق واقع ہو جاتی ہے اسی طرح انت طالق شئت میں بھی فی الحال واقع ہونی چاہئے۔ کیونکہ حرف شرط نہ ہونے میں دونوں برابر ہیں۔ جواب یہ ہے کہ حیث اور این دونوں مفید تاخیر ہیں۔ اگرچہ تھوڑی سی تاخیر ہو۔ اور حرف شرط بھی مفید تاخیر ہے۔ پس معنی تاخیر ثابت کرنے میں دونوں شریک ہیں۔ اس مناسبت کی وجہ سے حیث اور این کو مجازاً ان حرف شرط پر محمول کیا گیا ہے۔ لہٰذا اب انت طالق حیث شئت اور این شئتِ کے معنی ہوں گے انت طالق ان شئتِ اور ان شئتِ کی صورت میں فی الحال طلاق واقع نہیں ہوتی۔ اس لئے یہاں بھی فی الحال طلاق واقع نہیں ہوگی۔ بلکہ شرط مشیت کے بعد واقع ہوگی۔

لیکن اگر کوئی اعتراض کرے کہ حیث اور این کو ان حرف شرط پر کیوں محمول کیا گیا۔ اذا وغیرہ پر محمول کیوں نہیں کیا گیا تو جواب یہ ہے کہ باب شرط میں ان اصل ہے۔ اور اصل کا اعتبار دوسرے کے مقابلہ میں اولیٰ اور انسب ہے۔ اس لئے ان کے معنی پر محمول کیا گیا۔

صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ زمانے کا حکم مکان کے حکم سے مختلف ہے اس لئے کہ طلاق زمانہ کے ساتھ متعلق ہوتی ہے چنانچہ یہ ہوسکتا ہے کہ ایک زمانے میں طلاق ہو جائے اور دوسرے میں واقع نہ ہو۔ لہٰذا زمانے کے خصوص اور عموم کا اعتبار ضروری ہوگا۔ مثلاً انت طالق غداً میں خصوص ملحوظ ہے اور انت طالق فی ای وقت شئتِ میں عموم ملحوظ ہے۔ واللہ اعلم

## مرد نے انت طالق کیف شئت کہا تو طلاق واقع ہو جائے گی اور شوہر رجوع کا مالک ہوگا

وَاِنْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ كَيْفَ شِئْتِ طُلِّقَتْ تَطْلِيْقَةً يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ مَعْنَاهُ قَبْلَ الْمَشِيَّةِ فَاِنْ قَالَتْ قَدْ شِئْتُ وَاحِدَةً بَائِنَةً اَوْ ثَلٰثًا وَ قَالَ الزَّوْجُ ذٰلِكَ نَوَيْتُ فَهُوَ كَمَا قَالَ لِاَنَّ عِنْدَ ذٰلِكَ تَثْبُتُ الْمُطَابَقَةُ بَيْنَ مَشِيَّتِهَا وَاِرَادَتِهٖ اَمَّا اِذَا اَرَادَتْ ثَلٰثًا وَالزَّوْجُ اَرَادَ وَاحِدَةً بَائِنَةً اَوْ عَلَى الْقَلْبِ تَقَعُ وَاحِدَةٌ رَجْعِيَّةٌ لِاَنَّهٗ لَغَا تَصَرُّفُهَا لِعَدَمِ الْمُوَافَقَةِ فَبَقِيَ اِيْقَاعُ الزَّوْجِ وَ اِنْ لَمْ تَحْضُرْهُ النِّيَّةُ يُعْتَبَرُ مَشِيَّتُهَا فِيْمَا قَالُوْا جَرْيًا عَلٰى مُوْجَبِ التَّخْيِيْرِ قَالَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ فِي الْاَصْلِ هٰذَا قَوْلُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ وَ عِنْدَهُمَا لَا يَقَعُ مَالَمْ تُوْقِعِ الْمَرْاَةُ فَتَشَاُ رَجْعِيَّةً اَوْ بَائِنَةً اَوْ ثَلٰثًا وَ عَلٰى هٰذَا الْخِلَافِ الْعِتَاقُ لَهُمَا اَنَّهٗ فَوَّضَ التَّطْلِيْقَ اِلَيْهَا عَلٰى اَيِّ صِفَةٍ شَاءَتْ فَلَا بُدَّ مِنْ تَعْلِيْقِ اَصْلِ الطَّلَاقِ بِمَشِيَّتِهَا لِيَكُوْنَ لَهَا الْمَشِيَّةُ فِيْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ اَعْنِيْ قَبْلَ الدُّخُوْلِ وَ بَعْدَهٗ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ كَلِمَةَ كَيْفَ لِلْاِسْتِيْصَافِ يُقَالُ كَيْفَ اَصْبَحْتَ وَالتَّفْوِيْضُ فِيْ وَصْفِهٖ يَسْتَدْعِيْ وُجُوْدَ اَصْلِهٖ وَوُجُوْدُ الطَّلَاقِ بِوُقُوْعِهٖ.

---

ترجمہ ...... اور اگر کہا عورت سے تو طالقہ ہے جس طرح تو چاہے تو ایک طلاق واقع ہو جائے گی اور (شوہر) رجعت کا مالک ہوگا۔ اس کے معنی ہیں مشیت سے پہلے۔ پس اگر عورت نے کہا میں نے ایک بائنہ چاہی یا تین۔ اور شوہر نے کہا میں نے اس کی نیت کی ہے تو وہ ایسا ہے جیسا کہ شوہر نے کہا۔ کیونکہ اس وقت عورت کی مشیت اور شوہر کے ارادے میں مطابقت ثابت ہو جائے گی۔ بہر حال جب عورت نے تین کا ارادہ کیا اور شوہر نے ایک بائنہ کا ارادہ کیا یا برعکس تو ایک رجعی واقع ہوگی۔ کیونکہ عدم موافقت کی وجہ سے عورت کا تصرف لغو ہو گیا۔ پس شوہر کا واقع کرنا باقی رہا اور اگر شوہر کے پاس نیت موجود نہیں (یعنی شوہر نے نیت نہیں کی) تو عورت کی مشیت کا اعتبار کیا جائے گا فقہاء کے قول میں موجب تخییر پر عمل کرتے ہوئے۔

مصنفؒ نے فرمایا کہ امام محمدؒ نے مبسوط میں کہا کہ یہ ابوحنیفہؒ کا قول ہے اور صاحبینؒ کے نزدیک واقع نہیں ہوگی جب تک کہ عورت واقع نہ کرے۔ پس وہ جو چاہے رجعی ہو یا بائنہ ہو یا تین اور اسی اختلاف پر عتاق ہے۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ (شوہر نے) تطلیق عورت کے سپرد کی ہے جس صفت پر چاہے۔ پس عورت کی مشیت پر اصل طلاق کا معلق کرنا ضروری ہے تاکہ اس کے لئے تمام احوال میں مشیت ہو سکے۔ یعنی قبل الدخول اور بعد الدخول اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ کلمہ کیف طلب وصف کے لئے ہے۔ کہا جاتا ہے اصبحت (کس صفت کے ساتھ صبح کی تو نے) اور تفویض وصف طلاق میں تقاضا کرتی ہے اصل طلاق کے موجود ہونے کا اور طلاق کا وجود اس کے وقوع سے ہوگا۔

**تشریح**..... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق کیف شئت۔ تو عورت کے چاہنے سے پہلے ہی ایک طلاق واقع ہو جائے گی۔ پس اگر عورت نے ایک بائنہ چاہی یا تین طلاقیں چاہیں اور شوہر نے اس کی نیت بھی کی ہے تو یہ واقع ہو جائے گی۔ امام محمدؒ نے مبسوط میں کہا ہے کہ یہ ابوحنیفہؒ کا قول ہے۔ اور صاحبینؒ کا قول یہ ہے کہ انت طالق کیف شئت کہنے سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ جب تک کہ عورت خود واقع نہ کرے۔ پھر عورت کو اختیار ہے کہ ایک رجعی واقع کرے یا بائنہ یا تین طلاقیں واقع کرے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی سے انت طالق کیف شئت کہا تو ہمارے علماء کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ اصل طلاق عورت کی مشیت پر معلق ہوگی یا نہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کا قول ہے کہ اصل طلاق عورت کی مشیت پر معلق نہیں ہوگی۔ بلکہ ایک طلاق واقع ہو جائے گی۔ اب اگر یہ عورت غیر مدخول بہا ہے تو اس کے لئے اختیار بھی باقی نہیں رہا۔ اور اگر مدخول بہا ہے تو اس پر ایک طلاق رجعی واقع ہو جائے گی۔ اور اس کے بعد عورت کو مجلس میں وصف متعین کرنے کا اختیار ہوگا۔ پھر اس صورت میں دیکھا جائے کہ شوہر نے کچھ نیت کی ہے یا نہیں۔ اگر کچھ نیت نہیں کی ہے تو کم اور کیف میں عورت کی مشیت معتبر ہے۔ متاخرین فقہاء کے نزدیک تخییر کا موجب یہی ہے۔ اور اگر شوہر نے نیت کی ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں

۱) شوہر کی نیت اور عورت کی مشیت میں موافقت ہے۔ ۲) یا موافقت نہیں۔

اگر موافقت ہے تو جس پر دونوں متفق ہیں وہ واقع ہو جائے گی اور اگر دونوں میں اختلاف ہے۔ مثلاً عورت نے بائنہ چاہی اور شوہر نے تین چاہیں یا اس کا برعکس تو عورت پر صرف ایک رجعیہ واقع ہوگی۔ کیونکہ عدم موافقت کی وجہ سے عورت کا تصرف لغو ہو گیا اور شوہر کا واقع کرنا باقی رہا۔

**اور صاحبینؒ فرماتے ہیں**..... کہ انت طالق کیف شئتِ کہنے سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی، نہ دخول سے پہلے اور نہ دخول کے بعد، یہاں تک کہ عورت چاہے گویا صاحبینؒ کے نزدیک اصل طلاق عورت کی مشیت پر معلق ہے۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ شوہر نے تطلیق (طلاق دینے) کو عورت کے سپرد کیا ہے جس صفت پر وہ چاہے۔ کیونکہ لفظ کیف مطلقاً سوال عن الحال کے لئے آتا ہے۔ لہٰذا اصل طلاق کو اس کی مشیت پر معلق کرنا ضروری ہے۔ تاکہ اس کے لئے تمام احوال میں مشیت ثابت ہو سکے دخول سے پہلے بھی اور دخول کے بعد بھی۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**..... یہ ہے کہ کلمہ کیف طلب وصف کے لئے آتا ہے نہ کہ طلب اصل کے لئے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کیف اصبحت یعنی کس صفت کے ساتھ تو نے صبح کی، تندرستی کے ساتھ یا بیماری کے ساتھ۔ پس معلوم ہوا کہ تفویض وصف طلاق میں ہے۔ اور وصف طلاق میں تفویض اصل طلاق کے موجود ہونے کا تقاضا کرتا ہے اور اصل طلاق کا وجود بغیر وقوع طلاق کے نہیں ہوتا۔ اس لئے امام صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اصل طلاق تو مشیت سے پہلے ہی واقع ہو جائے گی تاکہ اس کے بعد وصف طلاق کو طلب کیا جا سکے۔

یہاں ایک اشکال ہے وہ یہ کہ اس مسئلہ میں نیت زوج کی حاجت نہ ہونی چاہیئے کیونکہ جب عورت کو اختیار سپرد کیا تو وہ اس چیز کو ثابت کرنے میں مستقل ہے جو اس کے سپرد کی گئی ہے جیسا کہ دوسری تمام تفویضات میں عورت مختار ہے نیت زوج کی حاجت نہیں۔ جواب: اس مسئلہ میں عورت کے سپرد حال طلاق کیا گیا ہے اور طلاق کا حال کم اور کیف میں مشترک ہے یعنی عدد اور بینونت میں مشترک ہے۔ پس ان میں سے ایک کو متعین کرنے کے لئے نیت کی ضرورت پیش آئے گی۔ (عنایہ)

## مرد نے انت طالق کم شئت او ماشئت کہا تو عورت اپنے آپ کو کتنی طلاقیں دے سکتی ہے

وَاِنْ قَالَ لَهَا اَنْتِ طَالِقٌ كَمْ شِئْتِ اَوْمَا شِئْتِ طَلَّقَتْ نَفْسَهَا مَا شَاءَ تْ لِاَنَّهُمَا يُسْتَعْمَلَانِ لِلْعَدَدِ فَقَدْ فَوَّضَ اِلَيْهَا اَيَّ عَدَدٍ شَاءَ تْ فَاِنْ قَامَتْ مِنْ مَجْلِسِ بَطَلَ وَ اِنْ رَدَّتِ الْاَمْرَ كَانَ رَدًّا لِاَنَّ هٰذَا اَمْرٌ وَاحِدٌ وَ هُوَ خِطَابٌ فِي الْحَالِ فَيَقْتَضِيَ الْجَوَابَ فِي الْحَالِ.

---

ترجمہ ...... اور اگر کہا تو طالقہ ہے جس قدر تو چاہے یا جو کچھ تو چاہے۔ تو عورت اپنے نفس کو جتنی طلاقیں چاہے دیدے۔ اس لئے کہ (لفظ) کم اور ما دونوں عدد کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ پس مرد نے عورت کے سپرد کیا کہ جتنی چاہے (طلاقیں) دیدے۔ پس اگر وہ مجلس سے کھڑی ہوگئی تو امر بالید باطل ہوگیا۔ اور اگر عورت نے امر بالید رد کر دیا تو رد ہو جائے گا۔ کیونکہ یہ امر واحد ہے اور یہ خطاب بھی فی الحال ہے تو جواب بھی فی الحال چاہتا ہے۔

تشریح ...... صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق کم شئت یا انت طالق ما شئت تو عورت کو اختیار ہے کہ وہ اپنے نفس کو ایک طلاق دے چاہے دو چاہے تو تین دیدے۔ جب تک مجلس سے کھڑی نہ ہو۔ خلاصہ یہ کہ اس صورت میں بالاتفاق اصل طلاق عورت کی مشیت پر معلق ہے۔ دلیل یہ کہ کم اور لفظ ما دونوں عدد کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ گویا شوہر نے عدد طلاق عورت کے سپرد کیا ہے لہٰذا عورت کو اختیار ہے کہ وہ جس قدر چاہے طلاق واقع کرے ایک یا دو یا تین۔

یہاں ایک سوال ہے وہ یہ کہ لفظ کم کا عدد کے لئے استعمال ہونا تو مسلم ہے۔ لیکن لفظ ما جس طرح عدد کے لئے استعمال ہوتا ہے اسی طرح وقت کے لئے آتا ہے۔ جیسا کہ باری تعالیٰ کے قول ما دمت حیا میں۔ لفظ ما وقت کے لئے ہے۔ لہٰذا تفویض عدد میں شک واقع ہوگیا۔ پس شک کی وجہ سے عدد ثابت نہیں ہوگا۔

جواب ...... اگر چہ لفظ ما عدد اور وقت دونوں کے لئے آتا ہے لیکن عدد کے معنی کو ایک اعتبار سے ترجیح حاصل ہے۔ وہ اس طرح کہ تفویض تملیک کے معنی کو ثابت کرتا ہے اور تملیکات مجلس کے ساتھ مقید ہوتی ہیں۔ اور یہ مجلس کے ساتھ مقید ہونا اس وقت ہوگا جبکہ لفظ ما عدد کے معنی میں ہو نہ کہ اس وقت جبکہ وقت کے معنی میں ہو۔ بہر حال اگر عورت مجلس سے کھڑی ہوگئی تو اس کا اختیار باطل ہوگیا۔ اس لئے کہ قیام دلیل اعراض ہے اور اگر عورت نے رد کر دیا تو رد ہو جائے گا۔ کیونکہ یہ امر واحد ہے اور اس میں ایسا کوئی لفظ نہیں جو تکرار پر دلالت کرتا ہو۔ پس امر واحد کی قید کے ذریعہ لفظ کلما سے احتراز ہوگا۔ کیونکہ لفظ کلما تکرار پر دلالت کرتا ہے۔ اور چونکہ یہ امر واحد ہے اس لئے جواب واحد کا تقاضا کرتا ہے تاکہ جواب سوال کے مطابق ہو جائے۔ اور یہ جواب واحد فی الحال ہونا چاہئے۔ کیونکہ اس کے کلام میں ایسا کوئی لفظ نہیں جو عموم وقت پر دلالت کرتا ہو۔ پس فی الحال جواب کی قید کے ذریعہ لفظ اذا اور متی سے احتراز ہوگا کیونکہ یہ دونوں وقت کے لئے آتے ہیں۔

## مرد نے طلقی نفسك من ثلاث ما شئت کہا تو عورت نے اپنے آپ کو کتنی طلاقیں دے سکتی ہے

وَاِنْ قَالَ لَهَا طَلِّقِي نَفْسَكِ مِنْ ثَلٰثٍ مَا شِئْتِ فَلَهَا اَنْ تُطَلِّقَ نَفْسَهَا وَاحِدَةً اَوْ ثِنْتَيْنِ وَلَا تُطَلِّقُ ثَلٰثًا عِنْدَ اَبِي حَنِيْفَةَ وَقَالَا تُطَلِّقُ ثَلٰثًا اِنْ شَاءَ تْ لِاَنَّ كَلِمَةَ مَا مُحْكَمَةٌ فِي التَّعْمِيْمِ وَ كَلِمَةَ مِنْ قَدْ تُسْتَعْمَلُ لِلتَّمْيِيْزِ فَيُحْمَلُ عَلٰى تَمْيِيْزِ الْجِنْسِ كَمَا اِذَا قَالَ كُلْ مِنْ طَعَامِيْ مَا شِئْتَ اَوْ طَلِّقْ مِنْ نِسَائِيْ مَنْ شَاءَ تْ وَلِاَبِيْ حَنِيْفَةَ اَنَّ كَلِمَةَ مِنْ حَقِيْقَةٌ لِلتَّبْعِيْضِ وَمَا لِلتَّعْمِيْمِ فَيُعْمَلُ بِهِمَا وَ فِيْمَا اسْتَشْهَدَا بِهٖ تُرِكَ التَّبْعِيْضُ لِدَلَالَةِ اِظْهَارِ السَّمَاحَةِ اَوْ لِعُمُوْمِ الصِّفَةِ وَهِيَ الْمَشِيَّةُ حَتّٰى لَوْ قَالَ مَنْ شِئْتَ كَانَ عَلَى الْخِلَافِ.

---

ترجمہ...... اور اگر عورت سے کہا تو اپنے نفس کو تین میں سے جتنی چاہے طلاق دے۔ تو عورت کو اختیار ہوگا کہ وہ (مجلس کے اندر) اپنے نفس کو ایک یا دو طلاق دے۔ اور تین طلاقیں نہیں دے سکتی ہے۔ (یہ) امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ اگر عورت چاہے تو تین طلاقیں دیدے۔ کیونکہ لفظ ما تعیم میں قطعی ہے۔ اور کلمہ مـن کبھی تمیز کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ (تو یہاں) جنس کی تمیز پر محمول ہوگا۔ جیسے جب کہا کھا میرے کھانے سے جو تو چاہے یا میری عورتوں میں سے جو طلاق چاہے اس کو دیدے۔ اور ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ کلمہ من تبعیض کے لئے حقیقت ہے اور کلمہ مـا تعیم کے لئے ہے۔ لہٰذا دونوں پر عمل کیا جائے گا۔ اور صاحبینؒ نے جس مسئلہ سے اپنے قول کی گواہی لی ہے (اس میں) تبعیض کو چھوڑ دیا گیا دلیری کو ظاہر کرنے کی دلالت کی وجہ سے، یا صفت کے عام ہونے کی وجہ سے اور وہ مشیت ہے۔ حتیٰ کہ اگر من شئت کہتا تو اسی اختلاف پر ہوتا۔

تشریح...... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی بیوی سے کہا طلقی نفسك من ثلاث ما شئت تو امام صاحبؒ کے نزدیک عورت کو اختیار ہے کہ اپنے نفس کو ایک طلاق دے یا دو طلاقیں دیدے۔ تین واقع کرنے کی اجازت نہیں۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک اس کو تین طلاقیں دے لینے کا بھی اختیار ہے۔

صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ کلمہ ما تعیم کے معنی میں محکم اور قطعی ہے اور کلمہ من کبھی تمیز یعنی بیان کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے باری تعالیٰ کا قول فاجتنبوا الرجس من الاوثان میں من بیان کے لئے ہے اور کبھی تبعیض کے لئے آتا ہے اور کبھی ان دونوں کے علاوہ کے لئے پس شوہر کے کلام میں محکم اور محتمل دونوں جمع ہوگئے پس اصل اور ضابطہ کے مطابق محتمل کو محکم پر محمول کیا جائے گا اور من بیانیہ قرار دیا جائے گا۔ اب مطلب یہ ہوگا کہ شوہر نے کہا تو اپنے نفس کو جتنی چاہے طلاقیں دیدے یعنی تین۔ حاصل یہ کہ تین تک دینے کا اختیار ہے۔

اور یہ ایسا ہے جیسے کسی نے کہا میرے کھانے سے کھا تو جو تو چاہے اس جگہ اجازت عام ہے پورا کھانا کھالے یا کچھ کھالے۔ اور ایسے ہی اگر شوہر نے کسی سے کہا میری عورتوں میں سے اس کو طلاق دیدے جو طلاق چاہے۔ اس صورت میں اگر تمام عورتیں اپنی اپنی طلاق کی خواہش کریں تو سب کو طلاق دیدے پس جس طرح ان دونوں صورتوں میں لفظ من کو تبعیض پر محمول نہیں کیا گیا بلکہ بیان پر محمول کیا ہے اسی طرح کتاب کے مسئلہ میں بھی لفظ من بیان کے لئے ہوگا۔

**امام ابوحنیفہؒ کی دلیل**...... یہ ہے کہ کلمہ من تبعیض کے لئے حقیقت ہے اور لفظ ما تعیم کے لئے حقیقت ہے اور دونوں پر عمل کرنا بھی ممکن ہے۔ بایں طور کہ بعض عام مراد لیا جائے۔ اور دو کا عدد ایسا ہی ہے کیونکہ ایک کے اعتبار سے دو کا عدد عام ہے اور تین کے اعتبار سے بعض ہے۔ لیکن اس تقریر پر ایک اعتراض ہے وہ یہ کہ بعض عام ہونا ایک کے عدد پر صادق نہیں آئے گا۔ اس لئے کہ ایک کا عدد بعض تو ہے مگر عام نہیں۔

**جواب**...... یہ حکم ایک کو دلالۃً شامل ہوگا بایں طور کہ جب عورت کو دو طلاقیں واقع کرنے کا اختیار ہے تو ایک واقع کرنے کا اختیار بدرجہ اولیٰ ہوگا۔ بہر حال جب تبعیض اور تعیم دونوں پر عمل کرنا ممکن ہے تو ان دونوں میں سے کسی کو چھوڑا نہیں جائے گا۔ اور صاحبین نے جن دو مثالوں کو استشہاد میں پیش کیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں مسئلوں میں تبعیض کے معنی کو چھوڑنے پر قرینہ موجود ہے۔ پہلی مثال میں قرینہ یہ ہے کہ اس قسم کے کلام سے اپنی دلیری اور فراخ دلی کا اظہار مقصود ہوتا ہے اور یہ اسی وقت ہوگا جبکہ عام کھانے کی اجازت ہو اور دوسری مثال میں قرینہ یہ ہے کہ طلق من نسائی من شاء ت میں مشیت من نکرہ کی صفت ہے اور مشیت صفت عام ہے اور قاعدہ ہے کہ نکرہ جب صفت عامہ کے ساتھ متصف ہوتا ہے تو نکرہ عام ہو جاتا ہے۔ اس وجہ سے اس مثال کے حکم میں تعیم ہوئی۔ چنانچہ اگر شوہر نے بجائے طلق من نسائی من شاءت کے طلق من نسائی من شئت کہا تو وہی اختلاف ہوگا کہ امام صاحبؒ کے نزدیک تمام کو طلاق دے سکتا ہے مگر کم از کم ایک عورت غیر مطلقہ باقی رہنی چاہیے۔ تاکہ من نسائی میں من تبعیض پر عمل ہو سکے اور یہاں یہ قرینہ بھی نہیں کہ مشیت صفتِ عامہ ہے کیونکہ من شئت میں مشیت مخاطب صفت خاصہ ہے۔ نہ کہ صفت عامہ اور صاحبینؒ کے نزدیک بلا استثناء سب کو طلاق دے سکتا ہے۔ کیونکہ صاحبینؒ کے نزدیک من بیانیہ ہے نہ کہ تبعیضیہ۔ واللہ اعلم بالصواب

# بابُ الْاِیْمَانِ فِی الطَّلَاقِ

ترجمہ...... (یہ) باب ایمان فی الطلاق (کے بیان) میں ہے

تشریح...... ایمان، یمین کی جمع ہے۔ یمین کے معنی لغت میں قوت کے آتے ہیں۔ شاعر نے کہا:

اِنَّ المقادیر بالاوقات نازلة — ولا یمین علیٰ دفع المقادیر

ترجمہ...... بے شک مقادیر اپنے اوقات میں نازل ہوتے ہیں۔ اور مقادیر کو دفع کرنے پر کوئی قوت نہیں ہے۔

اور دائیں ہاتھ کو بھی یمین کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کو بائیں ہاتھ کے مقابلے میں قوت زیادہ حاصل ہے۔ اور حلف باللہ یعنی اللہ کی قسم کا نام بھی یمین ہے۔ کیونکہ قسم بھی محلوف علیہ کے لئے مفید قوت ہے۔ اور شرط و جزاء کے ذکر پر بھی یمین کا اطلاق ہوتا ہے۔ اس جگہ یہی مراد ہے۔

صاحب ہدایہؒ نے پہلے طلاق منجز کو اس کی تمام اقسام صریحی اور کنایہ کے ساتھ بیان فرمایا۔ اس کے بعد اب طلاق معلق کو ذکر فرمار ہے ہیں۔ طلاق معلق کو مؤخر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ طلاق معلق فرع ہے اور طلاق منجز اصل۔ اور ظاہر ہے کہ اصل مقدم ہوتا ہے فرع پر۔ اس لئے طلاق منجز کو پہلے بیان کیا اور طلاق معلق کو بعد میں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ طلاق معلق، طلاق اور حرف شرط سے مرکب ہے اور طلاق منجز مفرد ہے اور قاعدہ ہے مفرد مقدم ہوتا ہے مرکب پر۔ اس لئے طلاق منجز کو پہلے اور طلاق معلق کو بعد میں بیان کیا گیا۔

## طلاق کو نکاح پر معلق کیا تو نکاح کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی

**وَاِذَا اَضَافَ الطَّلَاقَ اِلَی النِّکَاحِ وَقَعَ عَقِیْبَ النِّکَاحِ مِثْلُ اَنْ یَقُوْلَ لِامْرَأَةٍ اِنْ تَزَوَّجْتُكِ فَاَنْتِ طَالِقٌ اَوْ کُلُّ امْرَأَةٍ اَتَزَوَّجُهَا فَهِیَ طَالِقٌ وَ قَالَ الشَّافِعِیُّ لَا یَقَعُ لِقَوْلِهٖ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَا طَلَاقَ قَبْلَ النِّکَاحِ وَ لَنَا اَنَّ هٰذَا تَصَرُّفُ یَمِیْنٍ لِوُجُوْدِ الشَّرْطِ وَالْجَزَاءِ فَلَا یُشْتَرَطُ لِصِحَّةِ قِیَامِ الْمِلْكِ فِی الْحَالِ لِاَنَّ الْوُقُوْعَ عِنْدَ الشَّرْطِ وَالْمِلْكُ مُتَیَقَّنٌ بِهٖ عِنْدَهٗ وَ قَبْلَ ذٰلِكَ اَثَرُهُ الْمَنْعُ وَ هُوَ قَائِمٌ بِالْمُتَصَرِّفِ وَالْحَدِیْثُ مَحْمُوْلٌ عَلٰی نَفْیِ التَّنْجِیْزِ وَالْحَمْلُ مَاثُوْرٌ عَنِ السَّلَفِ کَالشَّعْبِیِّ وَالزُّهْرِیِّ وَغَیْرِهِمَا.**

---

ترجمہ...... اور جب طلاق کو منسوب کیا نکاح کی طرف تو طلاق نکاح کے بعد واقع ہوگی۔ مثلاً کسی (اجنبی) عورت سے کہے اگر میں نے تجھ سے نکاح کیا تو، تو طالقہ ہے یا (کہا) ہر وہ عورت کہ میں اس سے نکاح کروں وہ طالقہ ہے اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ (طلاق) واقع نہیں ہوگی۔ حضور ﷺ کے ارشاد لا طلاق قبل النکاح کی وجہ سے یعنی نکاح سے پہلے طلاق نہیں ہوتی اور ہماری دلیل یہ ہے کہ یہ تصرف یمین ہے۔ شرط و جزاء کے پائے جانے کی وجہ سے۔ پس تصرف یمین کی صحت کے لئے فی الحال ملک کا موجود ہونا شرط نہیں ہے۔ کیونکہ (طلاق کا) وقوع شرط کے وقت ہوتا ہے۔ اور ملک وجود شرط کے وقت متعین ہے۔ اور وجود شرط سے پہلے اس کا اثر منع ہے۔ اور وہ متصرف کے ساتھ قائم ہے اور حدیث (طلاق) منجز کی نفی پر محمول ہے اور حمل اسلاف سے منقول ہے جیسا کہ شعبیؒ اور زہریؒ اور ان دونوں کے علاوہ۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر طلاق کو نکاح پر معلق کیا گیا مثلاً اجنبی عورت سے کہا: ان تزوجتك فانت طالق یا کہا کل امرأة اتزوجها فهی طالق۔ تو ہمارے نزدیک اس صورت میں نکاح کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی۔ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ واقع نہیں ہوگی۔ امام شافعیؒ کی دلیل حدیث رسول ہے۔ یعنی نکاح سے پہلے طلاق نہیں ہے۔ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کسی عورت کو پیغام نکاح بھیجا۔ اس عورت

کے اولیاء نے ان کے ساتھ نکاح کرنے سے انکار کیا تو عبداللہ بن عمرو بن العاص نے فرمایا ان نکحتھا فھی طالق ثلاثا پھر اس بارے میں رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا لا طلاق قبل النکاح۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قبل النکاح طلاق نہیں ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے کہ کسی شرط پر معلق کرنا حالف کی طرف سے تصرف یمین ہے۔ کیونکہ شرط اور جزاء دونوں موجود ہیں۔ اور اسی کا نام تعلیق ہے۔ رہی یہ بات کہ تعلیق کے وقت حالف کی ملک نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ صحتِ یمین کے لئے تعلیق کے وقت یعنی فی الحال ملک کا موجود ہونا شرط نہیں۔ بلکہ ترتب جزا یعنی وقوع طلاق کے وقت ملک کا ہونا ضروری ہے۔ اور چونکہ یہاں وجود شرط کے وقت یقیناً ملک موجود ہے۔ اس لئے وقوع طلاق یعنی جزاء کا ترتب ہو جائے گا۔ اور وجود شرط سے پہلے یمین کا اثر صرف منع ہے۔ یعنی محلوف سے رکنا اور یہ منع متصرف یعنی حالف کے ساتھ قائم ہے۔ پس اس وقت محل طلاق کی کوئی حاجت نہیں بلکہ حالف کا ذمہ کافی ہے۔

امام شافعیؒ کی پیش کردہ حدیث کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث طلاق منجز پر محمول ہے۔ حاصل یہ کہ آپ نے فرمایا کہ نکاح سے پہلے اگر طلاق دی جائے تو وہ طلاق واقع نہیں ہوگی۔ ظاہر ہے کہ اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ کلام تو اس بارے میں ہے کہ طلاق کو نکاح پر معلق کرنا جائز ہے یا نہیں۔ اور اس پر حدیث میں کوئی صراحت نہیں۔ لہٰذا اس حدیث کو استدلال میں پیش کرنا درست نہیں۔ اور اس حدیث کو طلاق منجز پر محمول کرنا اسلاف سے منقول ہے۔ مثلاً امام شعبیؒ، امام زہریؒ اور ان دونوں کے علاوہ۔

**فوائد**...... احنافؒ و شوافعؒ کے درمیان تعلیق کے سلسلہ میں منشاء اختلاف یہ ہے کہ شوافع کے نزدیک تکلم بالتعلیق اور وجود شرط دونوں اوقات میں ملک کا پایا جانا شرط ہے۔ اور احنافؒ کے نزدیک وجود شرط کے وقت ملک کا ہونا ضروری ہے۔ تعلیق کے وقت ضروری نہیں۔

## اگر طلاق کو شرط پر معلق کیا تو شرط کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی

**وَاِذَا اَضَافَهُ اِلٰی شَرْطٍ وَقَعَ عَقِيْبَ الشَّرْطِ مِثْلُ اَنْ يَقُوْلَ لِاِمْرَأَتِهٖ اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَاَنْتِ طَالِقٌ وَ هٰذَا بِالْاِتِّفَاقِ لِاَنَّ الْمِلْكَ قَائِمٌ فِي الْحَالِ وَالظَّاهِرُ بَقَاءُهٗ اِلٰی وَقْتِ وُجُوْدِ الشَّرْطِ فَيَصِحُّ يَمِيْنًا اَوْ اِيْقَاعًا.**

---

ترجمہ...... اور جب طلاق کو شرط کی جانب منسوب کیا تو طلاق شرط کے بعد واقع ہوگی۔ مثلاً اپنی بیوی سے کہے اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو، تو طالقہ ہے۔ اور یہ (حکم) متفق علیہ ہے۔ کیونکہ ملک نکاح فی الحال موجود ہے۔ اور ظاہر اس کی بقاء ہے وجود شرط کے وقت تک۔ پس یمیناً یا ایقاعاً (اس کا معلق کرنا) صحیح ہے۔

تشریح...... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی مرد نے اپنی بیوی کی طلاق کو دخولِ دار پر معلق کر دیا مثلاً کہا ان دخلت الدار فانت طالق۔ تو وجود شرط یعنی دخولِ دار کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی۔ اور یہ حکم بالاتفاق ہے۔ دلیل یہ ہے کہ معلق بالشرط وجود شرط کے وقت منجز کے مانند ہوتا ہے۔

لان الملك قائم سے ایک سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہ بات تو تسلیم ہے کہ جب ملک موجود ہو تو شرط کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی۔ مگر وجود شرط سے پہلے اس ملک کے زائل ہونے کا احتمال ہے بایں طور کہ یہ شخص وجود شرط سے پہلے طلاق منجز دیدے۔ پس مناسب یہ ہے کہ زوال ملک کے احتمال کی وجہ سے اس کی یمین بالکل صحیح نہ ہو۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ فی الحال تو ملک موجود ہے۔ اور آئندہ کے بارے میں غالب گمان یہ ہے کہ وجود شرط کے وقت تک ملک باقی رہے گی۔ کیونکہ اصل ہر ثابت شدہ چیز میں یہی ہے کہ وہ ہمیشہ باقی رہے۔ خصوصاً نکاح جو زندگی بھر کے لئے کیا جاتا ہے۔ لہٰذا زوال ملک کے متوہم احتمال کی طرف کوئی توجہ نہیں کی جائے گی۔ پس جب یہ ثابت ہو گیا کہ فی الحال بھی ملک موجود ہے اور اغلب بھی یہی ہے کہ ملک باقی رہے گی۔ تو اس کا کلام معلق ہمارے نزدیک یمین بن کر صحیح ہوگا۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک ایقاع طلاق بن کر صحیح ہوگا۔

صاحبِ ہدایہ نے یمیناً اور ایقاعاً فرما کر اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اختلاف یہ ہے کہ تعلیق کی صورت میں مثلاً ان دخلت الدار فانت

طـالـق میں امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ تکلم کے وقت طلاق واقع کرنا متحقق ہوگیا۔لہٰذا دخول دار پر ایقاع معلق نہیں بلکہ وقوع طلاق معلق ہے۔اور ہمارے نزدیک تکلم کے وقت اس کا کلام صرف یمین ہے۔وجود شرط کے وقت ایقاع طلاق متحقق ہوگا۔گویا دخول دار کے وقت شوہر نے انت طالق کہا۔تفصیل اصول فقہ کی کتابوں میں موجود ہے۔وہاں مطالعہ کرلیا جائے۔واللہ اعلم۔

## قاعدہ کلیہ

**وَلَا تَصِحُّ اِضَافَةُ الطَّلَاقِ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الْحَالِفُ مَالِكاً اَوْ يُضِيْفُهُ اِلَى مِلْكٍ لِاَنَّ الْجَزَاءَ لَا بُدَّ اَنْ يَكُوْنَ ظَاهِراً لِيَكُوْنَ مُخِيْفاً فَيَتَحَقَّقُ مَعْنَى الْيَمِيْنِ وَ هُوَ الْقُوَّةُ وَالظُّهُوْرُ بِاَحَدِ هٰذَيْنِ وَالْاِضَافَةُ اِلَى سَبَبِ الْمِلْكِ بِمَنْزِلَةِ الْاِضَافَةِ اِلَيْهِ لِاَنَّهُ ظَاهِرٌ عِنْدَ سَبَبِهٖ.**

---

ترجمہ......اور طلاق کی نسبت کرنا صحیح نہیں مگر یہ کہ قسم کھانے والا (بالفعل) مالک ہو یا طلاق کو ملک کی طرف منسوب کرے۔کیونکہ جزاء کے واسطے غالب الوجود ہونا ضروری ہے۔تا کہ وہ ڈرانے والا ہوجائے۔پس یمین کے معنیٰ متحقق ہوجائیں گے۔اور وہ قوت ہے اور ظہور قوت ان دونوں میں سے ایک کے ذریعہ ہوگا۔اور ملک کے سبب کی طرف نسبت کرنا ملک کی طرف نسبت کرنے کے مرتبہ میں ہے۔اس لئے کہ جزاء ظاہر ہوگی۔سبب ملک کے وقت۔

تشریح...... اس عبارت میں صاحب کتاب نے ایک ضابطہ بیان فرمایا ہے۔ضابطہ یہ ہے کہ شرط کی جانب طلاق کو منسوب کرنا اس وقت صحیح ہوگا۔جبکہ حالف محلوف علیہ کا بالفعل مالک ہو،مثلاً اپنی منکوحہ سے کہے ان دخلت الدار فانت طالق یا طلاق کو اپنی ملک کی طرف منسوب کرے۔مثلاً کہاان نکحتك فانت طالق۔دلیل یہ ہے کہ جزاء کا غالب الوجود ہونا ضروری ہے۔تا کہ وقوع جزاء کے ذریعہ مخاطب کو خوف دلا سکے۔اور یمین کے معنیٰ متحقق ہوجائیں۔یمین کے معنیٰ قوت کے ہیں اور قوت کا ظہور ان دوامروں میں سے ایک کے ساتھ ہوگا۔یعنی حالف بالفعل مالک ہو یا ملک کی طرف نسبت کی گئی ہو اور سبب ملک کی طرف نسبت کرنا بمنزلہ ملک کی طرف نسبت کرنے کے ہے۔مثلاً ان اشتر تك فانت حر، ان ملکتك فانت حر کے مرتبہ میں ہے۔(عنایہ)

## اجنبیہ کو کہا ان دخلت الدار فانت طالق پھر اس سے نکاح کرلیا ہو گھر میں گھر میں داخل ہوئی طلاق واقع نہیں ہوگی

**فَاِنْ قَالَ لِاَ جْنَبِيَّةٍ اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَاَنْتِ طَالِقٌ ثُمَّ تَزَوَّجَهَا فَدَخَلَتِ الدَّارَ لَمْ تُطَلَّقْ لِاَنَّ الْحَالِفَ لَيْسَ بِمَالِكٍ وَمَا اَضَافَهُ اِلَى الْمِلْكِ وَ سَبَبِهٖ وَلَا بُدَّ مِنْ وَاحِدٍ مِنْهُمَا.**

---

ترجمہ......پس اگر کہا کسی اجنبیہ (عورت) سے اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو،تو طالقہ ہے۔پھر اس سے نکاح کیا پھر گھر میں داخل ہوئی تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔کیونکہ قسم کھانے والا (بالفعل) مالک نہیں۔اور نہ اس کو ملک اور سبب ملک کی طرف منسوب کیا ہے۔حالانکہ ان دونوں میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے۔

تشریح......مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی مرد نے کسی اجنبیہ عورت سے کہا۔ان دخلت الدار فانت طالق پھر اس مرد نے اس عورت سے نکاح کیا۔اس کے بعد وہ عورت گھر میں داخل ہوگئی تو اس صورت میں طلاق واقع نہیں ہوگی۔یہ مسئلہ ماقبل کے اصول پر متفرع ہے۔دلیل یہ ہے کہ حالف نہ تو طلاق کا مالک

اور نہ ہی طلاق کو ملک اور سببِ ملک کی طرف منسوب کیا ہے۔ حالانکہ اضافت طلاق کے لئے ان دونوں میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے۔

## الفاظ شرط

اَلْفَاظُ الشَّرْطِ اِنْ وَاِذَا وَاِذَامَا وَكُلُّ وَكُلَّمَا وَ مَتىٰ وَ مَتىٰ مَا لِاَنَّ الشَّرْطَ مُشْتَقٌّ مِنَ الْعَلَامَةِ وَ هٰذِهِ الْاَلْفَاظُ مِمَّا يَلِيْهَا اَفْعَالٌ فَتَكُوْنُ عَلَامَاتٌ عَلَى الْحِنْثِ ثُمَّ كَلِمَةُ اِنْ حَرْفٌ لِلشَّرْطِ لِاَنَّهُ لَيْسَ فِيْهَا مَعْنَى الْوَقْتِ وَمَا وَرَاءَ هَا مُلْحَقٌ بِهَا وَ كَلِمَةُ كُلُّ لَيْسَ شَرْطًا حَقِيْقَةً لِاَنَّ مَا يَلِيْهَا اِسْمٌ وَالشَّرْطُ مَا يَتَعَلَّقُ بِهِ الْجَزَاءُ وَالْاَجْزِيَةُ تَعَلَّقُ بِالْاَفْعَالِ اِلَّا اَنَّهُ اُلْحِقَتْ بِالشَّرْطِ لِتَعَلُّقِ الْفِعْلِ بِالْاِسْمِ الَّذِىْ يَلِيْهَا مِثْلُ قَوْلِكَ كُلُّ عَبْدٍ اِشْتَرَيْتُهٗ فَهُوَ حُرٌّ۔

ترجمہ...... اور الفاظ شرط ان، اذا، اذا ما، کل، کلما، متیٰ اور متیٰ ما ہے۔ کیونکہ شرط مشتق ہے (اس شرط سے جو) علامت (کے معنی میں) ہے۔ اور یہ الفاظ ایسے ہیں کہ ان سے افعال ملے ہوتے ہیں۔ تو یہ حانث ہوجانے کی علامات ہوں گے۔ پھر (واضح رہے) کلمہ ان محض شرط کے لئے ہے۔ کیونکہ اس میں وقت کے معنی نہیں اور کلمہ ان کے علاوہ لفظ ان کے ساتھ ملحق ہے اور کلمہ کل در حقیقت شرط نہیں۔ کیونکہ کلمہ کل سے جو متصل آتا ہے وہ اسم ہے۔ اور شرط وہ ہے جس کے ساتھ جزاء متعلق ہو۔ اور جزائیں افعال کے ساتھ متعلق ہوتی ہیں مگر یہ کہ کلمہ کل شرط کے ساتھ لاحق کر دیا گیا فعل کے متعلق ہونے کی وجہ سے اس اسم کے ساتھ جو کلمہ کل کے ساتھ متصل ہے جیسے تیرا قول ہر غلام کہ میں اس کو خریدوں وہ آزاد ہے۔

تشریح...... مصنفؒ نے کلمات شرط کو الفاظ شرط کے ساتھ تعبیر فرمایا نہ کہ حروف شرط کے ساتھ۔ کیونکہ ان کلمات میں بیشتر اسماء ہیں نہ کہ حرف۔ اس لئے الفاظ کے ساتھ تعبیر کیا گیا تا کہ اسماء و حروف دونوں کو شامل ہو جائے اور کلمہ ان باب شرط میں اصل ہے اور باقی سب اس کی فرع ہیں۔

صاحبِؒ ہدایہ نے الفاظِ شرط کی وجہ تسمیہ بیان کی ہے حاصل یہ کہ شرط مشتق ہے اس شَرَطٌ سے جس کے معنی علامت کے ہیں، باری تعالیٰ کا ارشاد ہے فقد جاء اشراطها ای علاماتها۔ کہا جاتا ہے اشراط الساعة ای علامات الساعة۔ اور یہ الفاظ ایسے ہیں جو افعال کے متصل ہوتے ہیں کلمہ کل کے علاوہ۔ لہٰذا یہ حانث ہونے کی علامات ہوں گے۔ صاحبِؒ ہدایہ کی عبارت میں بظاہر سقم ہے۔ کیونکہ صاحبِؒ ہدایہ نے کہا کہ شرط مشتق ہے علامت سے۔ بظاہر یہ غلط ہے کیونکہ اشتقاق سے مراد اشتقاق کبیر ہے۔ اور اشتقاق کبیر کہتے ہیں دو لفظوں کے درمیان لفظ اور معنی میں تناسب اور شرط اور علامت کے درمیان لفظی تناسب موجود نہیں۔ لہٰذا یہ کہنا کہ شرط مشتق ہے علامت سے کیسے درست ہوگا اس وجہ سے خادم نے عبارت مقدر مان کر کہا کہ شَرْطٌ بسکون الراء مشتق ہے شَرَطٌ بفتح الشین والراء سے جس کے معنی علامت کے ہیں اس تقدیر پر ہدایہ کی عبارت بے غبار ہو جائے گی۔

فرماتے ہیں کہ کلمہ ان محض شرط کے لئے ہے اور باب شرط میں یہی اصل ہے کیونکہ کلمہ ان میں وقت وغیرہ کے معنی نہیں پائے جاتے اور کلمہ ان کے علاوہ تمام کلمات کلمہ ان کے ساتھ لاحق ہیں، کلمہ ان کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے۔ اور کلمہ کل در حقیقت شرط نہیں۔ کیونکہ کلمہ کل سے جو متصل آتا ہے وہ اسم ہے اور شرط وہ ہے جس کے ساتھ جزاء متعلق ہو۔ اور جزاء فعل کے ساتھ متعلق ہوتی ہے نہ کہ اسم کے ساتھ مگر کلمہ کل کو شرط کے ساتھ لاحق کر دیا گیا کیونکہ فعل اس اسم کے ساتھ متصل ہے جو اسم کلمہ کل سے ملا ہوا ہے یعنی فعل اس اسم کے لئے لازم ہے جو اسم کلمہ کل سے متصل ہے مثلاً تیرا قول کل عبدٍ اشتریتهٗ فهو حر ہے۔

## جب شرط پائی جائے تو یمین منحل ہو کر ختم ہو جاتی ہے

قَالَ فَفِىْ هٰذِهِ الْاَلْفَاظِ اِذَا وُجِدَ الشَّرْطُ انْحَلَّتْ وَانْتَهَتِ الْيَمِيْنُ لِاَنَّهَا غَيْرُ مُقْتَضِيَةٍ لِلْعُمُوْمِ وَالتَّكْرَارِ لُغَةً

فَبِوُجُوْدِ الْفِعْلِ مَرَّةً يَتِمُّ الشَّرْطُ وَلَا بَقَاءَ لِلْيَمِيْنِ بِدُوْنِهٖ اِلَّا فِيْ كَلِمَةِ كُلَّمَا فَاِنَّهَا تَقْتَضِيْ تَعْمِيْمَ الْاَفْعَالِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ) الْاٰيَةُ وَ مِنْ ضُرُوْرَةِ التَّعْمِيْمِ التَّكْرَارُ.

---

ترجمہ...... قدوریؒ نے کہا۔ پس ان الفاظ میں جب شرط پائی گئی تو قسم منحل ہو کر ختم ہو گئی کیونکہ یہ الفاظ لغت میں عموم و تکرار کو مقتضی نہیں۔ پس ایک مرتبہ فعل کے پائے جانے کی وجہ سے شرط پوری ہو جائے گی اور بغیر شرط کے یمین باقی نہیں رہتی مگر کلمہ کلما میں اس لئے کہ وہ افعال کی تعمیم کا تقاضا کرتا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب جب ان کی کھالیں جل جائیں گی (الآیۃ) اور تعمیم کے لوازم میں سے تکرار ہے۔

تشریح...... کلمہ کلما کے علاوہ تمام الفاظ شرط کا حکم یہ ہے کہ جب شرط پائی گئی تو یمین منحل ہو کر ختم ہو جائے گی۔ دلیل یہ ہے کہ کلمہ کلما کے علاوہ باقی الفاظ شرط لغۃً عموم و تکرار کا تقاضا نہیں کرتے ہیں۔ لہٰذا ایک مرتبہ فعل کے پائے جانے سے شرط پوری ہو جائے گی۔ اور بغیر شرط یمین باقی نہیں رہتی۔ اور رہا کلمہ کلما تو چونکہ وہ افعال میں تعمیم کا تقاضا کرتا ہے جیسے باری تعالیٰ کا قول کلما نضجت جلودھم...... الآیۃ اور تعمیم کے لئے تکرار لازم ہے اس لئے کلمہ کلما میں شرط کے پائے جانے کے بعد بھی یمین باقی رہے گی۔

## کلما دخلت الدار فانت طالق پر متفرع مسئلہ

قَالَ فَاِنْ تَزَوَّجَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ اَيْ بَعْدَ زَوْجٍ اٰخَرَ وَ تَكَرَّرَ الشَّرْطُ لَمْ يَقَعْ شَيْءٌ لِاَنَّ بِاسْتِيْفَاءِ الطَّلَقَاتِ الثَّلٰثِ الْمَمْلُوْكَاتِ فِيْ هٰذَا النِّكَاحِ لَمْ يَبْقَ الْجَزَاءُ وَبَقَاءُ الْيَمِيْنِ بِهٖ وَ بِالشَّرْطِ وَ فِيْهِ خِلَافُ زُفَرَ وَ سَنُقَرِّرُهٗ مِنْ بَعْدُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى.

---

ترجمہ...... قدوریؒ نے کہا پس اگر اس کے بعد اس عورت سے نکاح کیا یعنی زوج آخر (سے حلالہ کے) بعد اور شرط مکرر پائی گئی تو کوئی چیز واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ اس نکاح میں اپنی مملوکہ تین طلاقوں کو وصول کر لینے کی وجہ سے جزاء باقی نہیں رہی۔ اور قسم کی بقاء جزاء اور شرط کے ساتھ ہے۔ اور اس میں اختلاف ہے امام زفرؒ کا اور ہم اس کو ان شاء اللہ بعد میں ثابت کریں گے۔

تشریح...... یہ مسئلہ کلما پر متفرع ہے۔ چنانچہ اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا کلما دخلت الدار فانت طالق۔ پس عورت یکے بعد دیگرے تین مرتبہ گھر میں داخل ہوئی تو اس کو تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ پس زوج ثانی سے حلالہ کے بعد یہ عورت زوج اول کے نکاح میں آ گئی اور شرط مکرر پائی گئی۔ یعنی وہ عورت پھر گھر میں داخل ہو گئی تو اب کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ یہ شوہر سابقہ نکاح کی وجہ جن تین طلاقوں کا مالک تھا وہ پوری ہو گئیں۔ لہٰذا اجزاء باقی نہ رہی۔ کیونکہ جزاء اس ملک کی تین طلاقیں تھیں۔ پس جب جزاء منتفی ہو گئی تو قسم بھی ختم ہو گئی۔ کیونکہ قسم شرط و جزاء کے ذکر کا نام ہے اور جب قسم ختم ہو گئی تو دخولِ دار کے بعد طلاق واقع ہونے کے کیا معنی ہیں۔ اس لئے ہم نے کہا کہ اس صورت میں طلاق واقع نہیں ہوگی۔

## کلما تزوجت امراۃ فھی طالق سے معلق کرنے کا حکم

وَلَوْ دَخَلَتْ عَلٰى نَفْسِ التَّزَوُّجِ بِاَنْ قَالَ كُلَّمَا تَزَوَّجْتُ اِمْرَاَةً فَهِيَ طَالِقٌ يَحْنَثُ بِكُلِّ مَرَّةٍ وَ اِنْ كَانَ بَعْدَ زَوْجٍ اٰخَرَ لِاَنَّ اِنْعِقَادَهَا بِاِعْتِبَارِ مَا يَمْلِكُ عَلَيْهَا مِنَ الطَّلَاقِ بِالتَّزَوُّجِ وَ ذٰلِكَ غَيْرُ مَحْصُوْرٍ.

---

ترجمہ...... اور اگر (کلمہ کلما) نفس تزوج پر داخل ہوا بایں طور کہ کہا کہ جب، جب میں کسی عورت سے نکاح کروں تو وہ طالقہ ہے ہر مرتبہ سے حانث

ہو جائے گا۔ اگر چہ زوج آخر کے بعد کیونکہ یمین کا منعقد ہونا اس اعتبار سے ہے کہ وہ تزوج کی وجہ سے طلاق کا مالک ہے۔ اور تزوج غیر محدود ہے۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے نفس تزوج پر کلمہ کلما داخل کر کے کہا کلما تزوجت امراۃً فھی طالق تو یہ شخص ہر مرتبہ نکاح کرنے سے حانث ہو جائے گا۔ اگر چہ زوج ثانی کے ساتھ حلالہ کرنے کے بعد ہی کیوں نہ کیا ہو۔ دلیل یہ ہے کہ یمین اس لئے منعقد ہوتی ہے کہ یہ شخص نکاح کرنے کی وجہ سے طلاق کا مالک ہو جاتا ہے۔ اور نکاح کرنا غیر محدود ہے۔ لہٰذا طلاق بھی غیر محدود ہوگی۔ اس لئے کہ تکرار سبب تکرار مسبب کا تقاضا کرتا ہے۔

## یمین کے بعد مالک کا زوال اس کو باطل نہیں کرتا

قَالَ وَ زَوَالُ الْمِلْكِ بَعْدَ الْيَمِيْنِ لَا يُبْطِلُهَا لِاَنَّهُ لَمْ يُوْجَدِ الشَّرْطُ فَبَقِيَ وَالْجَزَاءُ بَاقٍ لِبَقَاءِ مَحَلِّهِ فَبَقِيَ الْيَمِيْنُ ثُمَّ اِنْ وُجِدَ الشَّرْطُ فِيْ مِلْكِهِ اِنْحَلَّتِ الْيَمِيْنُ وَ وَقَعَ الطَّلَاقُ لِاَنَّهُ وُجِدَ الشَّرْطُ وَالْمَحَلُّ قَابِلٌ لِلْجَزَاءِ فَيَنْزِلُ الْجَزَاءُ وَلَا يَبْقَى الْيَمِيْنُ لِمَا قُلْنَا وَ اِنْ وُجِدَ فِيْ غَيْرِ الْمِلْكِ اِنْحَلَّتِ الْيَمِيْنُ لِوُجُوْدِ الشَّرْطِ وَلَمْ يَقَعْ شَئٌ لِانْعِدَامِ الْمَحَلِّيَّةِ.

---

ترجمہ..... قدوریؒ نے کہا اور ملک کا زائل ہونا قسم کے بعد، قسم کو باطل نہیں کرتا۔ کیونکہ شرط نہیں پائی گئی تو قسم باقی رہی۔ اور جزاء کا محل (عورت) باقی ہونے سے جزاء باقی ہے تو یمین بھی باقی ہے۔ پھر اگر مرد کی ملک میں شرط پائی گئی تو قسم اتر ی اور طلاق واقع ہوگئی کیونکہ شرط پائی گئی اور محل قابل جزاء ہے۔ پس جزاء نازل ہوگی اور یمین باقی نہیں رہے گی اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی ہے اور اگر غیر ملک میں شرط پائی گئی تو یمین اتر گئی شرط کے پائے جانے کی وجہ سے اور کوئی (طلاق) واقع نہ ہوگی۔ محل کے معدوم ہونے کی وجہ سے۔

تشریح..... صاحبِ قدوری نے ایک اصول ذکر کیا ہے۔ وہ یہ کہ اگر قسم کے بعد مرد کی ملک زائل ہوگئی تو قسم باطل نہیں ہوگی۔ صورت اس کی یہ ہے کہ مرد نے اپنی بیوی سے کہا ان دخلت الدار فانت طالق۔ پھر دخول دار سے پہلے ہی اس عورت کو بائنہ کر دیا تو اس زوال ملک کی وجہ سے یمین باطل نہیں ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ یمین کی بقاء شرط اور جزاء سے ہے اور مفروض یہ ہے کہ شرط نہیں پائی گئی۔ لہٰذا شرط باقی ہے اور بقاء محل کی وجہ سے جزاء بھی باقی ہے۔ پس جب شرط اور جزاء دونوں باقی ہیں تو یمین بھی باقی ہے۔

لیکن اگر کوئی سوال کرے کہ یہ تسلیم ہے کہ محل جزاء باقی ہے مگر جزاء کے واقع ہونے کے لئے ملک شرط ہے اور یہاں ملک غیر موجود ہے۔ پس یمین باقی نہ رہنی چاہیئے۔ جواب۔ ہمارا کلام وقوع جزاء میں نہیں ہے۔ بلکہ بقاء یمین میں ہے۔ اور یمین ابتداءً ملک کی محتاج نہیں۔ کیونکہ ان تزوجتک فانت طالق جائز ہے۔ حالانکہ اس وقت حالف طلاق کا مالک نہیں ہے پس جب ابتداءً یمین محتاج ملک نہیں تو بقاءً بدرجہ اولیٰ محتاج ملک نہیں ہوگی۔ کیونکہ ابتداء کے مقابلہ میں بقاء آسان ہے۔

پھر اس کے بعد دو صورتیں ہیں۔

۱) یہ کہ شرط ملک میں پائی جائے مثلاً اس شخص نے اس عورت کے ساتھ دوبارہ نکاح کیا پھر شرط پائی گئی۔

۲) یہ کہ شرط غیر ملک میں پائی گئی مثلاً دوبارہ نکاح سے پہلے ہی شرط پائی گئی۔

پس صورتِ اول میں طلاق واقع ہوگئی۔ اور یمین پوری ہوگئی۔ طلاق تو اس لئے واقع ہوگئی کہ شرط (دخول دار) ملک میں پائی گئی لہٰذا جزاء (طلاق) جو اس کے ساتھ متعلق ہے وہ بھی واقع ہوگئی۔ اور یمین کا پورا ہونا اس لئے ہے کہ کلام میں جو لفظ ان ہے وہ تکرار پر دلالت نہیں کرتا۔ لہٰذا ایک مرتبہ شرط پائے جانے کی وجہ سے یمین پوری ہوگئی اور صورتِ ثانیہ میں یمین تو پوری ہوگئی کیونکہ شرط پائی گئی ہے البتہ طلاق واقع نہیں ہوئی

کیونکہ محل معدوم ہے۔

## اگر شرط میں زوجین کا اختلاف ہو جائے تو کس کا قول معتبر ہے

وَاِنِ اخْتَلَفَا فِي الشَّرْطِ فَالْقَوْلُ قَوْلُ الزَّوْجِ اِلَّا اَنْ تُقِيْمَ الْمَرْأَةُ الْبَيِّنَةَ لِاَنَّهُ مُتَمَسِّكٌ بِالْاَصْلِ وَهُوَ عَدَمُ الشَّرْطِ وَلِاَنَّهُ مُنْكِرٌ وُقُوْعَ الطَّلَاقِ وَزَوَالَ الْمِلْكِ وَالْمَرْأَةُ تَدَّعِيْهِ.

---

ترجمہ..... اور اگر دونوں (میاں بیوی) نے شرط میں اختلاف کیا تو شوہر کا قول (معتبر ہوگا) مگر یہ کہ عورت گواہ قائم کر دے۔ کیونکہ شوہر اصل سے دلیل پکڑنے والا ہے اور وہ عدم شرط ہے اور اس لئے کہ شوہر وقوع طلاق اور زوال ملک کا منکر ہے۔

تشریح..... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر اور اس کی بیوی نے وجود شرط میں اختلاف کیا مثلاً شوہر کہتا ہے کہ شرط نہیں پائی گئی اور نہ طلاق واقع ہوئی اور عورت کہتی ہے کہ شرط پائی گئی اور طلاق واقع ہو گئی۔ تو اس صورت میں اگر عورت کے پاس گواہ موجود نہ ہوں تو شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ اور اگر عورت کے پاس گواہ موجود ہیں تو ان کی گواہی قبول کر لی جائیگی دلیل یہ ہے کہ شوہر کا قول اصل کے موافق ہے کیونکہ اصل عدم شرط ہے اور جس کا قول اصل کے موافق ہو وہ مدعیٰ علیہ کہلاتا ہے۔ پس عورت مدعیہ اور شوہر مدعیٰ علیہ ہوا۔ اور حدیث میں ہے کہ اگر مدعی کے پاس بینہ موجود نہ ہو تو مدعیٰ علیہ کا قول معتبر ہوگا۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ شوہر وقوع طلاق اور زوال ملک کا منکر ہے اور عورت ان دونوں چیزوں کی مدعیہ ہے اور گواہ نہ ہونے کی صورت میں منکر کا قول معتبر ہوتا ہے اس وجہ سے اس مسئلہ میں اگر عورت کے پاس بینہ موجود نہ ہو تو شوہر کا قول معتبر ہوگا۔

## اگر شرط ایسی ہے کہ عورت سے ہی معلوم ہو سکتی ہے تو عورت کا قول اس کے حق میں معتبر ہوگا

فَاِنْ كَانَ الشَّرْطُ لَا يُعْلَمُ اِلَّا مِنْ جِهَتِهَا فَالْقَوْلُ قَوْلُهَا فِي حَقِّ نَفْسِهَا مِثْلُ اَنْ يَقُوْلَ اِنْ حِضْتِ فَاَنْتِ طَالِقٌ وَفُلَانَةٌ فَقَالَتْ قَدْ حِضْتُ طُلِّقَتْ هِيَ وَلَمْ تُطَلَّقْ فُلَانَةٌ وَوُقُوْعُ الطَّلَاقِ اِسْتِحْسَانٌ وَالْقِيَاسُ اَنْ لَّا يَقَعَ لِاَنَّهُ شَرْطٌ فَلَا تُصَدَّقُ كَمَا فِي الدُّخُوْلِ وَجْهُ الْاِسْتِحْسَانِ اَنَّهَا اَمِيْنَةٌ فِي حَقِّ نَفْسِهَا اِذْ لَا يُعْلَمُ ذٰلِكَ اِلَّا مِنْ جِهَتِهَا فَيُقْبَلُ قَوْلُهَا كَمَا قُبِلَ فِي حَقِّ الْعِدَّةِ وَالْغِشْيَانِ وَلٰكِنَّهَا شَاهِدَةٌ فِي حَقِّ ضَرَّتِهَا بَلْ هِيَ مُتَّهَمَةٌ فَلَا يُقْبَلُ قَوْلُهَا فِي حَقِّهَا.

---

ترجمہ..... پھر اگر شرط (ایسی چیز ہے) جو معلوم نہیں ہو سکتی مگر عورت کی جانب سے تو عورت کا قول اس کی ذات کے حق میں (معتبر ہوگا) مثلاً یہ کہے اگر تو حائضہ ہوئی تو، تو اور فلاں (عورت) طالقہ ہیں۔ اس نے کہا میں حائضہ ہو گئی تو یہ خود طالقہ ہو گئی اور فلانہ عورت طالقہ نہ ہوگی۔ اور وقوع طلاق استحسان ہے اور قیاس یہ ہے کہ واقع نہ ہو کیونکہ یہ شرط ہے تو عورت کی تصدیق نہ ہوگی۔ جیسا کہ (دخول دار) کی صورت میں۔ اور استحسان کی دلیل یہ ہے کہ یہ عورت اپنی ذات کے حق میں امانتدار ہے کیونکہ یہ بات سوائے اس کے دوسری جہت سے معلوم نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا عورت ہی کا قول قبول ہوگا۔ جیسا کہ عدت اور وطی کے حق میں کہا گیا ہے اور لیکن یہ عورت اپنی سوتن کے حق میں گواہ ہے بلکہ متہمہ ہے لہٰذا اس کا قول اس کی سوتن کے حق میں قبول نہیں کیا جائے گا۔

تشریح..... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر شرط ایسی چیز ہے جس کا علم صرف عورت کو ہو سکتا ہے دوسروں کو نہیں ہو سکتا تو وجود شرط میں اس کا قول صرف

اس کی ذات کے حق میں قبول ہوگا دوسرے کے حق میں قبول نہیں ہوگا۔ یہی قول ہے امام شافعیؒ اور امام مالکؒ اور امام احمدؒ کا۔ مثلاً شوہر نے اپنی ایک بیوی سے کہا ان حضت فانت طالق وفلانۃ (فلانہ سے اس کی دوسری بیوی مراد ہے) اس عورت نے کہا مجھے حیض آ گیا تو یہ مطلقہ ہوگئی اور فلانہ یعنی اس کی سوتن کو طلاق واقع نہ ہوگی۔ یہ بات یاد رہے کہ اس کی سوتن کو طلاق کا واقع نہ ہونا اس صورت میں ہے جبکہ شوہر نے اس کے قول حضت میں اس کی تکذیب کی ہو ورنہ اگر شوہر نے اس کی تصدیق کر دی تو دونوں کو طلاق واقع ہو جائے گی۔

اس مسئلہ میں طلاق کا واقع ہونا استحساناً ہے اور قیاس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ طلاق واقع نہ ہو۔ کیونکہ ان حضت فانت طالق میں حیض شرط ہے اور عورت اس وجودِ شرط کی مدعیہ ہے اور شوہر منکر اور بینہ نہ ہونے کی صورت میں منکر کا قول معتبر ہوتا ہے لہٰذا یہاں عورت کے قول کی تصدیق نہیں کی جائے گی۔ جیسا کہ اگر دخولِ دار کو شرط بنا کر شوہر نے کہا ان دخلت الدار فانت طالق اور عورت نے کہا کہ دخولِ دار پایا گیا اور شوہر نے انکار کر دیا تو عورت کے قول کی تصدیق نہیں ہوگی۔

اور استحسان کی دلیل یہ ہے...... کہ عورت اپنی ذات کے حق میں امانت دار ہے کیونکہ عورتیں مافی الارحام کو ظاہر کرنے میں امانت دار بھی ہیں اور مامور بھی ہیں۔ خداوند قدوس کا ارشاد ہے لا یحل لھن ان یکتمن ما خلق اللہ فی ارحامھن۔ اور اس وجہ سے بھی عورت امانت دار ہے کہ حیض ایسی شرط ہے جس کا علم صرف اسی کو ہو سکتا ہے اس کے علاوہ کو نہیں ہو سکتا اور قاعدہ ہے کہ امین کا قول اس کے حق میں قابل قبول ہوتا ہے اس وجہ سے عورت کا قول (کہ مجھ کو حیض آ گیا) اس کے حق میں قبول کر لیا جائے گا۔ جیسا کہ عدت اور وطی کے حق میں عورت کا قول قبول کیا جائے گا۔ عدت کے حق میں قبول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ عورت کہے کہ میری عدت پوری ہوگئی یا پوری نہیں ہوئی۔ اس میں عورت ہی کا قول معتبر ہوگا نہ کہ مرد کا۔ اور وطی کے حق میں قبول ہونے کے دو مطلب ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ مطلقہ ثلٰثہ کہے کہ میری عدت پوری ہوگئی اور میں نے زوج آخر سے نکاح کیا اور زوج ثانی میرے ساتھ دخول بھی کر چکا تو اس زوجِ ثانی کے دخول کرنے میں عورت کا قول معتبر ہوگا۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ اگر شوہر اپنی بیوی کے ساتھ جماع کرنا چاہتا ہے تو بیوی کے پاک یا حائضہ ہونے میں عورت ہی کا قول معتبر ہوگا۔

البتہ یہ عورت اپنی سوتن پر طلاق واقع ہونے کے سلسلہ میں شاہدہ ہے بلکہ متہمہ ہے کیونکہ کبھی انسان یہ چاہتا ہے کہ میں رہوں یا نہ رہوں لیکن میرا حریف نہ رہے۔ پس یہاں بھی ہو سکتا ہے کہ اس عورت کے دل میں یہی جذبہ کارفرما ہو کہ میں بیوی بن کر رہوں یا نہ رہوں لیکن میری سوتن نہ رہنی چاہیے۔ اسی موقع کے لئے کہا گیا ہے۔

ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے

خلاصہ یہ کہ یہ عورت اپنی سوتن کے حق میں متہمہ ہے اور متہمہ کی شہادت مردود ہوتی ہے۔ اس لئے اس عورت کا قول (کہ مجھے حیض آ گیا) اس کی سوتن کے حق میں قابلِ قبول نہ ہوگا۔

## شوہر نے کہا ان کنت تحبین ان یعذبک اللہ فی نار جھنم فانت طالق وعبدی حر عورت نے کہا احبہ تو یہ قول عورت کے حق میں معتبر ہے اور غلام کے حق میں نہیں اور اسی طرح شوہر نے کہا ان کنت تحجبینی فانت طالق و ھذہ سے عورت نے احبک کہا تو طلاق واقع ہو جائے گی اور غلام آزاد نہ ہوگا

**وَكَذٰلِكَ لَوْ قَالَ اِنْ كُنْتِ تُحِبِّيْنَ اَنْ يُعَذِّبَكَ اللّٰهُ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَاَنْتِ طَالِقٌ وَ عَبْدِيْ حُرٌّ فَقَالَتْ اُحِبُّهُ اَوْ قَالَ اِنْ كُنْتِ تُحِبِّيْنِيْ فَاَنْتِ طَالِقٌ وَ هٰذِهٖ مَعَكِ فَقَالَتْ اُحِبُّكَ طُلِّقَتْ هِيَ وَلَمْ يَعْتِقِ الْعَبْدُ وَلَا تُطَلَّقُ صَاحِبَتُهَا لِمَا بَيَّنَّا**

وَلَا يَتَيَقَّنُ بِكِذْبِهَا لِاَنَّهَا لِشِدَّةِ بُغْضِهَا اِيَّاهُ قَدْ تُحِبُّ التَّخْلِيْصَ مِنْهُ بِالْعَذَابِ وَ فِيْ حَقِّهَا اَنْ تَعَلَّقَ الْحُكْمُ بِاِخْبَارِهَا وَاِنْ كَانَتْ كَاذِبَةً فَفِيْ حَقِّ غَيْرِهَا بَقِيَ الْحُكْمُ عَلَى الْاَصْلِ وَ هِيَ الْمَحَبَّةُ.

ترجمہ...... اور اسی طرح اگر مرد نے کہا کہ اگر تو اس بات کو پسند کرتی ہے کہ اللہ تجھ کو آتش جہنم میں عذاب کرے تو تو طالقہ ہے اور میرا غلام آزاد ہے۔ عورت نے کہا کہ میں اس کو پسند کرتی ہوں۔ یا مرد نے کہا کہ اگر تو مجھ کو پسند کرتی ہے تو، تو طالقہ اور یہ جو تیرے ساتھ ہے پس عورت نے کہا کہ میں تجھ کو پسند کرتی ہوں تو (یہ عورت) طالقہ ہو جائے گی۔ اور غلام آزاد نہیں ہوگا۔ اور اس کی سوتن مطلقہ نہ ہوگی۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی ہے اور اس عورت کے جھوٹا ہونے کا یقین نہیں ہے اس لئے کہ وہ کبھی اپنے شوہر سے شدت بغض کی وجہ سے پسند کرتی ہے کہ اس سے عذاب کے ذریعہ ہی چھٹکارا مل جائے۔ اور اس کے حق میں حکم کا تعلق اس کے خبر دینے پر ہے اگر چہ وہ جھوٹی ہو۔ پس اس کے علاوہ کے حق میں حکم اصل پر باقی رہا۔ اور وہ محبت ہے۔

تشریح...... عبارت میں دو مسئلے بیان کئے ہیں۔ پہلا یہ کہ شوہر نے اپنی بیوی سے کہا **ان کنت تحبین ان یعذبك الله فی نار جهنم فانت طالق و عبدی حر** ۔ یعنی عذاب جہنم کے پسند کرنے پر بیوی کی طلاق اور غلام کی آزادی کو معلق کر دیا گیا۔ پھر عورت نے کہا میں عذاب جہنم کو پسند کرتی ہوں۔ تو یہ اس کا قول خود اس کے حق میں قبول ہوگا۔ اور طلاق واقع ہو جائے گی۔ البتہ غلام کے حق میں قبول نہیں ہوگا۔ اور غلام آزاد نہیں ہوگا۔ دوسرا یہ کہ شوہر نے کہا **ان کنت تحبینی فانت طالق و هذه معك** عورت نے کہا میں تجھ کو پسند کرتی ہوں تو اس صورت میں اس مخاطبہ عورت کو طلاق واقع ہوگی نہ کہ اس کی سوتن کو۔ دلیل پہلے مسئلہ میں گذر چکی کہ یہ عورت اپنے حق میں امین ہے اور اپنی سوتن اور غلام کے حق میں شاہدہ ہے اور امین کا قول صرف اسی کے حق میں معتبر ہوتا ہے نہ کہ غیر کے حق میں۔

**ولا یتیقن** سے ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ عورت کا قول اس کے حق میں اس لئے قبول کیا گیا ہے کہ وہ اپنے قول میں صادق ہے لیکن نار جہنم میں اللہ کے عذاب دینے کو پسند کرنے کے بارے میں اس کا خبر دینا قطعی طور پر جھوٹ ہے اس لئے کہ مسلمان عذاب جہنم کو پسند کرے یہ بات خلاف عقل ہے۔ بہر حال جب ہم کو اس عورت کے جھوٹا ہونے کا یقین ہے تو اس کا قول بالکل قبول نہ ہونا چاہیئے۔ جواب یہ ہے کہ اس عورت کے جھوٹا ہونے کا یقین نہ کیا جائے کیونکہ عورت ویسے ہی ناقص العقل ہے مزید براں یہ کہ جاہل بھی ہے اب ایسی حالت میں بسا اوقات شوہر کی جانب سے ایسی زیادتیاں اور مظالم ہوتے ہیں کہ عورت اس نا ہنجار بد دماغ سے چھٹکارا پانے کے لئے دوزخ کے عذاب کو بھی پسند کر لیتی ہے۔ لہٰذا عورت کا جھوٹا ہونا یقینی نہیں۔ اور جب عورت کا جھوٹا ہونا یقینی نہیں تو اس عورت کے حق میں حکم اس کی خبر کے ساتھ متعلق ہوگا۔ اگر چہ خبر کاذب ہی کیوں نہ ہو۔ اور اس کے غیر کے حق میں حکم اصل پر باقی رہے گا۔ اور وہ محبت ہے۔ یعنی محبت یا عذاب دوزخ کو پسند کرنا کسی دلیل سے معلوم نہیں ہوا۔ اس وجہ سے دوسرے کے حق میں ثابت نہیں ہوگا۔

## شوہر نے کہا اذا حضت فانت طالق عورت نے خون دیکھا طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ تین دن تک خون جاری رہے

وَاِذَا قَالَ لَهَا اِذَا حِضْتِ فَاَنْتِ طَالِقٌ فَرَاَتِ الدَّمَ لَمْ يَقَعِ الطَّلَاقُ حَتّٰى يَسْتَمِرَّ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ لِاَنَّ مَا يَنْقَطِعُ دُوْنَهٗ لَا يَكُوْنُ حَيْضاً فَاِذَا تَمَّتْ ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ حَكَمْنَا بِالطَّلَاقِ مِنْ حِيْنَ حَاضَتْ لِاَنَّهٗ بِالْاِمْتِدَادِ عُرِفَ اَنَّهٗ مِنَ الرَّحِمِ فَكَانَ حَيْضًا مِنَ الْاِبْتِدَاءِ.

ترجمہ......اور جب عورت سے کہا کہ جب تو حائضہ ہو تو تو طالقہ ہے پھر اس نے خون دیکھا تو طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ تین روز تک برابر جاری رہے۔ کیونکہ جو خون تین دن سے کم منقطع ہوتا ہے وہ حیض نہیں ہوتا۔ پس جب تین دن پورے ہو گئے تو جس وقت سے وہ حائضہ ہوئی اسی وقت سے طلاق واقع ہونے کا حکم دیں گے۔ کیونکہ (تین دن تک) ممتد ہونے کی وجہ سے معلوم ہوا کہ یہ خون رحم کا ہے تو وہ شروع ہی سے حیض ہوا۔

تشریح......اگر شوہر نے اپنی بیوی سے ان حضت فانت طالق کہا پھر اس عورت نے خون دیکھا تو محض خون دیکھنے سے طلاق واقع نہ ہوگی۔ یہاں تک کہ برابر تین دن تک خون جاری رہے۔ دلیل یہ ہے کہ ہمارے نزدیک اقل مدت حیض تین دن اور تین راتیں ہیں اور جو خون اس مدت سے کم میں منقطع ہو جائے گا وہ حیض نہیں ہوگا بلکہ استحاضہ ہوگا البتہ اگر پورے تین دن خون آیا تو جس وقت سے خون آنا شروع ہوا تھا اسی وقت سے طلاق واقع ہونے کا حکم لگا دیا جائے گا۔ کیونکہ تین دن تک خون ممتد ہونے کی وجہ سے معلوم ہو گیا کہ یہ خون رحم کا ہے لہٰذا اول امر ہی سے حیض شمار ہوگا۔

## اگر شوہر نے کہا اذا حضت حیضة فانت طالق عورت کو طلاق واقع نہیں ہوگی یہاں تک کہ عورت حیض سے پاک ہو جائے

**وَلَوْ قَالَ لَهَا إِذَا حِضْتِ حَيْضَةً فَأَنْتِ طَالِقٌ لَمْ تُطَلَّقْ حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ حَيْضِهَا لِأَنَّ الْحَيْضَةَ بِالْهَاءِ هِيَ الْكَامِلَةُ مِنْهَا وَ لِهٰذَا حُمِلَ عَلَيْهِ فِيْ حَدِيْثِ الْإِسْتِبْرَاءِ وَ كَمَالُهَا بِانْتِهَائِهَا وَ ذٰلِكَ بِالطُّهْرِ.**

ترجمہ......اور اگر عورت سے کہا کہ جب تو حائضہ ہو ایک حیض کر کے تو، تو طالقہ ہے تو (یہ عورت) طالقہ نہ ہوگی۔ یہاں تک کہ اس حیض سے پاک ہو جائے کیونکہ حیضة ہاء (تاء) کے ساتھ حیض کامل ہے اور اسی وجہ سے حیض کامل پر محمول کیا جائے گا۔ حدیث استبراء میں۔ اور حیض کا کمال اس کی انتہا سے ہوتا ہے اور انتہا طہر سے ہوگی۔

تشریح......مسئلہ یہ ہے کہ اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا اذا حضت حیضة فانت طالق تو یہ عورت مطلقہ نہ ہوگی یہاں تک کہ اپنے اس حیض سے پاک ہو جائے۔ دلیل یہ ہے کہ حیضة بالتاء حیض کامل کو کہتے ہیں اور حیض کا کمال اس کے ختم ہونے سے ہوگا اور ختم ہونا طہر سے ہوگا۔ اس وجہ سے ہم کہتے ہیں کہ طہر شروع ہونے پر طلاق واقع ہوگی اس سے پہلے نہیں۔ اسی وجہ سے حدیث استبراء میں بھی حیضة کو حیض کامل پر محمول کیا گیا ہے حدیث استبراء سے مراد یہ حدیث ہے لا توطأ الحبالی حتیٰ یضعن حملهن ولا الحبالی حتیٰ یستبرأن بحیضة رواه ابو داؤد فی سننه۔ حضور ﷺ نے فرمایا حاملہ عورتوں سے وطی نہ کی جائے یہاں تک کہ وہ اپنے حمل کو وضع کر دیں اور نہ وطی کی جائے غیر حاملہ عورتوں سے یہاں تک کہ ایک حیض کامل کے ساتھ استبراء کریں۔ اس حدیث میں حیضة سے مراد کامل حیض ہے (عنایہ، عینی شرح ہدایہ)

## شوہر نے کہا انت طالق اذا صمت یوماً سورج غروب ہونے پر طلاق واقع ہو جائے گی

**وَإِذَا قَالَتْ أَنْتِ طَالِقٌ إِذَا صُمْتِ يَوْماً طُلِّقَتْ حِيْنَ تَغِيْبُ الشَّمْسُ فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ تَصُوْمُ لِأَنَّ الْيَوْمَ إِذَا قُرِنَ بِفِعْلٍ مُمْتَدٍّ يُرَادُ بِهِ بَيَاضُ النَّهَارِ بِخِلَافِ مَا إِذَا قَالَ لَهَا إِذَا صُمْتِ لِأَنَّهُ لَمْ يُقَدِّرْهُ بِمِعْيَارٍ وَ قَدْ وُجِدَ الصَّوْمُ بِرُكْنِهِ وَ شَرْطِهِ.**

ترجمہ......اور جب کہا تو طالقہ ہے جب تو نے ایک دن کا روزہ رکھا تو آفتاب غروب ہوتے ہی طالقہ ہو جائے گی اس دن میں جس دن روزہ رکھے گی۔ کیونکہ یوم جب فعل ممتد کے ساتھ مقترن ہو تو اس سے بیاض نہار مراد ہوتا ہے بخلاف اس صورت کے جب کہ عورت سے کہا جب تو روزہ

رکے۔ کیونکہ روزہ کو کسی معیار کے ساتھ مقدر نہیں کیا ہے۔ اور روزہ اپنے رکن اور شرط کے ساتھ پایا گیا۔

تشریح ......(مسئلہ): اگر شوہر نے اپنی بیوی سے انت طالق اذا صمت یوماً کہا پھر اس عورت نے روزہ رکھا تو جس دن روزہ رکھا اس دن سورج غروب ہوتے ہی طلاق واقع ہو جائے گی۔ دلیل:۔ قاعدہ ہے کہ لفظ یوم فعل ممتد کے ساتھ مقترن ہو تو یوم سے مراد بیاض نہار ہوتا ہے نہ کہ مطلق وقت۔ اور یہاں صوم فعل ممتد ہے لہٰذا یوم سے مراد بیاض نہار ہوگا۔ اور وقوع طلاق کے لئے غروب تک پورے دن کا روزہ رکھنا شرط ہوگا۔ پس شرط پائے جاتے ہی طلاق واقع ہو جائے گی۔ اور یہی حکم ہے انت طالق اذا صمت صوماً کا۔

اس کے برخلاف اگر شوہر نے انت طالق اذا صمت کہا بغیر لفظ یوم ذکر کئے تو اگر عورت نے بنیت صوم تھوڑی دیر کا روزہ رکھ لیا تب بھی طلاق واقع ہو جائے گی۔ کیونکہ شوہر نے روزہ کو کسی معیار یعنی یوم وغیرہ کے ساتھ مقدر نہیں کیا ہے۔ اور مطلقاً روزہ اپنے رکن اور شرط کے ساتھ پایا گیا اس وجہ سے طلاق واقع ہو جائے گی۔ روزہ کا رکن کھانے پینے اور جماع سے رکنا ہے اور شرط نیت اور حیض و نفاس سے پاک ہونا ہے۔

## شوہر نے بیوی سے کہا اذا ولدتِ غلاماً فانت طالق واحدة و اذا ولدت جارية فانت طالق ثنتين لڑکا اور لڑکی دونوں کو جنا کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

وَمَنْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ إِذَا وَلَدْتِ غُلَامًا فَأَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً وَ إِذَا وَلَدْتِ جَارِيَةً فَأَنْتِ طَالِقٌ ثِنْتَيْنِ فَوَلَدَتْ غُلَامًا وَ جَارِيَةً وَلَا يُدْرٰى أَيُّهُمَا أَوَّلُ لَزِمَهُ فِي الْقَضَاءِ تَطْلِيقَةٌ وَ فِي التَّنَزُّهِ تَطْلِيقَتَانِ وَانْقَضَتِ الْعِدَّةُ لِأَنَّهَا لَوْ وَلَدَتِ الْغُلَامَ أَوَّلًا وَقَعَتْ وَاحِدَةٌ وَ تَنْقَضِيْ عِدَّتُهَا بِوَضْعِ الْجَارِيَةِ ثُمَّ لَا تَقَعُ أُخْرٰى بِهِ لِأَنَّهُ حَالُ انْقِضَاءِ الْعِدَّةِ وَلَوْ وَلَدَتِ الْجَارِيَةَ أَوَّلًا وَقَعَتْ تَطْلِيقَتَانِ وَ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا بِوَضْعِ الْغُلَامِ ثُمَّ لَا يَقَعُ شَيْءٌ آخَرُ بِهِ لِمَا ذَكَرْنَا أَنَّهُ حَالُ الْاِنْقِضَاءِ فَإِذَا فِيْ حَالٍ يَقَعُ وَاحِدَةٌ وَ فِيْ حَالٍ يَقَعُ ثِنْتَانِ فَلَا يَقَعُ الثَّانِيَةُ بِالشَّكِّ وَالْاِحْتِمَالِ وَالْأَوْلٰى أَنْ نَأْخُذَ بِالثِّنْتَيْنِ تَنَزُّهًا وَ اِحْتِيَاطًا وَالْعِدَّةُ مُنْقَضِيَةٌ بِيَقِيْنٍ لِمَا بَيَّنَّا.

---

ترجمہ ......اور جس شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ جب تو نے لڑکا جنا تو تو طالقہ بیک طلاق ہے اور اگر لڑکی جنی تو تو طالق بدو طلاق ہے پس اس عورت نے لڑکا اور لڑکی دونوں جنے اور یہ معلوم نہیں کہ پہلا کون ہے تو اس کو قضاءً ایک طلاق لازم ہوئی اور تنزہاً دو طلاقیں (لازم ہوں گی) اور عدت گذر گئی۔ کیونکہ اس نے پہلے لڑکا جنا تو ایک واقع ہوئی اور اس کی عدت گذر جائے گی لڑکی جننے سے۔ پھر وضع جاریہ سے دوسری واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ وہ عدت گذرنے کا وقت ہے اور اگر پہلے لڑکی جنی تو دو طلاقیں واقع ہو گئیں اور اس کی عدت لڑکا جننے سے پوری ہوگئی۔ پھر اس کی وجہ سے دوسری واقع نہیں ہوگی۔ اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے ذکر کی ہے کہ (لڑکا جننے کا وقت) عدت گذرنے کا وقت ہے۔ پس اس وقت ایک حالت میں ایک واقع ہوگی۔ اور ایک حالت میں دو واقع ہوں گی۔ پس دوسری شک اور احتمال کی وجہ سے واقع نہیں ہوگی۔ اور اولیٰ یہ ہے کہ ہم دو کو اختیار کریں تنزہاً اور احتیاطاً اور عدت بالیقین ختم ہوگئی اس دلیل کی وجہ سے جو ہم نے بیان کی ہے۔

تشریح......مسئلہ یہ ہے کہ ایک مرد نے اپنی بیوی سے کہا اذا ولدت غلاما فانت طالق واحدة واذا ولدت جارية فانت طالق ثنتين۔ اس کے بعد اس عورت نے لڑکا اور لڑکی دونوں کو جنا تو اس مسئلہ میں چند صورتیں ہیں:

۱) اگر یہ معلوم ہو گیا کہ لڑکے کی ولادت پہلے ہوئی تو ایک طلاق واقع ہوئی اور اس عورت کی عدت لڑکی کی ولادت سے پوری ہوگئی کیونکہ حاملہ کی عدت وضع حمل ہوتی ہے اور اس کے بعد کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔

۲) اور اگر یہ معلوم ہے کہ لڑکی کی ولادت پہلے ہوئی تو دو طلاقیں واقع ہوں گی۔

۳) اور اگر زوجین میں اختلاف ہو گیا مثلاً شوہر کہتا ہے کہ لڑکے کی ولادت پہلے ہوئی اور بیوی کہتی ہے کہ لڑکی کی ولادت پہلے ہوئی تو شوہر کا قول معتبر ہوگا۔ کیونکہ وہ زیادتی طلاق کا منکر ہے۔

۴) اور اگر معلوم نہیں کہ پہلے کس کی ولادت ہوئی جیسا کہ کتاب کا مسئلہ ہے تو اس صورت میں قضاءً ایک طلاق واقع ہوگی کیونکہ ایک کا واقع ہونا یقیناً ثابت ہے اور دوسری کے واقع ہونے میں شک ہے۔ البتہ دیانۃً اور تنزہاً دو طلاقیں واقع ہوں گی۔

دلیل اس کی یہ ہے کہ اگر اولاً غلام کی ولادت ہوئی تو ایک طلاق واقع ہوگئی اور جاریہ جننے کی وجہ سے اس کی عدت گذر گئی کیونکہ لڑکا جننے کے بعد یہ عورت حاملہ ہے اور حاملہ کی عدت وضع حمل ہے پھر اس وضع جاریہ سے اور کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اس لئے کہ یہ وقت انقضاء عدت کا وقت ہے اور انقضاء عدت کا وقت زوال نکاح کا وقت ہے اور مزیل زوال کے وقت کچھ عمل نہیں کرتا ہے۔ اور اگر جاریہ کی ولادت اولاً ہوئی تو دو طلاقیں ہوں گی اور وضع غلام سے اس کی عدت پوری ہوگئی۔ کیونکہ یہ عورت جاریہ کی ولادت کے بعد حاملہ ہے اور حاملہ کی عدت وضع حمل ہے۔ پھر اس وضع غلام سے دوسری کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی سابقہ دلیل کی وجہ سے کہ یہ انقضاء عدت کا وقت ہے خلاصہ یہ کہ ایک حالت میں ایک طلاق واقع ہوگی۔ اور ایک حالت میں دو واقع ہوں گی۔ پس ایک کا واقع ہونا بالیقین ہے اور دوسری کے واقع ہونے میں شک اور احتمال ہے اور شک کی وجہ سے طلاق واقع نہیں ہوتی اس وجہ سے قضاءً ایک طلاق واقع ہوگی اور بہتر یہ ہے کہ احتیاطاً دو واقع ہوں۔ اور عدت بالیقین گذر گئی سابقہ دلیل کی وجہ سے۔

## شوہر نے منکوحہ سے کہا ان کلمت ابا عمر و ابا یوسف فانت طالق ثلاثا پھر ایک طلاق دے دی بائنہ ہوگئی اور اس کی عدت گذر گئی پھر اس نے ابو عمرو سے اس حال میں کلام کیا وہ اس کی بیوی نہیں تھی پھر عورت سے نکاح کر لیا پھر عورت نے ابو یوسف سے کلام کیا اس حال میں کہ وہ بیوی ہے تو کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

وَاِنْ قَالَ لَهَا اِنْ كَلَّمْتِ اَبَا عَمْرٍو وَ اَبَا يُوْسُفَ فَاَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثاً ثُمَّ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً فَبَانَتْ وَانْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَكَلَّمَتْ اَبَا عَمْرٍو ثُمَّ تَزَوَّجَهَا فَكَلَّمَتْ اَبَا يُوْسُفَ فَهِيَ طَالِقٌ ثَلٰثاً مَعَ الْوَاحِدَةِ الْاُوْلٰى وَ قَالَ زُفَرُ لَا يَقَعُ وَ هٰذِهِ عَلٰى وُجُوْهٍ اَمَّا اِنْ وُجِدَ الشَّرْطَانِ فِي الْمِلْكِ فَيَقَعُ الطَّلَاقُ وَهٰذَا ظَاهِرٌ اَوْ وُجِدَا فِيْ غَيْرِ الْمِلْكِ فَلَا يَقَعُ اَوْ وُجِدَ الْاَوَّلُ فِي الْمِلْكِ وَالثَّانِيْ فِيْ غَيْرِ الْمِلْكِ فَلَا يَقَعُ اَيْضاً لِاَنَّ الْجَزَاءَ لَا يَنْزِلُ فِيْ غَيْرِ الْمِلْكِ فَلَا يَقَعُ اَوْ وُجِدَ الْاَوَّلُ فِيْ غَيْرِ الْمِلْكِ وَالثَّانِيْ فِي الْمِلْكِ وَ هِيَ مَسْئَلَةُ الْكِتَابِ الْخِلَافِيَّةِ لَهٗ اِعْتِبَارُ الْاَوَّلِ بِالثَّانِيْ اِذْهُمَا فِيْ حُكْمِ الطَّلَاقِ كَشَيْءٍ وَاحِدٍ وَلَنَا اَنَّ صِحَّةَ الْكَلَامِ بِاَهْلِيَّةِ الْمُتَكَلِّمِ اِلَّا اَنَّ الْمِلْكَ يُشْتَرَطُ حَالَةَ التَّعْلِيْقِ لِيَصِيْرَ الْجَزَاءُ غَالِبَ الْوُجُوْدِ لِاِسْتِصْحَابِ الْحَالِ فَيَصِحُّ الْيَمِيْنُ وَ عِنْدَ تَمَامِ الشَّرْطِ لِيَنْزِلَ الْجَزَاءُ لِاَنَّهٗ لَا يَنْزِلُ اِلَّا فِي الْمِلْكِ وَ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ الْحَالِ حَالُ بَقَاءِ الْيَمِيْنِ فَيَسْتَغْنِيْ عَنْ قِيَامِ الْمِلْكِ اِذْ بَقَاءُهٗ بِمَحَلِّهٖ وَ هُوَ الذِّمَّةُ.

ترجمہ ...... اور اگر شوہر نے اپنی منکوحہ سے کہا کہ اگر تو نے ابو عمرو اور ابو یوسف سے کلام کیا تو تو مطلقہ ثلاثہ ہے پھر اس کو ایک طلاق دیدی سو وہ بائنہ ہوگئی اور اس کی عدت پوری ہوگئی۔ پھر کلام کیا ابو عمرو سے پھر اس سے نکاح کیا پھر ابو یوسف سے کلام کیا تو یہ عورت مطلقہ ثلاث ہے پہلی ایک کے ساتھ اور

امام زفرؒ نے فرمایا کہ تین واقع ہوں گی اور یہ مسئلہ چند صورتوں پر ہے یا تو دونوں شرطیں ملک میں پائی جائیں گی۔ (یعنی ابوعمرو اور ابو یوسف دونوں کے ساتھ بحالت نکاح کلام کرے گی) تو طلاق واقع ہوگی۔ اور یہ ظاہر ہے یا دونوں غیر ملک میں پائی جائیں گی تو واقع نہیں ہوگی۔ یا اول ملک میں اور ثانی غیر ملک میں پائی جائے گی تو بھی واقع نہ ہوگی۔ کیونکہ جزاء غیر ملک میں نہیں اترتی پس واقع نہیں ہوگی۔ یا اول غیر ملک میں اور ثانی ملک میں پائی جائے گی اور یہی کتاب کا مختلف فیہ مسئلہ ہے امام زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ اول کا دوسری پر قیاس ہے اس لئے کہ دونوں طلاق کے حکم میں شئی واحد کے مانند ہیں اور ہماری دلیل یہ ہے کہ کلام کا صحیح ہونا متکلم کی لیاقت کے ساتھ ہے مگر یہ کہ ملک کی شرط کی گئی تعلیق کے وقت۔ تا کہ جزاء غالب الوجود ہو سکے۔ استصحاب حال کی وجہ سے تا کہ قسم صحیح ہو۔ اور شرط پوری ہونے کے وقت تا کہ جزاء اترے کیونکہ جزا نہیں اترتی مگر ملک میں۔ اور ان دونوں کے درمیان بقاء یمین کی حالت ہے پس قسم قیام ملک سے مستغنی ہوگی اس لئے کہ قسم کی بقاء اپنے محل کے ساتھ ہے اور وہ (حالف کا) ذمہ ہے۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ اگر شوہر نے اپنی منکوحہ سے کہا ان کلمت ابا عمرو و ابا یوسف فانت طالق ثلاثاً۔ پھر شوہر نے اس کو ایک طلاق دیدی۔ پس وہ بائنہ ہوگئی اور اس کی عدت پوری ہوگئی۔ پھر عورت نے ابو عمرو کے ساتھ اس حال میں کلام کیا کہ وہ بیوی نہیں ہے۔ پھر اس عورت کو نکاح میں لے لیا پھر اس عورت نے ابو یوسف کے ساتھ اس حال میں کلام کیا کہ وہ بیوی ہے تو اس صورت میں پہلی ایک کے ساتھ مل کر تین طلاقوں کے ساتھ مطلقہ ہوگی۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ واقع نہیں ہوں گی۔

صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ کی چند صورتیں ہیں۔ اول یہ کہ دونوں شرطیں ملک میں پائی جائیں۔ اس صورت میں بالاتفاق طلاق واقع ہوگی۔ کیونکہ شرط طلاق ملک میں پائی گئی دوم یہ کہ دونوں شرطیں غیر ملک میں پائی جائیں اس صورت میں بالاتفاق واقع نہیں ہوگی۔ سوم یہ کہ شرط اول ملک میں اور شرط ثانی غیر ملک میں پائی جائے اس صورت میں بھی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل یہ کہ جزاء یعنی طلاق غیر ملک میں نہیں اترتی لہٰذا طلاق واقع نہیں ہوگی۔ چہارم یہ کہ شرط اول غیر ملک میں اور شرط ثانی ملک میں پائی جائے۔ یہ مسئلہ کتاب ہے جو ہمارے اور امام زفرؒ کے مابین مختلف فیہ ہے۔

مسئلہ..... کتاب میں امام زفرؒ کی دلیل شرط اول کا شرط ثانی پر قیاس ہے اس کے دو مطلب ہیں ایک یہ کہ شرط ثانی اگر غیر ملک میں پائی جائے تو جزاء یعنی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ اسی طرح جب شرط اول غیر ملک میں پائی جائے تو طلاق واقع نہ ہونی چاہیئے۔ دوسرا مطلب اول کو ثانی پر قیاس کرنے کا یہ ہے کہ جس طرح شرط ثانی کے وقت وقوع طلاق کے لئے ملک شرط ہے ایسے ہی شرط اول کے پائے جانے کے وقت بھی وقوع طلاق کے لئے ملک شرط ہونی چاہیئے اس لئے کہ یہ دونوں شرطیں طلاق کے حکم میں (یعنی طلاق ان دونوں کے ساتھ واقع ہوگی) شرط واحد کے مرتبہ میں ہے۔ اور اگر شرط واحد ہوتی تو بغیر ملک کے طلاق واقع نہ ہوتی۔ پس ایسے ہی یہاں بھی بغیر ملک کے طلاق واقع نہیں ہوگی۔

ہماری دلیل..... یہ ہے کہ کلام یمین کا صحیح ہونا متکلم کی لیاقت اور اہلیت سے ہے اور متکلم عاقل بالغ ہونے کی وجہ سے اہلیت یمین کا حامل ہے۔ اس وجہ سے کلام یمین درست ہو گیا اور اس یمین کا محل حالف کا ذمہ ہے۔

الا ان الملك سے ایک سوال مقدر کا جواب ہے۔

سوال یہ ہے کہ جب صحت کلام کے لئے اہلیت متکلم کافی ہے اور محل یمین حالف کا ذمہ ہے تو پھر تعلیق کے وقت ملک کی شرط کیوں لگائی گئی۔

جواب: یہ ہے کہ تعلیق کے وقت ملک کی شرط اس لئے لگائی ہے تا کہ جزاء غالب الوجود ہو سکے۔ دلیل استصحاب حال کی وجہ سے۔

استصحابِ حال کہتے ہیں ابقاء ما کان علیٰ ما کان لعدم الدلیل المزیل یعنی دلیل مزیل کے نہ ہونے کی وجہ سے جو چیز جیسی تھی اس کو ویسی ہی باقی رکھنا۔ حاصل یہ کہ جب تعلیق کے وقت ملک موجود ہے تو غالب گمان یہی ہے کہ وجود شرط کے وقت تک موجود رہے گی استصحاب حال کی وجہ سے اگر چہ ملک کے زائل ہونے کا اس وقت بھی ہے بہر حال جب جزاء غالب الوجود ہے تو یمین درست ہوگئی اور تمام شرط کے وقت بقاء ملک کی شرط اس لئے لگائی گئی ہے تا کہ جزاء اتر سکے۔ یعنی متحقق ہو سکے۔ کیونکہ وجود جزاء ملک میں متحقق ہو سکتا ہے نہ کہ غیر ملک میں اور ان دو حالتوں کے

درمیان بقاء یمین کی حالت ہے اور بقاء یمین ملک کی محتاج نہیں ہوتی۔ کیونکہ یمین کی بقاء اس کے محل کے ساتھ ہوتی ہے اور محل حالف کا ذمہ ہے جو ہر وقت موجود ہے۔ اس لئے درمیان کے زمانہ میں ملک کا ہونا لازم قرار نہیں دیا گیا۔ واللہ اعلم بالصواب

## شوہر نے کہا ان دخلت الدار فانت طالق ثلاثا پھر دو طلاقیں دیں اس نے دوسرے سے نکاح کیا اس نے دخول بھی کر لیا پھر شوہر ثانی سے مطلقہ شوہر اول کے نکاح میں آئی اب یہ گھر میں داخل ہوئی کتنی طلاقیں واقع ہوں گی

**وَاِنْ قَالَ لَهَا اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَاَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثاً فَطَلَّقَهَا ثِنْتَيْنِ وَ تَزَوَّجَتْ زَوْجاً اٰخَرَ وَ دَخَلَ بِهَا ثُمَّ عَادَتْ اِلَى الْاَوَّلِ فَدَخَلَتِ الدَّارَ طُلِّقَتْ ثَلٰثاً عِنْدَ اَبِىْ حَنِيْفَةَ وَ اَبِىْ يُوْسُفَ وَقَالَ مُحَمَّدٌ هِىَ طَالِقٌ مَا بَقِىَ مِنَ الطَّلَقَاتِ وَ هُوَ قَوْلُ زُفَرَ وَ اَصْلُهُ اَنَّ الزَّوْجَ الثَّانِىْ يَهْدِمُ مَا دُوْنَ الثَّلٰثِ عِنْدَهُمَا فَتَعُوْدُ اِلَيْهِ بِالثَّلٰثِ وَ عِنْدَ مُحَمَّدٍ وَ زُفَرَ لَا يَهْدِمُ مَا دُوْنَ الثَّلٰثِ فَتَعُوْدُ اِلَيْهِ بِمَا بَقِىَ وَ سَنُبَيِّنُ مِنْ بَعْدُ اِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالٰى.**

---

ترجمہ..... اور اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو تو تین طلاقوں کے ساتھ مطلقہ ہے۔ پھر اس کو دو طلاقیں (منجز) دیدیں اور اس عورت نے زوج آخر کے ساتھ نکاح کیا اور اس کے ساتھ دخول کیا۔ پھر وہ زوج اول کے پاس لوٹ آئی پھر گھر میں داخل ہوئی تو وہ تین طلاقوں کے ساتھ مطلقہ ہوگی ابوحنیفہؒ اور ابو یوسفؒ کے نزدیک اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ وہ مابقی من الطلقات (ایک) کے ساتھ طالقہ ہے اور یہی قول امام زفرؒ کا ہے اور اختلاف کی اصل یہ ہے کہ زوجِ ثانی شیخین کے نزدیک مادون الثلاث کو منہدم کر دیتا ہے سو وہ زوج اول کی طرف (نئی) تین کے ساتھ لوٹے گی۔ اور امام محمدؒ اور امام زفرؒ کے نزدیک (زوج ثانی) مادون الثلاث کو منہدم نہیں کرتا ہے سو وہ اس کی طرف مابقی کے ساتھ لوٹے گی۔ اور ہم عنقریب انشاء اللہ بیان کریں گے۔

تشریح..... صورت مسئلہ یہ ہے کہ اگر مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا ان دخلت الدار فانت طالق ثلاثا۔ پھر اس نے اس عورت کو دو طلاقیں منجز (فوری) دیدیں۔ اس عورت نے عدت پوری ہونے کے بعد دوسرے شوہر سے شادی رچالی اور شوہر ثانی نے اس کے ساتھ دخول بھی کر لیا۔ پھر شوہر ثانی سے مطلقہ ہو کر اور عدت گذار کر شوہر اول کے نکاح میں آئی۔ اب یہ عورت گھر میں داخل ہوئی تو شیخین کے نزدیک اس پر تین طلاقیں واقع ہوں گی۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک مابقی یعنی ایک واقع ہوں گی۔ اور یہی قول امام زفرؒ کا ہے اور اسی کے قائل امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمدؒ ہیں۔

بنیاد اختلاف یہ ہے کہ شیخین کے نزدیک زوجِ ثانی مادون الثلاث کو منہدم کر دیتا ہے پس یہ عورت زوج اول کے پاس تین طلاقوں کے ساتھ لوٹے گی۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک زوج ثانی مادون الثلاث کو منہدم نہیں کرتا۔ لہٰذا یہ عورت مابقی من الطلاق کے ساتھ لوٹے گی۔ یہ مسئلہ تفصیل کے ساتھ ان شاء اللہ بعد میں آئے گا۔

## شوہر نے کہا ان دخلت الدار فانت طالق ثلثا پھر کہا انت طالق ثلاثا اس نے دوسرے سے نکاح کیا اس نے دخول بھی کیا پھر پہلے شوہر کی طرف لوٹ کر آئی اور گھر میں داخل ہوئی شئی واقع نہیں ہوگی

**وَاِنْ قَالَ لَهَا اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَاَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثاً ثُمَّ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثاً فَتَزَوَّجَتْ غَيْرَهُ وَدَخَلَ بِهَا ثُمَّ رَجَعَتْ اِلَى**

الْاَوَّلِ فَدَخَلَتِ الدَّارَ لَمْ يَقَعْ شَئٌ وَ قَالَ زُفَرُ يَقَعُ الثَّلٰثُ لِاَنَّ الْجَزَاءَ ثَلٰثٌ مُطْلَقٌ لِاِطْلَاقِ اللَّفْظِ وَ قَدْ بَقِىَ اِحْتِمَالُ وُقُوْعِهَا فَيَبْقَى الْيَمِيْنُ وَلَنَا اَنَّ الْجَزَاءَ طَلْقَاتُ هٰذَا الْمِلْكِ لِاَنَّهَا هِىَ الْمَانِعَةُ لِاَنَّ الظَّاهِرَ عَدَمُ مَا يَحْدُثُ وَالْيَمِيْنُ تُعْقَدُ لِلْمَنْعِ اَوِ الْحَمْلِ وَاِذَا كَانَ الْجَزَاءُ مَا ذَكَرْنَاهُ وَ قَدْ فَاتَ بِتَنْجِيْزِ الثَّلٰثِ الْمُبْطِلِ لِلْمَحَلِّيَّةِ فَلَا تَبْقَى الْيَمِيْنُ بِخِلَافِ مَا اِذَا اَبَانَهَا لِاَنَّ الْجَزَاءَ بَاقٍ لِبَقَاءِ مَحَلِّهٖ.

---

ترجمہ..... اور اگر عورت سے کہا کہ اگر تو گھر میں داخل ہوئی تو تو تین طلاقوں کے ساتھ طالقہ ہے پھر کہا تو مطلقہ ثلاث ہے۔ پھر اس کے علاوہ سے نکاح کیا اور (زوج ثانی نے) اس کے ساتھ دخول بھی کر لیا۔ پھر وہ زوج اول کی طرف لوٹ آئی پھر گھر میں داخل ہوئی تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ تین واقع ہوں گی۔ کیونکہ تین مطلق ہے لفظ کے مطلق ہونے کی وجہ سے۔ اور طلاقوں کے واقع ہونے کا احتمال بھی باقی ہے تو قسم بھی باقی رہے گی۔ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ جزاء اس ملک کی (تین) طلاقیں ہیں۔ کیونکہ یہی تین طلاقیں (دخول دار سے) روکنے والی ہیں۔ کیونکہ جو ملک (دوسرے شوہر کے بعد) پیدا ہو تو وہ بظاہر معدوم ہے اور یمین منعقد کی جاتی ہے (کسی کام سے) روکنے کے لئے یا (کسی کام کے کرنے پر) آمادہ کرنے کے لئے۔ اور جب جزاء وہ ہے جو ہم نے ذکر کیا حالانکہ (جزاء) فوت ہو گئی۔ تین طلاقیں بالفعل دے کر جو محلیت کو باطل کرنے والی ہیں۔ پس قسم بھی باقی نہ رہے گی۔ بخلاف اس صورت کے جبکہ اس کو بائنہ کیا ہے۔ کیونکہ جزاء باقی ہے اس کے محل کے باقی ہونے کی وجہ سے۔

تشریح..... صورت مسئلہ یہ ہے کہ مرد نے اپنی منکوحہ سے کہا ان دخلت الدار فانت طالق ثلاثاً پھر شوہر نے انت طالق ثلاثاً کے ذریعہ بیوی کو تین طلاقیں بالفعل دیدیں۔ عورت نے عدت پوری کرنے کے بعد دوسرے شوہر سے شادی کر لی اور اس شوہر ثانی نے اس کے ساتھ دخول بھی کر لیا۔ پھر جب زوج ثانی نے اس کو طلاق دی اور اس نے عدت گذار کر زوجِ اول سے نکاح کیا اور گھر میں داخل ہوگئی تو ہمارے علماء ثلاثہ کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ اور امام زفرؒ نے فرمایا کہ تین طلاقیں واقع ہو جائیں گے۔

امام زفرؒ کی دلیل..... یہ ہے کہ جزاء ثلاث مطلق ہے اور یہ اطلاق لفظ ثلث کے مطلق ہونے کی وجہ سے ہے۔ پس یہ کلام مطلقاً تین طلاقوں کو شامل ہوگا۔ خواہ فی الحال اس کی ملک میں ہوں یا آئندہ زمانہ میں ملک میں آئیں۔ اور لفظ مطلق مقید کو شامل نہیں ہوتا۔ کیونکہ مقید مطلق کی ضد ہے۔ لہٰذا مطلق تین طلاقیں موجودہ ملک کی قید کے ساتھ مقید نہیں ہوں گی۔ اور مطلق تین طلاقوں کے واقع ہونے کا احتمال بھی باقی ہے۔ بایں طور کہ زوجِ ثانی سے نکاح کرنے کے بعد اس کو اپنے نکاح میں لے آئے۔ پس جب یمین باقی ہے اور محل (عورت) موجود ہے تو جزاء (تین طلاقیں) واقع ہو جائے گی۔

اور ہماری دلیل..... یہ ہے کہ جزاء مطلق تین طلاقیں نہیں، بلکہ اس ملک موجودہ کی تین طلاقیں ہیں۔ کیونکہ جزاء وہ ہوتی ہے جو وجود شرط سے روکنے والی یا وجود شرط پر آمادہ کرنے والی۔ اس لئے کہ یمین انہی دو مقصدوں میں سے ایک کے لئے منعقد کی جاتی ہے اور یہاں دخول دار سے روکنے والی اسی ملک کی تین طلاقیں ہیں نہ کہ بعد میں پیدا ہونے والی طلاقیں۔ اور جو ملک زوج ثانی کے بعد پیدا ہوتی ہے وہ بظاہر معدوم ہے۔ بہر حال یہ ثابت ہو گیا کہ جزاء اسی ملک کی تین طلاقیں ہیں اور اس ملک کی تین طلاقیں شوہر بالفعل دے چکا ہے۔ لہٰذا یمین باقی نہ رہی کیونکہ یمین کی بقاء شرط اور جزاء کے ساتھ ہے اور جزاء جو یمین کا ایک جز ہے وہ فوت ہو گئی اور قاعدہ ہے کہ جزء کے فوت ہونے سے کل فوت ہو جاتا ہے اس وجہ سے یمین ہی فوت ہو گئی۔ پس جب یمین باقی نہیں رہی تو عورت کے گھر میں داخل ہونے سے اس پر کوئی طلاق واقع نہ ہوگی۔

اس کے برخلاف اگر شوہر نے ان دخلت الدار فانت طالق ثلاثاً کہنے کے بعد اس عورت کو ایک طلاق یا دو طلاقوں سے بائنہ کر دیا پھر زوج ثانی سے نکاح کے بعد زوج اول کی طرف لوٹ آئی تو ابھی سابقہ یمین باقی ہے۔ کیونکہ محل کے باقی ہونے کی وجہ سے یمین باقی ہے۔ لہٰذا اب اگر یہ

عورت مکان میں داخل ہوگئی تو اس پر تین طلاقیں واقع ہوجائیں گی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## شوہر نے بیوی سے کہا، جب میں تجھ سے جماع کروں تجھے تین طلاق اس نے جماع کیا پس جب التقاء ختانین ہوا تو تین طلاق واقع ہوجائیں گی اگر ایک گھڑی پڑا رہا تو مہر واجب نہیں اگر نکالا پھر داخل کیا پھر مہر واجب ہے

**وَلَوْ قَالَ لِامْرَأَتِهِ إِذَا جَامَعْتُكِ فَأَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا فَجَامَعَهَا فَلَمَّا الْتَقَى الْخِتَانَانِ طُلِّقَتْ ثَلَاثًا وَ إِنْ لَبِثَ سَاعَةً لَمْ يَجِبْ عَلَيْهِ الْمَهْرُ وَإِنْ أَخْرَجَهُ ثُمَّ أَدْخَلَهُ وَجَبَ عَلَيْهِ الْمَهْرُ وَ كَذَا إِذَا قَالَ لِأَمَتِهِ إِذَا جَامَعْتُكِ فَأَنْتِ حُرَّةٌ وَ عَنْ أَبِي يُوسُفَ أَنَّهُ أَوْجَبَ الْمَهْرَ فِي الْفَصْلِ الْأَوَّلِ أَيْضًا لِوُجُودِ الْجِمَاعِ بِالدَّوَامِ عَلَيْهِ إِلَّا أَنَّهُ لَا يَجِبُ عَلَيْهِ الْحَدُّ لِلِاتِّحَادِ وَجْهُ الظَّاهِرِ إِنَّ الْجِمَاعَ إِدْخَالُ الْفَرْجِ فِي الْفَرْجِ وَلَا دَوَامَ لِلْإِدْخَالِ بِخِلَافِ مَا إِذَا أَخْرَجَ ثُمَّ أَوْلَجَ لِأَنَّهُ وُجِدَ الْإِدْخَالُ بَعْدَ الطَّلَاقِ إِلَّا أَنَّ الْحَدَّ لَا يَجِبُ لِشُبْهَةِ الْاِتِّحَادِ بِالنَّظْرِ إِلَى الْمَجْلِسِ وَالْمَقْصُودِ وَإِذَا لَمْ يَجِبِ الْحَدُّ وَجَبَ الْعُقْرُ إِذِ الْوَطْئُ لَا يَخْلُوْ عَنْ أَحَدِهِمَا وَلَوْ كَانَ الطَّلَاقُ رَجْعِيًّا يَصِيْرُ مُرَاجِعًا بِاللُّبَاثِ عِنْدَ أَبِي يُوسُفَ خِلَافًا لِمُحَمَّدٍ لِوُجُودِ الْمَسَاسِ وَلَوْ نَزَعَ ثُمَّ أَوْلَجَ صَارَ مُرَاجِعًا بِالْإِجْمَاعِ لِوُجُودِ الْجِمَاعِ.**

---

ترجمہ..... اور اگر (کسی نے) اپنی بیوی سے کہا کہ جب میں تجھ سے جماع کروں تو تو تین طلاقوں کے ساتھ طالقہ ہے۔ پھر اس نے اس عورت سے جماع کیا۔ پس جب ختانین باہم مل گئے (یعنی دخول پایا گیا) تو تین طلاقیں پڑ گئیں اور اگر وہ تھوڑی دیر ٹھہرا رہا تو اس پر مہر واجب نہیں ہوا۔ اور اگر اس نے اس کو نکالا پھر اس کو داخل کیا تو اس پر مہر واجب ہوگا۔ اور ایسے ہی جب اپنی باندی سے کہا کہ جب میں تجھ سے جماع کروں تو تو آزاد ہے اور ابو یوسف سے (نوادر) میں روایت ہے کہ انہوں نے پہلی صورت میں بھی مہر واجب کیا ہے۔ جماع کے پائے جانے کی وجہ سے اس پر مداومت کے ذریعہ، مگر یہ کہ اس پر حد واجب نہیں ہوگی۔ اتحاد کی وجہ سے اور ظاہر الروایت کی وجہ یہ ہے کہ جماع فرج کو فرج میں داخل کرنے کا نام ہے اور ادخال کے لئے کوئی دوام نہیں ہے۔ بخلاف اس صورت کے جبکہ نکالا پھر داخل کیا۔ کیونکہ (اس صورت) میں ادخال طلاق کے بعد پایا گیا ہے۔ مگر یہ کہ حد واجب نہیں ہوگی۔ اتحاد کے شبہ کی وجہ سے مجلس اور مقصود کی طرف نظر کرتے ہوئے اور جب حد واجب نہیں ہوئی تو عقر واجب ہوگا۔ اس لئے کہ وطی ان دونوں میں سے کسی ایک سے خالی نہیں ہوگی۔ اور اگر طلاق رجعی ہے تو (وہ شوہر) ٹھہرنے کی وجہ سے رجوع کرنے والا نہیں ہوگا۔ ابو یوسفؒ کے نزدیک خلاف ہے امام محمدؒ کا۔ مساس کے پائے جانے کی وجہ سے اور اگر نکالا پھر داخل کیا تو بالا جماع رجوع کرنے والا ہوگا۔ جماع کے پائے جانے کی وجہ سے۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ شوہر نے اپنی بیوی سے کہا اذا جامعتك فانت طالق ثلاثا پھر اس نے اپنی بیوی کے ساتھ جماع کیا حتی کہ مرد نے اپنی شرمگاہ کو عورت کی شرمگاہ میں داخل کر دیا تو عورت پر تین طلاقیں واقع ہوگئیں۔ پس اب اگر یہ شخص اسی حالت میں تھوڑی دیر ٹھہرا رہا تو باوجود یکہ یہ ٹھہرنا حرام ہے لیکن اس شخص پر اس ٹھہرنے کیوجہ سے مہر (عقر) واجب نہیں ہوگا۔ اور اگر اس شخص نے اپنی شرمگاہ کو عورت کی شرمگاہ سے باہر نکالا اور پھر اندر داخل کیا تو اس صورت میں اس وطی حرام کی وجہ سے مہر (عقر) واجب ہوگیا۔ اور ایسے ہی ٹھہرنے کی وجہ سے مہر (عقر) واجب نہیں ہوگا جبکہ مولیٰ نے اپنی باندی سے اذا جامعتک فانت حرۃ کہا۔ اور امام ابو یوسفؒ سے نوادر میں روایت ہے کہ پہلی صورت میں بھی مہر یعنی عقر واجب ہوگا۔ امام

ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ دخول کے بعد دوام علی اللبث ابتدائی دخول کے مرتبہ میں ہے۔ پس گویا اس شخص نے تین طلاقیں واقع ہونے کے بعد جماع کیا ہے اور ظاہر ہے کہ مطلقہ مغلظہ سے وطی کرنا حرام ہے اور وطی حرام کی وجہ سے عقر واجب ہوتا ہے۔ اس وجہ سے اس صورت میں بھی عقر واجب ہوگا (عقر سے مراد مہر مثل ہوتا ہے)۔

مگر یہ اشکال ہوگا کہ جب دوام علی اللبث ابتدائی دخول کے مرتبہ میں ہے۔ اور یہ وطی حرام ہے اور وطی حرام کی وجہ سے حد زنا واجب ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس جگہ اس شخص پر حد زنا واجب ہونی چاہیے۔ حالانکہ امام ابو یوسفؒ بھی اس صورت میں وجوب حد کے قائل نہیں ہیں۔ جواب بلاشبہ حدِ زنا واجب ہونی چاہیے تھی لیکن اتحادِ جماع کی وجہ سے شبہ ہو گیا۔ یعنی ادخال حلال لبث حرام کے ساتھ مقصود یعنی قضاء شہوت کے اعتبار سے متحد ہو گیا۔ پس جماع تو ایک ہی ہے لیکن اس کا اول موجب حد نہیں ہے۔ البتہ اس کا آخر موجب حد ہے۔ پس چونکہ اس اتحاد کی وجہ سے وجوب حد میں شبہ ہو گیا۔ اس لئے حد ساقط ہو گئی اور ظاہر الروایت کی وجہ استدلال یہ ہے کہ جماع کہتے ہیں مرد کی شرمگاہ کو عورت کی شرمگاہ میں داخل کرنا اور تین طلاقوں کے بعد یہ معنی پائے نہیں گئے۔ لہٰذا وطی حرام نہ ہونے کی وجہ سے مہر (عقر) واجب نہیں ہوگا۔

ولا دوام لـلادخـال کا مطلب یہ ہے کہ دوام کے لئے ابتداء کا حکم اس جگہ ہوگا جہاں دوام ہو اور جماع نام ہے ادخال کا اور ادخال کے لئے کوئی دوام نہیں ہوتا۔ لہٰذا اس شخص کے اپنی شرمگاہ کو باہر نکالنے سے پہلے پہلے ایک ہی جماع کہلائے گا۔

ہاں البتہ اگر اس شخص نے اپنی شرمگاہ کو باہر نکالا اور پھر داخل کیا تو یہ ادخال طلاق کے بعد ہوا۔ اس کی وجہ سے اس عورت کے لئے عقر واجب ہو جائے گا۔ لیکن حد زنا اس صورت میں بھی واجب نہیں ہوگی۔ کیونکہ ادخال اور اخراج کے درمیان اتحاد کا شبہ پیدا ہو گیا۔ اس وجہ سے کہ دونوں کی مجلس بھی ایک ہے۔ اور مقصود یعنی قضاء شہوت بھی ایک ہے۔ پس جب حد واجب نہیں ہوئی تو عقر ضرور واجب ہوگا۔ کیونکہ وطی حرام کی وجہ سے ان دونوں میں سے ایک ضرور واجب ہوتا ہے۔ حد واجب ہو یا عقر۔

اور اگر مرد نے اپنی بیوی سے کہا اذا جامعتکِ فانت طالق واحدۃ یہ کہنے کے بعد جماع کر لیا تو اس عورت پر طلاق رجعی واقع ہوگی۔ پس اب اگر یہ اسی حال میں ٹھہرا رہا تو رجعت بالاتفاق ثابت ہو جائے گی مگر ابو یوسفؒ کے نزدیک۔ اس وجہ سے کہ ٹھہراؤ بمنزلہ ابتداء دخول کے ہے۔ پس طلاق کے بعد وطی پائی گئی اس لئے رجعت ثابت ہوگئی۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک ٹھہراؤ کی وجہ سے رجعت ثابت نہیں ہوئی بلکہ اس لئے کہ مرد نے شہوت کے ساتھ مس کیا ہے اور اگر اس شخص نے داخل کرنے کے بعد نکال لیا اور پھر داخل کر دیا تو بالاتفاق رجعت ثابت ہو جائے گی۔ اس لئے کہ جماع پایا گیا یعنی ادخال فرج فی فرج۔

# فَصْلٌ : فِي الْاِسْتِثْنَاءِ

(یہ) فصل (حکم) استثناء کے (بیان) میں ہے۔

## شوہر نے بیوی کو انت طالقٌ ان شاء اللہ متصلاً کہا تو طلاق واقع نہیں ہوگی

**وَاِذَا قَالَ لِاِمْرَأَتِهِ اَنْتِ طَالِقٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى مُتَّصِلاً لَمْ يَقَعِ الطَّلَاقُ لِقَوْلِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ حَلَفَ بِطَلَاقٍ اَوْ عِتَاقٍ وَ قَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى مُتَّصِلاً بِهِ لَا حِنْثَ عَلَيْهِ وَلِاَنَّهُ اَتٰى بِصُوْرَةِ الشَّرْطِ فَيَكُوْنُ تَعْلِيْقًا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَاَنَّهُ اِعْدَامٌ قَبْلَ الشَّرْطِ وَالشَّرْطُ لَا يُعْلَمُ هٰهُنَا فَيَكُوْنُ اِعْدَامًا مِنَ الْاَصْلِ وَلِهٰذَا يُشْتَرَطُ اَنْ يَكُوْنَ مُتَّصِلاً بِهِ بِمَنْزِلَةِ سَائِرِ الشُّرُوْطِ وَلَوْ سَكَتَ يَثْبُتُ حُكْمُ الْكَلَامِ الْاَوَّلِ فَيَكُوْنُ الْاِسْتِثْنَاءُ اَوْ ذِكْرُ الشَّرْطِ بَعْدَهُ**

رُجُوْعًا عَنِ الْاَوَّلِ قَالَ وَ كَذَا اِذَا مَاتَتْ قَبْلَ قَوْلِهٖ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِاَنَّ بِالْاِسْتِثْنَاءِ خَرَجَ الْكَلَامُ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ اِيْجَابًا وَالْمَوْتُ يُنَافِي الْمُوْجِبَ دُوْنَ الْمُبْطِلِ بِخِلَافِ مَا اِذَا مَاتَ الزَّوْجُ لِاَنَّهٗ لَمْ يَتَّصِلْ بِهِ الْاِسْتِثْنَاءُ.

---

ترجمہ...... اور جب کہا اپنی بیوی سے انت طالق ان شاء اللّٰہ تعالیٰ متصلاً تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ کیونکہ حضور ﷺ کا قول ہے کہ جس نے طلاق یا عتاق کی قسم کھائی اور اس کے ساتھ متصلاً ان شاء اللہ تعالیٰ کہا تو اس پر حانث ہونا نہیں ہے۔ اور اس لئے کہ لایا وہ صورتِ شرط کے ساتھ۔ پس اس اعتبار سے یہ (کلام) تعلیق ہوگا۔ اور یہ شرط سے پہلے معدوم کرنا ہے۔ اور یہاں شرط معلوم نہیں۔ لہٰذا (یہ جزاء) کو ابتداء ہی سے معدوم کرنا ہوگا۔ اور اسی وجہ سے یہ شرط لگائی گئی کہ اس کے ساتھ متصل ہو بمنزلہ تمام شروط کے اور اگر خاموش ہوگیا تو کلام اول کا حکم ثابت ہوجائے گا۔ پس استثناء یا شرط کا ذکر کرنا اس کے بعد کلام اول سے رجوع ہوگا۔ قال یعنی کہا اور ایسے ہی جب مرگئی اس کے قول ان شاء اللہ تعالیٰ سے پہلے۔ کیونکہ استثناء کی وجہ سے کلام ایجاب ہونے سے نکل گیا اور موت موجب کے منافی ہے نہ کہ مبطل کے بخلاف اس صورت کے جبکہ شوہر کا انتقال ہوگیا کیونکہ اس کے ساتھ استثناء متصل نہیں ہے۔

تشریح...... استثناء کے معنی تکلم بالباقی بعد الثنیاء یعنی استثناء کے بعد باقی ماندہ کلام کا تکلم کرنا چونکہ تعلیق کل کلام کے لئے مانع ہے اور استثناء بعض کلام کے لئے اس وجہ سے تعلیق اقویٰ ہے استثناء کے مقابلہ میں اور اقویٰ غیر اقویٰ پر مقدم ہوتا ہے۔ اس لئے تعلیق کو پہلے بیان کیا اور استثناء کو بعد میں۔ اور چونکہ مسئلہ انشاء اللہ صورۃً تعلیق ہے اس لئے استثناء کی اول فصل میں ذکر کیا تاکہ تعلیق سے قرب ہوسکے۔ اور چونکہ باری تعالیٰ نے انشاء اللہ کا نام استثناء رکھا ہے چنانچہ فرمایا و لا یستثنون اور مراد اس سے انشاء اللہ کہنا ہے۔ اس وجہ سے مسئلہ ان شاء اللہ کو استثناء کی فصل میں بیان کیا۔

اس بارے میں اختلاف ہے کہ لفظ انشاء اللہ کلام سابق کے لئے ابطال ہے یا تعلیق۔ امام ابو یوسفؒ اول کے قائل ہیں اور امام محمدؒ ثانی کے۔

صورتِ مسئلہ: مرد نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق انشاء اللّٰہ تعالیٰ اور لفظ انشاء اللّٰہ انت طالق کے ساتھ متصلاً کہا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل یہ ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے طلاق کے ساتھ قسم کھائی یا آزاد کرنے کے ساتھ اور متصلاً ان شاء اللہ کہا تو اس پر حنث نہیں یعنی اس کی قسم ٹوٹے گی نہیں تاکہ طلاق یا اعتاق واقع ہو۔ دوسری دلیل عقلی یہ ہے کہ حالف اس کلام کو شرط کی صورت پر لایا ہے۔ لہٰذا اس اعتبار سے یہ کلام تعلیق ہوگا۔ اور تعلیق شرط سے پہلے معدوم کرنا ہوتا ہے اور یہاں شرط یعنی اللہ کی مشیت معلوم نہیں اس وجہ سے ابتداء ہی سے جزاء معدوم ہوگی۔ اور چونکہ یہ کلام صورۃً تعلیق ہے اسی وجہ سے یہ شرط لگائی کہ لفظ ان شاء اللہ متصلاً واقع ہو۔ جیسا کہ تمام شرطوں کا حکم ہے۔

اور اگر شوہر انت طالق کہہ کر خاموش ہوگیا اس کے بعد ان شاء اللہ کہا تو اس صورت میں کلام اول کا حکم (وقوع طلاق) ثابت ہوجائے گا۔ کیونکہ جمہور کے مذہب پر استثناء منفصل صحیح نہیں ہے۔ لہٰذا امام محمدؒ کے نزدیک استثناء اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک شرط (انشاء اللہ) کا ذکر، انت طالق کے بعد کلام اول سے رجوع ہوگا۔ حالانکہ شوہر کو رجوع کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ اور ایسے ہی اگر عورت شوہر کے لفظ ان شاء اللہ کہنے سے پہلے مرگئی تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔ دلیل یہ کہ استثناء کی وجہ سے کلام ایجاب ہونے سے نکل گیا۔ پس جب ایجاب باطل ہوگیا تو حکم بھی باطل ہوگیا۔

والموت ینافی الموجب سے سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایجاب یعنی انت طالق عورت کی حیات میں پایا گیا۔ اور استثناء اس کے بعد پایا گیا تو عدم محل کی وجہ سے استثناء باطل ہوگیا۔ اور جب استثناء باطل ہوگیا تو ایجاب صحیح ہوگیا۔ لہٰذا طلاق واقع ہونی چاہیے۔ جواب موت موجب کے منافی ہوتی ہے نہ کہ مبطل کے۔ چنانچہ انت طالق کا تلفظ پورا ہونے سے پہلے پہلے اگر عورت مرگئی تو ایجاب باطل ہوجائے گا۔ اور مبطل یعنی استثناء یا شرط موت سے باطل نہیں ہوتا کیونکہ موت بھی مبطل ہے اور استثناء بھی مبطل۔ اور مبطل مبطل کے درمیان کوئی منافات نہیں ہے اس کے برخلاف اگر انت طالق کہنے کے بعد اور انشاء اللہ کہنے سے پہلے شوہر کا وصال ہوگیا تو طلاق واقع ہوجائے گی۔ کیونکہ اس صورت میں انت

طلاق کے ساتھ استثناء متصل نہیں ہوا۔

## شوہر نے منکوحہ سے کہا انت طالق ثلاثا الا واحدۃ تو دو طلاقیں واقع ہوں گی اور اگر کہا انت طالق الاثنتین تو ایک طلاق واقع ہوگی

وَاِنْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثًا اِلَّا وَاحِدَةً طُلِّقَتْ ثِنْتَيْنِ وَاِنْ قَالَ اَنْتِ طَالِقٌ ثَلٰثًا اِلَّا اثْنَتَيْنِ طُلِّقَتْ وَاحِدَةً وَالْاَصْلُ اَنَّ الْاِسْتِثْنَاءَ تَكَلُّمٌ بِالْحَاصِلِ بَعْدَ الثُّنْيَا هُوَ الصَّحِيْحُ وَ مَعْنَاهُ اَنَّهٗ تَكَلُّمٌ بِالْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ اِذْلَا فَرْقَ بَيْنَ قَوْلِ الْقَائِلِ لِفُلَانٍ عَلَيَّ دِرْهَمٌ وَ بَيْنَ قَوْلِهٖ عَشَرَةٌ اِلَّا تِسْعَةً فَيَصِحُّ اِسْتِثْنَاءُ الْبَعْضِ مِنَ الْجُمْلَةِ لِاَنَّهٗ يَبْقَى التَّكَلُّمُ بِالْبَعْضِ بَعْدَهٗ وَلَا يَصِحُّ اِسْتِثْنَاءُ الْكُلِّ مِنَ الْكُلِّ لِاَنَّهٗ لَا يَبْقٰى بَعْدَهٗ شَيْءٌ لِيَصِيْرَ مُتَكَلِّمًا بِهٖ وَ صَارِفًا لِلَّفْظِ اِلَيْهِ وَ اِنَّمَا يَصِحُّ الْاِسْتِثْنَاءُ اِذَا كَانَ مَوْصُوْلًا بِهٖ كَمَا ذَكَرْنَا مِنْ قَبْلُ وَاِذَا ثَبَتَ هٰذَا فَفِي الْفَصْلِ الْاَوَّلِ الْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ ثِنْتَانِ فَيَقَعَانِ وَ فِي الثَّانِيْ وَاحِدَةٌ فَتَقَعُ وَاحِدَةٌ وَلَوْ قَالَ اِلَّا ثَلٰثًا يَقَعُ الثَّلٰثُ لِاَنَّهٗ اِسْتِثْنَاءُ الْكُلِّ مِنَ الْكُلِّ فَلَمْ يَصِحَّ الْاِسْتِثْنَاءُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

---

ترجمہ..... اور اگر کہا تو طالقہ بسہ طلاق ہے مگر ایک تو دو طلاقوں کے ساتھ طالقہ ہوگی اور اگر کہا تو طالقہ بسہ طلاق ہے۔ سوائے دو کے۔ تو ایک کے ساتھ مطلقہ ہوگی۔ اور ضابطہ یہ ہے کہ استثناء اس مقدار کا تکلم کرنا ہے جو استثناء کے بعد حاصل ہوئی۔ یہی صحیح ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ باقی مستثنیٰ منہ کے ساتھ کلام کیا۔ اس لئے کہ کوئی فرق نہیں۔ ان دو قولوں کے درمیان کہ فلاں کے لئے مجھ پر ایک درہم ہے اور دس درہم ہیں سوائے نو کے۔ تو کل سے بعض کا استثناء کرنا صحیح ہے۔ کیونکہ استثناء کے بعد بعض کا تکلم باقی رہے گا۔ اور کل کا استثناء کرنا کل سے صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ استثناء کے بعد کچھ باقی نہیں رہا۔ تا کہ اس کے ساتھ تکلم کرنے والا ہو جائے اور لفظ کو اس کی طرف پھیرنے والا۔ اور استثناء صحیح ہوگا جبکہ اصل کلام کے ساتھ متصل ہو۔ جیسا کہ ہم نے سابق میں ذکر کیا ہے۔ اور جب یہ ثابت ہو گیا تو پہلے مسئلہ میں مستثنیٰ منہ دو ہیں۔ سو واقع ہوں گی۔ اور دوسرے مسئلہ میں ایک ہے پس وہ ایک واقع ہوں گی۔ اور اگر کہا الا ثلاثا تو تین واقع ہوں گی۔ کیونکہ یہ کل کا استثناء کل سے ہے۔ لہٰذا استثناء صحیح نہیں ہوا۔ اور اللہ زیادہ واقف ہیں۔

تشریح..... مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے اپنی بیوی سے کہا انت طالق ثلاثاً الا واحدۃ تو اس صورت میں دو واقع ہوں گی اور اگر انت طالق ثلاثاً الاثنتین کہا تو ایک واقع ہوگی مصنف علیہ الرحمہ نے دو مثالیں ذکر فرما کر اس جانب اشارہ کیا ہے کہ استثناء قلیل و کثیر دونوں کا جائز ہے اگرچہ فراء نحوی نے اس کی اجازت نہیں دی ہے۔

استثناء کی اصل یہ ہے کہ استثناء کرنے کے بعد جو مقدار باقی رہی اس کا تکلم کرنا استثناء ہے حاصل یہ کہ مستثنیٰ منہ کی جو مقدار باقی رہ گئی اس کا تکلم کرنا استثناء کہلائے گا۔ لہٰذا ایک آدمی کا قول کہ فلاں کا مجھ پر ایک درہم ہے اور اس کا قول کہ فلاں کے مجھ پر دس درہم ہیں نو کے علاوہ ان دونوں اقوال میں کوئی فرق نہیں ہے۔ پس حاصل یہ نکلا کہ کل سے بعض کا استثناء کرنا درست ہے اور کل کا کل سے استثناء درست نہیں۔ کیونکہ کل کا استثناء کرنے کے بعد کچھ باقی نہیں رہے گا۔ جس کے ساتھ تکلم کرنے والا ہو۔ اور استثناء کی صحت کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ استثناء اصل کلام کے ساتھ متصلا ہو۔

بہر حال جب یہ اصول ثابت ہو گیا تو پہلی صورت میں مستثنیٰ منہ سے باقی ماندہ مقدار دو ہیں۔ لہٰذا دو طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ اور دوسری صورت میں استثناء کے بعد باقی ماندہ ایک ہے لہٰذا ایک طلاق واقع ہوگی۔ اور اگر شوہر نے کہا انت طالق ثلاثاً الا ثلاثاً تو اس صورت میں استثناء

باطل ہوگا۔ اور تین طلاقیں واقع ہوں گی۔ کیونکہ یہ کل کا استثناء کل سے ہے اور کل کا استثناء کرنا صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ استثناء کرنے کے بعد کوئی چیز باقی نہیں رہی جس کے ساتھ اس کو تکلم کرنے والا کہا جائے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب۔

**ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم و تب علينا انك انت التواب الرحيم و الحمد لله رب العالمين و الصلوٰة و السلام على سيد الانبياء و المرسلين و علىٰ اله و اصحابه اجمعين برحمتك يا ارحم الراحمين اللهم امين.**

جمیل احمد عفی عنہ سکروڈھوی

۲۷ رذی قعدہ ۱۴۰۳ھ

## دارالاشاعت کی مطبوعہ فقہی کتب ایک نظر میں

خواتین کے مسائل اور انکا حل ۲ جلد ـــــ جمع و ترتیب مفتی ثناء اللہ محمود فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی
فتاویٰ رشیدیہ مبوّب ـــــ حضرت مفتی رشید احمد گنگوہیؒ
کتاب الکفالۃ والنفقات ـــــ مولانا عمران الحق کلیانوی
تسہیل الضروری لمسائل القدوری ـــــ مولانا محمد عاشق الٰہی البرنیؒ
بہشتی زیور مُدَلّل مکمل ـــــ حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحؒ
فتاویٰ رحیمیہ اردو ۱۰ حصے ـــــ مولانا مفتی عبدالرحیم لاجپوری
فتاویٰ رحیمیہ انگریزی ۳ حصے ـــــ " " " "
فتاویٰ عالمگیری اردو ۱۰ جلد مع پیش لفظ مولانا محمد تقی عثمانی ـــــ اورنگ زیب عالمگیر
فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ۱۲ حصے ۱۰ جلد ـــــ مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب
فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ۲ جلد کامل ـــــ مولانا مفتی محمد شفیع رحؒ
اسلام کا نظام اراضی ـــــ " " "
مسائل معارف القرآن (تفسیر معارف القرآن میں کے قرآنی احکام) " " "
انسانی اعضاء کی پیوندکاری ـــــ " " "
پراویڈنٹ فنڈ ـــــ " " "
خواتین کے لیے شرعی احکام ـــــ اہلیہ ظریف احمد تھانوی رحؒ
بیمہ زندگی ـــــ مولانا مفتی محمد شفیع رحؒ
رفیق سفر سفر کے آداب و احکام " " "
اسلامی قانون نکاح، طلاق، وراثت ـــــ فضیل الرحمٰن ہلال عثمانی
علم الفقہ ـــــ مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی رحؒ
نماز کے آداب و احکام ـــــ انشاء اللہ خان مرحوم
قانون وراثت ـــــ مولانا مفتی رشید احمد صاحب
داڑھی کی شرعی حیثیت ـــــ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب
الصبح النوری شرح قدوری اعلیٰ ـــــ مولانا محمد حنیف گنگوہی
دین کی باتیں یعنی مسائل بہشتی زیور ـــــ مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحؒ
ہمارے عائلی مسائل ـــــ مولانا محمد تقی عثمانی صاحب
تاریخ فقہ اسلامی ـــــ شیخ محمد خضری
معدن الحقائق شرح کنز الدقائق ـــــ مولانا محمد حنیف گنگوہی
احکام اسلام عقل کی نظر میں ـــــ مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحؒ
حیلۂ ناجزہ یعنی عورتوں کا حق تنسیخ نکاح " " " "

دارالاشاعت اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان

## معیاری اور ارزاں
## مکتبہ دار الاشاعت کراچی کی مطبوعہ چند درسی کتب و شروحات

اشرف الہدایہ جدید ترجمہ وشرح ہدایہ ۱۶ جلد کامل (مفصل عنوانات وفہرست، تسہیل کے ساتھ پہلی بار) کمپیوٹر کتابت

| | | |
|---|---|---|
| تسہیل جدید عین الہدایہ مع عنوانات پیرا گرافنگ | (کمپیوٹر کتابت) | مولانا انوار الحق قاسمی مدظلہ |
| مظاہر حق جدید شرح مشکوٰۃ شریف ۵ جلد اعلیٰ | (کمپیوٹر کتابت) | مولانا عبداللہ جاوید غازی پوری |
| تنظیم الاشتات شرح مشکوٰۃ اوّل، دوم، سوم یکجا | | |
| التسہیل النوری شرح قدوری | (کمپیوٹر کتابت) | مولانا محمد حنیف گنگوہی |
| معدن الحقائق شرح کنز الدقائق | | مولانا محمد حنیف گنگوہی |
| ظفر المحصلین مع قرۃ العیون (حالات مصنفین درس نظامی) | | مولانا محمد حنیف گنگوہی |
| تحفۃ الادب شرح نفحۃ العرب | | مولانا محمد حنیف گنگوہی |
| نیل الامانی شرح مختصر المعانی | | مولانا محمد حنیف گنگوہی |
| تسہیل الضروری مسائل القدوری عربی مجلّد یکجا | | حضرت مفتی محمد عاشق الٰہی البرنیؒ |
| تعلیم الاسلام مع اضافہ جوامع الکلم کامل مجلّد | | حضرت مفتی کفایت اللہؒ |
| تاریخ اسلام مع جوامع الکلم | | مولانا محمد میاں صاحب |
| آسان نماز مع چالیس مسنون دعائیں | | مولانا مفتی محمد عاشق الٰہیؒ |
| سیرت خاتم الانبیاء | | حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ |
| سیرت الرسول | | حضرت شاہ ولی اللہ |
| رحمت عالم | | مولانا سید سلیمان ندویؒ |
| سیرت خلفائے راشدین | | مولانا عبدالشکور فاروقیؒ |
| مدلّل بہشتی زیور مجلّد اوّل، دوم، سوم | (کمپیوٹر کتابت) | حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ |
| بہشتی گوہر | (کمپیوٹر کتابت) | حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ |
| تعلیم الدین | (کمپیوٹر کتابت) | حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ |
| مسائل بہشتی زیور | (کمپیوٹر کتابت) | حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ |
| احسن القواعد | | |
| ریاض الصالحین عربی مجلّد مکمل | | امام نوویؒ |
| اسوۂ صحابیات مع سیر الصحابیات | | مولانا عبدالسلام انصاری |
| قصص النبیین اردو مکمل مجلّد | | حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی |
| شرح اربعین نوویؒ اردو | | ترجمہ وشرح مولانا مفتی عاشق الٰہیؒ |
| تفہیم المنطق | | ڈاکٹر عبداللہ عباس ندویؒ |

ناشر:- دار الاشاعت اردو بازار کراچی فون ۲۶۳۱۸۶۱-۲۲۱۳۷۶۸-۰۲۱